احسن الکلام
فی
ترك القراءة خلف الإمام
شیخ الحدیث حضرت مولانا محمد سرفراز خان صاحب صفدر
ناشر
مکتبہ صفدریہ
نزد مدرسہ نصرۃ العلوم گھنٹہ گھر
گوجرانوالہ، پاکستان

وَإِذَا قُرِئَ الْقُرْآنُ فَاسْتَمِعُوا لَهُ وَأَنْصِتُوا الآية

(قرآن کریم)

وَإِذَا قَرَأَ فَأَنْصِتُوا (الحدیث)

احسن الکلام

فی

ترک القرأة خلف الامام

جلد اوّل

جس میں قرآن کریم، صحیح احادیث، آثار حضرات صحابہ کرامؓ و تابعینؒ و اتباع تابعینؒ اور دیگر جمہور فقہاءؒ اور محدثین عظامؒ سے یہ بات ثابت کی گئی ہے کہ امام کے پیچھے کسی نماز میں کسی بھی قسم کی قرأت عموماً اور سورۂ فاتحہ کی قرأت خصوصاً ممنوع ہے اور جہری نمازوں میں تو امام کے پیچھے قرأت کرنا قرآن کریم، حدیث صحیح اور اجماع کے خلاف ہے اور فی نفسہٖ منکر اور شاذ ہے اور جہری نمازوں میں حضرات ائمہ اربعہؒ کا اتفاق ہے۔ نیز عقلی اور قیاسی دلائل سے اس مسئلہ پر فیصلہ کن بحث کی گئی ہے اور فریق ثانی کو مسکت جوابات دیے گئے ہیں اور اس طبع میں "خیر الکلام" اور "الاعتصام" میں کیے گئے اعتراضات کے جوابات کو خصوصیت سے ملحوظ رکھا گیا ہے۔

تالیف

ابو الزاہد محمد سرفراز خاں صفدر

طبع دہم ــــــ جون ۲۰۰۶ء

نام کتاب ــــــ احسن الکلام فی ترک القرأۃ خلف الامام

مؤلف ــــــ شیخ الحدیث حضرت مولانا محمد سرفراز خان صفدر دام مجدہم

تعداد ــــــ ایک ہزار

مطبع ــــــ فائن بکس پرنٹرز لاہور

ناشر ــــــ مکتبہ صفدریہ نزد مدرسہ نصرۃ العلوم گھنٹہ گھر گوجرانوالہ

قیمت ــــــ دوسو پچیس روپے

ملنے کے پتے

- مکتبہ صفدریہ نزد گھنٹہ گھر گوجرانوالہ
- مکتبہ حلیمیہ جامعہ بنوریہ سائٹ کراچی
- مکتبہ رحمانیہ اردو بازار لاہور
- مکتبہ سید احمد شہید اردو بازار لاہور
- کتب خانہ رشیدیہ راجہ بازار راولپنڈی
- مکتبہ العارفی جامعہ اسلامیہ امدادیہ فیصل آباد
- مکتبہ رشیدیہ حسن مارکیٹ نیو روڈ مینگورہ
- مکتبہ نعمانیہ کبیر مارکیٹ لکی مروت
- مکتبہ امدادیہ ملتان
- مکتبہ حقانیہ ملتان
- مکتبہ مجیدیہ ملتان
- مکتبہ قاسمیہ اردو بازار لاہور
- اسلامی کتب خانہ اڈا کاکی ایبٹ آباد
- مکتبہ فریدیہ ای سیون اسلام آباد
- دار الکتاب عزیز مارکیٹ اردو بازار لاہور
- مدینہ کتاب گھر اردو بازار گوجرانوالہ
- مکتبہ قاسمیہ جمشید روڈ نزد جامع مسجد بنوری ٹاؤن کراچی
- مکتبہ فاروقیہ حنفیہ عقب قائد بریگیڈ اردو بازار گوجرانوالہ
- کتاب گھر شاہ جی مارکیٹ ٹانک

فہرست مضامین

تصدیقات علماءِ کرام

تمّ بعون اللہ تعالیٰ

تصدیقاتِ علماءِ کرام

فخر الاماثل قدوۃ الصلحا حکیم الاسلام الحاج الحافظ

حضرت مولانا قاری محمد طیب صاحب دامت برکاتہم

مہتمم دار العلوم، دیوبند۔

مخدوم و محترم زاد مجدکم

سلام مسنون نیاز مقرون۔ گکھڑ سے رخصت ہو کر بعافیت لاہور اور وہاں سے دیوبند پہنچا۔ احسن الکلام کا مطالعہ یاد اور شوقِ طبعی دامن گیر تھا۔ ماشاء اللہ تعالیٰ مسئلہ فاتحہ میں اسے ایک بحرِ ذخار پایا۔ اللہ تعالیٰ آپ کی اس سعی و محنت کو قبول فرمائے اور امت کی طرف سے آپ کو جزائے خیر عطا فرمائے۔

میں نے حسبِ وعدہ تقریظ لکھنے کا ارادہ کیا۔ لکھنے بیٹھا تو غیر متوقع طریق پر تحریر طویل ہوگئی جو احسن الکلام سے متاثر ہونے کا نتیجہ تھا۔ تقریباً پانچ صفحے فل سکیپ کے ہوگئے۔ اور تقریظ کی صورت نہ رہی۔ اب دو صورتیں ہیں یا تو آپ اس میں سے وہ زائد حصہ حذف کر دیں جس میں خالی اہلِ حدیث کو ناصحانہ خطاب ہے اور اگر اسے غیر ضروری نہ سمجھیں تو دوسری صورت یہ ہے کہ اسے تقریظ کے بجائے کتاب کا مقدمہ بنا دیجیے جو میری طرف سے ہو جائے گا۔ مقدمہ کے لیے یہ تحریر موزوں رہے گی با جو بھی صورت مناسب ہو کر لی جائے۔

میں بحمد اللہ تعالیٰ بعافیت ہوں۔ اُس شب کی مہمان نوازی کا شکر گزار ہوں۔ والسلام

محمد طیب

دیوبند

۳/۴/۷۵ھ

بسم اللہ الرحمٰن الرحیم

فَبَشِّرْ عِبَادِ الَّذِيْنَ يَسْتَمِعُوْنَ الْقَوْلَ فَيَتَّبِعُوْنَ اَحْسَنَهٗ (سورۃ الزمر)

محترم الفاضل مولانا محمد سرفراز خاں صاحب دام بالمجد والفواضل کی لطیف ترین تالیف احسن الکلام فی ترک قراۃ الفاتحہ خلف الامام سے استفادہ کا شرف میسر ہوا۔ مطالعہ کے وقت ہر اگلی سطر پر آنکھوں میں نور دل میں سرور اور روح میں ثلج یقین بڑھتا جاتا تھا، اثبات مسئلہ کے سلسلہ میں مصنف نے سلاست بیان زور استدلال منصفانہ تنقید اور عادلانہ مدافعت سے مسئلہ کے تحقیقی اور الزامی دونوں پہلوؤں کو مضبوط اور مستحکم کرنے کا حق ادا کر دیا ہے۔ کتاب کا مثبت حصہ بہت زیادہ دل آویز ہے جس میں متین انداز کے ساتھ مضبوط دلائل اور مؤکد شواہد سے مسئلہ کے کسی پہلو کو تشنہ نہیں چھوڑا اور ساتھ ہی مسئلہ کے دفاعی پہلو سے بھی صرف نظر نہیں کیا۔ کیونکہ مثبت پہلو کے ساتھ جب تک اس کا منفی پہلو صاف نہ ہو مسئلہ من کل الوجوہ مستحکم نہیں ہوتا مصنف نے جہاں مثبت پہلو سے ماننے والوں کے لیے سینہ کی ٹھنڈک کا سامان بہم پہنچایا ہے۔ وہیں منفی پہلو کے دفاع سے نہ ماننے والوں اور ان طعنہ زنوں کا منہ بند کرکے ان پر حجت بھی تمام کر دی ہے جنھیں فاتحہ اور ترک فاتحہ سے زیادہ صرف گروہی تعصب اور اس کا تفوق ہی زیادہ سے زیادہ پیش نظر ہے لیکن ان کے مقابلے میں یہ تردید مسئلہ کے کسی اجتہادی پہلو کی تردید نہیں بلکہ ان کے تخیلات اور غیر معتدل رویہ کی تردید ہے ورنہ ایک فروعی اور ایک اجتہادی اور اوپر سے مختلف فیہ مسئلہ کے ایک پہلو کے اثبات و تحقیق پر اتنا زور دیا جانا ظاہر ہے کہ مسئلہ کی جانب مخالف اور اس کے ماننے والوں کی تردید یا مخالفت کے لیے نہیں ہے نہ ہونا چاہیے اور نہ ہو سکتا ہے۔ کیونکہ اس قسم کے فروعی مسائل نہ تو تبلیغی ہیں کہ انھیں دوسروں تک پہنچایا جانا اور ان کا منوایا جانا ضروری ہو اور نہ معاذ اللہ تکذیبی ہیں کہ مخالف رائے رکھنے والوں کو جھٹلایا جانا اور ان کی تکذیب کیا جانا

روا ہو بلکہ محض ترجیحی ہیں جن میں حق و باطل کا نہیں محض خطا و صواب کا اختلاف ہے وہ بھی علی الاطلاق نہیں بلکہ اپنا صواب بھی احتمال خطا کے ساتھ اور دوسروں کی خطا بھی احتمال صواب کے ساتھ مفید ہے اور پھر اس میں بھی دوسرے کی یہ محتمل خطا اس یقین کے ساتھ ہے کہ وہ اور اس کے ماننے والے اس پر مستحق اجر و ثواب اور مستوجب نجاۃ و فلاح بھی ہیں۔ ظاہر ہے کہ ایسے ذو جہتین مسائل میں جن میں جانب مخالف باطل بھی نہ ہو وہ خطا قطعی بھی نہ ہو اور پرسے نجاۃ و اجر کا استحقاق بھی یقینی ہو کسی فریق کو یہ حق کیسے مل سکتا ہے کہ وہ مسئلہ کی مخالف سمت کے ساتھ طعنہ زنی اور تشنیع سے پیش آئے یا اسے باطل قرار دے کر ماننے والوں کو مبطل قرار دے۔ اور اس کے بالمقابل اپنی مسلمہ جانب کی دعوت و تبلیغ کرنے لگے۔ فریقین کو اگر حق پہنچتا ہے تو صرف یہ کہ وہ وجوہ دلائل سے اپنی مسلمہ جانب کو مسلک سنت ثابت کرتے ہوئے اس کی ترجیح واضح کر دیں جس کا منشا صرف یہ ہے کہ وہ اپنے کو تہمت بدعت سے بری ثابت کر کے دائرہ سنت میں محدود دیکھے ہوئے ہیں۔ اور یہ کہ مسئلہ کی جس سمت کو انھوں نے اختیار کیا ہے وہ ہوائے نفس سے نہیں بلکہ وجوہ شرعیہ سے ہے۔ اس ترجیحی سلسلہ میں فریق ثانی کا ابطال یا معاذ اللہ تعالیٰ اضلال کا کوئی سوال ہی نہیں ہوتا کہ اس کی طرف التفات کی کوئی وجہ ہو بلکہ میں تو یہ سمجھتا ہوں کہ ان فروعی اختلافات میں سرے سے فریق بندی ہی نہیں ہے کہ فریق اول اور فریق ثانی کی بحث شروع کر کے ہل من مبارز ہی کی زور آزمائیاں دکھلائی جائیں۔ فاتحہ خلف الامام ہو یا آمین بالجہر و بالسر، رفع یدین ہو یا ترجیع اذان وغیرہ ان میں ہر مسئلہ کا مثبت اور منفی پہلو ایک ہی مسئلہ کے دو پہلو ہیں۔ مسئلے دو نہیں ہیں اور وہ پہلو بھی روایتی اور درایتی بحث سے سامنے آتے ہیں۔ شریعت نے بالاستقلال ابتدا ہی سے بیکدم دو متضاد پہلو عمل کے لیے سامنے نہیں رکھے۔ اب یہ دو پہلو خواہ زمانے کے تفاوت سے سامنے آئے کہ ابتدا میں ایک پہلو صاحب شریعت کے زیر عمل آیا اور آخر میں دوسرا جس سے ناسخ و منسوخ کی بحث پیدا ہوئی یا عزیمت و رخصت کے فرق سے سامنے آئے جس سے اولیٰ غیر اولیٰ کی بحث پیدا ہوئی یا تساوی کے ساتھ سامنے لائے گئے جس سے دونوں پہلوؤں میں

تخییر کی بحث پیدا ہوئی، بہرحال کسی بھی معیار سے سامنے آئے ہوں ایک ہی مسئلہ کے دو پہلو رہیں گے۔
جس میں ناسخ منسوخ اولیٰ غیر اولیٰ افضل غیر افضل عزیمت، رخصت تخییر و عدم تخییر کے معیار سے ترجیحات
سامنے آتی رہیں گی اور وہ اپنے اپنے وقت اور ظرف اور کیف و کم کی ترجیحات کے ساتھ امت کے
زیر عمل آتے رہیں گے جس سے پیغمبر صادق و مصدوق کا کوئی ارشاد اور ارشاد کا کوئی پہلو متروک العمل
نہ رہے گا بلکہ ہر پہلو امت کے کسی نہ کسی طبقہ میں زیر عمل رہے گا اور اس طرح پوری اُمت نبی کے
پورے ارشادات کی حامل اور عامل رہے گی۔ اندریں صورت ایک روایت دوسری روایت کی
ایک حدیث دوسری حدیث کی اور ایک آیت دوسری آیت ہی کی خود ہی فریق نہیں ٹھہرتی چہ جائیکہ
رجال حدیث یا حاملین آیت و روایت باہم ایک دوسرے کے فریق قرار پائیں اور آپس میں نبرد
آزما ہوں۔ اور ہل من مبارز کہ کر پہلوانوں کی طرح اکھاڑوں میں اتریں اور زور آزمائی کے جوہر دکھلائیں
گویا آیات و روایات اسلحہ ہیں۔ حاملین آیات و روایات جنگی سپاہی اور شریعت ان کا میدان مبارزہ
و مقابلہ، ظاہر ہے کہ حسی طور پر سب سے پہلے اسلحہ ٹکراتے ہیں پھر سپاہی تو اس مبارزت طلبی
کا مطلب یہ ہوا کہ خود آیات و روایات میں کوئی حقیقی تعارض اور تصادم ہے جس کی مجبوری سے
حاملین آیات و روایات کو بھی باہم ٹکرانا پڑا۔ حالانکہ یہ صورت حال خود کتاب و سنت سے مدفوع
ہے اگر عیاذاً باللہ تعالیٰ ان مختلف فیہ مسائل کی ذاتی خاصیت ہی یہ نبرد آزمائی اور مبارزت طلبی ہوتی
تو حضرات صحابہؓ و تابعینؒ و ائمہ مجتہدینؒ اور علمائے راسخین کو تو اس لڑائی بھڑائی اور چیلنجوں سے ایک
لمحہ کی بھی فرصت نہ ملتی۔ کیونکہ وہ تو ان مسائل میں مجتہد اور مدعی کی حیثیت رکھتے تھے اور مدعی کو اپنے
دعوے پر بہ نسبت ناقل اور تابع کے زیادہ جمود اور استقلال ہوتا ہے جب ناقل اور تابع محض ہو کر ہمیں
ان لڑائیوں سے فرصت نہیں تو مدعیوں کو تو ایک سیکنڈ کے لیے بھی ان ہل من مبارز کے چیلنجوں سے مہلت
نہ ملنی چاہیئے تھی۔ اور ان کی لڑائی ہم سے کہیں زیادہ شدید اور مدید ہونی چاہیئے تھی۔ لیکن صورت
واقعہ برعکس ہے کہ قرون اولیٰ میں ان عملی اور فروعی مسائل کی جوانب وشقوق میں ترجیح و اختلاف کے
باوجود ان حضرات کے قلوب میں ہل من مبارز اور چیلنجوں کا تصور تک نہیں ملتا چہ جائیکہ تصادم کا کوئی
عمل دستیاب ہو اس لیے بلا جھجک کہا جا سکتا ہے کہ یہ ہماری مبارزت طلبیاں اور شرعی لائنوں میں نبرد
آزمائیاں ان مسائل کی خاصیت نہیں بلکہ محض ہمارے نفوس کی شرارتیں ہیں جن میں جذبات نفس

نکالنے کا جب کہیں اور موقع نہیں ملتا تو ہم یہ کار خیر اس شرعی میدان میں انجام دے لیتے ہیں۔ بلیے کی مار ترازو کی ڈنڈی۔ اس لیے میں تو اس تصور پر ہوں کہ جب صورت تعارض کے باوجود ایک حدیث دوسری حدیث کا فریق نہیں تو ان مسائل کے سلسلے میں مرجحین کا کوئی طبقہ کوئی دوسرے طبقہ کا فریق کیسے قرار پا سکتا ہے ؟ میرے خیال میں کوئی شافعی، مالکی، اہل حدیث ان مسائل کی ترجیحات کی حد تک نہ حنفی کا فریق ہے اور نہ حنفی ان میں سے کسی کا ان میں اگر ترجیحاتی بحثیں ہیں تو وہ علمی اور نظری طور پر ایک حق کو دوسرے حق پر راجح قرار دینے کی ہیں۔ نہ کہ حق کو باطل کے مقابلے پر اختیار کرنے کی جن کا لڑائی یا چیلنجوں سے تعلق ہو۔ ہاں اگر ان مرجحین کے مقابلے میں کوئی طبقہ فریق کی حیثیت رکھتا ہے تو وہ طاعنوں تشنیع کنندوں اور ان افراد کا ہے جو کسی بھی اجتہادی شق کی تقبیح اور مذمت کے لیے مذہب و مشرب کے نام پر کھڑے ہوں۔ سو اس قسم کے طاعن اور تبرائی حضرات جس طرح تارکین فاتحہ خلف الامام کے فریق ہیں۔ اسی طرح قارئین فاتحہ خلف الامام کے بھی فریق ہیں۔ کیونکہ فاتحہ اور ترک فاتحہ تو حدیثی مسلک ہے لیکن طعن بر فاتحہ یا بر ترک فاتحہ (بایں طور کہ پڑھنے یا نہ پڑھنے والے کو مطعون کیا جائے) نہ حدیثی مسلک ہے نہ قرآنی نہ فقہی نہ کلامی۔ اس لیے اگر تارکین فاتحہ اور قارئین فاتحہ عامل بالحدیث ہونے کی وجہ سے اہل حق ہیں تو یہ طاعنین فاتحہ و ترک فاتحہ کسی سمت کے بھی ہوں۔ ان اہل حق کے فریق ہیں جن کا تقابل نہ فاتحہ سے ہے نہ ترک فاتحہ سے بلکہ حق اور اہل حق سے ہے۔ پس ایسے لوگ بلا شبہ تردید کے بھی مستحق ہیں اور تکذیب کے بھی درحالیکہ یہ تردید و تکذیب نہ کسی مسئلہ کی ہوگی نہ مسلک کی کسی اجتہادی شق کی بلکہ صرف ان افراد کی اور ان کے غیر معتدل کلام اور کلام کے اس رویّہ کی جس کا تعلق کسی حق سے نہیں بلکہ صرف ان کے جذبات نفس سے ہے۔

مصنف ممدوح نے اپنی اس متین کتاب میں اگر کہیں رد و قدح سے کام لیا ہے تو وہ درحقیقت اسی طبقہ کے مقابلے پر ہے جو مسائل کو مسائل کی نظر سے نہیں دیکھتا بلکہ جذبات نفس کی آنکھ سے دیکھتا ہے۔ بقول شخصے کہ وہ نہ آمین بالجہر پر لڑتا ہے۔ نہ آمین بالسّر پر بلکہ صرف آمین بالشّر پر اس لیے وہ دونوں قسم کی آمین والوں کا فریق مقابل ہے۔ کیونکہ آمین کی پہلی دو قسمیں تو روایات میں ملتی ہیں لیکن تیسری سے قرآن و حدیث خالی ہیں۔ اس کا وجود اگر ہے تو صرف ان لوگوں کے نفس میں ہو سکتا ہے اور بس۔ پس مصنف کو یقیناً کسی اجتہادی مسئلہ کی شق کی بھی تردید کا حق نہیں لیکن بالیقین

ایسے طعنہ زن اور ان کی ایسی غلط روشوں اور مطاعن کی تردید بلکہ تکذیب کا حق ضرور پہنچتا ہے۔ جو مسئلہ کے بجائے اپنے نفس کی مصلحت کو آگے رکھتے ہوں اور دلائل سے گزر کر جذبات کو مسئلہ کی کافی دلیل خیال کر رہے ہوں اگر مصنف نے ایسے لوگوں کی تردید کا فرض احسن الکلام کے ساتھ ادا کیا تو بلاشبہ انھیں اس کا حق تھا اور انھوں نے حق ادا کر دیا۔

اگر طعنہ زن حضرات کو حدیث کے نام پر زور آزمائی کا ایسا ہی شوق دامن گیر ہے تو انھیں چاہیے کہ وہ پہلے منکرین حدیث سے نمٹیں اور نفس حدیث کے موقف کو تھامنے میں یہ زور آزمائی دکھلائیں۔ وہ ان سے کیا نمٹنا چاہتے ہیں جو خود ہی حدیث، فن حدیث، فقہ حدیث اور ائمہ حدیث کے متبع اور ایک فانی گرویدہ و معتقد کی حیثیت رکھتے ہیں جن کے یہاں حدیث رسول ہی نہیں رجال حدیث تک کی بے پناہ عظمت و بزرگی اور مخلصانہ پیروی کے جذبہ کو قائم رکھنا ایمان کا جزو اعظم ہے۔ نیز ان طعنہ زن حضرات کو اگر واقعی تبلیغ حق کا جذبہ بے چین کیے ہوئے ہے تو وہ منکروں کو اصول اسلام اور اصل دین کی تبلیغ فرمائیں جس کی تبلیغ ضروری ہے تو فروعی مسائل کب ہیں کہ ایک طبقہ دوسرے طبقہ کو اس کے مختار کی جانب سے ہٹا کر اپنی مختار جانب پر لانے کی کوشش کرے نیز اگر تردید ضروری ہے تو غیر اسلامی اصول کی ضروری ہے نہ کہ کسی اجتہادی شق کی سمت مخالف کی جس میں ہمہ وقت صواب کا احتمال قائم رہتا ہے اور اس پر چلنے والا ہر وقت اجر و نجات کا مستحق ہوتا ہے۔ پس تبلیغی سرگرمیاں اور بغض فی اللہ کے مجاہدانہ چیلنجوں کو اگر کام میں لانا ہے تو مخربین دین، محرفین کتاب و سنّت اور مستہزئین اسلام کے مقابلہ میں لانا چاہیے نہ کہ فاتحہ وغیرہ جیسے فروعی اور اجتہادی مسائل کی ترجیحی شقوق و جوانب کے نام پر خود معتقدین دین و ائمہ دین کے مقابلہ پر میں تو سمجھتا ہوں کہ جو حضرات ان فروعی مسائل کو محض ترجیحی اور عملی مسلک جان کر ان پر سچے دل سے عمل پیرا ہیں خواہ وہ اہل فقہ ہوں یا اہل حدیث۔ انھیں اس دوران میں کسی خفی غیر خفی اور امر کی تسلیم کردہ جانب کا تصور تک بھی نہ آتا ہوگا۔ چہ جائیکہ وہ اس کے خلاف غم و غصہ سے مغلوب ہو کر چیلنجوں کی عبارتوں سے اپنے ذہنوں کو مشوش کرتے ہوں اور ہل من مبارز کے دھیان میں غرق ہوں۔ استفسار مسئلہ کے وقت دیانتاً اپنے نزدیک جو پہلو راجح ہو اسے راجح بتلانا اور مرجوح کو مرجوح کہنا اور چیز ہے اور مرجوح کا ابطال اور افساد کرنا یا اس کے ماننے والے کی تضلیل

تفسیق کرنا اور چیز ہے۔ پہلا کام اہلِ حق کا ہے اور دوسرا اہلِ حق کے مقابل فریق کا۔ بہرحال جیسا کہ ایک حنفی کو فاتحہ خلف الامام کے ماننے والے کو مبطل یا باطل پرست کہنے کی جرأت نہ ہونی چاہیے ایسے ہی کسی غیر حنفی کو ترکِ فاتحہ اور اس کے ماننے والوں کو باطل پرست یا مبطل یا ضال یا فاسق کہنے کی جرأت نہ ہونی چاہیے کہ یہ اسم فسوق بعد الایمان اور غیر محتاط تعبیر ہم نالائقوں ہی تک محدود نہیں رہتی دور تک جاتی ہے جس کی زد سے کوئی بڑے سے بڑا بھی نہیں بچا رہتا۔ کیونکہ عیاذاً باللہ اگر ترکِ فاتحہ خلف الامام کوئی ضلال یا گمراہی ہے تو یہ ضلالت بہت پرانی اور بہت سوں کی ہے۔ ؎

مرا برندی عشق آں فضول عیب کند
کہ اعتراض بر اسرار علم غیب کند

ہاں اس حد تک ہم طعنہ زنوں کے ممنونِ کرم بھی ہیں کہ اگر وہ طعن و تشنیع کی راہ سے اس مسئلہ کو اپنے جذبات اور شکوک کی آماجگاہ نہ بناتے اور ایک فریق کی حیثیت سے سامنے نہ آتے تو مصنف محترم مولانا محمد سرفراز خاں صاحب کے ان دقیق علوم اور اسالیب بیان سے ہم مستفید بھی نہ ہو سکتے جو اس حیلہ سے انھوں نے اپنی کتاب احسن الکلام میں رقم فرمائے ہیں۔ واقعہ یہ ہے کہ اگر جہل علم سے نہ ٹکرائے تو علم کے مخفی گوشے واشگاف نہیں ہو سکتے اگر کذب، صدق سے ٹکر نہ کھائے تو صدق کی مخفی قوت نمایاں نہیں ہو سکتی اگر کفر اسلام سے نہ ٹکرائے تو اسلام کے مخفی گوشے دنیا کو اپنا نور نہ دکھلا سکتے بہرحال جب تک اضداد اپنے اصول سے نہ بھڑیں اصول کا وجود و ثبوت نمایاں نہیں ہو سکتا۔ اس لیے حق تعالیٰ نے اس عالم کو عالم اضداد بنایا ہے اور ہر اصول کے پیچھے اس کی ضد لگا دی ہے تاکہ وہ اس سے ٹکراتی رہے اور اس حیلہ سے اصول کی عظمت و قوت ٹپکتی رہے بایں معنی تکوینی طور پر طاعنوں اور منکروں کا وجود بھی مجموعۂ کائنات کے لیے ایک حسن ہے اور ضروری ہے وہ اگر دلوں میں وسوسے اور شبہات نہ ڈالیں تو اہلِ عرفان سے ان کے دفعیہ کی علمی تدبیریں بھی نمایاں نہ ہوں مثل مشہور ہے کہ "ادب سیکھا جاتا ہے بے ادبوں سے" یعنی وہ ذریعہ ادب دانی بن جاتے ہیں سو علم بھی بہت حد تک جہل سے ہی سیکھا جاتا ہے۔ یعنی جہل اور اس کے پیدا کردہ شکوک و شبہات

بھی بہت حد تک ذریعہ بن جاتے ہیں۔ اہل علم کی گرم جوشی آمادگی اور ان کے القار علم کا جس سے
مخلوق خدا علم سے بہرہ ور ہوتی ہے۔ بس اس حد تک اس طبقہ کا ہم سب ہی کو ممنون ہونا چاہیے
کہ علم کے بہت سے مخفی گوشے ان کے سبب سے سامنے آگئے اور اس شر میں سے ایک خیر
ہمارے لیے نکل آئی۔ شر اپنی ذات سے شر سہی مگر مجموعۂ عالم اور اہلِ معاملہ کے لیے نسبتاً وہی
خیر ہے۔ مگر محض خدا تعالیٰ کے فضل سے نہ کہ شر کے خیر ہونے سے۔ اس لیے تکوینی طور پر تو ہم طعنہ
زنوں کے ممنون ہوں گے کہ ان کی بدولت کتنے ہی علم کے مخفی گوشے ہمیں دستیاب ہو گئے مگر
حقیقی طور پر ہم مصنف احسن الکلام کے ممنون ہیں کہ انھوں نے اس حیلہ سے مسئلہ فاتحہ کے تحقیقی
اور دفاعی دونوں پہلوؤں کو بہت حد تک صاف کر دیا ہے جو موافق اور مخالف دونوں طبقوں کے
لیے علمی حیثیت سے کارآمد ہوں گے۔ اگر خلاف رائے رکھنے والے حضرات کے لیے ان دلائل سے
شفا ہو گئی تو ان کے خلاف میں شدت باقی نہ رہے گی خواہ وہ اپنے ہی مسلک پر عمل پیرا رہیں سو
یہ کونسا کم نفع ہے اور اگر ان دلائل کے کسی مقدمہ کو کمزور پا کر انھوں نے جواب کے طور پر اسے
واضح کیا تو ہم سب کے لیے ایک مزید علم کا اضافہ ہوگا اور یہ کونسا قلیل نفع ہے جو زدنی علما
کا مصداق ہو، بہر صورت مولانا محمد سرفراز خاں صاحب اس تالیف لطیف کے لیے سرفراز ہوتے
ہیں تو وہ ہمارے شکریہ کے مستحق ہیں اور احسن الکلام بحیثیت مجموعی حقیقتاً احسن الکلام ہے۔ حق
تعالیٰ اس احسن الکلام کو حسنِ قبول سے سرفراز فرمائے اور اسے یتّبعون احسنه کا مصداق
بنائے۔ آمین

محمد طیب غفرلہ

مہتمم دارالعلوم دیوبند

یکم ربیع الثانی ۱۳۷۵ھ

سید المناظرین سند العلماء
حضرت مولانا سید مہدی حسن رحمہ اللہ تعالےٰ
سابق مفتی اعظم دار العلوم، دیوبند

بسم اللہ الرحمن الرحیم

نحمدہ ونصلی علی رسولہ الکریم ط

وبعد۔ آج دنیا جس دور سے گذر رہی ہے خصوصاً مسلمانان عالم جن کٹھن مراحل سے گذر رہے ہیں۔ اس کا وقتی اور ہنگامی اقتضا یہ تھا کہ وہ امت جس کا خدا ایک۔ رسول ایک، قرآن ایک۔ کعبہ ایک ہے سر جوڑ کر بیٹھتی اور ان امراض کا علاج تلاش کرتی جن امراض میں مسلمان مبتلا ہیں جن کی وجہ سے ان پر زندگی دوبھر اور وبال ہے۔ تحریکات گمراہ کن اور فتن مخرب دین کی ہوائیں چل رہی ہیں۔ نہیں، نہیں بلکہ دریا کی موجوں کی طرح پے بہ پے موجیں مار رہے ہیں جن کی لہروں کا اثر ساحل دریا سے باہر بھی کافی ہے؎

بحزم کوش کہ ایں رہ بسے پُراز خطر است ۔۔۔ باحتیاط قدم نہ کہ جائے شور وشر است

ہمیں کہ ابر بیارد چناں تصور کن ۔۔۔ کہ سیل می رسد وخانۂ تو بر گذر است

بجائے اس کے آج بھی تشتت وافتراق کی صورتیں پیدا کر کے شقاق وخلاف کے راستے کو ہموار کیا جاتا ؛ ع ۔۔۔ وہ سمجھنے کس طرح بیٹھیں کہ جب بیٹھا نہیں جاتا

اس پر طرہ یہ کہ اس کو دینی خدمت تصور کیا جاتا ہے جو مسائل بر سہا برس سے ایسے چلے آتے ہیں جن پر ہر زبان میں خامہ فرسائی ہو چکی ہے اور قلموں کی روشنائی خشک ہو چکی ہے۔ انہیں اختلافی مسائل میں سے فاتحہ خلف الامام کا پرانا مسئلہ ہے کوئی نئی اور جدید تحقیق نہیں ہے جس کو دنیا کے سامنے پیش کیا جائے اور وہ اس سے مستفید ہو۔ لیکن جن حضرات کی طبیعت ثانیہ یہ ہو گئی ہو کہ اختلاف وسیع ہوتا رہے وہ کب گوارا کر سکتے ہیں کہ خاموش رہیں اور اپنی تحقیق کے مطابق عمل کرتے رہیں لیکن ایسا نہیں بلکہ دور حاضر کے ہمارے دینی بھائی اہل حدیث حد اعتدال سے باہر ہو کر اسی کے پیچھے ہو گئے کہ جو امام کے پیچھے۔ الحمد نہ پڑھے اس کی نماز باطل ہے اور جب نماز ہی نہیں ہوتی تو تارکین صلوٰۃ ہیں بلکہ قصداً اس جرم کے مرتکب ہیں جو بجائے خود باعث نجات ہونے کے

موجب خسرانِ اُخروی ہے۔ یہ اپنی جگہ پر کہاں تک صحیح ہے۔ اس کو انھیں کے قلوب زیادہ محسوس کرتے ہوں گے کہ امت محمدیہ کی ایک بہت بڑی جماعت کی نماز پر بطلان کا حکم لگا کر کیا دین کی خدمت ہے جن میں حضرات صحابہ کرامؓ، تابعینؒ و تبع تابعینؒ وغیرہم کی کافی تعداد داخل ہے۔ ایسی صورتِ حال پر اس کی ضرورت تھی کہ اس مسئلہ کے ہر پہلو پر از سر نو متانت و سنجیدگی، تہذیب و شائستگی کے ساتھ محدثانہ طریق سے روشنی ڈالی جائے جو پہلو اُجاگر نہیں ان کو اُجاگر کر دیا جائے تاکہ انصاف پسند اور علم پرور حضرات کی بصیرت دقیقہ رس اس کو دیکھ کر احسنت کہہ اٹھے : ؎

للہ الحمد ہر آں چیز کہ خاطر می خواست
آخر آمد ز پسِ پردۂ تقدیر پدید!

اس ضرورت کا احساس اخی محترم فاضل نوجوان مولانا محمد سرفراز خاں صفدر سرحدی خطیب جامع مسجد گکھڑ منڈی نے کیا اور اس مسئلہ پر محققانہ و منصفانہ بحث کر کے کتابی صورت میں اس کو شائع کیا جو احسن الکلام فی ترک القرآۃ خلف الامام کے نام سے موسوم ہے جس کے دو حصے ہیں۔ میں نے جزو اوّل کا اوّل سے آخر تک لفظ بہ لفظ اور جزو ثانی کا مختلف مقامات سے مطالعہ کیا ہے۔ خوبی اسلوب و انداز بیان، زبان کی صفائی کے ساتھ دلائل و براہین پر منصفانہ نظر ڈالی ہے۔ فاضل موصوف نے کسی پہلو کو تشنہ نہیں چھوڑا۔ معترضین کے شبہات کا جواب عالمانہ دیا ہے اور تحقیق کے ساتھ مجادلانہ طریق اختیار نہیں کیا کہ کتاب کی افادیت میں کمی واقع ہو۔ اپنے ہر دعوی کو براہین سے مدلل کیا ہے کہ مخالفین حضرات کو بھی اگر ان کے یہاں علم و انصاف کی قدر و قیمت ہے تو تسلیم کر لینے اور سکوت اختیار کر لینے کے سوا چارۂ کار نہیں ہے اس محنت و عرق ریزی اور تحقیق و تنقید کی جملہ احناف کی طرف سے فاضل موصوف کو اللہ تعالیٰ جزائے خیر عطا فرمائے اور بے انصاف مخالفین کی ہدایت کا ذریعہ بنائے۔ ان کے علم و عمل میں برکت عطا فرمائے اور مخلوق کے طریق رشد و ہدایت کا رہبر بنائے۔ طلبا و عوام کے لیے اس کتاب کا مطالعہ ضروری ہے۔ علماء بھی اس کتاب کے مطالعہ سے دریغ نہ فرمائیں کہ براہین و دلائل اور آثار و اقوال ائمہ یکجائی طور پر اس کتاب میں ملیں گے۔۔ بعض مباحث ایسے بھی اس کتاب میں ملیں گے جو بڑی عرق ریزی اور کافی مطالعہ کتب

بمشکل حاصل ہو سکتے ہیں جن کو فاضل مؤلف نے بہت خوبی کے ساتھ اپنے اپنے موقع پر پیش کیا ہے اس لیے ہر اس شخص کو اس کتاب سے استفادہ کرنا چاہیے جو حنفیت سے وابستہ ہو تاکہ اپنے مذہب کی صداقت خصوصاً مسئلہ فاتحہ خلف الامام میں ہویدا اور نمایاں ہو جائے۔ طباعت و کتابت کی کہیں کہیں کوتاہیاں ہیں جو اشاعت آیندہ میں دور ہو جائیں گی انشاء اللہ تعالیٰ۔

احقر الزمن

السید مہدی حسن غفرلہ خادم دارالافتاء الواقعہ

بدارالعلوم دیوبند۔ ۳/۷/۵۷ء

شیخ العرب و العجم رأس الاتقیا مجاہد ملت

حضرت مولانا سید حسین احمد مدنی رحمہ اللہ تعالیٰ

سابق شیخ الحدیث دارالعلوم، دیوبند۔

حضرت مفتی سید مہدی حسن صاحب کی تحریر سے میں حرف بحرف موافقت کرتا ہوں اور دعا کرتا ہوں کہ اللہ تعالیٰ مولانا محمد سرفراز خاں صاحب موصوف کو جزائے خیر عطا فرمائے۔ آمین

ننگ اسلاف حسین احمد غفرلہ

مدرس دارالعلوم، دیوبند

رئیس المحققین قامع البدعت محی السنۃ شیخ الحدیث

حضرت مولانا حبیب الرحمٰن صاحب اعظمی دامت برکاتہم (مئو اعظم گڈھ یوپی)

مئو

۱۲ ذیقعدہ ۱۳۷۷ھ

فاضل محترم! السلام علیکم ورحمۃ اللہ،

آپ کا قیمتی ہدیہ (احسن الکلام) مجھے بروقت مل گیا تھا۔ اس عنایت کے لیے میں

آپ کا تہ دل سے شکر گذار ہوں۔ اپنی بے اطمینانی کی وجہ سے میں اب تک آپ کی کتاب پوری نہیں پڑھ سکا پھر بھی متعدد مقامات سے کئی کئی ورق پڑھے۔ آپ کی محنت وجانکاہی پر دل سے دعائکلی۔ میں نے آپ کی کتاب کو اس لحاظ سے بہت زیادہ پسند کیا کہ آپ نے انھیں اصول کو سامنے رکھ کر جوابات دیے ہیں جن اصول کی بنا پر معترضین نے اعتراضات کیے ہیں۔ بالخصوص آپ نے تحقیق الکلام کی طرف جو خصوصی توجہ فرمائی اس کے لیے آپ خاص طور پر مستحق مبارکباد ہیں۔ اس لیے کہ ہماری جماعت کے تساہل وتغافل کی وجہ سے اس کو لاجواب سمجھا جا رہا تھا۔ حق تعالیٰ آپ کو جزائے خیر دے۔

چونکہ یہ کتاب مقابلہ پر لکھی گئی ہے اور فریق مخالف صرف نکتہ چینی ہی کے خیال سے اس کو دیکھے گا، اس لیے مخالف کی نگاہ پڑنے سے پیشتر بعض ایسی باتیں جو میرے خیال میں صحیح نہیں معلوم ہوتیں۔ ان کی نشاندہی کرتا ہوں۔ آپ بھی غور فرمالیں۔ اگر آپ کو بھی مجھ سے اتفاق ہو تو فبہا ورنہ جانے دیجیے۔

چونکہ میں نے مسلسل پوری کتاب نہیں پڑھی اس لیے کیف ما اتفق جہاں جہاں جو بات مجھے کھٹکی ہے اس کو میں نے نوٹ کر لیا ہے۔

حبیب الرحمٰن الاعظمی

نوٹ: حضرت نے تین صفحات پر مشتمل تحریر میں متعدد اغلاط کی نشاندہی کی تھی جن کی اب بحمد اللہ تعالیٰ تصحیح کر لی گئی ہے۔ صفدر

حضرت مولانا مفتی فقیر اللہ صاحب رحمہ اللہ تعالیٰ

سابق مفتی اعظم جامعہ رشیدیہ منٹگمری تلمیذ و مرید حضرت شیخ الہند

بخدمت جناب مولانا مولوی محمد سرفراز خاں صاحب بارک اللہ تعالیٰ فی عمرہ وعلمہ وعملہ!

السلام علیکم ورحمۃ اللہ وبرکاتہ۔ اما بعد گذارش کہ احسن الکلام، تبرید النواظر، گلدستۂ توحید، دل کا سرور میں نے پڑھوا کر سنی ہیں۔ ماشاء اللہ تعالیٰ آپ بہت وسیع النظر ہیں اور ذہین۔ حافظہ وفہم بہت پایا ہے، مگر معلوم نہیں یہ سب کتب جن کے حوالے آپ

نے دیے ہیں۔ کیا یہ سب آپ کے پاس موجود ہیں؟ جب میری بینائی تھی تو آثار السنن وجامع الآثار نیموی وایضاح الادلہ وہدایت المعتدی۔ والفرقان دیوبندی۔ وانوار نعمانیہ وسنتہ ضروریہ فیض پوری کا مطالعہ کیا تھا۔ مگر تحقیق الکلام کا جواب مصنّف مرحوم کی زندگی میں کسی نے نہ لکھا۔ البتہ ابکار المنن کا جواب مولانا عبدالرشید ابن نیمویؒ نے لکھا تھا۔ جس کا قلمی نسخہ انھوں نے مجھ کو بھی بھیجا تھا۔ جو جالندھر مولوی خیر محمد صاحب کے مکتبہ میں انقلاب کے وقت وہیں رہ گیا۔ ہمارے مدرسہ کی سب کتب اور مولوی خیر محمد صاحب کے مدرسہ کی کتب انقلاب میں سب ضائع ہوگئیں۔ معلوم ہوا کہ ایک مجلس طلقات ثلاثہ کی بابت آپ کتاب شائع کرنے کو ہیں؟ تیار ہونے پر پتہ کرنا۔ مولوی حبیب الرحمٰن اعظمی مدرس مدرسہ مئو بھنجن ناتھ ضلع اعظم گڈھ نے طلقات ثلاثہ کی بابت دو جلد میں کتاب لکھی ہے۔ جس میں علّامہ ابن قیمؒ وغیر مقلّدین کے جواب دیے ہیں۔ وہ کتاب بھی وطن میں ضائع ہوگئی۔ شاید آپ کی نظر سے گذری ہے یا نہیں۔ ابکار المنن کا جواب ابن نیموی طبع نہیں کرا سکے۔ غریب ہونے کے سبب قلمی تین نسخے تیار کیے تھے۔ ایک نسخہ مجھ کو بھیجا اور ایک مبارک پوری صاحب کو اور ایک اپنے پاس رکھا۔ حضرت شیخ الہندؒ فرماتے تھے کہ امام بخاریؒ بڑے ذہین تھے۔ تھوڑا سا ذہن اور ہوتا تو امام ابو حنیفہؒ کے برابر ہوجاتے۔ امام نوویؒ کے متعلق فرماتے تھے کہ ان کا ذہن طویل وعریض تو بہت ہے مگر امام اعظم رح کے عمیق ذہن تک پہنچ نہیں سکتے۔ فقط آپ کے حوالہ جات بقیہ صفحات لکھنے سے یہ معلوم ہوتا ہے کہ آپ پیر جھنڈا کے مکتبہ میں لکھ رہے ہیں یا مکتبہ مدرسہ دیوبند میں کیا یہ سب کتب آپ کے پاس ہیں۔ زیادہ کیا عرض کروں۔ والسلام فقط

خادم حبیب اللہ خلف حضرت مفتی رح
خادم طلبہ جامعہ رشیدیہ ۔ ۵ شوال ۷۴ھ۱۳

فقیہ وقت المحقق المدقق
حضرت مولانا مفتی محمد شفیع صاحب رحمہ اللہ تعالیٰ
مفتی اعظم پاکستان

بسم اللہ الرحمٰن الرحیم

اَلْحَمْدُ لِلّٰہِ وَکَفٰی وَسَلَامٌ عَلٰی عِبَادِہِ الَّذِیْنَ اصْطَفٰی۔

مولانا ابوالزاہد محمد سرفراز خاں صاحب صفدر کی محققانہ تازہ تصنیف "احسن الکلام فی ترک القرآۃ خلف الامام" دیکھنے کا موقع ملا جو اپنے موضوع میں بے نظیر کتاب ہے۔ طرزِ بیان نہایت سلیس ہے اور اس مسئلہ میں غلو و تعدی کرنے والوں کا بہترین جواب ہے۔

مسئلہ قرآۃ فاتحہ خلف الامام ان مسائل میں سے ہے جن میں حضرات صحابہؓ و تابعینؒ کے زمانے سے اختلاف اور بحثیں چلی آتی ہیں۔ سینکڑوں کی تعداد میں مستقل کتابیں اور رسالے اس موضوع پر لکھے گئے ہیں اور ایسے اجتہادی اختلافات میں تمام اہل حق کا مسلک یہی ہوتا ہے کہ ان کے جس پہلو کو وہ راجح سمجھتے ہیں اس کو اختیار کر لیتے ہیں اور دوسری جانب پر طعن و تشنیع اور زبان درازی جائز نہیں سمجھتے۔ علمی بحث و تحیص کا مقام آتا ہے تو اس میں مناظرانہ بحثیں بھی ملتی ہیں مگر اس نظر سے نہیں کہ ان کا حریف باطل پرست یا گمراہ ہے۔ اور اجتہادی اختلافات کا تمام اہل سنت والجماعت کے نزدیک یہی مقام ہے۔ اور یہ بھی ظاہر ہے کہ آج کل کی فضا میں جہاں کفر و الحاد کے طوفان نئی نئی شکلوں سے اٹھ رہے ہیں۔ سرے سے حدیث ہی کو ناقابل عمل ٹھہرایا جا رہا ہے۔ قرآن میں طرح طرح کی معنوی تحریفات کے لیے ادارے بنائے جا رہے ہیں، کسی خدا ترس ذی علم کے لیے اس کا کوئی موقع نہ تھا کہ ان پرانی بحثوں کو تازہ کر کے ایک نیا فتنہ قرآن و حدیث کے ماننے والوں اہل السنت میں پیدا کرتا۔ لیکن افسوس کا مقام ہے کہ بعض ناعاقبت اندیش کم علم لوگ جو اپنے آپ کو فرقۂ اہل حدیث سے منسوب کرتے ہیں اور درحقیقت انصاف پسند اہلحدیث بھی ان کے طرز عمل سے متنفر ہیں۔ کفر و الحاد کے دنیا میں پھیلنے سے ان پر کوئی اثر نہیں ہوتا۔ ان کی فکریں صرف اس میں صرف رہتی ہیں کہ حنفی مسلمانوں کو گمراہ، بے نماز بلکہ کافر و مشرک قرار دیں۔ اسی قسم کے بعض لوگوں نے حال میں کچھ رسائل شائع کر کے مسلمانوں

میں انتشار و اختلاف کا دروازہ کھولا تو ہمارے محترم مولانا ابو الزاہد محمد سرفراز خاں صاحب نے ضرورت محسوس فرما کر زمانہ حال کے طرز اور سلیس اُردو زبان میں اس موضوع پر دو جلدوں میں یہ ضخیم کتاب تصنیف فرما کر مسئلہ کے ہر پہلو کو خوب واضح فرما دیا۔ اس سے پہلے جتنی کتابیں اُردو زبان میں بھی اس مسئلہ کے متعلق نظر سے گذری ہیں اوّل تو ان میں پوری مباحث کے لیے جامع کم ہیں۔ پھر خالص قدیم علمی زبان میں ہیں آجکل عوام کیلئے ان سے استفادہ مشکل ہے اس کتاب میں فاضل مؤلف نے ماشاء اللہ تعالیٰ بڑی خوبی سے تمام جوانب کی رعایت رکھ کر اس کے حسن کو دو بالا کر دیا ہے۔ جزاہ اللہ تعالیٰ عنا وعن جمیع المسلمین خیر الجزاء وتقبّل منہ مسعاہ۔

۲۵ شوال ۱۳۷۴ھ بندہ محمد شفیع عفا اللہ عنہ

علّامہ عصر امام المناظرین استاذ العلماء

حضرت مولانا خیر محمدؐ صاحب رحمہُ اللہ تعالیٰ

سابق مہتمم مدرسہ عربیہ خیر المدارس، ملتان، مغربی پاکستان

باسمہٖ سبحانہٗ تعالیٰ

بعد حمد و صلوٰۃ۔ مسئلہ قرأۃ خلف الامام سلف و خلف میں ہمیشہ مختلف فیہا رہا ہے۔ مگر اس کا اختلاف اوّلیت و غیر اوّلیت تک محدود رہا۔ مثبتین حضرات نے تارکین قرأہ پر بطلان صلوٰۃ کا جارحانہ حربہ کبھی استعمال نہیں فرمایا۔ البتہ ہمارے زمانے کے اکثر غیر معتدل اہل حدیث علما جمہور سلف و خلف کے خلاف بڑی شد و مد سے اپنی تحریر و تقریر میں اس دلآزار حربہ کو استعمال کرتے رہے ہیں اور کر رہے ہیں۔ بایں ضرورت جمہور کی طرف سے بھی اصلاحی طور پر تحقیقی و جوابی رسائل کی اشاعت کا سلسلہ بھی شروع ہوا جو معاندین کے لیے مسکت اور منصفین کے لیے قانع تھا۔ مگر بعض رسائل میں جزوی مباحث پر کلام تھا اور بعض میں قدر ضرورت پر اکتفا تھا۔ اس لیے ہنوز ضرورت تھی کہ اس مسئلہ میں ایسی جامع اور مسکت کتاب شائع ہو جو تمام مباحث پر حاوی ہو۔ سو بحمد اللہ تعالیٰ فاضل نوجوان حضرت مولانا محمد سرفراز خاں صاحب سرحدی خطیب جامع مسجد گکھڑ منڈی ضلع

گوجرانوالہ نے کتاب احسن الکلام فی ترک القرآۃ خلف الامام ہر دو جلد تصنیف فرما کر احسن طریق سے اس ضرورت کو پورا فرما دیا۔

امام شافعیؒ کے مذہب کی تحقیق انیق اور رواۃ احادیث کے تراجم و وفیات اور ہر ہر مبحث پر محققانہ و منصفانہ تفصیلی دلائل و براہین اس کتاب کی خصوصیات ہیں مجھے سفر و علالت کے دوران میں صرف جلد اوّل کے مطالعہ کا حرفاً حرفاً موقع مل سکا۔ بفضلہ تعالیٰ اس مسئلہ کے متعلق فریقین کے بہت سے رسائل دیکھنے کا موقع مجھے بھی میسر آیا ہے اس لیے بلا تکلف عارض ہوں کہ میرے نزدیک یہ کتاب اس مسئلہ کے تمام مباحث پر حاوی اور جامع ہے۔ کوئی مبحث اس میں تشنہ نہیں چھوڑا گیا۔ فریقین کے لیے اس کا مطالعہ نافع ہوگا خصوصاً حنفی المذہب علماء و طلباء کو خود زیر مطالعہ رکھنا اور اس سے استفادہ کرنا ضروری ہے اور اس کی اشاعت میں سعی کرنا مذہبی فریضہ کے مرادف ہے۔ حق تعالیٰ اس کتاب کو مفید عام اور نافع تام بنا دے۔ اور حضرت مؤلف علام دام فیضہٗ کو جزاء احسن عطا فرماتے ہوئے اس قسم کے دیگر مسائل پر محققانہ رسائل تصنیف فرمانے کی توفیق مزید شامل حال رکھے۔ آمین ثم آمین۔

احقر خیر محمد عفا اللہ عنہ

مہتمم مدرسہ عربیہ خیر المدارس ملتان ۹ ذیقعدہ ۷۴ھ

شیخ کامل رئیس المجاہدین مفسر قرآنِ کریم
حضرت مولانا احمد علی صاحب رحمۃ اللہ تعالیٰ

امیر انجمن خدام الدین شیرانوالہ دروازہ

بسم اللہ الرحمٰن الرحیم۔ الحمد للہ وکفٰی وسلام علی عبادہ الذین اصطفٰی۔ اما بعد!
میں نے احسن الکلام فی ترک القراءۃ خلف الامام مصنفہ مولانا ابو الزاہد محمد سرفراز خاں صاحب دامت معالیہم کی دونوں جلدوں کو متعدد مقامات سے بغور پڑھا ہے، مولانا ممدوح نے جس محنت اور عرق ریزی سے اپنے مجوزہ موضوع کو دلائل و براہین سے مدلل فرمایا ہے۔ اگر اس عنوان

کے مخالفین انصاف اور تقویٰ سے کام لیں تو انھیں سوائے سکوت اور سر تسلیم کرنے کے اور کوئی چارہ کار نہ ہو۔ بارگاہِ الٰہی میں دعا کرتا ہوں کہ اللہ تعالیٰ مولانا موصوف کی اس خدمت کو قبول فرمائے اور مخالفت کرنے والوں کی ہدایت ذریعہ بنائے۔ آمین یا الٰہ العالمین۔

العارض احقر الانام احمد علی عفی عنہ لاہوری ۱۷ شوال ۱۳۷۲ھ

امیر الموحدین سید المناظرین الحافظ الحجۃ

حضرت مولانا قاضی شمس الدین صاحب دام فیضہم

سابق مدرس دار العلوم دیوبند و حال شیخ الحدیث گوجرانوالہ

نحمدہٗ و نصلی علیٰ رسولہ الکریم۔ اما بعد عرض ہے کہ مجھے محترم دوست مولانا محمد سرفراز خاں صاحب کی کتاب لاجواب احسن الکلام فی ترک القرأۃ خلف الامام کے مطالعہ کرنے کا اتفاق ہوا جس کے بعد میں کتاب موصوف کی مندرجہ ذیل خوبیوں اور خصوصیات پر مطلع ہوا:

۱۔ استیعاب اطراف میں اپنی نظیر آپ ہی ہے۔ ۲۔ زورِ استدلال میں بے مثال ہے۔
۳۔ جامعیت مضامین میں بحر محیط ہے و معترضین کے اعتراضات کے جوابات میں دیوار فولادی ہے۔
۴۔ مصنف کے تبحر علمی کا زندہ ثبوت ہے۔

وبارک اللہ فی عمرہ و علمہ وشانہ وصانہٗ عما شان وحفظہ من آفات الزمان وعصمہ من شر الحاسدین واصحاب العدوان۔

العبد ابو عبید اللہ شمس الدین عفی عنہ ۵ شوال ۱۳۷۲ھ

شیخ طریقت حافظ الحدیث العلامہ حضرت مولانا شیخ القرآن و الحدیث محمد عبد اللہ صاحب

درخواستی دام مجدہم مہتمم مدرسہ عربیہ مخزن العلوم خانپور

بسم اللہ الرحمٰن الرحیم۔ الحمد للہ وحدہٗ والصلوٰۃ والسلام علیٰ من لا نبی بعدہٗ وعلیٰ آلہ وصحبہ وجمیع من اقتفیٰ اثرہٗ۔ اما بعد، فقد رأیت رسالۃ احسن الکلام

من تالیف المولوی محمد سرفراز خان صفدر فرأیتہ موشحا بدلائل وخالیا عن الجدل فجزی اللہ تعالیٰ المؤلف احسن الجزاء وارجو من اللہ تعالیٰ ان ینتفع بہ العوام والخواص وان یترک اھل الجدل الجدل قال النبی صلی اللہ علیہ وسلم ما ضل قوم بعد ھدًی کانوا علیہ الا اوتوا الجدل الخ بکی شجرۃ الاسلام من علمائہ فما اکترثوا لما رأوا من بکائہ ۔ فاکثرھم مستحسن لخطائہ مستقبح لصواب غیرہٖ فایھم المرجو فینا لدینہ وایھم الموثوق فینا برأیہ ھداۃ الذین ضلوا وقد بانت خسارتھم فباعوا الدین بالدنیا فما ربحت تجارتھم ۔

حررہ افقر الی اللہ محمد عبد اللہ درخواستی

مہتمم مدرسۃ العربیہ مخزن العلوم خانپور

استاذ الاساتذہ محقق وقت الفقیہ حضرت مولانا شیخ الحدیث محمد عبد الرحمن صاحب رحمہ اللہ تعالیٰ

سابق صدر مدرس مظاہر العلوم سہارنپور

بسم اللہ الرحمن الرحیم ۔ الحمد للہ وکفی وسلام علی عبادہ الذین اصطفی ۔ اما بعد ۔

احقر نے رسالہ احسن الکلام مؤلفہ مولانا محمد سرفراز خان صاحب بعض بعض مقامات سے دیکھا ۔ اس مختصر دیکھنے سے معلوم ہوا کہ مؤلف سلمہٗ نے استدلال اور تنقید میں تحقیق اور متانت سے کام لیا ہے ۔ طعن و تشنیع سے (جو آج کل کے بعض حضرات نے اختیار کر رکھا ہے) اجتناب کیا ہے ۔ حقیقت یہ ہے کہ ایسے مسائل مختلف فیہا میں طعن و تشنیع ایک امر قبیح کا ارتکاب ہے ۔ اللہ تعالیٰ مسلمانوں کو اور خصوصاً حضرات علما کو اس سے محفوظ رکھے ۔ اللہ تعالیٰ مؤلف سلمہٗ کی اس تالیف کو قبول اور مخلوق خدا کو اس سے مستفید و مستفیض فرمائے ۔ اللھم وفقنا لما تحب وترضی من القول والعمل والھدی انک علی کل شیء قدیر ۔

العبد الاحقر

عبد الرحمن غفرلہ

از بہبودی ملک مالا کیمبل پور ۲ شوال ۱۳۷۴ھ

شیخ المعقول والمنقول علامۂ دہر فرید عصر حضرت مولانا شیخ القرآن والحدیث محمد سلطان محمود صاحب مدظلہ العالی

اَلْحَمْدُ لِلّٰہِ رَبِّ الْعٰلَمِیْنَ وَالصَّلٰوۃُ وَالسَّلَامُ عَلٰی رَسُوْلِہِ الْکَرِیْمِ وَعَلٰی اٰلِہٖ وَاَصْحَابِہٖ اَجْمَعِیْنَ

امابعد۔ میں کتاب احسن الکلام کو بالاستیعاب تو نہیں دیکھ سکا لیکن اس کی دونوں جلدوں کے بعض بعض مقاموں کو نہایت غور و تدبّر کے ساتھ پڑھا ہے اور پڑھنے کے بعد جس نتیجہ پر پہنچا ہوں وہ درج ذیل ہے:

۱۔ مسئلہ فاتحہ خلف الامام میں مؤلف کتاب مولانا محمد سرفراز خاں صاحب کے دو فریضے تھے۔ پہلا فریضہ اپنے دعوے کو دلائل سے واضح کرنا۔ دوسرا فریضہ فریق مخالف کے دلائل کا جواب دینا۔ مؤلف صاحب نے ان دونوں فریضوں کے ادا کرنے میں کمال کر دیا ہے۔ اپنے دعوے کو دلائل عقلیہ و نقلیہ سے روز روشن کی طرح واضح کر دیا ہے۔ فریق مقابل کو ان کے دلائل کے جوابات عقلیہ و نقلیہ کا وہ نظارہ دکھایا ہے جو تا دم زیست ان کی نظروں سے غائب ہو ہی نہیں سکے گا۔

۲۔ طرز بیان نہایت ہی سلیس و عام فہم ہے صرف اُردو خواں بھی اس سے فائدہ اٹھا سکتے ہیں۔

۳۔ اس مسئلہ کے متعلق بہت سے رسائل لکھے گئے ہیں لیکن احسن الکلام جیسا مفصل و جامع دلائل عقلیہ و نقلیہ میری نظر سے کوئی دوسرا رسالہ نہیں گزرا۔

اب میں دعا کرتا ہوں کہ اللہ تعالیٰ مولانا کی اس خدمت کو شرفِ قبولیت عطا فرمائے۔ آمین۔ وآخر دعوانا ان الحمد للہ رب العٰلمین۔

خادم العلماء

سلطان محمود عفی عنہ

ناظم مدرسہ خادم علوم نبوّت (کٹھیالہ شیخاں) گجرات

سابق صدر مدرس مدرسہ عالیہ فتح پوری دہلی

نمونۂ سلف بقیّت الخلف حضرت مولانا محمد عبد الحق صاحب دامت فیضہم

مہتمم مدرسہ حقانیہ اکوڑہ خٹک ضلع پشاور

حضرت العلامہ زید مجدکم۔ السلام علیکم ورحمۃ اللہ وبرکاتہ۔ گرامی نامہ وصول پایا۔ حسب الحکم احسن الکلام کے بعض مقامات دیکھے گئے۔ افسوس کہ نہایت عدیم الفرصتی کی وجہ سے مکمل کتاب کا مطالعہ نہ ہو سکا۔ تاہم جستہ جستہ مقامات کو بغور دیکھا گیا۔ بزرگوارم ایسی جامع اور مسئلہ کے ہر پہلو پر حاوی کتاب پر تقریظی جملے لکھنا میرے خیال میں سورج کے سامنے چراغ دکھانا ہے لیکن محض تعمیل حکم کی غرض سے چند جملے تحریر کیے جاتے ہیں۔

بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ۔

اَلْحَمْدُ لِمَنْ تَفَرَّدَ بِالْقِدَمِ۔ فَكُلُّ شَيْءٍ مَا سِوَاهُ مَسْبُوْقٌ بِالْعَدَمِ وَالصَّلٰوةُ وَالسَّلَامُ عَلٰى سَيِّدِ الْعَرَبِ وَالْعَجَمِ وَعَلٰى آلِهٖ وَاَصْحَابِهٖ مَصَابِيْحِ الظُّلَمِ

امابعد، تمام مشاغل میں افضل و بہترین مشغلہ خلوص نیت کے ساتھ علوم دینیہ اور مسائل شرعیہ کی تحقیق ہے جو افضل العبادات میں محسوب ہے۔ یہی وجہ ہے کہ اسلاف نے اسی کو اپنی زندگی کا اہم نصب العین اور اپنی تمام سرگرمیوں کا محور قرار دیا تھا۔ اور قیمتی عمروں کو اسی مبارک مشغلہ میں فنا کیا ہے۔ بالخصوص ایسے مسائل شرعیہ میں علمی تحقیقات کو امت کے سامنے پیش کرنا جن میں امت کے نقطہائے نظر سلفاً و خلفاً مختلف رہے ہوں۔ علوم دینیہ کی بہترین خدمت اور امت کے ساتھ انتہائی درجہ کی خیرخواہی ہے جو ہر طرح قابل قدر اور لائق ستایش ہے کہ اسی میں امت کے مختلف الخیال حضرات کے خیالات کی ایک حد تک اصلاح اور طالب عمل کے لیے ایک واضح شاہراہ متعین ہو جانے کے قوی امکانات پائے جاتے ہیں۔ مسئلہ قرات خلف الامام بھی چونکہ ان معرکۃ الآراء مسائل میں سے ایک مسئلہ ہے۔ جس میں ہر زمانے کے اکابرین ملت نے اپنی تحقیقات پیش کی ہیں۔ اور اس پر طبع آزمائی فرمائی ہے۔ جزاہم اللہ تعالیٰ عنا خیر الجزاء لیکن زیادہ تر ہدف ملامت اس مسئلہ میں علماء احنافؒ ہی کو بنایا جا چکا ہے اور بنایا جا رہا ہے کہ صحیح احادیث کے ہوتے ہوئے بھی علماء احنافؒ قرأۃ خلف الامام پر عمل کرنے کے لیے تیار نہیں ہوتے ہیں۔ اور احادیث نبویہ سے کھلی ہوئی مخالفت کر رہے ہیں

حالانکہ مسئلہ کے تحقیقی اور استدلالی پہلو پر اگر انصاف سے نظر ڈالی جائے تو احناف اس مسئلہ میں نہ اپنی رائے میں منفرد ہیں۔ اور نہ شاہراہ اور جادۂ حق سے ان کے قدم ہٹے ہیں۔ ضرورت تھی کہ اس اہم موضوع پر ایک ایسی علمی تحقیق پیش کی جائے جو نہ صرف توضیح مسئلہ کے لیے مفید ہو۔ بلکہ اظہار حق فی نفس الباب کے لیے برہان ساطع کی حیثیت بھی رکھتی ہو۔ خدا تعالیٰ جزائے خیر دے۔ مُصنّف احسن الکلام حضرت العلّامہ مولانا ابو الزاہد محمد سرفراز خان صفدر صاحب کو کہ اس نے اس ضرورت کو پورا فرما دیا۔ اور اپنی علمی تحقیقات کو اس مسئلہ کے بارے میں ایک ایسی کتاب کی شکل میں علمائے اُمت کے سامنے پیش فرمایا جس کے متعلق یہ کہنا بے جا نہ ہوگا کہ پچھلی تمام ان کتابوں سے یہ کتاب مستغنی کر دینے والی ہے، جو اس مسئلہ کے متعلق لکھی گئی ہیں۔ کتاب اپنے حُسنِ ترتیب اور مضامین کی شائستگی اور مکمل تشریح مسئلہ کے علاوہ اور بھی بہت سی خصوصیات کی حامل ہے جن کی وجہ سے کتاب اس قابل ہو گئی ہے کہ اہل انصاف عموماً احناف خصوصاً اس کو اپنے لیے بیش بہا تحفہ اور مبارک ہدیہ سمجھیں۔ سب سے زیادہ قابل ستائش اور لائق تحسین خصوصیت یہ ہے کہ ملّت کے بلند پایہ علمائے کرام اور ائمہ عظام کے صحیح اقوال پیش کیے گئے ہیں۔ مدعیٰ کے اثبات اور تحقیق انتساب کے لیے مستند نقول سے کام لیا گیا ہے۔ نیز مخالفین حضرات کے اعتراضات کے جوابات ایسے تسلی بخش طریقہ سے دیے گئے ہیں جو انصاف پسند حضرات کے لیے موجب تسکین ہیں۔ امید کہ اہل علم حضرات اس کتاب سے پورا پورا فائدہ اٹھائیں گے دعا ہے کہ اللہ تعالیٰ مصنف مدظلّہ کی اس سعی و کاوش کو قبول فرمائیں اور اس کار خیر کے بدلہ میں ان کو اجر جزیل عطا فرمائیں۔ آمین یا رب العٰلمین۔ وصلّی اللہ تعالیٰ علیٰ خیر خلقہ محمّد وّاٰلہٖ وصحبہٖ اجمعین۔

عبد الحق عفی عنہ دار العلوم حقّانیہ اکوڑہ خٹک ضلع پشاور (سرحد) ۱۱ شوال ۱۳۸۷ھ

پیر کامل عالم بے مثیل حامی سنت ماحی بدعت حضرت مولانا مفتی محمد شفیع صاحب رحمہ اللہ تعالیٰ

سابق مہتمم مدرسہ عربیہ سراج العلوم سرگودہا

اَلْحَمْدُ لِلّٰہِ وَحْدَہٗ وَالصَّلٰوۃُ وَالسَّلَامُ عَلٰی مَنْ لَّا نَبِیَّ بَعْدَہٗ۔ اما بعد! مذہبی دنیا میں منقولات

اور تعامل کو دیکھا جاتا ہے۔ قرآۃ خلف الامام کے بارے میں قرن اوّل سے لے کر آج تک اہل اسلام کا عدم فرضیت پر جمہور کا تعامل رہا ہے۔ آئمہ مجتہدین میں سے امام شافعیؒ سرّی نمازوں میں (وجوب قرآۃ فاتحہ کے دعوے میں) منفرد ہیں۔ اسی واسطے محققین شوافع اس کے قائل نہیں۔ منقولات میں سے جہری (بلکہ جملہ) صلوات میں واذا قرئ القرآن فاستمعوا لہ وانصتوا نص قطعی ہے۔ اطلاق الفاظ سے قطع نظر خود شان نزول بھی آیت کا بتصریح ائمہ کرامؒ حصہ نماز ہے سرّی نمازوں میں آثار مرفوعہ و موقوفہ کے نیا در ستے عدم قرآۃ مقتدی ثابت ہوتی ہے بلکہ بعض آثار میں وعیدیں بھی موجود ہیں۔ مجوزین حضرات کی جانب سے لاصلوٰۃ الا بفاتحۃ الکتاب پیش کی جاتی ہے جو حضرت جابرؓ اور امام احمدؒ اور سفیانؒ جیسے جلیل القدر حضرات منفرد کے حق میں فرما رہے ہیں۔ باقی جتنی حدیثیں قرآۃ خلف الامام کے متعلق بیان کی جاتی ہیں۔ ان میں بعض صحیح نہیں اور جو صحیح ہیں وہ دلالت علی المقصود پر صریح نہیں۔ بایں ہمہ احناف کی طرف سے جب کبھی اس مسئلہ پر کچھ لکھا گیا ان کی اس میں دفاعی حیثیت ہے۔ اقدام ہمیشہ مجوزین حضرات سے ہوتا رہا وہ بھی اس طعن کیساتھ کہ احناف کی نماز مردود اور باطل ہے وغیرہ وغیرہ۔ بقول مرتا کیا نہ کرتا۔ مجبوراً کچھ نہ کچھ لکھنا پڑا۔ حضرت محقق مولانا محمد سرفراز خاں صفدر زید علمہ نے اس بارے میں ایک مبسوط کتاب احسن الکلام لکھی ہے۔ اس میں بلا مبالغہ محقق مصنف نے بغیر تعصب کے سیر حاصل بحثیں فرمائی ہیں اور اس مسئلہ کے مالہ و ماعلیہ پر کلام مشبع فرمائی ہے۔ ع

آخر آمد بود فخر الاوّلین!

شاید اس کے بعد کسی راد اور مردود کو قلم اٹھانے کا موقع بھی نہ ملے۔ اللہ تعالیٰ مولانا کے صالحات باقیات میں اس تصنیف لطیف سے اضافہ فرما دے اور عامۃ المسلمین کو متمتع فرما دے آمین ثم آمین۔

احقر ابو سعید محمد شفیع عفی عنہ سرگودہا۔

اسوۂ صالحین شیخ المشائخ حضرت مولانا محمد نصیر الدین صاحب رحمہ اللہ تعالیٰ غورغشتی

بسم اللہ الرحمٰن الرحیم۔ الحمد للہ وکفٰی وسلام علٰی عبادہ الذین اصطفٰی۔ میں نے کتاب احسن الکلام کی دونوں جلدوں کا مطالعہ کیا نہایت عمدہ اور مفید کتاب ہے اہل اسلام کو مناسب ہے کہ اس کا

مطالعہ کریں خصوصاً احناف کو (اور ان احناف کو تو علی الخصوص) اس کا مطالعہ ضروری ہے جو کہ اپنے مذہب کے معتبرات سے ناواقف ہیں۔ وصلی اللہ علی رسولہ وخیر خلقہ محمد وعلی آلہ واصحابہ وجمیع امتہ اجمعین۔

مسکین نصیر الدین غورغشوی

اُستاذ العلماء رأس المحققین

حضرت مولانا محمد شمس الحق صاحب افغانی دامت برکاتہم

ترنگ زئی ضلع پشاور

سابق وزیر معارف شرعیہ ریاست ہائے متحدہ بلوچستان شیخ التفسیر دار العلوم دیوبند و شیخ الحدیث جامعہ اسلامیہ ڈابھیل حالاً شیخ التفسیر جامعہ اسلامیہ بہاولپور

بسم اللہ الرحمن الرحیم نحمدہ ونصلی علی رسولہ الکریم امابعد احسن الکلام فی ترک القراءۃ خلف الامام تصنیف مولانا ابو الزاہد محمد سرفراز خاں صفدر کو میں نے بغور ملاحظہ کیا۔ اس مسئلہ پر قبل ازیں نفیاً و اثباتاً کافی رسائل و اجزاء لکھے گئے ہیں لیکن ان سب میں زیر تبصرہ کتاب کی شان نرالی ہے۔ مصنف علام کو حفاظت اصول و فروع دین و رد غلو غالین و تحریفات مبتدعین میں ایک ممتاز ملکہ حاصل ہے۔ بشکر اللہ تعالیٰ ساعیہ احسن الکلام کے دو حصے ہیں اور بنیادی اجزاء آٹھ ہیں۔ پہلے حصہ میں مذہب حنفی یعنی ممنوعیت فاتحہ خلف الامام کو کتاب اللہ و احادیث رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم و آثار صحابہ رضی و تابعین و تبع تابعین اور ادلہ عقلیہ قیاسیہ و اجتہادیہ سے ثابت کیا گیا ہے۔ یہ اس حصے کے بنیادی چار اجزاء ہیں۔ دوسرے حصہ میں مخالفین کی دعویٰ فرضیت فاتحہ کے دلائل قرآنیہ، حدیثیہ، اثریہ اور عقلیہ کا جواب دیا گیا ہے۔ یہ دوسرے حصے کے بنیادی چار اجزاء ہیں۔ گویا پہلے حصے میں مذہب حنفیہ کے مثبت پہلو کا بیان ہے اور دوسرے

حصے میں منفی پہلو کا۔

بہر حال یہ کتاب بلحاظ کثرت مواد، سلاست بیان وضبط دلائل ورد اشکالات مخالفین اور جامعیت جمیع ابحاث متعلقہ بالموضوع کے لحاظ سے اپنی شان میں بے نظیر ہے۔

میری دعا ہے کہ اللہ تعالیٰ مصنف علام کی اس خدمت کو قبول فرمائیں اور مسلمانوں کو اس کتاب سے نفع اٹھانے کی توفیق بخشے۔ آمین

۲۵ محرم ۹۶ ۱۳ھ — شمس الحق افغانی عفا اللہ عنہ

۱۷ مئی ۷۶ ۱۹ء — جامعہ اسلامیہ بہاولپور

محقق جلیل فاضل لبیب حضرت العلامہ مولانا محمد عبدالرشید صاحب نعمانی دامت فیوضہم

باسمہ سبحانہ وبحمدہ امابعد

بگرامی خدمت مخدوم ومکرم حضرت مولانا صفدر صاحب متع اللہ تعالیٰ المسلمین بفیوضہم وبرکاتہم۔

السلام علیکم ورحمۃ اللہ وبرکاتہ۔

بفضلہ تعالیٰ آپ کی گراں قدر تصنیف منیف احسن الکلام کا بالاستیعاب مطالعہ کیا گو مطالعہ سرسری تھا قیلولہ کے وقت تاہم مستفید ہوا۔ دل سے دعا نکلی۔ اللہ تعالیٰ آپ کی مساعی مشکور فرمائے۔ آپ نے بحث کا خوب احاطہ کیا۔ بڑی اچھی کتاب لکھی۔ تحقیق الکلام کے جواب کا قرض جو حنفیوں کے ذمے چلا آتا تھا مع شئے زائد ادا کر دیا۔ جزاک اللہ تعالیٰ عنا وعن سائر المسلمین خیرا۔ گو بعض جگہ بحث کا رنگ غیر مقلدوں (نام نہاد اہلحدیث) کی طرح متعنتانہ ہو گیا، مگر اس سلسلہ میں غالباً آپ کا عذر یہ ہو گا کہ خصم نے اس طرز پر مجبور کیا کہ قدیم زمانے سے خصم نے ظلم کا یہی طریق اپنا رکھا ہے۔ والبادی اظلم۔ والسلام

۲۹ شعبان ۱۳۹۵ھ — خاکسار نعمانی از کراچی

نوٹ: حضرت العلام نے چند غلطیوں کی نشاندہی فرمائی جن کی اب اصلاح کر لی گئی ہے۔ (صفدر)

حضرت العلام فقیہ جلیل مولانا مفتی رشید احمد صاحب دامت برکاتہم
مہتمم اشرف المدارس ناظم آباد، کراچی
بسم اللہ الرحمٰن الرحیم

السلام علیکم ورحمۃ اللہ وبرکاتہ۔ احسن الکلام کی تحقیق عمیق اور جامعیت دیکھ کر بہت مسرت ہوئی۔ اللہ تعالیٰ اس محنت کو قبول فرمائیں۔ فقط والسلام

رشید احمد

از اشرف المدارس ناظم آباد، کراچی

۱۳ ر رمضان ۹۸ ۱۳ ھ

نوٹ: حضرت مفتی صاحب نے بھی چند اغلاط کی اصلاح کا مشورہ دیا۔ جن کی اس طبع میں اصلاح کر دی گئی ہے۔ (صفدر)

دیباچہ طبع سوم

مبسملاً و محمداً و مصلیاً

امابعد راقم اثیم اللہ تعالیٰ کے بے حد و لاشمار انعامات و احسانات کا شکریہ کس زبان سے ادا کرے کہ اس نے محض اپنے فضل و کرم سے اس گنہگار کو جسمانی اور حسی اور معنوی انعامات سے نوازا اور یہاں دین کی خدمت اور تالیف کتب کا زرین موقع بھی مرحمت فرمایا اور بفضلہ تعالیٰ راقم اثیم کی ہر ہر کتاب اپنی اپنی جگہ مفید ثابت ہوئی۔ فللہ تعالیٰ الحمد زیر نظر کتاب احسن الکلام کو اللہ تعالیٰ کی خصوصی مہربانی سے جو شہرت اور قبولیت حاصل ہوئی۔ وہ پاک و ہند کے جیّد اور نامی گرامی علماء کرام کی عمدہ آراء اور بلند پایہ تصدیقات سے بالکل عیاں ہے اور ان حضرات میں سے بعض وہ بزرگ ہستیاں ہیں کہ علمی اور تحقیقی طور پر وہ بین الاقوامی شہرت و حیثیت رکھتی ہیں اور ان کے علم پر عوام تو کیا بلکہ خواص اور مزید براں خواص الخواص کو بھی کلی اعتماد ہے۔ اس دیباچہ میں ہم نہایت ہی اختصار کے ساتھ چند ضروری باتیں عرض کرتے ہیں۔

۱۔ طبع دوم کے دیباچہ میں ہم نے یہ گذارش کی تھی کہ جو حضرات (ان کا نقطۂ نظر خواہ کچھ ہی ہو) ہماری کوتاہیوں پر ہمیں آگاہ کریں گے تو ہم ان کا شکریہ ادا کریں گے۔ الحمد للہ تعالیٰ کہ ہماری یہ آواز صدا بصحرا ثابت نہیں ہوئی۔ بلکہ خاصی مفید رہی ہے۔ چنانچہ فاضل جلیل محقق العصر حضرت العلامہ مولانا محمد عبد الرشید صاحب نعمانی دامت برکاتہم اور عالم نحریر نمونۂ سلف فقیہ دوراں

حضرت مولانا مفتی رشید احمد صاحب دامت فیوضہم کراچی نے بعض اغلاط کی نشاندہی کی جن کی اب تصحیح کر دی گئی ہے اور ہم ان حضرات کے ممنون احسان ہیں۔ اسی طرح ہمارے کرم فرما معترض صاحب نے ترجمان الحدیث میں ایک راوی کی تعیین کے بارے میں غلطی بتائی ہے۔ ہم نے اس کی بھی اصلاح کر دی ہے اور وہ بھی ہمارے شکریہ کے مستحق ہیں بایں ہمہ اب بھی یہ دعویٰ نہیں کیا جا سکتا کہ طبع ہٰذا اغلاط سے بالکل مبرّا ہے۔ بھلا انسان کا کام اور وہ بھی راقم اثیم جیسے بے بضاعت اور پُرتقصیر کا کام غلطی سے کیونکر محفوظ رہ سکتا ہے؟ سچ تو یہ ہے کہ ؎

تم تو پھولوں کے طلب گار نظر آتے ہو

میرے دامن میں تو کانٹوں کے سوا کچھ بھی نہیں

مگر اب بھی ہم شرح صدر کے ساتھ کہتے ہیں کہ معقول اغلاط کی نشاندہی پر ہم ہر وقت شکر گزاری کے لئے تیار ہیں۔

۲۔ احسن الکلام کے معرض وجود میں آنے کی وجہ سببِ تالیف میں با حوالہ مفصل مذکور ہے کہ فریق ثانی امام کے پیچھے مقتدی کے لیے سورۂ فاتحہ کا پڑھنا فرض قرار دیتا ہے اور نہ پڑھنے والوں کی نماز کو ناقص کالعدم، بیکار اور باطل قرار دیتا ہے۔ اور حنفیوں کو بے نماز اور مفسدین صلوٰۃ کے خطاب سے نوازتا ہے اور حتی کہ احناف کی عورتوں سے بلا اطلاق غیر مقلدوں کا نکاح جائز قرار دیتا ہے اور امام کے پیچھے سورۂ فاتحہ نہ پڑھنے والوں کو کافر اور مخلّد فی النّار تک ناروا فتووں سے برگیدتا ہے۔ اور ظاہر امر ہے کہ فرضیت قطعی دلیل کے بغیر تو ہرگز ثابت نہیں ہو سکتی اور اہل علم جانتے ہیں کہ قطعی دلیل نص قرآنی، خبر متواتر اور اجماع ہی ہے ان کے علاوہ اور کوئی دلیل قطعی نہیں مگر یقین جانیے کہ فریق مخالف اپنے اس باطل اور بے بنیاد دعوے پر ایک بھی حوالہ اور دلیل نہیں پیش کر سکا اور نہ تا قیامت پیش کر سکتا ہے اور جو غیر متعلق اور بے جان دلائل انھوں نے پیش کیے ہیں ان کا حال احسن الکلام سے بفضلہ تعالیٰ بخوبی واضح ہو چکا ہے اور کتاب کو پڑھنے والا ہر منصف مزاج اس کو سمجھ سکتا ہے۔

۳۔ ترجمان الحدیث میں عین اس دور میں جبکہ تحریک ختم نبوت اپنے عروج پر تھی مسلمان تو کیا حتّٰی کہ خود کو مسلمان کہلانے والے طبقے بھی مرزائیوں کو کافر قرار دینے کے سلسلے میں

قید و بند کی صعوبتیں برداشت کر رہے تھے اور ہمارے کرم فرما ترجمان الحدیث میں قسط وار احسن الکلام پر برسنے میں اور اس میں کیڑے نکالنے میں مصروف تھے اور تحریک ختم نبوت کے قائد اور روح رواں حضرت مولانا سید محمد یوسف صاحب بنوریؒ المتوفی ۱۳۹۷ھ کو ان کے استاذ محترم کی کتاب "نیل الفرقدین" ص ۷۰ کے ایک حوالہ کے پیش نظر بلاوجہ ان الفاظ سے خطاب کیا جا رہا تھا کہ کیا حضرت (مولانا سید محمد انور شاہ صاحب) کاشمیریؒ اور ان کے تلامذہ بالخصوص حضرت بنوری یہ تسلیم کرتے ہیں کہ اہل مدینہ کا مسلک ترک رفع الیدین تھا؟ بلفظہٖ (ترجمان الحدیث بابت ماہ نومبر ۱۹۷۴ء، ص ۳۷)۔ ہر سمجھدار آدمی بخوبی سمجھ سکتا ہے کہ ایک خالص اسلامی اور مذہبی تحریک کے قائد کو تحریک کے دور میں ان کے استاذ محترم کا حوالہ نکال کر کوسنا اور مطعون کرنا اور وہ بھی محض ایک فرعی مسئلہ میں کیا معنی رکھتا ہے؟ لیکن اس متعصبانہ کارروائی سے اُن کی شخصیت اور عظمت میں کیا فرق پڑا؟ آخر انھیں کی مبارک قیادت میں یہ مشکل ترین مسئلہ حل ہوا اور قانونی طور پر مرزائیوں کے ہر دو فرقے (قادیانی اور لاہوری) کافر قرار دیے گئے۔ ولنعم ماقیل ؎

جنھیں حقیر سمجھ کر بجھا دیا تم نے
وہی چراغ جلیں گے تو روشنی ہوگی

۴۔ جمہور اہل اسلام اور ان میں سے علی الخصوص احناف کثر اللہ تعالیٰ جماعتہم اس مسئلہ کو اختلافی مسئلہ سمجھتے ہیں اور صرف یہ فرماتے ہیں کہ امام کے پیچھے مقتدی کے لیے سورۂ فاتحہ سمیت کسی بھی قسم کی قرأت ممنوع اور مکروہ ہے۔ نہ تو وہ اس مسئلہ میں کسی کی تکفیر کرتے ہیں اور نہ کسی کی منکوحہ بیوی چھیننے کا فتویٰ دیتے ہیں اور نہ کسی کو اس مسئلہ کی وجہ سے فی النار والسقر تک پہنچاتے ہیں مگر فریق ثانی کو لفظ مکروہ بھی خاصا چبھتا ہے۔ چنانچہ ترجمان الحدیث ص ۱۸ بابت ماہ جولائی ۱۹۷۴ء میں مشہور مؤرخ اسلام اور حنفی عالم کا شکوہ ان الفاظ سے کیا گیا ہے کہ مولانا شبلی نعمانی سے سبھی اہل علم واقف ہیں کسی دور میں ان کا مشہور قول تھا کہ آدمی عیسائی ہو سکتا ہے، غیر مقلد نہیں ہو سکتا یہ بزرگ فاتحہ خلف الامام کو مکروہ خیال کرتے تھے ...... الخ بقول ناقل حضرت مولانا شبلی مرحوم کا مشہور قول آخر بلاوجہ تو ہرگز نہیں ہو سکتا۔ یقیناً اس کی تہ میں کچھ ہوگا اور انھوں نے ضرور کچھ محسوس کیا ہوگا۔ نیز اگر واقعی احناف کی نماز کالعدم، بیکار اور باطل ہے اور وہ بھی محض اس لیے کہ وہ امام کے پیچھے سورۂ

فاتحہ نہیں پڑھتے اوہ اس کے قائل ہیں۔ اور مبتدی طالب علم بھی یہ جانتے ہیں کہ جو حکم امام کے پیچھے سورہ فاتحہ نہ پڑھنے کا ہے وہی حکم نہ پڑھنے کا حکم دینے کا ہے اور ہر محقق حنفی یہی کچھ کہتا ہے تو غیر مقلدین حضرات اپنے شیخ الکل مولانا سید نذیر حسین صاحبؒ (المتوفی ۱۳۲۰ھ) کی زندگی بھر کی جمعہ کی نمازوں کے بارے میں کیا فتویٰ صادر فرماتے ہیں کہ آیا ان کی نمازیں ادا ہوئیں یا نہیں؟ کیونکہ لکھنے والوں نے ان کے حالات میں لکھا ہے کہ بلکہ مدت العمر شاہی مسجد (دہلی) کے حنفی امام کے پیچھے نماز جمعہ ادا فرماتے رہے" (مقدمہ معیار الحق صف) اس سے یہ بات بالکل روشن اور عیاں ہو گئی کہ غیر مقلدین حضرات کے شیخ الکل نہ صرف یہ کہ حنفی امام کو مسلمان سمجھتے بلکہ ان کو اپنے سے بہتر قرار دے کر مدت العمر ان کی اقتداء میں جمعہ کی نماز ادا کرتے رہے۔ لہٰذا غیر مقلدین حضرات کو اس ناروا غلو اور بے بنیاد دعوے سے فوراً رجوع کر لینا چاہیے کہ امام کے پیچھے سورۃ فاتحہ کی قرأت نہ کرنے والے اور اسی طرح اس کو ضروری نہ قرار دینے والے مسلمان نہیں یا کم از کم بہتر مسلمان نہیں یا بے نماز اور مفسدین صلوٰۃ ہیں کیونکہ اس باطل نظریہ سے احناف کا تو کچھ نہیں بگڑتا۔ البتہ خود ان کے اکابر اس کی زد میں آتے ہیں اور اس باطل دعوے سے خود ان کے بزرگوں کا دامن علم و تقویٰ مطعون و مجروح ہوتا ہے۔ غور کرنا خود ان کا کام ہے: ؎

اگر کچھ کم سے ہے جو کچھ ہو چکا بیدار کرنے کو
تو کل افسانۂ عبرت کے عنوان اور بھی ہوں گے

۵۔ ترجمان الحدیث میں کئی قسطوں میں احسن الکلام پر اکثر وہی اعتراضات قدرے تشریح کے ساتھ بدمزہ سے بدمزہ کر کے پیش کیے گئے ہیں جن کے اصولی طور پر مدلل جوابات باحوالہ احسن الکلام میں مذکور ہیں۔ مثلاً یہ کہ حضرت قتادہؒ مدلس ہیں۔ حضرت ابو اسحاقؒ مختلط اور مدلس ہیں۔ محدث ابو الزبیرؒ مدلس ہیں۔ حضرت امام ابو حنیفہؒ اور امام محمدؒ ضعیف ہیں۔ محمد بن اسحاقؒ اور نافعؒ اور علاء بن عبد الرحمٰنؒ ثقہ ہیں وغیرہ وغیرہ۔ علاوہ ازیں یہ کہ فلاں راوی کے بارے میں احسن الکلام میں تضعیف یا توثیق کا فلاں جملہ نقل نہیں کیا گیا اور فلاں عبارت کا معنی غلط کیا ہے اور فلاں موقوف حدیث کو مرفوع بنا دیا ہے اور فلاں حوالے میں کتربیونت کی ہے اور فلاں عبارت کا صحیح مطلب مؤلف احسن الکلام اپنی جہالت

کی وجہ سے نہیں سمجھ سکا اور فلاں جگہ دجل وتلبیس سے کام لیا ہے اور فلاں عبارت کو سیاق وسباق سے الگ کر کے مطلب لیا ہے اور فلاں مقام پر راوی کو ضعیف قرار دیا ہے لیکن اسی راوی کو متابعت اور شاہد میں پیش کر کے اس سے احتجاج کیا ہے اور ہمارے فلاں ثقہ راوی کو ضعیف کہدیا ہے اور فلاں راوی کو اپنے ہاتھ کے کرتب سے ثقہ کر دکھایا ہے وغیرہ وغیرہ - لیکن بحمد اللہ تعالیٰ اہل علم اور سمجھدار حضرات احسن الکلام کے مضبوط اور ٹھوس دلائل اور روشن حوالوں اور اس کی عمدہ ترتیب اور سلاست سے بخوبی واقف ہیں اور ان تمام رکیک شبہات کا رد اس میں مذکور ہے - ہمیں مزید کچھ کہنے اور لکھنے کی مطلقاً کوئی ضرورت نہیں ہے - دنیا جانتی ہے کہ محض کیڑے نکالنے اور اعتراضات کرنے سے کیا حاصل ہوتا ہے ؟ پنڈت دیانند سرسوتی نے اپنی کتاب ستیارتھ پرکاش کے چودھویں باب میں بسم اللہ سے لے کر والناس تک قرآن کریم پر اعتراضات کیے ہیں - (معاذ اللہ تعالیٰ) لیکن اس سے کلام اللہ تعالیٰ کی صداقت وعظمت پر کیا زد پڑی یا پڑ سکتی ہے ؟ منکرین حدیث مجموعی طور پر کتب حدیث پر برستے رہتے ہیں مگر اس سے دینی کتب کے اس عظیم ذخیرہ میں کیا کمی اور نقص پیدا ہو سکتا ہے ؟ خود غیر مقلد حضرات فقہ حنفی کی مشہور اور متداول کتابوں پر اعتراضات کرتے رہتے ہیں - ان کی کتاب حقیقۃ الفقہ اور نتائج التقلید وغیرہ میں اس امر کا واضح اور وافر ثبوت موجود ہے - اور فتاویٰ عالمگیری پر ان کی طرف سے جو اعتراضات کیے گئے ہیں وہ تو قریب کے حلقوں میں پان فروشوں اور انڈے فروشوں تک پہنچ چکے ہیں لیکن اس سے ان کو بجز اپنے دل ماؤف کی بھڑاس نکالنے کے اور کیا فائدہ ؟ اللہ تعالیٰ کے فضل وکرم سے یہ تمام کتابیں بھی موجود ہیں اور ان میں مذکور ہزارہا مسائل بھی موجود ہیں جن سے اللہ تعالیٰ کی مخلوق برابر فائدہ اٹھا رہی ہے - اسی طرح اگر بعض مہربانوں کی طرف سے احسن الکلام پر بھی کچھ لایعنی سوالات ہو گئے ہیں یا ہوتے ہیں تو اس سے اس کے صحیح دعاوی اور قوی دلائل اور محکم براہین میں کیا فرق پڑتا ہے - اہل خرد جانتے ہیں کہ نری لفاظی سے کچھ حاصل نہیں ہوتا ؎

الفاظ کے پیچوں میں الجھتے نہیں دانا
غواص کو مطلب ہے صدف سے کہ گہر سے

لے - ہماری دانست میں ترجمان الحدیث میں احسن الکلام پر کیے گئے جملہ اعتراضات میں

صرف دو باتیں علمی طور پر قابلِ توجہ ہیں۔ ممکن ہے بعض اہلِ علم کو ان سے مغالطہ پیدا ہو۔ اس لیے ضروری معلوم ہوتا ہے کہ ان کو یہاں نقل کر کے قدرے تفصیل سے ان کے جوابات عرض کر دیے جائیں تاکہ کسی کو غلط فہمی پیدا نہ ہو اور صحیح بات بھی سامنے آجائے۔

اوّل ہم نے احسن الکلام میں اسرائیلؒ عن ابی اسحاقؒ کی ایک سند سے استدلال کیا تھا۔ اس پر گرفت کرتے ہوئے ترجمان الحدیث ماہ جون ۱۹۷۲ء میں صفحہ ۲۸ تا ۲۸ اس مشہور محدث اور صحیحین کے مرکزی راوی امام ابو اسحٰقؒ کے اختلاط اور ان کی تدلیس پر خاصی لاحاصل بحث کی ہے جس کی چند اہم اور مرکزی باتیں یہ ہیں:

(۱) حافظ ابن حجرؒ لکھتے ہیں کہ بخاری میں ان سے بجز ان کے اصحاب قدماء کے اور کوئی روایت میں نے نہیں دیکھی۔ (ہدی الساری جلد ۲ ص ۱۹۹)

(۲) ابو اسحاقؒ مدلس تھے اور ان کا عنعنہ صحت حدیث کے منافی ہے اور آخر عمر میں اختلاط اور تغیر کے عارضہ میں مبتلا ہو گئے تھے۔ (ترجمان مذکور ص ۲۸)

(۳) زہیرؒ کی روایت عن ابی اسحاقؒ امام بخاریؒ اور محدث مبارکپوریؒ کے نزدیک صحیح ہے۔ کیونکہ امام ابو داؤدؒ زہیرؒ عن ابی اسحاقؒ کو اسرائیلؒ عن ابی اسحٰقؒ سے بدرجہا بہتر قرار دیتے ہیں اور بقول امام احمدؒ اسرائیلؒ نے ابو اسحاقؒ سے اختلاط کے بعد بھی سنا ہے۔ (ص ۲۷) لہٰذا ان کو اُن پر کوئی مزیت حاصل نہیں۔

الجواب: یہ جو کچھ کہا گیا ہے دفع الوقتی کے سوا کچھ نہیں ترتیب وار جوابات ملاحظہ کیجیے:

(۱) خود حافظ ابن حجر رحؒ ہی امام ابو زرعہ رحؒ امام ابو حاتم رحؒ اور امام احمد رحؒ کے حوالہ سے نقل کرتے ہیں کہ زہیر رحؒ نے ابو اسحاق رحؒ سے آخر عمر میں ابو اسحاق رحؒ کے مختلط ہونے کے بعد سماعت کی ہے۔ (ملاحظہ ہو تہذیب التہذیب ج ۳ ص ۳۵۲)

اور زہیر رحؒ کی ابو اسحٰق رحؒ سے بخاری ج ۱ ص ۲۷ و ج ۱ ص ۱۳۹ و ج ۱ ص ۲۲۷ وغیرہ میں روایتیں موجود ہیں اور حافظ ابن حجر رحؒ زکریا بن ابی زائدہ رحؒ کے بارے میں امام احمد رحؒ اور محدث عجلی رحؒ کے حوالہ سے نقل کرتے ہیں کہ انھوں نے ابو اسحاق رحؒ سے آخر عمر میں سماعت کی ہے۔

(دیکھیے تہذیب التہذیب ج ۳ ص ۳۳۰)

اور زکریا رحؒ بن ابی زائدہ رحؒ کی ابو اسحاق رحؒ سے روایت بخاری ج ۱ ص ۴۲۴ وغیرہ میں موجود ہے۔

اور خود معترض مذکور امام ابوداؤد رح کی تحقیق کے پیش نظر اسرائیل رح کی ابواسحاق رح سے روایت ان کے اختلاط کے بعد بھی تسلیم کرتے ہیں اور بخاری ج ۱ ص ۵۶ ، ۲ ، ۵۰۵ ، ۲ ، ۵۱۲ وغیرہ میں اسرائیل رح عن ابی اسحاق رح کی سند سے کئی روایات موجود ہیں پھر یہ کیسے تسلیم کیا جائے کہ بخاری میں ابواسحٰق رح کے ان قدیم شاگردوں کی روایات ہی مذکور ہیں جنھوں نے ان سے اختلاط سے قبل سماعت کی ہے۔ بس یہی کہا جاتے گا کہ ابواسحٰق رح ایسے مختلط ہوتے ہی نہیں کہ ثقاہت سے گر جائیں اور اسرائیل رح کی روایت ابواسحاق رح سے اثبت اور ارجح ہے۔ ہاں بعض کے نزدیک اگر آخر عمر میں ان کے حافظہ میں کچھ تغیر ہوا ہے تو اس دور میں زہیر رح نے ان سے سماعت کی ہے۔

(۲) اگرچہ امام بخاری رح اور مبارک پوری صاحب رح کے نزدیک زہیر عن ابی اسحٰق رح کی روایت راجح ہے مگر امام ابوزرعہ رح ، امام ابوحاتم رح ، امام احمد رح اور امام ترمذی رح وغیرہم حضرات کی تحقیق کے لحاظ سے زہیر کی ابواسحاق رح سے روایت کمزور ہے اور ابوداؤد رح کے علاوہ باقی تقریباً تمام حضرات اسرائیل رح عن ابی اسحاق رح کو اصح اور ارجح قرار دیتے ہیں اور اس کے متعلق احسن الکلام میں واضح حوالے موجود ہیں وہیں ملاحظہ کرلیں۔ یہاں ان کے ذکر کی ضرورت نہیں ہے۔

(۳) اسرائیل رح کے بارے میں امام احمد رح کی یہ رائے کہ انھوں نے ابواسحاق رح سے آخر عمر میں سماعت کی منفرد رائے ہے اور باقی حضرات اسرائیل رح عن ابی اسحاق رح کو اثبت کہتے ہیں لہٰذا جمہور کے نزدیک اسرائیل عن ابی اسحٰق رح کی سند بلاشبہ صحیح اور راجح ہے۔

دوم ۔ احسن الکلام میں ابوالزبیر رح عن جابر رض کی ایک سند سے احتجاج کیا گیا تھا اس پر کلام کرتے ہوئے ترجمان الحدیث ماہ فروری ۱۹۷۴ء ص ۷ تا ۹ و ۲ ماہ مارچ ۱۹۷۴ء ص ۲۰ تا ۲۸ میں مشہور محدث ابوالزبیر (محمد بن مسلم رح بن تدرس) کے عنعنہ پر طویل اور ناکام بحث کی ہے جس کے مرکزی نکات یہ ہیں :

(۱) ابوالزبیر مدلس تھے اور محدثین کرام رح کی خاصی جماعت نے ان کے مدلس ہونے کا ذکر کیا ہے اور بعض محدثین رح کے حوالے بھی انھوں نے ذکر کیے ہیں۔

(۲) ابوالزبیر رح کی لیث رح کے طریق اور سند سے عنعنہ والی روایت تو صحیح اور قابل قبول ہے مگر اس کے علاوہ ابوالزبیر رح کی کوئی روایت جو عنعنہ سے ہو قابل قبول نہیں ہے اس پر

بھی چند حوالے انھوں نے نقل کیے ہیں۔

(۴) ابوالزبیرؒ کی جن روایات میں تحدیث ہے وہ تو قابل قبول ہیں اور جن روایات میں ان کا عنعنہ ہے اور وہ لیثؒ کے طریق سے بھی نہیں تو چونکہ دیگر حضرات صحابہ کرام رضؓ سے بھی وہ روایات مروی ہیں۔ بنا بریں اگر ابوالزبیرؒ کے سماع کی تصریح ان مخصوص الفاظ سے نہ بھی ملے تب بھی صحت حدیث پر کوئی حرف نہیں آتا۔ (محصلہ)

الجواب۔ معترض صاحب نے یہ جو کچھ بھی کہا ہے ان کو سود مند نہیں ہے۔

اوّل تو اس لیے کہ بلا شبہ ابوالزبیرؒ کا نام مدلسین کی فہرست میں موجود ہے۔ اس کا کسی کو انکار نہیں جتنے حوالے اس سلسلہ میں معترض صاحب نے نقل کیے ہیں اگر ہم چاہیں تو بحمد اللہ تعالیٰ ان سے دوگنے حوالے مزید نقل کر سکتے ہیں لیکن ابوالزبیرؒ ان مدلسین میں شامل ہیں جن کی تدلیس مضر نہیں اور احسن الکلام میں توجیہ النظر کے حوالہ سے اس کی بحث موجود ہے جس کی قدرے تفصیل یہ ہے کہ علامہ جزائریؒ نے حافظ ابن حزمؒ کے حوالہ سے مدلسین کی دو قسمیں بیان کی ہیں۔ پہلی قسم ان مدلسین کی ہے جو حافظ و عادل ہوں اور ان کے بارے میں وہ تفصیل کرتے ہوئے لکھتے ہیں کہ

وسواء قال اخبرنا فلان او قال عن فلان او قال فلان عن فلان كل ذلك واجب قبوله مالم يتيقن انه اورد حديثاً بعينه ايرادا غير مسند فان ايقنا ذلك تركنا ذلك الحديث وحده فقط و اخذنا سائر رواياته .... وهذا النوع منهم كان جلة اصحاب الحديث وائمة المسلمين كالحسن البصري وابي اسحاق السبيعي وقتادة بن دعامة وعمرو بن دينار وسليمان الاعمش وابي

اور برابر ہے کہ وہ مدلس اخبرنا فلاں کہے یا عن فلاں کہے یا قال فلاں عن فلاں کہے ان سب صورتوں میں اس کی روایت واجب القبول ہے جب تک کہ یہ یقین نہ کر لیا جائے کہ اس نے کوئی حدیث غیر مسند پیش کی ہے اور جب ہمیں اس کا یقین ہو جائے کہ اس نے فلاں حدیث مسند بیان نہیں کی تو ہم صرف وہی روایت اس کی ترک کریں گے اور باقی اس کی تمام روایات لیں گے ....

اور اس قسم میں بڑے بڑے محدثین اور ائمہ المسلمین شامل ہیں جیسے حسن بصریؒ ابو اسحاق السبیعیؒ قتادہؒ بن دعامہ، عمرو بن دینار، سلیمانؒ الاعمش،

الزبیر وسفیان الثوری وسفیان بن عیینۃ اھ (کتاب الاحکام فی اصول الاحکام ج ۲ ص ۱۴۱ لابن حزمؒ وتوجیہ النظر ص ۲۵۱ للجزائریؒ)

ابوالزبیرؒ سفیان ثوریؒ اور سفیان بن عیینہؒ .... الخ (کتاب الاحکام فی اصول الاحکام جلد ۲ لابن حزمؒ وتوجیہ النظر ص ۲۵۱ للجزائریؒ)

اہل علم جانتے ہیں کہ بیشتر صحیح احادیث کے رواۃ یہی حضرات ہیں اس عبارت سے یہ ضابطہ معلوم ہوا کہ ان مذکور حضرات کی جن میں ابوالزبیر رح بھی شامل ہیں معنعن احادیث مطلقاً قابل قبول ہیں اور ان کی صحت میں کوئی کلام نہیں اور امام بخاریؒ اور امام مسلمؒ وغیرہ چوٹی کے محدثین نے ان حضرات کی معنعن روایات سے استدلال کیا ہے چنانچہ حافظ ابن القیمؒ فرماتے ہیں کہ

وفی الصحیح قطعۃ من الاحتجاج بعنعنۃ المدلس کابی الزبیر عن جابرؓ وسفیانؒ عن عمرو بن دینار ونظائر کثیرۃ لذالک ۔ (تہذیب سنن ابی داؤد، جلد ۷ ص ۹۸)

صحیح (یعنی بخاری ومسلم) میں مدلس کے عنعنہ والی روایتوں سے احتجاج کا ایک کافی حصہ موجود ہے جیسے ابوالزبیرؒ عن جابرؓ اور سفیانؒ عن عمرو بن دینارؒ اور اس جیسی بکثرت نظیریں۔ (تہذیب سنن ابی داؤد، جلد ۷ ص ۹۸)

امام بخاریؒ نے ابوالزبیرؒ کی مقرون بعطاءؒ کی روایت سے استدلال کیا ہے۔ جلد ۱ ص ۲۹۱ اور جلد ۱ ص ۹۸ و جلد ۱ ص ۲۲۳ میں ابوالزبیرؒ عن جابرؓ کو متابعات میں پیش کیا ہے اور اسی طرح جلد ۱ ص ۱۷۷ میں بھی لیکن کتابت کی غلطی سے ابوالزبیرؒ کی جگہ ابوزید لکھا گیا ہے۔
(دیکھیے مصری نسخہ بخاری مع شرح فتح الباری جلد ۳ ص ۱۳۴ وعمدۃ القاری جلد ۲ ص ۱۱)

بلکہ امام بخاری رح نے ابوالزبیر رح عن جابرؓ کی سند سے احتجاج بھی کیا ہے۔ اہل علم بخوبی جانتے ہیں کہ امام بخاری رح فقہی مسائل بیان کرنے کے لیے باب ترجمہ اور عنوان قائم کرتے ہیں اور علماء کا مشہور مقولہ ہے فقہ البخاری فی الابواب والتراجم ۔ پھر اس دعوے کے اثبات کے لیے کبھی تو وہ مسند اور مرفوع روایت پیش کرتے ہیں اور کبھی معلق روایت اور کوئی اثر نقل کرتے ہیں اور اس طریقے سے وہ اپنے دعوے کو مدلل اور مبرہن کرتے ہیں۔ امام بخاریؒ

نے جلد ۱ ص ۲۲۴ میں یہ عنوان قائم کیا ہے۔ باب الاھلال من البطحاء وغیرہا للمکی ..... الخ یعنی مکہ مکرمہ میں رہنے والے کا بطحا وغیرہا سے احرام باندھنے کا باب۔ (منیٰ کے قریب ایک جگہ ہے جس میں بکثرت سنگریزے ہیں اس کو بطحاء، ابطح، محصب، حصبہ اور خیف بنی کنانہ بھی کہتے ہیں۔ اس وقت اس کے قریب کلیہ عبدالعزیز یعنی عبدالعزیز کالج ہے) اور امام بخاری رح نے اس دعوے کے اثبات کے لئے وقال ابو الزبیر عن جابر اھللنا من البطحاء کے اثر سے احتجاج کیا ہے باب میں پیش کردہ اس دعوی کے اثبات کے لیے اور کوئی دلیل انھوں نے پیش نہیں کی انصاف شرط ہے کہ احتجاج اور استدلال اور کیا ہوتا ہے؟ اگر امام بخاری رح نے اس دعوے کے اثبات کے لیے کوئی اور مسند اور مرفوع حدیث پیش کی ہوتی اور ساتھ یہ اثر بھی پیش کیا ہوتا تو ہم سمجھتے کہ ابو الزبیر رح عن جابر رض کا اثر صرف متابعت میں پیش ہوا ہے مگر ایسا نہیں ہے اور حافظ ابن حجر رح فرماتے ہیں کہ

واحتج الجمهور بحديث ابي الزبير عن جابر رض وهو الذي علقه المصنف في هذا الباب ...... الخ

جمہور نے ابو الزبیر رح عن جابر رض کی روایت سے احتجاج کیا ہے اور وہ یہی حدیث ہے جس کو امام بخاری رح نے اس باب میں معلق بیان کیا ہے۔

(فتح الباری جلد ۳ ص ۲۵۲)

الغرض جمہور محدثین کرام رح ابو الزبیر عن جابر رض کی سند سے احتجاج کرتے اور اس کو بالکل صحیح سمجھتے ہیں۔

دوم اس لیے کہ اگر صرف لیث رح عن ابی الزبیر رح کی سند سے ہی ابو الزبیر کی معنعن حدیثیں صحیح ہیں اور باقی نہیں تو پھر مسلم شریف کی ان تمام روایات کی صحت کا انکار کردیا جائے، جو ابو الزبیر رح سے من غیر طریق لیث رح معنعن مروی ہیں، مثلاً جلد ۱ صفحہ ۲۲۴ و صفحہ ۱۳۴ و صفحہ ۲۶۴ و صفحہ ۴۶۴ و جلد ۲ صفحہ ۳ و صفحہ ۷ و صفحہ ۱۱ و ۲۷ و ۳۲ و ۳۸ و ۹۵ و ۱۴۶ و ۱۹۷ و ۲۰۲ وغیرہ وغیرہ۔ پھر صحیح مسلم کو صحیح کہنے کی رٹ ترک کردی جائے اور اگر یہ روایات صحیح ہیں اور یقیناً جمہور امت کے نزدیک صحیح ہیں تو ہماری پیش کردہ روایت عن ابی الزبیر رح عن جابر رض بھی یقیناً صحیح ہے۔

سوم اس لیے کہ امام مسلم رح نے صحیح مسلم میں ابو الزبیر رح عن جابر رض کی جن روایات سے

احتجاج کیا ہے کیا ان میں سے ہر ہر روایت کسی اور صحابی سے بھی امام مسلم نے روایت کی ہے تاکہ ان کی معنعن روایات پر حرف نہ آ سکے؟ اگر معترض صاحب صحیح مسلم میں سے انھیں مضامین کی روایات جو ابوالزبیر عن جابرؓ کے طریق سے مروی ہیں دیگر حضرات صحابہ کرام رضی اللہ عنہم کی روایات سے باحوالہ بتادیں تو ہم علمی اور تحقیقی طور پر ان کے احسان مند ہوں گے۔ دو چار روایتوں میں ایسا کر دکھانا کوئی کمال نہ ہوگا۔ ہر ہر روایت اور مضمون میں یہ مطلوب ہے اور اگر وہ ایسا نہ کر سکے اور یقین جانیے کہ وہ ہرگز ایسا نہیں کر سکیں گے تو اس سے لازماً یہی سمجھا جائے گا کہ مسلم شریف کی بے شمار حدیثیں ان کے اس غلط نظریہ سے غیر صحیح قرار پائیں گی اور صحیحین کی صحت کے بارے میں ان حضرات کا دعویٰ محض زبانی جمع خرچ تصور ہوگا جیسا کہ مخفی نہیں۔

اس کے علاوہ اور بھی سطحی قسم کے اعتراضات اور بزعم خود جوابات ترجمان الحدیث میں موجود اور مذکور ہیں لیکن ہمارا دیانتاً یہ نظریہ ہے کہ ان سے کسی اہل علم اور صاحب بصیرت آدمی کو کوئی شبہ پیدا نہیں ہو سکتا۔ لہٰذا ہم ان کو نقل کر کے قارئین کرام کے اذہان کو بلاوجہ اور بے ضرورت پریشان نہیں کرنا چاہتے۔ وصلی اللّٰہ تعالیٰ علیٰ خیر خلقہ محمد وعلیٰ آلہ واصحابہ واتباعہ الیٰ یوم الدین وبارک وسلم۔

احقر الناس

ابوالزاہد محمد سرفراز

۱۸ صفر ۱۴۰۰ھ
۵ جنوری ۱۹۸۰ء

دیباچہ طبع دوم

اَلحَمدُ لِلّٰہِ وَکَفٰی وَسَلَامٌ عَلٰی عِبَادِہِ الَّذِینَ اصطَفٰی

(۱) بعض غیر مقلدین حضرات نے یہ بے جان دعویٰ کیا تھا کہ جس شخص نے ہر رکعت میں امام کے پیچھے سورۂ فاتحہ نہ پڑھی تو اس کی نماز بے کار، باطل اور کالعدم ہے اور اس پر تمام دنیا کے احناف کو کھلا چیلنج بھی کیا تھا۔ راقم اثیم نے ان کے اس غلو کے رد میں ٹھوس دلائل کے ساتھ دو جلدوں میں بلسوط کتاب احسن الکلام لکھی جس کو نہ صرف یہ کہ عام تعلیم یافتہ حضرات ہی نے پسند کیا بلکہ ہند و پاک کے متبحر اور نامور علماء کرام نے اس کی بیحد تعریف کی اور اپنی زرّین اور قیمتی آرا اور تصدیقات سے راقم کی عزت افزائی کی اور کتاب کی اغلاط کی طرف بھی توجہ دلائی جو بمقتضائے بشریت کچھ تو راقم سے اور کچھ کتابت کی وجہ سے اور بعض کاپیوں اور پروفوں کی کماحقہٗ تصحیح نہ ہو سکنے کی وجہ سے باقی رہ گئی تھیں جن حضرات نے نمایاں غلطیوں کی نشاندہی کی ان میں علی الخصوص شیخ العلماء رئیس المحققین حضرت مولانا حبیب الرحمٰن صاحب اعظمی دامت برکاتہم اور حضرت مولانا ابو عبید اللہ غلام سرور صاحب دام مجدہم (چمن ضلع گجرات) خصوصیت سے قابل ذکر ہیں اور راقم تہ دل سے ان کا شکریہ ادا کرتا ہے۔

(۲) جہاں ان حضرات نے اس کتاب کے مضبوط دلائل اور براہین اور حسن ترتیب کی شاندار تحسین کی وہاں غیر مقلدین حضرات نے اس پر ضرورت سے زیادہ غم و غصہ کا اظہار فرمایا چنانچہ

ان کی جماعت کے چوٹی کے مدرس عالم اور سابق شیخ الحدیث جامعہ سلفیہ فیصل آباد نے ایک مستقل کتاب خیر الکلام تحریر فرمائی جس میں جوابات کا بیشتر حصہ محض سینہ زاد جوابات اور صدری نسخوں پر مشتمل ہے۔ اس کا یہ احتمال ہو سکتا ہے۔ یہ ممکن ہو سکتا ہے۔ اس کا مطلب یوں لینا چاہیے۔ اور اس کا مطلب یوں بھی لیا جا سکتا ہے وغیرہ وغیرہ۔ ظاہر بات ہے کہ احسن الکلام کے ٹھوس اور معنی خیز حوالوں کا جواب محض احتمالات اور سینہ زاد باتوں سے نہیں ہو سکتا یہاں ٹھوس حوالہ جات درکار تھے اور یہی ان کے بس کا روگ نہ تھا اور روایات کے بارے میں وہ ساری کتاب میں ایک ہی ضابطہ سے کام لیتے رہے ہیں وہ یہ کہ جرح مفسر کو بھی جرح مبہم گردان کر اور ایک دو حوالے راوی کی توثیق کے نقل کر کے یہ فیصلہ صادر فرماتے رہے ہیں کہ لہٰذا جو جرح مؤلف احسن الکلام نے کی ہے وہ مبہم ہے اور توثیق کے بعد اس کا کوئی اعتبار نہیں اور کہیں تعدد طرق کا سہارا لیکر حدیث کو حسن بنا ڈالا ہے۔ خیر ہم نے بقدر وسعت طبع ثانی میں اس کا خوب جائزہ لیا ہے۔ مؤلف خیر الکلام نے احسن الکلام کو لوگوں کی نظروں سے گرانے کیلئے اور اپنی جماعت کے جذباتی حضرات کے جذبات کو ابھارنے کیلئے آخر میں سترہ عدد مناقشے بھی وضع فرمائے ہیں جن کا ذکر کتاب میں پہلے بھی وہ اپنے خیال میں مناسب مقامات پر کر چکے ہیں اور یہ چیز ان کے پیش نظر رہی ہے کہ احسن الکلام کی اغلاط ان کے حواریوں کے ذہن میں النقش فی الحجر ہو جائیں اور اس کتاب سے اور اس کے مصنف سے بدظنی پیدا ہو جائے۔ مثلاً ایک جگہ یہ تھا کہ حضرت امام عبداللہ بن المبارکؒ حضرت امام بخاریؒ کے استاد الاستاد تھے۔ الاستاد کا لفظ کتابت سے چھوٹ گیا تو اس پر مناقشہ کھڑا کر لیا گیا کہ اس مؤلف کو یہ بھی معلوم نہیں کہ امام ابن مبارکؒ، امام بخاریؒ کے استاذ نہیں ہیں۔ اور ایک مقام پر فقرہ اِمَامَۃً کا جملہ غلطی سے رہ گیا تو اس پر بھی خوب مصالحہ لگا کر مناقشہ کی عمارت کھڑی کر دی گئی اور ایک جگہ قتادہؒ کا نام سند سے چھوٹ گیا تو اس کو کئی مقامات پر انھوں نے اجاگر کیا اور یہ لکھا کہ چونکہ یہ تیسرے درجہ کے مدلس تھے۔ تب ان کو گرا دیا گیا ہے، حالانکہ راقم نے خود احسن الکلام میں باحوالہ یہ لکھا ہے کہ قتادہؒ کی تدلیس سرے سے مضر ہی نہیں تو پھر اس کو حذف کرنے کا راقم کو کیا فائدہ تھا؟ وعلیٰ ہذا القیاس۔ اکثر مناقشے اسی نہج کے ہیں اور جہاں بعض عبارتیں مجمل اور مختصر تھیں۔

اب ان کی تشریح کردی گئی ہے اور جملہ اغلاط معقول نظر آئیں۔ ان کی اصلاح کرلی گئی ہے۔ ہم نے جب ان کی کتاب میں اسی نہج کے بلکہ ان سے سنگین تر مناقشات کا تتبع کیا تو تقریباً ساٹھ سے زیادہ نظر آئے۔ اگر ضرورت پڑی اور ہم مجبور کردیے گئے تو الگ ان کو شایع کردیا جائے گا۔ ان شاء اللہ تعالیٰ۔ ورنہ علمی اور تحقیقی میدان میں ہم اس طعنہ بازی کو پسند نہیں کرتے اور نہ اس کا اثر اچھا رہتا ہے۔ ان مناقشات کو انھوں نے فہرست کتاب میں غلط بیانیاں، تحریفات اور مغالطات وغیرہ سے تعبیر کرکے اپنے دل کی خُوب بھڑاس نکالی ہے۔ سچ ہے کُلُّ اِنَاءٍ یَتَرَشَّحُ بِمَا فِیْہِ۔

(۳) غیر مقلدین حضرات نے جب بخوبی یہ محسوس کرلیا کہ خیر الکلام تو احسن الکلام کا معقول جواب نہیں اور علماء تو کیا جذباتی مزاج جماعتی کارکن بھی اس سے مطمئن نہیں ہوسکتے تو ایک صاحب نے الاعتصام میں قسط وار احسن الکلام کی تردید شروع کردی جس میں انھوں نے علمی اور تحقیقی سطح سے بہت ہی نیچے اتر کر محض تعصبِ مذہبی کا مظاہرہ کیا ہے اور اس میں بیشتر وہی باتیں دہرائی ہیں جو پہلے حضرات مسئلہ خلف الامام کے سلسلہ میں لکھ اور کہہ چکے ہیں۔ ہاں البتہ یہ سب کچھ انھوں نے صرف جذبات اور تعلّی کی صورت میں ادا کیا ہے ان کی قابل جواب باتوں کا ذکر ہم نے کتاب میں کردیا ہے۔ باقی لایعنی باتوں کی طرف مطلقاً توجہ نہیں کی۔ البتہ انھوں نے الاعتصام اور مغالطات احسن الکلام میں جو باتیں خوب کھل کر چیلنج بازی کی شکل میں کہی ہیں وہ اصولاً و اختصاراً یہ ہیں:

(۱) مؤلف احسن الکلام نے حضرت شاہ ولی اللہ صاحبؒ کی عبارت سے دھوکا دیا ہے ...... الخ

اس کا جواب اور حضرت شاہ صاحبؒ کی پوری عبارت ہم نے طبع دوم میں ذکر کردی ہے اور واضح کیا ہے کہ غلطی کس کی ہے؟

(۲) کہ مؤلف احسن الکلام نے محمد بن خازمؒ کی امام ابن حبانؒ سے یہ توثیق تو نقل کردی ہے کہ وہ ثقہ اور متقن تھا مگر آخر کا یہ قول نقل نہیں کیا کہ وہ خبیث مرجیٔ تھا اور یہ بددیانتی ہے۔ (محصلہ)

مگر یہ بیچارے اصول حدیث سے بالکل کورے ہیں۔ محمد بن خازمؒ بخاری اور مسلم کے مرکزی راوی ہیں اور اصول حدیث کے رو سے ثقہ راوی کا خارجی یا جہمی معتزلی یا مرجئی وغیرہ ہونا اس کی ثقاہت پر قطعاً اثر انداز نہیں ہوتا اور صحیحین میں ایسے راوی بکثرت موجود ہیں۔ تدریب الراوی اور ہدایت السائل میں ان کی کچھ نشاندہی کی گئی ہے اور خود مؤلف خیر الکلام ص ۲۹۰ میں لکھتے ہیں: "کہ ارجاء وغیرہ بدعات کے اعتراضات سے ثقہ ہونے میں خلل پیدا نہیں ہوتا ..... الخ"

یہ قاعدہ ہمارے پیش نظر تھا اور اس لیے ہم نے یہ جملہ نقل نہیں کیا اور خود جناب قاضی مقبول احمد صاحب کا یہ عالم ہے (اور حیرت ہے کہ الاعتصام کے ذمہ داروں نے بھی اپنی ذمہ داری محسوس نہیں کی) کہ عبدالرحمٰنؒ بن محمد بن زیادؒ جو صحاح ستہ کے راوی ہیں ان سے متعلق لکھا ہے کہ انتہا درجہ کے ضعیف ہیں۔ (الاعتصام ۲۸ ستمبر ۱۹۶۲ء ص ۸ کالم ۳)۔

(۳) کہ مؤلف احسن الکلام نے راویوں کے بارے میں توثیق و تضعیف نقل کرنے میں خیانت اور بددیانتی سے کام لیا ہے۔ مثلاً فلاں ضعیف راوی کے بارے میں فلاں امام نے کہا ہے کہ وہ ثقہ ہے مگر اس قول کو وہ نقل نہیں کرتا اور فلاں ثقہ راوی کو فلاں امام نے ضعیف یا فیہ وغیرہ کہا ہے۔ اس کو بھی وہ پی گیا ہے۔ (محصلہ)

اور الاعتصام میں ان صاحب کا بیشتر مضمون اسی عبارت پر کھڑا ہے اور خوب جذباتی رنگ میں صفحہ صفحہ پر اس کو نمایاں کیا گیا ہے مگر صد افسوس ہے کہ احسن الکلام کی اس عبارت کا ذکر تک نہیں کیا۔ حالانکہ ان کا اخلاقی فریضہ تھا کہ وہ اس کا حوالہ دیتے۔ چنانچہ عبارت یوں ہے: "ہم نے بعض مقامات پر ثقہ راویوں سے متعلق ثقاہت اور عدالت کے اقوال تو نقل کر دیئے ہیں، لیکن اگر بعض ائمہؒ کا کوئی جرحی کلمہ ملا ہے تو وہ نظر انداز کر دیا ہے۔ اسی طرح اگر کسی ضعیف اور کمزور راوی کے بارے میں کسی امام کا کوئی توثیق کا جملہ ملا ہے تو اس کو بھی درخور اعتنا نہیں سمجھا کیونکہ فن رجال سے ادنیٰ واقفیت رکھنے والے حضرات بھی بخوبی اس امر سے واقف ہیں کہ ایسا کوئی بھی ثقہ جس پر جرح کا کوئی کلمہ منقول نہ ہو یا ایسا ضعیف جس کو کسی ایک شخص نے بھی ثقہ نہ کہا ہو کبریت احمر کے مترادف ہے۔ حضرات

صحابہ کرام رضا کا رتبہ کس سے مخفی ہے ؟ اور الصحابۃ کلّھم عدول کے جملہ سے کون اہل علم ناواقف ہے ؟ مگر خوارج و روافض کا نظریہ بھی ان کے بارے میں پوشیدہ نہیں ہے۔ بایں ہمہ ، ہم نے توثیق و تضعیف میں جمہور ائمہ جرح و تعدیل اور اکثر ائمہ حدیث کا ساتھ اور دامن نہیں چھوڑا مشہور ہے کہ : ع زبان خلق کو نقارہ خدا سمجھو انتہی بلفظہ

(احسن الکلام جلد اول ، طبع اوّل ص)

یہ عبارت بار بار پڑھیے اور داد دیجیے قاضی مقبول احمد صاحب کے واویلا کی کہ مؤلف احسن الکلام نے رواۃ کے بارے میں بددیانتی کی ہے فلاں راوی کے بارے میں فلاں کا قول ترک کر دیا ہے اور فلاں راوی کے بارے میں فلاں امام کا حوالہ چھوڑ دیا ہے اور الاعتصام میں قاضی صاحب کا زیادہ زور اسی پر صرف ہوا ہے۔ ان کو یہ توقع تھا کہ اس قاعدہ کو دلائل سے غلط ثابت کرتے لیکن اس واضح عبارت کو پیش نظر رکھتے ہوئے مؤلف احسن الکلام کو بددیانت ثابت کرنا خالص تعصب کا مظاہرہ یا اپنے ناخواندہ حواریوں کو خوش کرنے کا ایک مذموم ڈھنگ ہے۔ بحمداللہ تعالیٰ مؤلف احسن الکلام کو کاملین سے خوشہ چینی کا موقع ملا ہے اور اصول وضوابط کو سمجھنے کی اللہ تعالیٰ نے اس کو اہلیت مرحمت فرمائی ہے۔

(۴) عبداللہ بن نافع بن عمیار کے متعلق جو توثیق کے الفاظ مؤلف احسن الکلام نے نقل کیے ہیں اس میں دھوکہ اور بددیانتی سے کام لیا ہے۔ (محصلہ)

الجواب۔ اصل بات یہ ہے کہ تہذیب التہذیب جلد ۶ ص ۵۰ اور ۵۱ میں (نمبر ۹۵ اور ۹۶) دو راوی ہیں۔ ایک کا نام عبداللہ بن نافع بن عمیارؒ ہے اور دوسرے کا نام عبداللہ بن نافع بن ابی نافع الصائغ المخزومیؒ ہے۔ غلطی سے ثانی کا ترجمہ پہلے کے ترجمہ میں نقل ہوگیا ہے۔ اور اب طبع دوم میں اس کو بالکل کاٹ دیا گیا ہے۔ ایسے ہم نام راویوں کے بارے میں بڑے بڑے اکابر محدثینؒ سے غلطیاں چلی آرہی ہیں۔ نہ تو ان کو کسی نے دعوت مبارزت دی اور نہ بددیانت کہا ہے اوروں کی بات ہی چھوڑیے خود مؤلف خیر الکلام بعض مقامات میں اس غلطی کا شکار ہوئے ہیں۔ چنانچہ وہ خیر الکلام ص ۲۴۷ میں لکھتے ہیں: "کہ دوسرا راوی اس میں علی بن احمد الحمامی مقری ہے۔ علامہ ذہبیؒ لکھتے ہیں ابن ابی الفوارسؒ کہتے

ہیں۔ ضعیف جداً سخت ضعیف ہے۔"

(میزان جلد ۲، ص ۲۱۷، لسان المیزان جلد ۴، ص ۱۹۴)

لیکن یہ مؤلف خیر الکلام کی غلطی اور نرا وہم ہے۔ کیونکہ ابن ابی الفوارسؒ نے جس کی تضعیف کی ہے وہ علی بن احمد بن ابی القیس المقری الرفاعیؒ ہے جس کی وفات ۳۵۲ھ میں ہوتی ہے۔ دیکھیے: (لسان المیزان جلد ۴، ص ۱۹۴) اور ہماری پیش کردہ سند میں علی بن احمد بن عمر بن حفص ابو الحسن المقری المعروف بابن الحمامیؒ ہیں جن کی وفات ۴۱۷ھ میں ہوئی ہے۔

(ملاحظہ ہو۔ بغدادی جلد ۱۱، ص ۳۳۰)

الغرض ہم نام راویوں کے بارے میں ایسے اوہام کا پیش آجانا کوئی مستبعد بات نہیں ہے اور نہ کسی دیانت دار عالم نے آج تک ایسے امور میں کسی کو چیلنج کیا ہے۔

(۵) بایں ہمہ ہم نے الاعتصام میں پیش کیے گئے اعتراضات میں سے جو قابل جواب تھے ان کی قدرے وضاحت کر دی ہے اور ہم ان غیر مقلدین حضرات کے ممنون ہیں کہ انھوں نے احسن الکلام پر ناقدانہ نگاہ ڈالی گو ان کا نظریہ ان کا مذہبی تعصب ہے تاہم وہ شکریہ کے مستحق ہیں۔

(۶) مؤلف خیر الکلام سے ہم یہ توقع رکھ سکتے تھے کہ وہ اپنی جماعت کے مدرس عالم اور شیخ الحدیث ہیں کہ وہ اپنی جماعت کے ان غالی لوگوں کو ناصحانہ طور پر ترک غلو کا کوئی مفید مشورہ دے دیتے اور چند سطریں اس پر بھی تحریر فرما دیتے کہ جو لوگ ترک قرأۃ خلف الامام کی صورت میں لوگوں کی نمازوں کو باطل، بے کار اور کالعدم کہتے ہیں وہ اعتدال کی راہ اختیار کریں۔ اختلافی مسائل میں یہ طریقہ پسندیدہ نہیں ہے لیکن یقین جانیے کہ انھوں نے صحیح طور پر آج کل کی عدالتی وکالت کا حق ادا کر دیا ہے کہ ہر طرح سے اپنے مؤکل کو خواہ وہ جھوٹا ہی کیوں نہ ہو سچا ثابت کیا جائے یہ الگ بات ہے کہ عدالت اس کی رائے سے متفق نہ ہو اور اس کو مجرم گردان کر قرار واقعی سزا دے۔ اپنی جماعت کے تمام عیبوں پر پردہ ڈال کر اس کو برحق قرار دینے پر بلا وجہ ایڑی چوٹی کا زور لگانا کوئی مستحسن امر نہیں ہے۔ ان سے تو خیر الکلام کے صاحب مقدمہ ہی قدرے اچھے رہے کہ انھوں نے صد میں کچھ اشارہ

کیا ہے اگرچہ اپنی جماعت کے چیلنج کو مدافعت کہ کر حق پوشی کی گئی ہے۔ وہ لکھتے ہیں کہ
مجھے اعتراف ہے کہ اس سلسلے میں ہمارے بھائیوں کے حملوں کی مدافعت میں رد کے
طور پر جماعت اہل حدیث کے ایک قلیل طبقے کا ایسا رویہ ضرور رہا کیا جو غیر معتدل ہونے
کے علاوہ مسلک اہل حدیث کے شایان شان نہ تھا۔ لیکن میں سمجھتا ہوں کہ غلو کے مقابلہ
میں غلو ایک نفسیاتی حقیقت ہے۔" اھ

اگر تو کسی حنفی نے تمام روئے زمین کے غیر مقلدین حضرات کو ایسا کوئی چیلنج کیا ہے
کہ جو شخص امام کے پیچھے سورۃ فاتحہ پڑھتا ہے۔ اس کی نماز باطل ہے، بیکار ہے،
کالعدم ہے۔ تو وہ بلاشک اس کو مدافعت سے تعبیر کر سکتے ہیں اور اگر ایسا نہیں کیا تو یہ
خالص جماعتی ملی بھگت ہی ہے کہ سیدھی سادھی بات میں تاویل کا پیوند لگا کر اس کو
حق ثابت کیا جائے۔ نَعُوْذُ بِاللّٰہِ مِنْ شُرُوْرِ اَنْفُسِنَا۔

(۷) اگرچہ اپنی دانست کے مطابق ہم نے اب کتاب کو اغلاط سے پاک کر دیا ہے۔ تاہم
ان حضرات کا (خواہ ان کا نقطہ نظر کچھ ہی ہو) شکریہ ادا کریں گے جو ہمیں ہماری کوتاہیوں سے آگاہ
کریں گے۔ اور ہمیں معقول اغلاط کی درستی میں کوئی تامل نہ ہوگا۔ انشاء اللہ العزیز۔ وَصَلَّی
اللّٰہُ تَعَالٰی عَلٰی خَیْرِ خَلْقِہٖ مُحَمَّدٍ وَّعَلٰی آلِہٖ وَاَصْحَابِہٖ اَجْمَعِیْنَ ۝

ابو الزاہد
۲۶ شوال ۱۳۸۴ھ
۲۸ فروری ۱۹۶۵ء

دیباچہ طبع اوّل

کتاب احسن الکلام جلد اوّل و دوم کی تالیف و ترتیب میں گو بڑی محنت اور کوشش سے کام لیا گیا تھا مگر اس کا وہم و گمان بھی نہ تھا کہ اس کو صفِ اول کے محقق اور جید علمائے کرام بھی بے حد پسند فرمائیں گے جیسا کہ تصدیقات اور تقاریظ سے بھی ظاہر ہے۔ یہ محض اللہ تعالیٰ کا فضل و کرم ہے کہ اُس نے اس حقیر سے یہ خدمت لی ہے۔ ورنہ من آنم کہ من دانم۔

میں اپنی اس کتاب کا حضرت الاستاذ المحقق، المدقق، الفقیہ، المحدث، شیخ المعقول، والمنقول مولانا عبد القدیر صاحب کیمبل پوری دامت برکاتہم (حال اوکاڑہ) کے نام گرامی سے انتساب کرتا ہوں کیونکہ اس حقیر کا دینی کتب کے ساتھ تھوڑا بہت تعلق حضرت موصوف کی خالص توجہ اور نوازش کا رہین منت ہے اور اکثر بڑی اور دقیق کتابیں راقم نے حضرت سے ہی پڑھی ہیں۔ دعا ہے کہ اللہ تعالیٰ حضرت کو تا دیر سلامت رکھے اور دین کی خدمت کا مزید موقع دے۔ ع "وَيَرْحَمُ اللّٰهُ عَبْدًا قَالَ اٰمِيْنَا"

احقر

ابو الزاہد

۱۸ ر ذوالقعدہ ۱۳۷۴ھ

۹ ر جولائی ۱۹۵۵ء

سخن ہائے گفتنی

بسم اللہ الرحمٰن الرحیم

الحمد للہ رب العٰلمین۔ والصلوٰۃ والسلام علیٰ خاتم النبیین
وعلیٰ آلہ واصحابہ اجمعین ط

عالم انسانی میں ہر چیز کا وجود اسباب و علل اور محرکات و دواعی کے وجود پر موقوف ہے۔ جب تک علت وجود اپنے تمام لوازم کے ساتھ معرض وجود میں نہ آجائے کسی چیز کا عالم وجود میں آنا ممکن نہیں یہ ایک عقلی اور فطری قاعدہ ہے۔ اور انسانی افعال و اغراض کا ناگزیر محور جس کے گرد انسان کے سب افعال چکر لگاتے اور گھومتے رہتے ہیں۔

سببِ تالیف

علمی اور عملی، فنی اور تحقیقی لحاظ سے قرأۃ الفاتحہ خلف الامام کا مسئلہ اپنے مثبت اور منفی پہلو کے اعتبار سے قرنِ اوّل سے تا ہنوز بحث و تمحیص اور تطبیق و ترجیح کا محتاج رہا ہے۔ حضرات ائمہ دین و محققین علماء نے مختلف زمانوں اور متعدد زبانوں میں اس مسئلہ پر خامہ فرسائی کی ہے۔ محرم اور صحیح پہلو اور راجح و مرجوح گوشہ کی تلاش اور جستجو میں انھوں نے انتہائی کوشش اور کاوش کی ہے۔ اور سینکڑوں کتابیں اور رسالے اس پر لکھے گئے ہیں۔ مگر اس خاص شکل و صورت

اور ترتیب کے ساتھ نہایت سہل اور آسان طریقہ پر اس کتاب کو پیش کرنے کا بڑا سبب فریق ثانی کی حد سے زیادہ تجاوز اور گرم گفتاری ہے۔ اس کا یہ دعوٰی ہے۔ کہ جو شخص امام کے پیچھے سورۃ فاتحہ نہیں پڑھتا۔ اس کی نماز بالکل نہیں ہوتی۔ اور بعض نے تو یہاں تک غلو سے کام لیا کہ جملہ احناف کو بے نماز اور مفسدین صلوٰۃ کے خطاب سے نوازا ہے[1]۔ اور بعض نے قسم اور حلف[2] اٹھا کر کہا کہ حنفیوں کی نماز نہیں ہوتی۔ اور ہم نے ان میں سے بعض کو سلسلۂ تقریر و درس حدیث اور نجی مجلسوں میں منطق یونان سے بھی استعانت کرتے دیکھا ہے اور یوں صغرٰی و کبرٰی جوڑ کر نتیجہ[3] نکالتے ہوئے سنا ہے کہ جو شخص امام کے پیچھے سورۃ فاتحہ نہیں پڑھتا۔ قرأت سورۃ فاتحہ نہیں کرتا۔ اس کی نماز نہیں ہوتی اور من ترك الصّلوة متعمّدًا فقد كفر کہ جس شخص نے دیدہ و دانستہ نماز ترک کی وہ کافر ہو گیا۔ اور نتیجہ یہ نکلا کہ امام کے پیچھے سُورۃ فاتحہ ترک کرنے والا کافر ہے۔ (گو بعض بڑے محتاط اور منصف مزاج حضرات کے نزدیک عملی طور پر ہی وہ کافر ہو گیا۔ مگر ہے ضرور) اور ہمارے زمانے کے ایک صاحب نے جو اپنی جماعت

---

[1] حضرۃ مولانا رشید احمد صاحب گنگوہیؒ (المتوفی ۱۳۲۳ھ) تحریر فرماتے ہیں کہ اس زمانے میں بعض مدعیان عمل بالحدیث نے یہ غوغا مچایا کہ حنفیہ مفسدین صلوٰۃ اور بے نماز ہیں۔ (ہدایت المعتدی ص ۲)

[2] حضرت مولانا سید مرتضٰی حسن صاحبؒ (المتوفی ۱۳۷۱ھ) لکھتے ہیں: کہ بالخصوص قسم کھا کر کہے کہ حنفیوں کی نماز نہیں ہوتی۔ ان کی بیبیوں سے غیر مقلدین کو بلا طلاق نکاح جائز ہے۔۔۔ الخ (تنقیح التنقید ص ۳۵)

[3] ایک غیر مقلد مگر منصف مزاج عالم ایسے ہی ایک غالی اور بے باک مفتی کا حوالہ دیتے ہوئے یوں رقم طراز ہیں: "اول تحریر ایک ہمارے ہی علماء اہل حدیث کی پرچہ تنظیم میں طبع ہوئی تھی جس میں مولانا موصوف نے مدرک رکوع کے اعتداد والوں کو مخلد فی النار تک کا حکم صادر فرما دیا تھا۔ نتیجہ اس طرح نکالا تھا کہ مدرک رکوع سے فاتحہ مفقود ہوتی ہے۔ لہٰذا اس کی نماز نہیں۔ جس کی نماز نہیں وہ بے نماز ہے۔ بے نماز کافر ہے اور وہ مخلد فی النار ہے" (بلفظہٖ اتمام الرکوع فی ادراک الرکوع ص ۱ طبع کردہ منیجر رسالہ صحیفہ اہلحدیث صدر دہلی) مؤلف خیر الکلام نے بزعم خود چند دلائل پیش کیے ہیں پھر لکھتے ہیں: لہٰذا فاتحہ ہر نمازی پر خواہ امام ہو یا منفرد یا مقتدی فرض ہو گی۔" (ص ۱۵۲) ۔ مگر یہ نہیں بتایا کہ اس فرض کے منکر اور تارک پر فتوٰی کیا صادر ہو گا؟ آیا وہ مسلمان رہے گا یا نامسلم؟ (العیاذ باللہ) کیونکہ اصول کے لحاظ سے فرض کا منکر مسلمان نہیں ہونا چاہیے۔ دیکھیے کیا فتوٰی صادر ہوتا ہے؟

کے روحِ رواں اور چوٹی کے مناظر و مبلغ سمجھے جاتے ہیں۔ پنجاب کے ایک مشہور قصبہ میں دورانِ تقریر یہ ارشاد فرمایا کہ جو شخص امام کے پیچھے سورۃ فاتحہ نہیں پڑھتا اس کی نماز ہرگز نہیں ہوتی۔ آؤ ہمارے ساتھ اس مسئلہ پر مباہلہ کر لو۔"

آپ اس کتاب میں پوری تفصیل سے پڑھیں گے کہ امام کے پیچھے سورۃ فاتحہ ترک کرنے کے قائل کون کون ہیں؟ نہ معلوم مُباہلہ کس کس سے ہوگا؟ اور تاسف بالائے تاسف یہ کہ مُباہلہ بھی فَنَجْعَلْ لَعْنَتَ اللّٰهِ عَلَى الْكٰذِبِيْنَ ؕ کے الفاظ کے ساتھ اور لطف یہ ہے کہ وہ صاحب نہ بیوی رکھتے ہیں اور نہ بچے۔ گویا آیت مُباہلہ میں نَدْعُ اَبْنَاءَنَا وَاَبْنَاءَكُمْ وَنِسَاءَنَا وَنِسَاءَكُمْ کا ان کے نزدیک کوئی مفہوم ہی نہیں ——— اور اب کراچی سے ایک کتابچہ کو شائع ہوا ہے جس کا نام ہے "فصل الخطاب فی قرأۃ فاتحۃ الکتاب" جو کتب خانہ اہلحدیث، ۱۹ نیو کلاتھ مارکیٹ، کراچی (پاکستان) کی طرف سے شائع ہوا ہے، جس میں انھوں نے انتہائی فراخ دلی کے ساتھ تمام روئے زمین کے احناف کو انعامی چیلنج کیا ہے۔ اور روئے زمین کی چیدہ چیدہ ہستیوں کو نام بہ نام للکارا ہے۔ اصل الفاظ میں ان کا اعلان یہ ہے:

انعامی چیلنج: تمام دنیا کے حنفی حضرات کو کھلا اور انعامی چیلنج دیا جاتا ہے۔ جیسا کہ ہم اہلِ حدیث امام کے پیچھے سورۃ فاتحہ کے پڑھنے کا خاص لفظ حدیث مرفوع صریح صحیح حسن سے (بحوالہ کتب صحاح ستہ و ماوافق بہا) دکھاتے ہیں۔ ایسا ہی وہ امام کے پیچھے سورۃ فاتحہ کے نہ پڑھنے کا خاص لفظ حدیث مرفوع صریح صحیح حسن سے (بحوالہ کتب صحاح ستہ و ماوافق بہا) میدانِ مناظرہ میں دکھا دیں تو ہم ان کو اس حقِ محنت، داد ہمت، تمغۂ صداقت کے صلہ میں فاتحہ کے ہر حرف کے بدلے میں مبلغ ایک سو روپے دینے کو تیار ہیں۔ (انشاء اللہ تعالیٰ)

کیا ہے روئے زمین پر کوئی زندہ دل حنفی جو میدانِ مناظرہ میں نکلے اور امام کے پیچھے خاص لفظ فاتحہ کے نہ پڑھنے کا دکھا کر مبلغ پانچ سو روپیہ انعام حاصل کرے (دیدہ باید) اس انعامی چیلنج کو شائع کیے ہوئے آج تیرہ سال سے زائد کا عرصہ ہو چکا ہے اور تقریباً یہ چیلنج بارہ ہزار کی تعداد میں طبع کرا کر علماء اور جہلا کے ہاتھوں میں پہنچا چکے ہیں۔ دیوبند، ڈابھیل، ہندوستان پاکستان کے احناف کے بڑے بڑے مدارس میں بھی پہنچ چکا ہے۔ احناف کے مقتدر علماء

مفتی کفایت اللہ صاحب ؒ (المتوفی ۱۳ ربیع الثانی ۱۳۷۲ھ مطابق یکم جنوری ۱۹۵۳ء) مولانا حسین احمد صاحب مدنیؒ (المتوفی ۱۲ جمادی الاولی ۱۳۷۷ھ) اور مولانا شبیر احمد عثمانی رح (المتوفی ۲۱ صفر ۱۳۶۹ھ مطابق ۱۳ دسمبر ۱۹۴۹ء) کی خدمت میں پیش ہو چکا ہے۔ لیکن اس وقت تک کسی حنفی کو یہ جرأت نہ ہوئی اور نہ ہی آیندہ ہوگی۔ انشاء اللہ تعالیٰ۔ کہ وہ دنیا کی کسی کتاب سے ایک حدیث ہی بموجب شرائط مندرجہ در چیلنج پیش کرکے انعام حاصل کرنے کے علاوہ مذہب حنفی پر احسان کرتا۔ لیکن کرتا کہاں سے۔ جب کہ اس طرح کی ایک حدیث کسی دنیا کی اسلامی کتب میں موجود نہ ہو اور یقیناً نہ ہو۔ (انتہی بلفظہ فصل الخطاب ص۱۲)

اس شاہی اور فراخدلانہ انعامی چیلنج کے بعد اسی کتابچہ کے آخری صفحہ پر یہ اعلان ان الفاظ سے دہرایا گیا ہے۔

تمام دُنیا کے عُلماءِ اَحناف کو کُھلا چیلنج

ہم تمام علماء احناف ہند، سندھ، پنجاب، بنگال، خراسان، عربستان، چین، جاپان، افریقہ، امریکہ، آسٹریلیا، یورپ، مصر، عراق وغیرہ کو بذریعہ چیلنج و اشتہار ہذا کے دعوت دیتے ہیں کہ ان مسائل مندرجہ ذیل کو کسی آیت یا حدیث صحیح مرفوع متصل سے اور وہ حدیث جس مسئلہ کے ثبوت میں پیش کریں۔ نص صریح ہو صحاح وما وافق بہا سے ثابت فرمادیں تو ہم ان کو اس حق محنت، داد ہمت، تمغہ صداقت کے صلہ میں ہر آیت اور حدیث کے بدلہ میں پچیس روپے انعام دیں گے۔ انشاء اللہ العزیز۔

(۱) آں حضرت صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کا مقتدیوں کو سورۂ فاتحہ کے پڑھنے سے منع کرنا۔

(پھر نو عدد مسائل اور لکھ کر اور تلک عشرۃ کاملۃ تحریر فرما کر بحث کو اس اعلان پر ختم کیا ہے)

ھَلْ مِنْ مُّبَارِزٍ یُّبَارِزُنِیْ۔ یعنی کیا ہے روئے زمین پر کوئی زندہ دل اور خوش نصیب حنفی بھائی جو میدان میں کودے اور ہم سے سینکڑوں روپے کا انعام حاصل کرے۔ (دیدہ باید)

(انتہی بلفظہ فصل الخطاب ص۸)

اور اب فصل الخطاب ص۱ کے جدید ایڈیشن میں یہ دعویٰ کیا گیا ہے کہ جو شخص امام کے پیچھے ہر رکعت میں سورۂ فاتحہ نہ پڑھے اس کی نماز ناقص ہے، کالعدم ہے، بیکار ہے اور باطل ہے۔ (بلفظہ)

ان تمام اقتباسات کو پیش نظر رکھ کر پڑھے لکھے آدمی کو ضرور یہ شبہ پیدا ہو جاتا ہے کہ شاید امام کے پیچھے سورۂ فاتحہ نہ پڑھنے والے کافر اور گمراہ ہیں اور نماز پڑھتے ہوئے بھی وہ بے نماز اور اقل درجہ یہ ہے کہ وہ بلا دلیل ہیں حتیٰ کہ ان کے ساتھ لعنۃ اللہ علی الکاذبین کے الفاظ سے مباہلہ کرنا بھی کار ثواب اور جائز ہے اور عوام پر اشتہاری رعب ڈالنے کے لیے انعامی چیلنج بھی دیا جا سکتا ہے۔ چنانچہ راقم الحروف کو بھی خالی الذہن ہو کر محض اپنی قلبی تسکین اور سنت رسول صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کی پیروی کرنے کی خاطر سینکڑوں کتابوں کے ہزاروں اوراق الٹنے پڑے ہیں اور صدہا رسائل اور کتابچوں کی ورق گردانی کرنا پڑی ہے تاکہ دلائل کی صحت اور سقم کا موازنہ کر کے نجات اخروی کی فکر کی جاتی۔ لیکن میں نے فریق ثانی کے جملہ دعووں کو بالکل بے حقیقت، مبالغہ آمیز اور انتہائی غلو پر مبنی پایا ہے۔ گو مسئلہ زیر بحث میں ائمہ دین کا اختلاف رہا ہے مگر جو بے اصل دعاوی فریق ثانی کے اہل علم حضرات نے کیے ہیں وہ بالکل بے اصل ہیں اور ان حضرات کی ان کارستانیوں پر مطلع ہونے کے بعد قرین انصاف تو یہ تھا کہ ہم بھی اپنی لن ترانیوں پر آ جاتے اور ان کی سراب حقیقت کو الم نشرح کرتے ہوئے کہہ دیتے ؎

محتسب خم شکست و من سراو
اَلسِّنُّ بِالسِّنِّ وَالْجُرُوْحَ قِصَاص

لیکن قرآن کریم کی تعلیم اور حدیث نبوی کے صریح ارشادات اور جن اکابر سے ہمیں لگاؤ اور تعلق ہے ان سے ربط و نسبت ہمیں ہرگز اس کی اجازت نہیں دیتی کہ ہم اس قسم کی لچر پوچ اور فتنہ انگیز باتیں بکتے پھریں۔ ہمیں تو اصلیت اور حقیقت کو بے نقاب اور آشکارا کرنا ہے اور بس اور اس کتاب کی تالیف و ترتیب سے جو ناراضگی فریق ثانی کو پیدا ہو گی اس کے متعلق صرف اتنا کہنا ہی کافی ہے کہ ع :

"اے باد صبا ایں ہمہ آوردۂ تست"

یہ بات تو پوری تفصیل کے ساتھ اپنے موقع پر بیان ہو گی کہ امام کے پیچھے سورۂ فاتحہ ترک کرنے والے صرف ہم احناف ہی نہیں، بلکہ جمہور صحابہ کرام رضو و تابعین رح و اتباع تابعین رح ہیں اور اکثر سلف و خلف کی معیت سے ہمارا دامن تحقیق وابستہ ہے۔ اور جمہور اپنے اس محقق نظریہ پر نص

قرآنی اور بے شمار حدیثیں پیش کرتے ہیں۔ اور ایسے اختلافی مسائل میں (خصوصاً جن میں بعض صحابہ کرام رضا اور ائمہ دینؒ کا اختلاف ہو) ہمارا یہ منصفانہ عندیہ ہے کہ جو بات ظاہر قرآن کریم و حدیث اور جمہور کے عمل کے مطابق ہوتی ہے۔ ہم نہ صرف یہ کہ اس کے سامنے سر تسلیم خم کر دیتے ہیں بلکہ اس کو اپنا دینی سرمایہ اور باعث صد افتخار سمجھتے ہیں اور جن مسائل میں طرفین کے پاس قرآن و حدیث کے دلائل ہوں۔ ہم اس پہلو کو جو قرآن و سنت کے قریب تر ہوتا ہے۔ اختیار کرتے ہیں۔ اور اپنے مسلک کی تائید میں تطبیق اور ترجیح کے ٹھوس دلائل پیش کرتے ہیں اور فریق ثانی کے حق میں غلط موشگافی اور غیر محتاط لفظ زبان سے نکالنا ہرگز جائز نہیں سمجھتے اور تمام مسائل اختلافیہ اور اجتہادیہ میں ہمارا یہی نظریہ ہے جس کی مزید تحقیق آپ کو راقم الحروف کی کتاب الکلام المفید فی اثبات التقلید میں ملے گی۔ مع ہٰذا معصوم ہونے کا دعوٰی بھی نہیں ہے۔ کیونکہ والعصمۃ بید اللہ تعالیٰ وحدہٗ۔

ہم حیران ہیں کہ مسئلہ زیر بحث میں تکفیر اور تضلیل کس کی ہو گی؟ اور تجہیل و تجہیل کس کی؟ بے سند اور بے دلیل ہونے کا الزام کس پر عائد ہو گا؟ اور لعنۃ اللہ علی الکاذبین کے الفاظ سے مباہلہ کس سے ہو گا؟ کیونکہ مسئلہ کے اختلافی ہونے میں فریق ثانی کا بھی اتفاق ہے۔ چنانچہ حضرت امام بیہقی رح (المتوفی ۴۵۸ھ) نے اس مسئلہ پر ایک مستقل کتاب (کتاب القرأۃ) لکھی ہے۔ اس میں تحریر کرتے ہیں کہ حضرات صحابہ کرام رض کے عہد سے اس وقت تک باقاعدہ اس مسئلہ میں اختلاف چلا آتا ہے۔

(کتاب القرأۃ ص ۱۴۶)[1]

اور مولانا مبارک پوری صاحبؒ المتوفی ۱۳۵۳ھ جن کی کتاب تحقیق الکلام پر فریق ثانی کے مسئلہ زیر بحث پر مناظرہ کا دارو مدار ہے امام خطابی رح المتوفی ۳۸۸ھ کے حوالہ سے نقل کرتے ہیں[2]:

---

[1] ولفظہ: فی مسئلۃ معروفۃ مشہورۃ بما فیہا من الاختلاف منذ عصر الصحابۃ رض الی یومنا ھذا۔۔۔ یعنی یہ مسئلہ معروف و مشہور ہے۔ اس میں اختلاف حضرات صحابہ کرام رض کے زمانہ سے تاہنوز چلا آتا ہے۔ (کتاب القرأۃ ص ۱۴۶)

[2] یہ بحث امام خطابی رحؒ نے "معالم السنن" میں کی ہے۔ چنانچہ وہ فرماتے ہیں کہ علماء نے اس مسئلہ میں اختلاف کیا ہے صحابہ کرام رض کی ایک جماعت سے روایت کی گئی ہے کہ انھوں نے امام کے پیچھے قرأۃ کرنے کو واجب کہا ہے اور دوسرے صحابہ کرام رض سے مروی ہے کہ وہ امام کے پیچھے قرأت نہیں کیا کرتے تھے اور فقہاء کے تین قول ہیں:
(باقی ص پر)

"کہ اس مسئلہ میں صحابہ کرامؓ کا اختلاف تھا۔ ایک گروہ وجوب قرأۃ خلف الامام کا قائل تھا تو دوسرا منکر۔ اس لیے فقہاؒ اور ائمہؒ کا بھی اس میں اختلاف ہے۔ ایک گروہ مطلقاً وجوب کا قائل ہے اور دوسرا مطلقاً ممانعت کا۔ تیسرا گروہ سری نمازوں میں قائل ہے اور جہری نمازوں میں قائل نہیں ہے۔

(تحفۃ الاحوذی جلد ۱ ص ۲۵۷)

اندریں حالات انصاف کا تقاضا تو یہ تھا کہ فریق ثانی جس پہلو کو حق اور صحیح سمجھتا۔ شدت کے ساتھ اس پر عمل پیرا ہوتا۔ لیکن تکفیر اور تفسیق وغیرہ اور تعدی و تجاوز کے الفاظ سے گریز کرتا نہ تو مباہلہ کا چیلنج دیتا اور نہ حلفیہ طور پر دوسرے فریق کو بے نماز اور مفسدین صلوٰۃ کا خطاب دیتا اور ایسے اختلافی مسئلہ میں سنجیدگی اور متانت سے کام لیتے ہوئے تعصب، عناد، غلو اور زبان درازی سے اجتناب کرتا۔ مگر کاش کہ اس نے ایسا نہ کیا۔

ہمارا مدعا چونکہ عامۃ المسلمین کو مسئلہ زیر بحث سے شناسا کرنا ہے۔ اس لیے ہم نے عوام کی رعایت کرتے ہوئے نہایت سہل اور حتی الوسع سلیس زبان استعمال کی ہے۔ اسی وجہ سے اکثر عربی عبارات پیش نہیں کی گئیں بلکہ ان کے حوالہ درج کر دینے پر اکتفا کی گئی ہے۔ ہاں البتہ جہاں کسی خاص مصلحت سے اصل عربی عبارت پیش کرنا ضروری معلوم ہوا ہے تو وہاں اصل عبارت نقل کر کے اس کا ترجمہ بھی ساتھ ہی لکھ دیا ہے تاکہ خواص اور عوام دونوں برابر استفادہ کر سکیں۔

ہم نے بعض مقامات پر حتی الوسع متانت اور سنجیدگی کو مدنظر رکھتے ہوئے بعض علمی چوٹیں بھی کی ہیں جن سے ان اکابر کے طرز استدلال کی خامی اور اس کا نقص واضح کرنا مقصود ہے اور جن سے بڑے بڑے اکابر کے خیالات اور نفسی میلانات کی پردہ دری ضرور ہوگی لیکن پردہ دری کئے بغیر درون پردہ کا نظارہ کس نے کیا ہے؟ ورنہ حاشا و کلا ہمارے اس علمی اور تحقیقی طنز سے نہ سلف صالحین سے بدظنی ہے اور نہ تمسخر اور نہ زمانہ حال کے حضرات کی دل آزاری۔ واللہ علی ما نقول شہید۔

(بقیہ صفحہ) امام مکحولؒ، اوزاعیؒ، شافعیؒ اور ابو ثورؒ فرماتے ہیں کہ امام کے پیچھے جہری اور سری سب نمازوں میں قرأۃ کرنا ضروری ہے اور امام زہریؒ، مالکؒ، عبداللہ بن المبارکؒ، احمد بن حنبلؒ اور اسحاق بن راہویہؒ فرماتے ہیں کہ مقتدی سری نمازوں میں امام کے پیچھے قرأۃ کرے لیکن جہری نمازوں میں قرأۃ نہ کرے۔ اور امام سفیان ثوریؒ اور اصحاب الرأی یہ فرماتے ہیں کہ امام کے پیچھے کوئی شخص قرأۃ نہ کرے۔ امام جہر سے قرأۃ کر رہا ہو یا آہستہ۔" اھ

(معالم السنن جلد ۱ ص ۲۰۵ طبع مصر)

ہم نے اپنے استدلال میں جملہ پیش کردہ احادیث اور آثار کی اسانید نقل کر کے ہر روایت اور اثر کے جملہ راویوں کی کتب اسماء الرجال سے توثیق نقل کر دی ہے تاکہ پڑھنے والوں کو ہر قسم کی سہولت رہے اور دشواری پیش نہ آئے۔ البتہ متابعات اور شواہد میں نیز ضمنی اور استطرادی ابحاث میں رواۃ کی توثیق کا التزام نہیں کیا گیا اور فریق ثانی کی طرف سے جملہ نقل کردہ روایات و آثار میں جو ضعف و کمزور اور مجروح و متکلم فیہ راوی ہیں۔ ان پر کتب رجال سے جرحی کلام نقل کر دیا ہے تاکہ بلند و بالا دعاوی کرنے والوں کو اپنے دلائل کا معیار بھی معلوم ہو جائے اور جن حضرات صحابہ کرام رضی اللہ عنہم و تابعینؒ اور ائمہ دینؒ کی مسئلہ زیر بحث میں معیت جمہور کو حاصل ہے۔ ان کی ثقاہت اور بعض صفات عالیہ کا تذکرہ بھی کر دیا گیا ہے تاکہ عوام کو بھی یہ بات بخوبی معلوم ہو جائے کہ ان اکابر کا اسلام اور مسلمانوں میں کیا رتبہ ہے؟

ہم نے بعض مقامات پر ائمہ جرح و تعدیل اور جمہور محدثین کرامؒ کے مسلمہ اور طے شدہ اصول و ضوابط کے عین مطابق ثقہ راویوں سے متعلق ثقاہت اور عدالت کے اقوال تو نقل کر دیئے ہیں لیکن اگر بعض ائمہ کا کوئی جرحی کلمہ ملا ہے تو وہ نظر انداز کر دیا ہے۔ اسی طرح اگر کسی ضعیف اور کمزور راوی کے بارے میں کسی امام کا کوئی توثیق کا جملہ ملا ہے تو اس کو بھی درخور اعتنا نہیں سمجھا۔ کیونکہ فن رجال سے ادنیٰ واقفیت رکھنے والے حضرات بھی بخوبی اس امر سے واقف ہیں کہ کوئی بھی ایسا ثقہ جس پر جرح کا کوئی کلمہ منقول نہ ہو یا ایسا ضعیف جس کو کسی ایک نے بھی ثقہ نہ کہا ہو کبریت احمر کے مترادف ہے۔ حضرات صحابہ کرامؓ کا رتبہ کس سے مخفی ہے؟ اور الصحابۃ کلھم عدول کے جملہ سے کون اہل علم ناواقف ہے؟ مگر خوارج اور روافض کا نظریہ بھی ان کے بارے میں پوشیدہ نہیں ہے۔ بایں ہمہ ہم نے توثیق و تضعیف میں جمہور ائمہ جرح و تعدیل اور اکثر ائمہ حدیث کا ساتھ اور دامن نہیں چھوڑا مشہور ہے کہ

زبانِ خلق کو نقارۂ خدا سمجھو

تا حدِ ممکن اسانید کو پورا پورا نقل کیا گیا ہے اور ترجمہ میں اخبرنا، اخبرنی، حدثنا، حدثنی، قال فلاں عن فلاں، روی فلاں اور رُوِی عن فلاں وغیرہ اصطلاحات کی پوری رعایت رکھی گئی ہے تاکہ ایک طرف نقل سند کے سلسلہ میں کسی قسم کی خیانت واقع نہ ہو۔ اور دوسری طرف سندات کو دیکھ کر صحیح و ضعیف، متصل اور منقطع وغیرہ کا فرق سمجھنے کی اہلیت رکھنے

والوں کا بھی پورا پورا لحاظ رکھا گیا ہے۔ اکثر مقامات پر جتنی کتابیں دستیاب ہو سکی ہیں۔ ان کے حوالے درج کر دیئے گئے ہیں۔ بعض متن میں اور بعض حاشیہ میں (تاکہ اصل عبارت کی ترتیب اور تسلسل میں کھٹک اور اضطراب پیدا نہ ہو) اور یہ حوالے اس لیے درج کیے گئے ہیں تاکہ جو کتاب بھی آسانی کے ساتھ کسی صاحب کو میسر اور دستیاب ہو سکے۔ اس کی طرف مراجعت کر کے اصل عبارت یا اس کا ترجمہ بنظر انصاف دیکھ لیا جائے اور اکثر تاریخی واقعات اور ضمنی ابحاث کو حاشیہ پر درج کر دیا گیا ہے تاکہ پڑھنے والے حضرات اصل مضمون کو مرتب اور مربوط طور پر یکبارگی پڑھ لیں۔ اور مزید تفصیل اور تشریح کے لیے حاشیہ دیکھ لیں۔ بنا بریں توضیحِ بیان، رفعِ شبہ، رفعِ ابہام، توثیقِ رجال، جرحِ رواۃ اور دیگر نہایت ضروری امور کے لیے بہت سے تشریحی حواشی بڑھا دیے گئے ہیں تاکہ خواص کے علاوہ عوام کے لیے بھی یہ کتاب چراغِ راہ کا کام دے۔

حضرات سلف صالحین کی عبارات کے پہلو بہ پہلو ہم نے فریق ثانی کی عبارات اور تحریرات سے بھی استفادہ کیا ہے اور ان کی عبارتیں اپنی تائید میں نقل کی ہیں۔ مگر ان کی عبارات سے احتجاج کرنے میں سینہ زوری سے کام نہیں لیا گیا بلکہ ان سے جو منطوق اور مفہوم کے لحاظ سے ہماری سمجھ میں آیا ہے وہ لکھ دیا ہے۔ ہاں اگر کسی موقع پر مناظرانہ رنگ میں ان کی عبارت کی تشریح میں طنز اور ظرافت کے طور پر کچھ لکھا گیا ہے تو اس کا انکار نہیں، لیکن بحمد اللہ تعالیٰ انصاف کا دامن حتی الوسع ہاتھ سے نہیں چھوڑا۔ والعصمۃ بید اللہ تعالیٰ وحدہٗ۔

ع : یہ اپنی حد نظر ہے کسی کی دید کہاں

جہاں تک انسانی اور امکانی کوشش کا تعلق ہے۔ حوالہ جات کی تصحیح کا پورا التزام کیا گیا ہے۔ معہذا اگر جلد اور صفحہ کا نمبر اور ہندسہ کسی وجہ سے بدل جائے تو غوغا آرائی کے بجائے اس کی تصحیح کر لی جائے۔ دل میں پورا احترام موجود ہے اور ارادہ بھی تھا کہ محدثین کرامؒ، فقہائے عظامؒ اور ارباب جرح و تعدیل کے ناموں کے پہلے امام علامہ حافظ اور شیخ و حضرت وغیرہ کے توصیفی الفاظ لکھے جائیں، مگر ان کے ناموں کے بار بار آنے سے ہر جگہ ایسا لکھنا ایک دشوار امر ہے۔ لہٰذا اس فعل کو گستاخی پر محمل نہ کیا جائے، بلکہ ایک مجبوری امر سمجھا جائے اور جہاں ہم نے راویوں

کے ناموں میں تصحیف اور غلطی کو درست کیا ہے اور اس پر تاریخی اور ٹھوس واقعات اور شہادتیں نقل کی ہیں۔ ان کو بنظرِ انصاف دیکھا جائے اور جلد بازی سے ہرگز کام نہ لیا جائے۔ اور اگر کسی مقام پر طرزِ استدلال میں کوئی خامی یا کمزوری نظر آئے تو قصور اور لغزش کو مجھ سے منسوب کریں نہ کہ جمہور سلف و خلف سے۔ کیونکہ ؎

میرے ساقی نے عطا کی ہے مئے بے دُرد و صاف
رنگ جو کچھ دیکھتے ہو میرے پیمانے کا ہے

اس کے علاوہ کہیں کہیں میرے اپنے استنباطات اور اجتہادات بھی ہوں گے۔ ان میں غلطی کا واقع ہونا بہت اغلب ہے۔ اور ان کو یوں سمجھنا چاہیے کہ ع:

"چراغِ راہ ہیں منزل نہیں ہیں"

مسئلہ زیرِ بحث کی اہمیت کے پیشِ نظر اس کے کسی گوشہ کے متعلق بھی کچھ عرض کرنا میرے لیے اپنی تہی مائیگی اور بے بضاعتی کے باعث چھوٹا منہ بڑی بات کا مصداق ہے۔ چاہیے تو یہ تھا کہ اس مسئلہ پر ایسے حضرات خامہ فرسائی کرتے جو خود بھی کچھ ہوتے۔ یہاں اپنا حال یہ ہے کہ اس پر کچھ لکھنا ہی اس بڑے اہم اور مبارک کام کی توہین ہے لیکن جب میں نے اس مسئلہ کے جمع و ترتیب اور تحقیق و تمحیص کے لیے قدم اٹھایا تو صورتِ حال کا یہ نقشہ دیکھ کر مجھے ایسا محسوس ہونے لگا کہ کوئی اور طاقت ہے جو بے اختیار یہ کام لے رہی ہے ؎

مری طلب بھی اسی کے کرم کا صدقہ ہے
قدم یہ اٹھتے نہیں ہیں اٹھائے جاتے ہیں

ضروری التماس: حتی الوسع میں نے اس مسئلہ کے ہر پہلو کو مکمل اور واضح کرنے میں انتہائی کوشش کی ہے لیکن باوجود اس کے یہ دعویٰ ہرگز نہیں کیا جا سکتا کہ یہ کتاب اس مسئلہ کی تحقیق کے لیے آخری کتاب ہے۔ یا باوجود اتنی محنت اور کاوش اٹھانے کے یہ کتاب غلطیوں سے بالکل مبرا ہے کیونکہ اوّل تو انسان کا کوئی کام لغزش اور خطا سے یوں بھی خالی نہیں ہوتا۔ اس لیے کہ خطا اور نسیان انسان کا خمیر ہے۔ اور پھر کام بھی اس بندۂ عاجز کا جو سراپا تقصیر و خطا ہو۔ اس کی نسبت بالکل صحت کا دعویٰ کس طرح ہو سکتا ہے؟ لہٰذا التماس ہے کہ

مجھ کو ہدفِ ملامت بنانے کے بجائے منصفانہ تنقید کے اصول پر میری راہنمائی کی جائے۔ اللہ تعالیٰ نے چاہا تو غلط بات کی تلافی کرنے اور حق کے تسلیم کرنے میں مجھے کوئی تامل نہ ہوگا۔ انشاء اللہ تعالیٰ۔
الغرض کتاب کی معنوی صورت ہو یا صوری، بہر حال نگاہ مقصود پر رکھیے اور میری کوتاہیوں پر مجھے مطلع کیجیے۔ حقیقت تو یہ ہے کہ ؎

نغمہ کجا و من کجا ساز سخن بہانہ ایست
سوئے قطار می کشم ناقۂ بے زمام را

دعا کیجیے کہ اللہ تعالیٰ قلب میں اپنی محبت، ارادہ میں قوت، جسم میں صحت اور عمر میں درازی عطا فرمائے اور کتاب و سنت کی پیروی اور حضرات سلف صالحین کی اتباع اور اطاعت کا صحیح جذبہ مرحمت فرمائے اور ہر نیک عمل میں اخلاص و احسان کی توفیق دے۔ اگر یہ مقصد حاصل ہو جائے تو کتاب کا ہر عیب حسن ہے اور اگر یہ نہ ہو تو تمام خوبیاں بے معنی ہیں اور اس فقیر بے زاد اور ماہی بے آب اور تہی دستِ علم و عمل کی خدائے برتر و بزرگ سے نہایت اخلاص سے یہ دعا ہے کہ جب تک دنیا میں زندہ رکھنا ہے تو اپنی رضا اور خوشنودی کی توفیق دے۔ اور جب دنیا سے اٹھانا منظور ہو تو خاتمہ بالخیر ہو۔ ؎

خدا سے مانگ جو کچھ مانگنا ہو اے اکبر
یہی وہ در ہے کہ ذلت نہیں سوال کے بعد

وَمَا تَوْفِيقِي إِلَّا بِاللّٰهِ عَلَيْهِ تَوَكَّلْتُ وَإِلَيْهِ أُنِيبُ ط

ابو الزاہد محمد سرفراز خاں صفدر
خطیب جامع گکھڑ، ضلع گوجرانوالہ

۲۰ رجب ۱۳۷۴ھ
۱۵ مارچ ۱۹۵۵ء

مقدمہ

اَلْحَمْدُ لِلّٰهِ رَبِّ الْعٰلَمِيْنَ وَالصَّلٰوةُ وَالسَّلَامُ عَلٰى خَاتَمِ الْاَنْبِيَاءِ وَالْمُرْسَلِيْنَ وَعَلٰى اٰلِهٖ وَاَصْحَابِهِ الْمُهْتَدِيْنَ وَعَلٰى جَمِيْعِ اُمَّتِهٖ وَالْاَئِمَّةِ الْمُقْتَرِبِيْنَ الَّذِيْنَ بَلَّغُوْا كَلَامَ رَبِّ الْعٰلَمِيْنَ وَاَحَادِيْثَ رَحْمَةٍ لِّلْعٰلَمِيْنَ اِلَى النَّاسِ كَافَّةً لِيَدْخُلُوْا بِهَا جَنَّاتِ الْخُلْدِ وَالْبَسَاتِيْنَ

ضروری معلوم ہوتا ہے کہ اصول موضوعہ کے طور پر محل نزاع کو اور اس کے اہم اجزائے بحث کو متعین کر لیا جائے۔ تاکہ مسئلہ زیر بحث کی تہ تک پہنچنے میں دقت پیش نہ آئے۔ سو ہماری تحقیق یہ ہے کہ مقتدی کو امام کے پیچھے نہ جہری نمازوں میں سورۂ فاتحہ پڑھنے کی گنجائش ہے۔ اور نہ سرّی نمازوں میں۔ مقتدی کا وظیفہ تمام نمازوں میں یہ ہے کہ پوری دلجمعی اور نہایت خاموشی کے ساتھ امام کی قرأۃ کی طرف توجہ کرے سنے یا نہ سنے، ہمارے اس دعویٰ پر نص قرآنی موجود ہے جس کا معنیٰ اجماع اور اتفاق سے یہ ثابت ہو چکا ہے کہ مقتدی کو امام کے پیچھے قرأۃ سے منع کیا گیا ہے۔ اور صحیح و صریح اور مرفوع قولی اور فعلی حدیثیں بھی اس پر موجود ہیں اور حضرات خلفائے راشدین رضؓ اور ان کے علاوہ جمہور صحابہ کرام رضؓ و تابعین رحؒ و اتباع تابعین رحؒ اور محدثین رحؒ و فقہاء رحؒ کی اکثریت بھی ہمارے ساتھ ہے۔ خصوصاً جہری نمازوں میں۔ ان میں ہر ایک امر کی پوری تفصیل اپنے موقع پر آئے گی۔ انشاء اللہ العزیز۔

حضرات صحابۂ کرام رضا

وہ حضرات صحابۂ کرام رضا جو امام کے پیچھے تمام نمازوں میں قرآۃ کے قائل نہ تھے:
حضرات خلفائے راشدین رضا، حضرت عبداللہ بن عمر رضا، حضرت جابر بن عبداللہ رضا، حضرت زید بن ثابت رضا، حضرت عبداللہ بن مسعود رضا، حضرت ابو الدرداء رضا اور حضرت عبداللہ بن عباس رضا وغیرہ۔

اور وہ حضرات جو جہری نمازوں میں امام کے پیچھے قرآۃ کے قائل نہ تھے۔ ان میں:
حضرت عائشہ رضا اور حضرت ابوہریرہ رضا وغیرہ خاص طور پر قابلِ ذکر ہیں۔ غرضیکہ امام کے ساتھ سورۂ فاتحہ کا پڑھنا حضرات صحابہ کرام رضا میں شایع نہ تھا۔
حضرت شاہ ولی اللہ صاحب رح لکھتے ہیں کہ

زیراکہ خواندن فاتحہ با امام در صحابہ رضا شایع نبود۔ (مصفّٰی جلد ۱ ص ۱۳۱ طبع رحیمیہ دہلی) چنانچہ امام کے ساتھ سورۂ فاتحہ کا پڑھنا حضرات صحابہ کرام رضا میں شایع نہ تھا۔

حضرات تابعین رح

جو تمام نمازوں میں امام کے پیچھے قرآۃ کے قائل نہ تھے۔ ان میں سے حضرت سوید رح بن غفلہ رضا، سعید بن جبیر رح، سعید بن المسیب رح، محمد بن سیرین رح، اسود بن یزید رح، علقمہ بن قیس رح اور حضرت ابراہیم نخعی رح وغیرہ زیادہ مشہور ہیں۔

اور جو اکابر جہری نمازوں میں قائل نہ تھے۔ ان میں حضرت عروۃ بن زبیر رضا، قاسم بن محمد رضا، امام زہری رح، نافع رح بن جبیر رضا، حسن بصری رح، مجاہد بن جبیر رح، محمد بن کعب القرظی رح، ابو العالیہ ریاحی رح اور امام شعبی رح وغیرہ کے نام قابلِ ذکر ہیں۔

حضرات اتباعِ تابعین رح

جو حضرات مطلقاً امام کے پیچھے قرآۃ کے قائل نہ تھے۔ ان میں حضرت سفیان بن عُیینہ رح، سُفیان ثوری رح اور امام اوزاعی رح وغیرہ مشہور و معروف ہیں۔ وعلیٰ ہٰذا القیاس۔ امام لیث بن سعد رح اور عبداللہ بن وہب رح مشہور ائمہ میں شمار ہوتے ہیں۔ اور قرأت خلف الامام کے قائل نہیں ہیں۔ اور امام بخاری رح کے استاد الاستاد حضرت عبداللہ بن مبارک رح

جہری نمازوں میں قرأۃ خلف الامام کے قائل نہ تھے۔ ان کے علاوہ بے شمار اتباع تابعین ہیں، جن کا احصار اور احاطہ اگر محال نہیں تو آسانی کے ساتھ ممکن بھی نہیں ہے۔ ان تمام اکابر کے اقوال و مسالک پورے حوالہ جات کے ساتھ اور ایک ایک سند مع توثیق رواۃ اور دفع شبہات و تصحیح کے ساتھ اپنے موقع پر پوری بسط کے ساتھ بیان ہوں گے۔ انشاء اللہ العزیز۔

حضرات ائمہ اربعہ رح

چونکہ ائمہ اربعہ رح کے پیرو کار ہر دور میں اکثریت کے ساتھ رہے ہیں اور آج بھی اکثریت مقلدین حضرات ائمہ اربعہ رح کی ہے۔ اس لیے زیادہ مناسب معلوم ہوتا ہے۔ کہ ہم ان حضرات کا مسلک بھی عرض کر دیں۔ اور ان کے بعد ان جلیل القدر ہستیوں کا نظریہ بھی تحریر کر دیں جن کے بارے میں فریق ثانی کو خاص طور پر غلط فہمی ہوئی ہے اور ان ائمہ کرام رح میں سے علی الخصوص حضرت امام ابو حنیفہ رح کا ذکر پہلے مناسب ہے، جو علم، عمر، تقویٰ ورع اور شرف تابعیت کے حاصل کرنے میں دوسرے جملہ ائمہ سے خاص درجہ اور فضیلت کے مالک تھے۔

حضرت امام ابو حنیفہ رح (المتوفی ۱۵۰ھ)

امام کے پیچھے سورۂ فاتحہ پڑھنے کے مطلقاً قائل نہ تھے۔ نہ جہری نمازوں میں اور نہ سری میں۔ چنانچہ مولانا عبد الرحمٰن صاحب مبارکپوری رح تحریر فرماتے ہیں کہ امام محمد رح موطا میں لکھتے ہیں:

"کہ امام کے پیچھے قرأۃ نہ کرنی چاہیے خواہ امام جہر سے قرأۃ کرتا ہو یا آہستہ، اسی پر عام آثار دلالت کرتے ہیں اور امام ابو حنیفہ رح کا مسلک اور مذہب بھی یہی ہے۔"[1]

---

[1] تحفۃ الاحوذی جلد ۱ ص: ۲۵۸۔ یہ عبارت موطا امام محمد رح ص ۹۴۔ جامع المسانید جلد ۱ ص ۳۲۶، فتح القدیر جلد ۱، ص ۲۴۱ اور روح المعانی جلد ۹ ص ۱۳۵ وغیرہ میں بھی نقل کی گئی ہے۔

[2] امام موصوف سے متعلق بھی نہ جاننے والوں اور متعصب لوگوں نے کیا کیا الزام نہیں لگائے ہیں؟ کسی نے ان کو ضعیف کہا اور کسی نے یتیم فی الحدیث کے خطاب سے نوازا۔ لیکن حقیقت بالکل اس کے برعکس ہے۔ علامہ ذہبی رح (المتوفی ۷۴۸ھ) ان کے بارے میں لکھتے ہیں: کہ وہ الامام الاعظم،

(باقی اگلے صفحہ پر)

(بقیہ حاشیہ پچھلا صفحہ) فقیہ العراق، امام متورع، عالم، عامل، متقی اور کبیر الشان تھے۔ (تذکرۃ الحفاظ جلد ۱ ص ۱۵۸)۔ حافظ ابن عبد البر رحمہ (المتوفی ۴۶۳ھ) فرماتے ہیں کہ امام وکیع رحمہ نے ان سے بہت سی حدیثیں سنی ہیں۔ (کتاب الانتقاء ۲ صفحہ ۱۵) اور لکھتے ہیں کہ جن لوگوں نے امام موصوف سے روایتیں کیں اور ان کی توثیق و تعریف کی۔ وہ ان سے بہت زیادہ ہیں جنھوں نے (بلاوجہ) ان میں کلام کیا ہے۔ (مختصر کتاب العلم صفحہ ۱۹۴) امام ابن معین رحمہ (المتوفی ۲۳۳ھ) فرماتے ہیں کہ امام موصوف ثقہ تھے۔ وہ صرف اسی حدیث کو بیان کرتے تھے جو ان کو اچھی طرح یاد ہوتی تھی۔ امام عبد اللہ بن المبارک رحمہ فرماتے ہیں کہ ہم نے فقہ میں امام ابو حنیفہ رحمہ جیسا کوئی اور نہیں دیکھا۔ امام الجرح والتعدیل یحییٰ بن سعید القطان (المتوفی ۱۹۸ھ) فرماتے ہیں ہم خدائے قدوس کی تکذیب نہیں کرتے، ہم نے امام موصوف سے بہتر رائے اور بات کسی کی نہیں سنی۔ (تہذیب التہذیب جلد ۱۰ ص ۴۴۹)۔ امام شافعی رحمہ فرماتے ہیں کہ تمام لوگ فقہ میں امام ابو حنیفہ رحمہ کے عیال اور خوشہ چیں ہیں۔ (بغدادی جلد ۱۳ ص ۳۴۶ و تہذیب جلد ۱۰ ص ۴۴۹)۔ علامہ تاج الدین سبکی رحمہ (المتوفی ۷۷۱ھ) لکھتے ہیں کہ امام ابو حنیفہ کی فقہ بڑی مشکل اور دقیق ہے (طبقات کبریٰ جلد ۲ ص ۱۷۴)۔ شاید اسی وجہ سے جاہل اور سطحی قسم کے لوگ ان کی فقہ سے نفرت کرتے ہیں۔ علامہ خطیب بغدادی رحمہ المتوفی ۴۶۳ھ) باوجود امام موصوف پر انتہائی جرح نقل کرنے کے ان کی ذاتی خوبیوں اور علمی قابلیتوں کا انکار نہیں کر سکے اور صاف لکھتے ہیں کہ علم عقائد اور کلام میں لوگ ابو حنیفہ رحمہ کے عیال اور خوشہ چیں ہیں۔ (بغدادی جلد ۱۳ ص ۱۶۱)۔ مشہور محدث اسرائیل (المتوفی ۱۶۲ھ) کا بیان ہے کہ امام ابو حنیفہ رحمہ کیا ہی خوب مرد تھے جنھوں نے ہر ایسی حدیث کو اچھی طرح سے یاد کیا جس سے کوئی فقہی مسئلہ مستنبط ہو سکتا ہے۔ اور وہ بڑی احتیاط کرنے والے اور فقہی مسائل پر عبور کرنے والے تھے (بغدادی جلد ۱۳ ص ۳۳۹) امام ابن معین رحمہ فرماتے تھے کہ علماء تو صرف چار ہیں۔ سفیان ثوری رحمہ، ابو حنیفہ رحمہ، مالک رحمہ اور اوزاعی رحمہ (البدایہ والنہایہ، جلد ۱۰ ص ۱۰۷) حافظ ابن کثیر رحمہ (المتوفی ۷۷۴ھ)۔ امام موصوف کی ان الفاظ سے تعریف کرتے ہیں۔ الامام، فقیہ العراق، احد ائمۃ الاسلام والسادۃ الاعلام، احد ارکان العلماء، احد الائمۃ الاربعۃ اصحاب المذاہب المتبوعۃ، امام عبد اللہ بن داؤد الخریبی رحمہ (المتوفی ۲۱۳ھ) کا ارشاد ہے کہ مسلمانوں کے لیے مناسب ہے کہ امام ابو حنیفہ رحمہ کے لیے نمازوں میں دعا کیا کریں کیونکہ انھوں نے فقہ اور سنت کو محفوظ رکھا جو لوگوں تک پہنچی۔ امام سفیان ثوری رحمہ اور عبد اللہ بن المبارک فرماتے ہیں کہ اپنے زمانہ میں

فائدہ: اس عبارت سے امام محمدؒ (المتوفی ۱۸۹ھ) کا مسلک بھی واضح ہو جاتا ہے کہ وہ

(بقیہ حاشیہ) سب روئے زمین پر بسنے والوں سے بڑھ کر فقہ جاننے والے امام ابو حنیفہؒ تھے۔ امام مکی بن ابراہیم رح فرماتے ہیں کہ امام ابو حنیفہ رح اعلم اہل الارض تھے۔ (البدایہ والنہایہ جلد ۱۰ صـ۱۰۷) علامہ ابن خلدونؒ (المتوفی ۸۰۸ھ) لکھتے ہیں کہ امام موصوف علم حدیث کے بڑے مجتہدین میں سے تھے۔ (مقدمہ ص ۴۴۵) اور لکھتے ہیں کہ فقہ میں ان کا مقام اتنا بلند تھا کہ کوئی دوسرا ان کی نظیر نہیں ہو سکتا۔ اور ان کے تمام ہم عصر علما نے ان کی اس فضیلت کا اقرار کیا ہے۔ خاص طور پر امام مالکؒ اور امام شافعیؒ نے۔ (مقدمہ صـ۴۴۸) علامہ محمد طاہر رح (المتوفی ۹۸۶ھ) لکھتے ہیں کہ اگر اللہ تعالٰی کے نزدیک امام موصوف کی مقبولیت کا کوئی خاص راز اور بھید نہ ہوتا۔ تو امت محمدیہ (علی صاحبہا الف الف تحیۃ) کا ایک نصف حصہ کبھی ان کی تقلید پر مجتمع نہ ہوتا (تکملہ مجمع البحار جلد ۳ ص ۵۴۴) مولانا مبارکپوری صاحبؒ لکھتے ہیں کہ امام ابن معین رح، امام شعبہؒ اور سفیان ثوری رح سب ان کی توثیق کرتے ہیں۔ (تحقیق الکلام صـ۱۴۰) نیز تحریر فرماتے ہیں کہ حدیث (کی قیود اور شرائط) کے بارے میں جتنی تشدد پابندی اور احتیاط امام ابو حنیفہ رح نے کی ہے اور کسی نے اس کا ثبوت نہیں دیا۔ (تحفۃ الاحوذی جلد ۲ صـ۱۱۵) ہم نے اپنی کتاب مقام ابی حنیفہ رح میں امام صاحبؒ کے امام حدیث وفقہ ہونے پر باحوالہ سیر حاصل بحث کی ہے اور عناد و تعصب کی وجہ سے جن لوگوں نے ان پر اعتراضات کیے ہیں ان کے مخصوص جوابات بھی ہم نے اسی کتاب میں عرض کر دیے ہیں۔

نواب صدیق حسن خاں صاحبؒ (المتوفی ۱۳۰۷ھ) رقم طراز ہیں:

امام اعظم ابو حنیفہ رح کوفی وی چنانکہ در علم دین منصب امامت دارد۔ ہم چناں در زہد و عبادت امام سالکان است۔ (تقصار جیود الاحرار من تذکار جنود الابرار صـ۹۳)۔

حضرات اگر امام موصوف میں کوئی خوبی نہ ہوتی۔ تو امت کی اکثریت کے علاوہ امام یحییٰ بن سعید القطانؒ، امام وکیعؒ بن الجراح رح امام ابن معین یحییٰ بن زکریاؒ وغیرہ ایسے امام حدیث کبھی ان کی تقلید نہ کرتے۔ (دیکھیے طائفہ منصورہ) شاید نواب صاحبؒ نے بھی امام اعظم کا خطاب متعصب لوگوں کے توحش کو کم کرنے کے لیے اختیار فرمایا ہے اور علامہ ذہبیؒ بھی ان کی تعریف الامام الاعظم سے شروع کرتے ہیں۔ ع والفضل ما شہدت بہ الاعداء۔

لہ بعض قاصر اور غیر بالغ نظروں نے امام محمدؒ کی شخصیت کو بھی نہیں پہچانا۔ امام محمدؒ فرماتے ہیں کہ میرے

(باقی اگلے صفحہ پر)

بھی کسی نماز میں امام کے پیچھے سورۃ فاتحہ پڑھنے کے قائل نہ تھے۔ اور یہی مضمون ان کی کتاب الآثار صدا۲ میں بھی منقول ہے جن لوگوں نے امام محمدؒ کا یہ مسلک نقل کیا ہے کہ وہ سرّی نماز میں مقتدی کے لیے امام کے پیچھے سورۃ فاتحہ پڑھنے کو مستحسن سمجھتے تھے۔ وہ غلطی پر ہیں۔ چنانچہ حافظ ابن ہمام رحؒ (المتوفی ۸۸۷ھ) تحریر فرماتے ہیں کہ جو لوگ امام محمد رحؒ کا یہ مذہب نقل کرتے ہیں کہ وہ امام کے پیچھے مقتدی کے لیے سورۃ فاتحہ کو جائز اور مستحسن سمجھتے ہیں وہ لوگ غلط فہمی کا شکار ہیں۔ [1]

(بقیہ حاشیہ پچھلا صفحہ) والد نے تیس ہزار درہم چھوڑے تھے، پندرہ ہزار میں نے نحو، شعر اور ادب کی تعلیم پر صرف کیے اور پندرہ ہزار حدیث اور فقہ کی تعلیم پر (بغدادی جلد ۲ ص ۱۷۳) امام شافعی رحؒ فرماتے ہیں کہ میں نے امام محمدؒ سے ایک اونٹ کے بوجھ کے برابر علم حاصل کیا ہے۔ اور اگر وہ نہ ہوتے تو مجھ پر علم کی اتنی راہیں نہ کھلتیں جتنی اب کھلی ہیں۔ اور میں نے امام محمدؒ سے بڑا کوئی شخص کتاب اللہ کا عالم نہیں دیکھا۔ (شذرات الذہب جلد ۱ ص ۳۲۳) امام ابو عبیدؒ کا بیان ہے کہ میں نے امام محمدؒ سے بڑا کوئی کتاب اللہ کا عالم نہیں دیکھا (بغدادی جلد ۲ صفحہ ۱۷۵) امام شافعی فرماتے ہیں کہ میں نے کوئی شخص ایسا نہیں دیکھا جس سے کوئی مشکل مسئلہ پوچھا جاتے اور اس کے تیوروں پر بل نہ پڑتے ہوں۔ البتہ ہاں محمدؒ اس سے مستثنیٰ ہیں۔ (ابن خلکان جلد ۱ صفحہ ۴۵۳) امام شافعیؒ سے پوچھا گیا کہ آپ نے امام مالکؒ اور امام محمدؒ...... دونوں کی رفاقت کی ہے۔ ان دونوں میں بڑا فقیہ کون ہے؟ فرمایا امام محمدؒ باعتبار نفس کے امام مالکؒ سے بڑے فقیہ ہیں۔ (شذرات الذہب جلد ۱ صفحہ ۳۲۲) اس سے ملتے جلتے الفاظ یحییٰ بن صالح رحؒ سے بھی منقول ہیں (بغدادی جلد ۲ صفحہ ۱۷۲) امام دارقطنیؒ (المتوفی ۳۸۵ھ) باوجود متعصب ہونے کے امام محمدؒ کو ثقات اور حفاظِ حدیث میں شمار کرتے ہیں۔ چنانچہ ایک مقام پر لکھتے ہیں کہ یہ حدیث بیس عدد ثقات اور حفاظِ حدیث نے بیان کی ہے جن میں امام محمدؒ بن الحسن الشیبانیؒ، یحییٰ بن سعید القطانؒ، عبداللہ بن المبارکؒ، عبدالرحمٰن بن مہدیؒ، اور ابن وہبؒ وغیرہ شامل ہیں (بحوالہ نصب الرایہ جلد ۱ صفحہ ۴۰۹) امام دارقطنیؒ ان کو ثقات اور حفاظ میں پہلے نمبر پر بیان کرتے ہیں۔ ؎

میری انتہائے نگارش یہی ہے   تیرے نام سے ابتدا کر رہا ہوں

امام شافعیؒ فرماتے ہیں کہ میں نے امام محمدؒ سے زیادہ عقلمند کوئی نہیں دیکھا (البدایہ والنہایہ جلد ۱۰ صفحہ ۲۰۲) امام ابن جریر الطبریؒ فرماتے ہیں کہ امام محمدؒ بن الحسنؒ فقیہ اور عالم تھے۔ انھوں نے امام مالکؒ سے بہت حدیثیں لکھی ہیں اور اسی طرح ثوریؒ وغیرہ سے بھی۔ (الانتقاء صفحہ ۱۷۴)

[1] صاحب درمختار نے لکھا ہے کہ امام محمدؒ کی طرف یہ نسبت کہ وہ امام کے پیچھے (باقی اگلے صفحہ پر)

ان کا قول حضرت امام ابوحنیفہ رح اور امام ابو یوسف رح کی طرح ممانعت کا ہے۔ (بحوالہ فتح الملہم جلد ۲ ص۔)
امام ابو یوسف[۱] (المتوفی ۱۸۲ھ) کا مسلک بھی اس سے واشگاف اور آشکارا ہوگیا ہے کہ وہ بھی جملہ نمازوں میں امام کے پیچھے سورۃ فاتحہ کے قائل نہ تھے۔

(بقیہ حاشیہ پچھلا صفحہ) قرأۃ کو جائز قرار دیتے ہیں۔ ضعیف ہے اور علامہ شامی رح لکھتے ہیں کہ امام محمد رح نے کتاب الآثار میں تصریح کی ہے کہ ہم جہری اور سری .... کسی نماز میں امام کے پیچھے قرأۃ کے قائل نہیں ہیں۔

ودعوی الاحتیاط ممنوعۃ بل الاحتیاط ترک القرأۃ لانہ العمل باقوی الدلیلین اھ۔

اور یہ دعوے کہ امام کے پیچھے قرأۃ کرنے میں احتیاط ہے تو یہ دعوٰی ممنوع ہے بلکہ احتیاط ترک قرأۃ میں ہے کیونکہ یہاں دو دلیلوں میں سے قوی تر دلیل پر عمل ہو رہا ہے۔

(رد المختار جلد ۱ ص ۳۶۶)

[۱] امام ابو یوسف رح کے بارے میں فریق ثانی بعض محدثین کا تَرَکُوہُ کا جملہ لیے لیے پھرتا ہے۔ حالانکہ بات یہ نہیں ہے۔ امام نسائی رح لکھتے ہیں کہ وہ ثقہ تھے۔ (ضعفاء صغیر ص ۵۶) ۔ امام بیہقی رح کہتے ہیں: وہ ثقہ تھے (سنن الکبرٰی جلد ۱ ص ۲۴۳) حافظ عبدالقادر القرشی الحنفی رح (المتوفی ۷۷۵ھ) فرماتے ہیں کہ امام محمد رح اور امام ابن معین رح اور امام علی بن المدینی رح فرماتے ہیں کہ وہ ثقہ ہیں۔ (الجواھر المضیۃ جلد ۲ ص ۲۲۱)
علامہ خطیب رح لکھتے ہیں کہ امام ابن معین رح اور امام احمد بن حنبل رح اور علی بن مدینی رح سب کا اس بات پر اتفاق ہے کہ امام ابو یوسف رح ثقہ تھے۔ (بغدادی جلد ۱۴ ص ۲۴۳) علامہ ذہبی رح ان کو الامام العلامہ اور فقیہ العراقیین لکھتے ہیں (تذکرہ جلد ۱ ص ۲۶۹) امام مزنی رح کا بیان ہے کہ فقہاء اور اصحاب الرائے میں وہ سب سے زیادہ حدیث کی اتباع کرنے والے تھے (البدایہ والنہایہ جلد ۱۰ ص ۱۸۰) امام ابن قتیبہ رح (المتوفی ۲۷۶ھ)۔ ان کو صاحب سنت اور حافظ لکھتے ہیں۔ (معارف ابن قتیبہ ص ۱۷۱) امام ابن معین رح ان کو صاحب حدیث اور صاحب سنت کہتے ہیں (تذکرہ جلد ۱ ص ۲۷۰) اور ان سے یہ بھی منقول ہے کہ اصحاب رائے میں وہ سب سے زیادہ حدیثیں روایت کرنے والے اور اثبت فی الحدیث تھے۔ (ایضاً) علامہ ابن خلکان رح (المتوفی ۶۸۱ھ) لکھتے ہیں کہ امام ابو یوسف رح حافظ اور کثیر الحدیث تھے (ابن خلکان جلد ۲ ص ۳۰۳) علامہ عبدالقادر رح (المتوفی ۶۹۹ھ) لکھتے کہ مشرق سے مغرب تک قضاۃ کی تقرری ان کے سپرد تھی (الجواہر المضیہ جلد ۲ ص ۲۲۱) امام ابن جریر ابن جوزی اور ابن حبان رح ان کو عالم حافظ اور فقیہ کہتے ہیں (مقدمہ زیلعی ص ۱۴) اور امام یحیٰی رح بن معین رح سے امام ابو یوسف رح کے

حضرت امام مالکؒ (المتوفی ۱۷۹ھ) بھی امام کے پیچھے جہری نمازوں میں مقتدی کے لیے سورۃ فاتحہ پڑھنے کے حق میں[1] نہ تھے۔ اور سری نمازوں میں گو امام کے پیچھے سورۃ فاتحہ پڑھنے کی مقتدی کو اجازت دیتے ہیں۔ لیکن مع ہذا وجوب کے قائل نہ تھے۔ چنانچہ مولانا مبارک پوری صاحبؒ لکھتے ہیں کہ امام مالکؒ[2] سری نمازوں میں وجوب قرأۃ خلف الامام کے قائل نہ تھے۔

(تحفۃ الاحوذی جلد۱ ص ۲۵۷)

(بقیہ حاشیہ) بارے میں پوچھا گیا تو انھوں نے فرمایا ثقہ صدوق (مناقب کردری جلد۱ صفحہ ۲۲۰ ومناقب موفق ج۲ ص۱۹۱) امام احمد بن حنبلؒ فرماتے ہیں کہ مجھے جب طلب حدیث کا شوق حاصل ہوا تو سب سے پہلے میں قاضی ابو یوسف کی خدمت میں حاضر ہوا (بغدادی جلد۱۴ صفحہ ۲۵۵) امام ابن حبانؒ فرماتے ہیں کہ وہ شیخ اور متقن تھے۔ (لسان المیزان جلد۱ صفحہ ۳۰۱) علامہ ذہبیؒ فرماتے ہیں کہ وہ حسن الحدیث ہیں (تلخیص المستدرک جلد۱ صفحہ ۴۷) امام ابن عبد البرؒ امام طبریؒ کے حوالہ سے نقل کرتے ہیں کہ امام ابو یوسفؒ فقیہ عالم اور حافظ تھے پچاس اور ساٹھ تک حدیثیں وہ ایک مجلس میں یاد کر لیا کرتے تھے اور وہ کثیر الحدیث تھے۔

(الانتقاء ص۱۷۲)

[1] امام مالکؒ کا یہ مذہب ومسلک ان کی مشہور کتاب موطا ص۲۹ اور تفسیر کبیر جلد۴ ص۵۰۱ ومعالم التنزیل جلد۳ ص ۲۲۴ و روح المعانی جلد۹ ص۱۳۵ و فتح الملہم جلد۲ ص۲۷ اور تحفۃ الاحوذی جلد۱ ص۲۵۵ وغیرہ میں منقول ہے۔

[2] علامہ ذہبیؒ لکھتے ہیں کہ وہ الامام، الحافظ، فقیہ الامت، شیخ الاسلام اور امام دار ہجرت تھے۔ (تذکرہ جلد۱ ص۱۹۳) امام شافعیؒ فرماتے ہیں۔ اگر امام مالکؒ اور ابن عیینہؒ نہ ہوتے تو حجاز کا علم ختم ہو جاتا امام ابن وہبؒ فرماتے ہیں اگر امام مالکؒ اور امام لیثؒ نہ ہوتے تو ہم گمراہ ہو جاتے۔ (تذکرہ ج۱ ص ۱۹۴)

امام احمد بن الخلیلؒ فرماتے ہیں۔ میں نے امام اسحاقؒ بن ابراہیم کو کہتے سنا۔ وہ فرماتے ہیں کہ اگر امام مالکؒ، امام ثوریؒ اور امام اوزاعیؒ کسی مسئلہ پر متفق ہو جائیں تو وہی مسئلہ حق اور سنت ہوگا۔ اگرچہ اس میں نص موجود نہ بھی ہو۔ (تذکرہ جلد۱ ص۱۹۵)

راقم السطور کہتا ہے کہ امام ثوریؒ اور اوزاعیؒ سب نمازوں میں اور امام مالکؒ جہری نمازوں میں ہمارے ساتھ ہیں اور سری نمازوں میں بھی وجوب کے قائل نہیں ہیں۔ لہٰذا اس مسئلہ میں یہی مسئلہ حق اور سنت ہے اور نص قرآنی اور احادیث صحیحہ کے صریح حوالے اس کی استزادہیں جو سونے پر سہاگہ ہے۔

حضرت امام شافعیؒ[1] (المتوفی ۲۰۴ھ) امام موصوف کا مسئلہ زیرِ بحث میں صحیح مسلک کیا تھا؟ اس کے سمجھنے اور نقل کرنے میں بڑے بڑے ائمہ فن سے پیچ در پیچ غلطیوں کا ارتکاب کیا ہے اور اس کو ایک معمہ اور عقدہ لاینحل بنا دیا ہے۔ کسی نے یہ کہہ دیا کہ امام موصوف سب نمازوں میں قرأۃ الفاتحہ خلف الامام کے وجوب[2] کے قائل تھے۔ اور کسی نے کہہ دیا کہ ان کا قدیم قول یہ ہے کہ جہری

(بقیہ حاشیہ) امام عبدالرحمٰن بن مہدیؒ، امام مالکؒ پر کسی کو ترجیح نہ دیتے تھے۔ (تہذیب التہذیب جلد ۱۰ صفحہ ۸)

علامہ ابن سعدؒ فرماتے ہیں کہ امام مالکؒ ثقہ، مامون، ثبت، متورع، فقیہ، عالم اور حجت تھے۔

(تہذیب التہذیب جلد ۱۰ صفحہ ۸)

حافظ ابن کثیرؒ لکھتے ہیں کہ وہ احد الائمۃ الاربعۃ، اصحاب المذاہب المتبعۃ تھے۔ (البدایہ والنہایہ جلد ۱۰ صفحہ ۱۷۴)

امام ابن عبد البرؒ نے کتاب الانتقاء میں کم و بیش ۴۶ صفحات میں ان کے فضائل بیان کیے ہیں۔

نواب صدیق حسن خاں صاحبؒ فرماتے ہیں۔ امام دار ہجرت و احد ائمہ مذاہب (اتحاف صفحہ ۹۱)

[1] علامہ ذہبیؒ ان کی ان الفاظ سے تعریف کرتے ہیں۔ الامام العلم۔ حبر الامۃ اور ناصر السنۃ (تذکرہ جلد ۱ صفحہ ۳۲۹) امام اسحاقؒ بن راہویہؒ فرماتے ہیں۔ مجھ سے امام احمدؒ نے فرمایا۔ آؤ تمہیں ایسا شخص بتاؤں جس کا نظیر اور مثیل تم نے نہیں دیکھا ہوگا۔ پھر مجھے امام موصوف کے پاس لے گئے۔ (بغدادی جلد ۲ صفحہ ۶۸) امام ابو ثورؒ فرماتے ہیں میں نے ان کا نظیر نہیں دیکھا۔ اور مجھے یقین ہے کہ خود انھوں نے بھی اپنا نظیر نہیں دیکھا ہوگا۔ (تذکرہ جلد ۱ صفحہ ۳۲۹)۔ امام ابن عبد الحکم کہتے ہیں کہ امام شافعیؒ ہر بات میں حجت ہیں (تہذیب التہذیب جلد ۹ صفحہ ۳۰)

امام نسائیؒ فرماتے ہیں کہ امام شافعیؒ احد العلماء ثقہ اور مامون تھے۔ (تہذیب التہذیب جلد ۹ صفحہ ۳۱) حافظ ابن کثیرؒ نے ان کی ایسے شاندار الفاظ اور عبارات سے تعریف کی اور عقیدت کے پھول برسائے ہیں جن کے واقعی امام موصوف اہل اور مستحق ہیں۔ (دیکھیے البدایہ والنہایہ جلد ۱۰ صفحہ ۲۵۱) علامہ ابن عبد البرؒ نے ابن عبد الحکمؒ کے حوالہ سے لکھا ہے کہ وہ صاحب سنت وافر، اہل فضل و فصاحت اور مضبوط عقل کے مالک تھے۔

(الانتقاء صفحہ ۷۶)

نواب صدیق حسن خاں صاحبؒ لکھتے ہیں۔ امام شافعیؒ ہم افضل وقت وہم اعلم عہد وہم حجۃ الائمہ وہم مقدم الامۃ۔ (اتحاف صفحہ ۹۳)

[2] یہ قول علامہ بدر الدین عینیؒ نے عمدۃ القاری جلد ۳ صفحہ ۶۴ میں اور اسی طرح دوسرے ائمہ نے بھی نقل کیا ہے۔

نمازوں میں امام کے پیچھے قرأت نہ کی جائے۔ اور قول جدید یہ ہے کہ جہری ہوں یا سری، تمام نمازوں میں قرأۃ واجب[1] ہے۔ اور کسی نے یہ کہہ دیا کہ امام موصوف کے دو قول ہیں۔ ایک جہری نمازوں میں ممانعت کا اور دوسرا اجازت[2] کا۔ لیکن حقیقت ان تمام باتوں کے بالکل برعکس ہے۔

امام موفق الدین[3] ابن قدامہ الحنبلیؒ (المتوفی ۶۲۰ھ) تحریر فرماتے ہیں:

وجملة ذٰلك ان القرأة غير واجبة على المأموم فيما جهر به الامام ولا فيما اسر به نص عليه احمدؒ في رواية الجماعة وبذلك قال الزهريؒ والثوريؒ وابن عيينهؒ ومالكؒ وابو حنيفهؒ واسحٰقؒ

اور اس کا خلاصہ یہ ہے کہ مقتدی پر قرأت واجب نہیں نہ جہری نمازوں میں اور نہ سری میں امام احمدؒ بن حنبلؒ نے صراحت کے ساتھ یہ بیان کیا ہے جیسا کہ علماء کی ایک جماعت نے ان سے نقل کیا ہے اور امام زہریؒ، ثوریؒ، سفیان بن عیینہؒ، مالکؒ، ابو حنیفہؒ اور

---

[1] یہ قول امام بیہقیؒ نے (سنن الکبریٰ جلد ۲ ص ۱۵۴) میں اور دوسرے اکابر نے بھی نقل کیا ہے جن میں حافظ ابن کثیرؒ بھی ہیں۔ (تفسیر جلد ۲ ص ۲۸۳)

[2] یہ قول امام مزنیؒ (المتوفی ۲۶۴ھ) نے مختصر مزنی جلد ۱ ص ۱۶ میں امام بیہقیؒ نے (کتاب القرأۃ ص ۱۱) میں اور شیخ الاسلام ابن تیمیہؒ نے (تنوع العبادات ص ۷۹) میں نقل کیا ہے۔

[3] آپ حضرت امام احمد بن حنبلؒ کے مسلک پر تھے اور سیدنا شیخ عبدالقادر جیلانیؒ کے تلامذہ میں تھے۔ حدیث، فقہ، تفسیر اور طبقات رواۃ کے متبحر اور بے مثل عالم تھے۔ آپ کا سلسلہ نسب یوں ہے۔ عبداللہ بن احمد بن محمد بن قدامہ الدمشقی حجۃ الفقیہ، الزاہد الامام، شیخ الاسلام اور احد الاعلام تھے۔ علامہ ابن نجارؒ کا بیان ہے کہ وہ امام الحنابلہ، ثقہ، حجت، نبیل، غزیر الفضل، کامل العقل اور شدید التثبت تھے۔ امام ابو شامہؒ لکھتے ہیں کہ وہ شیخ الحنابلہ، امام من ائمۃ المسلمین، علم من اعلام الدین فی العلم والعمل تھے۔ محدث ضیاءؒ لکھتے ہیں کہ وہ علوم قرآن وحدیث، فقہ وعلم خلاف کے امام اور یکتائے روزگار تھے۔ شیخ الاسلام ابن تیمیہؒ لکھتے ہیں کہ امام اوزاعیؒ کے بعد ملک شام میں ان سے بڑا کوئی امام داخل نہیں ہوا۔ علامہ ذہبیؒ نے ان کے اوصاف حمیدہ پر دو مستقل جلدیں لکھی ہیں۔ (ترجمۃ الشیخ فی بدء المغنی ص ۲، ۳، ۴) علامہ عزالدین بن عبدالسلامؒ (المتوفی ۶۶۰ھ) فرماتے ہیں۔ میں نے اسلام میں دو کتابوں کی مثال نہیں دیکھی۔ ایک محلّی (علامہ ابن حزمؒ (المتوفی ۴۵۶ھ)

وقال الشافعیؒ وداؤدؒ لعموم قوله علیه السلام لا صلوٰة لمن لم یقرأ بفاتحة الکتاب وغیرہ نہ خص فی حال الجهر بالانصات ففیما عداہ یبقی علی العموم ۔ (انتھی بلفظہ) (مغنی ابن قدامه جلد اصلہ)

اسحاقؒ اسی کے قائل ہیں۔ امام شافعیؒ اور داؤدؒ فرماتے ہیں کہ آں حضرت صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کی حدیث کہ جس شخص نے سورۃ فاتحہ نہ پڑھی اس کی نماز نہ ہوگی۔ عام ہے مگر جہری نمازیں اس حدیث سے مستثنیٰ ہیں کیونکہ ان میں خاموش رہنے کا حکم دیا گیا ہے اور جہری نمازوں کے علاوہ یہ حدیث اپنے عموم پر باقی رہے گی۔

اس عبارت سے یہ امر بالکل عیاں ہو جاتا ہے کہ امام شافعیؒ کے نزدیک جہری نمازوں میں امام کے پیچھے سورۃ فاتحہ کا پڑھنا درست نہیں ہے۔ کیونکہ یہ نص قرآنی اور حدیث صحیح اَنْصِتُوْا کے خلاف ہے۔

فائدہ ۔ اس عبارت سے جس طرح امام شافعیؒ کا مسلک واضح طور پر معلوم ہو جاتا ہے اسی طرح امام داؤد ظاہری کا مسلک بھی نمایاں ہو جاتا ہے کہ وہ بھی جہری نمازوں میں امام کے پیچھے سورۃ فاتحہ کی قراۃ کو جائز نہیں سمجھتے تھے۔ کیونکہ جہری نمازوں میں امام کے پیچھے فاتحۃ الکتاب کا پڑھنا انصات مامور بہ کے منافی ہے۔ ممکن ہے کسی صاحب کو یہ شبہ پیدا ہو کہ ہو سکتا ہے امام ابن قدامہؒ ہی کو امام شافعیؒ کے مسلک کے سمجھنے اور نقل کرنے میں غلطی واقع ہوئی ہو۔ اس لیے زیادہ مناسب معلوم ہوتا ہے کہ ہم خود امام شافعی کی تحریروں سے اس مسئلہ کو حل

(بقیہ حاشیہ پچھلا صفحہ) اور دوسری مغنی ابن قدامہ (تذکرۃ الحفاظ جلد ۴ صفحہ ۱۶۵ و لسان المیزان جلد ۴ صفحہ ۲۰) حافظ تقی الدین علی بن عبد الکافیؒ (المتوفی ۷۵۶ھ) لکھتے ہیں کہ مغنی ابن قدامہ فقہ حنبلی کی بلند پایہ اور معتمد کتاب ہے (شفاء السقام ص ۱۳۹) اور حافظ ابن القیمؒ فرماتے ہیں کہ وہ شیخ الاسلام تھے۔ جہمیہ اور معطلہ کے بغیر باقی تمام فرقے ان کی مقبولیت، تعظیم اور امامت پر متفق ہیں (اجتماع الجیوش الاسلامیۃ ص ۴۹ طبع امرتسر)

لہ امام داؤدؒ بن علیؒ (المتوفی ۲۷۰ھ) علامہ خطیبؒ لکھتے ہیں کہ وہ اصحاب ظاہر کے امام، متورع، عابد اور زاہد تھے (بغدادی جلد ۸ ص ۳۶۹)

علامہ ذہبی رحمہ اللہ تعالیٰ ان کی ان الفاظ سے تعریف کرتے ہیں۔ الحافظ، الفقیہ، المجتہد اور فقیہ اہل الظاہر۔

(تذکرۃ الحفاظ جلد ۲ صفحہ ۱۳۶)

کریں۔ امام موصوف تحریر فرماتے ہیں:

والعمد فی ترک القرأۃ بام القرآن والخطأ سواء فی ان لا تجزئ رکعۃ الا بھا او بشیء معھا الا ما یذکر من المأموم انشاء اللہ تعالیٰ۔
(کتاب الام جلد ا ص۹۶)

سورۃ فاتحہ کا دیدہ دانستہ ترک کرنا اور بھول کر ترک کرنا دونوں کا حکم ایک ہے کہ کوئی رکعت سورۃ فاتحہ اور اس کے ساتھ کچھ اور بھی پڑھنے کے بغیر جائز نہیں ہو سکتی۔ ہاں مگر مقتدی کا حکم آگے ذکر کیا جائے گا۔ انشاء اللہ العزیز۔

امام موصوف کی اس عبارت کو بار بار پڑھئے اور ملاحظہ کیجئے کہ مقتدی کے لیے سورۃ فاتحہ کے پڑھنے کو کیوں مستثنیٰ قرار دیتے ہیں؟ اگر مقتدی کے لیے بھی سورۃ فاتحہ کا پڑھنا ویسا ہی ضروری ہے جیسا کہ امام اور منفرد کے لیے تو ان کی اس تفریق کا کیا مطلب؟ پھر آگے تحریر فرماتے ہیں:

فواجب علی من صلی منفرداً او اماماً ان یقرأ بام القرآن فی کل رکعۃ لا یجزئہ غیرھا واحب ان یقرأ معھا شیئاً آیۃ او اکثر وساذکر المأموم انشاء اللہ تعالیٰ۔
(کتاب الام جلد ا ص۹۳)

سو منفرد اور امام پر واجب ہے کہ وہ ہر رکعت میں سورۃ فاتحہ پڑھیں اس کے علاوہ کوئی اور سورۃ کفایت نہیں کر سکتی اور میں اس کو بھی زیادہ پسند کرتا ہوں کہ سورۃ فاتحہ کے علاوہ کچھ اور بھی پڑھیں ایک آیت ہو یا اس سے زیادہ۔ اور میں مقتدی کا حکم آگے بیان کروں گا۔ انشاء اللہ تعالیٰ۔

اس عبارت میں بھی امام موصوف، امام اور منفرد کی تصریح کرتے ہوئے ان کا یہ فریضہ اور وظیفہ بتلاتے ہیں کہ ان کو نماز کی ہر رکعت میں سورۃ فاتحہ پڑھنی ضروری ہے۔ مگر یہ بھی تصریح کرتے ہیں کہ مقتدی کا وظیفہ اور ڈیوٹی کچھ اور ہی ہے۔ جس پر ہر نماز اور ہر رکعت میں سورۃ فاتحہ کا پڑھنا ضروری نہیں ہے۔ اور فرماتے ہیں کہ میں انشاء اللہ العزیز خود اس کا حکم بیان کروں گا۔ وہ کونسا حکم ہے جس کا دو مرتبہ وعدہ کیا ہے؟ تحریر فرماتے ہیں۔

ونحن نقول کل صلوٰۃ صلیت خلف الامام والامام یقرأ قرأۃ لا

اور ہم کہتے ہیں کہ ہر وہ نماز جو امام کے پیچھے پڑھی جائے اور امام ایسی قرأۃ کرتا ہو جو سنی نہ جاتی ہو

يسمع فيها قرأ فيها۔ تو مقتدی ایسی نماز میں قرأۃ کرلے۔

(کتاب الام جلد ۷ ص۱۵۳)

امام شافعیؒ کی یہ عبارت اس بات کو واشگاف کرتی ہے کہ مقتدی کو جہری نمازوں میں امام کے پیچھے سورۂ فاتحہ پڑھنا درست نہیں ہے اور نہ واجب ہے۔ بلکہ مقتدی صرف ان نمازوں میں امام کے پیچھے سورۂ فاتحہ پڑھ سکتا ہے جن میں امام کی قرأۃ نہ سنی جاسکتی ہو اور وہ سری نماز ہے۔ اسی لیے انھوں نے قرأۃ لا یسمع ارشاد فرما کر جہری اور سری نمازوں میں مقتدی کا وظیفہ متعین کر دیا ہے۔ اس کے بعد بھی اگر کوئی شخص اس کا دعوٰی کرے کہ حضرت امام شافعیؒ تمام نمازوں میں مقتدی کے لیے سورۂ فاتحہ کے وجوب کے قائل ہیں تو وہ نہ صرف یہ کہ خوش فہمی اور غلطی کا شکار ہے بلکہ اس کو تعدیل مزاج کی کوشش بھی کرنی چاہیے۔

فائدہ: راقم الحروف کہتا ہے کہ حضرت امام شافعیؒ کے مسلک کی تعیین میں جو غلط فہمی پیدا ہوتی ہے اور قول قدیم وجدید کا جو جھگڑا چل نکلا ہے۔ اس کی اصل وجہ ہی کچھ اور ہے۔ وہ یہ کہ امام الحرمینؒ[1] (المتوفی ۴۷۸ھ) وغیرہ نے غلطی سے کتاب الام کو امام شافعیؒ کی کتب قدیمہ میں شامل سمجھ لیا ہے۔ اور دوسرے ائمہ نے بھی اس امام عالی مقام کی جلالتِ شان کی وجہ سے اس بات پر بھروسہ اور اعتماد کر لیا ہے۔ حالانکہ یہ ان کی غلطی ہے اور یہ سارا جھگڑا ہی اس مفروض پر مبنی ہے۔ ہم اختصار کو پیش نظر رکھتے ہوئے ان کی اس تاریخی غلطی پر دو تاریخی شہادتیں نقل کرتے ہیں۔ حافظ ابن کثیرؒ لکھتے ہیں:

ثم انتقل منها الى مصر فاقام بها الى ان مات فی ھذه السنة (سنہ ۲۰۴ھ) وصنف کتابہ الام وھو من کتبہ الجدیدۃ لانها من روایۃ الربیع بن سلیمانؒ وھو مصری

پھر حضرت امام شافعیؒ بغداد سے مصر کی طرف روانہ ہوئے اور وہیں اقامت پذیر ہوگئے حتیٰ کہ سنہ ۲۰۴ھ میں اسی جگہ ان کی وفات ہوئی اور مصر میں ہی انھوں نے کتاب الام تصنیف کی ہے اور وہ ان کی جدید کتابوں میں سے ہے۔

---

[1] ان کا نام عبدالملکؒ، ابوالمعالی کنیت، اور الجوینی (ان کے والد ابو محمد عبداللہ الجوینیؒ کی طرف) نسبت ہے۔ یہ امام غزالیؒ (المتوفی ۵۰۵ھ) کے استاد تھے۔ حدیث، فقہ اور اصول اور دیگر علوم اور فنون میں اپنا نظیر نہیں رکھتے تھے۔ اپنے زمانہ میں علماء شوافع کے سربراہ تھے۔ حرم مکہ اور حرم مدینہ میں عرصہ دراز تک علوم اسلامیہ کی تعلیم دیتے رہے۔ اسی لیے امام الحرمین کے لقب سے مشہور ہوئے۔ (الجواہر المضیہ جلد ۲ ص ۴۳۴-۴۳۶ و فوائد البہیہ ص ۱۳۶ طبع مصر)

وقد زعم امام الحرمين وغيرہ انها من القديم وهذا بعيد وعجيب من مثله۔ (البدایہ والنہایہ جلد ۱۰ ص۲۵۲)

کیونکہ اس کے راوی ربیع بن سلیمانؒ (المتوفی ۲۷۰ھ) ہیں جو مصری تھے اور امام الحرمینؒ وغیرہ نے یہ خیال کیا ہے کہ کتاب الام کتب قدیمہ میں ہے۔ لیکن یہ امام الحرمینؒ ایسے امام سے بڑی ہی بعید اور نرالی بات ہے۔

حافظ موصوف کی یہ عبارت بڑی واضح اور صاف ہے کہ امام الحرمینؒ وغیرہ کا یہ دعویٰ کرنا کہ یہ کتاب یعنی کتاب الام، امام شافعیؒ کی قدیم کتابوں میں شامل ہے نہ صرف تاریخی لحاظ سے باطل اور مردود ہے بلکہ اس کے مدعی صواب سے بڑے دور اور بڑی عجیب بات کے مرتکب ہوئے ہیں۔ حافظ ابن کثیرؒ نے اپنی تفسیر میں بنا بر اس مفروض کے اجازت کا قول امام شافعیؒ کا قول جدید قرار دیا ہے لیکن چونکہ البدایہ والنہایہ تفسیر کے بعد کی تصنیف ہے جیسا کہ خود انہوں نے البدایہ میں اس کی تصریح کی ہے۔ اس لیے ان کی اس جدید تاریخی تحقیق کے بعد تفسیر کا حوالہ قابل التفات نہیں ہے۔

دوسری شہادت امام جلال الدین سیوطی رحمہ اللہ تعالیٰ (المتوفی ۹۱۱ھ) کی ہے۔ وہ لکھتے ہیں:

ثم خرج الی مصر وصنف بها كتبه الجديدة كالام الخ (حسن المحاضرہ جلد ۱ ص۱۲۲)

پھر حضرت امام شافعیؒ مصر کی طرف روانہ ہوئے۔ اور وہاں کتب جدیدہ تصنیف کیں جن میں کتاب الام بھی ہے

ان تاریخی شہادتوں سے ثابت ہوگیا کہ کتاب الام حضرت امام شافعی رح کی کتب جدیدۃ میں ہے۔ اور امام کے پیچھے مقتدی کا سورۂ فاتحہ کو جہری نمازوں میں ترک کرنا ان کا قول جدید ہے نہ کہ قول قدیم۔

مصنف خیر الکلام نے ان ٹھوس حوالہ جات سے اپنے جواب کے سلسلہ میں جو مخلص تلاش کیا وہ یہ ہے:

(۱) کہ امام شافعیؒ مصر میں پانچ سال رہے۔ ہوسکتا ہے کہ آپ نے مصر جاکر پہلے یہی فتویٰ دیا ہو مگر بعد میں اس سے رجوع کیا ہو جیسا کہ ہم نے انور شاہ صاحبؒ عبارت میں نقل کیا ہے کہ امام شافعیؒ نے وفات سے دو سال قبل مقتدی کو جہری نماز میں قرأۃ کے روکنے سے رجوع کیا ہے بس محض اس عبارت کا مصری کتاب میں ہونا آخری قول ہونے کی کیسے دلیل بن سکتا ہے بلکہ اس جگہ تصریح کی ضرورت ہے۔ اھ (خیر الکلام ص۲۴۹)

(۲) مختصر مزنی امام شافعیؒ کے ان مسائل کا مجموعہ ہے جو مصر میں بیان فرمائے اور اختیار کیے ہیں۔

(ضحی الاسلام جلد ۲ صفحہ ۹۱) بلکہ مزنی رح امام شافعی رح کے مصری شاگردوں سے ہے۔ (ضحی الاسلام جلد ۲ صفحہ ۲۲۲)
(خیر الکلام صفحہ ۲۰)

(۳) امام بیہقی رح فرماتے ہیں کہ امام شافعی رح کا صحیح قول یہی ہے کہ قرأت واجب ہے امام جہر کرے یا
جہر کرے۔ (خیر الکلام صفحہ ۲۱)

(۴) امام ترمذی رح نے لکھا ہے کہ اگر فاتحہ نہ پڑھی جائے تو نماز کسی کام کی نہیں رہتی اکیلا ہو یا امام کے
پیچھے ہو امام شافعی رح اور امام اسحاق رح اور ان کے علاوہ اور علماء کا یہی مسلک ہے۔ (خیر الکلام صفحہ ۲۲)

(۵) امام ابن عبدالبر رح فرماتے ہیں کہ فاتحہ خلف الامام کے واجب ہونے کے مندرجہ ذیل ائمہ قائل
ہیں امام اوزاعی رح، امام لیث رح، ابن سعد رح، امام شافعی رح جب مصر میں گئے اور یہی ان کے اکثر شاگردوں
کا مذہب ہے۔ ان سے امام مزنی رح اور امام بویطی رح ہیں امام ابو ثور رح کا بھی یہی مذہب ہے۔
(تمہید ابن عبدالبر تحقیق) خیر الکلام صفحہ ۲۳)

(۶) کتاب الام کی پہلی اور دوسری عبارت میں تصریح نہیں کہ مقتدی پر جہری نمازوں میں فاتحہ واجب
نہیں منفرد اور امام کے متعلق دو احتمال ہیں ایک یہ کہ ان پر صرف فاتحہ واجب ہو۔ دوسرا یہ کہ ان پر فاتحہ
اور مازاد دونوں واجب ہوں مگر مقتدی کے بارے میں دو احتمال نہیں صرف ایک ہی احتمال ہے۔ (محصلہ خیر الکلام ۲۴، ۲۵)

(۷) کتاب الام کی تیسری عبارت میں فاتحہ کا ذکر نہیں مطلق قرأۃ کا ذکر ہے۔ (محصلہ خیر الکلام صفحہ ۲۶)

(۸) البدایہ والنہایہ تفسیر سے پہلے کی کتاب ہے۔ کیونکہ تفسیر میں دو جگہ اس کا حوالہ دیا ہے۔
(محصلہ خیر الکلام صفحہ ۲۶، ۲۷)

(۹) حافظ ابن کثیر رح لکھتے ہیں کہ امام شافعی رح کا دوسرا قول یہ ہے کہ مقتدی جہری نمازمیں بھی پڑھے
اسی طرح امام لیث رح، امام اوزاعی رح، امام ابن عون رح امام مکحول رح اور امام ابو ثور رح سے بھی مروی ہے۔
(جلد ۱ صفحہ ۶) (خیر الکلام صفحہ ۲۷)

(۱۰) معالم التنزیل میں ہے کہ ایک جماعت کے نزدیک قرأۃ واجب ہے خواہ امام قرأۃ بلند
آواز سے پڑھ رہا ہو یا آہستہ یہ قول حضرت عمر رض، حضرت عثمان رض، حضرت علی رض، حضرت ابن عباس رض اور
معاذ رض سے مروی ہے۔ امام اوزاعی رح اور امام شافعی رح کا بھی یہی قول ہے۔ (خیر الکلام صفحہ ۲۷، ۲۸)

(۱۱) علامہ ابن قدامہ رح ایک جگہ یہ نقل فرماتے ہیں کہ امام کے لیے فاتحہ کے بعد سکتہ کرنا مستحب ہے تاکہ اس

میں آرام کرے اور مقتدی فاتحہ پڑھ لے تاکہ مقتدی کی طرف سے امام کے ساتھ ساتھ پڑھنے سے منازعت واقع نہ ہو۔ امام اوزاعی رح، امام شافعی رح، امام اسحٰق کا یہی مذہب ہے۔ (تحمید الکلام ص۲۸)

الجواب: ہم بفضلہ تعالیٰ خیر الکلام کے ترتیب وار جوابات عرض کرتے ہیں غور فرمائیں۔

(۱) ٹھوس تاریخی حوالوں اور شہادتوں کو رد کرنے کے لیے صرف ہو سکتا ہے۔۔۔۔ الخ

کوئی جواب نہیں۔ مصنف خیر الکلام پر اخلاقی طور پر لازم تھا کہ وہ صراحت کے ساتھ دو تاریخی اور ٹھوس حوالوں کے ساتھ یہ نقل فرماتے کہ فلاں کتاب حضرت امام شافعیؒ نے کتاب الام کے بعد لکھی ہے اور اس میں یہ لکھا ہے کہ مقتدی پر سورۂ فاتحہ یا قرآۃ کا پڑھنا واجب ہے اور عبارت یہ ہے۔ جب وہ ایسا نہیں کر سکے تو یقین کامل رکھیں کہ کتاب الام کی صریح عبارتوں کا جواب تاہنوز کوئی نہیں ہوا۔ رہا حضرت مولانا محمد انور شاہ صاحبؒ کا حوالہ تو وہ مؤلف خیر الکلام کو چنداں مفید نہیں ہے کیونکہ اس میں صرف اس قدر ہے کہ امام شافعیؒ نے وفات سے دو سال پہلے مقتدی کے لیے جہری نمازوں میں ترک قرآۃ سے رجوع کیا ہے۔ اس سے وجوب کیسے ثابت ہوا؟ چنانچہ خود مؤلف خیر الکلام حضرت شاہ صاحبؒ کے حوالہ سے نقل کرتے ہیں کہ پھر مجھے علم نہیں کہ امام شافعی رح نے جہری میں وجوب پسند کیا جیسے کہ شافعیہؒ کا مسلک ہے یا صرف استحباب کو۔ (فیض الباری جلد ۲ ص۲۷۱) اور فصل الخطاب میں فرماتے ہیں کہ میرے خیال میں امام شافعیؒ بھی جہری نمازوں میں صرف پڑھنے کو پسند کرتے ہیں فرض نہیں سمجھتے۔ (خیر الکلام ص۲۷) باقی رہا فیض الباری جلد ۱ ص۲۵۳ کا حوالہ جس میں لکھا ہے کہ امام شافعیؒ وفات سے دو سال پہلے مقتدی پر قرآۃ کے وجوب کے قائل ہو گئے تھے۔ (محصلہ) تو ظن غالب یہ ہے کہ یہ مترجم صاحب کی غلطی ہے جنھوں نے حضرت شاہ صاحبؒ کی املائی تقریر کو اپنی صوابدید کے مطابق عربی کا جامہ پہنایا ہے ورنہ یہ کیونکر صحیح ہو سکتا ہے کہ جلد اول میں وجوب کا حکم بیان فرمائیں اور جلد ثانی میں فرمائیں کہ مجھے کوئی علم نہیں کہ آیا وہ وجوب کے قائل تھے یا استحباب کے؟ اور فصل الخطاب میں یہ فیصلہ صادر فرمائیں کہ امام شافعیؒ جہری نمازوں میں صرف پڑھنے کو پسند کرتے تھے فرض نہیں سمجھتے تھے۔ غور فرمائیے کہ تحقیقی طور پر اس سے زیادہ اور کیا کہا جا سکتا ہے؟ اور خود مولانا سید انور شاہ صاحبؒ لکھتے ہیں:

ونقل ابن تیمیہؒ الاجماع عنہ یدل علیٰ ان وجوب القرأۃ فی الجہریۃ خلاف الاجماع اولم یذہب الیہ احد من اھل الاسلام۔ اھ	کہ حافظ ابن تیمیہؒ نے امام احمد بن حنبلؒ سے اجماع نقل کیا ہے جو اس بات پر دلالت کرتا ہے کہ جہری نمازوں میں وجوب قرأۃ خلاف اجماع ہے یا اہلِ اسلام میں سے اس کا ایک شخص

(فیض الباری جلد ۲ ص ۲۷۲) بھی قائل نہیں ہے۔

پھر کیونکر سمجھ لیا جائے کہ ان کے نزدیک امام شافعیؒ جہری نمازوں میں وجوب قرأۃ کے قائل ہیں اور اگر یہ تسلیم بھی کر لیا جائے کہ واقعی امام شافعیؒ وفات سے دو سال پہلے مقتدی کے لیے وجوب قرأۃ کے قائل ہو گئے تھے تب بھی ایک بات نہایت ہی قابل توجہ ہے وہ یہ کہ تقریباً پچاس سال تک جو نمازیں حضرت امام شافعیؒ نے پڑھی ہیں جن میں وہ جہری نمازوں میں قرأۃ خلف الامام کے قائل نہ تھے کیا ان کی وہ نمازیں درست اور صحیح ہیں یا نہیں ؟ اور کیا صرف دوسرے حضرات کی نمازیں ہی جن میں قرأۃ فاتحہ نہ کی گئی ہو باطل کالعدم اور بیکار رہیں یا حضرت امام شافعیؒ کی ان نمازوں کا بھی یہی حشر ہے ؟ اگر کسی اور کی تحقیق بھی دیانتاً یہی ہو جو وفات سے دو سال قبل تک حضرت امام شافعیؒ کی تھی تو فرمائیے کہ اس کی نمازیں کالعدم، بیکار اور باطل ہوں گی ؟ یا یہ چوردن اور امرت دھارا صرف حنفیوں کے لیے ریزرو اور وقف ہے۔ کیا خوب ؟ :

ابھی کیا ہے ابھی تو ابتدا ہے دیکھتے جاؤ
ہمارے حال پر یاروں کے احسان اور بھی ہوں گے

(۲) چونکہ باقرار صاحبِ خیر الکلام حضرت امام شافعیؒ مصر میں پانچ سال رہے تھے اس لیے اگر مختصر مزنی ان کے مصری مسائل کا مجموعہ بھی ہو اور مزنیؒ ان کے مصری شاگرد بھی ہوں تب بھی اس سے یہ کیونکر ثابت ہوا کہ یہ مجموعہ کتاب الام سے بھی بعد کا ہے ؟ ہو سکتا ہے کہ یہ پہلے کا ہو اور کتاب الام ان کی صحیح طور سے کتب جدیدہ میں ہو اور امام مزنیؒ نے باوجود مصری ہونے کے مختصر مزنی کی تدوین کتاب الام سے پہلے کی ہو۔ یہ جواب صحیح ہونے کے علاوہ مصنف خیر الکلام کی اپنی پسند کا بھی ہے۔ علاوہ ازیں ایک اور بات بھی قابل غور ہے۔ وہ یہ کہ اگرچہ امام مزنیؒ اور امام بویطیؒ اصحاب شافعیؒ اور بڑے پائے کے محدث اور فقیہ تھے۔

لیکن ربیع بن سلیمان المرادی رح (المتوفی ۲۷۰ھ) کو ان دونوں پر ترجیح ہے۔ چنانچہ امام خلیلی رح فرماتے ہیں کہ

ثقہ متفق علیہ والمزنی مع جلالتہ استعان علی ما فاتہ عن الشافعی بکتاب الربیع وقال مسلمۃ من کبار اصحاب الشافعی رح۔ (اھ)

(تہذیب التہذیب جلد ۳، ص ۲۴۶)

ربیع بن سلیمان ثقہ اور متفق علیہ ہیں اور امام مزنی رح نے باوجود جلالت شان کے جو مسائل امام شافعی رح کے ان سے چھوٹ گئے تھے ان میں ربیع کی کتاب سے استعانت کی ہے اور مسلمہ فرماتے ہیں کہ ربیع امام شافعی رح کے بڑے اصحاب میں شمار ہوتے ہیں۔

اس سے معلوم ہوا کہ امام مزنی کو حضرت امام شافعی رح کے تمام مسائل معلوم نہ تھے بلکہ ان سے کچھ چھوٹ بھی گئے تھے اور امام شافعی رح کے مسائل میں وہ ربیع بن سلیمان رح کے خوشہ چیں تھے۔ پھر کیوں نہ ہو کہ حضرت امام شافعی رح کے مسائل میں امام ربیع بن سلیمان رح پر اعتماد کیا جاتے جن پر خود امام مزنی رح نے اعتماد کیا ہے۔ اور مولیٰ احمد بن مصطفیٰ المعروف بطاش کبریٰ زادہ رح (المتوفی ۹۶۲ھ) لکھتے ہیں کہ

الربیع بن سلیمان — الثقۃ الثبت فیما یرویہ حتی رجحوا روایتہ عند تعارض المزنی مع علو قدر المزنی علماً و دیناً و جلالۃ۔ اھ

(مفتاح السعادۃ ومصباح السیادۃ جلد ۲ ص ۱۶۲ طبع حیدر آباد دکن)

ربیع بن سلیمان رح — جو کچھ بھی روایت کرتے ہیں اس میں وہ ثقہ اور ثبت ہیں حتیٰ کہ محدثین رح نے ان کی روایت کو مزنی کی روایت پر جب کہ دونوں کی روایت کا تعارض ہو ترجیح دی ہے۔ حالانکہ امام مزنی علم اور دین اور جلالت میں بلند مرتبہ تھے۔

اس سے بھی ثابت ہوا کہ جب امام ربیع اور امام مزنی رح کی روایت میں تعارض ہو تو محدثین کرام کے نزدیک امام ربیع بن سلیمان رح کی روایت کو ترجیح ہوتی ہے۔ اور امام ابوالحسین رح فرماتے ہیں کہ

البویطی کان یقول الربیع اثبت فی

امام بویطی فرماتے تھے کہ امام شافعی رح سے روایت

الشافعی رحمہ منی ۱۸ (تہذیب التہذیب جلد ۳ ص ۲۴۶) کرنے میں ربیع ؒ سے بھی زیادہ اثبت ہیں۔

قطع نظر کتاب الام اور مختصر مزنی اور مختصر بویطی کے تقدم و تاخر کے خود امام بویطیؒ اور محدثینؒ کے فیصلے کی روسے امام ربیع بن سلیمانؒ کی روایت کو تاریخی اور صریح حوالوں کے پیش نظر ترجیح ہے۔ اس لیے اگر بالفرض تسلیم بھی کر لیا جائے کہ کتاب الام پہلے کی ہے اور مختصر مزنیؒ اور مختصر بویطیؒ بعد کی ہیں تب بھی ترجیح امام ربیعؒ بن سلیمان ہی کی روایت کو ہو گی جو کتاب الام کے اور امام شافعیؒ کے مسائل کے راوی ہیں اور یہی وجہ ہے کہ بقول حافظ ابن تیمیہؒ حذاق اصحاب الشافعیؒ مثلاً امام رازیؒ اور ابن عبدالسلامؒ وغیرہ نے اسی پر عمل کیا ہے کہ جہری نمازوں میں قرأۃ خلف الامام درست نہیں۔ (عبارت آگے آرہی ہے)

(۳، ۴ و ۵) کا جواب یہ ہے کہ یہ سب حوالے اس امر پر مبنی ہیں کہ مختصر مزنی اور مختصر بویطیؒ (جو امام یوسف بن یحیی البویطی (المتوفی ۲۳۱ھ) کی تالیف ہے) کے حوالوں کو غلطی سے ربیع بن سلیمانؒ کی روایت پر ترجیح دی گئی ہے اور اسی غلطی کے نتیجہ میں حضرت امام شافعیؒ کو وجوب قرأۃ خلف الامام کا قائل گردانا گیا ہے اور مصنف خیر الکلام نے تحقیق الکلام کے حوالہ سے بحوالہ تمہید ابن عبدالبرؒ امام شافعیؒ سے وجوب کا جو قول نقل کیا ہے اس میں خصوصیت سے یہ درج ہے کہ امام شافعی رحمہ کے اکثر شاگردوں کا یہی مذہب ہے جن میں امام مزنی رحمہ اور امام بویطیؒ بھی ہیں۔ بس یہیں سے اس غلطی کی بنیاد قائم ہوتی ہے کہ امام مزنیؒ اور امام بویطیؒ کے آئینہ میں حضرت امام شافعیؒ کا مذہب اور مسلک متعین کرنے کی شدید غلطی کی گئی ہے۔

اور اسی پیچ در پیچ غلطیاں مرتب ہوتی ہیں: ؏

سخن شناس نہ دلبرا خطا ایں جا است

(۶) حضرت امام شافعیؒ تو صاف طور پر یہ ارشاد فرماتے ہیں کہ سورۃ فاتحہ کا جان بوجھ کر ترک کرنا یا خطاءً ترک کرنا دونوں اس حکم میں برابر ہیں کہ کوئی رکعت سورہ فاتحہ یا سورہ فاتحہ اور کچھ دیگر حصۂ قرآن کے بغیر جائز نہیں۔ ہاں مگر مقتدی کا حکم الگ ہے جو آگے بیان ہوگا اور دوسری عبارت میں تصریح کرتے ہیں کہ امام و منفرد دونوں پر ہر رکعت میں سورۃ فاتحہ

واجب ہے اس کے بغیر کوئی اور سورت جائز نہیں اور اس سے زیادہ ایک آیت یا اکثر پڑھیں تو مجھے پسند ہے۔ ہاں مگر مقتدی کا حکم کچھ اور ہے اور میں خود اس کو بیان کروں گا۔ انشاء اللہ تعالیٰ۔ ان عبارتوں میں تو وہ صراحت کے ساتھ فرماتے ہیں کہ سورۃ فاتحہ امام اور منفرد دونوں پر واجب ہے۔ اور اس سے مازاد واجب نہیں بلکہ بہتر ہے جب سورۃ فاتحہ اور مازاد کا الگ الگ حکم بیان فرما رہے ہیں کہ ایک واجب ہے اور دوسرا مستحب (وَأُحِبُّ) تو پھر یہ احتمال حضرت امام شافعیؒ کی عبارت میں کہاں سے پیدا ہوا۔ دوسرا یہ کہ ان پر فاتحہ اور مازاد دونوں واجب ہوں۔ اھ۔ (خیر الکلام: ص ۷۵) اسی کو کہتے ہیں توجیہ القول بما لا یرضی بہ قائلہ۔ اور پھر مصنف خیر الکلام کا اخلاقی فرض تھا کہ وہ کتاب الام سے حضرت امام شافعیؒ کا وہ حوالہ جس کا دو دفعہ انھوں نے وعدہ فرمایا ہے نکال کر بقید حروف بتاتے کہ یہ لو امام شافعیؒ کی معہود عبارت یہ ہے جس میں ہماری خانہ ساز توجیہ کی تصدیق ہو رہی ہے۔ مصنف خیر الکلام کو معلوم ہونا چاہیے کہ خوامخواہ کچھ لکھ دینے سے جواب نہیں ہو جایا کرتا۔ حضرت امام شافعیؒ کی یہ دونوں عبارتیں سورۃ فاتحہ اور ہر رکعت اور امام و منفرد کے واضح الفاظ کے ساتھ بالکل صریح ہیں اور مقتدی اور ماموم کی استثناء اور وعدہ بھی۔ ان میں صاف طور پر موجود ہے جس کا ایک ایک حرف پکار پکار کر کہہ رہا ہے کہ صاحب خیر الکلام کی تاویل بالکل سینہ زوری پر محمول ہے اور قطعاً باطل اور مردود ہے۔ علمی دنیا میں اس کی کوئی وقعت نہیں ہے۔

(۷) بلاشک کتاب الام کی تیسری عبارت میں مطلق قرأۃ کا ذکر ہے لیکن حضرت امام شافعیؒ نے جن پہلی دو عبارتوں میں وعدہ فرمایا ہے۔ ان میں اُم القرآن کی تصریح موجود ہے اور ہم نقول سے اسی وعدہ کو انھوں نے پورا کیا ہے۔ مصنف خیر الکلام اور ان کی جماعت کا اخلاقی فرض ہے کہ اگر یہ عبارت ان کے دو مرتبہ وعدہ کے ایفاء کے لیے نہیں تو بتلائیں کہ کتاب الام میں وہ کونسی عبارت ہے جس کے ساتھ حضرت امام شافعیؒ نے اپنا وعدہ پورا فرمایا ہے؟ (دیدہ باید)

(۸) البدایہ والنہایہ اور تفسیر ابن کثیرؒ کی ان عبارات سے قدر مشترک یہ ثابت ہوتا ہے کہ نہ تو کلیۃً البدایہ تفسیر ابن کثیر سے مقدم ہے اور نہ مکمل طور پر تفسیر اس سے پہلے کی ہے۔ کچھ

اجزاء اس کے پہلے لکھے گئے اور کچھ حصص اس کے پہلے تصنیف ہوئے اور مناسب مواقع پر ایک کے حوالے دوسری کتاب میں ذکر کردیے گئے لیکن بایں ہمہ اس سے کتاب الام کے صریح حوالوں اور امام ربیع بن سلیمانؒ کی راجح روایت پر کوئی زد نہیں پڑتی۔ جیسا کہ پہلے عرض کر دیا گیا ہے کہ کتاب الام ٹھوس تاریخی شہادتوں کی بنا پر امام موصوفؒ کی کتب جدیدہ میں سے ہے اور امام ربیعؒ کی روایت کو ترجیح ہوتی ہے۔

(۹، ۱۰) کا جواب یہ ہے کہ یہ ساری تحقیق اس بات پر مبنی ہے کہ امام مزنیؒ اور امام بویطیؒ کی روایت کو ترجیح دی گئی ہے اور ہم باحوالہ عرض کر چکے ہیں کہ اصل غلطی کا سبب ہی یہ غلط نظریہ ہے۔ سچ ہے کہ ؎

خشت اوّل چوں نہد معمار کج
تا ثریا می رود دیوار کج

(۱۱) کا جواب یہ ہے کہ اس عبارت سے معلوم ہوا کہ حضرت امام شافعیؒ جہری نمازوں میں مقتدی کے لیے قرأۃ کے قائل نہ تھے بلکہ امام کے سورۃ فاتحہ ختم کر چکنے کے بعد سکتہ میں سورۃ فاتحہ کے قائل تھے کیونکہ بحالت جہر امام مقتدی کی قرأۃ خلاف اجماع اور شاذ ہے۔ یہ عبارت تو مؤلف خیر الکلام کے مدعٰی کے مطابق نہیں۔ وہ تو جہر میں بھی قرأۃ فرض قرار دیتے ہیں۔ اور حافظ ابن کثیر رحمۃ اللہ علیہ لکھتے ہیں کہ وقال فی الجدید یقرأ الفاتحۃ فقط فی سکتات الامامؒ امام شافعیؒ کا قول جدید یہ ہے کہ مقتدی سورۃ فاتحہ پڑھے لیکن سکتات امام میں۔

(تفسیر جلد ۲، ص ۲۸۰)

اس سے معلوم ہوا کہ بحالت جہر امام شافعیؒ بھی مقتدی کے لیے قرأۃ کے قائل نہ تھے اور ہم نے اسی کتاب میں باحوالہ مبسوط بحث کر دی ہے کہ سکتات امام کا (جن میں مقتدی قرأۃ کر سکیں) شریعت سے کوئی ثبوت نہیں جس کا کوئی معقول جواب مؤلف مذکور نے نہیں دیا۔ الغرض امام شافعی رح کی کتاب الام کی احسن الکلام میں پیش کردہ عبارات اپنے مدلول پر بالکل نص صریح ہیں اور تاویلات بارده کو بالکل قریب نہیں آنے دیتیں۔ یوں تعصب و عناد اور انکار و جحود کا دنیا میں کوئی علاج نہیں ہے جب تک نگاہ تعصب نہ بدلے گی نظریات میں کوئی تبدیلی ممکن نہیں ہو سکتی۔ ؎

نہ تم بدلے نہ دل بدلا نہ دل کی آرزو بدلی !
میں کیسے اعتبارِ انقلابِ آسماں کر لوں !

امام احمدؒ بن حنبلؒ[1]: (المتوفی ۲۴۱ھ) کا مسلک یہ ہے کہ وہ بھی جہری نمازوں میں امام کے پیچھے سورۂ فاتحہ کی قرأۃ کے قائل نہ تھے۔ بلکہ جہری نمازوں میں امام کے پیچھے قرأۃ کرنے کو شاذ اور خلاف اجماع فرماتے تھے[2]۔ اور سری نمازوں میں وجوب کے قائل نہ تھے۔ چنانچہ مولانا مبارکپوری صاحب لکھتے ہیں کہ امام مالکؒ اور امام احمدؒ تمام نمازوں میں مقتدی کے لیے امام کے پیچھے سورۂ فاتحہ کی قرأۃ کو واجب نہیں سمجھتے تھے۔ (تحفۃ الاحوذی، جلد ۱ ص ۲۵۷)

---

[1] علامہ ذہبیؒ ان کی ان الفاظ سے تعریف کرتے ہیں "شیخ الاسلام سید المسلمین، الحافظ، اور الحجۃ" (تذکرہ جلد ۲ ص ۱۷) محدث ابراہیم حربیؒ کہا کرتے تھے کہ ان میں اللہ تعالیٰ نے اولین اور آخرین کے علوم جمع کر دیئے ہیں" (ایضاً) امام شافعیؒ فرمایا کرتے تھے "میں نے بغداد میں امام احمدؒ سے بڑا فقیہ و عالم اور افضل کوئی نہیں دیکھا" (بغدادی جلد ۴ ص ۴۱۹، تذکرہ جلد ۲ ص ۱۸، البدایہ والنہایہ جلد ۱ ص ۳۲۵) اور نیز فرماتے ہیں کہ "جب میں بغداد سے نکلا تو میں نے امام احمدؒ سے بڑا فقیہ، زاہد اور متورع اور عالم کوئی وہاں نہیں چھوڑا" (تہذیب التہذیب ص ۷۲) علامہ خطیب ان کی تعریف یوں کرتے ہیں "امام المحدثین، الناصر للدین، المناضل (یعنی مدافعت کرنیوالے) عن السنۃ اور الصابر فی المحنۃ" (بغدادی جلد ۴ ص ۴۱۲) نواب صدیق حسن خاں صاحبؒ لکھتے ہیں: "امام احمدؒ امام سنت و مقتدائے ملت است" (تقصار ص ۹۴)

[2] امام احمدؒ کا یہ مسلک مغنی ابن قدامہ جلد ۱ ص ۶۰۶، تنوع العبادات ص ۸۱، روح المعانی جلد ۹ ص ۱۳۵۔ اور تحفۃ الاحوذی جلد ۱ ص ۲۵۷ وغیرہ میں مذکور ہے۔

[3] شیخ الاسلام ابن تیمیہؒ نے اپنے فتاویٰ جلد ۲ ص ۱۴۹ (و تنوع العبادات ص ۸۷) میں اس کی تصریح ہے۔ چنانچہ وہ تحریر فرماتے ہیں:

بخلاف وجوبها فی حال الجهر فانه شاذ حتی نقل احمد الاجماع علی خلافه۔ (فتاویٰ: ۲ ص ۱۴۹)

یعنی سورۂ فاتحہ کا جہری نمازوں میں امام کے پیچھے بطور وجوب پڑھنا شاذ ہے۔ حتیٰ کہ امام احمدؒ نے اس کے خلاف اجماع اور اتفاق نقل کیا ہے۔

(نوٹ اگلے صفحہ پر دیکھیے)

ائمہ اربعہ کے مسلک کی تشریح کے بعد ضرورت تو باقی نہیں رہتی کہ ہم دوسرے ائمہ محدثین اور فقہاء کے حوالے پیش کریں۔ بھلا حضرات ائمہ اربعہ کے اقوال کی موجودگی میں اور کس کے قول کی ضرورت ہو سکتی ہے۔ کیونکہ ان میں اکثریت ان ائمہ کی ہے جو حضرات ائمہ اربعہ میں سے کسی نہ کسی امام کے مقلد اور ان کی علمی تحقیق کے خوشہ چیں تھے۔ مگر چونکہ فریق ثانی کی طرف سے بعض ائمہ کے مسالک نقل کرنے میں غلطی ہوتی ہے۔ اس لیے ہم بعض ائمہ کے اقوال عرض کرتے ہیں۔

ان میں وہ ائمہ کرام بھی شامل ہیں جو خود مستقل طور پر امام تھے اور انھوں نے کسی کی تقلید نہیں کی، بلکہ عرصہ دراز تک ان کی تقلید ہوتی رہی ہے۔

امام ابراہیم النخعی رح[1]: (المتوفی ۹۶ھ) کسی نماز میں امام کے پیچھے قرأۃ سورۃ فاتحہ کے قائل نہ تھے۔ (مغنی ابن قدامہ: ۱ ص ۶۰۶، الجوہر النقی جلد ۲ ص ۱۶۹، شرح مقنع جلد ۲ ص ۱۱) ان کی پوری عبارات مع تشریح کے باب سوم میں ذکر کی جائے گی۔ انشاء اللہ العزیز۔

(نوٹ پچھلا صفحہ) مصنف خیر الکلام (دیکھو ص ۱۳۱) کا یہ کہنا کہ اس کا مطلب یہ بھی ہو سکتا ہے کہ امام کے ساتھ نہ پڑھے بلکہ سکتات میں پڑھے (محصلہ) قطعاً باطل اور مردود ہے کیونکہ شیخ الاسلام ابن تیمیہ سکتات کے قائل نہیں ہیں جیسا کہ ان کے حوالہ سے آگے اپنے مقام پر بحث آئیگی۔ انشاء اللہ تعالیٰ۔ پھر ان کی مرضی کے خلاف ان کی عبارت کا مطلب لینا کہاں کا انصاف ہے؟ اور شیخ منصور علی ناصف رح لکھتے ہیں:

فلا فاتحة على المأموم وعليه الجمهور ومالك وابو حنيفة واحمد (غاية المأمول جلد ۱ ص ۱۸۳، شرح التاج الجامع للاصول)	مقتدی پر سورۃ فاتحہ کا پڑھنا لازم نہیں ہے یہی جمہور اہل اسلام اور ابو حنیفہ رح اور امام احمد رح کا مسلک اور مذہب ہے۔

[1] امام نووی رح (المتوفی ۶۷۶ھ) لکھتے ہیں کہ ان کی توثیق، جلالت شان اور فقہی کمال پر سب کا اتفاق ہے۔ امام شعبی رح نے انکی وفات کے وقت کہا کہ ابراہیم رح نے اپنے بعد اپنے سے بڑا عالم اور فقیہ کوئی نہیں چھوڑا۔ لوگوں نے کہا کیا حسن بصری رح اور ابن سیرین رح بھی نہیں؟ تو شعبی رح نے کہا کہ نہ صرف حسن بصری رح اور ابن سیرین رح بلکہ اہل بصرہ، کوفہ، حجاز اور شام میں کوئی بھی نہیں۔ (تہذیب الاسماء واللغات جلد ۱ ص ۱۰۴) علم حدیث میں ان کے اس قدر وسیع معلومات تھے کہ مشہور محدث اعمش رح کا بیان ہے کہ میں نے جب کبھی ابراہیم رح کے (بقیہ اگلے صفحہ پر)

امام زہری[۱] رحؒ: (المتوفی ۱۲۴ھ) جہری نمازوں میں امام کے پیچھے قرأۃ سورۂ فاتحہ کے قائل نہ تھے۔ (کتاب القرأۃ ص ۵۷، مغنی ابن قدامہ جلد۱ ص ۶۰۹، شرح مقنع جلد۱ ص۱۱)

(بقیہ پچھلا صفحہ) سامنے کوئی حدیث پیش کی تو انھوں نے اس میں میرے معلومات اور بڑھا گئے۔ بڑے بڑے فقہا فقہی مسائل میں ان کی طرف رجوع کرتے تھے۔ سعیدؒ بن جبیرؒ کے پاس جب کوئی فتوٰی پوچھنے کے لیے آتا تو اس سے کہتے، ابراہیمؒ کی موجودگی میں مجھ سے پوچھتے ہو؟

ابو وائلؒ کے پاس جب کوئی مستفتی آتا تو اس کو ابراہیمؒ کے پاس بھیج دیتے۔ اور اس سے کہہ دیتے جب وہ جواب دیں مجھے بتانا۔ (طبقات ابن سعد جلد۶ ص ۱۸۹) وہ اتنے محتاط تھے کہ اکثر یہ فرمایا کرتے تھے۔ ایک زمانہ وہ تھا جب لوگ قرآن کی تفسیر کرتے ہوئے ڈرتے تھے اور اب یہ زمانہ ہے کہ جس کا دل چاہتا ہے مفسر بن بیٹھتا ہے۔ مجھے زیادہ پسند ہے کہ علم کے متعلق ایک کلمہ بھی منہ سے نہ نکالوں جس زمانہ میں میں فقیہ ہوا وہ بہت ہی انحطاط کا زمانہ ہے۔ (طبقات الکبری شعرانی جلد۱ ص ۴۶) علامہ ذہبیؒ لکھتے ہیں کہ وہ فقیہ العراق اور صاحب اخلاص بلند پایہ علماء میں تھے اور احادیث کے پرکھنے میں وہ صراف اور نقاد تھے۔ اور گمنامی کی زندگی کو بہت پسند کرتے تھے۔ (تذکرہ جلد۱ ص ۶۹)

[۱] امام زہریؒ، امام ابن مدینیؒ کا بیان ہے کہ حجاز میں ثقات کا سارا علم زہریؒ اور عمروؒ بن دینارؒ کے درمیان تقسیم تھا۔ (تذکرہ جلد۱ ص ۹۹) عمرؒ بن عبدالعزیزؒ فرمایا کرتے تھے کہ اب زہریؒ سے زیادہ سنت ماضیہ کا جاننے والا کوئی نہیں رہا (ایضاً) عمرو بن دینارؒ جو خود بھی بہت بڑے محدث تھے فرماتے تھے کہ میں نے زہریؒ سے زیادہ حدیث میں کسی کو نقّاد نہیں دیکھا۔ (تہذیب التہذیب جلد۹ ص ۴۴۸) فقہ میں وہ بہت بلند مقام رکھتے تھے۔ مدینہ کے ساتوں مشہور فقہا کا علم ان کے سینہ میں محفوظ تھا۔ (ابن خلکان جلد۱ ص ۴۵۱) اسی فقہی کمال کی وجہ سے وہ مدینے کی مجلس افتا کے مسند نشین تھے۔ ان کے فتاوٰی کی تعداد اتنی زیادہ تھی کہ محمدؒ بن نوحؒ نے فقہی ترتیب سے ان کو تین ضخیم جلدوں میں جمع کیا تھا۔ (اعلام الموقعین جلد۱ ص ۲۶) امام بیہقیؒ لکھتے ہیں کہ امام زہریؒ کے زمانہ میں ان سے بڑھ کر حافظ حدیث، عالم اور احادیث کی جمع و ترتیب کرنے والا اور کوئی نہ تھا (کتاب القرأۃ ص ۵۷) حافظ ابن کثیرؒ ان کو احد الاعلام من ائمۃ الاسلام اور تابعی جلیل واعلم الناس لکھتے ہیں۔ (البدایہ والنہایہ جلد۹ ص ۳۴۲) امام شافعیؒ فرماتے ہیں کہ زہریؒ ہمارے نزدیک حدیث تفسیر اور رجال کی توثیق کرنے کے امام ہیں۔ (الرسالہ للامام الشافعیؒ ص ۶۴) اور حافظ ابن تیمیہؒ فرماتے ہیں کہ امام زہریؒ (بقیہ اگلے صفحہ پر)

اور اسی طرح امام سفیانؒ ثوریؒ رحمۃ اللہ علیہ (المتوفی ١٦١ھ)۔

امام لیثؒ بن سعدؒ (المتوفی ١٧٥ھ) امام عبداللہؒ بن المبارکؒ (المتوفی ١٨١ھ)

(بقیہ پچھلا صفحہ) اپنے وقت میں سنت اور حدیث کے بہت بڑے امام تھے۔ (فتاوٰی جلد ٢ ص ١٢٥)

سفیانؒ سفیان ثوریؒ: علامہ ذہبیؒ ان کو الامام، شیخ الاسلام، سید الحفاظ اور الفقیہ لکھتے ہیں (تذکرہ جلد ١ ص ١٩٠)
امام شعبہؒ و ابن معینؒ اور ایک بہت بڑی جماعت یہ کہتی ہے کہ سفیانؒ فن حدیث میں امیر المؤمنین تھے۔
ابن مبارکؒ فرماتے ہیں کہ میں نے گیارہ سو شیوخ سے احادیث کی سماعت کی ہے جن میں سفیان ثوریؒ سے افضل کوئی بھی نہ تھا۔ ان کی تعریف و توصیف کے لیے یہ الفاظ کیا کم ہیں؟ شعبہؒ فرماتے ہیں۔ سفیانؒ مجھ سے بڑے حافظ ہیں۔ ورقاؒ فرماتے ہیں: سفیانؒ نے اپنا نظیر خود بھی نہیں دیکھا ہوگا۔ امام احمدؒ فرماتے تھے میرے نزدیک سفیانؒ سے بڑھ کر کوئی نہیں۔ امام اوزاعیؒ فرماتے ہیں کہ اس سرزمین پر کوئی ایسا نہیں رہا جس پر تمام امت متفق ہو۔ ہاں مگر وہ صرف سفیان ثوریؒ ہی ہیں (تذکرہ جلد ١ ص ١٩١)

امام قطانؒ فرماتے ہیں کہ سفیان ثوریؒ، امام مالکؒ سے سب چیزوں میں بڑھ کر ہیں (تذکرہ جلد ١ ص ١٩١)
علامہ خطیب لکھتے ہیں کہ وہ ائمہ مسلمین کے بہت بڑے امام اور اعلام دین کے بہت بڑے عَلَم تھے۔ سب کا ان کی امامت پر اتفاق ہے۔ (بغدادی جلد ٩ ص ١٥٢، تہذیب التہذیب جلد ٤ ص ١١٣) حافظ ابن کثیرؒ لکھتے ہیں کہ وہ احد ائمۃ الاسلام اور عابد متقی اور بے شمار تابعینؒ سے روایتیں کرنے والے تھے۔ (البدایہ والنہایہ جلد ١٠ ص ١٣٤)

نواب صدیق حسن خاں صاحبؒ لکھتے ہیں کہ امام سفیانؒ ثوری از اصحاب مذاہب متبوعہ بود، محدث جلیل و عارف نبیل علم را با سلوک یکجا داشت۔ (تقصار ص ٤٧)

لیثؒ امام لیثؒ بن سعد علامہ ابن سعدؒ کا بیان ہے کہ وہ ثقہ اور کثیر الحدیث تھے۔ امام احمدؒ ان کو کثیر العلم اور صحیح الحدیث کہتے تھے۔ ابن مدینیؒ ان کو ثقہ اور ثبت کہتے تھے۔ (تہذیب التہذیب جلد ٨ ص ٤٦١) ابن وہبؒ کا بیان ہے کہ اس ذات کی قسم جس کے سوا کوئی معبود نہیں۔ ہم نے لیثؒ سے بڑا کوئی فقیہ نہیں دیکھا۔ (ابن خلکان جلد ١ ص ٤٣٥)
امام نوویؒ کا بیان ہے کہ لیثؒ کی امامت فقہ پر علماء کا اجماع ہے۔ اس کمال تفقہ کے باعث اپنے زمانہ میں مصر کے سب سے بڑے مفتی بھی تھے۔ (تہذیب الاسماء جلد ١ ص ٧٣) علامہ ذہبیؒ کا بیان ہے کہ وہ الامام، الحافظ اور دیار مصر کے علماء کے شیخ اور رئیس تھے۔ (تذکرہ جلد ١ ص ٢٠٧) یحیٰی بن بکیرؒ کا بیان ہے کہ لیثؒ سے زیادہ کامل اور فقیہ البدن
(باقی اگلے صفحہ پر نمبر ٢ بھی)

امام اوزاعیؒ[۵] رحمۃ اللہ علیہ (المتوفی ۱۵۷ھ)

(بقیہ اور نمبر۳ پچھلے صفحہ) میں نے کوئی نہیں دیکھا۔ سعید بن ایوبؒ کہتے ہیں اگر امام مالکؒ اور لیثؒ کسی موقع پر مجتمع ہوتے تو مالکؒ کو ان کے سامنے لب کشائی کی ہمت نہ ہوتی۔ (بغدادی جلد۱۳ ص۶) امام شافعیؒ کا بیان ہے کہ لیثؒ امام مالکؒ سے زیادہ احادیث اور آثار کا اتباع کرتے تھے۔ (تذکرہ جلد۱ ص۲۰۸) حافظ ابن کثیرؒ ان کو امام فی الفقہ والحدیث والعربیۃ سے یاد کرتے ہیں۔ (البدایہ والنہایہ جلد۱۰ ص۱۶۹) امام احمدؒ فرماتے ہیں کہ لیث کثیر العلم اور صحیح الحدیث تھے۔ اور نیز فرمایا کہ اہل مصر میں ان سے زیادہ اصح الحدیث اور کوئی نہ تھا (بغدادی جلد۱۳ ص۱۲)

[۴] امام عبداللہ بن المبارکؒ علامہ ذہبیؒ ان کو الامام العلامۃ الحافظ، شیخ الاسلام، فخر المجاہدین اور قدوۃ الزاہدین لکھتے ہیں (تذکرہ جلد۱ ص۲۵۳) امام ابن حبانؒ کا بیان ہے کہ ان میں اہل علم کے اتنے خصائل جمع ہو گئے تھے کہ ان کے زمانہ میں تمام روئے زمین پر کسی میں مجتمع نہ ہوئے تھے۔ (تہذیب التہذیب جلد۵ ص۳۸۶) امام نوویؒ لکھتے ہیں کہ ان کی امامت اور جلالت پر سب کا اتفاق ہے۔ وہ تمام چیزوں میں امام تھے ان کے ذکر سے رحمت نازل ہوتی ہے اور ان کی محبت کی وجہ سے بخشش کی توقع کی جاتی ہے۔ علامہ ابن سعدؒ ان کو منقد ثبت اور کثیر الحدیث کہتے ہیں۔ (تہذیب الاسماء جلد۱ ص۲۸۵) حافظ ابن کثیرؒ لکھتے ہیں کہ وہ حفظ، فقہ، عربیت، زہد، شجاعت اور شعر کے مسلم امام تھے۔ (البدایہ والنہایہ جلد۱۰ ص۱۷۷)۔ علامہ خطیبؒ فرماتے ہیں کہ وہ علم میں حق پرستوں کے گروہ میں تھے۔ اور حفظ و زہد کے ساتھ متصف تھے۔ (بغدادی جلد۱۰ ص۱۵۲) مولانا مبارکپوری صاحب لکھتے ہیں کہ وہ اپنے زمانہ کے سب سے بڑے عالم تھے۔ (تحفۃ الاحوذی جلد۱ ص۲۲۰)

[۵] امام اوزاعیؒ: علامہ ذہبیؒ لکھتے ہیں کہ وہ شیخ الاسلام اور حافظ تھے۔ اور وہ اس قابل تھے کہ ان کو وقت کا خلیفہ بنایا جاتا۔ امام ابو اسحاق فزاریؒ کا بیان ہے کہ اگر تمام امت کا خلیفہ منتخب کرنے کا اختیار مجھے دیا جائے تو میں امام اوزاعیؒ کا انتخاب کروں گا۔ اہل شام اور اندلس میں ایک عرصہ تک ان کی تقلید ہوتی رہی۔ (تذکرہ جلد۱ ص۱۶۸) امام ابو زرعہؒ فرماتے ہیں کہ امام اوزاعیؒ سے فقہ اور دین کی بہت سی روایتیں منقول ہیں۔ اسی علمی قابلیت کی وجہ سے وہ اہل شام کے مفتی اعظم تھے۔ امام ابن مہدیؒ کا بیان ہے۔ حدیث کے مرکزی امام صرف چار ہیں۔ امام اوزاعیؒ (۲) امام مالکؒ (۳) امام ثوریؒ (۴) امام حماد بن زیدؒ۔ نیز ان کا بیان ہے کہ اہل شام میں ان سے بڑا کوئی سنت کا عالم نہ تھا۔ تہذیب التہذیب جلد۶ ص۲۳۹) حافظ ابن کثیرؒ ان کو الامام الجلیل علامۃ الوقت اور فقیہ اہل الشام لکھتے ہیں۔ امام عبیداللہ بن عبدالکریمؒ فرماتے ہیں: (بقیہ اگلے صفحہ پر)

امام اسحاق[1] بن راہویہ رحمۃ اللہ علیہ (المتوفی ۲۳۸ھ) اور امام سفیان[2] بن عیینہ رح (المتوفی ۱۹۸ھ) وغیرہ جہری نمازوں میں مطلقاً اور سری میں وجوب کے قائل نہ تھے۔ مناسب معلوم ہوتا ہے کہ ہم اختصاراً اپنے اس دعوے کی دلیل بھی عرض کر دیں۔ چنانچہ امام موفق الدین رح ابن قدامہ تحریر فرماتے ہیں:

(بقیہ پچھلا صفحہ) میں نے امام اوزاعی رح سے بڑا عقلمند، پرہیزگار، عالم، فصیح، باوقار، حلیم اور خاموش طبع کوئی اور نہیں دیکھا۔ (البدایہ والنہایہ جلد ۱۰ ص ۱۱۵) حافظ ابن القیم رح لکھتے ہیں کہ وہ امام الشام فی وقتہ اور احد ائمۃ الدنیا تھے۔ (اجتماع الجیوش الاسلامیہ ص ۸۰)

[1] امام اسحاق بن راھویہ رح: علامہ ذہبی رح لکھتے ہیں کہ وہ حافظ کبیر، عالم نیشاپور بلکہ جملہ اہل مشرق کے شیخ تھے۔ محدث ابو زرعہ رح کا بیان ہے کہ ان سے بڑا کوئی حافظ دیکھنے میں نہیں آیا۔ ابو حاتم رح کا بیان ہے کہ ان کے اتقان اور اصابت رائے پر آفرین ہے۔ اللہ تعالیٰ نے ان کو بہت بڑا حافظہ عطا فرمایا تھا۔ (تذکرہ جلد ۲ صفحہ ۱۹)

امام ابن خزیمہ رح کا بیان ہے کہ اگر وہ تابعین کے زمانہ میں ہوتے تو وہ یقیناً ان کے علم اور فقہ کا اقرار کرتے۔ امام احمد رح ان کو امام من ائمۃ المسلمین لکھتے ہیں۔ (بغدادی جلد ۶ ص ۳۵۰) ابن حبان کا بیان ہے کہ وہ اپنے زمانے میں فقہ، علم اور حفظ میں یکتا تھے۔ (تہذیب التہذیب جلد ۱ ص ۲۱۷) سعید بن ذویب رح کا بیان ہے کہ وہ عدیم النظیر تھے۔ (بغدادی جلد ۶ ص ۳۵۰)

[2] امام سفیان بن عیینہ رح: امام شافعی رح فرماتے تھے کہ اگر امام مالک رح اور سفیان بن عیینہ رح نہ ہوتے تو حجاز کا علم ختم ہو جاتا۔ (تہذیب التہذیب جلد ۴ ص ۱۱۹) امام نووی رح لکھتے ہیں کہ ان کی امامت جلالت شان اور عظمت پر سب کا اتفاق ہے۔ امام احمد بن حنبل رح فرماتے ہیں کہ میں نے ابن عیینہ رح سے بڑا کوئی عالم سنن نہیں دیکھا۔ (تہذیب الاسماء جلد ۱ ص ۲۲۴) ابن عماد حنبلی رح انہیں شیخ الحجاز اور احد الاعلام لکھتے ہیں۔ ابن ناصر الدین لکھتے ہیں، سفیان بن عیینہ رح امام عالی مقام اور محترم کے محدث تھے۔ (شذرات الذہب جلد ۱ ص ۳۵۴)۔ ابن وہب کہتے تھے، میں نے سفیان بن عیینہ رح سے بڑھ کر کوئی شخص قرآن مجید کا عالم نہیں دیکھا۔ (بغدادی جلد ۹ ص ۱۸۵)

علامہ ذہبی رح ان کو العلامہ، الحافظ اور شیخ الاسلام لکھتے ہیں اور فرماتے ہیں کہ وہ امام، حافظ، حجت، واسع العلم اور بلند قدر تھے۔ امام شافعی رح فرماتے ہیں کہ میں نے سفیان بن عیینہ رح سے بڑھ کر کسی کو نہیں دیکھا کہ فتویٰ دینے میں احتیاط کرتا ہو اور حدیث کی تفسیر میں بھی ان سے بہتر کوئی نہیں دیکھا۔ (تذکرۃ الحفاظ جلد ۱ ص ۲۴۲)

وجملة ذلك ان القرأة غير واجبة على العموم فيما جهر به الامام واوفيما اسر به نص عليه احمد فى رواية الجماعة و بذلك قال الزهرىؒ والثورىؒ وابن عيينةؒ ومالكؒ وابو حنيفةؒ واسحاقؒ بن راهويةؒ۔ (مغنى جلد ۱ ص۵۶۲)

خلاصۂ کلام یہ ہے کہ سورۂ فاتحہ کا امام کے پیچھے پڑھنا نہ جہری نمازوں میں واجب ہے، نہ سری میں، ایک بڑی جماعت نے امام احمدؒ سے اس کی تصریح نقل کی ہے اور یہی امام زہریؒ، سفیان ثوریؒ، سفیانؒ بن عیینہؒ، مالکؒ، ابو حنیفہؒ اور اسحاقؒ بن راہویہؒ کا مسلک اور مذہب ہے۔

امام شمس الدینؒ ابن قدامہ الحنبلیؒ:

(المتوفی ۶۸۲ھ جن کا نام عبدالرحمٰنؒ بن ابی عمر محمدؒ بن احمدؒ بن محمدؒ بن قدامہؒ ہے۔ علامہ ذہبیؒ فرماتے ہیں کہ وہ الامام اور شیخ الاسلام تھے تذکرہ جلد ۴ ص۲۴۷) فرماتے ہیں کہ

ولا تجب القرأة على المأموم هذا قول اكثر اهل العلم ممن كان لا يرى القرأة خلف الامام علىؓ وابن عباسؓ وابن مسعودؓ وابو سعيدؓ وزيدؓ بن ثابت وعقبةؓ بن عامر وجابرؓ وابن عمرؓ وحذيفةؓ بن اليمانؓ وبه يقول الثورىؒ و ابن عيينةؒ واصحاب الرأى ومالكؒ والزهرىؒ والاسودؒ وابراهيمؒ وسعيدؒ بن جبيرؒ قال ابن سيرينؒ لا اعلم من السنة القرأة خلف الامام اھ (شرح مقنع جلد ۲ ص۱۱ طبع مصر)

اور مقتدی پر قرأۃ واجب نہیں ہے اور یہی اکثر اہل علم کا قول ہے اور جو حضرات قرأۃ خلف الامام کے قائل نہ تھے ان میں خصوصیت سے حضرت علیؓ، حضرت ابن عباسؓ، حضرت ابن مسعودؓ، ابو سعیدؓ، زیدؓ بن ثابت، عقبہؓ بن عامر، جابرؓ، ابن عمرؓ، حذیفہؓ بن الیمانؓ قابل ذکر ہیں اور یہی قول امام سفیان ثوریؒ سفیانؒ بن عیینہؒ فقہاء حنفیہؒ امام مالکؒ، زہریؒ، اسودؒ، ابراہیمؒ وسعیدؒ بن جبیرؒ کا ہے اور محمدؒ بن سیرینؒ فرماتے ہیں کہ میں نہیں جانتا کہ قرأۃ خلف الامام سنت ہو۔

یہ حوالہ بھی اس بات کی واضح اور روشن دلیل ہے کہ اکثر اہل علم کے نزدیک مقتدی پر قرأت واجب نہیں ہے اور حضرات صحابہ کرامؓ اور تابعینؒ واتباع تابعینؒ میں مذکورین حضرات قرأۃ خلف الامام کے قائل نہ تھے اور امام محمدؒ بن سیرینؒ قرأۃ خلف الامام کو خلاف سنت قرار دیتے ہیں اور ہم پہلے مغنی کے حوالہ سے عرض کر چکے ہیں کہ امام احمدؒ امام زہریؒ، امام سفیانؒ بن عیینہؒ

امام مالکؒ، امام ابوحنیفہؒ اور امام اسحاق بن راہویہؒ سب حضرات کے نزدیک مقتدی پر جہری اور سری کسی نماز میں قرأۃ واجب نہیں ہے۔ اور قاضی شوکانیؒ نے تصریح کی ہے کہ امام اسحاق بن راہویہؒ امام احمد بن حنبلؒ، امام مالکؒ وغیرہ جہری نمازوں میں امام کے پیچھے قرأۃ کے قائل نہ تھے۔

(نیل الاوطار جلد ۲ ص ۲۲۳)

مولانا مبارک پوری صاحبؒ لکھتے ہیں:

وقال الزهری ومالك وابن المبارك واحمد واسحاق يقرأ فيما اسر فيه الامام ولا يقرأ فيما جهر به۔ (تحفة الاحوذی جلد ۱ ص ۲۵۶)	امام زہریؒ، امام مالکؒ، ابن المبارکؒ، احمدؒ اور اسحاقؒ فرماتے ہیں کہ جن نمازوں میں امام آہستہ قرأت کرتا ہو، ان میں مقتدی قرأۃ کرسکتا ہے اور جہری نمازوں میں مقتدی کے لیے اس کی گنجایش نہیں ہے۔“

امام ابن قدامہؒ کے حوالہ سے ابھی نقل کیا جاچکا ہے اور مبارک پوری صاحبؒ کے حوالہ سے عنقریب آئے گا کہ یہ ائمہ باوجودیکہ سری نمازوں میں قرأۃ خلف الامام کے قائل تھے۔ لیکن وجوب کے قائل نہ تھے۔

شیخ عبدالقادر جیلانیؒ[1]:

(متوفی ۵۶۱ھ) بھی مقتدی کے لیے قرأت کو درست نہیں سمجھتے تھے۔ چنانچہ لکھتے ہیں:

ان کان مأموما ينصت الى قرأة الامام ويفهمها۔ (غنیة الطالبین، طبع مصر ص ۶۳)	اگر نماز پڑھنے والا مقتدی ہے تو اس کو امام کی قرأت کے لیے خاموش رہنا چاہیے اور اس کی قرأۃ کو سمجھنے کی کوشش کرنی چاہیے۔

اگر ظاہری الفاظ پر نگاہ ڈالی جائے تو ان سے یہی متبادر ہوسکتا ہے کہ موصوف مقتدی کا تمام نمازوں میں یہ وظیفہ بتارہے ہیں کہ وہ نہایت توجہ اور دلجمعی کے ساتھ امام کی قرأۃ کو سننے اور خود خاموش رہے اور اگر اس امر پر بھی دھیان رکھا جائے کہ صاحب موصوف امام احمد بن حنبلؒ کے مقلد تھے[2]۔ تو اس عبارت

---

[1] علامہ ذہبیؒ ان کو الشیخ اور القدوۃ لکھتے ہیں۔ (تذکرہ جلد ۴ ص ۱۲۷) علامہ سیوطیؒ ان کو الشیخ لکھتے ہیں۔ (تاریخ الخلفاء ص ۳۰۳) اور حافظ ابن القیمؒ ان کو الشیخ الامام العارف اور قدوة العارفین لکھتے ہیں (اجتماع الجیوش الاسلامیہ ص ۱۰۱) نواب صاحبؒ ان کو امام الصوفیہ لکھتے ہیں۔ (الجنة فی الاسوة الحسنة بالسنة ص ۳۰)

[2] اگلے صفحہ پر دیکھیے

سے جہری نمازوں میں ممانعت ثابت ہوگی۔ اور چونکہ امام احمدؒ سری نمازوں میں وجوب قرأۃ کے قائل نہیں تھے۔ اس لیے صاحب موصوف کا مسلک بھی یہی ہوگا۔

شیخ الاسلام ابن تیمیہؒ لہ (المتوفی ۷۲۸ھ) مسئلہ خلف الامام پر بحث کرتے ہوئے تحریر فرماتے ہیں کہ امام کے جہر کرنے کا مقصد ہی یہ ہے کہ وہ پڑھے اور مقتدی سنیں۔ یہی وجہ ہے کہ امام جہری نمازوں میں جب وَلَا الضَّالِّيْن پڑھتا ہے تو مقتدی بھی آمین کہتے ہیں اور سرّی نمازوں میں چونکہ مقتدی سنتے نہیں۔ اس لیے وہ آمین بھی نہیں کہتے۔ اگر امام بھی قرأت کر رہا ہو اور مقتدی بھی پڑھتے ہوں تو اس کا مطلب یہ ہوگا کہ امام کو یہ حکم دیا جا رہا ہے کہ تم ایسے لوگوں کو سناؤ جو اس کے لیے آمادہ نہیں اور ایسی قوم کو خطبہ اور وعظ کہو جو توجہ نہیں کرتی۔ اور یہ ایسی کھلی حماقت ہے جس سے شریعت مطہرہ کا دامن بالکل پاک ہے۔ ایک حدیث میں آتا ہے کہ جو شخص خطبۂ امام کے وقت باتیں کر رہا ہو تو اس کی مثال ایسی ہے جیسے گدھے پر کتابوں کا بوجھ لادا گیا ہو۔ ایسا ہی وہ شخص ہے جو جہری نمازوں میں امام کے پیچھے قرأت کرتا ہو۔"

(فتاویٰ شیخ الاسلام ابن تیمیہؒ، جلد ۲ ص ۱۴۷)

یعنی نہ گدھا کتابوں سے منتفع ہو سکتا ہے اور نہ مقتدی قرأتِ امام سے۔ غور کیجیے کہ کتنی نازک تشبیہ ہے کہ امام کے پیچھے قرأت کرنے والوں کو گدھے سے مثال دی گئی ہے۔

(نمبر۳ پچھلے صفحہ کا) نواب صاحبؒ فرماتے ہیں کہ "شیخ عبدالقادر جیلانیؒ کہ در طبقات صوفیہ سرخیل طوائف اولیاء است انجام کار در مذہب احمد بن حنبلؒ انتقال برحمت الٰہی فرمود و او را نیز در مجتہدین شمردہ اند جم غفیر از حنفیہ قدیماً و حدیثاً مرید ایں خانوادہ و آخذ طریق او ست۔" (ہدایۃ السائل ص ۲۸۲)

لہ علامہ ذہبیؒ ان کی تعریف ان الفاظ سے کرتے ہیں۔ "شیخ الاسلام، العلامہ، الحافظ، الناقد، المفسر، المجتہد، عالی قدر، رئیس الزہاد، یگانۂ دوراں، بحر العلوم، الذکی، الشجاع، السخی اور لکھتے ہیں کہ مخالف اور موافق سب ان کی تعریف میں رطب اللسان ہیں۔" (تذکرہ جلد ۴ صفحہ ۲۷۸)

نواب صدیق حسن خان صاحبؒ لکھتے ہیں "کہ وہ شیخ الاسلام، امام الائمہ اور مجتہد مطلق تھے۔ علامہ ابن حزمؒ کے بعد شیخ الاسلام ابن تیمیہؒ کے ہم پایہ کوئی امام پیدا نہیں ہوا۔" (تقصار ص ۷۶)

مولانا محمد ابراہیم میر سیالکوٹیؒ لکھتے ہیں "شیخ الاسلام ابن تیمیہؒ علماء اسلام میں بلحاظ جامعیت علوم و فنون خصوصیت سے ممتاز ہیں۔" (تفسیر واضح البیان ص ۳۵)

قارئین کرام! اگر جہری نمازوں میں امام کے پیچھے قرأۃ کرنے کی کچھ بھی اجازت ہوتی یا شیخ الاسلام ابن تیمیہؒ کے خزانۂ معلومات میں ممانعت پر کوئی وزنی دلیل اور امت کی اکثریت کی معیت نہ ہوتی تو یقیناً وہ کبھی ایسی نازک تشبیہ نہ نقل کرتے اور یہی شیخ الاسلامؒ ایک دوسرے مقام پر یوں ارشاد فرماتے ہیں :

والامر باستماع قرأۃ الامام والانصات لہ مذکور فی القرآن و فی السنۃ الصحیحۃ وھو اجماع الامۃ فیما زاد علی الفاتحۃ وھو قول جماھیر السلف من الصحابۃؓ فی الفاتحۃ وغیرھا وھو احد قولی الشافعیؒ واختارہٗ طائفۃ من حذاق اصحابہ کالرازیؒ و ابی محمد بن عبد السلامؒ فان القرأۃ مع جھر الامام منکر مخالف القرآن و السنۃ وما کان علیہ عامۃ الصحابۃؓ۔ (تنوع العبادات ص۸۵)

امام کی قرأۃ سننے اور اس کے لیے چپ رہنے کا حکم قرآن کریم اور صحیح حدیث میں مذکور ہے اور اس پر تمام امت کا اجماع ہے کہ مقتدی پر سورۃ فاتحہ کے بعد اور کوئی قرأت نہیں ہے اور یہی جمہور اور اکثر حضرات صحابہ کرامؓ کا مسلک ہے کہ مقتدی پر نہ سورۃ فاتحہ کی قرأت ضروری ہے اور نہ کوئی اور سورۃ۔ امام شافعیؒ کا بھی ایک قول یہی ہے اور ان کے پیروکاروں کے گروہ میں جو بڑے ماہر تھے۔ مثلاً امام رازیؒ اور امام ابن عبد السلامؒ ان کا بھی یہی قول ہے اور اسی کو انھوں نے پسند کیا ہے۔ کیونکہ جہر امام کے وقت مقتدی کا پڑھنا قرآن کریم اور سنت کے خلاف بھی ہے۔ اور فی نفسہٖ بُرا بھی ہے اور اکثر حضرات صحابہ کرامؓ کے تعامل کے بھی سراسر خلاف ہے۔

حضرت امام شافعیؒ وغیرہ کا مسلک پوری تفصیل کے ساتھ پہلے نقل کیا جاچکا ہے اعادہ کی ضرورت نہیں ہے۔ اور شیخ الاسلام کی عبارت بھی بڑی صاف اور واضح ہے۔ مزید تشریح کی محتاج نہیں ہے اور ہم شیخ الاسلامؒ کے حوالہ سے پہلے نقل کر آئے ہیں کہ امام احمدؒ سے وہ نقل کرتے ہیں کہ جہری نمازوں میں مقتدی کا امام کے پیچھے قرأۃ کرنا شاذ بھی ہے اور خلاف اجماع بھی۔ اور لکھتے ہیں کہ امام احمدؒ کے نزدیک نہ جہری نمازوں میں مقتدی پر قرأت واجب ہے اور نہ سرّی نمازوں میں۔ (تنوع العبادات ص۸۶)

شیخ الاسلام ابن تیمیہؒ سرّی نمازوں میں امام کے پیچھے قرأۃ کرنے کے قائل تھے جیسا کہ

انھوں نے اپنے فتاویٰ (جلد ۲ ص ۱۴۹) میں اس کی تصریح کی ہے، لیکن چونکہ وہ حنبلی تھے اِس لیے قرین قیاس یہ ہے کہ ان کا مسلک بھی امام احمد بن حنبلؒ کی طرح صرف استحباب کا ہونا چاہیے، نہ کہ وجوب کا۔ اور امام ابن قدامہ کی عبارت سرّی نمازوں میں عدم وجوب کی پہلے نقل کی جا چکی ہے۔ مؤلف خیر الکلام صد ۳۱ و ۳۲ پر لکھتے ہیں کہ ان کے ہاں سکتاتِ امام میں پڑھنے سے بھی فرض ادا ہو جاتا ہے (محصلہ) لیکن اپنے مقام پر تفصیل کے ساتھ آئے گا کہ شیخ الاسلامؒ سکتات کے قائل نہیں ہیں اس لیے یہ توجیہ مردود ہے۔ رہا شیخ الاسلام کا حنبلی ہونا؟ تو اس پر سینکڑوں حوالے نقل کیے جا سکتے ہیں مگر ہم صرف نواب صدیق حسن خاں صاحبؒ کے ایک حوالے پر اکتفا کرتے ہیں کہ شیخ الاسلام کو شیخ الحنابلہ لکھتے ہیں۔
(الجنۃ فی الاسوۃ الحسنۃ بالسنۃ ص ۱۴۶)

حافظ ابن القیمؒ[۱]: (المتوفی ۷۵۱ھ) مسئلہ خلف الامام کی تحقیق میں ارشاد فرماتے ہیں:
کہ آں حضرت صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے مقتدی پر سے سجدہ سہو ساقط کر دیا ہے۔ بایں طور کہ امام کے پیچھے مقتدی کے بھولنے سے مقتدی پر سہو لازم نہ ہوگا۔ یعنی جب امام کی نماز صحیح ہو گئی تو مقتدی کی نماز بھی صحیح ہو گی۔ اسی طرح آں حضرت صلی اللہ علیہ وسلم نے مقتدی پر سورۃ فاتحہ کا پڑھنا بھی ساقط کر دیا ہے، کیونکہ امام کا پڑھنا مقتدی کا پڑھنا ہے۔ آگے لکھتے ہیں:

فقرأۃ الامام وسترتہ قرأۃ لمن خلفہ وسترۃ لہ۔ (کتاب الروح لابن القیمؒ ص ۱۶۶)

یعنی امام کی قرأۃ مقتدیوں کی قرأۃ ہے اور امام کا سترہ مقتدیوں کا سترہ ہے (نہ ان کو الگ قرأۃ کی فرورت ہے اور نہ سترہ کی۔

---

[۱] امام سیوطیؒ لکھتے ہیں کہ انھوں نے تصنیف کتب، مناظرہ اور مسائل کے استنباط میں بڑی جدوجہد کی اور محنت اٹھائی ہے۔ حتی کہ علم حدیث، تفسیر اور فقہ میں وہ کبار ائمہ میں شمار ہوتے ہیں۔ (بغیۃ الوعاۃ صد ۲۵)
ملا علی قاریؒ حنفی المتوفی ۱۰۱۴ھ لکھتے ہیں کہ حافظ ابن تیمیہؒ اور حافظ ابن القیمؒ اکابر اہل السنۃ والجماعت میں سے تھے۔ اور اس امت کے اولیاء میں ان دونوں کا شمار ہوتا ہے۔ (جمع الوسائل شرح شمائل طبع مصر، جلد ۱ ص ۲۰۸)
نواب صدیق حسن خاں صاحبؒ لکھتے ہیں کہ وہ المتکلم الحافظ اور الامام تھے۔ (دلیل الطالب صد ۹۰۲)
اور دوسرے مقام پر یوں پھول برساتے ہیں۔ علامہ کبیر مجتہد مطلق تمام علوم وفنون میں اپنے معاصرین پر تفوق رکھنے والے اور مذاہب کے جاننے میں تمام آفاق میں مشہور اور علوم کے سمندر تھے۔ (تقصار صد ۸۱)

یہ مضمون بھی نہایت روشن ہے اور غیر مبہم - مزید تفصیل کی ضرورت نہیں -

امام شاہ ولی اللہ دہلویؒ: (المتوفی ۱۱۷۶ھ) ان کو بھی بعض حضرات نے (جن میں مولانا عبد الرحمٰن صاحب مبارکپوریؒ بھی شامل ہیں - دیکھیے (تحقیق الکلام جلد ۱ ص۹ وغیرہ) مجوزین قرأۃ خلف الامام میں شامل کر لیا ہے - حالانکہ معاملہ یوں نہیں ہے چنانچہ حضرت شاہ صاحب تحریر فرماتے ہیں:

فان جهر الامام لم يقرأ الا عند الاسكاتة وان خافت فله الخيرة - (حجة الله البالغة جلد ۲ ص۹ طبع مصر)	اگر امام جہر سے قرأت کرتا ہو تو مقتدی کو اس کے پیچھے قرأۃ نہیں کرنی چاہیے، ہاں مگر سکتاتِ امام میں اور سری نمازوں میں مقتدی کو اختیار ہے چاہے پڑھے چاہے نہ پڑھے -

اور دوسرے مقام پر لکھتے ہیں: وَاِذَا قُرِئَ الْقُرْاٰنُ فَاسْتَمِعُوْا لَهٗ وَاَنْصِتُوْا دلالت می دارد مگر در جہر - (انفاس العارفین ص۸) یہ بحث تو اپنے مقام پر آئے گی کہ سکتاتِ امام کا کیا کہاں اور کتنا ثبوت ہے؟ اور یہ بھی کہ آیت مذکورہ سری نمازوں کو بھی شامل ہے نہ کہ فقط جہری نمازوں کو - لیکن یہ بات بالکل عیاں ہو جاتی ہے - کہ شاہ صاحبؒ قرأۃ خلف الامام کے جہری نمازوں میں مطلقاً اور سری نمازوں میں وجوب کے قائل نہ تھے -

قاضی مقبول احمد صاحب نے مغالطات احسن الکلام ص۳۲ اور الاعتصام ۱۴ر اگست ۱۹۶۲ء، ص۵ کالم ۳ میں خاصا واویلا کیا ہے - جس کا خلاصہ یہ ہے کہ مصنف احسن الکلام نے حضرت شاہ ولی صاحبؒ کی عبارت کے نقل کرنے میں خیانت کی ہے - اور حضرت شاہ صاحب کی غلط ترجمانی کی بخلاف اس کے مولانا عبد الرحمٰن صاحبؒ مبارکپوری نے صحیح ترجمانی کی ہے چنانچہ وہ لکھتے ہیں کہ شاہ صاحب کی یہ عبارت ہضم کر لی گئی ہے اور اگر پڑھے تو سورہ فاتحہ کو اس طرح پڑھے کہ امام کو خلجان پیش نہ آنے دے - اور میرے نزدیک یہ بہتر قول ہے - (حجۃ اللہ البالغۃ ج ۲ ص۹ بمغالطات احسن الکلام ص۳۲)

---

[1] نواب صاحبؒ لکھتے ہیں: کہ وہ المحدث اور المشہور تھے - (اکسیر ص۴۸) نیز لکھتے ہیں کہ وہ الشیخ الاجل اور المحدث تھے - (الجنۃ ص۴۸) مولانا میر سیالکوٹیؒ لکھتے ہیں کہ حضرت شاہ ولی اللہ صاحبؒ کے بعد اس وقت تک ہندوستان میں تو ایسا شخص نہیں ہوا - کہ اسے امام کہہ سکیں اور دوسرے ممالک کا حال خدا جانے -

(اخبار اہل حدیث ۱۵ر نومبر ۱۹۲۹ء)

اور الاعتصام میں لکھتے ہیں کہ مناسب معلوم ہوتا ہے کہ اس موقع پر مولانا عبدالرحمٰن صاحبؒ مبارکپوری کی یہ عبارت بھی نقل کر دی جائے تاکہ قارئین اچھی طرح اندازہ فرماسکیں کہ شاہ ولی اللہ الدہلوی علیہ الرحمۃ کا مسلک بیان کرنے میں کس نے غلطی کی ہے۔ مولانا مبارک پوری نے یا مولانا سرفراز نے ؟

مولانا عبدالرحمٰن مبارک پوری علیہ الرحمۃ فرماتے ہیں: شاہ ولی اللہ المحدث الدہلویؒ نے بھی باوجود حنفی المذہب ہونے کے امام کے پیچھے الحمد پڑھنے کو اولیٰ الاقوال بتایا ہے۔ (تحقیق الکلام جلد ا صث) آپ دونوں عبارتیں ملاحظہ فرمائیں اور بتائیں کہ کیا مولانا عبدالرحمٰن مبارک پوریؒ نے شاہ ولی اللہ علیہ الرحمۃ کی غلط ترجمانی کی ہے یا مولوی سرفراز نے ؟

الجواب: قاضی صاحب غصہ جانے دیجیے احسن الکلام کے ٹھوس دلائل اور محکم براہین نے آپ کے اور آپ کی جماعت کے دماغ کو ضرور ماؤف کر دیا ہے اور دل کی بھڑاس نکالنے کے اور اپنے متعصب حواریوں کو یہ باور کرانے کے لیے کہ مغالطاتِ احسن الکلام ہماری طرف سے مکمل جواب ہے یا الاعتصام میں بے سوچے سمجھے چند مضامین درج کر کے احسن الکلام کا جواب تصور کر لینا علمی دنیا میں کوئی وقعت نہیں رکھتا۔ ہاں اپنے جذباتی حواریوں کو جماعت میں منسلک رکھنے کے لیے قدرے سنبھالا ہو سکتا ہے۔ مگر تابکے یہ لوگ دلائل دیکھا کرتے ہیں۔ ہم حضرت شاہ ولی اللہ صاحبؒ کی مکمل عبارت نقل کرتے ہیں اور قارئین کرام سے التماس کرتے ہیں کہ وہ انصاف سے فرمائیں کہ حضرت شاہ صاحبؒ کی عبارت میں خیانت کس نے کی ہے ؟ آیا مولانا مبارک پوری صاحبؒ اور ان کے وکیل قاضی مقبول احمد صاحب نے یا سرفراز نے ؟ حضرت شاہ صاحب کی عبارت مع ترجمہ یہ ہے:

وان کان مأموما وجب علیہ الانصات	اور اگر وہ مقتدی ہو تو اس پر خاموش رہنا اور سننے
والاستماع فان جہر الامام لم یقرأ الا	کے لیے توجہ کرنا واجب ہے۔ پس اگر امام جہر سے پڑھے تو
عند الاسکاتۃ وان خافت فلہ الخیرۃ فان	مقتدی قراءۃ نہ کرے مگر سکتہ میں اور اگر امام آہستہ پڑھے
قرأ فلیقرأ الفاتحۃ قراءۃ لایشوش علی الامام	تو مقتدی کو اختیار ہے پس اگر مقتدی پڑھے تو فاتحہ پڑھے
وھذا اولی الاقوال عندی وبہ یجمع بین	اس طرح کہ امام کو خلل میں نہ ڈالے اور یہ میرے نزدیک سب سے
احادیث الباب والسر فیہ ما فصل علیہ من	بہتر قول ہے اور اسی سے اس باب کی حدیثیں باہم جمع کی جا سکتی
ان القراءۃ مع الامام تشوش علیہ وتفوت	ہیں اور راز اس میں یہ ہے کہ شارع نے صراحت کے ساتھ

الله به وتخالف تعظیم القرآن ولم یعزم علیهم ان یقرؤا استیذان العامة متی اراد وا ان یصححوا الحروف بلجهم کانت لهم لجة مشوشة فسجل فی النهی عن التشویش ولم یعزم علیهم ما یؤدی الی المنهی وابقی خیرة لمن استطاع و ذلک غایة المرحمة بالامة انتهی۔ (حجة الله البالغة جلد ۲ ص۱۱ طبع مصر)

بتایا ہے کہ امام کے ساتھ قرأۃ کرنا اس کو خلل میں ڈالتا ہے اور تدبر کو فوت کر دیتا ہے اور تعظیم قرآن کے مخالف ہے۔ اور تاکیداً ان کو نہیں فرمایا کہ وہ ضرور آہستہ پڑھیں کیونکہ عام لوگ جب مل کر تصحیح حروف کا ارادہ کریں گے تو ان کی آواز بلند ہوگی جو باعث تشویش ہوگی سو اس تشویش کی نہی میں تو تاکید کی ہے مگر آہستہ پڑھنے کی تاکید نہیں کی جو اس ممنوع چیز تک ان کو پہنچائے اور اختیار دیا گیا ہے کہ جو پڑھ سکتا ہے پڑھے اور یہ امت کے ساتھ انتہائی رحمت ہے۔

یہ تمام خط کشیدہ عبارت قاضی مقبول احمد صاحب شیر مادر سمجھ کر پی گئے ہیں جس سے سری نمازوں میں قرأۃ کرنے اور نہ کرنے کے اختیار کا راز کھلتا ہے۔ اور فان قرأ فلیقرأ الخ کا (جو ولن خافت فلہ الخیرۃ کی تفریع ہے) معنی اور اگر پڑھے الخ کر کے اپنی لیاقت کا ثبوت دیا ہے اور غصہ ہم پر آرہا ہے کہ غلط ترجمانی ہم نے کی ہے۔ یہ ہے فریق ثانی کے علماء کا علم اور لیاقت سبحان اللہ تعالیٰ قاضی صاحب! حضرت شاہ صاحبؒ حرف فا کے ساتھ (جو تفریع اور ترتیب کے لیے ہوتا ہے) یہ فرماتے ہیں کہ اگر مقتدی نے سری نمازوں میں پڑھنے کی شق کو اختیار کیا تو اس طرح فاتحہ پڑھے کہ امام کے لیے باعث تشویش نہ ہو حرف واؤ کے ساتھ بیان نہیں کر رہے جس کا معنی اور اگر پڑھے الخ اور والسر فیہ سے آہستہ پڑھنے کا اور الخیرۃ کا راز بیان فرمایا ہے۔ حضرت شاہ صاحبؒ نے تمام سری اور جہری نمازوں میں سورۂ فاتحہ کے پڑھنے کو اولی الاقوال نہیں فرمایا جیسا کہ مبارکپوری صاحبؒ نے دھوکہ کھایا ہے اور قاضی صاحب موصوف دھوکہ دہی پر کمر بستہ ہیں کسی عربی کے ماہر ثالث سے فیصلہ کرالیں کہ اس کا مطلب سرفراز ٹھیک بیان کر رہا ہے؟ یا مبارکپوری صاحبؒ جو فرماتے ہیں وہ درست ہے؟

جو بات حق ہو وہ مجھ سے چھپی نہیں رہتی
خدا نے مجھ کو دیا ہے دل خبیر و بصیر!

قارئین کرام! آپ کو اس ماسبق بحث سے یہ اندازہ بخوبی ہو گیا ہوگا کہ حضرات صحابہ کرامؓ اور تابعینؒ و تبع تابعینؒ اور ائمہ اربعہؒ اور ان کے علاوہ امت کی اکثریت کے نزدیک

جہری نمازوں میں امام کے پیچھے سورۃ فاتحہ کی قرأۃ کو جائز نہیں سمجھا جاتا تھا۔ بلکہ وہ جہری نمازوں میں امام کے پیچھے مقتدی کا سورۃ فاتحہ پڑھنا شاذ، مخالف قرآن وسنت اور مخالفِ اجماع سمجھتے تھے اور سری نمازوں میں بھی اُمت کی اکثریت وجوبِ قرأۃ کی قائل نہ تھی۔ اس بحث کے پیشِ نظر فریق ثانی کے یہ باطل اور بے بنیاد دعاوی کہ امام کے پیچھے سورۃ فاتحہ نہ پڑھنے والے بے نماز مفسدینِ صلوٰۃ اور تارکِ سُنت ہیں اور ان کے ساتھ مُباہلہ تک کیا بھی صحیح ہے۔ ملاحظہ کیجئے کہ کہاں تک صحیح ہیں؟ اور ایسے ان غلو آمیز اور شر انگیز گستاخانہ کلمات سے کون امام بچ سکتا ہے؟ ہم نے محض نمونہ کے طور پر بعض حضرات ائمہؒ کی عبارات مقدمہ میں درج کی ہیں۔ ان کے علاوہ باب اوّل میں آیت کی تفسیر میں حضرات تابعینؒ و اتباع تابعینؒ کے جو آثار بیان ہوں گے۔ نیز باب سوم میں آثار حضرات صحابہؓ و تابعینؒ کے تحت جو آثار ذکر کیے جائیں گے۔ وہ ان کے علاوہ ہیں اور اگر آپ کی نزاکت طبع وقلتِ فرصت کا خیال دل کی گہرائیوں میں دب دب کر نہ اُبھرتا تو ہم ان کو بھی مقدمہ میں جگہ دیتے۔ کیونکہ ؎

رہ رواں را خستگی راہ نیست
عشق ہم راہ ہست و ہم خود منزل است

اب ہم مقدمہ میں انہی اقتباسات پر اکتفا کرتے ہوئے صرف حضرت امام احمدؒ بن حنبل کی ایک جامع و مانع عبارت نقل کرتے ہیں۔ بغور پڑھیے۔ امام ابن قدامہؒ فرماتے ہیں:

قال احمدؒ ما سمعنا احدًا من اهل الاسلام يقول ان الامام اذا جهر بالقرأة لا يجزئ صلوٰة من خلفه اذا لم يقرأ وقال هذا النبي صلى الله عليه وسلم واصحابه والتابعون وهذا مالكؒ في اهل الحجاز وهذا الثوريؒ	امام احمدؒ بن حنبلؒ نے فرمایا کہ ہم نے اہل اسلام میں کسی سے نہیں سنا۔ جو یہ کہتا ہو کہ جب امام جہر سے قرأۃ کرتا ہو اور مقتدی اس کے پیچھے قرأۃ نہ کرے تو مقتدی کی نماز باطل اور فاسد ہو جاتی ہے اور فرمایا یہ آں حضرت صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم ہیں۔ اور یہ آپ کے صحابہؓ اور تابعینؒ ہیں اور یہ امام مالکؒ ہیں اہل حجاز میں اور یہ امام ثوریؒ ہیں

[1] اور نواب صدیق حسن خان صاحبؒ دارقطنی کے حوالہ سے ایک روایت رجالہ کلہم ثقات کے الفاظ سے نقل کرکے آگے لکھتے ہیں کہ حدیث دلیل است بر عدم قرأۃ جہری در پس امام در حالت جہر امام و لہٰذا احمدؒ گفتہ ما سمعنا احدًا يقول ان الامام اذا جهر بالقرأة لا تجزئ صلوٰة من لم يقرأ۔ اھ (ھدایۃ السائل ص ۱۹۳)

فی اھل العراق وھذا الاوزاعیؒ فی اھل الشام وھذا اللیثؒ فی اھل مصر ما قالوا الرجل صلی وقرأ امامہ ولم یقرأ ھو صلوٰتہ باطلۃ۔ (مغنی ابن قدامہ ج ۱ص ۲۰۲ بعینہا یہ عبارت شرح مقنع جلد ۲ ص ۱۳ میں بھی ہے)

اہل عراق میں اور یہ امام اوزاعیؒ ہیں اہل شام میں اور یہ امام لیثؒ بن سعد ہیں اہل مصر میں ان میں سے کسی نے یہ نہیں کہا کہ جب کوئی شخص نماز پڑھے اور اس کا امام قرأۃ کرے اور مقتدی خود قرأۃ نہ کرے تو اس کی نماز باطل اور فاسد ہو جاتی ہے۔

درماندگی:

مصنّف خیر الکلام نے حضرت امام احمدؒ بن حنبلؒ کی اس واضح اور صریح عبارت کا جو جواب دیا ہے اس کو پڑھ کر ان کی علمی حالت پر بے ساختہ ترس آتا ہے وہ فرماتے ہیں کہ

(۱) اس کا مطلب بھی یہی لینا چاہیئے کہ امام کے ساتھ ساتھ پڑھنا کسی کے نزدیک ضروری نہیں بلکہ قرأۃ کا فریضہ (جن کے ہاں قرأۃ فرض ہے) سکتات میں ادا ہو سکتا ہے۔ (الخ) (خیر الکلام ص ۳۲)

(۲) یا امام احمدؒ بن حنبلؒ کی عبارت کا یہ مطلب ہے کہ چونکہ یہ مسئلہ اختلافی ہے اس لیے کسی کی تحقیق میں فاتحہ فرض نہ ہو تو وہ جہری نمازوں میں نہ پڑھے تو اس کی نماز ہو جاتی ہے باقی رہا یہ سوال کہ امام صاحبؒ نے جہر کی قید کیوں لگائی ہے اس اختلافی مسئلہ میں تو جہر اور سرّ برابر ہے اس کی وجہ یہ ہے کہ سرّی نمازوں میں منع کی چونکہ کوئی دلیل نہیں اس واسطے بعض علماء نے اس کو اختلافی مسئلہ قرار نہیں دیا بلکہ اتفاقی سمجھ کر یہ فتویٰ لگایا کہ سرّی نمازوں میں جو شخص نہ پڑھے اس کی نماز باطل ہے۔ الخ (ص ۳۲ خیر الکلام)

(۳) بعض حنفیہ (احسن الکلام ص ۲۴) نے علامہ کی عبارت سے قرأ امامہ امام پڑھ رہا ہو گا جملہ حذف کر دیا ہے پھر امام احمد بن حنبلؒ سے یہاں اوزاعیؒ اور لیثؒ کا نام بھی نقل کر دیا ہے حالانکہ امام ابن عبد البرؒ نے ان دونوں سے فاتحہ کی فرضیت نقل کی ہے معلوم ہوتا ہے کہ امام احمد بن حنبلؒ کو ان کے اس قول کا علم نہیں۔ الخ (ص ۳۳ و ۳۴)

الجواب: یہ ہے فریق ثانی کے رئیس المحدثین قدوۃ السالکین اور استاذ الاساتذہ کا جواب جس میں ایک رتی جان بھی نہیں ہے۔ ترتیب وار سنیئے:

۱۔ حضرت امام احمد بن حنبلؒ سکتات کا مسئلہ نہیں بیان فرما رہے بلکہ تصریح کرتے ہیں جہری

نمازوں میں امام کے پیچھے مطلق قرآۃ نہ کرنے والے کی نماز تمام اہل اسلام کے نزدیک جائز ہے اور اس کا ایک شخص بھی منکر اور مخالف نہیں ہے۔ اگر امام احمد بن حنبلؒ کے علم میں یہ ہوتا کہ امام شافعی رحمۃ اللہ علیہ (یا کوئی اور) اس کا مخالف ہے تو باوجود قرب زمانے کے بلکہ امام شافعیؒ کا شاگرد ہونے کے (دیکھیے تہذیب التہذیب جلد ا ص ۲۷) کبھی یہ دعویٰ نہ کرتے کہ اہل اسلام میں اس کا کوئی قائل نہیں۔ چودھویں صدی کے مجتہدین کا تو انھیں کوئی علم نہ تھا تاکہ ان کے لیے کوئی گنجائش چھوڑ دیتے حضرت امام احمد بن حنبلؒ کا یہ ارشاد امام شافعیؒ کے مسلک کی وضاحت کے لیے ایک مستقل دلیل ہے اور اپنے مفہوم میں بالکل واضح ہے کہ امام کے پیچھے قرأت ترک کرنیوالے کی نماز بالکل صحیح ہے۔

ع۲۔ امام احمد بن حنبلؒ تو جہری نمازوں میں تمام اہل اسلام کا اتفاق نقل فرماتے ہیں۔ پھر ان کی عبارت کا مطلب چونکہ یہ مسئلہ اختلافی ہے الخ کس طرح صحیح ہوا۔ رہا سری نمازوں کے بارے میں مصنف خیر الکلام کا یہ فرمانا کہ چونکہ دلیل نہیں ..... الخ (محصلہ) ممکن ہے اس چونکہ سے ان کے حواری تو شاید مطمئن ہوجائیں مگر علمی دنیا کبھی اس چونکہ سے مطمئن نہیں ہوسکتی۔ کیونکہ سری نمازوں میں بھی عدم قرأت کی دلیل ایک نہیں کئی ٹھوس دلائل ہیں اور صرف ایک برہان نہیں بلکہ متعدد براہین موجود ہیں۔ اور یہ مسئلہ بھی خاصا اختلافی ہے اور جو حضرات پڑھنے کے قائل ہیں۔ مثلاً، امام مالکؒ اور امام احمد بن حنبلؒ وغیرہ تو وہ بھی سری نمازوں میں وجوب کے قائل نہیں ہیں سوا گنے چنے چند حضرات کے کوئی امام سری نمازوں میں قرآۃ نہ کرنے والے کی نماز کے بطلان کا ہرگز قائل نہیں اور یہی جمہور کا مسلک ہے۔

ع۳۔ قدوۃ السالکین کا تعصب ملاحظہ ہو کہ یہ حسن ظنی ان کے قلب مبارک میں پیدا ہی نہیں ہوئی کہ یہ لفظ چھوٹ گیا ہے بلکہ فرماتے ہیں حذف کر دیا ہے اور خیر الکلام ص۵۵۹ مناقشہ ۹ میں لکھا ہے کہ اس عبارت میں سے جملہ وقت ما اماھہ اور اس کا امام پڑھتا ہو چھوڑ دیا ہے تاکہ جہری و سری سب نمازوں کو یہ فتوای شامل ہو۔ انتہیٰ بلفظہ۔ فریق ثانی کے رئیس المحدثین کو معلوم ہونا چاہیے کہ احسن الکلام جلد ا ص۲۴۰ پر جہاں یہ عبارت نقل کی گئی ہے اس کے ترجمہ میں یہ لفظ موجود ہیں کہ جب امام جہر سے قرآۃ کرتا ہو الخ اس کی موجودگی میں یہ احتمال کہاں سے اور کیونکر پیدا ہوا کہ سری نمازیں بھی اس میں شامل ہوں جب کہ راقم کے نزدیک سری کو یہ شامل ہی نہیں تو سب کو شامل

ہونے کا کیا معنی؟ آپ کو معلوم ہونا چاہیے کہ چار سو صفحات کی کتاب میں کسی ایک آدھ جملہ کا چھوٹ جانا یا کتابت میں غلطی کا واقع ہونا غیر اغلب نہیں ہوتا۔ آپ کے ذہن مبارک سے إِنَّ بَعْضَ الظَّنِّ إِثْمٌ کیوں نکل گیا؟ باقی امام عبدالبرؒ سے بدرجہا زیادہ امام احمدؒ بن حنبلؒ امام اوزاعیؒ اور امام لیثؒ کے مسلک کو جانتے ہیں۔ مجتہد مطلق بھی ہیں اور قریب زمانہ بھی ہے اور یہ حوالہ علامہ ابن قدامہؒ کے علاوہ اور دیگر ثقہ اور ثبت حضرات محدثین عظامؒ نے بھی نقل فرمایا ہے۔ اس لیے اس سلسلہ میں امام احمدؒ بن حنبلؒ کا علم بالکل صحیح ہے اور مؤلف خیر الکلام کی بات پرِکاہ کی حیثیت بھی نہیں رکھتی۔

اقرار کے ساتھ انکار کی دم:

مصنف خیر الکلام نے جب بخوبی یہ محسوس کر لیا کہ حضرت امام احمدؒ بن حنبلؒ کی اس ٹھوس اور واضح عبارت کے جواب میں میری کہی ہوئی سینہ زاد باتیں ناکام ہیں تو آخر میں اقرار بھی کیا ہے۔ چنانچہ وہ لکھتے ہیں کہ بس زیادہ سے زیادہ یہ کہا جا سکتا ہے کہ امام احمدؒ بن حنبلؒ کے قول کا مطلب وہی ہے جو ناقل (سرفراز) نے سمجھا ہے تو اس کا یہ مطلب ہوگا کہ امام احمدؒ بن حنبلؒ نے آں حضرت صلی اللہ علیہ وسلم کے قول کی تاویل کی ہے اور صحابہ کرامؓ کے اقوال ان کو بسند صحیح نہیں پہنچے۔ مگر امام بخاریؒ اور دیگر محدثین کو وہ اقوال بسند صحیح پہنچ گئے اس لیے انھوں نے آں حضرت صلی اللہ علیہ وسلم کے قول لا صلوٰۃ لمن لم یقرأ بفاتحۃ الکتاب جو فاتحہ نہ پڑھے اس کی نماز نہیں ہے۔ اس کی تاویل نہیں کی جیسا کہ امام احمدؒ بن حنبلؒ نے تاویل کی ہے۔ الیٰ ان قال بہر صورت اس اختلافی مسئلہ میں ایک امام کی رائے ہے جو دوسرے ائمہ حدیث خصوصاً امام بخاریؒ (جو بنقل حافظ ابن حجرؒ امام احمدؒ سے فقہ اور حدیث میں بیسیوں گنا سے زیادہ ہیں۔ مقدمہ فتح الباری ص۴۸۵) کی رائے کے خلاف ہے پس کسی صورت میں یہ قابل التفات نہیں۔ (خیر الکلام ص۳۴۴ و ۳۴۵)

الجواب: حضرت امام احمدؒ بن حنبلؒ اس مقام پر اہل اسلام کا متفقہ فیصلہ اور ائمہ مذکورین کا اجماع نقل کر رہے ہیں کہ امام کے پیچھے قرات نہ کرنے والے کی نماز فاسد اور باطل ہونے کا کوئی قائل نہیں۔ حدیث کی تاویل اور عدم تاویل کا ذکر وہ یہاں نہیں فرما رہے وہ تو اہل اسلام کا متفقہ فیصلہ نقل فرما رہے ہیں اور حضرات صحابہ کرام رضی اللہ عنہم کے اقوال اگر امام احمدؒ بن حنبلؒ کو بسند صحیح نہیں پہنچے تو

اور کس کو پہنچتے ہیں ؟ اور جو اقوال حضرت امام بخاریؒ کو بقول مصنف خیر الکلام بسند صحیح پہنچے ہیں ان کا حال بھی اپنے مقام پر احسن الکلام جلد دوم میں واضح کر دیا گیا ہے جن کو مؤلف مذکور نے تنکوں کا سہارا دے کر تھامنے کی بے جا سعی کی ہے مگر سنبھلے پھر بھی نہیں۔ رہا یہ کہ امام بخاریؒ امام احمدؒ بن حنبلؒ سے بیس گنا فقہ و حدیث میں زیادہ ہیں۔ صرف عقیدت کی نقل سے کچھ نہیں بنتا۔ اس کا قائل اور اس کا درجہ معلوم ہونا چاہیئے اور اس کی علمی شہرت اور اکثر امت کا اعتماد با حوالہ درکار ہے۔ محض نقل کی حیثیت کیا ہے ؟ اور اگر وہ کوئی معتبر امام ہے تو یہ صرف ان کی غلو فی العقیدت کا اظہار ہے۔ حضرت امام بخاریؒ کا جو مقام حدیث و فقہ میں ہے اس کا کون منکر ہے یا ہو سکتا ہے ؟ لیکن حدیث و فقہ میں جو مقام حضرت امام احمدؒ بن حنبلؒ کا ہے وہ حضرت امام بخاریؒ کا نہیں ہے اس لیے کہ حضرت امام احمدؒ بن حنبلؒ بالاتفاق ائمہ مجتہدین میں شمار ہوتے ہیں اور حضرت امام بخاریؒ کے متعلق مختلف آرا ہیں کوئی ان کو مجتہد مطلق کہتا ہے اور کوئی مجتہد فی المذہب کہتا ہے۔ اور امام سبکیؒ اور حضرت شاہ ولی اللہ صاحبؒ ان کو شافعیؒ بتاتے ہیں ہم نے بقدر ضرورت طائفہ منصورہ میں اس پر باحوالہ بحث کی ہے اور امام بخاریؒ بقول حافظ ابن حجر عسقلانیؒ فقہی مسائل میں امام شافعیؒ اور امام ابو عبیدہؒ کے خوشہ چیں اور ان کی کتب سے استمداد کرتے ہیں۔ اس لیے دونوں میں زمین و آسمان کا فرق ہے۔ ہمارے لیے دونوں دل کا نور اور آنکھوں کا سرور ہیں مگر فرق مراتب ضرور ہے لہٰذا حضرت امام احمدؒ بن حنبلؒ کے اس واضح اور روشن حوالہ کو ہرگز نظر انداز نہیں کیا جا سکتا اور نہ علمی دنیا میں اس کو باور کرنے کے لیے کوئی تیار ہے اور یہ صرف امام حضرت احمدؒ بن حنبلؒ ہی کی رائے نہیں بلکہ جمہور حضرات صحابہ کرامؓ تابعینؒ اتباع تابعینؒ اور ائمہ دینؒ کی رائے ہے اور اتنی بڑی وزنی رائے ہے جس نے فریق ثانی کے اس غلو اور بے جا تعصب کا بھیجا نکال دیا ہے کہ قرأۃ خلف الامام نہ کرنے والوں کی نماز بیکار، باطل اور کالعدم ہے۔ اس لیے امام احمدؒ بن حنبلؒ کی اس مسئلہ میں لاعلمی کا دعوٰی (جیسا کہ مؤلف خیر الکلام نے کیا ہے) بالکل بے بنیاد اور سراسر مردود ہے۔ عجب نہیں کہ مؤلف مذکور یہ کہہ دیں: ؎

مگر میں نے تو اپنا فائدہ انکار میں دیکھا

آں حضرت صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم اور حضرات صحابہ کرامؓ و تابعین عظامؒ اور بعض دیگر ائمہؒ (جن سے آپ سابق حواشی میں اچھی طرح روشناس ہو چکے ہیں) کا یہ فیصلہ دیکھ لیجئے۔

اور فریق ثانی کے مفسدین صلوٰۃ اور بے نماز ہونے کے خالص متعصبانہ فتوے اور مباہلہ کے اعلان اور فراخ دلی سے انعامی چیلنج ملاحظہ کر لیجیے اور پھر فرمایئے کہ تکفیر کس کی ہوگی ؟ اور بے نماز کون ہوگا ؟ مفسدِ صلوٰۃ کون ہوگا ؟ اور مباہلہ کس سے ہوگا ؟ تارک سنت کون ہوگا اور انعامی چیلنج کا مستحق کون ہوگا ؟ افسوس ہے کہ فریق ثانی نے تعصب اور کم فہمی کی وجہ سے ایسا ایٹم بم ایجاد کر لیا کہ اس کی زد سے نہ بڑے بڑے ائمہ بچ سکتے ہیں اور نہ حضرات تابعینؒ بلکہ حضرات صحابہ کرامؓ اور حتیٰ کہ آں حضرت صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کی ذات گرامی بھی ان کے لایعنی فتووں سے محفوظ نہیں رہ سکتی۔ (العیاذ باللہ تعالیٰ ثم العیاذ باللہ تعالیٰ) دیکھئے اس ناروا فتوے کی زد سے کون بچ سکتا ہے ؟ ؎

متاعِ دین و دانش لٹ گئی اللہ والوں کی
یہ کس کافر ادا کا غمزۂ خوں ریز ہے ساقی !

باوجود اس کے کہ حق جمہور کے ساتھ ہے اور سو فیصدی ان کی رائے درست اور صحیح ہے۔ مگر وہ فریق ثانی کی طرح اس مسئلہ میں (بلکہ دیگر تمام اختلافی مسائل میں) نہ تو مجوزین قرأۃ خلف الامام کی تکفیر کرتے ہیں اور نہ قسم اٹھا کر ان کو بے نماز اور مفسدین صلوٰۃ کہتے ہیں اور نہ ان کو مباہلہ کا چیلنج دیتے ہیں۔ بلکہ جن اکابر (مثلاً امام بخاریؒ و امام بیہقیؒ وغیرہ) نے اپنی انتہائی وسعت اور کوشش صرف کر کے جمہور کی رائے کے ساتھ اختلاف رائے کیا ہے۔ نہ صرف یہ کہ ان کو معذور تصور کرتے ہیں بلکہ ماجور بھی سمجھتے ہیں اور ائمہ دین اور دیگر حضرات سلف صالحینؒ کی نسبت بدظنی اور سوءِ اعتقاد کو کسی طرح بھی روا نہیں سمجھتے ؎

وفاؤں کے ہزاروں دے چکے ہیں امتحاں اب تک
مگر وہ ہیں کہ اب بھی ہیں ہم سے بدگماں اب تک

اگر بہ نظرِ انصاف دیکھا جائے تو فریق ثانی کے بے بنیاد اور بادر ہوا دعووں اور فتووں کا جواب تو اس مقدمہ ہی سے پورا ہو جاتا ہے اور مزید کوئی چیز پیش کرنے کی ضرورت باقی نہیں رہتی۔ مگر چونکہ ہم تہیہ کر چکے ہیں کہ مسئلہ زیر بحث کو پوری طرح بے نقاب کرنا ہے۔ اس لیے ہم مقدمہ کے بعد اصل بحث اور اس کے دلائل عرض کرتے ہیں ـــــــ لیکن باب اوّل شروع کرنے سے قبل یہ ضروری معلوم ہوتا ہے کہ ہم امام ترمذیؒ[1] (المتوفی ۲۷۹ھ) اور علامہ بدر الدین عینیؒ[2]

---

[1] و [2] کا مکمل حاشیہ اگلے صفحہ پر دیکھیے۔

(المتوفی ۸۵۵ھ) کی بعض عبارتوں کو یہیں حل کرتے جائیں، جن سے بہت ممکن ہے کہ بعض اہلِ علم کو مغالطہ لگ جائے اور طالب علموں کا غلط فہمی میں مبتلا ہو جانا تو بہت اغلب ہے، رہے وہ حضرات جو غلط فہمی اور مغالطہ کو متاعِ عزیز سمجھ کر سینہ سے لگائے پھرتے ہیں۔ ان کے لیے ہمارے پاس کوئی علاج اور دوا موجود نہیں ہے۔ اللہ تعالیٰ بھی صرف اسی کو ہدایت دیتا ہے جو دل میں اس کی تڑپ اور جذبہ پیدا کرے۔ اور عملاً اس کی طرف پیش قدمی کرے ورنہ اس دربارِ عالی سے بھی محرومی کے بغیر کچھ حاصل نہیں ہو سکتا۔ ؎

یہ بزمِ مے ہے یاں کوتاہ دستی میں ہے محرومی
جو بڑھ کر خود اٹھا لے ہاتھ میں مینا اسی کا ہے

امام ترمذیؒ تحریر فرماتے ہیں، اکثر اہلِ علم جن میں حضرات صحابہ کرامؓ اور تابعینؒ شامل ہیں اور خاص طور پر امام مالکؒ، عبداللہ بن مبارکؒ، شافعیؒ، احمدؒ اور اسحاقؒ کا یہ مسلک ہے کہ امام کے پیچھے مقتدی کو قرأۃ کرنی چاہیے (ترمذی جلد ۱ ص۴۲) ہم پہلے امام مالکؒ، امام شافعیؒ، امام احمدؒ اور امام عبداللہ بن مبارکؒ، امام اسحٰقؒ

(پچھلے صفحے کے حاشیے) ؎ امام ترمذیؒ، علامہ ذہبیؒ ان کو الامام اور الحافظ لکھتے ہیں۔ صحاح ستہ میں جو مشہور کتاب الجامع ہے۔ وہ انہی کی تصنیف ہے۔ اس کے علاوہ کتاب العلل بھی انھوں نے لکھی ہے۔ حافظہ میں وہ ضرب المثل تھے۔ (تذکرہ جلد ۲ ص۱۸۷) مگر افسوس یہ امام عالی مقام بھی جرح سے محفوظ نہ رہ سکے چنانچہ علامہ ابن حزمؒ ایک مقام پر لکھتے ہیں کہ ترمذی صاحب الجامع مجہول ہیں (میزان الاعتدال جلد ۳ ص۱۱۷) اگر امام ترمذیؒ مجہول ہیں تو دنیا میں معروف کون ہوگا؟

؎ علامہ بدر الدین عینیؒ، مولانا عبدالحی صاحب لکھنویؒ (المتوفی ۱۳۰۴ھ) لکھتے ہیں کہ وہ امام، عالم، علامہ عالم بالعربیۃ والتصریف اور حافظ لغت تھے۔ نیز لکھتے ہیں کہ اگر ان میں مذہبی تعصب نہ ہوتا تو کیا خوب ہوتا (فوائد البہیہ ص۲۰۸) بعض غیر مقلد حضرات علامہ عینیؒ کے تعصب پر مولانا لکھنویؒ کی یہ عبارت لیے لیے پھرتے ہیں۔ لیکن یہ تو فرمائیں کہ ذریعۂ تعصب سے کون امام بچ سکا ہے۔ علامہ ذہبیؒ جن کے بعد آج تک کوئی ناقدِ رجال پیدا نہیں ہوا۔ اور حافظ الدنیا ابن حجرؒ بھی ان کے ناقدِ روات ہونے پر نہ صرف اعتماد کرتے ہیں بلکہ ان کے خوشہ چین بھی ہیں۔ (شرح نخبۃ الفکر ص۱۱۱) مع ہٰذا شیخ الاسلام تاج الدین سبکیؒ لکھتے ہیں کہ ذہبیؒ بڑے متعصب ہیں وہ ہمارے استاد ہیں اور ہم پر ان کا حق ہے۔ مگر اللہ تعالیٰ کا حق ان پر مقدم ہے ہم جو کہتے ہیں وہ یہ ہے کہ کسی حنفی یا شافعی کے حق میں ذہبی

بن راہویہؒ کا مسلک پوری وضاحت سے نقل کر آئے ہیں کہ جہری نمازوں میں ان میں کوئی بھی قرأۃ خلف الامام کا قائل نہ تھا اور سری نمازوں میں امام مالکؒ، امام احمدؒ اور عبداللہ بن مبارکؒ وغیرہ وجوب قرأۃ کے قائل نہ تھے۔ اور خود امام ترمذیؒ نے امام عبداللہ بن مبارکؒ سے یہ نقل کیا ہے کہ وہ فرماتے ہیں: بعض لوگوں نے تشدد سے کام لیا ہے لیکن میرے نزدیک جس شخص نے امام کے پیچھے قرأۃ نہ کی اس کی نماز صحیح ہے۔ (ترمذی جلد ۱ ص ۴۲)

اندریں حالات اگر کسی کو امام ترمذیؒ کی اس عبارت سے کوئی شک اور شبہ پیدا ہو۔ تو ہرگز صحیح نہیں۔ المعصوم من عصمہ اللہ تعالیٰ۔ لیجیے ہم آپ کو ترمذیؒ کی اسی عبارت کی شرح مولانا مبارکپوری صاحبؒ کے حوالہ سے سناتے ہیں۔ وہ لکھتے ہیں:

فیہ اجمال ومقصودہ ان ھؤلاء الائمۃ کلھم یرون القرأۃ خلف الامام اما فی جمیع الصلوٰت او فی الصلوٰۃ السریۃ فقط واما علی سبیل الوجوب او علی سبیل الاستحباب والاستحسان۔	کہ امام ترمذیؒ کا یہ قول مجمل ہے۔ ان کی مراد یہ ہے کہ یہ ائمہ مذکورین امام کے پیچھے قرأۃ کے قائل تھے۔ بعض سب نمازوں میں اور بعض صرف سری نمازوں میں۔ بعض وجوب کے قائل تھے اور بعض صرف استحباب اور استحسان کے۔

(تحفۃ الاحوذی جلد ۱ ص ۲۵۴)

اور تصریح کرتے ہیں کہ امام مالکؒ اور امام احمدؒ تمام نمازوں میں امام کے پیچھے قرأۃ کے وجوب کے قائل نہ تھے۔ (ایضاً ص ۲۵۷) اور لکھتے ہیں کہ امام عبداللہ بن مبارکؒ بھی امام کے پیچھے وجوب قرأۃ کے قائل نہ تھے۔ (ایضاً ج ۱ ص ۲۵۷)

رہا یہ کہ تمام نمازوں میں قرأۃ خلف الامام کا قائل کون تھا؟ اور پھر خاص طور پر وجوب کا جہاں تک راقم الحروف کے محدود مطالعہ کا تعلق ہے۔ ان ائمہ میں سے جن کا تذکرہ امام ترمذیؒ نے کیا ہے۔ ایک بھی ایسا نہیں جو تمام نمازوں میں قرأۃ خلف الامام کا قائل ہو اور خاص طور پر وجوب کا۔ اگر مولانا مبارکپوری صاحبؒ کو امام شافعیؒ کے مسلک میں غلط فہمی ہوئی ہو۔ تو ہم پوری وضاحت اور

(پچھلے صفحہ کا بقیہ حاشیہ) کا قول مسموع نہیں ہو سکتا۔ کیونکہ وہ شافعیوں اور حنفیوں کے حق میں اکثر تعصب سے کام لیتے ہیں۔ (طبقات الکبریٰ جلد ۲ ص ۱۹۱) والعصمۃ بید اللہ تعالیٰ وحدہ۔

اور صراحت کے ساتھ امام شافعیؒ کا مسلک عرض کر چکے ہیں۔ علامہ عینیؒ لکھتے ہیں کہ

واستدل بهذا الحديث عبد الله بن المبارکؒ والاوزاعیؒ ومالکؒ والشافعیؒ ولحمدؒ واسحٰقؒ وابو ثورؒ وداؤدؒ علی وجوب قرأة الفاتحة خلف الامام فی جمیع الصلوٰت انتهی بلفظہٖ۔ (عمدة القاری ج۳ ص۶۴)	یعنی حضرت عبادہؓ کی (لاصلوٰة لمن لم یقراء بام القرآن) کی روایت سے امام ابن مبارکؒ، امام اوزاعیؒ، امام مالکؒ، امام احمدؒ، امام اسحاقؒ، امام ابو ثورؒ اور امام داؤد ظاہریؒ نے یہ استدلال کیا ہے کہ تمام نمازوں میں قرأت فاتحہ خلف الامام واجب ہے۔

اس عبارت سے غلط فہمی پیدا نہ ہونی چاہیے۔

اولاً اس لیے کہ ہم ان حضرات ائمہ کرامؒ کی عبارتیں پوری تشریح کے ساتھ اور خود فریق ثانی کے محدث جلیل اور وکیل اعظم مولانا مبارکپوری صاحبؒ کے اقرار کے ساتھ نقل کراتے ہیں کہ یہ ائمہ تمام نمازوں میں وجوب قرأة خلف الامام کے قائل نہ تھے۔ امام ابو ثورؒ کے علاوہ باقی ائمہ کرامؒ کی عبارتیں پہلے نقل کی جا چکی ہیں اور ان کا مسئلہ زیر بحث کے متعلق محقق مسلک بھی عرض کیا جا چکا ہے۔ امام ابو ثورؒ کا صحیح مسلک علی التعیین معلوم نہیں ہو سکا۔ لیکن شیخ الاسلام ابن تیمیہؒ کی پیش کردہ سابق عبارتوں سے بظاہر یہ سمجھا جا سکتا ہے کہ جہری نمازوں میں وہ بھی امام کے پیچھے قرأة کو شاذ اور خلاف اجماع ہی سمجھتے ہوں گے اور اسی صفحہ کے حاشیہ سے انکا مسلک یہ معلوم ہوتا ہے کہ اس مسئلہ میں ان کی رائے اور تحقیق وہی تھی جو حضرت امام شافعیؒ کی تھی۔ واللہ اعلم بالصواب۔

وثانیاً علامہ عینیؒ کی اسی عبارت پر گرفت کرتے ہوئے مولانا مبارکپوریؒ صاحب لکھتے ہیں:

له امام ابو ثورؒ (المتوفی ۲۴۰ھ) علامہ ذہبی لکھتے ہیں: کہ وہ الامام، المجتہد اور الحافظ تھے۔ امام نسائیؒ ان کو ثقہ اور مامون اور احد الفقہاء کہتے ہیں۔ امام ابن حبانؒ کہتے ہیں کہ وہ فقہ، علم، ورع، فضیلت، تصنیف کتب اور تشریح سنت میں دنیا کے اماموں میں ایک تھے۔ (تذکرہ جلد ۲ ص ۸۶) علامہ خطیب لکھتے ہیں کہ وہ احد الثقات المأمونین ومن الائمة الاعلام فی الدین تھے۔ (بغدادی جلد ۶ ص ۶۵) حافظ ابن حجر لکھتے ہیں کہ وہ پہلے اپنی رائے اور فقہ پر کاربند تھے۔ جب حضرت امام شافعی رحمۃ اللہ علیہ بغداد تشریف لے گئے تو امام موصوف نے اپنے مسلک سے رجوع کر لیا اور امام شافعیؒ کے پاس آتے جاتے رہتے۔ (تہذیب جلد ۲ ص ۱۱۸) اس سے بظاہر یہ متبادر ہوتا ہے کہ امام شافعیؒ کا مسلک اختیار کر لیا تھا۔ واللہ تعالیٰ اعلم۔

قلت هذا وہم من العینی فان عبداللہ بن المبارک لم یکن من القائلین بوجوب القرأۃ خلف الامام کما عرفت وکذالک الامام مالک والامام احمد لم یکونوا قائلین بوجوب قرأۃ الفاتحۃ خلف الامام فی جمیع الصلوٰت۔ انتہی (تحفۃ الاحوذی جلد ۱ صکـ۲۵۵)

میں کہتا ہوں کہ یہ امام بدرالدین عینیؒ کا وہم ہے کیونکہ عبداللہ بن مبارک امام کے پیچھے وجوب قرأۃ کے قائلین میں نہ تھے جیسا کہ تمہیں معلوم ہوچکا ہے اور اسی طرح حضرت امام مالکؒ اور امام احمد بھی تمام نمازوں میں سورۂ فاتحہ کے امام کے پیچھے پڑھنے کے وجوب کے قائل نہ تھے۔

مولانا مبارکپوری صاحبؒ کا یہ ارشاد فرمانا بالکل صحیح ہے۔ یہ یقیناً علامہ عینیؒ کا وہم اور ان کے سرعت قلم کا نتیجہ ہے۔ ورنہ دلائل اور براہین کے رو سے ان ائمہ کا جن کا ذکر علامہ موصوف نے کیا ہے مسلک با دلائل نہایت شرح وبسط کے ساتھ اپنے موقع پر بیان ہوگا اور اجمالی طور پر بقدر کفایت مقدمہ میں ذکر ہوچکا ہے۔

ہمیں اچھی طرح اس امر کا احساس ہے کہ سلسلۂ کلام دراز سے دراز تر ہوتا جارہا ہے اور شاید کہ آپ مقدمہ کی طوالت سے ہی گھبرا جائیں۔ حالانکہ ہم نے ابھی بہت کچھ عرض کرنا ہے۔ اس لیے ہم مقدمہ کو انہی اقتباسات پر ختم کرتے ہیں اور فریق ثانی کی خدمت میں نہایت اخلاص سے عرض کرتے ہیں کہ وہ کوئی ایسا غیر محتاط لفظ زبان سے نہ نکالے جس کی زد میں اکثر امت اور جمہور سلف صالحینؒ آجائیں کیونکہ ہم لوگوں تک حدیث کے پہنچانے کا واحد ذریعہ یہی لوگ ہیں اور ان پر برسنے والا گویا بالواسطہ حدیث پر برس رہا ہے۔ اور ان کی گستاخی کرنے والا کبھی حدیث رسول کا خیرخواہ نہیں ہوسکتا: ؎

تا دامن آ کے چاک گریباں نے دم لیا
ہے دامن اور جیب میں رشتہ قریب کا

نوٹ: قرآن کریم کی ضروری تشریح حضرت شیخ الاسلام مولانا شبیر احمد عثمانی صاحبؒ کے فوائد سے ماخوذ ہے اور طبقات ابن سعد، شذرات الذہب، تہذیب الاسماء اور ابن خلکان وغیرہ میرے پیش نظر نہیں ہیں ان کتابوں کے حوالے تابعین اور خلفائے اسلام سے ماخوذ ہیں۔ باقی جملہ کتابوں سے ہم نے براہ راست استفادہ کیا ہے۔ الا ماشاء اللہ تعالیٰ اور حوالجات میں صحت کی ہر ممکن کوشش مدنظر رکھی گئی ہے۔

ابوالزاہد

باب اوّل

اصل دین آمد کلام اللہ معظم داشتن
پس حدیث مصطفیٰ بر جاں مسلّم داشتن

اہلِ اسلام سے یہ بات ہرگز مخفی نہیں کہ جو رتبہ، درجہ اور قطعیت اللہ تعالیٰ کے کلام اور اس کی کتاب کو حاصل ہے۔ وہ یقیناً دنیا میں کسی اور کلام اور کتاب کو حاصل نہیں ہے۔ یہی وجہ ہے کہ دلائل اور براہین کے موقع پر مسلمانوں کے ہاں سب سے پہلا نمبر صرف قرآنِ کریم کو حاصل ہے۔ اس لیے کہ قرآنِ کریم کا ایک ایک حرف اور ایک ایک جملہ اللہ تعالیٰ کی طرف سے نازل ہوا ہے۔ اس میں کسی انسان کی دماغی محنت اور کاوش کو کوئی دخل نہیں ہے۔ بخلاف احادیث کے کیونکہ پہلے ہر حدیث[1] کو نقل بالتواتر کا درجہ حاصل نہیں ہے جیسا کہ قرآنِ کریم کو حاصل ہے اور پھر احادیث میں نقل بالمعنیٰ کا بھی کافی دخل ہے جیسا کہ فنِ حدیث سے تعلق رکھنے والوں پر یہ بات مخفی نہیں ہے۔ لہٰذا یہ امر یقینی ہے کہ جس گروہ کے ہاتھ میں اللہ تعالیٰ کی کتاب سے ثبوت ہوگا۔ اس کا مسلک حق اور صحیح ہوگا اور اس میں کوئی شک وشبہ نہیں ہو سکتا۔ الحمد للہ تعالیٰ کہ امام کے پیچھے قرأۃ

---

[1] بلکہ امام سیوطی وغیرہ نے تو یہاں تک دعوےٰ کیا ہے فان اکثر الاحادیث مروی بالمعنی۔ (الاقتراح ص۱۹)

یعنی اکثر احادیث جناب رسول خدا صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم سے بقید الفاظ مروی نہیں ہیں۔ بلکہ راویوں نے احادیث کے معانی کو اپنے الفاظ سے تعبیر کیا ہے۔

ترک کرنے پر جمہور کے پاس اللہ تعالیٰ کی کتاب سے قطعی اور محکم دلیل موجود ہے۔

قرآن کریم کے آداب :

اس سے قبل کہ ہم قرآن کریم کی وہ آیت اور اس کی تفسیر اور تشریح نقل کریں جس سے ہم استدلال کرتے ہیں یہ ضروری سمجھتے ہیں کہ قرآن کریم کے عمومی آداب پر غور اور فکر کرلیں کہ جس وقت اور جس مقام پر قرآن کریم کی قرأۃ اور تعلیم و تدریس اور تلاوت ہوتی ہو وہاں سامعین کو کیا کرنا چاہیے ؟ اور اس موقع پر اللہ تعالیٰ نے ان کو کیا ادب سکھلایا ہے ؟ اگر اسی ایک پہلو پر سرسری غور کیا جائے تو بہت ممکن ہے کہ کافی حد تک بحث اسی سے حل اور طے ہو جائے۔ ہم قرآن کریم کی چند آیات اور احادیث اور علماء کرام کی بعض عبارتیں اور نقول عرض کرتے ہیں جن سے سامعین کے آداب پر خوب روشنی پڑتی ہے۔ اور قرآن کریم کے آداب کا قابلِ تعظیم پہلو بخوبی سمجھ میں آسکتا ہے۔ ملاحظہ کریں۔

(۱) شروع شروع میں جس وقت حضرت جبرائیل علیہ السلام اللہ تعالیٰ کی طرف سے قرآن کریم لاتے۔ ان کے پڑھنے کے ساتھ ساتھ آں حضرت صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم بھی دل میں پڑھتے جاتے تھے تاکہ جلد اسے یاد کرلیں اور سیکھ لیں۔ مبادا حضرت جبرائیلؑ چلے جائیں اور وحی پوری طرح محفوظ نہ ہو سکے۔ ظاہر بات ہے کہ اس صورت میں پوری طرح سننے اور سمجھنے میں دقت ہوتی تھی۔ ارشاد ہوا کہ آپ ہمہ تن متوجہ ہو کر سنیں۔ جس وقت حضرت جبرائیلؑ پڑھیں۔ آپ اس وقت خاموش ہو کر توجہ کریں اور سنیں اور زبان مبارک کو حرکت نہ دیں۔ قرآن کریم کا حرف بحرف جمع کرنا اور آپ کی ذات سے پڑھوانا ہمارے ذمے ہے۔ آیات ملاحظہ کریں :

لَا تُحَرِّكْ بِهٖ لِسَانَكَ لِتَعْجَلَ بِهٖ ۝ اِنَّ عَلَيْنَا جَمْعَهٗ وَقُرْاٰنَهٗ ۝ فَاِذَا قَرَاْنٰهُ فَاتَّبِعْ قُرْاٰنَهٗ ۝ ثُمَّ اِنَّ عَلَيْنَا بَيَانَهٗ ۝ (پ ۲۹ - قیامۃ ۱)	نہ حرکت دیجیے قرآن کے پڑھنے میں اپنی زبان کو تاکہ آپ جلدی اس کو سیکھ لیں۔ اس کا جمع کرنا اور اس کا (آپ کی زبان سے) پڑھنا ہمارے ذمہ ہے اور جب ہم (بزبان فرشتہ) پڑھیں تو آپ ان کے پڑھنے کی اتباع کریں۔ پھر ہمارا ذمہ ہے اس کو کھول کر بتلانا

ان آیات سے معلوم ہوا کہ قرآن کریم کی تعلیم و تدریس اور تلاوت کے وقت سامعین کو خاموش رہ کر پوری

دلچسپی اور توجہ کے ساتھ قاری اور تالی کی قراۃ سننی چاہیئے۔ کیونکہ قرآن کریم کے آداب اور اتباع اور
اس کی تعظیم و تکریم کا یہی واضح پہلو ہے۔

مصنف خیرالکلام نے اپنی عادت کے مطابق کہ چپ نہ رہ سکوں یہ فرمایا ہے کہ اس آیت کا
قرآن کریم کی تعظیم و احترام سے کوئی تعلق نہیں ورنہ لازم آئے گا کہ آپ کو اس سے پہلے قرآنی
آداب کا علم نہ تھا۔ اور یہ بات سراسر غلط ہے اور نیز لازم آئے گا کہ استاد جب تک سبق
ختم نہ کرے شاگرد کا پڑھنا بے ادبی ہو تو پھر پڑھنے پڑھانے کا سلسلہ ہی چھوڑ دیا جائے بلکہ اس
کا مطلب جیسا کہ بخاری میں حضرت ابن عباسؓ سے مروی ہے یہ ہے کہ قرآن کے اترنے
سے آپ کو سخت تکلیف برداشت کرنی پڑتی تھی۔

(بخاری جلد ۱ ص ۳) (محصلہ خیرالکلام ص ۳۶۳)

الجواب:

یہ جو کچھ کہا ہے محض دفع الوقتی ہے۔ حافظ ابن کثیر رحمہ اللہ تعالیٰ علیہ تحریر فرماتے ہیں کہ

هذا تعليم من الله عزّ وجلّ لرسوله صلى الله عليه وسلم في كيفية تلقيه الوحي من الملك فانه كان يبادر الى اخذه ويسابق الملك في قرأته فامره الله عزّ وجل اذا جاءه الملك بالوحي ان يستمع له وتكفل الله ان يجمعه في صدره ..... الخ (تفسیر جلد ۴ ص ۴۴۹)	اس میں آں حضرت صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کو اللہ تعالیٰ کی طرف سے تعلیم دی گئی ہے کہ فرشتہ سے وحی کس کیفیت سے حاصل کرنی ہے کیونکہ آپ وحی کے لینے میں جلدی کرتے اور فرشتہ سے اس کی قراۃ میں مسابقت کرتے تھے۔ اللہ تعالیٰ نے آپ کو حکم دیا کہ جب فرشتہ وحی لائے تو آپ توجہ فرمائیں اور قرآن پاک کو آپ کے سینہ میں محفوظ کر دینے کا ذمہ اللہ تعالیٰ نے خود اٹھالیا ہے۔

اس سے معلوم ہوا کہ آپ اس آیت کے نزول سے پہلے اس طرح پڑھنے کو خلاف ادب
نہ سمجھتے تھے لیکن آپ پر واضح کر دیا گیا ہے کہ آپ کا کام استماع ہے ساتھ ساتھ پڑھنا نہیں
ہے باقی حضرت ابن عباسؓ کی روایت ہمارے مطلب کے خلاف نہیں ہے کیونکہ آپ اسی خیال
سے پڑھتے تھے کہ مبادا بھول نہ جاؤں سو آپ پر منکشف کر دیا گیا کہ آپ بھولیں گے بھی
نہیں اور اس طرح قرآن کریم کا ادب بھی ملحوظ رہے گا۔ یوں معلوم ہوتا ہے کہ مصنف خیرالکلام

الف با تا پڑھنے والے ابجد خوانوں کو ذہن مبارک میں جگہ دیے ہوتے ہیں جبھی تو فرماتے ہیں کہ پڑھنا پڑھانا ختم ہو جائے گا۔ بات اُن کی ہو رہی ہے جو سن کر تدبر اور قرآن کریم کے مضمون پر غور و خوض کر سکیں اور ان کے لیے یہی مناسب ہے کہ وہ پہلے سُن لیں پھر لب کشائی کریں۔ بچوں کی بات نہیں ہو رہی۔

(۲) ایک دوسرے مقام پر اللہ تعالیٰ نے آں حضرت صلی اللہ علیہ وسلم کو ان الفاظ سے خطاب فرمایا ہے:

وَلَا تَعْجَلْ بِالْقُرْاٰنِ مِنْ قَبْلِ اَنْ يُّقْضٰٓى اِلَيْكَ وَحْيُهٗ وَقُلْ رَّبِّ زِدْنِیْ عِلْمًا	اور آپ جلدی نہ کریں قرآن کے لینے میں جب تک پورا نہ ہو جایا کرے اس کا اترنا۔ اور کہیے اے میرے رب
(پ ۱۶ طٰہٰ رکوع ۷)	زیادہ کر علم میرا اور سمجھ۔

یہ آیت بھی اس امر کو صراحت کے ساتھ بیان کرتی ہے کہ تلاوت اور قرأت قرآن کریم کے وقت سامعین کو پورے تدبر اور انہماک کے ساتھ قرآن سننا چاہیے اور خود ساتھ ساتھ پڑھنے کی کوشش اور کاوش نہیں کرنی چاہیے۔

(۳) بعثت محمدی سے پہلے جنّوں کو کچھ آسمانی خبریں معلوم ہو جاتی تھیں۔ جب آں حضرت صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم پر وحی آنا شروع ہوئی تو وہ سلسلہ بند ہو گیا اور بہت کثرت سے شہب کی مار پڑنے لگی۔ جنوں کو خیال ہوا کہ ضرور کوئی نیا واقعہ رونما ہوا ہے جس کی وجہ سے آسمانی خبروں پر بہت زیادہ سخت پہرے بٹھلائے گئے ہیں۔ اسی کی تلاش و جستجو کے لیے جنوں کے مختلف گروہ مشرق و مغرب میں پھیل پڑے۔ ان میں سے ایک جماعت بطن نخلہ (مکہ مکرمہ کے پاس ایک مقام کا نام ہے) کی طرف سے گذری۔ وہاں اتفاق سے اس وقت آں حضرت صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم اپنے چند اصحاب کے ساتھ نماز فجر ادا کر رہے تھے۔ اللہ تعالیٰ نے جنوں کی اس ٹکڑی کا رُخ قرآن کریم سننے کے لیے ادھر پھیر دیا۔ قرآن کریم کی آواز ان کو بہت عجیب اور مؤثر و دلکش معلوم ہوئی اور اس کی عظمت اور ہیبت دلوں پر چھا گئی۔ آپس میں کہنے لگے کہ چپ رہو اور خاموشی کے ساتھ یہ کلام پاک سنو۔ آخر قرآن کریم نے ان کے دلوں میں گھر کر لیا۔ وہ سمجھ گئے کہ یہی نئی چیز ہے جس نے جنوں کو آسمانی خبروں سے روکا ہے۔ بہر حال جب آں حضرت صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم قرآن کریم پڑھ کر فارغ ہوتے تو یہ لوگ

اپنے دلوں میں ایمان وایقان کا موجزن سمندر لے کر واپس ہوئے اور اپنی قوم کو نصیحت کی جس کی پوری تفصیل سورۂ جن میں کی گئی ہے اور آں حضرت صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کو بھی اسی سورت کے ذریعہ سے ان کا پورا قصہ اور واقعہ بتلایا گیا ہے۔ ارشاد ہوتا ہے:

وَاِذْ صَرَفْنَآ اِلَيْكَ نَفَرًا مِّنَ الْجِنِّ	اور جب متوجہ کر دیا۔ ہم نے جنوں کا ایک گروہ آپ
يَسْتَمِعُوْنَ الْقُرْاٰنَ ۚ فَلَمَّا حَضَرُوْهُ	کی طرف وہ سننے لگے قرآن، پھر جب وہ وہاں پہنچے،
قَالُوْٓا اَنْصِتُوْا ۚ فَلَمَّا قُضِيَ وَلَّوْا اِلٰى	بولے چپ اور خاموش رہو۔ پھر جب قرآن ختم ہوا
قَوْمِهِمْ مُّنْذِرِيْنَ ۔	تو اپنی قوم کی طرف چلے گئے تاکہ ان کو خدا تعالیٰ کی مخالفت
(پارہ ۲۶، احقاف ۴)	اور عذاب سے ڈرائیں

اللہ تعالیٰ نے اس مضمون میں جنوں کے اس گروہ کی تعریف بیان کی ہے کہ انھوں نے نہ صرف یہ کہ پوری توجہ کے ساتھ خاموش رہ کر قرآن کریم کی قرآۃ سنی بلکہ اس کارِ خیر پر دوسروں کو بھی آمادہ کیا اور مردِ مومن کی بھی یہی عادت اور خصلت ہونی چاہیے کہ قرآۃ قرآن کے وقت خود چپ رہے اور دوسروں کو بھی اس کی تلقین کرے۔ مؤلف خیر الکلام کہتے ہیں کہ یہ خاموشی ادب و احترام کے لیے نہ تھی، تحقیق حال کے لیے تھی کیونکہ دوسری جگہ ثابت ہے کہ جب آپ نے سورۂ رحمٰن پڑھی تو جنات جواب دیتے تھے۔ (محصلہ ص ۲۴۳)

الجواب:

جنوں کا خاموش رہنا خالص ادب اور احترام کے لیے تھا اگرچہ وہ اس وقت تک مسلمان نہ تھے مگر بات سمجھنے کی اور خدائی کلام کی تعظیم کی اہلیت ان میں تھی۔ علاوہ ازیں قرآن کریم کے مضامین پر مطلع ہونا اور اس سے آگاہی حاصل کرنا آپ کو کیوں ناگوار ہے! آپ بھی استماع و انصات سے کام لیں۔ رہا سورۂ رحمٰن میں جنوں کا جواب تو یقین رکھیے کہ وہ ساتھ ساتھ سورۂ رحمٰن ہرگز نہ پڑھتے تھے۔ جب آپ فَبِاَيِّ اٰلَآءِ رَبِّكُمَا الآیۃ کی قرآۃ مکمل کر چکتے تو اس کے بعد جنات تائید میں اللہ تعالیٰ کی نعمتوں کا اقرار کرتے تھے جیسا کہ مقتدی جہری نمازوں میں آمین کہہ کر تائید کرتے ہیں کیونکہ ساتھ ساتھ پڑھنا تو خلاف اجماع اور شاذ ہے۔ سکتات اور سکتات کا صحیح احادیث میں کہیں وجود نہیں ہے۔

(۴) اللہ تعالیٰ کافروں اور مشرکوں کے ایک بڑے منصوبے کا تذکرہ یوں کرتا ہے اور اس کے بعد ان کو سزا کا مستوجب قرار دیتا ہے:

وَقَالَ الَّذِيْنَ كَفَرُوْا لَا تَسْمَعُوْا لِهٰذَا الْقُرْاٰنِ وَالْغَوْا فِيْهِ لَعَلَّكُمْ تَغْلِبُوْنَ۔ (پارہ ۲۴، حم السجدہ ۴)	اور کافروں اور منکروں نے کہا۔ اس قرآن کے سننے کے لیے کان مت دھرو اور قرأۃ قرآن کے وقت شور و غل مچا دو تاکہ تم غالب ہو جاؤ۔

اگرچہ مشرکین کا قرآن کریم کو نہ سننا اور قرأت کے وقت شور و غل مچانا، معاندانہ اور مخالفانہ طور پر تھا اور حضرات مجوزین قرأۃ خلف الامام کو قرآن کریم سے یقیناً عداوت اور عناد نہیں ہوتا اور نہ اُن کا پڑھنا من کل الوجوہ ان کافروں کے شور و غل کے برابر ہے۔ اور گو وہ از روئے دیانت پڑھتے ہیں لیکن دیکھنا صرف یہ پہلو ہے کہ قرآن کریم کی قرأۃ اور تلاوت کے وقت خود پڑھنا کیا باعث مخالجت و منازعت اور تشویش و باتھا پائی کا سبب ہے یا نہیں؟ اگر ایسا ہے اور یقیناً ہے تو ایسے موقع پر خود قرآن کریم کا پڑھنا آداب قرآن کریم کے خلاف اور موجب تشتت افکار ہوگا، لہٰذا حق اور صواب یہی ہے کہ تلاوت قرآن کریم کے وقت خاموش رہ کر اس کا ادب و احترام ملحوظ رکھنا چاہیے۔ مؤلف خیر الکلام کا یہ کہنا کہ جن باتوں کی شریعت نے اجازت دی ہے وہ کیونکر بے ادبی ہیں۔ (محصلہ صد ۲۱۴) تو اس کا جواب یہ ہے کہ جہری نمازوں میں امام کے ساتھ ساتھ قرأت کرنے کا کسی شرعی دلیل سے ثبوت نہیں ہے اور یہ خلاف اجماع ہے۔

قرآن کریم کی اس آیت کی تفسیر میں حافظ ابن کثیرؒ لکھتے ہیں:

هٰذا حال هؤلاء الجهلة من الكفار ومن سلك مسلكهم عند سماع القرآن وقد امر الله عباده المؤمنين بخلاف ذلك فقال واذا قرئ القرآن فاستمعوا له وانصتوا لعلكم ترحمون۔ (تفسیر ابن کثیر جلد ۴ ص ۹۸ مع المعالم)	ان جاہل کافروں اور ان کے نقش قدم پر چلنے والوں کا یہ حال ہے کہ وہ قرآن کی قرأۃ کے وقت خاموشی اور سکوت اختیار نہیں کرتے اور شور و غل مچاتے ہیں اور مومنوں کو اللہ تعالیٰ نے اس کے خلاف حکم دیا ہے کہ جب قرآن مجید پڑھا جائے تو تم اس کی طرف توجہ کرو اور خاموش رہو تاکہ تم پر رحمت نازل کی جائے۔

حافظ صاحبؒ کی عبارت سے یہ بات بالکل عیاں ہو جاتی ہے کہ قرأۃ قرآن کے وقت مومنوں کا کام

دلچسپی کے ساتھ اس کو سنتا ہے اور جاہل کافر اور ان کے پیروکار اس ضابطہ کو ملحوظ نہیں رکھتے بلکہ اس کی خلاف ورزی کرتے ہیں۔

(۵) حضرت عبداللہ بن مسعود رضی اللہ عنہ سے روایت ہے کہ ایک مرتبہ آں حضرت صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے ان سے فرمایا:

"اے ابن مسعودؓ! مجھے قرآن کریم پڑھ کر سناؤ۔ ابن مسعودؓ فرماتے ہیں: میں نے کہا حضرت! کیا میں آپؐ کو قرآن پڑھ کر سناؤں؟ حالانکہ آپؐ پر قرآن کریم نازل ہوا ہے تو آپ نے ارشاد فرمایا کہ انی اشتھی ان اسمعہ من غیری ــــ میرا دل چاہتا ہے کہ کسی دوسرے سے قرآن سنوں۔" (مسلم جلد ۱ ص ۲۷۰)

یہ روایت بخاری جلد ۲ ص ۶۵۹ اور ترمذی جلد ۲ ص ۱۲۷ وغیرہ میں بھی موجود ہے۔ چنانچہ حضرت ابن مسعودؓ نے سورۃ نساء کا کافی حصہ پڑھ کر سنایا اور آں حضرت صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے پورے ذوق وشوق سے سنا۔ امام نوویؒ اس حدیث کی شرح میں اس سے جو احکام اور فوائد اخذ ہو سکتے ہیں۔ ان کی تفصیل کرتے ہوئے تحریر کرتے ہیں:

منہا استحباب استماع القرآۃ والاصغاء لہا والبکاء عندھا وتدبرھا واستحباب طلب القرآۃ من غیرہ لیستمع لہ وھو ابلغ فی الفھم والتدبر من قرآتہ بنفسہ۔ (نووی شرح مسلم ج ۱ ص ۲۷۰)

ان فوائد میں سے ایک یہ ہے کہ قرآن کریم کا بغور سننا اور توجہ کرنا اور رونا اور تدبر کرنا پسندیدہ بات ہے اور یہ بھی مستحب ہے کہ دوسرے سے قرآن کریم سنے اور دوسرے سے سننا خود پڑھنے سے فہم و تدبر میں زیادہ ممد و معاون ہے۔

یعنی اگرچہ قرآن کریم کا پڑھنا کار ثواب ہے لیکن جس طرح دوسرے سے سننے میں فہم و تدبر اور غور و فکر کا موقع ملتا ہے۔ وہ یقیناً خود پڑھنے سے حاصل نہیں ہو سکتا۔ اس لیے خود پڑھنے کے بجائے بعض اوقات دوسرے سے سننا افضل اور اعلیٰ ہے۔

مؤلف خیر الکلام کہتے ہیں کہ یہ نماز میں نہ تھا اور آپ نے کمال توجہ سے سنا آخر میں آپ نے رونا شروع کیا اور فرمایا بس اتنا ہی کافی ہے معلوم ہوا کہ مناسب کلمہ کہنا بے ادبی نہیں ورنہ تکبیر تحریمہ کا پڑھنا خلاف ادب ہوگا۔ (محصلہ ص ۲۴۵)

الجواب:

ہم نے کب کہا ہے کہ وہ نماز میں تھے۔ بتلانا تو صرف قرآن کریم کی تعظیم کا پہلو ہے۔ دیکھیے کہ حضور صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے باقرار شما کس غور سے آخر تک سنا اور رونا شروع کر دیا۔ یہی اس کے تدبر اور استماع کا لازمی نتیجہ تھا اور آپ نے حَسْبُكَ کہ بس اتنا ہی کافی ہے آخر میں فرمایا ہے۔ درمیان میں اور ساتھ ساتھ نہیں فرمایا۔ باقی تکبیر تحریمہ فرض ہے۔ اس کو واجب لغیرہ کے لیے (یعنی خاموشی جو قرأۃ قرآن کے استماع کے لیے ہے) نہیں چھوڑا جاسکتا اور ساتھ ساتھ پڑھنا تو منکر اور شاذ ہے۔ كما مرّ۔

قرآن کریم کے مَنْ جَآءَ بِالْحَسَنَةِ فَلَهٗ عَشْرُ اَمْثَالِهَا ــــــ کہ جس نے ایک نیکی کی اس کو دس گنا ثواب ملے گا) قاعدہ سے عموماً اور اس صحیح حدیث سے خصوصاً کہ جو شخص قرآن کریم کا ایک حرف پڑھے گا۔ اس کو دس نیکیاں عطا ہوں گی (ترمذی جلد ۲ ص ۱۱۵) یہ امر ثابت ہوتا ہے کہ خود پڑھنے والا دس نیکیوں کا مستحق ہے لیکن بعض روایات سے معلوم ہوتا ہے کہ دوسرے سے قرآن سننے والے کو بیس نیکیاں ملتی ہیں۔ چنانچہ حضرت ابوہریرہؓ جناب رسول خدا صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم سے روایت کرتے ہیں:

من استمع الی اٰیۃ من کتاب اللّٰہ کتب لہ حسنۃ مضاعفۃ (الحدیث)	جو آدمی قرآن کریم کی ایک آیت سنتا ہے اس کے لیے دوہرا اجر لکھا جاتا ہے۔

(رواہ احمد فی مسندہ۔ ابن کثیر جلد ۲ ص ۲۸۱)

چونکہ مقتدی پر انصات واجب ہے اس لیے اس حدیث کے رُو سے اس کو دہرا اجر ملیگا اور غیر حافظ جب حافظ کی قرأۃ سننے کے لیے توجہ کرے تو اس حدیث کے رُو سے وہ بھی دہرے اجر کا مستحق ہے۔ خدا تعالیٰ کے ہاں کیا کمی ہے؟

مؤلف خیر الکلام کا طنزاً یہ کہنا کہ غیر حافظوں کے لیے یہ نسخہ اکسیر ہے ..... الخ (ص ۳۸۰) محض تسکین قلب کا سامان ہے اور بس۔ ملاحظہ کیجیے کس طرح صرف اپنی فاسد رائے سے حدیث کو رد کیا جا رہا ہے۔ (معاذ اللہ تعالیٰ) صرف بطور تائید ایک روایت اور ملاحظہ کریں: آنحضرت صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے فرمایا کہ

ان اللہ یحب الصمت عند ثلاث عند تلاوۃ القرآن وعند الزحف و عند الجنازۃ۔

(اخرجہ ابن کثیر جلد ۲ ص ۳۱۶)

تین مقامات پر اللہ تعالیٰ خاموشی کو پسند کرتا ہے۔ ان میں سے ایک قرآن کریم کی قرآۃ کا، دوسرا لڑائی کا اور تیسرا جنازہ کا وقت ہے۔

احسن الکلام طبع اول میں وعندہ تلاوۃ القرآن (الحدیث) کر دیا گیا تھا جس پر مؤلف خیر الکلام نے اعتراض کیا کہ مؤلف احسن الکلام نے چالاکی کر کے وعند الزحف ... الخ کو حذف کر دیا گیا ہے کیونکہ لڑائی کے وقت ذکر اللہ قرآن سے ثابت ہے، جس سے معلوم ہوتا ہے کہ انصات اور ذکر جمع ہو سکتے ہیں چونکہ یہ ہماری تائید میں ہے۔ لہٰذا احسن الکلام والا اس کو کھا گیا ہے۔ (محصلہ ص ۳۷۶)

الجواب:

وعند الزحف کا جملہ ہمارے ہرگز خلاف نہیں ہے کیونکہ لڑائی کے موقع پر مختلف اوقات ہوتے ہیں کبھی ذکر کا حکم ہے اور کبھی انصات کا اور کبھی ذکر قلبی اور استعانت وغیرہ کا۔ چنانچہ حافظ ابن کثیرؒ حضرت عبد اللہ بن عمرؓ سے مرفوع روایت نقل کرتے ہیں جس میں یہ بھی ہے کہ پس جب تم کافروں سے ملو تو ثابت قدم رہو اور اللہ کو یاد کرو اور جب وہ شور و غل کریں تو تم خاموش رہو۔

(تفسیر جلد ۲ ص ۳۱۶)

اور ایک دوسری حدیث میں یلی کی مکنی کا معنی یوں کرتے ہیں ای لا یشغلہ ذلک الحال عن ذکری و دعائی واستعانتی (ایضاً) یعنی لڑائی میں وہ اللہ تعالیٰ کی یاد اور اس سے مانگنے اور استعانت سے بے پرواہ ہو تو اس میں ذکر اور انصات دونوں جمع نہیں ہوتے بلکہ دونوں اپنے اپنے موقع پر ہیں اور حیرت ہے کہ ان کو الحدیث کی اصطلاح بھی معلوم نہیں جبھی تو کہتے ہیں کہ حذف کر دیا ہے جس کا مطلب ہے کہ آخر تک حدیث پڑھو اور اس کو ملحوظ رکھو۔

اور شیخ الاسلام ابن تیمیہؒ لکھتے ہیں کہ

دل الکتاب والسنۃ والاجماع علی ان الاستماع افضل من القرآۃ۔

(فتاوٰی جلد ۲ ص ۱۴۳)

کتاب و سنت اور اجماع امت سے یہ امر ثابت ہو چکا ہے کہ قرآن کریم کی قرآت کو سننا خود پڑھنے سے زیادہ اعلیٰ اور افضل ہے۔

الحاصل قرآن کریم و حدیث اور اقوال ائمہؒ سے یہ بات بالکل واضح ہو چکی ہے کہ قرآن کریم کی

تلاوت اور قرآت کے وقت سامعین کو ہمہ تن گوش ہو کر اس کی طرف توجہ اور تدبر کرنا چاہیے۔ اور صرف یہی پہلو قرآن کریم کی توقیر و تعظیم پر علیٰ وجہ الاتم دلالت کرتا ہے۔

یہاں تک جو کچھ عرض کیا گیا ہے۔ وہ قرآن کریم کے عمومی آداب پر مشتمل ہے۔ اور اس سے عام قاعدہ اور ضابطہ بخوبی سمجھا جا سکتا ہے۔ اب ہم تخصیص کے ساتھ امام کے پیچھے قرآت کی ممانعت پر قرآن کریم کی آیت پیش کرتے ہیں۔ پھر اس کی تفسیر و تشریح اور شانِ نزول حضرات صحابہ کرامؓ و تابعینؒ اور معتبر مفسرینؒ سے نقل کریں گے۔ اور فریق ثانی کی طرف اس پر جو اعتراضات کیے گئے ہیں۔ ان کو نقل کر کے ان کی حقیقت کو بقدر وسعت الم نشرح کریں گے۔ انشاء اللہ العزیز۔

قرآۃ خلف الامام اور قرآن کریم:

اللہ تعالیٰ ارشاد فرماتا ہے:

وَإِذَا قُرِئَ الْقُرْآنُ فَاسْتَمِعُوا لَهُ وَأَنصِتُوا لَعَلَّكُمْ تُرْحَمُونَ۔ — اور جب قرآن کریم پڑھا جائے تو اس کی طرف کان لگائے رہو اور چپ رہو۔ تاکہ تم پر رحم ہو۔

(پارہ ۹، اعراف ۲۴)

جمہور اہلِ اسلام کا بیان ہے کہ اس آیت میں اللہ تعالیٰ نے مسئلہ خلف الامام پر روشنی ڈالی ہے کہ جب امام قرآن کریم کی قرآۃ کر رہا ہو تو اس وقت مقتدیوں کا وظیفہ صرف یہ ہے کہ نہایت توجہ کے ساتھ اس کی طرف کان لگائے رہیں اور خود خاموش رہیں۔ امام کا وظیفہ قرآت کرنا اور مقتدیوں کا وظیفہ خاموشی کے ساتھ توجہ کرنا ہے اور ان کو استماع اور انصات کے علاوہ قرآت کی مطلقاً گنجائش نہیں ہے۔ اس میں شک نہیں کہ الحمد سے لے کر والناس تک سب قرآن ہے۔ لیکن قرآن کریم صحیح احادیث، حضرات صحابہ کرامؓ اور تابعینؒ کے اقوال کی روشنی میں دیکھنا یہ ہے کہ قرآن کا خاص اطلاق کس سورت پر ہوا ہے؟ اور قرآن کا اوّلین اور بالذات مصداق کونسا حصہ ہے؟ اللہ تعالیٰ کا ارشاد ہے:

وَلَقَدْ آتَيْنَاكَ سَبْعًا مِّنَ الْمَثَانِي وَالْقُرْآنَ الْعَظِيمَ (پ۱۴، الحجرات ۶) — اور البتہ دی ہیں ہم نے آپ کو سات آیتیں جو بار بار پڑھی جاتی ہیں اور دیا قرآن بڑے درجہ کا۔

حضرت ابو ہریرہ رضؓ سے مروی ہے کہ آں حضرت صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے ارشاد فرمایا:

ام القرآن ھی السبع المثانی والقرآن العظیم۔ — کہ ان سات آیتوں اور قرآن عظیم کا مصداق سورۃ فاتحہ ہے۔

(بخاری جلد ۲ ص ۶۸۳ اور اسی کے قریب الفاظ دارمی ص۴۲۶ طبع دمشق میں ہیں)

اس کے علاوہ حضرت ابو سعید بن المعلیٰ رض اور حضرت ابی ابن کعب رض وغیرہ سے بخاری و موطا امام مالکؒ وغیرہ میں مرفوعاً صحیح احادیث سے ثابت ہے کہ قرآن عظیم کا پہلے نمبر پر مصداق ام الکتاب ام القرآن اور سورۃ فاتحہ ہے۔ اور یہی حضرت عمرؓ، علیؓ، ابن مسعودؓ، ابن عباسؓ، ابراہیم نخعیؒ، عبداللہ بن عبید بن عمیرؒ، ابن ابی ملیکہ، شہر بن حوشبؒ، حسن بصریؒ، مجاہدؒ اور قتادہؒ وغیرہ اکابر سے مروی ہے اور اسی کو امام ابن جریرؒ اور حافظ ابن کثیرؒ ترجیح دیتے ہیں اور لکھتے ہیں:

فہذا نص فی ان الفاتحۃ ھی السبع المثانی والقرآن العظیم۔ — کہ یہ روایات اور اقوال مفسرین اس بات پر نص ہیں کہ سبع مثانی اور قرآن عظیم کا اولین مصداق سورۃ فاتحہ ہے۔

(تفسیر ابن کثیر، جلد ۲ ص ۵۵۵)

شیخ الاسلام ابن تیمیہؒ لکھتے ہیں کہ سورۃ فاتحہ قرآن کریم کی سب سورتوں سے افضل ہے اور یہی وجہ ہے کہ اس کا پڑھنا ہر نماز میں لازم قرار دیا گیا ہے۔ اور حقیقت یہ ہے (جو احادیث سے ثابت ہے) کہ تورات انجیل اور زبور بلکہ قرآن کریم میں اس جیسی مزیت اور فضیلت والی اور کوئی سورت نازل نہیں کی گئی اور یہ بالکل ممتنع ہے کہ استماع اور انصات کا حکم سورۃ فاتحہ کو شامل نہ ہو۔ حالانکہ استماع اور انصات کی آیت اس کو کئی طور سے شامل ہے کہ یہ آیت مطلق ہے اور سورۃ فاتحہ اس کا ایک حصہ ہے اور یہ کہ آیت عام ہے اور یہ اس کا فرد ہے (اور یہ کہ آیت مجمل ہے اور حدیث اس کی تفسیر ہے کہ اس سے مراد سورۃ فاتحہ ہے۔ صفدر) علاوہ بریں اس کی قرأۃ اکثر اور مشہور ہے اور یہ تمام سورتوں سے افضل ہے۔ پھر آگے لکھتے ہیں:

فان قولہ واذا قرئ القرآن یتناولہا ولا یتناول غیرھا اظہر لفظا ومعنًا۔ — یعنی واذا قرئ القرآن کی آیت جس طرح اپنی لفظی اور معنوی حیثیت سے سورۃ فاتحہ کو شامل ہے اس طرح وہ قرآن کی کسی دوسری سورت کو شامل نہیں ہے۔

(فتاوی جلد ۲ ص ۱۴۳)

اس تحقیق سے یہ امر بالکل واشگاف اور ہویدا ہو جاتا ہے کہ واذا قرئ القرآن

کا صحیح، اصلی اور بالذات مصداق صرف سورۃ فاتحہ ہے۔ لہٰذا یہ حکم سورۃ فاتحہ پر خصوصاً اور دیگر سورتوں پر عموماً حاوی ہے۔ اور اس لحاظ سے مقتدیوں کو امام کے پیچھے سورۃ فاتحہ کا ترک کرنا اصل ہوگا۔ اور باقی سورتوں کو ترک کرنا اس کی فروع، امام نسائیؒ نے (جلد ۱ صفحہ ۱۰۷ میں) جناب رسول خدا صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کی صحیح حدیث (جس کی پوری تفصیل اپنے مقام پر آئے گی انشاء اللہ العزیز) اذا قرأ فانصتوا کو (کہ جب امام قرأۃ کرے تو تم مقتدی خاموش رہو) قرآن کریم کی اس آیت کی تفسیر اور تاویل میں نقل کر کے یہ بات پایۂ تکمیل کو پہنچا دی ہے کہ گویا آں حضرت صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم بھی قرآن کی اس آیت کو نماز اور نمازیوں کے حق میں ہی سمجھتے تھے۔ اب آپ حضرات صحابہ کرامؓ تابعینؒ اور معتمد مفسرین کرامؒ سے اس آیت کی تفسیر سن لیجیے کہ وہ کیا ارشاد فرماتے ہیں۔

اس سے قبل کہ ہم اس آیت کی تفسیر حضرات صحابہ کرامؓ سے نقل کریں۔ یہ بیان کرنا ضروری سمجھتے ہیں کہ حضرات صحابہؓ کی تفسیر کا رتبہ، درجہ اور حیثیت کیا ہے۔ امام حاکم رحمۃ اللہ علیہ لکھتے ہیں: کہ امام بخاریؒ اور امام مسلمؒ کے نزدیک صحابی کی تفسیر مسند اور مرفوع حدیث کے حکم میں ہوتی ہے۔ (مستدرک ج ۲ ص ۲۵۸) اور یہی امام حاکم رحمۃ اللہ علیہ کی اپنی تحقیق ہے۔ (معرفت علوم الحدیث ص ۲۰) حافظ ابن کثیر رحمۃ اللہ علیہ لکھتے ہیں کہ اکثر علماء کے نزدیک صحابی کی تفسیر مرفوع حدیث کے حکم میں ہے۔ (البدایہ والنہایہ جلد ۹ ص ۲۳۴) حافظ ابن القیم رحمۃ اللہ علیہ لکھتے ہیں: وتفسیر الصحابی حجۃ۔ (زاد المعاد جلد ص ۵۲) علامہ سیوطیؒ لکھتے ہیں وتفسیر الصحابی مرفوع۔ (تدریب الراوی ص ۶۵) علامہ جزائریؒ لکھتے ہیں جس صحابی نے نزول وحی کا زمانہ پایا ہو۔ اس کا کسی آیت سے متعلق یہ کہنا کہ یہ فلاں اور فلاں حکم میں نازل ہوئی۔ یہ مرفوع حدیث کے حکم میں ہے۔ (توجیہ النظر ص ۱۷۵)

نواب صدیق حسن خان صاحب لکھتے ہیں:

وکذا حکم اقوالھم فی التفسیر فانھا اصوب من اقوال من بعدھم وقد ذھب بعض اھل العلم الی ان تفسیرھم فی حکم المرفوع۔	یعنی حضرات صحابہ کرامؓ کی تفسیر بعد کے آنے والے مفسرین سے بہت زیادہ صحیح اور صواب ہے حتیٰ کہ بعض (بلکہ اکثر) علماء کی تحقیق یہ ہے کہ حضرات صحابہؓ کی تفسیر مرفوع حدیث کے حکم میں ہے۔

(الجنۃ فی الاسوۃ الحسنۃ بالسنۃ ص ۹۵)

حضرت عبداللہ بن مسعود رضی اللہ تعالیٰ عنہ (المتوفی ۳۲ھ)

سے قرآن کریم کی اس آیت کی تفسیریوں منقول ہے:

لہ یہ بات شک وشبہ سے بالاتر ہے کہ آفتابِ نبوت سے اکتساب نور کرنے کے بعد تمام حضرات صحابہ کرام رضی اللہ تعالیٰ عنہم نجوم ہدایت تھے۔ مگر بعض کو ایسے جزوی فضائل حاصل تھے کہ دوسرا کوئی ان میں ان کا ہم پایہ نہیں ہو سکتا تھا۔ ان میں ایک شخصیت حضرت عبداللہ ابن مسعود رضؓ کی ہے۔ آں حضرت صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے معلمین قرآن میں سب سے پہلا نمبر ان کا بیان کیا ہے (بخاری جلد ۱ ص ۵۳۱ و مسلم جلد ۲ ص ۲۹۳) اور فرمایا ہے جس چیز کو تمہارے لیے ابن مسعود رضؓ پسند کرتے ہیں میں اس پر راضی ہوں۔ (مستدرک جلد ۳ ص ۳۱۹ صحیح) نیز فرمایا اگر بغیر مشورہ کے تمہارے لیے میں خلیفہ کا انتخاب کروں تو وہ صرف ابن مسعودؓ ہی ہوں گے اور جس چیز کو ابن مسعودؓ تمہارے لیے پسند نہ کریں میں بھی اس کو تمہارے لیے پسند نہیں کروں گا۔ (الاستیعاب جلد ۱ ص ۳۵۹) اور فرمایا ابن مسعود کے عہد اور تحقیق کو مضبوطی سے قائم رکھو۔ (ایضاً) حضرت عقبہؓ بن عمرو فرماتے تھے جناب رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کے بعد میں نے ما انزل اللہ (یعنی جو کچھ خدا تعالیٰ نے نازل کیا ہے) کا ابن مسعود رضؓ سے بڑا عالم کوئی نہیں دیکھا۔ حضرت ابو موسیٰ رضؓ نے فرمایا کیوں نہ ہو۔ وہ ہر وقت حضور کے پاس رہتے تھے اور حضورؐ ان سے کسی وقت حجاب نہیں کرتے تھے۔ (مسلم ۲ ص ۲۹۳) مشہور تابعی شقیق رحؒ کا بیان ہے کہ میں ابن مسعودؓ پر کسی صحابی کو ترجیح نہیں دیتا۔ (مستدرک جلد ۳ ص ۳۱۹) یہی وجہ ہے کہ ابن مسعود رضؓ علی رؤس الاشہاد فرمایا کرتے تھے۔ اس خدا کی قسم جس کے بغیر کوئی دوسرا الٰہ نہیں۔ قرآن کریم کی کوئی سورت اور کوئی آیت ایسی نہیں جس کا شان نزول مجھے معلوم نہ ہو کہ کس موقع اور کس حالت میں نازل ہوئی ہے اور میں کتاب اللہ کا اپنے سے بڑا عالم کسی کو نہیں پاتا۔ (بخاری جلد ۲ ص ۷۴۸، و مسلم ۲ ص ۲۹۳) اور فرمایا تمام صحابہؓ کو اچھی طرح معلوم ہے کہ میں ان سب سے کتاب اللہ کا بڑا عالم ہوں۔ (ایضاً) امام نوویؒ لکھتے ہیں کہ حضرت ابن مسعود رضؓ حضرات خلفائے راشدینؓ سے بھی کتاب اللہ کے بڑے عالم ہیں۔ (شرح مسلم جلد ۲ ص ۲۹۳) اور اہل علم میں ان پر وہ حضرات کسی کو فضیلت نہ دیتے تھے۔ (مفتاح السعادۃ جلد ۱ ص ۳۵۳) حضرت عمر رضؓ نے ان کو علم کا انبار کہا۔ اور اہل کوفہ کی طرف تعلیم قرآن کے لیے ارسال کیا۔ (بغدادی جلد ۱ ص ۱۴۷) بعض حضرات نے مسئلہ رفع یدین کے پیش نظر حضرت عبداللہ بن مسعود رضؓ پر متعدد مسائل میں نسیان کا الزام عائد کیا ہے۔ لیکن نسیان تو انسان کی فطرت اور خمیر میں ودیعت کیا گیا ہے۔ جو اولاد آدم کو باپ سے بطور ورثہ ملا ہے۔ اگر نسیان (بقیہ حاشیہ اگلے صفحہ پر)

(پچھلے صفحہ کا بقیہ حاشیہ)

سے محض نسیان ہی مراد ہے تو وہ صرف اس کا ذکر بعید نہیں ہوگا۔ کیا آں حضرت صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے یہ ارشاد نہیں فرمایا: انما انا بشر انسیٰ کما تنسون اور اگر نسیان سے مراد بعض مسائل اور احادیث سے لاعلمی ہے تو یہ قصور صرف حضرت ابن مسعود رضہ کا نہیں بلکہ دوسرے بھی اس بات میں ان کے شریک ہیں۔ کیا حضرت ابوبکر رضہ کو وراثت جدہ کی بابت اور حضرت عمر رضہ کو حکم طاعون سے متعلق بلکہ رفع یدین کے مرکزی راوی حضرت ابن عمر رضہ کو مسح علی الخفین کے مسئلہ سے ناواقفی اور لاعلمی نہ تھی؟ اور کیا یہ اکابر عموماً اور حضرت ابن عمر رضہ خصوصاً اس لیے قابل اعتماد نہ رہے۔ کہ انھوں نے مسح علی الخفین (دیکھیے موطا ص ۱۱) جیسے مسئلہ سے جس کا ثبوت متواتر احادیث اور تعامل امت سے ثابت ہے۔ لاعلمی ظاہر کی بلکہ انکار کیا۔ چنانچہ حافظ ابن حجر رح فرماتے ہیں کہ لان ابن عمر رضہ انکر المسح علی الخفین مع قدیم صحبتہ وکثرۃ روایتہ اھ (فتح الباری جلد ۱ ص ۲۴۹ طبع مصر) کہ بے شک حضرت عبداللہ بن عمر رضہ نے مسح علی الخفین کا انکار کیا حالانکہ وہ پرانے صحابی اور کثیر الراویہ تھے۔ باقی باتوں کا ذکر تو روایات اور احادیث سے متعلق ہے اور یہ تفصیل کا مقام نہیں۔ لیکن حضرت ابن مسعود رضہ پر جو یہ الزام لگایا گیا ہے کہ وہ معوذتین کو قرآن کریم کی سورتیں نہیں سمجھتے تھے۔ یہ خالص افترا اور بہتان ہے۔ علامہ ابن حزم رح لکھتے ہیں کہ

کل ما روی عن ابن مسعود رضہ من ان المعوذتین و ام القرآن لم یکونا فی مصحفہ فکذب موضوع لا یصح۔	جتنی روایتیں بھی ابن مسعود رضہ سے اس مضمون کی نقل کی گئی ہیں کہ معوذتین اور ام القرآن ان کے مصحف میں نہ تھیں تو وہ خالص جھوٹی اور جعلی ہیں جو کسی طرح صحیح نہیں ہیں۔
(محلی ابن حزم جلد ۱ ص ۱۳)	

امام نووی رح اور علامہ سیوطی رح لکھتے ہیں:

وما نقل عن ابن مسعود رضہ باطل لیس بصحیح۔	معوذتین کے قرآن میں نہ ہونے کی جتنی روایتیں ابن مسعود رضہ کی طرف منسوب ہیں وہ سب باطل اور غیر صحیح ہیں۔
(شرح المہذب جلد ۳ ص ۳۹۶ والاتقان ج ۱ ص ۸۱)	

امام سبکی رح فرماتے ہیں کہ دلیل قاطع اس پر قائم ہے کہ یہ حضرت ابن مسعود رضہ پر جھوٹ باندھا گیا ہے اور وہ اس سے بالکل بری ہیں۔ (طبقات جلد ۲ ص ۲۰۷)

پہلی روایت: امام ابن جریرؒ[1] فرماتے ہیں۔ ہم سے ابو کریبؒ[2] نے بیان کیا۔ وہ فرماتے ہیں ہم سے محاربیؒ[3] نے بیان کیا۔ وہ داؤدؒ[4] بن ابی ہند سے روایت کرتے ہیں۔ اور وہ شعبیؒ[5] بن جابر سے روایت کرتے ہیں۔ انھوں نے فرمایا:

---

[1] ان کا ترجمہ عنقریب آرہا ہے۔

[2] ابو کریب کا نام محمد بن العلاءؒ ہے۔ علامہ ذہبیؒ ان کو الحافظ، الثقہ اور محدث کوفہ لکھتے ہیں۔ (تذکرہ جلد ۲ صفحہ ۷۲) امام نسائی رح ان کو ثقہ کہتے ہیں۔ ابن حبانؒ ان کو ثقات میں لکھتے ہیں۔ ابو عمرو الخفافؒ کا بیان ہے کہ میں نے اسحاق رح بن ابراہیم رح کے بعد ان سے بڑا کوئی حافظ نہیں دیکھا۔ محدث مسلمہؒ ان کو ثقہ کہتے ہیں۔ (تہذیب التہذیب ۹ صفحہ ۳۸۶)

[3] محاربی کا نام یحییٰ بن یعلیٰ ہے۔ امام ابوحاتم رح ان کو ثقہ کہتے ہیں اور ابن حبان رح ان کو ثقات میں لکھتے ہیں۔ (ایضاً جلد ۱۱ صفحہ ۳۰۳) اور کسی کی جرح ان پر منقول نہیں ہے۔ قاضی مقبول احمد صاحب نے اس روایت پر یہ اعتراض کیا ہے کہ محاربی دو ہیں۔ ایک یعلیٰ بن یعلیٰ جن کی توثیق مولانا سرفراز صاحب نے فرمائی ہے اور دوسرے عبدالرحمٰن بن محمد بن زیاد جو انتہا درجہ کے ضعیف ہیں اور قوی احتمال ہے کہ مولانا نے ضعیف محاربی کی توثیق کر کے اپنا مطلب نکال لیا ہو۔ (محصلہ الاعتصام ۲۸ ستمبر ۱۹۶۲ء ص کالم ۲)

الجواب: راقم نے یعلیٰ بن یعلیٰ رح کی توثیق نہیں نقل کی بلکہ یحییٰ بن یعلیٰ المحاربی رح کی توثیق نقل کی ہے اور اس سند میں یہی محاربی ہیں۔ ہم محض قاضی صاحب کی تسلی کے لیے عبدالرحمٰن بن محمد بن زیاد المحاربی کے متعلق بھی یہ عرض کیے دیتے ہیں کہ وہ انتہائی درجہ کے ضعیف نہیں بلکہ اعلیٰ درجہ کے ثقہ ہیں۔

اوّلاً۔ اس لیے کہ یہ بخاری، مسلم، ابوداؤد، نسائی، ترمذی اور ابن ماجہ کے مرکزی راوی ہیں کیا فریق ثانی کے نزدیک صحاح ستہ کے مرکزی راوی بھی انتہا درجہ کے ضعیف ہوتے ہیں؟ یہ ہے غیر مقلدین حضرات کا علم و دیانت۔ سبحان اللہ تعالیٰ۔ اگرچہ ان کے بارے میں بعض نے مضطرب کثیر الغلط اور یہم وغیرہ کے الفاظ لکھے ہیں لیکن امام ابن معینؒ، نسائیؒ اور ابوحاتمؒ ان کو ثقہ کہتے ہیں۔ امام وکیعؒ فرماتے ہیں کہ طویل احادیث کے وہ بڑے حافظ تھے۔ ابن حبانؒ ان کو ثقات میں لکھتے ہیں۔ ابن سعدؒ ان کو ثقہ کہتے ہیں۔ ابن شاہینؒ ان کو ثقات میں لکھتے ہیں۔ عثمان بن ابی شیبہؒ ان کو صدوق کہتے ہیں۔ محدث بزارؒ اور دارقطنیؒ ان کو ثقہ کہتے ہیں۔ عجلیؒ ان کو لا بأس به کہتے ہیں اور ساجیؒ ان کو صدوق کہتے ہیں۔ (ملتقطاً تہذیب التہذیب جلد ۶ صفحہ ۲۶۶)

(باقی حاشیہ اگلے صفحہ پر)

صلی ابن مسعود فسمع اناسا یقرأون مع الامام فلما انصرف قال اما آن لکم ان تفقھوا اما آن لکم ان تعقلوا واذا قرئ القرآن فاستمعوا له وانصتوا کما امرکم اللہ تعالیٰ۔ (تفسیر ابن جریر جلد ۹ صـ۱۰۳)	کہ حضرت عبداللہ ابن مسعودؓ نے نماز پڑھی اور چند آدمیوں کو امام کے ساتھ قرأۃ کرتے سنا۔ جب آپ نماز سے فارغ ہوگئے تو فرمایا کیا وہ وقت ابھی نہیں آیا کہ تم سمجھ اور عقل سے کام لو اور جب قرآن کریم کی قرأۃ ہوتی ہو تو تم اس کی طرف توجہ کرو اور خاموش رہو جیسا کہ اللہ تعالیٰ نے تمہیں حکم دیا ہے۔

یہ روایت وضاحت سے یہ بات ثابت کرتی ہے کہ پڑھنے والے امام کے پیچھے قرأۃ کر رہے تھے اور حضرت ابن مسعودؓ نے ان کو فہم وعقل سے کام نہ لینے پر تنبیہ کرتے ہوئے قرأۃ سے منع کیا اور یہ بات بھی عیاں کر دی کہ اس آیت میں اللہ تعالیٰ نے ان لوگوں کو استماع اور انصات کا حکم دیا ہے۔ جو امام کے ساتھ اس کی اقتدا میں نماز ادا کر رہے ہوں اور یہ وہی ابن مسعودؓ ہیں جو کتاب اللہ کے عالم ہونے میں تمام حضرات صحابہؓ

(پچھلے صفحہ کا بقیہ حاشیہ) قاضی صاحب مؤلف احسن الکلام سے بے شک اختلاف رکھیے، مگر صحاح ستہ کے ثقہ راوی کو تو انتہا درجہ کا ضعیف نہ قرار دیجیے۔

[۴] داؤد بن ابی ہندؒ کو امام احمدؒ، سفیان ثوریؒ، ابن معینؒ، ابو صالحؒ اور نسائیؒ ثقہ کہتے ہیں۔ یعقوب بن ابی شیبہؒ ان کو ثقہ اور ثبت کہتے ہیں۔ ابن حبانؒ ان کو متقنین میں شمار کرتے ہیں۔ ابن خراشؒ ان کو ثقہ اور ابن سعدؒ ثقہ اور کثیر الحدیث کہتے ہیں۔ (ایضاً جلد ۳ صـ۲۰۴) ذہبیؒ ان کو الامام اور الثبت لکھتے ہیں۔ (تذکرہ جلد ۱ صـ۱۴۱)۔

[۵] یسیر بن جابرؒ، ابن حبان ان کو ثقات میں لکھتے ہیں۔ ابن سعدؒ ان کو ثقہ کہتے ہیں۔ امام عجلیؒ ان کو من ثقات اصحاب عبداللہ بن مسعودؓ کہتے ہیں۔ عوام بن حوشبؒ ان کو صحابی بتلاتے ہیں اور کہتے ہیں کہ سنہ ۲ھ میں ان کی ولادت ہوئی تھی۔ (تہذیب التہذیب جلد ۱۱ صـ۳۷۹) حافظ ابو عمرؒ بن عبدالبرؒ بھی ان کو صحابی بتلاتے ہیں۔

(الاستیعاب جلد ۲ صـ۶۱۱)

نوٹ: تفسیر ابن جریر اور ابن کثیر کے بعض نسخوں میں کاتب کی غلطی سے بشیر بن جابر لکھا گیا ہے جو قطعاً غلط ہے۔ مسند احمد جلد ۱ ص ۳۸۴ اور مسند طیالسی صـ۵۱ اور صحیح مسلم جلد ۲ صـ۳۹۴ میں ایک دوسری حدیث کی سند میں یسیر بن جابرؒ ہی آیا ہے جو صحیح ہے۔ مزید تشریح کے لیے نووی جلد ۱ صـ۳۹۲۔ اور تجرید اسماء الصحابۃ للذہبیؒ جلد ۲ صـ۱۵۳ وغیرہ کی طرف مراجعت کیجیے۔

کرامؓ حتیٰ کہ حضرات خلفائے راشدینؓ سے بھی بڑھے ہوتے تھے اور جن کو ہر سورت اور ہر آیت کا شانِ نزول بخوبی معلوم تھا۔ مؤلف خیر الکلام نے یہ جواب دیا ہے کہ حضرت ابن مسعودؓ شانِ نزول نہیں بیان کر رہے بلکہ استدلال کر رہے ہیں اور استدلال بھی ان کی بے جا حرکت پر تھا کیونکہ وہ امام کے ساتھ ساتھ جہر کے ساتھ پڑھتے تھے جیسا کہ لفظ استماع سے معلوم ہوتا ہے ...... الخ (محصلہ صہ ۲۵۱)۔

الجواب :

حضرت ابن مسعودؓ تو کما مر کما اللہ سے اس کا شانِ نزول بیان فرما رہے ہیں اور اگر استدلال بھی مان لیا جائے تو ماوشما کا استدلال تو نہیں بلکہ حضرت ابن مسعودؓ صحابی کا استدلال ہے جو پہلے درجہ کے مفسر ہیں۔ اور مقتدیوں کی بیجا حرکت امام کے ساتھ قرأۃ تھی نہ کہ جہر۔ جیسا کہ یقرؤن کے الفاظ اس پر دال ہیں اور حضرت ابن مسعودؓ کے ارشاد میں لفظ انصات اس کی واضح دلیل ہے اور حضرت ابن مسعودؓ نے قرأۃ کی اس بیجا حرکت سے انہیں منع فرمایا ہے اور مطلق قرأۃ پر جہر کا اطلاق محض مجازی طور پر ہوتا ہے جس کے لیے قرینہ صارفہ درکار ہے اور وہ یہاں مفقود ہے۔

دوسری روایت۔ امام بیہقیؒ [1] فرماتے ہیں۔ ہم سے ابوالحسن، محمدؒ بن الحسینؒ بن داؤد علویؒ [2] نے بیان کیا۔ وہ فرماتے ہیں ہم سے ابوالحسنؒ علیؒ [3] بن محمدؒ بن حمشاذ العدلؒ نے بیان کیا۔ وہ فرماتے ہیں۔ مجھ سے محمدؒ بن حسینؒ [4] انماطی بغدادیؒ نے بیان کیا۔ وہ فرماتے ہیں ہم سے یحییٰ بن ایوبؒ [5] نے بیان کیا۔ وہ فرماتے ہیں ہم سے عبدالوہاب [6] ثقفی رحمۃ اللہ علیہ نے بیان کیا۔ وہ کہتے ہیں ہم سے

---

[1] امام ابوبکر احمدؒ بن الحسین البیہقیؒ علامہ ذہبیؒ ان کو الامام، الحافظ، العلامہ اور شیخ خراسان لکھتے ہیں (تذکرہ ۳ صہ ۳۰۹)

[2] جلیل القدر عالم اور بڑے پایہ کے صوفی تھے۔ (بغدادی جلد ۱۲ صہ ۲۲۸) علامہ ذہبیؒ ان کو امام بیہقیؒ کے مشائخ اور زمرۂ محدثین میں بیان کرتے ہیں۔ (تذکرہ ۳ صہ ۲۰۹)۔

[3] علامہ ذہبیؒ ان کو الحافظ الکبیر لکھتے ہیں۔ (تذکرہ ۳ صہ ۹۹)

[4] ثقہ تھے (بغدادی جلد ۲ صہ ۲۲۸)

[5] علی بن مدینیؒ اور ابوحاتمؒ ان کو صدوق کہتے ہیں۔ ابن حبانؒ اور حسین بن فہمؒ ان کو ثقہ کہتے ہیں۔ ابن قانعؒ ان کو ثقہ اور مامون کہتے ہیں۔ (تہذیب التہذیب جلد ۱۱ صہ ۱۸۸)

[6] الحافظ الامام اور ثقہ تھے۔ (تذکرہ ۱ صہ ۲۹۵) آخر عمر میں ان کے دماغ میں کچھ فتور آ گیا تھا۔ (تقریب صہ ۲۲۹)

(باقی اگلے صفحہ پر)

ایوبؒ نے بیان کیا۔ وہ منصورؒ سے روایت کرتے ہیں۔ وہ ابوؒ وائلؒ سے روایت کرتے ہیں:

قال عبد اللہؓ فی القراۃ خلف الامام انصت للقرآن کما امرت فان فی القراۃ لشغلا وسیکفیک ذلک الامام۔ (کتاب القراۃ ص)

کہ حضرت عبد اللہ بن مسعودؓ نے فرمایا کہ امام کے پیچھے خاموشی اختیار کرو۔ جیسا کہ تمھیں حکم دیا گیا ہے۔ کیونکہ خود پڑھنے کی وجہ سے امام کی قراۃ سننے سے آدمی رہ جاتا ہے اور امام کا پڑھنا ہی تمھیں کافی ہے۔ (الگ قراۃ کی ضرورت باقی نہیں رہتی۔)

حضرت ابن مسعودؓ کی یہ روایت صحیح ہے جیسا کہ آپ دیکھ چکے ہیں اور خطاب ان لوگوں کو تھا جو امام کے پیچھے اس کی اقتدا کر رہے تھے۔ جیسا کہ الفاظ سے ظاہر ہے اور یہ سرّی و جہری تمام نمازوں کو شامل اور فاتحہ وغیر فاتحہ سب کو حاوی ہے اس میں قرآت کو ما زاد علی الفاتحہ پر حمل کرنا جیسا کہ قاضی مقبول احمد صاحب وغیرہ نے کیا ہے سراسر باطل ہے اور اس روایت میں گو امرتُ ہے لیکن پہلی روایت میں تصریح ہے کہ یہ حکم اللہ تعالیٰ نے دیا ہے اور امر بھی واذا قرئ القرآن۔ الآیۃ سے واضح ہے۔ حضرت ابن مسعودؓ سے اسی مضمون کی روایتیں مختلف اسانید سے اور بھی مروی ہیں مگر ہمارا مقصد استیعاب نہیں ہے۔

حضرت عبد اللہ بن عباسؓ رضی اللہ تعالیٰ عنہما (المتوفی ۶۸ھ) سے اس آیت کی تفسیر میں متعدد روایات مروی ہیں۔ مگر ہم یہاں صرف دو روایتیں نقل کرتے ہیں۔

(بقیہ پچھلا صفحہ) لیکن اس فتور کے زمانہ میں انھوں نے کوئی روایت بیان نہیں کی۔ (میزان الاعتدال جلد ۲ ص)

[1] ثقہ، ثبت اور حجت تھے۔ (تقریب ص)

[2] الامام الحافظ اور الحجۃ تھے۔ (تذکرہ جلد ۱ ص ۱۳۲) ابو حاتمؒ کہتے ہیں کہ وہ بڑے متقن تھے تدلیس نہیں کرتے تھے۔ عجلیؒ ان کو ثقہ، ثبت اور حجت کہتے ہیں۔ (تہذیب التہذیب ۱۰ ص ۳۱۵)

[3] ابو وائلؒ ان کا نام شقیق بن سلمہؒ ہے۔ ابن معینؒ کہتے ہیں وہ ایسے ثقہ تھے کہ ان کے مثل سے متعلق سوال نہیں ہو سکتا۔ امام وکیعؒ کہتے ہیں کہ وہ ثقہ تھے۔ ابن سعدؒ ان کو ثقہ اور کثیر الحدیث کہتے ہیں۔ ابن حبان ان کو ثقات میں لکھتے ہیں۔ ان کی یہ خوبی تھی کہ تدلیس نہیں کرتے تھے۔ (ایضاً ۴ ص ۳۶۲)

[4] تمام حضرات صحابہ کرامؓ میں فن تفسیر میں حضرت ابن مسعودؓ کے بعد نمبر حضرت عباسؓ کا آتا ہے۔ اور کیوں نہ (بقیہ اگلے صفحہ پر)

پہلی روایت: امام بیہقیؒ فرماتے ہیں ہم سے ابوزکریا بن ابی اسحاق مزکیؒ نے بیان کیا وہ فرماتے ہیں ہم سے ابوالحسنؒ احمد بن محمد بن عبدوسؒ نے بیان کیا۔ وہ فرماتے ہیں ہم سے عثمان بن سعیدؒ نے بیان کیا وہ فرماتے ہیں ہم عبداللہ بن صالحؒ نے بیان کیا

(بقیہ حاشیہ پچھلا صفحہ) جناب رسول خدا صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے ان کے حق میں یہ دعا فرمائی تھی کہ اے اللہ! اس کو دین کی سمجھ اور قرآن کریم کی تفسیر اور تاویل کی مہارت عطا فرما۔ (مسند احمد جلد ۱ صفحہ ۳۲۸ قال الهیثمی رجاله رجال الصحیح مجمع الزوائد جلد ۹ صفحہ ۲۷۶ وصححه ابن کثیرؒ البدایہ والنہایہ جلد ۸ صفحہ ۲۹۹) حضرت ابن عمرؓ فرماتے ہیں کہ وہ اعلم الناس بما انزل علی محمد صلی اللہ علیہ وسلم تھے۔ (ایضاً البدایہ جلد ۸ صفحہ ۳۰۰)۔ علامہ ذہبیؒ لکھتے ہیں کہ وہ دین کے امام علم کا سمندر اور بہت بڑے عالم تھے۔ (تذکرہ ۱ صفحہ ۳۸) یہی وجہ تھی کہ حضرت عمرؓ ایسے محقق اور صاحب بصیرت بھی قرآن کریم کی تفسیر میں ان کی طرف مراجعت کرتے تھے۔ (بخاری ۲ صفحہ ۷۳۴)۔

[1] علامہ ذہبیؒ انکو مسند نیشاپور لکھتے ہیں (تذکرہ جلد ۳ صفحہ ۲۲۵) علامہ خطیبؒ لکھتے ہیں کہ وہ ادیب مورخ کثیر العلوم تھے اور علاقہ نیشاپور میں علم حدیث کا درس دیتے تھے (بغدادی جلد ۴ صفحہ ۲۳۹) [2] علامہ سبکیؒ نے طبقات جلد ۲ صفحہ ۹۵ میں ان کا تذکرہ کیا ہے اور علامہ ذہبیؒ ان کو مسند نیشاپور لکھتے ہیں (تذکرہ جلد ۳ صفحہ ۶۷) [3] علامہ ذہبیؒ ان کو الامام اور الحجۃ لکھتے ہیں (تذکرہ جلد ۲ صفحہ ۱۷۱)

[4] امام ابن معینؒ انکو ثقہ اور ابوحاتمؒ صدوق کہتے ہیں۔ ابن حبانؒ ان کو مستقیم الحدیث کہتے ہیں (تذکرہ جلد ۱ صفحہ ۳۵۵) عبدالملک بن شعیبؒ ان کو ثقہ اور مامون کہتے ہیں۔ ابوزرعہؒ انکو حسن الحدیث اور ابن عدیؒ مستقیم الحدیث کہتے ہیں مسلمہ بن قاسمؒ ابو صالح کہتے ہوئے ان کی توثیق کرتے ہیں (تہذیب التہذیب جلد ۵ صفحہ ۲۵۹) امام ابن معینؒ نے ان کو ثبت فی کتاب کہا ہے (تہذیب جلد ۵ صفحہ ۲۶۰) یعقوب بن سفیانؒ انکو الرجل الصالح کہتے ہیں (تہذیب جلد ۵ صفحہ ۲۵۹) ابوہارون الخریبیؒ فرماتے ہیں کہ میں نے ابو صالحؒ سے اثبت اور کوئی نہیں دیکھا اور ابن القطانؒ فرماتے ہیں کہ وہ صدوق ہیں۔ ان پر ایسا کوئی الزام ثابت نہیں ہو سکا جس کی وجہ سے انکی حدیث ساقط الاعتبار ہو۔ ہاں وہ مختلف فیہ ہیں (فحدیثہ حسن) انکی حدیث حسن ہے۔ (ایضاً صفحہ ۲۶۱) حافظ ابن حجرؒ نے اس کی نشان دہی کی ہے کہ یہ صحیح بخاری کے راوی ہیں (ایضاً) اور صحیح بخاری جلد ۲ صفحہ ۱۰۱۳ میں انکی روایت موجود ہے اور جن حضرات محدثین کرامؒ نے ان میں کلام کیا ہے تو اسکی اصل وجہ ان کا ایک شریر پڑوسی تھا جس کا نام خالد بن نجیح تھا، ابو صالح عبداللہؒ بن صالحؒ کا کوئی قصور نہیں ہے۔ تہذیب التہذیب (جلد ۵ صفحہ ۲۵۹) وغیرہ میں اس کی تصریح موجود ہے اور امام بخاریؒ نے ادب المفرد اور جزء القراۃ وغیرہ میں ان سے باقاعدہ احتجاج کیا ہے فریق ثانی کی ستم ظریفی دیکھئے کہ وہ محض تعصب کی وجہ سے ایسے مسلم راویوں کو بھی مجروح اور ضعیف گردانتے کے درپے ہے۔ امام حاکمؒ انکی سند سے ایک حدیث کو صحیح الاسناد اور ذہبیؒ صحیح کہتے ہیں (مستدرک ۲ صفحہ ۱۹۹) اور انکی سند سے ایک روایت کو علامہ ذہبیؒ سندہ قوی کہتے ہیں (تذکرہ جلد ۱ صفحہ ۳۵۵) اور حافظ ابن کثیرؒ انکی سند سے ایک حدیث کو اسناد جید سے تعبیر کرتے ہیں۔ (البدایہ والنہایہ جلد ۵ صفحہ ۔۔ و تفسیر جلد ۳ صفحہ ۲۲۸) قاضی مقبول احمد صاحب لکھتے ہیں کہ ابن عدیؒ نے ان کو مستقیم الحدیث کہا

وہ کہتے ہیں مجھ سے معاویہ بن صالح[ا] نے بیان کیا۔ وہ علی بن ابی طلحہ[۲] سے روایت کرتے ہیں کہ

عن ابن عباسؓ فی قولہ تعالیٰ واذا قرئ القراٰن فاستمعوا لہ وانصتوا لعلکم ترحمون یعنی فی الصلوٰۃ المفروضۃ	حضرت ابن عباسؓ نے فرمایا کہ اذا قرئ القراٰن الآیۃ فرضی نماز کے بارے میں نازل ہوئی ہے۔ (کتاب القراءۃ ص۳۳)

حضرت ابن عباسؓ کی اس روایت کا مفہوم بالکل واضح ہے کہ اس آیت میں استماع اور انصات کا جو حکم آیا ہے وہ شان نزول کے لحاظ سے صرف فرضی نماز کو شامل ہے اور یہی اس کا شان نزول ہے۔ گو غیر فرضی نمازوں (مثلاً نماز عید و تراویح وغیرہ) اور خطبہ کو بھی عموم الفاظ کے لحاظ سے شامل ہے۔

تنبیہ: علی ابن ابی طلحہ ہاشمیؒ کی براہ راست حضرت عبداللہ بن عباسؓ سے سماعت نہیں ہوئی۔ بلکہ وہ حضرت مجاہد بن جبیرؒ اور سعید بن جبیرؒ کی وساطت سے حضرت ابن عباسؓ سے روایت کرتے ہیں اور یہ دونوں ثقہ ہیں (جیسا کہ اپنے موقع پر ذکر ہوگا) اس لیے یہ روایت بلاشک وشبہ

(پچھلے صفحہ کا باقی) ہے مگر ساتھ ہی کہا ہے کہ سند اور متن میں غلطی کر جاتا ہے۔ عمداً جھوٹ نہیں کہتا۔ (تہذیب جلد ۵ ص۲۵۷) اس لیے عبداللہ بن صالحؒ پر شدید جرح موجود ہے۔ اھ محصلہ الاعتصام ۱۲ ستمبر ۱۹۶۲ء ص۱ کالم ۱) مگر جمہور محدثین کی تعدیل کے مقابلہ میں صرف ابن عدیؒ کا یہ بیان ادنیٰ جرح بھی نہیں چہ جائیکہ شدید جرح ہو۔

[ا] علامہ خطیبؒ ان کو ثقات میں بیان کرتے ہیں (بغدادی جلد ۱۱ ص۴۲۳) امام احمدؒ ان کو ثقہ اور ابن عدیؒ ان کو صدوق کہتے ہیں۔ ابو زرعہؒ ان کو ثقہ کہتے ہیں۔ (تہذیب التہذیب جلد ۱ ص۲۰۹) علامہ ذہبیؒ ان کو الامام الفقیہ اور قاضی اندلس لکھتے ہیں (تذکرہ جلد ۱ ص۱۶۱) حاکمؒ ان کی سند سے ایک روایت کو صحیح (مستدرک ۱ ص۱۰) اور ذہبیؒ حسن الاسناد، اور صالح الاسناد سے تعبیر کرتے ہیں۔ (تذکرہ جلد ۱ ص۳۵۲ و ص۳۵۳) بلکہ ذہبیؒ بھی ان کی ایک سند کو صحیح کہتے ہیں (تلخیص المستدرک جلد ۴ ص۴) اور سیوطیؒ ان کی سند سے ایک روایت کو اسنادہ صحیح سے تعبیر کرتے ہیں (تاریخ الخلفاء ص۱) اور مستدرک جلد ۳ ص۲۲۲) میں ایک روایت کی سند یوں ہے۔ عبداللہ بن صالح عن معاویۃ بن صالح عن علی بن ابی طلحۃ عن ابن عباسؓ ..... الخ امام حاکمؒ اور ذہبیؒ دونوں فرماتے ہیں صحیح۔

[۲] امام نسائیؒ ان کی لیس بہ باس سے توثیق کرتے ہیں (میزان جلد ۲ ص۲۲۳) ابوداؤدؒ ان کو مستقیم الحدیث کہتے

(بقیہ اگلے صفحہ پر)

صحیح اور معتبر ہے۔ (دیکھیے مزید تحقیق کے لیے میزان الاعتدال ۲ صفحہ ۲۲۵ فتح الباری ۸ صفحہ ۳۴۳، تہذیب التہذیب ۷ صفحہ ۳۳۹، اور تفسیر اتقان ج ۱ صفحہ ۱۸۸)

علی بن ابی طلحہؒ کے اس تفسیری صحیفہ کو صحیح اور معتبر سمجھتے ہوئے امام ابو جعفر نحاسؒ نے اپنی کتاب الناسخ والمنسوخ میں استفادہ کیا ہے (اتقان جلد ۱ صفحہ ۱۸۸) اور اسی صحیفہ سے امام بخاریؒ نے صحیح میں اور امام ابن جریرؒ و ابن ابی حاتمؒ اور امام ابن المنذرؒ وغیرہ نے تفاسیر میں خوشہ چینی کی ہے۔ (فتح الباری جلد ۸ صفحہ ۳۴۳)

نواب صدیق حسن خاں صاحبؒ لکھتے ہیں: اما روایت از ابن عباس بطریق مختلفہ آمدہ اجود آنہا طریق معاویہؒ بن صالحؒ از علیؒ بن ابی طلحہؒ از ابن عباسؓ است بخاری در صحیح خود اعتماد بر ہمیں طریق کردہ لیس لیس۔ (اکسیر فی اصول التفسیر صفحہ ۱۱)

مصنف خیر الکلام نے اس سے جو مخلص تلاش کیا وہ یہ ہے کہ علیؒ بن ابی طلحہ کی ابن عباسؓ سے باقرار مصنف احسن الکلام سماعت نہیں۔ لہٰذا یہ منقطع ہے اور مجاہدؒ اور سعیدؒ بن جبیرؒ کا واسطہ تفسیری صحیفہ میں ہے جب تک یہ ثابت نہ کیا جائے کہ یہ اسی صحیفہ کی روایت ہے تو اتصال ثابت نہیں ہو سکتا۔ پھر امام احمدؒ بن حنبلؒ نے فرمایا ہے کہ لہ اشیاء منکرات۔ (میزان جلد ۲ صفحہ ۲۲۵) اس کے لیے کچھ منکر چیزیں بھی ہیں اور متن کے لحاظ سے اس میں کوئی ذکر نہیں کہ مقتدی کو آیا جہر سے روکا گیا ہے یا کلام کرنے یا شور ڈالنے سے اور یہ بھی احتمال ہے کہ آیت فرضی نماز جمعہ اور عید سب کو شامل ہو۔ اس صورت میں نماز کو دوسرے مقامات پر ترجیح نہ ہوگی۔

(محصلہ خیر الکلام صفحہ ۳۴۷ و ۳۴۸)

الجواب:

ہم نے باحوالہ ثابت کیا ہے کہ علیؒ بن ابی طلحہؒ صحیح مسلم کا راوی اور ثقہ ہے اور اس نے مجاہدؒ اور سعیدؒ بن جبیرؒ کے واسطہ سے حضرت ابن عباسؓ سے تفسیر حاصل کی ہے اور اسی کو امام حاکمؒ اور ناقدِ فن رجال علامہ ذہبیؒ وغیرہ صحیح کہتے ہیں جیسا کہ باحوالہ گذر چکا ہے اور ہم نے باحوالہ نواب

(بقیہ پچھلا صفحہ) ابن حبانؒ ان کو ثقات میں لکھتے ہیں۔ محدث عجلیؒ ان کو ثقہ کہتے ہیں۔ (تہذیب التہذیب جلد ۷ صفحہ ۳۳۹) اور صحیح مسلم جلد ۱ صفحہ ۲۹۵ میں ان کی روایت موجود ہے۔

صاحبؒ سے یہ ذکر کیا ہے کہ ابن عباسؓ کی روایت کے طرق تو متعدد ہیں مگر اجود ترین طریقہ معاویہؒ بن صالحؒ از علیؒ بن ابی طلحہؒ از ابن عباسؓ ہے اور اسی طریق پر امام بخاریؒ نے اعتماد کیا ہے صحیفہ کی قید مؤلف خیر الکلام کی محض سینہ زاد ہے جس کی پرکاہ بھی کوئی حیثیت نہیں ہے۔ یہ روایت اصولِ حدیث کے رُو سے بالکل صحیح اور متصل ہے۔ رہا امام احمدؒ کا یہ فرمانا کہ لہ اشیاء منکرات تو بجا ہے لیکن اس کی وجہ ان کا روایت میں ضعف نہیں بلکہ اس لیے کہ

ولکن لہ رأی سوء کان یریٰ السیف (تہذیب التہذیب جلد ۷ ص۳۴۰) ان کی رائے اچھی نہ تھی کیونکہ وہ خلیفہ کے مقابلہ خروج کو جائز سمجھتے تھے۔

اور حافظ ابن حجرؒ فرماتے ہیں کہ

ونقل البخاری من تفسیرہ روایۃ معاویۃ بن صالح عنہ عن ابن عباسؓ شیئًا کثیرًا فی التراجم وغیرہا ولکنہ لا یسمیہ یقول قال ابن عباسؓ او یذکر عن ابن عباسؓ وقد وقفت علی السبب الذی قال فیہ ابو داؤد یریٰ السیف اھ (تہذیب التہذیب جلد ۷ ص۳۴۰)

امام بخاریؒ نے اپنی تفسیر میں معاویہؒ بن صالحؒ عن علیؒ بن ابی طلحہؒ عن ابن عباسؓ کے طریق سے اپنے ابواب کے تراجم وغیرہا میں بہت زیادہ روایتیں نقل کی ہیں لیکن وہ ان کا نام نہیں لیتے بلکہ کہہ دیتے ہیں کہ ابن عباسؓ نے فرمایا یا ابن عباس سے نقل کیا گیا ہے اور میں اس کی وجہ پر مطلع ہو چکا ہوں وہ یہ ہے کہ امام ابوداؤدؒ فرماتے ہیں کہ وہ بادشاہ کے خلاف تلوار کے استعمال کی اجازت دیتے تھے۔

ان کے ایسے خیالات اشیاء منکرات کی مد میں ہیں اور ایسے راوی جو شیعہ، مرجی اور قدری وغیرہ ہیں صحیحین میں ان کی بے شمار روایتیں موجود ہیں۔ یہ ان کی ضعف کی وجہ نہیں ہے اہل علم سے یہ امر مخفی نہیں ہے اگر ضرورت پڑی تو ہم انشاء اللہ تعالیٰ اس کی تفصیل عرض کریں گے اور اس ارشاد سے مقتدی کو قرأۃ سے منع کیا گیا ہے۔ کیونکہ وَاِذَا قُرِئَ… الآیۃ اس کا واضح قرینہ ہے۔ باقی جہر اور شور وغل وغیرہ حضرات صحابہ کرامؓ سے جماعتی رنگ میں حضورؐ کے پیچھے نہ ہوتا تھا افراد کا معاملہ الگ ہے اور نماز میں قرأت سے منع کرنا اس آیت کا اولین مصداق ہے کیونکہ جمعہ اور عید وغیرہ کا حکم ہجرت کے بعد نازل ہوا ہے اور آیت مکی ہے۔ ہاں ضمنی طور پر وہ بھی اس میں داخل ہیں کیونکہ بقول مؤلف خیر الکلام شان نزول کے حکم میں اس قسم کی وسعت ہوتی ہے۔

دوسری روایت: امام بیہقیؒ فرماتے ہیں۔ ہم سے ابوالحسنؒ علی بن محمدؒ بن عبداللہ بن بشرانؒ نے بغداد میں بیان کیا۔ وہ کہتے ہیں۔ ہم سے ابوجعفر محمدؒ بن عمرو الرزازؒ[۱] نے بیان کیا۔ وہ فرماتے ہیں ہم سے سعدانؒ[۲] بن نصرؒ نے بیان کیا وہ فرماتے ہیں ہم سے مسکینؒ[۳] بن بکیر الحرانیؒ نے بیان کیا۔ وہ ثابتؒ[۴] بن عجلانؒ سے روایت کرتے ہیں۔ وہ سعیدؒ[۵] بن جبیرؒ سے اور وہ عبداللہؓ بن عباسؓ سے انھوں نے فرمایا:

المؤمن فی سعة من الاستماع الیه الا فی صلوٰة مفروضة او المکتوبة او یوم جمعة او یوم فطر او یوم اضحیٰ یعنی واذا قرئ القرآن ..... الاٰیة

کہ آیت واذا قرئ القرآن کے پیش نظر مومن پر کوئی پابندی نہیں ہے۔ اس کو گنجائش ہے کہ سنے یا نہ سنے مگر مفروضہ نماز جمعہ، عید الفطر، عید الاضحیٰ کے موقع پر اس کے لیے کوئی گنجائش نہیں ہے۔

(کتاب القراۃ ص۷۲)

(ان حالات میں اس کو بہرحال خاموش رہنا اور استماع و انصات کرنا ضروری ہے)

---

[۱] امام خطیبؒ ان کو ثقہ، صدوق، ثبت، حسن الاخلاق اور تام المروۃ لکھتے ہیں۔ (بغدادی جلد ۱۲ ص۹۹)

[۲] علامہ بغدادیؒ ان کو ثقہ اور ثبت لکھتے ہیں۔ (بغدادی جلد ۹ ص۱۳۲)

[۳] امام ابوحاتمؒ ان کو صدوق اور دار قطنیؒ ان کو ثقہ اور مامون لکھتے ہیں۔ (بغدادی جلد ۹ ص۲۰۵)

[۴] امام احمدؒ اور ابن معینؒ ان کی لا بأس کہتے ہوئے توثیق کرتے ہیں۔ ابن حبانؒ اور ابن شاہینؒ ان کو ثقات میں لکھتے ہیں۔ ابن عمارؒ ان کو ثقہ لکھتے ہیں۔ ابوحاتمؒ ان کو صالح الحدیث اور لا بأس بہ کہتے ہیں اور فرماتے ہیں کہ وہ حدیث کے حافظ تھے۔ قاضی مقبول احمد صاحب نے یہ اعتراض کیا ہے کہ تقریب میں اس کو خطا کار کہا ہے اور امام احمدؒ اور ابو احمدؒ نے اس کو بہت وہمی اور کثیر الخطا کہا ہے۔ (مجلہ الاعتصام ۸ ستمبر ۱۹۶۲ء ص۳ کالم ۱) لہٰذا اس حدیث پر کسی طرح اعتبار نہیں کیا جا سکتا۔ (ایضاً)

الجواب۔ ان کا وہم اور خطأ وغیرہ جو کچھ ہے مطلق نہیں ہے بلکہ صرف سعیدؒ بن عبدالعزیزؒ کی روایت میں ہے۔ چنانچہ خود ابو احمدؒ نے تصریح کی ہے ومن این کان مسکین یضبط عن سعید اھ۔ (تہذیب جلد ۱۰ ص۱۲۱) کہ مسکینؒ کو سعیدؒ کی روایت میں ضبط کیوں سے نصیب ہوا؟ اور اس سند میں روایت ثابتؒ بن عجلانؒ سے ہے نہ کہ سعیدؒ سے۔

[۵] امام احمدؒ اور ابن معینؒ ان کو ثقہ کہتے ہیں۔ دحیمؒ اور نسائیؒ لیس بہ بأس سے ان کی توثیق کرتے ہیں۔ ابوحاتمؒ ان کو صالح الحدیث کہتے ہیں، ابن حبانؒ ثقات میں لکھتے ہیں (تہذیب التہذیب جلد ۲ ص۱۰) [۶] ان کا ذکر عنقریب آئے گا انشاء اللہ تعالیٰ۔

حضرت ابن عباسؓ کی سابق روایت سے معلوم ہو چکا ہے کہ آیت مذکورہ کا شانِ نزول فرضی نماز ہے۔ اور اس روایت میں وہ عموم الفاظ کے پیش نظر جمعہ اور عیدین کی نماز اور خطبہ وغیرہ کا حکم بھی استماع و انصات بیان کرتے ہیں اور اس کی پوری تحقیق اپنے مقام پر آئے گی کہ نصوص میں عموم الفاظ کا اعتبار ہوتا ہے۔ نہ کہ خصوص اسباب کا۔ اور یہ کہ کوئی آیت شانِ نزول پر مقید نہیں ہوتی۔ اسی طرح کے مضمون کی روایت حضرت ابوہریرہؓ اور حضرت عبداللہؓ بن مغفل وغیرہ سے بھی مروی ہے کہ اس آیت کا حکم امام کے پیچھے اقتداء کرنے والوں کو ہے۔ مگر حضرت ابن مسعودؓ اور حضرت ابن عباسؓ کی تفسیر کے بعد کچھ کہنے کی مطلقاً حاجت باقی نہیں رہتی" کیونکہ قرآن کریم کی تفسیر کے متعلق ان کا مقام تمام حضرات صحابہ کرامؓ سے علی الاطلاق بہت اونچا اور بلند ہے اور سند کے لحاظ سے بھی یہ روایتیں سو فی صدی صحیح ہیں جیسا کہ آپ پوری تفصیل سے پڑھ چکے ہیں۔ مصنفؒ خیر الکلام سے نہ تو جواب بن سکا ہے اور نہ خاموشی گوارا فرما سکے ہیں کیونکہ "ملا آں باشد کہ چپ نشود"۔ وہ لکھتے ہیں کہ بعض حنفیہ نے آیت کے شانِ نزول میں صحابہ کرامؓ سے صرف دو قول نقل کیے ہیں۔ ایک عبداللہؓ بن مسعود کا قول ہے۔ دوسرا عبداللہؓ بن عباسؓ کا ہے حالانکہ ابن عباسؓ سے بسند صحیح اور ابن مسعودؓ سے پانچ اسانید کے ساتھ اگرچہ بعض اسانید میں انفرادی طور پر کچھ کلام ہے مگر مجموعی طور پر معلوم ہوتا ہے کہ وہ قرآت خلف الامام کے قائل تھے پس ان دو صحابہؓ سے صرف اس قدر مروی ہونے سے کہ یہ آیت نماز کے بارے میں ہے یہ ثابت نہیں ہوتا کہ یہ آیت نمازی کو قرآت سے روکنے کے لیے ہے۔ (محصلہ خیر الکلام ص۲۴۳، ص۲۴۴)

الجواب:

روایت تو صرف ایک صحابی کی بھی کافی ہوتی ہے جب کہ سند صحیح ہو آپ کو دو صحابہؓ کی روایت سے کیوں تسلی نہیں ہوتی؟ اور یہ روایتیں صحیح اسانید کے ساتھ ہیں اور ہیں حضرت ابن مسعودؓ اور ابن عباسؓ سے جو فن تفسیر میں پہلا درجہ رکھتے ہیں اگر ان کی روایتیں معتبر نہیں تو نہ معلوم آپ کے نزدیک کس کی مروی روایتیں معتبر ہوں گی؟ یقین رکھیے کہ یہ کوئی جواب نہیں ہے ممکن ہے کہ آپ کے حواری ایسے قدرے مطمئن ہو جائیں مگر ایک رتی جان بھی اس میں نہیں ہے باقی حضرت ابن مسعودؓ سے ایک روایت بھی قرآت خلف الامام کے جواز کی ثابت نہیں تفصیل اپنے مقام پر مذکور ہے اور

حضرت ابن عباسؓ کی روایتیں متعارض ہیں۔ صحیح روایت ترک قرأۃ کی ہے جیساکہ ابھی مذکور ہوا اور اپنے مقام پر آگے بھی آئے گا۔ انشاء اللہ تعالیٰ۔

اس کے بعد ہم بعض تابعینؒ کی چند روایات اس آیت کی تفسیر میں نقل کرتے ہیں۔ حافظ ابن کثیرؒ لکھتے ہیں۔ قرآن کریم کی تفسیر میں قرآن، حدیث اور صحابہؓ کے بعد تابعین کی تفسیر قابل حجت ہے اور یہی اکثر ائمہؒ سے منقول ہے۔ خصوصاً مجاہدؒ بن جبیر کی تفسیر کیونکہ وہ فن تفسیر کے امام تھے۔ سفیان ثوریؒ فرمایا کرتے تھے۔ جب مجاہدؒ کی تفسیر تمہارے پاس پہنچ جائے تو پھر کسی کی حاجت باقی نہیں رہتی۔ اوران کے بعد سعیدؒ بن جبیرؒ، عکرمہؒ، عطاءؒ بن ابی رباحؒ، حسن بصریؒ، مسروقؒ، سعیدؒ بن المسیبؒ، ابوالعالیہؒ، ربیعؒ بن انسؒ، قتادہؒ اور ضحاکؒ بن مزاحمؒ وغیرہ کا درجہ ہے۔ (تفسیر ابن کثیرؒ جلد ۱ ص۵)

نواب صدیق حسن خاں صاحبؒ لکھتے ہیں: وھکذا تفسیر التابعی حجۃ (الجنۃ ص۹۲) صحابی کی طرح تابعی کی تفسیر بھی حجت ہے۔

حضرت مجاہدؒ[1] بن جبیرؒ (المتوفی ۱۰۲ھ) سے

پہلی روایت: امام بیہقیؒ فرماتے ہیں کہ ہم سے حافظ ابو عبداللہؒ[2] نے بیان کیا وہ فرماتے ہیں کہ

---

[1] علامہ ابن سعدؒ لکھتے ہیں کہ وہ فقیہہ، عالم، ثقہ اور کثیر الحدیث تھے۔ (طبقات ابن سعد ۵ ص۴۶۷) امام ذہبیؒ لکھتے ہیں کہ وہ علم کا ظرف تھے۔ (تذکرہ جلد ۱ ص۸۶) امام نوویؒ لکھتے ہیں کہ ان کی امامت اور جلالت پر سب کا اتفاق ہے۔ خصیفؒ کا بیان ہے کہ مجاہدؒ تفسیر کے سب سے بڑے عالم ہیں (تذکرہ جلد ۱ ص۸۶) حبر الامت حضرت ابن عمرؓ ان کے حفظ کے اتنے معترف تھے کہ فرماتے تھے کہ کاش نافعؒ کا حفظ تمہارے ہی طرح ہوتا (شذرات الذہب جلد ۱ ص۱۲۵) حافظ ابن کثیرؒ لکھتے ہیں کہ وہ احد الائمۃ التابعین والمفسرین تھے اور حضرت ابن عباسؓ کے ارشد تلامذہ میں تھے اور اپنے زمانہ میں تفسیر کے سب سے بڑے عالم تھے (البدایۃ والنہایۃ جلد ۹ ص۲۲۴) اور ان کے فنی کمال کے لیے یہ سند کافی ہے۔ کہ مخزن علوم مکہ کی جماعت افتاء کے ایک معزز رکن تھے۔ (اعلام الموقعین جلد ۱ ص۲۱) نواب صاحبؒ لکھتے ہیں: ابن تیمیہؒ گفتہ اعلم الناس بالتفسیر اہل مکہ لانہم اصحاب عبداللہ بن عباسؓ کمجاھد۔ آگے لکھتے ہیں۔ ابن تیمیہؒ فرماتے ہیں یہی وجہ ہے کہ امام شافعیؒ اور امام بخاریؒ اور دیگر اہل علم نے ان کی تفسیر پر کلی اعتماد کیا ہے (اکسیر ص۱۵۱)

[2] یہ وہی امام ہیں جن کو الحاکم کہتے ہیں اور جن کی کتاب مستدرک شائع ہو چکی ہے۔ (باقی اگلے صفحہ پر دیکھیے)

ہم سے حافظ ابوعلی حسینؒ[1] بن علیؒ نے بیان کیا۔ وہ فرماتے ہیں کہ ہم سے ابویعلیٰؒ[2] موصلیؒ نے بیان کیا۔ وہ فرماتے ہیں کہ ہم سے محمدؒ بن ابوبکر[3] مقدمیؒ نے بیان کیا۔ وہ فرماتے ہیں کہ ہم سے یحییٰؒ بن سعیدؒ[4] نے بیان کیا۔ وہ سفیانؒ[5] سے روایت کرتے ہیں اور وہ فرماتے ہیں کہ ہم سے ابوہاشمؒ[6] اسمٰعیلؒ بن کثیرؒ[7] نے بیان کیا۔ وہ مجاہد بن جبرؒ سے روایت کرتے ہیں کہ اذا قرئ القرآن فاستمعوا له قال فی الصلوٰۃ۔ (کتاب القرأۃ ص ۷۳) واذا قرئ القرآن .... الاٰیۃ

دوسری روایت:

امام بیہقیؒ سے لے کر محمدؒ بن ابوبکر مقدمی تک وہی سند ہے جو پہلے بیان ہو چکی ہے۔ وہ فرماتے ہیں ہم سے اشعثؒ بن عبداللہؒ نے بیان کیا۔ وہ فرماتے ہیں ہم سے

(بقیہ حاشیہ پچھلا صفحہ) علامہ ذہبیؒ لکھتے ہیں کہ وہ الحافظ الکبیر اور امام المحدثین تھے۔ (تذکرہ جلد ۳ ص ۲۲۷)

[1] خطیبؒ لکھتے ہیں کہ وہ حفظ، اتقان، ورع، مذاکرۂ ائمہ اور کثرت تصنیف میں گوئے سبقت لے گئے تھے (بغدادی جلد ۸ ص ۷۱) ذہبیؒ ان کو الامام، الحافظ اور محدث اسلام لکھتے ہیں۔ (تذکرہ جلد ۳ ص ۱۱)۔

[2] ذہبیؒ ان کو الحافظ، الثقہ اور محدث جزیرہ لکھتے ہیں۔ (تذکرہ جلد ۲ ص ۲۴۶)

[3] امام یحییٰ بن سعید القطانؒ اور ابوزرعہؒ ان کو ثقہ کہتے ہیں۔ ابوحاتمؒ ان کو صالح الحدیث اور ابن قانعؒ ان کو ثقہ کہتے ہیں۔ (تہذیب التہذیب جلد ۹ ص ۷۹)

[4] امام الجرح والتعدیل ذہبیؒ ان کو الامام العلم اور سید الحفاظ لکھتے ہیں۔ نسائیؒ فرماتے ہیں کہ مالکؒ، شعبہ اور یحییٰ بن سعیدؒ حدیث رسول کے امین تھے۔ (تذکرہ جلد ۱ ص ۲۷۴) علامہ ابن سعدؒ لکھتے ہیں کہ وہ ثقہ، ثبت، حجت، بلند مرتبہ اور مامون تھے۔ خلیلیؒ کہتے ہیں وہ بلا کسی اختلاف کے مسلم امام تھے۔ (تہذیب ۱۱ ص ۲۱۹)

[5] امام سفیان ثوریؒ کا ترجمہ مقدمہ میں نقل کیا جا چکا ہے۔

[6] امام احمدؒ، نسائیؒ، یعقوبؒ بن شیبہ، یعقوبؒ بن سفیانؒ اور عجلیؒ سب ان کو ثقہ کہتے ہیں۔ ابن سعدؒ ان کو ثقہ اور کثیر الحدیث کہتے ہیں۔ ابوحاتمؒ ان کو صاحب الحدیث کہتے ہیں اور ابن حبانؒ ان کو ثقات میں لکھتے ہیں۔ (تہذیب التہذیب جلد ۱ ص ۳۲۶)

[7] امام ابن معینؒ اور ابوداؤدؒ ان کو ثقہ کہتے ہیں۔ امام نسائیؒ لا باس بہ سے ان کی توثیق کرتے ہیں۔ ابن حبانؒ ان کو ثقات میں لکھتے ہیں۔ (تہذیب التہذیب جلد ۱ ص ۳۵۵)

شعبہؒ نے بیان کیا وہ حمیدؒ اعرجؒ سے روایت کرتے ہیں اور وہ حضرت مجاہدؒ سے واذا قرئ القرآن فاستمعوا قال فی الصلوٰۃ (کتاب القرأۃ ص۱۶۹) انھوں نے فرمایا کہ واذا قرئ القرآن کا شان نزول نماز ہے۔

تیسری روایت:

امام بیہقیؒ فرماتے ہیں۔ ہم سے حافظ ابو عبداللہؒ نے بیان کیا۔ وہ فرماتے ہیں ہم سے قاضی عبدالرحمٰنؒ بن حسنؒ نے بیان کیا۔ وہ کہتے ہیں ہم سے آدمؒ بن ابی ایاسؒ نے بیان کیا۔ وہ کہتے ہیں۔ ہم سے ورقاؒ نے بیان کیا۔ وہ ابن ابی نجیحؒ سے روایت کرتے ہیں اور وہ حضرت مجاہدؒ سے

قال کان رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم یقرأ فی الصلوٰۃ فسمع قرأۃ فتی من الانصار فنزل و اذا قرئ القرآن (الآیۃ)

(کتاب القرأۃ ص۶۷)

وہ فرماتے ہیں کہ آں حضرت صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نماز میں قرأت کر رہے تھے۔ آپ کے ساتھ ایک انصاری بھی پڑھتا رہا۔ اس پر اذا قرئ القرآن الآیۃ نازل ہوئی۔

لے ذہبیؒ ان کو الحجۃ، الحافظ اور شیخ الاسلام لکھتے ہیں (تذکرہ جلد ۱ ص۱۸۱) سفیان ثوریؒ ان کو امیر المؤمنین فی الحدیث کہتے تھے۔ (کتاب العلل امام ترمذی جلد ۲ ص۲۳۵)

لے امام ابن معینؒ، ابو زرعہؒ، ابو داؤدؒ، ابن خراشؒ، عجلیؒ اور بخاریؒ سب ان کو ثقہ کہتے ہیں۔ نسائیؒ لا بأس بہ کہتے ہیں۔ ابن سعدؒ ثقہ اور کثیر الحدیث کہتے ہیں۔ (تہذیب التہذیب جلد ۳ ص۴۷)

لے امام حاکمؒ نے اس سند سے (مستدرک جلد ۲ ص۴۵، ۴۶، ۲۵۹، ۲۹۰، ۵۲۱، ۳۵۳، ۲۷۶۔ وجلد ۳ ص۲۱۳، جلد ۴ ص۲۴ وغیرہ میں) چند حدیثیں نقل کی ہیں اور ہر مقام پر امام حاکمؒ اور ذہبیؒ ان کو صحیح کہتے ہیں اور ایک مقام پر حاکمؒ اور ذہبیؒ دونوں علی شرط الشیخین تصحیح کرتے ہیں۔

لے ورقاءؒ، امام احمدؒ، ابن معینؒ اور وکیعؒ ان کو ثقہ کہتے ہیں۔ ابوحاتمؒ ان کو صالح الحدیث کہتے ہیں۔ ابن حبانؒ اور ابن شاہینؒ ان کو ثقات میں لکھتے ہیں ابن معینؒ فرماتے ہیں کہ ورقاءؒ کی تفسیر شیبانؒ اور سعیدؒ سے زیادہ معتبر ہے کیونکہ ورقاءؒ ابن ابی نجیحؒ سے اور وہ مجاہدؒ سے تفسیر روایت کرتے ہیں اور وہ فن تفسیر کے امام تھے۔ (تہذیب التہذیب جلد ۱۱ ص۱۱۴)

(نمبر ۵ اگلے صفحہ پر دیکھیے)

اس روایت سے معلوم ہوا کہ امام کے پیچھے قرآۃ کرنا حضرات صحابہ کرام رضی اللہ تعالیٰ عنہم میں معمول نہ تھا۔ ورنہ صرف ایک ہی انصاری کے پڑھنے کا کیا مطلب ہے اور جب حکم نازل ہوا تو نہ پڑھنے والوں کو کچھ نہ کہا۔ بلکہ منع کیا تو پڑھنے والے ہی کو منع کیا اور آیت کا شان نزول بھی حضرت مجاہدؒ نے وضاحت سے بیان فرما دیا ہے اور اسی مضمون کی ایک روایت امام زہریؒ سے بھی منقول ہے۔ (کتاب القرأت ص۳)

حضرت امام بیہقیؒ اور مبارک پوری صاحبؒ وغیرہ نے اس اثر کو منقطع کہہ کر گلو خلاصی کرنے کی ناکام کوشش کی ہے جو بے سود ہے۔ اولاً[۱] اس لیے امام ابن مدینیؒ فرماتے ہیں: کہ مجاہدؒ کا مرسل عطاء کے مرسل سے مجھے کہیں زیادہ پسند ہے۔ (تہذیب التہذیب جلد ۷ ص۲۰۲) امام یحییٰؒ بن سعید القطانؒ کہتے ہیں: مجاہدؒ کا مرسل مجھے طاؤسؒ کے مرسل سے زیادہ پسند ہے۔ (تدریب الراوی ص۳ و کتاب العلل ترمذی ص۳۲۹) جب ائمہ جرح و تعدیل ان کی مرسل پر کامل اعتماد کرتے ہیں۔ تو نقار خانہ میں طوطی کی کون سنتا ہے؟

وثانیاً[۲] علماء احناف کے نزدیک اور جمہور اہل اسلام اور دوسری صدی سے قبل تمام محدثین کرامؒ کے نزدیک تنہا مرسل قابل حجت ہوتا ہے جیسا کہ اپنے مقام پر آئے گا۔ اور جب دوسری روایات سے (گو مرسل ہی کیوں نہ ہوں) وہ معتضد اور قوی ہو جائے تو فریق ثانی کے نزدیک بھی وہ حجت ہے۔ اور مبارک پوری صاحبؒ کو اس کا اقرار ہے (دیکھئے تحقیق الکلام جلد اوّل) اور اگر حضرت ابن مسعودؓ و ابن عباسؓ وغیرہ کی صحیح روایات سے بھی[۳] انقطاع کا یہ بہانہ رفع

---

[۱] (پچھلے صفحہ کا حاشیہ[۵]) ابن ابی نجیح رح، امام احمدؒ، ابو زرعہؒ، ابن معینؒ اور نسائیؒ ان کو ثقہ کہتے ہیں۔ ابن سعدؒ ان کو ثقہ اور کثیر الحدیث کہتے ہیں۔ ابن حبانؒ ان کو ثقات میں لکھتے ہیں۔ امام سفیانؒ اور ابو حاتمؒ ان کی تفسیر کی بڑی قدر کرتے تھے (تہذیب التہذیب جلد ۱۲ ص۵۴)

[۳] جو پہلے شان نزول کے سلسلہ میں پیش کی گئی ہیں جن کا استدلالی رنگ نہیں جیسا کہ مؤلف خیر الکلام نے ص۲۵۸ میں) ناکام بہانہ کیا ہے۔ حضرت مجاہدؒ اور ان دونوں حضرات صحابہؓ کے اثر میں شان نزول ہونے کے بارے میں کوئی فرق نہیں ہے اور جمہور حضرات صحابہؓ ان کے ساتھ ہیں جیسا کہ ان کا مرسل حجت ہے اسی طرح ان کی تفسیر بھی حجت ہے اور کسی صحیح روایت میں ان کا قرأۃ خلف الامام کرنا ثابت نہیں ہے۔ جزء القرأۃ ص۹ کا حوالہ بالکل بے سند ہے۔ اس لیے اس کو اس صحیح اور مسند روایات کا جواب تصور کرنا بے سود ہے۔

نہ ہو۔ تو کسی دوسرے جہان اور دوسری جون کی انتظار کیجیے۔

وثالثاً امام شافعیؒ، بخاریؒ، ابن تیمیہؒ وغیرہ کلی طور پر مجاہدؒ کی تفسیر پر اعتماد کرتے ہیں اور نواب صاحبؒ کا حوالہ پہلے نقل کیا جا چکا ہے۔ لہٰذا ان کا یہ عذر بارد اور رکیک تاویل قابل سماعت نہیں ہے حضرت مجاہدؒ کی اور بھی متعدد روایات بآسانید صحیحہ مروی ہیں مگر ہم صرف ان پر ہی اکتفا کرتے ہیں: وفیھا کفایۃ لمن لہ ھدایۃ۔

حضرت سعید[1] بن المسیبؒ (المتوفی ۹۴ھ)

امام بیہقیؒ فرماتے ہیں ہم سے حافظ ابو عبداللہؒ نے بیان کیا وہ کہتے ہیں ہم سے ابو یعلی موصلیؒ نے بیان کیا وہ کہتے ہیں ہم سے محمدؒ بن ابوبکر مقدمیؒ نے بیان کیا۔ وہ کہتے ہیں ہم سے عبدالرحمن[2] بن مہدیؒ

---

[1] امام نوویؒ لکھتے ہیں۔ ان کی امامت اور جلالت پر سب کا اتفاق ہے۔ ابن حبانؒ لکھتے ہیں کہ وہ اپنے زمانہ میں اہل مدینہ کے سردار تھے۔ (تہذیب الاسماء جلد ۱ ص۲۲۰)۔ حافظ ذہبیؒ ان کو الامام شیخ الاسلام اور اجلہ تابعینؒ میں لکھتے ہیں۔ (تذکرہ جلد ۱ ص۴۹) ابن عمادؒ لکھتے ہیں کہ ان کی ذات میں حدیث، فقہ، زہد و ورع اور عبادات اور جملہ علمی و عملی کمالات جمع تھے۔ (شذرات الذہب جلد ۱ ص۱۰۲) حافظ ابن کثیرؒ لکھتے ہیں کہ علی الاطلاق وہ سید التابعین تھے اور حضرت ابن عمرؓ ان کو احد المتقین کہتے تھے۔ (البدایہ والنہایہ جلد ۹ ص۹۹)

امام یحییٰؒ بن سعید فرمایا کرتے تھے۔ ہم قرآن کی تفسیر میں رائے کو دخل نہیں دیتے صرف وہی کہہ سکتے ہیں۔ جس کا ہمیں علم ہے۔ (تفسیر ابن کثیر جلد ۱ ص۶) امام احمدؒ فرماتے ہیں کہ ان کے تمام مراسیل صحیح ہیں۔ (تذکرہ جلد ۱ ص۴۹) امام حاکمؒ لکھتے ہیں کہ تمام مراسیل میں صحیح تر مراسیل ان کے ہیں۔ (معرفت علوم الحدیث ص۲۵) امام بیہقیؒ ان کے مراسیل کو اصح المراسیل کہتے ہیں۔ (سنن الکبریٰ جلد ۱ ص۱۲۲) علامہ جزائریؒ لکھتے ہیں کہ مراسیل میں سے صحیح ترین مرسل سعیدؒ بن المسیبؒ کا ہے (توجیہ النظر ص۱۹۶) امام ابن معینؒ فرماتے ہیں کہ ان کے مراسیل صحیح ترین ہیں۔ (مقدمہ فتح الملہم ص۱۳) امام شافعیؒ باوجودیکہ وہ دیگر تابعینؒ کے مراسیل میں کلام کرتے ہیں مگر حضرات صحابہ کرامؓ کے مراسیل کی طرح وہ سعیدؒ بن المسیبؒ کے مرسل کو حجت اور صحیح مانتے ہیں۔ (مقدمہ فتح الملہم ص۲۴)

[2] ذہبیؒ ان کو الحافظ الکبیر الامام العلم اور الشہیر لکھتے ہیں۔ (تذکرہ جلد ۱ ص۳۰۱) علیؒ بن المدینی کا بیان ہے کہ ان سے بڑا کوئی عالم نہ تھا۔ اگر میں رکن حطیم اور مقام ابراہیم کے درمیان کھڑا ہو کر قسم کھاؤں تب بھی یہی کہوں گا کہ میں نے ان جیسا یا ان سے بڑا کوئی عالم نہیں دیکھا۔ (شذرات ص۳۵۵ و تہذیب الاسماء جلد ۱ ص۳۰۲) علامہ سمعانیؒ لکھتے ہیں کہ پختہ کار حافظ صاحب تقوی اور جامع حدیث تھے۔ (کتاب الانساب ص۲۹۶)

نے بیان کیا۔ وہ حمادؒ[1] بن سلمہؒ سے روایت کرتے ہیں اور وہ قتادہؒ[2] سے اور وہ سعیدؒ بن المسیبؒ سے وہ فرماتے ہیں واذا قرئ القرآن فاستمعوا له وانصتوا قال في الصلوٰة (کتاب القرأۃ ص۵۶) کہ آیت واذا قرئ القرآن الآیۃ کا شانِ نزول نماز ہے۔

حضرت حسن بصریؒ[3] (المتوفی سنہ ۱۱۰ھ)

امام بیہقیؒ فرماتے ہیں ہم سے حافظ ابو عبد اللہؒ نے بیان کیا وہ کہتے ہیں ہم سے حافظ ابو علیؒ نے بیان کیا وہ بیان کرتے ہیں ہم سے ابو یعلی موصلیؒ نے بیان کیا وہ کہتے ہیں ہم سے محمدؒ بن ابو بکر مقدمیؒ نے بیان

---

[1] علامہ ذہبیؒ ان کو الامام، الحافظ، المحدث اور شیخ الاسلام لکھتے ہیں۔ (تذکرہ جلد ۱ ص۱۸۹) آخر میں ان کے حافظہ میں معمولی فتور آگیا تھا۔ (تقریب ص۸۲) لیکن اس سے ان کی حدیث اور روایت پر مطلقاً اثر نہیں پڑتا۔ اس کی مزید تحقیق اپنے مقام پر آئے گی، امام احمدؒ فرماتے ہیں جب کسی شخص کو دیکھو کہ وہ حمادؒ بن سلمہؒ کے حق میں کچھ کہتا ہے تو اس کو منافق سمجھو (فاتہمہ علی الاسلام) (تذکرہ جلد ۱ ص۱۹۰) یہی الفاظ امام ابن معینؒ سے بھی منقول ہیں۔ (تہذیب التہذیب جلد ۳ ص۱۴) نواب صاحب لکھتے ہیں: کہ ہم حمادؒ بن سلمہؒ امام است تفرد ش مادام کہ در مرویش مانع از اصول نبود مضر نیست۔ (بدور الاہلہ ص۳۴۲)

[2] حضرت قتادہؒ کا ترجمہ جلد ۱ ص۲۲۵ میں مذکور ہے وہاں ملاحظہ کریں۔

[3] علامہ ابن سعدؒ لکھتے ہیں کہ وہ جامع کمالات عالم بلند مرتبت رفیع المنزلت، فقیہ، مامون، عابد، زاہد، وسیع العلم فصیح و بلیغ، حسین اور جمیل تھے۔ (طبقات جلد ۷ ص۱۱۵) علامہ ذہبیؒ لکھتے ہیں کہ وہ علم کا سمندر، فقیہ النفس، کبیر الشان عدیم النظیر اور بلیغ التذکیر تھے۔ (تذکرہ جلد ۱ ص۷۲) امام نوویؒ لکھتے ہیں کہ ان کی جلالتِ شان پر سب کا اتفاق ہے۔ (تہذیب الاسماء جلد ۱ ص۱۶۱) ابو بکر الہذلیؒ کا بیان ہے کہ جب تک وہ ایک سورت کی تفسیر اور شان نزول وغیرہ سے پوری طرح واقفیت حاصل نہ کر لیتے تھے۔ اس وقت تک آگے نہ پڑھتے تھے۔ (شذرات جلد ۱ ص۱۳۶) فقہ کے بہت بڑے امام تھے اور بصرہ کے مفتی اعظم تھے۔ قتادہؒ کا بیان ہے کہ حسن بصریؒ حلال و حرام کے سب سے بڑے عالم تھے۔ (طبقات ابن سعد جلد ۷ ص۱۱۶ قسم اول) حافظ ابن کثیرؒ لکھتے ہیں کہ وہ الامام الفقیہ المشہور احد التابعین الکبار، الاجلاء، اور علم و عمل اور اخلاص میں یکتا تھے (البدایہ والنہایہ جلد ۹ ص۲۶۸) نواب صدیق حسن خان صاحبؒ لکھتے ہیں۔ حسن بصریؒ و محمدؒ بن کعب القرظیؒ و ابو العالیہ الریاحیؒ وغیرہ ایں ہمہ قدماء مفسرین اند و غالب اقوال ایشاں متلقی از صحابہؓ بودہ است۔ (اکسیر ص۱۱)

کیا۔ وہ کہتے ہیں ہم سے یوسفؒ بن یعقوبؒ نے بیان کیا وہ شعبہؒ سے روایت کرتے ہیں۔ وہ منصورؒ سے روایت کرتے ہیں اور وہ حضرت حسن بصریؒ سے۔ انھوں نے فرمایا: واذا قرئ القرآن فاستمعوا لہ وانصتوا فی الصلوٰۃ۔ (کتاب القرأۃ ص) کہ واذا قرئ القرآن کا شانِ نزول نماز ہے۔

حضرت ابوالعالیہ الریاحیؒ (نام رفیعؒ بن مہرانؒ تھا۔ المتوفی ۹۰ھ)

امام بیہقیؒ فرماتے ہیں ہم سے حافظ ابوعبداللہؒ نے بیان کیا ہے۔ وہ کہتے ہیں ہم سے حافظ ابوعلیؒ نے بیان کیا۔ وہ کہتے ہیں ہم سے ابویعلیٰ (موصلیؒ) نے بیان کیا۔ وہ کہتے ہیں ہم سے محمدؒ بن ابی بکر مقدمیؒ نے بیان کیا۔ وہ کہتے ہیں ہم سے عبدالوہابؒ نے بیان کیا۔ وہ مہاجرؒ سے روایت کرتے ہیں اور وہ حضرت ابوالعالیہ الریاحیؒ سے، انھوں نے فرمایا:

۱؎ امام ابن معینؒ، ابوداؤدؒ، یعقوب بن شیبہؒ اور خلیلیؒ سب ان کو ثقہ کہتے ہیں۔ ابوحاتمؒ ان کو شیخ کہتے ہیں اور ابن حبانؒ ان کو ثقات میں لکھتے ہیں۔ (تہذیب التہذیب جلد ۱۰ ص۳۲۴) باقی جملہ رواۃ کی توثیق پہلے نقل کی جا چکی ہے۔

۲؎ امام نوویؒ لکھتے ہیں کہ وہ کبار تابعینؒ میں تھے۔ ابوالقاسم طبریؒ کا بیان ہے کہ ان کی توثیق پر سب کا اتفاق ہے۔ (تہذیب الاسماء جلد ۱ ص۲۵۱) ابوبکرؒ بن ابی داؤدؒ کا بیان ہے کہ حضرات صحابہؓ کے بعد ابوالعالیہؒ سے بڑھ کر عالم قرآن کوئی نہ تھا۔ (تذکرہ جلد ۱ ص۵۵) ابن حمادؒ ان کو مفسر قرآن لکھتے ہیں (شذرات جلد ۱ ص۱۰۲) علامہ ابن سعدؒ ان کو کثیر الحدیث لکھتے ہیں (طبقات جلد ۷ ص۸۱) خود امام بیہقیؒ اُن کی قہقہہ فی الصلوٰۃ کی حدیث کے علاوہ باقی تمام احادیث کو صحیح اور مستقیم تسلیم کرتے ہیں۔ (سنن الکبریٰ جلد ۱ ص۱۴۷) امام عجلیؒ فرماتے ہیں کہ وہ ثقہ اور کبار تابعینؒ میں سے تھے۔ امام ابن عدیؒ فرماتے ہیں کہ حدیث ضحک فی الصلوٰۃ کے علاوہ ابوالعالیہؒ کی باقی تمام احادیث مستقیم اور صالح ہیں۔ (تہذیب التہذیب جلد ۳ ص۲۸۵) مولیٰ طاش کبریٰ زادہ لکھتے ہیں کہ وہ کبار تابعینؒ میں تھے، آں حضرت صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کی وفات کے صرف دو سال بعد مسلمان ہوئے تھے اور حضرت ابوبکرؓ کے پاس گئے تھے اور حضرت عمرؓ کے پیچھے نماز پڑھی تھی اور قرآن کریم حضرت ابیؓ بن کعب، حضرت زیدؓ بن ثابت اور حضرت ابن عباسؓ سے پڑھا تھا اور صحیح روایت سے ثابت ہے کہ تین مرتبہ انھوں نے قرآن کریم حضرت عمرؓ پر پیش کیا تھا۔ (مفتاح السعادۃ جلد ۱ ص۳۹۴) اور اسی کے قریب تہذیب التہذیب جلد ۳ ص۲۸۵ میں ہے۔

(نمبر ۳ اور نمبر ۴ اگلے صفحہ پر دیکھیے)

كان النبيّ صلى الله عليه وسلم اذا صلى قرأ فقرأ اصحابه فنزلت فاستمعوا له الآية فسكت القوم و قرأ النبي صلى الله عليه وسلم۔ (كتاب القرأة ص۵۵)	کہ آں حضرت صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم جب نماز پڑھتے تو ساتھ ساتھ آپ کے حضرات صحابہؓ بھی قرأت کرتے تھے۔ جب واذا قرئ القرآن (الآیۃ) نازل ہوئی تو حضرات صحابہ کرامؓ نے خاموشی اختیار کرلی اور جناب رسول خدا صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم قرأۃ کیا کرتے تھے۔

امام بیہقیؒ علامہ حازمیؒ (المتوفی ۵۸۴ھ) اور مبارک پوری صاحبؒ وغیرہ نے اس روایت کے منقطع ہونے کا ناکام بہانہ کیا ہے اور یہی کچھ مؤلف خیر الکلام نے ص۵۵ میں کہا ہے لیکن یہ صحیح نہیں ہے۔ اولاً: اس لیے کہ مرسل حجت ہے اور مرسل معتضد بلا اختلاف حجت ہے جیسا کہ بیان ہو چکا ہے۔

وثانیاً: اگر اس کو ابو العالیہؒ کی تفسیر بھی تسلیم کرلیا جائے تب بھی کوئی حرج نہیں جس کی تائید کئی محقق مفسرین کرامؒ سے آگے آرہی ہے۔ خود مؤلف خیر الکلام ص۶۴ میں ایک جگہ لکھتے ہیں کہ مگر معترض کو معلوم ہونا چاہیے کہ کسی آیت کی تفسیر اگر کسی تابعی سے ثابت ہو اور ایک بڑے مفسر نے بھی اس کی تصدیق کی ہو اور کسی صحابی اور تابعی سے اس کی تردید وارد نہ ہوتی ہو تو اس کی صحت میں کیا کلام ہو سکتا ہے؟ اور اسی صفحہ کے آخر میں لکھتے ہیں کہ ایک تفسیر کے مقابلہ میں محض اٹکل پچو بات بنانا درست نہیں۔ لہٰذا ان کو اپنے تجویز کردہ نسخہ پر عمل کرنا چاہیے کہ ہینگ لگے نہ پھٹکڑی۔

حضرت امام زہریؒ:

امام بیہقیؒ فرماتے ہیں ہم سے حافظ ابو عبد اللہؒ نے بیان کیا۔ وہ کہتے ہیں ہم سے

۳ان کا ترجمہ حضرت ابن مسعود رضی اللہ تعالیٰ عنہ کی روایت کی ذیل میں نقل کر دیا گیا ہے۔

۴ جعفر بن مخلد کو امام ابن معینؒ صالح کہتے ہیں۔ محدث ساجیؒ ان کو صدوق کہتے ہیں۔ اور نیز کہتے ہیں کہ وہ معروف و مشہور تھے۔ ابن حبانؒ ان کو ثقات میں لکھتے ہیں۔ (تہذیب التہذیب جلد ۱ ص۲۲۳) باقی رواۃ کا حال اور توثیق آپ پہلے پڑھ چکے ہیں۔

۵ امام زہریؒ اور امام عبد اللہ بن مبارکؒ کا ترجمہ مقدمہ میں عرض کیا جا چکا ہے اور بقیہ رواۃ کا عنقریب گزر چکا ہے

(باقی اگلے صفحہ پر دیکھیے)

حافظ ابو علیؒ نے بیان کیا۔ وہ کہتے ہیں ہم سے حسنؒ بن سفیانؒ نے بیان کیا وہ کہتے ہیں ہم سے حبانؒ بن موسٰیؒ نے بیان کیا۔ وہ کہتے ہیں ہم سے عبداللہؒ بن مبارکؒ نے بیان کیا۔ وہ کہتے ہیں ہم سے یونسؒ نے بیان کیا وہ امام زہریؒ سے روایت کرتے ہیں۔ انھوں نے فرمایا کہ

قال لا یقرأ من وراء الامام فیما یجہر به الامام یکفیھم قراءۃ الامام وان لم یسمعھم صوتہ ولکنھم یقرؤن فیما لا یجہر به سرًا فی انفسھم ولا یصلح لاحد خلفه ان یقرأ معه فیما جہر به سرًا ولا علانیة قال اللہ واذا قرئ القراٰن فاستمعوا له وانصتوا لعلکم ترحمون

امام کے پیچھے جہری نمازوں میں مقتدیوں کو قرأت کرنے کی مطلقاً گنجائش نہیں ہے۔ امام کا پڑھنا ہی مقتدیوں کو کافی ہے۔ چاہے وہ مقتدیوں کو کچھ بھی نہ سناتا ہو۔ ان کو نہ تو جہر سے پڑھنا جائز ہے اور نہ آہستہ۔ ہاں سری نمازوں میں وہ اپنے دل میں قرأت کر سکتے ہیں اور جہری نمازوں میں اس لیے منع ہے کہ اللہ تعالیٰ کا ارشاد ہے کہ جب قرآن پڑھا جاتا ہو تو تم خاموش ہو کر اس کی طرف توجہ کرو تاکہ تم پر رحم کیا جائے۔

(کتاب القرأۃ ص۱۰۳)

سری اور جہری نمازوں کا بیان اپنی جگہ پر ہوگا۔ لیکن بہرحال امام زہریؒ بھی آیت مذکورہ کا شانِ نزول مسئلہ قرأۃ خلف الامام بتاتے ہیں۔ سکتات میں پڑھنے کا کسی صحیح حدیث سے ثبوت نہیں اور یہ استدلالی رنگ نہیں بلکہ شانِ نزول ذکر ہو رہا ہے۔ مرسل زہریؒ اگرچہ تنہا حجت نہیں ہوتا مگر اس سے دیگر مراسیل کی تائید مطلوب ہے اور دوسرے مراسیل کے ساتھ مل کر یہ مرسل مسئلہ زیر بحث پر صراحت سے روشنی ڈالتا ہے۔

(پچھلے صفحہ کا باقی) صرف تین راوی باقی ہیں۔ ان کی توثیق سن لیجئے ــــ حسنؒ بن سفیانؒ علامہ ذہبیؒ ان کو الحافظ، الامام اور شیخ خراسان لکھتے ہیں۔ امام حاکمؒ کا بیان ہے کہ وہ خراسان کے محدث اور اپنے تمام معاصرین پر تثبت، کثرت روایت فہم، فقہ، ادب اور دیگر علوم میں فائق تھے۔ (تذکرہ ۲ ص۲۴۵) ــــ حبانؒ بن موسٰیؒ، ابراہیمؒ بن الجنید ان کی لا باس به سے توثیق کرتے ہیں۔ ابن حبانؒ ثقات میں لکھتے ہیں۔ (تہذیب التہذیب جلد ۲ ص۱۷۲) حافظ ابن حجرؒ لکھتے ہیں کہ وہ ثقہ تھے۔ (تقریب ص۷۰) یونسؒ بن یزیدؒ علامہ ذہبیؒ ان کو الحافظ اور الثبت لکھتے ہیں۔ اور احمدؒ بن صالحؒ کا بیان ہے کہ ہم امام زہریؒ کے تلامذہ میں یونسؒ کو ترجیح نہیں دیتے۔ امام احمدؒ فرماتے تھے کہ وہ ثقہ ہیں۔ (تذکرہ جلد ۱ ص ۱۵۳)

عبیدؒ بن عمیرؒ (المتوفی ۶۸ھ) اور عطاءؒ بن ابی رباحؒ (المتوفی ۱۱۴ھ):

امام ابن جریرؒ فرماتے ہیں ہم سے حمیدؒ بن مسعدۃ[1] نے بیان کیا۔ وہ فرماتے ہیں ہم سے بشرؒ بن المفضل[2] نے بیان کیا وہ کہتے ہیں ہم سے جریریؒ نے بیان کیا۔ وہ طلحہؒ بن عبیدؒ بن کریزؒ سے روایت کرتے ہیں۔ وہ کہتے ہیں میں نے عبیدؒ بن عمیرؒ اور عطاءؒ بن ابی رباحؒ کو آپس میں باتیں کرتے دیکھا۔ حالانکہ ایک واعظ وعظ کہہ رہا تھا۔ میں نے کہا۔ آپ ذکر کیوں نہیں سنتے اور کیوں وعید کے مستوجب ہو رہے ہیں؟ لیکن ان دونوں نے میری طرف نگاہ اٹھائی اور پھر گفتگو میں مشغول ہو گئے۔ میں نے پھر کہا۔ انھوں نے پھر میری طرف دیکھا اور باتوں میں مشغول ہو گئے میں نے سہ بارہ ان سے کہا۔ مگر ان دونوں نے کہا:

انما ذلک فی الصلوٰۃ یعنی واذا قریٔ القرآن فاستمعوا لہ وانصتوا (الآیۃ) یعنی جو آیت واذا قریٔ القرآن فاستمعوا لہ وانصتوا تمہارے پیش نظر ہے۔ اس کا شان نزول نماز ہے نہ کہ وعظ و عام تلاوت۔ (تفسیر ابن جریر جلد ۹ ص۱۰۳ و ابن کثیر ج ۲ ص۲۸۱)

اس سے معلوم ہوا کہ امام کے پیچھے باتیں کرنا اور قرآت کرنا ممنوع ہے کیونکہ یہ استماع و انصات کے خلاف ہے اور اس آیت کریمہ کا شان نزول ہی نماز ہے۔ خارج از نماز باتوں کو یہ شامل نہیں ہے۔

---

[1] علامہ ذہبیؒ لکھتے ہیں کہ وہ عالم، واعظ اور کبیر القدر تھے (تذکرہ جلد ۱ ص۴۳) امام ابن معینؒ اور ابو زرعہؒ کہتے ہیں کہ وہ ثقہ تھے۔ ابن حبانؒ ثقات میں لکھتے ہیں۔ عجلیؒ ان کو ثقہ من کبار التابعینؒ کہتے ہیں۔ حضرت ابن عمرؓ ان کی مجلس وعظ میں حاضر ہوتے اور ان کی تعریف کیا کرتے تھے۔ (تہذیب التہذیب جلد ۷ ص۷۱)

[2] ذہبیؒ ان کو مفتی اہل مکہ اور محدث، القدوہ اور العلم لکھتے ہیں۔ (تذکرہ جلد ۱ ص۹۲) ابن حبانؒ ان کو علم فقہ ورع اور فضیلت میں تابعینؒ کے سردار لکھتے ہیں۔ حافظ ابن حجرؒ ان کو ثبت، حجۃ، امام اور کبیر الشان لکھتے ہیں۔ (تہذیب التہذیب جلد ۷ ص۲۰۳) حافظ ابن کثیرؒ لکھتے ہیں کہ وہ کبار اور ثقات و بلند پایہ تابعینؒ میں تھے۔ دو سو صحابہؓ سے ان کی ملاقات ہوئی ہے۔ نیز ابن سعدؒ سے نقل کرتے ہیں کہ وہ ثقہ، فقیہ، عالم اور کثیر الحدیث تھے۔ (البدایہ والنہایہ جلد ۹ ص۳۰۶)

[3] ابو حاتمؒ ان کو صدوق اور نسائیؒ ثقہ کہتے ہیں اور ابن حبانؒ ثقات میں لکھتے ہیں۔ (تہذیب التہذیب جلد ۳ ص۴۹)

[4] امام ذہبیؒ ان کو الامام، الثقہ، الحافظ اور العابد کہتے ہیں امام احمدؒ فرماتے ہیں کہ بصرہ میں تثبت ان پر ختم تھا۔ (تذکرہ جلد ۱ ص۲۷۳)

(باقی نمبرہ ۵ اگلے صفحہ پر دیکھئے)

حضرت محمدؒ بن کعب القرظیؒ (المتوفی ۱۰۸ھ):

امام بیہقیؒ فرماتے ہیں ہم سے ابونصر[1] عمرؒ بن عبدالعزیز بن عمرؒ بن قتادہؒ نے بیان کیا۔ وہ کہتے ہیں ہم سے ابو منصورؒ[2] عباس بن فضل نضروی نے بیان کیا۔ وہ فرماتے ہیں ہم سے احمدؒ[3] بن نجدہؒ نے بیان کیا۔ وہ کہتے ہیں ہم سے سعیدؒ[4] بن منصورؒ نے بیان کیا۔ وہ کہتے ہیں کہ ہم سے ابو معشرؒ[5] نے بیان کیا۔ وہ محمدؒ بن کعب (القرظیؒ) سے روایت کرتے ہیں۔ انھوں نے فرمایا کہ حضرات صحابہ کرامؓ آں حضرت صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کے پیچھے قرأت کرتے تھے۔ جب آپ قرأت کرتے تھے تو وہ بھی ساتھ ساتھ قرأت

(نمبر ۵ پچھلے صفحہ کے حاشیہ) [۶] علامہ ذہبیؒ ان کو الحافظ الحجۃ لکھتے ہیں۔ (تذکرہ جلد ۱ صفحہ ۴۲۶)

[1] امام احمدؒ اور نسائیؒ ان کو ثقہ کہتے ہیں اور ابن حبانؒ ان کو ثقات میں لکھتے ہیں (تہذیب التہذیب جلد ۵ صفحہ ۲۲)

[2] ابن حبانؒ لکھتے ہیں کہ وہ علم و فقہ میں مدینہ کے فاضل ترین علماء میں تھے (تہذیب التہذیب جلد ۹ صفحہ ۴۲۲) امام نوویؒ لکھتے ہیں۔ وہ بڑے اور ائمہ تابعین میں تھے (تہذیب الاسماء جلد ۱ قسم اول صفحہ ۹۰) حافظ عجلیؒ ان کو ثقہ، رجل صالح اور عالم قرآن کہتے ہیں۔ ابن سعدؒ ان کو ثقہ، عالم اور کثیر الحدیث کہتے ہیں۔ عونؒ بن عبداللہؒ کا بیان ہے کہ میں نے تفسیر قرآن کا ان سے بڑا عالم نہیں دیکھا۔ (البدایہ والنہایہ جلد ۱ صفحہ ۲۱۶ و تہذیب التہذیب جلد ۹ صفحہ ۴۲۱)۔ علامہ ذہبیؒ ان کو مفسر قرآن لکھتے ہیں۔ (دول الاسلام جلد ۱ صفحہ ۵۲) حافظ ابن کثیرؒ ان کو عالم تفسیر قرآن، صالح اور عابد لکھتے ہیں۔ (البدایہ والنہایہ جلد ۹ صفحہ ۲۵۷) جناب رسول خدا صلی اللہ تعالیٰ علیہ وآلہ وسلم نے ایک پیش گوئی فرمائی تھی کہ بنو قریظہ میں ایک شخص پیدا ہوگا جو فن تفسیر میں اپنا نظیر نہ رکھتا ہوگا۔ ائمہ کا خیال ہے کہ یہ محمدؒ بن کعب قرظیؒ کے حق میں تھی۔ (البدایہ جلد ۹ صفحہ ۲۱۶)۔ مولانا مبارک پوری صاحبؒ لکھتے ہیں: مدینہ طیبہ میں محمدؒ بن کعبؒ کے بعد زیدؒ بن اسلمؒ جیسا مفسر قرآن کوئی اور نہ تھا۔ (تحفۃ الاحوذی جلد ۱ صفحہ ۲۱۷)

[3] امام بیہقیؒ کے شیخ ہیں۔ ان کی سند سے ایک حدیث کی امام بیہقیؒ تصحیح کرتے ہیں (دیکھیے سنن الکبریٰ جلد ۱ صفحہ ۱۲۹)

[4] ثقہ اور مشہور تھے (تقریب صفحہ ۱۹۱) [5] امام دارقطنیؒ ان کی تخریج کرتے ہیں اور ان پر کسی کی جرح منقول نہیں ہے۔ (تہذیب التہذیب جلد ۱ صفحہ ۵۵) [6] ابوحاتمؒ ان کو ثقہ من المثبتین الاثبات کہتے ہیں۔ ابن نمیرؒ اور ابن خراشؒ ان کو ثقہ کہتے ہیں۔ ابن قانعؒ ان کو ثقہ اور ثبت کہتے ہیں۔ خلیلیؒ کہتے ہیں ان کے ثقہ ہونے پر سب کا اتفاق ہے (تہذیب التہذیب جلد ۴ صفحہ ۹۰-۸۹) [7] ابو معشرؒ کو بعض محدثینؒ روایت حدیث (بقیہ اگلے صفحہ پر دیکھیے)

کرتے جاتے۔ اس پر سورۃ اعراف کی یہ آیت نازل ہوئی:

واذا قرئ القرآن فاستمعوا له وانصتوا (الآیۃ) (کتاب القرأۃ صلا) کہ جب قرآن کریم کی قرأت کی جاتی ہو تو تم توجہ کرو اور خاموش رہو۔

حدیث مرسل:

مرسل حدیث سے احتجاج اور عدم احتجاج کی بحث اسی کتاب میں آگے اپنے مقام پر آرہی ہے (انشاء اللہ تعالیٰ) یہاں بقدر ضرورت تھوڑی سی بحث مناسب معلوم ہوتی ہے تاکہ بات ذرا واضح ہو جائے اور یہ حوالے آگے ذکر نہ کیے جائیں گے تاکہ تکرار لازم نہ آئے۔ امام سیوطیؒ علامہ قاسمؒ بن قطلوبغاؒ محدث جزائریؒ اور مولانا عثمانیؒ نقل کرتے ہیں:

کمزور سمجھتے تھے۔ مگر امام احمدؒ ان کو صالح محلہ الصدق کہتے تھے۔ ابن معینؒ کہتے ہیں۔ ان سے حدیثیں لکھی جا سکتی ہیں۔ ابو زرعہؒ ان کو صدوق فی الحدیث کہتے ہیں۔ ابن عدیؒ لکھتے ہیں ان سے بڑے بڑے ثقات نے روایات کی ہیں۔ (میزان الاعتدال جلد ۳ صلا۲۲۹ و تہذیب التہذیب جلد ۱۰ صلا۴۲۲) امام نعیمؒ ان کو کیس اور حافظ کہتے ہیں (تہذیب صلا۴۲) علامہ ذہبیؒ ان کو علم کا ظرف لکھتے ہیں اور فرماتے ہیں کہ امام نسائیؒ نے ان سے احتجاج کیا ہے (تذکرہ جلد ۱ صلا۲۱) حافظ ابن حجرؒ ان کو ابو داؤد، نسائی، ترمذی اور ابن ماجہ کا راوی بتاتے ہیں (تہذیب جلد ۱ صلا۴۱۹) ان کے متعلق یہ اختلاف صرف روایت حدیث کے بارے میں ہے فن تفسیر میں وہ بلا اختلاف اور بلا مدافعت مسلم امام تھے۔ چنانچہ امام احمد بن حنبلؒ، محمدؒ بن عثمان بن ابی شیبہؒ، امام علیؒ بن المدینیؒ اور عمروؒ بن علی الفلاسؒ وغیرہ ائمہ کہتے ہیں کہ ابو معشرؒ کی وہ روایات جو تفسیر کے سلسلہ میں ہیں اور خاص طور پر وہ جو محمدؒ بن قیسؒ اور محمدؒ بن کعبؒ سے نقل کرتے ہیں۔ وہ بلا چون و چرا صحیح، معتبر اور قابل حجت ہیں۔ (تہذیب التہذیب جلد ۱۰ صلا۴۲۱ و صلا۴۲۲ محصلہ) مبارک پوری صاحبؒ نے ان کی جو تضعیف نقل کی ہے وہ ان کے لیے چنداں مفید نہیں۔ کیونکہ محدثین جب ان کو کمزور کہتے ہیں تو صرف روایت حدیث کے بارے میں اور ہم نے جو روایت نقل کی ہے وہ تفسیر کے بارے میں ہے اور خاص طور پر محمدؒ بن کعب قرظیؒ سے ہے اور ان کی روایت کو اس مد میں بلا قیل و قال محدثین تسلیم کرتے ہیں۔ مؤلف خیر الکلام نے اپنی عادت کے مطابق محدثین کی جرح تو نقل کر دی ہے۔ (ملاحظہ ہو ص ۲۵۹) مگر تفسیر کے بارے میں ان کی روایت کے قابل اعتبار ہونے کا کوئی معقول جواب نہیں دے سکے اور لکھتے ہیں کہ جس حدیث کو محدثینؒ کی شرائط کے مطابق محمدؒ بن کعبؒ سے بیان کریں آں جنید

وقال ابن جریر اجمع التابعون باسرھم علیٰ قبول المرسل ولم یأت عنہم انکارہ ولا عن احد من الائمۃ بعدھم الیٰ رأس المائتین قال ابن عبد البرؒ کانہ یعنی الشافعیؒ اول من ردہ اھ (تدریب الراوی صہ ۱۲۲ منیۃ الالمعی صہ ۱۵ توجیہ النظر صہ ۲۲۵ ومقدمہ فتح الملہم صہ ۳۴)

امام ابن جریرؒ نے فرمایا کہ تابعینؒ سب کے سب اس امر پر متفق تھے کہ مرسل قابل احتجاج ہے تابعین سے لے کر دوسری صدی کے آخر تک ائمہ میں سے کسی نے مرسل کے قبول کرنے کا انکار نہیں کیا۔ امام ابن عبد البرؒ فرماتے ہیں کہ گویا امام شافعیؒ ہی پہلے وہ بزرگ ہیں جنہوں نے مرسل کے ساتھ احتجاج کا انکار کیا ہے۔

اس سے صاف طور پر یہ بات واضح ہو گئی کہ دوسری صدی کے آخر تک تابعینؒ اور ائمہ دینؒ میں سے کوئی بھی مرسل حدیث سے احتجاج کا منکر نہ تھا۔ تعجب ہے کہ فریق ثانی کے نزدیک یہ اجماع تو حجت نہیں لیکن دوسری صدی کے بعد کا نظریہ قابل قبول ہے اور مؤلف خیر الکلام لکھتے ہیں کہ اور امت کی اکثریت کا لحاظ قرن اوّل میں لیا جائے گا ...... الخ صہ ۵۱۳)

الحمد للہ تعالیٰ کہ قرن اول والے مرسل کو بلا قیل وقال تسلیم کرتے تھے۔ اور اس پر ان کا اجماع ہے۔

نواب صدیق حسن خان صاحبؒ اور علامہ جزائریؒ لکھتے ہیں:

حدیثیں صالح پائی گئی ہیں ..... الخ مگر ان کو معلوم ہونا چاہیے کہ محدثین کرامؒ ہی ان کی (محمد بن کعبؒ سے) روایتوں کو صالح کہتے ہیں اور یہ بھی انہیں میں سے ہے اور بالکل صالح ہے اور امام کے پیچھے قرأت ترک کرنے کے سلسلے میں ہے قرأت ہو یا کلام ہو جہر ہو یا آہستہ اور اس کا شان نزول بھی یہ بتاتے ہیں۔ قاضی مقبول احمد صاحب کو بلا وجہ غصہ آ گیا ہے کہ اس کو امام بخاریؒ منکر الحدیث کہتے ہیں اور مصنف احسن الکلام خود لکھتا ہے کہ جس کو امام بخاریؒ منکر الحدیث کہیں اس سے روایت نہیں لی جا سکتی۔ (محصلہ الاعتصام ۸ ستمبر ۱۹۶۲ء) لیکن محدثینؒ نے ان کی تفسیر کی روایت کو اور اسی طرح تاریخی روایت کو حجت مانا ہے۔ تفسیر کے بارے میں تو حوالہ گزر چکا ہے تاریخ کے متعلق سنیے۔ امام خلیلیؒ فرماتے ہیں:

وتاریخہ احتج بہ الائمۃ وضعفوہ فی الحدیث اھ (تہذیب التہذیب جلد ۱۰ صہ ۴۳)

اور ان سے تاریخ میں ائمہ نے احتجاج کیا ہے اور حدیث میں اس کو اس کو ضعیف سمجھا ہے جیسا کہ محمد بن اسحاقؒ کہ حدیث احکام میں ضعیف ہے مگر مغازی کا امام ہے۔ اس کے احادیث احکام میں ضعیف ہونے سے اس کی تاریخ میں معتبر ہونے پر کیا زد پڑتی ہے؟ فکذا ھذا۔

واما المراسيل فقد كان يحتج بها العلماء فيما مضى مثل سفيان الثوريؒ ومالكؒ والاوزاعيؒ حتى جاء الشافعيؒ فتكلم فيه اهـ

(الحطة في ذكر الصحاح الستة ص ۲۲۵، وتوجيه النظر)

مراسیل کے ساتھ گذشتہ زمانہ میں علماء احتجاج کیا کرتے تھے۔ مثلاً امام سفیان ثوریؒ، امام مالکؒ اور امام اوزاعیؒ جب امام شافعیؒ آئے تو انھوں نے مرسل کی حجیت میں کلام کیا۔

امام ابوداؤدؒ فرماتے ہیں کہ

فاذا لم يكن مسند ضد المرسل ولم يوجد مسند فالمرسل يحتج به وليس هو مثل المتصل في القوة۔

(رسالہ ابوداؤد، ص۵)

جب مرسل کے خلاف کوئی مسند حدیث موجود نہ ہو اور مسند اس باب میں نہ پائی جائے تو مرسل حجت ہوگی مگر متصل کی طرح قوی نہ ہوگی۔

شیخ الاسلام ابن تیمیہؒ مراسیل سے احتجاج اور عدم احتجاج کے بارے میں بحث کرتے ہوئے لکھتے ہیں کہ

واما المراسيل قد تنازع الناس في قبولها وردها واصح الاقوال ان منها المقبول والمردود ومنها الموقوف فمن علم من حاله انه لا يرسل الا عن ثقة قبل مرسله ومن عرف انه يرسل عن الثقة وغير الثقة كان ارساله رواية عن من لا يعرف حاله فهذا موقوف وما كان من المراسيل مخالفا لما رواه الثقات كان مردودا واذا كان المرسل من وجهين كل من الراويين اخذ العلم عن شيوخ اخر فهذا يدل على صدقه

بہرحال مراسیل کے قبول اور رد کرنے میں لوگوں نے اختلاف کیا ہے اور صحیح تر قول یہ ہے کہ مراسیل میں مقبول و مردود اور موقوف سبھی اقسام ہیں سو جس کے حال سے یہ معلوم ہوا کہ وہ ثقہ ہی سے ارسال کرتا ہے تو اس کا مرسل قبول کیا جائے گا اور جو ثقہ اور غیر ثقہ سب سے ارسال کرتا ہے اور جس سے اس نے حدیث مرسل روایت کی ہے۔ اس کا علم نہیں تو ایسی مرسل حدیث موقوف ہوگی اور جو مراسیل ثقات کی روایت کے خلاف ہوں تو وہ مردود ہوں گے اور جب مرسل دو طریقوں سے مروی ہو ایک مرسل الگ شیوخ سے اور دوسرا الگ

فان مثل ذلك لا يتصور في العادة تماثل الخطأ فيه وتعمد الكذب اهـ (منہاج السنۃ جلد۲ ص۱۱۱)

تو یہ اس کے صدق پر دلالت کرتا ہے کیونکہ عادتاً اس میں خطا اور جان بوجھ کر جھوٹ بولنے کا تصور نہیں کیا جا سکتا۔

امام نوویؒ پہلے ان حضرات کا ذکر کرتے ہیں جو مرسل کو قابل استدلال نہیں گردانتے۔ آگے ارشاد فرماتے ہیں کہ

ومذهب مالك وابي حنيفة واحمد واكثر الفقهاء انه يحتج به ومذهب الشافعي انه اذا انضم الى المرسل ما يعضده احتج به وذلك بان يروى مسنداً او مرسلاً من جهة اخرى او يعمل به بعض الصحابةؓ او اكثر العلماء اهـ (مقدمہ نووی بر شرح مسلم ص۳۰)

امام مالکؒ، امام ابو حنیفہؒ، امام احمدؒ اور اکثر فقہاء کا مذہب یہ ہے کہ مرسل قابل احتجاج ہے اور امام شافعیؒ کا مذہب یہ ہے کہ اگر مرسل کے ساتھ کوئی تقویت کی چیز مل جائے تو وہ حجت ہوگا مثلاً یہ کہ وہ مسنداً بھی مروی ہو یا دوسرے طریق سے وہ مرسل روایت کیا گیا ہو یا بعض حضرات صحابہ کرامؓ یا اکثر علماء نے اس پر عمل کیا ہو

حضرت امام شافعیؒ نے یہ بحث اپنی کتاب الرسالۃ فی اصول الفقہ ص۶۱ طبع بولاق میں کی ہے اس سے معلوم ہوا کہ مرسل معتضد کے حجت ہونے کے امام موصوفؒ بھی قائل ہیں اور اس کی ان کے نزدیک چند شرطیں ہیں جن کا اختصار کے ساتھ امام نوویؒ نے تذکرہ فرمایا ہے ایک شرط یہ ہے کہ

وزاد في الاعتضاد ان يوافق قول صحابي او يفتي اكثر العلماء بمقتضاه ... الخ (تدریب الراوی ص۱۲۱)

امام شافعیؒ نے اعتضاد کے لیے یہ شرط زائد بیان کی ہے کہ وہ کسی صحابی کے قول کے موافق ہو یا اکثر علماء نے اس کے مقتضیٰ پر فتویٰ دیا ہو۔

امام ابن الجوزیؒ اپنی کتاب التحقیق میں اور محدث خطیب بغدادیؒ اپنی تالیف الجامع فی اداب الراوی والسامع میں امام احمدؒ بن حنبلؒ سے نقل کرتے ہیں۔

ربما كان المرسل اقوى من المسند۔ (شرح نقایہ جلد ۱ ص۱۲ طبع ہند)

بسا اوقات حدیث مرسل مسند سے قوی تر ہوتی ہے۔

اور عہد حاضر کے محقق علامہ زاہد الکوثریؒ (المتوفی ۱۳۷۱ھ) لکھتے ہیں کہ

والاحتجاج بالمرسل کان سنة متوارثة جرت علیه الامة فی القرون الفاضلة حتی قال ابن جریر رد المرسل مطلقاً بدعة حدثت فی رأس المأتین اھ کما ذکره الباجی فی اصوله وابن عبد البرؒ فی التمهید وابن رجبؒ فی شرح علل الترمذی اھ	مرسل کے ساتھ احتجاج کرنا ایک ایسا متوارث طریق تھا جس پر قرون فاضلہ میں امت عمل پیرا رہی ہے امام ابن جریرؒ نے تو یہاں تک کہا ہے کہ مطلقاً مرسل کو رد کر دینا بدعت ہے جو دوسری صدی کے آخر میں ایجاد ہوئی جیسا کہ علامہ باجیؒ نے اپنے اصول میں اور ابن عبد البرؒ نے تمہید میں اور ابن رجبؒ نے شرح علل ترمذی میں ذکر کیا ہے۔

(تانیب الخطیب ص۱۵۲ طبع مصر)

تقلید شخصی تو بقول فریق ثانی چوتھی صدی کے بعد کی بدعت ہے مگر مطلقاً مرسل کو رد کرنا دوسری صدی کے بعد کی بدعت نکلی ان تمام اقتباسات سے یہ بات بالکل مبرہن ہو چکی ہے کہ مرسل حدیث کے حجت ہونے نہ ہونے کا جھگڑا تو دوسری صدی کے بعد سے تا ہنوز چلا آ رہا ہے مگر دوسری صدی تک ساری امت مرسل کو حجت سمجھتی تھی۔ لہٰذا محض مرسل مرسل کہہ کر ہستی کو خلاصی چاہنا جیسا کہ فریق ثانی کر رہا ہے آسان نہیں ہے حق بات یہ ہے کہ مرسل جبکہ اس کی سند صحیح ہو اور کسی مرفوع متصل روایت کے خلاف بھی نہ ہو تو وہ بالکل حجت ہے۔

بعض حضرات تابعینؒ اور تبع تابعینؒ کے مراسیل:

علمی اور تحقیقی طور پر بعض حضرات تابعینؒ اور اتباع تابعینؒ ایسے بھی ہیں جن کے مراسیل کو امت مسلمہ نے بخوشی قبول کیا ہے حتیٰ کہ خود حضرت امام شافعیؒ نے بھی ان کو تسلیم کیا ہے اور وہی اس کے رد کرنے میں پیش پیش ہیں۔ چنانچہ امام شافعیؒ کا مشہور قول یہ بتایا گیا ہے کہ وہ حضرت سعیدؒ بن المسیبؒ کے مرسل کو حجت مانتے ہیں۔ (تدریب الراوی ص ۱۲۰)

اور امام ابن معینؒ فرماتے ہیں کہ سعیدؒ بن المسیبؒ کے مراسیل اصح ترین ہیں۔

(تدریب ص ۱۲۳)

امام احمدؒ بن حنبلؒ فرماتے ہیں کہ سعیدؒ المسیبؒ کے مراسیل صحیح ترین ہیں اور ابراہیم نخعیؒ کے مراسیل لا بأس بہا ہیں۔ (ایضاً ص۱۲۳ و ص۱۲۱)

اور امام ابن معینؒ نے فرمایا کہ مراسیل ابراہیم نخعیؒ مجھے شعبیؒ کے مراسیل سے زیادہ محبوب ہیں۔ (ایضاً صہ ۱۲۲) اور امام المحدثین علیؒ بن المدینیؒ فرماتے ہیں کہ حسن بصریؒ کے مراسیل جن کو ان سے ثقہ راوی نقل کریں بالکل صحیح ہوتے ہیں۔ (ایضاً) اور علیؒ بن المدینیؒ فرماتے ہیں کہ مجھے مجاہدؒ کے مراسیل، عطاءؒ کے مراسیل سے کئی درجہ زیادہ پسند ہیں (ایضاً صہ ۱۲۳) اس میں کوئی شک نہیں کہ بعض مراسیل ایک دوسرے کی نسبت سے صحیح تر ہوتے ہیں مگر بعض ایسے بھی ہیں جو فی نفسہٖ صحیح بلکہ اصح ہیں۔ لہٰذا مؤلف خیر الکلام کا یہ بہانہ کہ ترجیح سے اعتماد سمجھ لیا حالانکہ ضعیف پر ضعیف کو بھی ترجیح ہوتی ہے۔ الیٰ ان قال یاد رکھنا چاہیے کہ مرسل کو مرسل سے اس وقت قوت ہوتی ہے جب دونوں کبار تابعینؒ سے ہوں ..... الخ (صہ ۳۵۲) محض اپنے قلب کی تسکین کا سامان ہے اور ناخواندہ حواریوں کو طفل تسلی دینا ہے اور بس کیونکہ ان مراسیل میں مطلقاً بعض مراسیل فی نفسہا صحیح ہیں اور اعتضاد کے لیے کبار تابعینؒ کی کوئی قید نہیں ہے۔ یہ محض مؤلف مذکور کی اختراع ہے کیونکہ حضرات ائمہ ثلاثہؒ اور دوسری صدی تک کی ساری امت تو ویسے ہی مرسل کو حجت مانتی ہے اور امام شافعیؒ مرسل معتضد کو (جو بعض حضرات صحابہ کرامؓ یا اکثر علماء کے عمل کے موافق ہو) حجت سمجھتے ہیں اور امام کے پیچھے قرأت کا ترک کرنا خصوصاً جہری نمازوں میں نہ صرف یہ کہ بعض حضرات صحابہ کرامؓ کے عمل سے مؤید ہے بلکہ جمہور صحابہ کرامؓ کا یہی معمول تھا اور بقول حافظ ابن تیمیہؒ جہری نمازوں میں ترک قرأت پر اجماع امت ہے لہٰذا ہر حیثیت سے یہ مراسیل حجت ہیں لا شك فيها۔

فائدہ۔ اگرچہ بعض محدثینؒ نے مرسل اور منقطع میں اصطلاحی طور پر کچھ فرق کیا ہے لیکن علامہ جزائریؒ لکھتے ہیں:

وقد اطلق المرسل على المنقطع من ائمة الحديث ابو زرعة و ابو حاتم والدارقطني۔ اھ (توجیہ صہ ۲۴۳)	حدیث منقطع پر مرسل کا اطلاق ان ائمہ حدیث نے کیا ہے امام ابو زرعہؒ، امام ابو حاتمؒ اور امام دار قطنیؒ

مؤلف خیر الکلام نے حضرت مجاہدؒ کے اثر کے بارے میں امام بیہقیؒ کی کتاب القرأۃ صہ ۷۲ کے حوالہ سے جو یہ لکھا ہے کہ یہ منقطع ہے اور منقطع ضعیف کی قسم ہوتی ہے (محصلہ صہ ۳۵۲) محض طفل تسلی ہے کیونکہ مرسل فی نفسہٖ صحیح قول کی بنا پر حجت ہے اور حکم منقطع و مرسل ایک

وغیرالامام (کتاب القرأۃ ص۸۰ جزء القرأۃ ص۱۵) امام کے پیچھے ہو یا اکیلا۔

جواب:۔ اس کی سند میں زیادؒ بن ابی زیاد جصاص ہے امام ابن معینؒ اور ابن مدینیؒ اس کو لیس بشیء کہتے ہیں نسائیؒ اور دارقطنیؒ اس کو متروک کہتے ہیں ابوزرعہؒ اس کو واہی کہتے ہیں علامہ ذہبیؒ فرماتے ہیں کہ اس کے ضعیف ہونے پر سب کا اجماع اور اتفاق ہے (میزان جلد ۱ ص۲۵۶ و تہذیب جلد ۳ ص۳۶۸) مولف خیر الکلام نے بھی علامہ ذہبیؒ کا حوالہ نقل کیا ہے (ص۲۴۲) یہ روایت بھی نہایت کمزور اور ضعیف ہے اور ان کی ایک روایت یوں ہے لاتجوز صلاۃ الا بفاتحۃ الکتاب وآیتین فصاعدا (کتاب القرأۃ ص۱۸) کہ نماز سورۃ فاتحہ اور دو آیتوں اور اس سے کچھ زیادہ کے بغیر صحیح نہیں ہوتی۔ لیکن اس میں ایک تو خلف الامام کا کوئی ذکر نہیں ہے اور دوسرے اس میں دو آیتیں فصاعداً کی زیادت موجود ہے۔

لطیفہ:۔ حضرت عمرانؓ بن حصینؓ سے مرفوعاً ایک روایت مروی ہے کہ ظہر کی نماز میں ایک شخص نے آنحضرت صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کے پیچھے قرأت کی نماز سے فارغ ہونے کے بعد آپ نے فرمایا کس نے میرے ساتھ منازعت اور ہاتھا پائی کی ہے؟ غرضیکہ آپ نے امام کے پیچھے قرأۃ کرنے سے منع کر دیا (دارقطنی جلد ۱ ص۱۲۴) اس روایت پر فریق ثانی کی طرف سے جن میں امام دارقطنیؒ بھی ہیں یہ اعتراض ہوا ہے کہ سند میں حجاجؒ بن ارطاۃؒ ہے اور وہ ضعیف ہے ہم نے حجاجؒ بن ارطاۃؒ سے کوئی روایت نہیں لی۔ لیکن فریق ثانی کی ستم ظریفی ملاحظہ کیجیے کہ حجاجؒ بن ارطاۃؒ، ابوداؤدؒ، ترمذیؒ، نسائیؒ اور مسلمؒ وغیرہ کے روات میں ہیں (ازالہ ستر ص۱۴۱) علامہ ذہبیؒ ان کو احد الاعلام اور علم کا ظرف لکھتے ہیں (تذکرہ جلد ۱ ص۱۷۵) ابوزرعہؒ اور ثوریؒ ان کی توثیق کرتے ہیں (تہذیب جلد ۲ ص۱۹۲) امام نوویؒ لکھتے ہیں کان بارعا فی الحفظ والعلم کہ حفظ اور علم میں وہ بلند پایہ رکھتے تھے۔ (تہذیب الاسماء جلد ۱ ص۱۵۳) امام ترمذیؒ ان کی ایک حدیث کو حسن کہتے ہوئے تحسین کرتے ہیں (جلد ۱ ص۱۳۳) بلکہ ایک حدیث کو حسن صحیح کہتے ہیں (جلد ۱ ص۱۱۲) افسوس ہے کہ ان کی روایت تو فریق ثانی کے نزدیک حجت نہیں ہے لیکن زیادؒ کی روایت حجت ہے جو لیس بشیء ہے اور اس کی تضعیف پر اجماع ہے ان کی ایک روایت یوں ہے کہ ظہر کی نماز میں ایک شخص نے سبح اسم ربک الاعلیٰ کی سورت آپ کے پیچھے پڑھی تھی (مسلم جلد ۱ ص۱۷۲، نسائی جلد ۱ ص۱۰۶، ابوداؤد جلد ۱ ص۱۲۷) چونکہ لغت

توفیقی ہے اس لیے قرأ کو جہر کے معنی میں نہیں لیا جا سکتا اور پڑھنے والا بھی صرف ایک شخص تھا اور لطف کی بات یہ ہے کہ اس نے قراۃ ظہر کی نماز میں کی تھی جو سری ہے مگر آنحضرت صلی اللہ تعالٰی علیہ وسلم نے اس کو بھی گوارا نہیں کیا اور پوری تحقیق گذر چکی ہے کہ اعتبار عموم الفاظ کا ہوتا ہے خصوص سبب کا کوئی اعتبار نہیں ہوتا اور منازعت و مخالجت میں قرأت سورۂ فاتحہ اور دوسری تمام سورتیں یکساں ہیں کیونکہ علت ایک ہے اور ما زاد علی الفاتحۃ کو منازعت کے لیے متعین کر دینا اور سورۂ فاتحہ کو اس سے خارج تصور کرنا دعوٰی بلا دلیل ہے جو بہر حال مردود ہے۔

حضرت ہشامؓ بن عامرؓ کا اثر: حمیدؒ بن ہلالؒ سے مروی ہے وہ کہتے ہیں۔

ان ہشامؓ بن عامرؓ قرأ فقیل له اتقرأ خلف الامام قال انا لنفعل (کتاب القرأۃ صکے والسنن الکبرٰی جلد ۲ صکلا)

کہ ہشامؓ بن عامرؓ نے قرأت کی ان سے پوچھا گیا کہ آپ امام کے پیچھے قرأت کرتے ہیں؟ فرمایا ہاں ہم یوں ہی کرتے ہیں۔

جواب: یہ اثر بھی قابل التفات نہیں ہے اولًا اس لیے کہ اس کی سند میں ابو بحر بربہاریؒ ہے اور عرض کیا جا چکا ہے کہ وہ کذاب تھا ثانیًا اس بات میں اختلاف ہے کہ حمیدؒ بن ہلالؒ کی ہشامؓ بن عامرؓ سے ملاقات ثابت ہے یا نہیں؟ امام ابو حاتمؒ کہتے ہیں ملاقات ثابت نہیں ہے اور ان کی روایت مرسل ہے (دیکھئے تہذیب التہذیب جلد ۲ ص۹۲ و جلد ۱۱ ص۱) وثالثًا اس اثر میں سورۃ فاتحہ کا ذکر نہیں بلکہ مطلق قرأت کا ذکر ہے فریق ثانی کا دعوٰی صرف سورۃ فاتحہ کی قرأت کا ہے نہ کہ مطلق قرأت کا۔

حضرت معاذؓ بن جبل کا اثر: ایک سائل نے حضرت معاذؓ سے قراۃ خلف الامام کے متعلق سوال کیا۔

قال اذا قرأ فاقرأ بفاتحۃ الکتاب وقل ھو اللہ احد واذا لم تسمع فاقرأ فی نفسک ولا تؤذ من عن یمینک ولا من عن شمالک (السنن الکبرٰی جلد ۲ ص۱۶۹)

انہوں نے فرمایا کہ جب امام قرأت کرے تو تم بھی سورۃ فاتحہ اور قل ھو اللہ احد پڑھا کرو اور جب اس کی قراۃ نہ سنو تو دل میں پڑھا کرو دائیں اور بائیں پہلو والوں کو اذیت نہ دیا کرو۔

جواب: یہ اثر بھی قابل استدلال نہیں ہو سکتا اولًا اس لیے کہ اس کی سند میں احمدؒ بن محمودؒ

واقع ہے حافظ ابن حجرؒ ایک سند کے متعلق جس میں احمدؒ بن محمودؒ واقع ہے لکھتے ہیں کہ سند باطل ہے اور اس سند کے راوی ضعیف ہیں دارقطنیؒ کہتے ہیں کہ مجہول ہیں (لسان المیزان جلد ۶ ص۲۱۴) وثانیاً[۲] اس کی سند میں ابو شیبہ مہریؒ ہے علامہ ذہبیؒ اور حافظ ابن حجرؒ بلج مہریؒ کے ترجمہ میں لکھتے ہیں لا یدری من ذا ولا من شیخہ بلج مہریؒ اور اس کا استاد ابو شیبہ مہریؒ پتہ نہیں یہ دونوں کون تھے؟ امام بخاریؒ فرماتے ہیں اس کی سند مجہول ہے (میزان جلد ۱ ص۱۶۴ ولسان جلد ۲ ص۹۲) وثالثاً[۳] اس سند میں علیؒ بن یونسؒ واقع ہے اگر یہ علی بن یونس بلخیؒ ہے تب بھی کمزور ہے (میزان جلد ۲ ص۲۴۱ ولسان ص۲۶۸ ج۴) اور اگر علیؒ بن یونس مدنیؒ ہے تب بھی ضعیف ہے (ایضاً وایضاً ص۲۶۹) اگر کوئی اور ہے تو اس کی توثیق درکار ہے ورابعاً[۴] اس اثر سے بظاہر یہ معلوم ہوتا ہے کہ حضرت معاذؓ نے صرف سرّی نمازوں میں اجازت دی ہے وخامساً[۵] اس میں سورۂ فاتحہ کے علاوہ قل ھو اللہ احد کی قرأت کا بھی ذکر ہے اور فریق ثانی اس کا قائل نہیں ہے۔

حضرت عبد اللہؓ بن عمرؓ کا اثر:۔ حضرت سالمؒ سے مروی ہے وہ فرماتے ہیں ان ابن عمرؓ کان ینصت للامام فیما جھر فیہ ولا یقرا معہ (کتاب القرأۃ ص۱۰۱ وتحقیق الکلام جلد ۲ ص۱۶۱) کہ حضرت ابن عمرؓ جہری نمازوں میں امام کے پیچھے خاموش رہا کرتے تھے اور قرأت نہیں کرتے تھے، فریق ثانی کا کہنا ہے کہ اس سے معلوم ہوتا ہے کہ سرّی نمازوں میں وہ امام کے پیچھے قرأۃ کیا کرتے تھے۔

جواب:۔ یہ اثر بھی فریق ثانی کو مفید نہیں اولاً[۱] اس لیے کہ اس کی سند میں ابن جریجؒ ہیں، امام دارقطنیؒ علامہ ذہبیؒ اور مبارکپوری صاحبؒ وغیرہ لکھتے ہیں کہ وہ مدلس تھے (تہذیب جلد ۶ ص۴۰۵، میزان جلد ۲ ص۱۵۱، ابکار ص۲۳۷) اور یہاں وہ عنعنہ سے روایت کرتے ہیں اور عنعنہ مدلس کا مقبول نہیں وثانیاً[۲] اس میں زہریؒ ہیں اور مبارکپوری صاحبؒ ان کی مدلس روایت کو بھی صحیح تسلیم نہیں کرتے اور یہاں بھی وہ عنعنہ سے روایت کرتے ہیں وثالثاً[۳] یہ اثر عبارۃ النص کے طور پر ہماری دلیل ہے کہ حضرت ابن عمرؓ جہری نمازوں میں قرأت کے قائل نہ تھے رہا سرّی نمازوں میں اس سے قرأت کا اثبات کرنا تو مفہوم مخالف پر مبنی ہے اور ہمارے نزدیک مفہوم مخالفت حجت نہیں ہے (تعلیق الممجد ص۹۳ واعلاء السنن جلد ۴ ص۷۷) ورابعاً[۴] اگر مفہوم مخالف کو بعض فقہاءؒ

کے قول کے مطابق صحیح بھی تسلیم کر لیا جائے تب بھی اس سے اتنا ہی ثابت ہوگا کہ حضرت ابن عمرؓ سرّی نمازوں میں امام کے پیچھے قرأت کرتے تھے اور فریق ثانی کا دعویٰ اس سے خاص ہے کیونکہ ان کا دعویٰ صرف سورۃ فاتحہ پڑھنے کا ہے وغاما مشا موطا امام مالکؒ وغیرہ کے حوالے سے بسند صحیح ان کا یہ اثر نقل کیا جا چکا ہے کہ وہ امام کے پیچھے کسی نماز میں کسی قسم کی قرأت کے قائل نہ تھے اور ان کا یہ مسلک ایک مسلّم حقیقت ہے اور ان سے ایک روایت یوں ہے انه کان ینھی عن القرأۃ خلف الامام (الجوھر النقی جلد ۲ صفحہ ۱۶۳) کہ حضرت ابن عمرؓ امام کے پیچھے قرأت کرنے سے منع کیا کرتے تھے۔ مولانا سید نذیر حسین صاحب دہلویؒ (المتوفی ۱۳۲۰ھ) جو فریق ثانی کے مقتدر اور پیشوا ہیں تحریر فرماتے ہیں کہ مقتدی کو سورۃ فاتحہ پڑھنے کی علماء احناف کے نزدیک اجازت نہیں ہے اور ان کا استدلال ان صحابہ کرامؓ کی روایات سے ہے اور یہ قرأت خلف الامام کے قائل نہ تھے۔ حضرت جابرؓ بن عبد اللہؓ، حضرت ابن عباسؓ، حضرت عبد اللہؓ بن عمرؓ، حضرت ابو ہریرہؓ، حضرت ابو سعید الخدریؓ، حضرت انسؓ بن مالک، حضرت عمرؓ بن الخطاب، حضرت زیدؓ بن ثابت، حضرت ابن مسعودؓ اور حضرت علیؓ وغیرہم (منع قرأت خلف الامام۔ بحوالہ ایضاح الادلہ صفحہ ۲۸) اور صحیح اسانید کے ساتھ جلد اوّل میں ان اکابر کے آثار نقل کئے جا چکے ہیں کہ یہ جملہ حضرات امام کے پیچھے قرأت کے قائل نہ تھے اور یہی بات مولانا نذیر حسین صاحبؒ فرماتے ہیں حضرت عبد اللہؓ بن عمرؓ کا ایک اثر کتاب القرأۃ صفحہ ۱۲۹ و صفحہ ۱۴۷ میں ہے لیکن اس میں مکحولؒ مدلس ہیں اور عنعنہ سے روایت کرتے ہیں علاوہ ازیں امام بیہقیؒ فرماتے ہیں کہ یہ عبد اللہ بن عمرؓ نہیں بلکہ عبد اللہؓ بن عمروؓ بن العاص ہیں (صفحہ ۱۲۹) اور مستزاد براں اس میں خلف الامام کا جملہ بھی مذکور نہیں ہے لہٰذا یہ روایت منفرد کے حق میں ہے۔ حضرت عبد اللہؓ بن عمرؓ سے ابو العالیہؒ نے مکہ مکرمہ میں دریافت کیا کہ کیا میں نماز میں قرأت کیا کروں؟ فرمایا میں بیت اللہ کے رب سے حیا کرتا ہوں کہ نماز میں قرأت نہ کروں ولو بام الکتاب اگرچہ ام القرآن ہی ہو (جزء القرأۃ صفحہ ۱۲) لیکن اس میں بھی خلف الامام کا کوئی ذکر نہیں ہے۔ علاوہ بریں کتاب القرأۃ صفحہ ۴۵ میں اسی اثر کے آخر میں فاتحۃ الکتاب کے بعد ما تیسر کی زیادت بھی موجود ہے اور یہ زیادت اس بات کو متعین کر دیتی ہے کہ حضرت ابن عمرؓ کا یہ اثر مقتدی کے حق میں نہیں ہے کیونکہ فریق ثانی کے نزدیک

بھی اس کو ما زاد علی الفاتحہ پڑھنے کی گنجائش نہیں ہے اور کتاب القراۃ صلا میں ان کی اسی روایت میں بام الکتاب کے بعد فزائداً یا فصاعداً کی زیادت بھی مروی ہے حضرت ابن عمرؓ سے ایک اثر ان الفاظ سے مروی ہے۔

سئل ابن عمرؓ عن القراۃ خلف الامام فقال ما کانوا یرون باسا ان یقرأ بفاتحۃ الکتاب فی نفسہ (جزء القرأۃ ص۱۲)

ان سے سوال کیا گیا کہ کیا امام کے پیچھے قراۃ کی جا سکتی ہے؟ فرمایا لوگ اس میں کوئی حرج نہیں سمجھتے تھے کہ اپنے دل میں سورۃ فاتحہ پڑھ لیں۔

لیکن اس کی سند میں ایک تو ابو جعفر رازیؒ ہے جس کا نام عیسیٰ بن ماہان ہے جس کا ترجمہ نقل کیا جا چکا ہے کہ وہ ضعیف ہے اور دوسرا راوی اس سند کا یحییٰ البکاءؒ ہے امام احمدؒ، ابو داؤدؒ، ابو زرعہؒ اور ابن عدیؒ اس کو ضعیف کہتے ہیں، دار قطنیؒ اس کو ضعیف اور علیؒ بن الجنیدؒ اس کو مختلط کہتے ہیں، ازدیؒ کہتے ہیں کہ یہ متروک ہے ابن حبانؒ کہتے ہیں کہ اس سے احتجاج صحیح نہیں ہے (تہذیب التہذیب جلد ۱۱ ص۲۷۹) امام نسائیؒ اس کو متروک الحدیث کہتے ہیں (ضعفا صغیر ص۵۵) حافظ ابن حجرؒ اس کو ضعیف الحدیث لکھتے ہیں (تقریب ص۲۹۵) مؤلف خیر الکلام لکھتے ہیں کہ عیسیٰ بن ماہان متکلم فیہ ہے مگر حافظ ابن حجرؒ لکھتے ہیں کہ صدوق ہے اس کا حافظہ اچھا نہیں تقریب ص۳۲۲ اور یحییٰ البکاءؒ کو ابن سعدؒ لکھتے ہیں کہ ثقہ ہے انشاء اللہ جب راوی مختلف فیہ ہو تو اس کی حدیث حسن ہوتی ہے (محصلہ ص۳۲۴) الجواب: ہاں بس ایسے ہی راویوں کی ایسی ہی حسن قسم کی حدیثوں پر آپ کے مذہب کی بنیاد ہے اور مسلمانوں کی اکثریت کی نمازوں کو باطل اور کالعدم ٹھہرانے والی کی وکالت فرما رہے ہیں۔ سبحان اللہ تعالیٰ اور آگے لکھتے ہیں کہ تطبیق کی یہی صورت ہے کہ نفی سے مراد جہری نماز میں فاتحہ سے ما زاد کی نفی مراد لی جائے اور فاتحہ کو اس نفی سے مستثنیٰ قرار دیا جائے انتہیٰ ص۳۲۵ الجواب: نہ معلوم یہ حضرات کس روایت کی کس سے تطبیق دے رہے ہیں؟ صحیح اور ضعیف کی تطبیق کا کیا معنیٰ؟ الحاصل حضرت ابن عمرؓ ہوں یا کوئی اور صحابی ہو ان میں کسی سے بسند صحیح یہ ثابت نہیں کہ امام کے پیچھے مقتدیوں کو سورۃ فاتحہ پڑھنی ضروری اور واجب ہے۔

حضرت عبادۃؓ بن الصامت کا اثر:

حضرت محمودؓ بن ربیع فرماتے ہیں کہ:

سمعت عبادۃؓ بن الصامت یقرأ خلف الامام فقلت له تقرأ خلف الامام فقال عبادۃؓ لا صلوٰۃ الا بقراءۃ (سنن الکبریٰ جلد ۲ ص ۱۶۸)

میں نے حضرت عبادہؓ کو امام کے پیچھے قرأت کرتے سنا میں نے دریافت کیا کہ آپ امام کے پیچھے قرأت کرتے ہیں؟ حضرت عبادہؓ نے فرمایا قرأت کے بغیر نماز نہیں ہو سکتی۔

امام بیہقیؒ نے اپنی سند کے ساتھ ان کی ایک اور روایت بھی نقل کی ہے جس میں امام کے پیچھے آہستہ قرأت کرنے کی اجازت ہے اور پھر لکھا ہے۔

ومذهب عبادۃؓ فی ذلك مشهور (ص ۱۶۸ ج ۲)

حضرت عبادہؓ کا مذہب اس میں مشہور و معروف ہے۔

جواب: سند کے لحاظ سے گو کلام کرنے کی کافی گنجائش ہے مگر ہم سند کے لحاظ سے اس پر کوئی کلام نہیں کرتے حضرت عبادہؓ بن الصامت نے صحیح سمجھا یا غلط بہر حال یہ بالکل صحیح بات ہے کہ حضرت عبادہؓ امام کے پیچھے سورۃ فاتحہ پڑھنے کے قائل تھے اور ان کی یہی تحقیق اور یہی مسلک و مذہب تھا مگر فہم صحابی اور موقوف صحابی حجت نہیں ہے خصوصاً قرآن کریم، صحیح احادیث اور جمہور حضرات صحابہ کرامؓ کے آثار کے مقابلہ میں لیکن یہ روایت خود اس بات کو واضح کر رہی ہے کہ حضرات صحابہ کرامؓ اور تابعینؒ میں امام کے پیچھے قرأت کرنے کو پسندیدگی کی نگاہ سے نہیں دیکھا جاتا اور یہ مسئلہ ان میں رائج بھی نہ تھا ورنہ محمودؒ بن ربیع جو خود صغار صحابہؓ میں تھے حضرت عبادہؓ بن الصامت کی امام کے پیچھے قرأت سے کبھی تعجب نہ کرتے اور نہ یہ پوچھنے کی نوبت ہی آتی کہ حضرت آپ امام کے پیچھے کیوں قرأت کرتے ہیں؟ یقینی امر ہے کہ حضرت عبادہؓ بن الصامت نے نماز میں تکبیر، قیام، رکوع، سجود، تشہد، اور سلام وغیرہ جملہ امور ادا کئے ہوں گے مگر ان میں سے کسی چیز کے بارے میں پوچھنے کی ضرورت محسوس نہ کی گئی کہ حضرت آپ نے رکوع کیوں کیا ہے؟ سجدہ کیوں کیا ہے؟ وغیرہ وغیرہ اگر سوال کیا ہے تو اس چیز کے بارے میں کہ آپ امام کے پیچھے قرأت کیوں کرتے ہیں؟ یہ بھی مت بھولیئے کہ حضرت عبادہؓ بن الصامت نے محمودؓ بن ربیع کو یہ نہیں فرمایا کہ برخوردار تمہاری تمام سابق نمازیں بے کار کالعدم اور باطل ہیں کیونکہ تم نے قرأت نہیں کی اور تمام نمازیں واجب الاعادہ ہیں اور نہ سہی تو یہی نماز جو تم نے ابھی ابھی میرے ساتھ بغیر قرأت کے ادا کی ہے وہی دوبارہ پڑھ لو اور لطف کی بات یہ ہے کہ حضرت محمودؓ بن ربیع حضرت عبادہؓ کے داماد تھے (تہذیب التہذیب جلد ۱۰ ص ۶۳) انہوں نے ان کو یہ بھی نہ فرمایا کہ تم امام کے پیچھے ترک قرأت کے مرتکب

ہوئے ہو اور تارکِ قرأت کی نماز باطل اور کالعدم ہے اور من ترک الصلوٰۃ متعمداً فقد کفر لہذا میری لختِ جگر کو میرے گھر پہنچا دو اور خود مزے اڑاتے پھرو۔ حضرت عبادۃؓ وہی جلیل القدر صحابی ہیں جو فرماتے ہیں کہ ہم نے جنابِ رسولِ خدا صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلّم کے ہاتھ مبارک پر اس شرط سے بیعت کی ہے کہ ان لا نخاف فی اللہ لومۃ لائم (مستدرک وقال صحیح جلد ۳ صـ۳۵۶) اللہ تعالیٰ کے معاملہ میں کسی ملامت کرنے والے کی ملامت سے ہرگز نہ گھبرائیں گے اور ایک معمولی قسم کے مسئلہ میں حضرت امیر معاویہؓ سے اُلجھ کر ملکِ شام ترک کر دیا تھا اور یہ فرمایا کہ ہمارا اجتماع ناممکن ہے لیکن حضرت عمرؓ کی زبردست مداخلت سے اپنے ارادہ سے باز آئے (دیکھئے مستدرک جلد ۳ صـ۳۵۵، مسند دارمی صـ۹۳ اور ابن ماجہ صـ۳ وغیرہ) مگر جب قرأت خلف الامام کے مسئلہ کی باری آتی ہے تو اپنے پڑھنے کی وجہ تو بتلاتے ہیں لیکن اس اہم مسئلہ کے اظہار پر کا حقہٗ وہ جوش و خروش ظاہر نہیں کرتے جو اس کے رکن اور ضروری ہونے پر کرنا چاہیئے تھا۔ اگر حضرت عبادۃؓ کے نزدیک قرأت خلف الامام واجب فرض اور رُکن ہوتی تو اس کے اظہار میں پوری قوت اور طاقت صرف کرتے اور اس میں کسی قسم کی کوئی کوتاہی نہ کرتے اس بحث کو پیشِ نظر رکھنے سے یہ بات بخوبی سمجھ آسکتی ہے کہ حضرت محمودؓ بن ربیع مطلقاً امام کے پیچھے قرأتِ فاتحہ کے قائل نہ تھے اور حضرت عبادۃؓ گو قائل تو تھے لیکن محض استحباب کے طور پر اور اگر کسی کو حکم بھی کیا ہے تو صرف استحبابی امر سمجھ کر۔ اگر اس کو رکن اور فرض سمجھتے تو کتمانِ حق سے بچتے ہوئے حضرت ابن مسعودؓ کی طرح (جنہوں نے قرآن کریم کی دو سورتوں کے تقدم و تأخر فی النزول کے بارے میں اعلان کیا تھا) یہ اعلان فرماتے من شاء باھلتہٗ جس کا جی چاہے میں اس کے ساتھ مباہلہ کرنے کے لیے تیار ہوں جب حضرت عبادۃؓ نے ایسا نہیں کیا تو قطعی بات ہے کہ وہ امام کے پیچھے بلاشک سورۃ فاتحہ پڑھتے تو تھے (اور جہری نمازوں میں پڑھتے بھی صرف تنہا اور اکیلے تھے دوسرے حضرات صحابہؓ کا ان سے اتفاق نہ تھا) مگر صرف مستحب سمجھ کر ہم نے جو یہ کہا ہے کہ دوسرے صحابہ کرامؓ حضرت عبادۃؓ بن الصامت سے جہری نمازوں میں قرأۃ خلف الامام کے مسئلہ میں اتفاق نہیں رکھتے تھے (سینہ زوری نہیں بلکہ حقیقت ہے۔ چنانچہ امام بیہقیؒ لکھتے ہیں کہ۔

وانما تعجب من قرأۃ عبادۃؓ بن الصامت خلف الامام فیما یجھر فیہ بالقرأۃ لذہاب	جو لوگ امام کے پیچھے جہری نمازوں میں قرأت کے قائل نہ تھے انہوں نے حضرت عبادۃؓ کی جہری نمازوں میں قرأت

من ذهب الى ترك القرأة خلف الامام فيما
يجهر الامام فيه بالقرأة حين قال النبي
صلى الله عليه وسلم مالى انازع القرآن
ولم يسمع استثناء النبي صلى الله عليه
وسلم قرأة فاتحة الكتاب سراً وقوله
صلى الله عليه وسلم فانه لا صلوٰة لمن
لم يقرأ بها وسمعه عبادةؓ بن الصامت
واتقنه واداه واظهره فوجب الرجوع
اليه فى ذلك (انتهى بلفظه كتاب القرأة ص۲۷)

پر تعجب کا اظہار کیا اور اس کی وجہ یہ ہوئی کہ آنحضرت
صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے جب یہ فرمایا کہ میرے ساتھ قرآن
میں منازعت کیوں کی جا رہی ہے؟ اور اس کے بعد آپ نے
آہستہ سورۃ فاتحہ پڑھنے کا حکم دیا اور اسی طرح آپ نے یہ
فرمایا کہ جس آدمی نے نماز میں سورۃ فاتحہ نہ پڑھی تو اس کی نماز
نہ ہوگی تو یہ استثناء صرف حضرت عبادہؓ بن الصامت نے
سُنی اور دیگر حضرات صحابہؓ نہ سُن سکے اور اس کو حضرت
عبادہؓ نے خوب محفوظ رکھا اس کو ادا کیا اور ظاہر کیا سو انکی
بات کی طرف رجوع کرنا ضروری ٹھہرا

صحابی اور تارک نماز؟ یہ دو متضاد باتیں ہیں اور واقعہ صبح کی نماز کا ہے جس میں سینکڑوں حضرات
صحابہؓ شریک ہوں گے اور آنحضرت صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے مالی انازع القرآن سے تنبیہ فرما کر سب
حضرات صحابہ کرامؓ کی توجہ اپنی طرف مبذول کرائی تھی اور یہ حکم بھی پیش نظر تھا۔ یٰاَیُّهَا الرَّسُوْلُ
بَلِّغْ مَآ اُنْزِلَ اِلَیْكَ مِنْ رَّبِّكَ اور فَاصْدَعْ بِمَا تُؤْمَرُ (یعنی اے رسول صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم
اللہ تعالیٰ کے حکموں کو کھول کر بیان کریں جن میں کوئی اشتباہ باقی نہ رہے) مگر باایں ہمہ جناب رسول
خدا صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم یہ حکم آہستہ (سِرًّا) بیان کرتے ہیں اور حضرت عبادہؓ کے بغیر اس حکم کو کوئی
دوسرا سنتا ہی نہیں؟ پھر حضرت عبادہؓ پر لوگ متعجب کیوں نہ ہوں کہ حضرات صحابہ کرامؓ جو آنحضرت صلی
اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کے ایک ایک حکم اور ارشاد کو عزیز از جان سمجھتے تھے اور ہمہ تن گوش ہو کر سنتے تھے
کوئی بات نہیں سمجھ آتی تو پھر استدعا کرتے تھے اور کوئی ضروری امر ہوتا تو آپ تین تین مرتبہ ایک ایک
جملہ کو دہراتے تھے لیکن جب امام کے پیچھے قرأت سورۃ فاتحہ کے حکم کے بیان کرنے کا نمبر آتا ہے تو
آپ آہستہ بیان کرتے ہیں؟ تین مرتبہ بیان کرنے کی ضرورت ہی نہیں سمجھتے؟ اور یہ حکم صرف
حضرت عبادہؓ سُنتے ہیں کسی دوسرے کے پلے کچھ نہیں پڑتا؟ اور دیگر حضرات صحابہ کرامؓ آپ سے
دریافت کرنے کی ضرورت بھی نہیں سمجھتے کہ حضرت آپ نے کیا ارشاد فرمایا ہے؟ اگر امام کے پیچھے
سورۃ فاتحہ کے پڑھنے کا مسئلہ ضروری فرض، واجب اور رکن ہوتا تو یقیناً آنحضرت صلی اللہ تعالیٰ علیہ و

سلم ایک بار نہ فرماتے بلکہ کئی بار فرماتے سِرّاً نہ فرماتے بلکہ جہراً فرماتے صرف حضرت عبادہؓ کو نہ سناتے بلکہ تمام حضرات صحابہؓ کو سناتے اور اگر حضرت عبادہؓ بھی اس حکم کو ضروری سمجھتے تو یقیناً بغیر خوف لومۃ لائم کے اس کی خوب نشر و اشاعت کرتے اور حضرات صحابہ کرامؓ کو اس بات کا قائل کر لیتے کہ وہ بھی جہری نمازوں میں امام کے پیچھے قرأت کرتے۔ یہ حکم تو ضروری نہ تھا اس لیے اس کی پُر زور اشاعت کی ضرورت ہی انہوں نے نہ سمجھی بخلاف اس کے ترک قرأت کا حکم ضروری تھا اس لیے کہ جب آنحضرت صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کے پیچھے صرف ایک شخص نے قرأت کی تو آپ نے فرمایا میرے پیچھے کس نے قرأت کی ہے؟ کیوں میرے ساتھ منازعت اور مخالجت ہوتی رہی ہے؟ حتیٰ کہ آپ نے ببانگ دہل یہ ارشاد فرمایا مالی انازع القرآن نتیجہ یہ ہوا کہ یہ ارشاد سب نے سنا اور یہ ارشاد سن کر تمام حضرات صحابہؓ کرام نے جہری نمازوں میں امام کے پیچھے قرأت ترک کر دی۔ جیسا کہ مفصل پہلے گذر چکا ہے۔ باقی اگر حضرت عبادہؓ سے بسندِ صحیح یا کسی اور صحابی سے بلا قیل و قال خلف الامام کی قید سے کوئی روایت صحیح ہوتی تو یقیناً اس کی طرف رجوع کیا جاتا مگر روایات کا حال آپ ملاحظہ کر ہی چکے ہیں اور بقول شیخ الاسلام ابن تیمیہؒ حضرت عبادہؓ کے موقوف قول سے ہی غلطی در غلطی پیدا ہوئی ہے الغرض حضرات صحابہ کرامؓ کے یہ آثار پہلے تو سنداً ہی صحیح نہیں ہیں اور اگر کچھ صحیح بھی ہیں تو ان میں صرف سرّی نمازوں کا ذکر ہے اکسی میں مطلق قرأت کا ذکر ہے اور اکثر میں ما زاد، ما تیسر اور فصاعداً وغیرہ کی زیادت بھی موجود ہے لہٰذا یہ آثار فریق ثانی کو ہرگز مفید نہیں ہو سکتے۔

آثار حضرات تابعینؒ وغیرہم

فریق ثانی نے اپنے اس دعویٰ پر کہ امام کے پیچھے ہر رکعت میں سورۂ فاتحہ پڑھنا ضروری ہے ورنہ نماز ناقص، بیکار، کالعدم اور باطل ہوگی، حضرات تابعینؒ و اتباع تابعینؒ وغیرہم کے آثار اور اقوال سے بھی استدلال کیا ہے حالانکہ ان کے نزدیک در موقوفات صحابہؓ حجت نیست اگر چہ بصحت رسد پھر آثار حضرات تابعینؒ وغیرہم سے استدلال کیونکر صحیح ہو سکتا ہے جب کہ وہ سنداً اور روایۃً بھی صحت کے معیار پر پورے نہیں اترتے اور معنوی اور درایتی پہلو کے پیش نظر بھی وہ ان کو چنداں مفید نہیں ہو سکتے مگر مشہور ہے ڈوبتے کو تنکے کا سہارا، حضرات تابعینؒ وغیرہم کے وہ آثار جو بحث سکتات

وغیرہ اور دیگر مواقع پر نقل کیے جاچکے ہیں اور جن پر کلام بھی کیا جاچکا ہے ان کے اعادہ کی ضرورت نہیں ہے اِس موقع پر صرف وہ آثار پیش ہوں گے جو پہلے نقل نہیں ہوئے۔

حضرت مکحول کا اثر :- ان سے روایت ہے انہوں نے فرمایا کہ مغرب عشاء اور صبح کی نماز میں ہر رکعت میں آہستہ سورۂ فاتحہ پڑھی جائے اور جہری نمازوں میں جب امام سورۂ فاتحہ پڑھنے کے بعد سکوت اختیار کرے تو اس وقت آہستہ سورۂ فاتحہ پڑھی جائے اور اگر امام خاموش نہ ہو تو اس کے ساتھ یا اس کے بعد یا اس سے پہلے ہر حالت میں سورۂ فاتحہ پڑھو اور کسی حالت میں نہ چھوڑو۔ (بیہقی جلد ۲ ص ۱۷۱)

جواب :- یہ اثر بھی قابل التفات نہیں ہے اوّلاً اس لیے کہ اگر بالفرض یہ اثر صحیح بھی ہو تب بھی نص قرآنی، صحیح احادیث اور جمہور حضرات صحابہ کرامؓ کے صحیح آثار کے مقابلہ میں اس کو سنتا کون ہے؟ وثانیاً قراءتِ سورۂ فاتحہ کے لیے سکتہ کی کوئی گنجائش نہیں ہے جیسا کہ بحث سکتاتِ امام میں اس کی سیر حاصل تحقیق پیش ہو چکی ہے اور جہر امام کے ساتھ ساتھ پڑھتے جانا منازعت اور مخالجت کا موجب ہے جو کتاب وسنت اور اجماعِ امت سے مردود ہے۔

حضرت عروہ بن زبیرؓ کا اثر :- ان سے مروی ہے انہوں نے ارشاد فرمایا کہ

لا تتم صلوٰۃ لاحد من الناس لا یقرأ فیھا بفاتحۃ الکتاب فصاعداً مکتوبۃ ولا سبحۃ (کتاب القراءۃ ص ۷)

کسی شخص کی کوئی نماز خواہ وہ فرضی ہو یا نفلی اس وقت تک مکمل نہیں ہو سکتی جب تک اس میں سورۂ فاتحہ اور اس سے کچھ زیادہ کی قراءت نہ کی جائے۔

جواب :- یہ اثر بھی قابلِ استدلال نہیں ہے اوّلاً اس لیے کہ اس کی سند میں محمدؒ بن العباسؒ ہے کتب اسماء الرجال سے اس کی تعیین نہیں ہو سکی کہ یہ کون اور کیسا ہے؟ وثانیاً اس میں احمدؒ بن سویدؒ ہے جس کا کتب رجال میں کوئی نام ونشان ہی نہیں ملتا، مؤلف خیر الکلام لکھتے ہیں کہ مگر عدم علم سے یہ لازم نہیں آتا کہ وہ مجہول ہو ۱ھ ص ۲۳۹ الجواب :- یہ ٹھیک ہے مگر مؤلف مذکور کا یہ علمی اور اخلاقی فریضہ تھا کہ وہ اس راوی کی نشاندہی کرتے اور کتب رجال سے اس کی توثیق نقل کرتے وثالثاً اس کی سند میں حمادؒ بن سلمہؒ ہے ان کے اس اثر کا مقابلہ اس اثر سے نہیں ہو سکتا جو جلد اوّل میں لسند صحیح نقل کیا جاچکا ہے مبارکپوری صاحبؒ لکھتے ہیں۔ سو یہ معارضہ بھی صحیح نہیں

علی وجوب الاستماع والانصات لقرأۃ الامام۔۔۔الخ (احکام القرآن ج ۳ ص ۴۹)

استماع وانصات کے وجوب پر واضح دلیل ہوتی۔

علامہ سید محمود آلوسیؒ[1] (مفتی بغداد المتوفی ۱۲۷۰ھ)

اس آیت کی تفسیر کرتے ہوئے لکھتے ہیں کہ

لانها تقتضی وجوب الاستماع عند قرأۃ القرآن فی الصلوٰۃ وغیرها و قد قام الدلیل فی غیرها علی جواز الاستماع وترکه فبقی فیها علی حاله فی الانصات للجهر وکذا فی الاخفاء لعلمنا بانه یقرأ ویؤید ذلك اخبار جمة (روح المعانی جلد ۹ ص ۱۳۳)

آیت کا مقتضٰی یہ ہے کہ نماز میں یا خارج از نماز جب بھی قرآن کریم کی قرات ہوتی ہو تو خاموش رہنا چاہیے۔ لیکن خارج از نماز سماع وعدم سماع دونوں کے جواز پر دلیل قائم ہو چکی ہے۔ لہٰذا جہری نمازوں میں انصات بہر حال ضروری ہے اور اسی طرح سری نمازوں میں بھی کیونکہ ہمیں معلوم ہے کہ امام قرآت کرتا ہے اور متعدد حدیثیں بھی اس کی تائید کرتی ہیں۔

اس کے بعد علامہ موصوفؒ نے متعدد صحیح حدیثیں، عقلی وترجیحی دلائل پیش کر کے بڑے وزنی دلائل سے اپنا دعوٰی ثابت کیا ہے۔

قارئین کرام! آپ حقیقت کی تہ کو پہنچ چکے ہوں گے۔ ابھی بہت سے مفسرین کرامؒ مثلاً علامہ خازنؒ[2] (المتوفی ۷۴۱ھ) اور شیخ احمد[3] جونپوریؒ (المتوفی ۱۱۳۰ھ) وغیرہ وغیرہ کی عبارتیں باقی ہیں، مگر ہمارا مقصد صرف منصف مزاج لوگوں کے لیے معتبر مفسرین کے

---

[1] مولانا میر صاحبؒ لکھتے ہیں کہ متاخرین حنفیہ میں بڑے پائے کے مفسر ہیں۔ (تفسیر واضح البیان ص ۴۲۱)

[2] مشہور تفسیر ہے اور ۷۲۵ھ میں مصنف اس کی تالیف سے فارغ ہوتے تھے۔ (اکسیر ص ۱۱)
آیت مذکورہ کی تفسیر انھوں نے جلد ۱ ص ۲۷۶ میں کی ہے۔

[3] یہ اورنگ زیب عالم گیر رحمۃ اللہ علیہ [illegible]ی ۱۱۱۸ھ) کے استاد تھے۔
(اکسیر ص ۳۴)
اور تفسیر احمدی ص ۲۸۰ میں انھوں نے آیت مذکورہ کی سیر حاصل تفسیر کی ہے۔

چند اقوال بطور نمونہ عرض کرنے تھے اگر استقصا کیا جاتے تو تقریباً محال ہے اور ہمارا موضوع بھی یہ نہیں۔ اس لیے اب ہم بعض ضروری عبارتیں نقل کرکے اس بحث کو ختم کرتے ہیں۔

امام بیہقی رح جن کی کتاب القراۃ پر مسئلہ زیر بحث میں فریق ثانی کا مدار ہے۔ رقم طراز ہیں:

انا لا ننکر نزول ھٰذہ الاٰیۃ فی الصلوٰۃ او فی الصلوٰۃ والخطبۃ کما ذھب الیہ من ذکرنا قولہ من سلف ھذہ الامۃ غیر انھم او بعض من روی عنھم اختصر الحدیث فقالوا فی الصلوٰۃ مطلقاً۔ (کتاب القراۃ ص۷۳)	ہم اس بات کا انکار نہیں کرتے کہ یہ آیت نماز کے بارے میں یا نماز اور خطبہ دونوں کے بارے میں نازل ہوئی ہے جیسا کہ سلفِ امت کے اقوال ہم نے نقل کیے ہیں لیکن ہمارا اعتراض یہ ہے کہ انھوں نے یا ان میں سے بعض نے حدیث کو مختصر کر دیا ہے اور اس آیت کا شان نزول مطلقاً نماز کو قرار دیا ہے۔ (اور خطبہ وغیرہ کا ذکر تک نہیں کرتے۔)

امام بیہقیؒ کو اس کا اقرار ہے کہ آیت مذکورہ کا شان نزول صرف نماز یا نماز اور خطبہ دونوں ہیں اور جمہور امت کا بھی یہی قول ہے مگر ان کا اعتراض محض یہ ہے کہ آیت کو فقط نماز پر کیوں قصر کر دیا ہے؟ اس میں خطبہ وغیرہ کا ذکر بھی آنا چاہیے جیسا کہ احادیث میں آتا ہے لیکن امام موصوفؒ کا یہ اعتراض محض دفع الوقتی اور تسکین قلب کا سامان ہے۔

اولاً: اس لیے کہ جمعہ اور عید کی فرضیت مدینہ طیبہ میں ہوئی ہے اور آیت مذکورہ مکی ہے جیسا کہ علامہ بغویؒ کے حوالہ سے عرض کیا جا چکا ہے۔ پھر اس کا شان نزول خطبہ کیسے ہوا؟

وثانیاً: جس حدیث (بلکہ احادیث) کے اختصار کا الزام امام موصوفؒ نے عائد کیا ہے۔ ان میں ایک بھی صحیح نہیں ہے جیسا کہ اپنے مقام پر عرض ہوگا۔ پھر ان سے استدلال و احتجاج کیسا؟

وثالثاً: آیت کا حکم خطبہ کو عموم الفاظ کے لحاظ سے شامل ہے نہ کہ شان نزول کے لحاظ سے۔ جیسا کہ آپ پوری وضاحت سے یہ پڑھ چکے ہیں۔ مگر یہ کس قدر حقیقت فراموشی ہے کہ جس نماز کے بارے میں یہ آیت نازل ہوئی ہے۔ اس میں استماع و انصات تو ضروری نہ ہوا اور خطبہ (وغیرہ بالتبع امور) کو اس بنا کر اصل حقیقت سے گریز اور پہلو تہی کی جائے؟

قاضی شوکانیؒ (محمد بن علیؒ المتوفی ۱۲۵۵ھ)

اس مسئلہ پر تبصرہ کرتے ہوئے تحریر فرماتے ہیں کہ

(ان عمومات القرآن والسنة قد دلت علی وجوب الانصات والاستماع والمتوجه حال قراءة الامام للقرآن غير منصت ولا مستمع ..... الخ (نیل الاوطار جلد ۲ ص ۲۲۶ ونقله النواب فی هداية السائل ص ۱۹۱)

(امام جب قرأت قرآن کر رہا ہو تو مقتدی کو اس وقت اِنِّیْ وَجَّهْتُ وَجْهِیَ لِلَّذِیْ ... الآیۃ کی دعاء استفتاح نہیں پڑھنی چاہیے) کیونکہ قرآن کریم اور سنت کے عمومات اور اکثر دلیلیں اس پر دلالت کرتی ہیں۔ کہ امام جب قرأت کر رہا ہو تو اس وقت مقتدی پر انصات اور استماع واجب ہے۔ حالانکہ اس حالت میں امام کے ساتھ پڑھنے والا استماع اور انصات پر عامل نہیں ہے۔

قاضی صاحبؒ بھی جمہور اہل اسلام کی طرح جہر امام کے وقت مقتدی کی قرأت کو قرآن کریم[1] بغیر توجہ تابع قرآن و سنت کے عمومی دلائل کے خلاف سمجھتے ہیں اور تصریح کرتے ہیں کہ اس کے خلاف کرنے والا عمومات قرآن اور سنت کا مخالف ہے۔ قاضی صاحبؒ نے سکتات امام میں مقتدی کے لیے قرأت فاتحہ کو احوط کہا ہے، لیکن قرأت مقتدی کے لیے سکتات کا شریعت میں کوئی وجود ہی نہیں ہے جس کی پوری تشریح اپنے مقام پر عرض ہوگی۔ انشاء اللہ العزیز۔

مؤلف خیر الکلام کا مناقشہ نمبر ۲ میں یہ کہنا کہ اس میں فاتحہ کا ذکر نہیں اور قاضی شوکانیؒ ہر حالت میں فاتحہ خلف الامام کے قائل ہیں اور استماع و انصات آہستہ پڑھنے کے منافی نہیں (محصلہ خیر الکلام ص ۵۲۷ و ۵۲۸) تو یہ محض لفاظی ہے۔ ہم نے کب فاتحہ کا ذکر کیا ہے۔ ہم نے تو یہ حوالہ صرف اس لیے پیش کیا ہے کہ جہر امام کے وقت مقتدی کا پڑھنا استماع و انصات کے بالکل منافی ہے اور یہی کچھ قاضی صاحب فرماتے ہیں۔ حتی کہ باقرار مؤلف خیر الکلام قاضی صاحبؒ مقتدی کے لیے فاتحہ کی قرأت کو سکتات میں احوط کہتے ہیں (ملاحظہ ہو خیر الکلام ص ۵۲۸) کہ قاضی صاحبؒ نے فرمایا کہ

---

[1] قاضی صاحبؒ موصوف اپنے وقت کے متبحر اور وسیع المطالعہ محقق عالم تھے۔ نواب صدیق صاحبؒ لکھتے ہیں کہ وہ القاضی، العلامہ، الامام، الاوحد، الزکی، المنور اور عزّ الاسلام تھے اور لکھتے ہیں کہ وہ کمال عالم انسانی پر حاوی تھے۔ (اکسیر ص ۹۰)

اگر ممکن ہو تو فاتحہ کو امام کے سکتات میں پڑھنے میں زیادہ احتیاط ہے۔ (نیل جلد ۲ صفحہ ۲۳۱) اور فرماتے ہیں کہ قرآن وسنت کے عمومی دلائل مقتدی پر استماع وانصات کو واجب قرار دیتے ہیں۔

حافظ ابو عمرؒ بن عبد البرؒ (یوسف بن عبداللہ المتوفی ۴۶۳ھ):

لکھتے ہیں کہ حضرت امام مالکؒ (وغیرہ) جہری نمازوں میں مقتدی کے لیے امام کے پیچھے قرأت کو صحیح نہیں سمجھتے تھے۔

وحجته قوله تعالى واذا قرئ القرآن فاستمعوا له وانصتوا لعلكم ترحمون لا خلاف انه نزل في هذا المعنى دون غيره ومعلوم انه في صلاة الجهر لان السر لا يسمع فدل على انه اراد الجهر خاصة۔ (بحوالہ اوجز المسالک جلد ا ص ۲۴۸)

اور ان کی دلیل اللہ تعالیٰ کا یہ فرمان ہے کہ جب قرآن کریم کی قرأت ہو رہی ہو تو تم اس کی طرف توجہ کرو اور خاموش رہو تاکہ تم پر رحم ہو اور اس میں کسی کا اختلاف نہیں ہے کہ اس آیت کا شان نزول صرف یہی ہے۔ نہ کہ کوئی اور۔ اور یہ ظاہر ہے کہ استماع تو صرف جہری نمازوں میں ہو سکتا ہے۔ لہٰذا اس آیت سے فقط جہری نمازیں مراد ہوں گی نہ کہ سری۔

انشاءاللہ العزیز یہ بات تو اپنے مقام پر آئے گی کہ آیت میں صرف استماع کا لفظ ہی نہیں جو بقول ان کے محض جہری نمازوں کو شامل ہے (اور نیز استماع اور سماع میں بھی فرق ہے۔) بلکہ اس میں انصات کا لفظ بھی ہے جو سری نمازوں کو بھی شامل ہے لیکن حافظ المغرب قرآن کریم کی مذکورہ آیت کا شان نزول نماز اور خلف الامام کا مسئلہ بتلاتے ہیں اور لطف کی بات یہ ہے کہ پوری ذمہ داری اور وضاحت سے تحریر فرماتے ہیں کہ آیت مذکورہ کا شان نزول صرف نماز اور خلف الامام کا مسئلہ ہے اور اس میں کسی کا کوئی اختلاف

---

[1] علامہ ذہبیؒ ان کو الامام، شیخ الاسلام اور حافظ المغرب لکھتے ہیں۔ (تذکرہ جلد ۳ صفحہ ۳۰۶) علامہ ابوالولید باجیؒ ان کو احفظ اہل المغرب لکھتے ہیں (ایضاً صفحہ ۳۰۷) امام حمیدیؒ کہتے ہیں کہ وہ فقیہ، حافظ کثیر التصنیف قرأت اور علم خلاف کے عالم اور علوم حدیث اور اسماء الرجال کے مسلم امام تھے (ایضاً صفحہ ۳۰۷) غرضیکہ وہ حفظ اتقان میں اپنا نظیر نہیں رکھتے تھے۔ علامہ ابن حزمؒ کہتے تھے کہ میں نے فقہ الحدیث پر ابن عبد البرؒ کی کتاب التمہید کی مانند کوئی کتاب نہیں دیکھی چہ جائیکہ اس سے بہتر اور اعلیٰ اور کتاب الاستذکار اسی کا ملخص ہے (تذکرہ جلد ۳ صفحہ ۳۰۸) حافظ ابن القیمؒ ان کو الامام الحافظ اور اپنے زمانہ میں امام اہل السنت لکھتے ہیں۔ (اجتماع الجیوش الاسلامیہ صفحہ ۴۹)

نہیں ہے۔ انصاف شرط ہے کہ اس اجماع واتفاق کے بعد اور کون سی تفسیر معتبر اور قابل اعتماد ہو سکتی ہے؟ جو حضرات صحابہ کرامؓ سے لے کر قاضی شوکانی صاحبؒ تک ہر دور، ہر طبقہ اور ہر مسلک کے فقہاءؒ و محدثینؒ و مورخینؒ اور مفسرینؒ کے ہاں طے شدہ حقیقت ہے۔

شیخ الاسلام ابن تیمیہؒ (جن کے نام اور محاسن سے مقدمہ میں آپ اچھی طرح متعارف ہو چکے ہیں۔) اس مسئلہ پر بحث کرتے ہوئے لکھتے ہیں:

فالنزاع من الطرفين لكن الذين ينهون عن القرأة خلف الامام جمهور السلف والخلف ومعهم الكتاب والسنة الصحيحة والذين اوجبوها على المأموم فحديثهم ضعفه الائمة۔ (تنوع العبادات ص۸۶)	مسئلہ زیر بحث میں نزاع تو طرفین سے ہے لیکن جو لوگ امام کے پیچھے قرأت سے منع کرتے ہیں۔ وہ جمہور سلف وخلفؒ ہیں اور ان کے ہاتھ میں کتاب اللہ اور سنت صحیحہ ہے اور جو لوگ امام کے پیچھے مقتدی کے لیے قرأت کو واجب قرار دیتے ہیں۔ ان کی حدیث کو ائمہ حدیث نے ضعیف قرار دیا ہے۔

مطلب ظاہر ہے کہ منکرین قرأت خلف الامام صرف چند نفوس نہیں بلکہ جمہور سلف وخلفؒ ہیں اور یہ نظریہ جمہور نے اجتہاد اور قیاس ہی سے قائم نہیں کر لیا۔ بلکہ کتاب اللہ اور سنت صحیحہ سے لیا ہے اور جو لوگ امام کے پیچھے قرأت تجویز کرتے ہیں۔ ان کا ہاتھ کتاب اللہ سے یکسر خالی ہے اور محض حدیث پر ان کے استدلال کی بنیاد قائم ہے اور حدیث بھی وہ ہے جس کی تضعیف ائمہ حدیث سے منقول ہے۔ (پوری تفصیل اپنے مقام پر آئے گی انشاء اللہ العزیز۔

اور دوسرے مقام پر لکھتے ہیں کہ

وقول الجمهور هو الصحيح فان الله سبحانه وتعالى قال واذا قرئ القرآن فاستمعوا له وانصتوا لعلكم ترحمون قال احمد اجمع الناس على انها نزلت في الصلوٰة۔ (فتاوی جلد ۲ ص۴۱۲)	جمہور کا مسلک اور قول ہی صحیح ہے کیونکہ اللہ تعالیٰ کا حکم ہے کہ جب قرآن کریم پڑھا جائے تو تم اس کی طرف توجہ کرو اور خاموش رہو تاکہ تم پر رحم ہو۔ امام احمدؒ بن حنبلؒ فرماتے ہیں کہ سب لوگوں کا اس پر اتفاق اور اجماع ہے کہ اس آیت کا شان نزول نماز ہے۔

شیخ الاسلامؒ کی اس عبارت نے اس امر کی مزید تشریح کر دی ہے کہ آیت مذکورہ کا شانِ نزول ہی نماز ہے اور اس پر تمام اہلِ اسلام اور ائمہ دینؒ کا یعنی حضرات صحابہ کرامؓ و تابعینؒ و اتباع تابعینؒ اور جمہور سلف و خلفؒ کا اجماع و اتفاق ہے۔ یہی شیخ الاسلامؒ ایک دوسرے مقام پر یوں ارشاد فرماتے ہیں کہ

وذکر احمد بن حنبلؒ الاجماع علی انها نزلت فی الصلوٰة وذکر الاجماع علی انها لا تجب القرأة علی الماموم حال الجهر (فتاوٰی جلد ۲ ص ۱۴۳)	امام احمدؒ بن حنبلؒ نے اس پر اجماع نقل کیا ہے کہ یہ آیت نماز کے بارے میں نازل ہوئی ہے۔ نیز اس پر بھی اتفاق نقل کیا ہے کہ جب امام جہر سے قرأة کرتا ہو تو مقتدی پر قرأت واجب نہیں ہے۔

اور نواب صاحبؒ اس آیت کے بارے میں لکھتے ہیں کہ

وایں آیت دلالت نمی کند مگر بر منع قرأت در حال جہر امام بقرأت لقولہ فاستمعوا واستماع نمی باشد مگر از برائے قرأت مجہور بہانہ برائے قرأت مخافتت ... اھ

(دلیل الطالب ص ۲۵۰)

قارئین کرام! آپ جناب رسولِ خدا صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کے بعد حضرت عبداللہؓ بن مسعود سے لے کر قاضی شوکانیؒ اور نواب صاحبؒ تک کی عبارات ملاحظہ فرما چکے ہیں کہ اس مذکورہ آیت کا شانِ نزول صرف نماز ہے خطبہ (وغیرہ) عموم الفاظ کے لحاظ سے بالتبع اور ضمنی طور پر اس حکم میں شامل ہے۔ اور حافظ ابن عبدالبرؒ اور شیخ الاسلامؒ سے یہ بھی سُن چکے ہیں کہ اس بات پر تمام اہلِ اسلام کا اجماع اور اتفاق ہے کہ اس کا شانِ نزول فقط نماز ہے۔ اور اس میں کسی کا کوئی اختلاف نہیں ہے۔ اور اجماع کے نقل کرنے والے بھی امام اہلِ السنت اور مقتدائے ملت حضرت امام احمدؒ بن حنبلؒ ہیں اور آپ یہ بھی سُن چکے ہیں کہ جہری نمازوں میں امام کے پیچھے مقتدی کے لیے قرأت کرنا اجماع اور اتفاق کے سراسر خلاف ہے۔ اس تمام بحث کو پیشِ نظر رکھتے ہوئے فریق ثانی کے بے بنیاد دعاوی کو (جن کا ذکر سخن ہائے گفتنی میں ہو چکا ہے) دیکھیے کہ حق کس کے ساتھ ہے؟ کتاب اللہ اور سنت صحیحہ کس کے ہاتھ میں ہے اور جمہور سلف و خلفؒ کی معیت کس کو نصیب ہے؟

نواب صاحبؒ لکھتے ہیں کہ
کوئی دعویٰ اس وقت تک صحیح نہیں ہو سکتا جب تک کتاب اللہ و سنت رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم اور بینہ عادلہ سے اس پر ثبوت نہ پیش کیا جائے۔ دلیل الطالب ص۹۳۴
الحمد للہ تعالیٰ کہ قرآن کریم اور سنت رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کے بعد جمہور سلف و خلفؒ کی معیت بھی ہمیں حاصل ہے جو بفحوائے حدیث کبھی گمراہی پر مجتمع نہیں ہو سکتی اور نہ ہوگی۔
مناسب معلوم ہوتا ہے کہ ہم اس آیت کے سلسلہ میں فریق ثانی کی طرف سے قدیماً و حدیثاً جو جو اعتراضات اور معارضات وارد کیے گئے ہیں ان پر بھی طائرانہ نگاہ ڈال لیں کہ ان کی حقیقت کیا ہے ان کو ایک خاص ترتیب سے ہم نقل کرتے ہیں اور ہر ایک کا جواب ساتھ ساتھ عرض کرتے جائیں گے۔ انشاء اللہ العزیز۔

پہلا اعتراض:
مولانا مبارک پوری صاحبؒ لکھتے ہیں کہ علامہ زیلعیؒ نے "نصب الرایہ ج۱ ص۱۴" میں امام بیہقیؒ کے حوالہ سے امام احمد بن حنبلؒ کا جو یہ قول نقل کیا ہے کہ آیت واذا قرئ القرآن کا شان نزول اجماع اور اتفاق سے نماز ہے تو مجھے اس سے اتفاق نہیں ہے۔ کیونکہ میں نے امام بیہقیؒ کی معرفت السنن و الآثار اور کتاب القراۃ کا مطالعہ کیا ہے لیکن ان میں مجھے یہ قول نہیں مل سکا۔
(تحقیق الکلام جلد ۲ ص۹، تحفۃ الاحوذی جلد ۱ ص۲۵۹ و ابکار المنن ص)

جواب:
مبارک پوری صاحبؒ کا یہ اعتراض چند وجوہ سے باطل ہے۔
اولاً — اس لیے کہ علامہ جمال الدین زیلعیؒ (المتوفی ۷۶۲ھ) نقل میں بڑے محتاط اور ثقہ ہیں[1] اور پھر انھوں نے امام بیہقیؒ کی کسی خاص کتاب کا نام بھی نہیں لیا۔ اور امام بیہقیؒ کثیر التصانیف تھے۔ لہٰذا مبارکپوری صاحب کا ان کی صرف دو یا تین کتابیں دیکھ کر یہ نظریہ قائم کرنا کیوں کر صحیح ہو سکتا ہے؟

---

[1] جو الشیخ الامام، الحافظ اور المحدث تھے۔ مولانا عبد الحی صاحبؒ لکھتے ہیں کہ وہ من اعلام العلماء اور فقہ حدیث اور اسماء الرجال کے مسلم امام تھے۔ فوائد البہیہ ص۲۲۸

وثانیاً — نواب صاحبؒ نے تو جھوٹ کیسا تھا اس امر پر اتفاق کیا ہی تھا کہ عدم علم اَو علم بعدم
نیست۔ (بدور الاہلہ ص ۲۷۹) مگر مبارک پوری صاحبؒ کو بھی اس کا اقرار ہے کہ عدم نقل عدم
وقوع کو مستلزم نہیں (تحقیق الکلام ۲ ص ۱۳۱) اگر مبارکپوریؒ صاحبؒ کو اس کا علم نہیں ہو سکا
تو اس کا یہ مطلب تھوڑا ہی ہے کہ یہ جملہ اور قول ہی کتابوں سے نکل کر بھاگ گیا ہے؟

وثالثاً — تنہا علامہ زیلعیؒ ہی اس قول کے ناقل نہیں بلکہ علامہ موفق الدین ابن قدامہؒ (مغنی جلد ۱
ص ۶۰۵ میں) اور علامہ شمس الدینؒ بن قدامہؒ (شرح مقنع للکبیر جلد ۲ ص ۱۲ میں) اور حافظ ابن ہمامؒ
(فتح القدیر جلد ۱ ص ۲۴۱ میں) اور ملا علی القاریؒ (شرح نقایہ جلد ۱ ص ۸۳ میں اور شیخ الاسلام ابن تیمیہؒ
(اپنے فتاویٰ میں جیسا کہ گزر چکا ہے) وغیرہ سب اس کو نقل کرتے ہیں۔ مبارک پوری صاحبؒ کو
ان کتابوں کی طرف مراجعت کرنی چاہیے تھی تاکہ علامہ زیلعیؒ کے قول کی صداقت معلوم ہو جاتی۔

ورابعاً — لیجیے ہم مبارکپوری صاحبؒ کے ہم مسلک اور ہم مشرب عالم سے یہ فتوا دیتے ہیں
مولانا عبدالصمد صاحب پشاوریؒ غیر مقلد نقل کرتے ہیں کہ

والاصح کونہا فی الصلوٰۃ لما روی البیہقیؒ عن الامام احمدؒ قال اجمعوا علی انہا فی الصلوٰۃ۔	صحیح ترین بات یہ ہے کہ آیت واذا قرئ القرآن کا شان نزول ہی نماز ہے جیسا کہ امام بیہقیؒ نے امام احمدؒ سے نقل کیا ہے کہ اس آیت کے نماز کے بارے میں نازل ہونے پر اجماع و اتفاق ہے۔

(اعلام الاعلام فی قرأۃ خلف الامام ص ۹۱)

لہ بعض ائمہ نے حدیث قلتین کی تصحیح کی نسبت امام طحاویؒ کی طرف کی تھی۔ مولانا شوق نیمویؒ نے لکھا
کہ مجھے شرح معانی الآثار میں تصحیح نہیں مل سکی۔ اس پر مبارک پوری صاحبؒ یوں گرفت کرتے
ہیں کہ تصحیح کی نسبت کرنے والوں نے امام طحاویؒ کی کسی خاص کتاب کا نام نہیں لیا۔ لہٰذا نیموی
صاحبؒ کو ان کی دوسری کتابیں دیکھنی چاہیے تھیں۔ (نہ معلوم یہ مفید مشورہ یہاں کیوں بھول گئے
ہیں — ؟ مگر کیا کیا جائے: ع تمھیں عادت ہے بھول جانے کی۔

ٰلہ المتوفی ۶۸۲ھ جو الامام الفقیہ الزاہد الخطیب اور قاضی القضاۃ تھے۔ (مقدمہ مغنی ص ۱۷)

ٰلہ المتوفی ۸۶۱ھ اپنے وقت کے امام محدث اور فقیہ تھے اور ان کا شمار اہل ترجیح میں ہے۔ (فوائد البہیہ ص ۱۸۰)

ٰلہ المتوفی ۱۰۱۴ھ علم و تحقیق کے یگانہ اور محدث و فقیہ تھے۔ (تعلیقات ص ۸)

نوٹ: یہ کتاب نواب صاحبؒ کی مشہور کتاب "لقطۃ العجلان" کے ساتھ منضم ہے۔ اور دونوں یکجا طبع ہوئی ہیں۔ اس سے بڑھ کر ہم مبارک پوری صاحبؒ کو اور کیا ثبوت دے سکتے ہیں؟

دوسرا اعتراض

مبارک پوری صاحبؒ لکھتے ہیں کہ اس آیت کا خطاب مومنوں کو نہیں بلکہ کافروں کو ہے۔ جو تبلیغ کے وقت شور و غل مچایا کرتے تھے اور یہ کہتے تھے کہ قرآن نہ سنو جیسا کہ امام رازیؒ نے اپنی تفسیر (الکبیر جلد ۴ ص ۵۰۲) میں لکھا ہے اور دلیل یہ پیش کی ہے کہ اگر واقعی خطاب مومنوں کو ہوتا تو لَعَلَّكُمْ کے لفظ کی کیا ضرورت تھی؟ کیونکہ یہ لفظ ترجی کے لیے آتا ہے اور مومن بہر حال رحمت خداوندی کا مورد اور مستحق ہیں۔ (تحقیق الکلام جلد ۲ ص ۵ تحفۃ الاحوذی جلد ۱ ص ۲۵۹) اور مولانا میر صاحبؒ لکھتے ہیں اور نہ اس کا خطاب مومنوں سے ہے جس نے اس کا خطاب مومنوں سے سمجھا اس نے سلسلۂ عبارت اور سیاق مضمون پر غور نہیں کیا۔ (تفسیر واضح البیان ص ۵۰۲) اور یہی مضمون کم و بیش مولانا عبدالصمد صاحب پشاوریؒ لکھتے ہیں۔ (اعلام الاعلام ص ۱۹۰) اور یہی عذر لنگ مؤلف خیر الکلام نے کیا ہے۔ (ملاحظہ ہو ص ۳۴۳)

جواب

یہ اعتراض بھی بالکل بے جان اور بے بنیاد ہے۔ اس لیے کہ آپ جناب رسول خدا صلی اللہ تعالیٰ علیہ وآلہ وسلم کے بعد حضرت ابن مسعودؓ سے لے کر قاضی شوکانیؒ تک اکثر حضرات مفسرین کا بلکہ تمام امت کا اجماع و اتفاق سن چکے ہیں کہ اس آیت کا خطاب نہ صرف مومنوں سے ہے بلکہ اس کا شان نزول ہی نماز ہے۔ اس اجماع کے مقابلہ میں ایسے لغو اور پادر ہوا نظریہ اور رائے کو کون سنتا ہے؟ ہم سہولت کے لیے اس اعتراض کا یوں تجزیہ کر سکتے ہیں یہ تجزیہ اس لیے ضروری ہے کہ بات سمجھ آسکے، کہ ان حضرات کے اعتراض کے یا بزعم خود استدلال کے تین مرکزی نقطے ہیں۔ ہم ان کو الگ الگ بیان کر کے ان کا جائزہ لیتے ہیں۔ دعویٰ یہ ہے کہ یہ آیت کافروں کے حق میں نازل ہوئی ہے۔ مومن اس کے مخاطب

نہیں ہیں۔ دلائل یہ ہیں:

(۱) امام رازیؒ نے یوں کہا ہے۔

۲۔ لَعَلَّكُمْ کا لفظ اس کی تائید کرتا ہے۔

۳۔ سیاق و سباق کا تقاضا یہی ہے۔

پہلی جزو کا جواب

یہ ٹھیک ہے کہ حضرت امام رازیؒ (المتوفی ۶۰۶ھ) منطق و فلسفہ اور عقلیات وغیرہ کے مسلّم امام تھے۔ لیکن فنِ روایت اور نقلیات میں ان کا پایہ نہایت کمزور تھا۔ حافظ ابن حجرؒ لکھتے ہیں امام رازیؒ عقلیات کے مسلّم امام ہیں، لیکن احادیث و آثار میں ان کا پایہ کمزور ہے۔ یہی وجہ ہے کہ ان کی تفسیر میں رطب و یابس سبھی کچھ موجود ہے۔ (لسان المیزان جلد ۴ ص ۴۲۶) امام سیوطیؒ نقل کرتے ہیں کہ تفسیر کبیر میں سبھی کچھ ہے مگر اس میں تفسیر نہیں۔ (درمنثور جلد ۳ ص ۱۵۵ و اتقان جلد ۲ ص ۱۸۹)۔ نواب صدیق حسن خاں صاحب لکھتے ہیں کہ مؤلف وے از علم حدیث بے خبر است و در علوم کلام و فنون رسمیہ امام اہل زماں بعضے از اہل معرفت بعلوم کتاب وسنت گفتہ اند۔ فیہ کل شيء الا التفسیر۔ (اکسیر ص ۱۰۲)

اور دوسرے مقام پر لکھتے ہیں کہ رازیؒ از علم حدیث خبر ندارد (اکسیر ص ۱۱۱) فریقِ ثانی ہی از راہِ انصاف فرمائے کہ قرآنِ کریم کی مذکورہ آیت کی تفسیر جو حضرات صحابہ کرام رض و تابعینؒ اور جمہور سلف و خلفؒ سے صحیح اسانید سے نقل کی جا چکی ہے (بلکہ اسی پر اُمّت کا اجماع ہے اور کسی کا اس میں اختلاف نہیں ہے) وہ قابلِ حجت ہے یا امام رازیؒ کی تفسیر؟ ؎

من نہ گویم کہ ایں مکن آں کن!
مصلحت بین و کار آساں کن!

دوسری جزو کا جواب

امام رازیؒ کا لفظ لَعَلَّ سے یہ استدلال کرنا کئی وجوہ سے غلط ہے:

اوّلاً: لفظ لَعَلَّ اگرچہ ترجی کے معنی میں ہے۔ لیکن حضرات مفسرین کرامؒ اور ائمہ نحو اس

امر کی تصریح کرتے ہیں کہ یہ لفظ اللہ تعالیٰ کی طرف سے وجوب کے معنی میں بھی مستعمل ہوتا ہے، علامہ خازنؒ لکھتے ہیں، لعلّ وعسی من اللہ واجب (جلد ۲ ص ۲۲۳) اور صاحب مدارک علامہ عبداللہؒ بن احمد النسفیؒ (المتوفی ۷۰۱ھ) لکھتے ہیں کہ

ولعل للترجي والاطماع ولكنه من كريم فيجري مجري وعده المحتوم وفائه وبه قال سيبويهؒ۔

لعلّ کا لفظ ترجی اور طمع دلانے کے لیے آتا ہے۔ لیکن ذات باری سے یہ حتمی اور ضروری وعدہ کے طور پر آتا ہے اور سیبویہؒ اسی کا قائل ہے۔

(مدارک جلد ۱ ص۳۲)

علامہ جاراللہ رح لکھتے ہیں کہ بادشاہوں کی عادت ہے کہ جب کسی چیز کا وعدہ کرتے ہیں تو اپنی شانِ استغنا کو ملحوظ رکھ کر لعلّ وعسی استعمال کرتے ہیں۔ (کشاف جلد ۱ صہ۹۲)

اور مولانا تھانویؒ (المتوفی ۱۳۶۲ھ) لکھتے ہیں، شاہی محاورہ میں لعلّ کے معنی عجب نہیں کے آتے ہیں۔ (بیان القرآن جلد ۱ ص۱) لہٰذا اگر اللہ تعالیٰ نے اپنی شانِ بے نیازی کے مطابق لعلکم کے لفظ کے ساتھ مومنوں سے خطاب کیا ہے تو اس میں خرابی کیا ہے؟

ثانیاً۔ قرآن کریم میں متعدد مقامات پر مومنوں کے لیے لعلّ کا لفظ استعمال کیا گیا ہے۔ نہ معلوم وہاں یہ منطق کیسے چلے گی؟ ایک مقام پر ارشاد ہوتا ہے کہ اے لوگو! جو ایمان لائے ہو تم پر روزے فرض کیے گئے ہیں جیسے تم سے پہلے لوگوں پر فرض کیے گئے تھے لعلکم تتقون۔ (پ۲۔ بقرۃ) تاکہ تم پرہیزگار بن جاؤ۔

اور ایک مقام پر ارشاد ہوتا ہے کہ رجوع کرو اللہ تعالیٰ کی طرف اے مومنو سب کے سب لعلکم تفلحون۔ (پ۱۸۔ نور ۴) تاکہ تم کامیاب ہو جاؤ۔ اور اس آیت میں خطاب بھی تمام مومنوں کو ہے جب مومن ہیں تو ان کی کامیابی یقینی ہے۔ کیونکہ اللہ تعالیٰ فرما چکا ہے کہ قد افلح المومنون۔ (پ۱۸ المؤمنون رکوع۱) تحقیق مومن فلاح پا چکے ہیں۔ اگر لعلکم کے خطاب سے مومن مراد نہیں ہو سکتے تو قرآن کریم کی ان آیات کا کیا مطلب ہوگا؟

اور ایک مقام پر یہ فرمایا ہے کہ اے لوگو! جو ایمان لائے ہو جب جمعہ کے دن نماز کے لیے اذان کہی جائے تو تم جلدی پہنچو۔ آگے ارشاد ہوتا ہے لعلکم تفلحون (پ۲۸ جمعہ۲) تاکہ تم کامیاب ہو جاؤ۔

وثالثاً۔ اگر یہ تسلیم کر بھی لیا جائے تو کیا قرآن کریم اور صحیح احادیث میں اس کا کوئی ثبوت نہیں کہ بعض مومن اپنی ناشائستہ حرکات کی بنا پر خدا تعالیٰ کی رحمت کے مستحق نہیں رہتے ؟ کیا قاتل، چور، شرابی، زانی، راشی اور سُود خور وغیرہ کے لیے لعنت اور غضب وغیرہ کے الفاظ قرآن کریم اور حدیث میں وارد نہیں ہوتے ؟ اور کیا وہ خدا تعالیٰ کی رحمت کے حقدار اور محتاج نہیں ؟ یا ان کے لیے یہ سب کچھ کرنے کے بعد بھی رحمت کے دروازے کھلے اور رحمت واجب ہے ؟ اور کیا رحمت کا مستحق صرف کافر ہی ہو سکتا ہے ؟

ورابعاً۔ تمام علمائے اسلام کا یہ متفقہ فیصلہ ہے کہ قرآن کریم تمام اقوام عالم کے لیے ایک دستور العمل اور ضابطۂ حیات ہے اور قرآن کے کسی حکم اور آیت کو اس کے شان نزول اور خاص سبب پر منحصر کر دینا بالکل بے کار اور بے حقیقت ہے۔ اگرچہ اکثر احکام کے نزول کا کوئی نہ کوئی سبب اپنی جگہ ضرور ہو گا۔ حضرت امام شافعیؒ لکھتے ہیں کہ آیات کے اسباب و شان نزول کچھ ہی ہوں۔ مگر احکام کی دارو مدار الفاظ پر ہے۔ (کتاب الام جلد ۵ ص ۲۴۱)

حافظ ابن تیمیہؒ لکھتے ہیں کہ قرآن کریم کے عمومی احکام کو اسباب نزول پر مقید کر دینا باطل ہے۔ (الصارم المسلول ص ۵۰) حافظ ابن کثیرؒ لکھتے ہیں کہ جمہور علماء اصول و فروع کے نزدیک اعتبار عموم لفظ کا ہے نہ کہ خصوص سبب کا۔ (تفسیر ابن کثیر جلد ۲ ص ۹) حافظ ابن القیمؒ لکھتے ہیں کہ جن اسباب کی وجہ سے عبادات کی مشروعیت ہوتی ہے۔ ان کا دوام شرط نہیں ہے، جیسا کہ طواف میں رمل اور صفا و مروہ پر سعی کا سبب مشرکین کا اعتراض تھا، لیکن باوجود ان مشرکوں کے ختم ہونے کے اس کا حکم قیامت تک باقی رہے گا۔ (بدائع الفوائد جلد ۳ ص ۱۶۱)

حافظ ابن حجرؒ لکھتے ہیں کہ اعتبار عموم لفظ کا ہوتا ہے نہ کہ خصوص مورد کا (فتح الباری جلد ۸ ص ۱۴۱)

امام سیوطیؒ لکھتے ہیں کہ اعتبار تعمیم الفاظ کا ہو گا نہ کہ خصوص سبب کا (اتقان جلد ۱ ص ۴۷)

قاضی شوکانیؒ لکھتے ہیں کہ عام کو سبب پر بند کر دینا مرجوح اور کمزور مذہب ہے۔ (نیل الاوطار جلد ۲ ص ۱۲۹)

نواب صدیق حسن خان صاحب لکھتے ہیں کہ خصوص سبب کا کوئی اعتبار نہیں ہوتا بلکہ اعتبار عموم لفظ کا ہو گا۔ (دلیل الطالب ص ۲۱۳) اور دوسرے مقام پر لکھتے ہیں: و عبرت

بعموم لفظ است نہ بخصوص سبب، چنانکہ در اصول مقرر است (بدور الاہلہ ص ۲۰۹)
مولانا عبدالصمد پشاوریؒ لکھتے ہیں کہ والحق ان المقرر اعتبار عموم المبنی و لو خص سببہٗ (اعلام الاعلام ص ۱۹۰) اور اس قاعدہ کو مبارک پوری صاحبؒ بھی صاف لفظوں میں تسلیم کرتے ہیں (دیکھئے تحقیق الکلام جلد ۲ ص ۱۶۳) مؤلف خیر الکلام نے پہلے تو لاجواب ہو کر ادھر اُدھر کی بے کار باتیں کی ہیں پھر اقرار پر بھی مجبور ہو گئے ہیں۔
چنانچہ لکھتے ہیں کہ یہ آیت نماز کو بھی شامل ہے خواہ اس طرح شامل ہو کہ اس آیت میں مقتدیوں کو خطاب ہو یا سب مسلمانوں کو جس میں مقتدی بھی داخل ہیں یا اس طرح شامل ہو کہ خطاب تو کفار کو ہو مگر نمازی اور سب مسلمان عموم علت کی بنا پر داخل ہوں۔ (الخ ص ۴۸ ۳)
اگر بالفرض آیت مذکورہ کا شانِ نزول صحیح روایات اور آثار سے نماز نہ بھی ثابت ہوتا۔ بلکہ یہ آیت کافروں کے حق میں ہی نازل ہوتی۔ تب بھی اس کو کافروں پر منحصر سمجھنا اور مسلمانوں اور مومنوں کو اس سے خارج کر دینا باطل ہے۔ حالانکہ اس کا شانِ نزول ہی (مومن اور نماز) ہے۔ مگر افسوس ہے کہ فریقِ ثانی یہ کہتا ہے کہ اس آیت کا جو اوّلین سبب اور مصداق تھا۔ اس کو یہ آیت شامل نہیں ہے۔ یہ تو صرف کافروں کو شامل ہے۔ حیرت اور تعجب ہے اس غلط نظریہ پر۔
وخامسًا۔ اگر فریقِ ثانی کی یہی منطق صحیح تسلیم کر لی جاتے تو نہ معلوم ان کا قرآنِ کریم کے ان عمومی احکام کے بارے میں کیا ارشاد ہوگا جو بظاہر ایک کافر اور مشرک قوم کے بارے میں نازل ہوئے تھے۔ مثلاً ایک مقام پر اللہ تعالیٰ کا ارشاد ہے کہ اے نبیؐ آپ ان کافروں سے کہہ دیجیے کہ آؤ میں تمہیں وہ چیزیں پڑھ کر سُناؤں، جو تمہارے رب نے تم پر حرام کی ہیں۔ اللہ تعالیٰ کے ساتھ کسی کو شریک نہ ٹھہراؤ، قتلِ اولاد کا ارتکاب نہ کرو۔ فواحشات کے قریب نہ جاؤ۔ خونِ ناحق نہ کرو۔ یتیم کا مال نہ کھاؤ وغیرہ وغیرہ۔ (پارہ ۸، سُورۃ انعام) کیا یہ کہنا بجا اور صحیح ہوگا کہ یہ احکام تو کافروں اور مشرکوں کے حق میں نازل ہوئے ہیں۔ لہٰذا مومن کے لیے شرک کرنا، قتل کرنا اور یتیم کا مال ہڑپ کر لینا بالکل جائز ہے؟ فریقِ ثانی نے یہ عجیب قاعدہ نکالا ہے۔ ہو سکتا ہے وہ فرماویں کہ ہم تو گروہ بندی کا

شکار ہوکر قاعدہ سے بے نیاز ہیں ؎

کس طرح فریاد کرتے ہیں بتا دو قاعدہ　　　اے اسیرانِ قفس میں نو گرفتاروں میں ہوں

تیسری جزو کا جواب

ہوسکتا ہے کہ میر صاحب کا سیاق و سباق کے بارے میں قاعدہ ہی کوئی نرالا اور ماوراء الادراک ہو اور ہم اس کو نہ سمجھ سکیں۔ لیکن بحمد اللہ تعالیٰ اس آیت کا سیاق اور سباق ہم بیان کر سکتے ہیں اور میر صاحب کو فکر و غور کی دعوت دیتے ہیں اور مخلصانہ اپیل کرتے ہیں کہ وہ ارشاد فرمائیں کہ غور کس نے نہیں کیا ؟

اہلِ ایمان کے تین درجے ہو سکتے ہیں۔ اعلیٰ، متوسط اور ادنیٰ۔ جو لوگ توحید و معرفت کے تمام زینوں کو طے کر کے اس مقام پر فائز ہو جاتے ہیں کہ کارخانہ زمین و آسمان کی علوی اور سفلی چیزیں مشاہدہ کے طور پر ان کے سامنے آجاتی ہیں اور وہ عین الیقین تک پہنچ جاتے ہیں تو ایسے لوگ اصحاب بصیرت کہلاتے ہیں اور جو لوگ نظر و استدلال سے کسی حقیقت تک پہنچنے کی اہلیت رکھتے ہیں اور وہ علم الیقین کے درجہ تک پہنچ کر خود ان کا قدم ہدایت سے ایک انچ نہیں ہٹتا اور لوگوں کی ہدایت کا ذریعہ بنتے ہیں تو وہ ہادی اور مہدی کہلاتے ہیں اور جن کو نہ پہلا درجہ حاصل ہوتا ہے اور نہ دوسرا، صرف یہی جانتے ہیں کہ حق تعالیٰ کے احکام کے سامنے سر تسلیم خم کرنا ہے وہ گروہ عامۃ المومنین کا ہے، جن کو حق الیقین کا مرتبہ حاصل ہوتا ہے اور وہ اپنی استعداد اور قابلیت کے مطابق رحمت کے امیدوار ہوتے رہتے ہیں۔ اللہ تعالیٰ ارشاد فرماتا ہے کہ

هٰذَا بَصَآئِرُ مِنْ رَّبِّكُمْ وَهُدًى وَّرَحْمَةٌ لِّقَوْمٍ يُّؤْمِنُوْنَ ۔ وَاِذَا قُرِئَ الْقُرْاٰنُ فَاسْتَمِعُوْا لَهٗ وَاَنْصِتُوْا لَعَلَّكُمْ تُرْحَمُوْنَ ۔ (پ ۹، اعراف ۲۴)

یہ سمجھ کی باتیں ہیں تمہارے رب کی طرف سے اور ہدایت و رحمت ہے اُن لوگوں کے لیے جو مومن ہیں اور جس وقت قرآن کریم پڑھا جائے تو اس کی طرف کان لگاتے رہو اور چپ رہو تاکہ تم پر رحم ہو۔

اللہ تعالیٰ نے مومنوں کے تین طبقوں کی خوبیوں کو علی الترتیب ھٰذا بصائر من ربکم و ھدی و رحمۃ کے ارشاد سے بیان فرما کر لقوم یؤمنون کہہ کر سب کو مومن کا خطاب

اور لقب عطا فرمایا ہے اور آگے قرآن کریم کی طرف توجہ کرنے اور خاموش رہنے کا حکم دیا ہے۔ اس سے زیادہ صحیح اور مضبوط ربط اور کیا ہو سکتا ہے کہ پہلی آیت لقوم یؤمنون۔ پر ختم ہوتی ہے اور دوسری واذا قرئ القرآن الآیۃ سے شروع ہوتی ہے۔ پہلی آیت میں مومنوں کے تین طبقوں کی خوبیوں کا ذکر ہوتا ہے اور دوسری آیت میں بصیرت، ہدایت اور رحمت کے سرچشمے قرآن کریم کا ذکر ہوتا ہے۔ پہلی آیت میں اللہ کی رحمت کا ذکر ہے اور دوسری میں لعلکم ترحمون سے مستحقین رحمت کا تذکرہ ہے۔ اس سے بڑھ کر اس مضمون کا اپنے سیاق و سباق سے اور کیا تعلق ہو سکتا ہے؟ اور تمام اہل اسلام اور جملہ معتبر مفسرین کرامؒ اس کا یہی ربط اور تعلق سمجھے ہیں۔ خوف طوالت سے صرف دو شہادتیں ہی نقل کی جاتی ہیں۔ ملاحظہ کیجیے:

علامہ خازنؒ لکھتے ہیں کہ

واذا قرئ علیکم ایھا المؤمنون القرآن فاستمعوا لہ یعنی اصغوا الیہ باسماعکم لتفھموا معانیہ وتتدبروا مواعظہ وانصتوا یعنی عند قراءتہ۔ (تفسیر خازن جلد ۲ ص۲۸۲)	اے مومنو! جب تم پر قرآن کریم پڑھا جائے تو تم اس کی طرف توجہ کرو یعنی بگوش ہوش اس کی طرف مائل ہو جاؤ تاکہ تم اس کے معانی سمجھو اور اس کی نصائح سے تدبّر اور غور کر کے فائدہ حاصل کرو اور اس کی قرأت کے وقت خاموش رہو۔

اور حافظ ابن کثیرؒ لکھتے ہیں کہ کافر لوگ قرأتِ قرآن کے وقت شور و غل مچایا کرتے تھے۔

وقد امر اللہ عبادہ المؤمنین بخلاف ذلک فقال واذا قرئ القرآن فاستمعوا لہ وانصتوا لعلکم ترحمون (تفسیر ابن کثیر جلد ۲ ص۲۸۰)	لیکن اللہ تعالیٰ نے اپنے مومن بندوں کو اس کے خلاف حکم دیا ہے کہ جب قرآن کریم پڑھا جاتا ہو تو تم اس کو سنو اور خاموش رہو تاکہ تم پر رحم ہو۔

اور اس کے بعد اللہ تعالیٰ نے تمام مومنوں کے سردار سیّد الانبیاء و امام المرسلین و خاتم النبیین حضرت محمد صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کو خطاب کیا ہے کہ آپ اپنے رب کو دل میں عاجزی اور زاری کرتے ہوئے صبح و شام یاد کرتے رہیں گو خطاب آپ کو ہے لیکن گفتہ آید در حدیث دیگراں کے قاعدہ کے مطابق حکم سب کو دیا گیا ہے۔

بہرحال اس آیت سے قبل بھی مومنوں کا ذکر ہے اور بعد بھی اکمل ترین مومن سے خطاب

ہے۔ میر صاحب کو اس سے بہتر سیاق و سباق کہاں سے ملیگا مگر ہاں یہ بات الگ ہے کہ
لا تسلم کا کوئی جواب نہیں ہے۔ بفضلہ تعالیٰ ہم نے تو حقِ وفا ادا کر دیا ہے شاید آپ
فرماویں۔

بلک کر کہہ رہا ہے جانے کیا کیا تیرے گوشے میں
عجب انداز ہے اس کا یہ کوئی دل جلا ہوگا۔

تیسرا اعتراض:

مبارک پوری صاحبؒ (وغیرہ) لکھتے ہیں کہ اس آیت کا شانِ نزول خطبہ ہے جیسا کہ امام
بیہقیؒ نے (کتاب القرأۃ ص ۵۷ میں) لکھا ہے۔ لہٰذا اس آیت سے قرأت خلف الامام کے
عدم جواز پر استدلال صحیح نہیں ہے۔ (ابکار المنن ص ۱۴۵)

جواب

یہ اعتراض بھی بے حقیقت اور بے کار ہے؛ اوّلاً: اس لیے کہ دلائل اور براہین سے
یہ ثابت کیا جا چکا ہے کہ اس آیت کا شانِ نزول ہی نماز ہے، خطبہ وغیرہ اس کے عمومی اور
ضمنی حکم میں شامل ہے۔

وثانیاً خطبہ سے اگر جمعہ کا خطبہ مراد ہو تو امام بغویؒ کے حوالہ سے پہلے عرض کیا جا چکا ہے کہ
جمعہ کی فرضیت مدینہ میں ہوئی ہے اور آیت مکّی ہے۔ اور امام ابن جریرؒ لکھتے ہیں کہ جمعہ کی فرضیت
سنہ ۲ھ میں ہوئی ہے حالانکہ آیت مذکورہ بالاتفاق مکّی ہے اور مولانا عبدالصمدؒ لکھتے ہیں کہ جو لوگ
اس آیت کا شانِ نزول خطبہ بتلاتے ہیں وہ سخت غلطی پر ہیں کیونکہ یہ آیت مکّی ہے اور خطبہ کا
حکم مدینہ میں ہوا ہے۔ (اعلام الاعلام ص ۱۸۹) اور اگر خطبہ سے مراد عید کا خطبہ ہے تو وہ بھی صحیح
نہیں کیونکہ عید کی نماز کا حکم بھی مدینہ طیبہ میں ہوا تھا۔ (طبری ص ۱۲۸۱)

وثالثاً۔ اگر بالفرض یہ تسلیم بھی کر لیا جائے کہ اس آیت کا شانِ نزول جمعہ یا عید کا خطبہ ہے
تو اس سے نماز کو بالیقین خارج کرنا کیونکر صحیح ہو سکتا ہے؟ جب کہ امت کا ایک معتد بہ طبقہ
اس کا قائل ہے کہ اسبابِ نزول میں تعدد بھی جائز ہے جیسا کہ شیخ عبدالرحمٰن بن حسنؒ نے اس
کی تصریح کی ہے۔ (فتح المجید شرح کتاب التوحید ص ۵۱)

اور صحیح[1] احادیث سے اس کی تائید بھی ہوتی ہے۔ لہٰذا اگر اس کا شان نزول خطبہ بھی ہو اور نماز بھی ہو تو اس میں کیا قباحت ہے ؟ اور یہ پہلے لکھا جا چکا ہے کہ اعتبار عموم الفاظ کا ہوگا نہ کہ خصوص سبب کا۔ الحاصل یہ اعتراض نقلاً و عقلاً ہر لحاظ سے مردود ہے اور ایک بھی صحیح روایت اس کی تائید نہیں کرتی کہ آیت مذکورہ کا شان نزول خطبہ ہے۔ روایات پر بحث اپنے مقام پر آئے گی۔ رہی یہ بات کہ یہ نظریہ امام بیہقیؒ ایسے مشہور امام کا ہے تو یہ کوئی وزنی دلیل نہیں ہے۔ چنانچہ مبارکپوری صاحبؒ ایک مقام پر تحریر کرتے ہیں کہ امام بیہقیؒ اگرچہ ایک مشہور محدث ہیں۔ مگر ان کا کوئی قول بلا دلیل معتبر نہیں ہو سکتا۔ (بلفظہٖ تحقیق الکلام جلد ۲، ص ۱۳۲)

---

[1] مثلاً بخاری جلد ۲ ص ۶۸۶ و مسلم جلد ۱ ص ۱۸۳ و ابو عوانہ جلد ۲ ص ۱۲۳ و نسائی جلد ۱ ص ۱۱۶ اور مسند احمد جلد ۱ ص ۲۱۵ وغیرہ میں آیت ولا تجھر بصلوتک ولا تخافت بھا … الآیۃ کا شان نزول نماز بیان کیا گیا ہے۔ اور بخاری جلد ۲ ص ۹۸۶ و مسلم جلد ۱ ص ۱۸۳ اور ابو عوانہ جلد ۲ ص ۱۲۳ میں اسی آیت کا شان نزول دعا بتلائی گئی ہے اور محققین کی تصریح ہے کہ یہ تعدد اسباب نزول کا واضح ثبوت ہے۔

فائدہ: یہ تو آپ پہلے پڑھ چکے ہیں کہ آیت مذکورہ کا صحیح اور حقیقی شان نزول نماز اور صرف نماز ہے۔ اور جن حضرات نے یہ کہا ہے کہ اس آیت کا شان نزول خطبہ ہے تو وہ صرف اس مفہوم کے اعتبار سے کہ اس آیت کا مضمون عموم الفاظ کے لحاظ سے خطبہ کو بھی شامل ہے۔ گویا یہ بھی اس کا شان نزول ہے۔ چنانچہ امام سیوطیؒ (تفسیر اتقان جلد ۱ ص ۳۱ میں) اور شاہ ولی اللہ صاحبؒ (الفوز الکبیر ص ۲۲ میں) اور نواب صدیق حسن خاں صاحبؒ لکھتے ہیں: "وقصہ آنست کہ معنی آیت خود تمام است بغیر احتیاج و افستان حادثہ کہ سبب نزول شدہ است و حکم عموم لفظ راست نہ خصوص سبب را قدمائے مفسرین بقصد احاطہ آثار مناسبہ بآں آیت یا بقصد بیان ما صدق آں عموم آں قصہ را ذکر کردہ اند ایں قسم را ذکر کردن ضرور نیست۔ و صحابہؓ و تابعینؒ بسیار بود کہ نزلت فی کذا و کذا می گفتند و غرض ایشاں تصویر ما صدق آں آیت بود و ذکر بعض حوادث کہ آیت آں را بعموم خود شامل شدہ است خواہ ایں قصہ متقدم باشد یا متاخر و خواہ اسرائیلی باشد ……… یا جاہلی یا اسلامی تمام قیود آیت را در گرفتہ باشد یا بعض آں را و ازیں جا دانستہ شد کہ اجتہاد را دریں قسم دخلی ہست و قصص متعددہ را آں جا گنجائش پس ہر کہ ایں نکتہ مستحضر دارد حل مختلفات سبب نزول باونی عنایت میتواں نمود۔ (اکسیر ص ۱۹) بہر حال شان نزول اس مقام میں گو نماز ہے لیکن خطبہ بھی ما صدق آں آیت کا مصداق ہے۔

چوتھا اعتراض

مُبارکپوری صاحبؒ لکھتے ہیں کہ آیت واذا قری القرآن .... الآیۃ قرآن کریم کی دوسری آیت فاقرؤا ماتیسر من القرآن .... الآیۃ سے منسوخ ہے۔ لہٰذا اس سے مسئلہ خلف الامام کیسے ثابت ہوگا اور اس دعویٰ کے دلائل یہ ہیں:

۱۔ امام ابو نصر مروزیؒ (المتوفی سنہ ۲۹۴ھ) لکھتے ہیں کہ آیت فاقرؤا .... الآیہ مدینہ میں نازل ہوئی ہے کیونکہ اس آیت میں جہاد اور قتال کا حکم ہے اور جہاد کی فرضیت مدینہ میں ہوئی ہے۔ (قیام اللیلؒ)

۲۔ امام سیوطیؒ نقل کرتے ہیں کہ باقی تمام سورۃ مزمل مکہ مکرمہ میں نازل ہوئی ہے۔ مگر فاقرؤا ما تیسر ... الآیۃ (تفسیر اتقان جلد ۱ ص ۱۳)

۳۔ حافظ ابن حجرؒ لکھتے ہیں کہ زکوٰۃ مدینہ طیبہ میں فرض ہوئی ہے اس کی دلیل یہ ہے کہ روزے بالاتفاق مدینہ فرض ہوئے ہیں اور حضرت قیسؓ بن سعد فرماتے ہیں کہ زکوٰۃ کی فرضیت سے قبل ہمیں صدقۂ فطر ادا کرنے کا حکم تھا۔ جب زکوٰۃ فرض ہوئی تو نہ ہمیں فطرانہ ادا کرنے کا تاکیدی حکم دیا گیا اور اور نہ اس سے منع کیا گیا۔ (فتح الباری جلد ۳ ص ۱۱) اور اس آیت فاقرؤا ماتیسر ...... الآیۃ میں زکوٰۃ کا حکم بھی ہے۔ اور زکوٰۃ صدقۂ فطر کے بعد فرض ہوئی اور صدقۂ فطر صوم رمضان کا تتمہ ہے۔ اس سے معلوم ہوا کہ آیت فاقرؤا ماتیسر ... الآیۃ مدنی ہے۔ لہٰذا یہ ناسخ اور آیت واذا قری القرآن ... الآیۃ منسوخ ٹھہری اور منسوخ آیت سے استدلال اور احتجاج باطل ہے۔

(او کما قال تحقیق الکلام ۲ ص ۳۶)

جواب: یہ دعویٰ بھی قطعاً باطل اور بے بنیاد ہے۔ ترتیب وار ہر ایک شق کا جواب ملاحظہ فرمائیں۔

پہلی شق کا جواب: حافظ ابن حجرؒ لکھتے ہیں کہ امام ابو نصرؒ کا یہ دعوےٰ غلط ہے۔ اس لیے کہ تمام اہل اسلام اس پر متفق ہیں کہ سورۃ مزمل کی آخری آیت بھی مکی ہے۔ امام ابو نصرؒ کو قتال اور جہاد کے حکم سے جو شبہ ہوا ہے۔ وہ مردود ہے۔ کیونکہ اس میں ارشاد یوں ہوتا ہے۔

لہ ان کی یہ روایت نسائی جلد ۱ ص ۲۶۹، ابن ماجہ ص ۱۳۲، طیالسی ص ۱۶۸ اور مستدرک جلد ۱ ص ۴۱۰ وغیرہ میں مروی ہے۔

عَلِمَ اَنْ سَيَكُوْنُ مِنْكُمْ مَّرْضٰى وَاٰخَرُوْنَ يَضْرِبُوْنَ فِي الْاَرْضِ ... الاٰية

اللہ تعالیٰ کو علم ہے کہ عنقریب تم میں بعض آدمی بیمار ہوں گے اور بعض دیگر اللہ تعالیٰ کے راستہ میں نکلیں گے۔

اور بیماری و سفر میں پابندی کے ساتھ تہجد کی نماز ادا نہیں ہو سکے گی۔ اس کی تاکید اللہ تعالیٰ نے ساقط کر دی ہے اور اس آیت میں سَيَكُوْنُ (حرف سین جو استقبال کے لیے آتا ہے) سے خوشخبری سنا کر وجود[1] مشقت سے پہلے ہی تہجد کی نماز کی فرضیت ساقط کر دی گئی ہے۔ اس سے یہ کیونکر ثابت ہوا کہ جہاد اور قتال کا حکم اس وقت نازل ہو چکا تھا؟ بہر حال آیت مکہ مکرمہ میں نازل ہوئی ہے اور اس میں زمانہ مستقبل میں جہاد اور قتال کے حکم کی خوشخبری سنائی گئی ہے اگر امام ابو نصرؒ سیکون میں حرف سین پر ہی نگاہ ڈال لیتے جو استقبال کے لیے آتا ہے تو ایسی فاحش غلطی کا ارتکاب نہ کرتے اور نہ اس آیت کو مدنی کہنے پر مجبور ہوتے۔ (فتح الباری جلد ۱ ص ۳۹۲)

دوسری شق کا جواب: امام سیوطیؒ نے یہ قول نقل کیا ہے لیکن پورے زور کے ساتھ اس کی تردید بھی کی ہے اور لکھتے ہیں کہ جو لوگ یہ کہتے ہیں کہ سورۃ مزمل کی آخری آیت مدینہ میں نازل ہوئی ہے تو وہ غلط فہمی کا شکار ہیں۔ کیونکہ حضرت عائشہ[2] رضی اللہ عنہا سے روایت ہے کہ سورۃ مزمل کا آخری حصہ پہلے حصہ کے نزول کے پورے ایک سال بعد نازل ہوا ہے۔ (تفسیر اتقان جلد ۱ ص ۳۸) اور سورۃ مزمل قرآن کریم کی ابتدائی سورتوں میں سے ایک ہے چنانچہ مبارک پوری صاحب لکھتے سب سے پہلے سورۃ قلم نازل ہوئی اور اس کے بعد سورۃ مزمل۔ (تحقیق الکلام جلد ۲ ص ۲۸)

---

[1] اگر کسی کو یہ شبہ ہو کہ وجود مشقت سے قبل تنسیخ صحیح نہیں یا اس میں تردد ہو تو اس کو معراج کی وہ طویل حدیث پڑھنی چاہیے جس میں پچاس نمازوں کی فرضیت کے بعد وجود مشقت سے قبل ہی باقی سب نمازیں معاف کر کے صرف پانچ ہی باقی رکھی گئی ہیں۔

[2] ان کی یہ روایت مسلم جلد ۱ ص ۲۵۶، نسائی جلد ۱ ص ۱۸۲، ابو عوانہ جلد ۲ ص ۳۲۲ اور مستدرک جلد ۱ ص ۵۰۴ وغیرہ میں صحیح سند کے ساتھ مروی ہے اور اسی مضمون کی روایت حضرت ابن عباسؓ سے بھی مروی ہے۔ مستدرک جلد ۲ ص ۵۰۵ و سنن الکبریٰ جلد ۲ ص ۵۰۰۔ الغرض یہ صحیح روایتیں ابن عمرؓ کی اس روایت سے جس میں یونس بن حبیبؒ وغیرہ راوی موجود ہیں جن کا اتا پتا کتب رجال سے نہیں ملتا۔ بدرجہا زیادہ قابل اعتماد ہیں۔

جب صحیح روایت سے یہ ثابت ہو گیا کہ سورۃ مزمل من وعن سب کی ہے تو اس کو مدنی کہنا کیونکر صحیح ہو سکتا ہے ؟

تیسری شق کا جواب : یہ دعویٰ کرنا کہ زکوٰۃ کی فرضیت مدینہ میں ہوئی صحیح نہیں ہے حقیقت یہ ہے کہ نفس زکوٰۃ کا حکم مکہ مکرمہ میں نازل ہو چکا تھا کیونکہ سورۃ مومنون، سورۃ حم سجدہ اور سورۃ لقمان وغیرہ تمام کی سورتوں میں زکوٰۃ کا حکم موجود ہے پھر یہ کس طرح صحیح ہو سکتا ہے کہ زکوٰۃ مکہ میں فرض نہیں ہوئی تھی۔ باقی یؤتون الزکوٰۃ کو تزکیہ نفس پر محمول کرنا تاویل بعید اور توجیہ رکیک کے علاوہ کچھ نہیں ہے اور حضرت جعفر طیار رضؓ نے دربار نجاشیؓ میں جو تقریر کی تھی[1] اس میں زکوٰۃ کا ذکر موجود ہے حالانکہ مہاجرین حبشہ ۵ھ نبوت میں ہجرت کر گئے تھے ۔ (طبری ص ۱۱۱۸، زاد المعاد جلد ۲ ص ۹۱)

امام الائمہ ابن خزیمہؒ المتوفی ۳۱۱ھ کہتے ہیں کہ زکوٰۃ مکہ مکرمہ میں فرض ہو چکی تھی۔ (فتح الباری ج۳ ص۲۱۱)

امام رازیؒ لکھتے ہیں کہ زکوٰۃ مکہ میں فرض ہو چکی تھی۔ (تفسیر کبیر جلد ۴ ص ۲۳۵) سید آلوسیؒ لکھتے ہیں کہ اکثر علما کی تحقیق یہ ہے کہ زکوٰۃ مکہ میں فرض ہو چکی تھی۔ (روح المعانی جلد ۹ ص ۱۴۱) حافظ ابن کثیرؒ لکھتے ہیں کہ سورۃ مزمل کی آخری آیت ان لوگوں کی تائید کرتی ہے جو یہ کہتے ہیں کہ نفس زکوٰۃ تو مکہ میں فرض ہو چکی تھی لیکن اس کے نصاب اور مقدار کی تعیین مدینہ طیبہ میں ہوئی ہے۔

(تفسیر ابن کثیر جلد ۴ ص ۴۳۹)

حضرت ابن عمر رضؓ کے بیان سے معلوم ہوتا ہے کہ زکوٰۃ کی مقدار اور تعیین نصاب سے پہلے اپنی ضرورت سے زائد سب مال صرف کر دینے کا حکم تھا۔ (فتح الباری جلد ۳ ص ۲۱۶) اس تحقیق کو پیش نظر رکھنے کے بعد حضرت قیس رضؓ بن سعد کی روایت کا مطلب یہ ہو گا کہ زکوٰۃ کے نصاب اور مقدار کی تعیین سے قبل صدقہ فطر[2] کی اس لیے تاکید کی جاتی تھی تاکہ فقراء اور مساکین کی امداد اور اعانت

---

[1] یہ روایت ابو داؤد جلد ۱ ص ۱۹۶ میں مختصراً اور مسند احمد جلد ۵ ص ۲۹۱ اور مستدرک جلد ۲ ص ۳۱۰ وغیرہ میں مفصلاً موجود ہے۔ قال الحاکمؒ والذہبیؒ علی شرطہما۔

[2] یہ بات بھی نہ بھولیے کہ صحابہ کرامؓ کی مکی زندگی اور مدینہ طیبہ کا ابتدائی دور غربت اور افلاس کا دور تھا اس میں زکوٰۃ کے نصاب اور مقدار کا سوال ہی پیدا نہیں ہوتا۔ لہٰذا صدقہ فطر کے تاکیدی حکم سے اس کی تلافی کر دی گئی تھی۔

بخوبی ہو سکے اور جب ۸ھ کے لگ بھگ زکوٰۃ کا نصاب اور مقدار مقرر ہوئی تو صدقہ فطر کا وہ تاکیدی اور فرضی حکم باقی نہ رہا۔ گو روزہ و صدقہ فطر کا حکم اور زکوٰۃ کا نصاب اور مقدار کی تعیین مدینہ طیبہ میں ہوئی اور صدقہ فطر بعض ائمہؒ کی تحقیق میں اب بھی واجب ہے مگر فرض نہیں۔

اس بحث کو ملحوظ نظر رکھتے ہوئے مبارک پوری صاحبؒ کی ستم ظریفی دیکھیے کہ وہ کس بے باکی سے یہ لکھتے ہیں کہ اندرونی اور بیرونی شہادتوں سے معلوم ہوتا ہے کہ فاقرؤا ما تیسّر.. الآیۃ مدنی ہے۔ (تحقیق الکلام جلد ۲ ص ۱۳۶) فوا اسفا آپ دلائل واضحہ کے ساتھ یہ معلوم کر چکے ہیں کہ اندرونی اور بیرونی عقلی اور نقلی شہادتوں سے فاقرؤا ما تیسّر.... الآیۃ کا مکی ہونا ثابت ہو چکا ہے۔

پانچواں اعتراض

مبارک پوری صاحبؒ لکھتے ہیں کہ اگر یہ بات تسلیم بھی کر لی جائے کہ فاقرؤا ما تیسّر... الآیۃ سے واذا قرئ القرآن.. الآیۃ منسوخ نہیں۔ لیکن اس میں نسخ کا احتمال تو موجود ہے۔ جب اس میں یہ احتمال موجود ہے تو اس سے استدلال کیسے؟ (تحقیق الکلام جلد ۲ ص ۱۳۶)

جواب: یہ اعتراض بھی مردود ہے۔

اولاً۔ اس لیے کہ نسخ کا مسئلہ بڑا اہم ہے۔ وہ محض بے بنیاد احتمالات سے ثابت نہیں ہو سکتا بلکہ اس کے اثبات کے لیے قطعی، محکم اور اٹل دلائل کی ضرورت ہے اور صرف ظن اور تخمین سے قرآن کریم کی کوئی آیت منسوخ نہیں ہو سکتی۔

وثانیاً۔ یہ احتمال صرف مبارکپوری صاحبؒ کے خیال مبارک میں ہی آیا ہے یا امام احمدؒ بن حنبلؒ، حافظ ابن عبد البرؒ اور شیخ الاسلام ابن تیمیہؒ وغیرہ بلکہ جمہور سلف و خلفؒ کو بھی یہ نکتہ ہاتھ آیا ہے؟ اگر یہ احتمال کسی دلیل و برہان پر مبنی ہوتا تو جمہور اہل اسلام کا اس آیت سے استدلال کیسے صحیح ہوتا؟ اور باوجود ان حضرات کے علم کی گہرائی کے اس احتمال کی طرف ان کا ذہن کیوں نہ گیا؟

وثالثاً۔ خود مبارکپوری صاحبؒ لکھتے ہیں کہ آیت فاقرؤا ما تیسّر سے قرأت کی فرضیت ثابت نہیں ہو سکتی۔ (تحفۃ الاحوذی جلد ۱ ص ۲۰۷) تو اس آیت سے ہر ہر مقتدی کی قرأت کے وجوب پر استدلال کیونکر درست ہوا؟ اور آیت واذا قرئ القرآن... الآیۃ اس سے منسوخ کیسے ٹھہری؟ کیونکہ اس میں استماع اور انصات کا حکم سب مقتدیوں پر بہر حال واجب اور

لازم ہے اور خاقرؤا سے فرضیت ہی ثابت نہیں ہے۔

ورابعًا۔ مبارک پوری صاحبؒ لکھتے ہیں کہ سورۂ مزمل پہلے نازل ہوئی ہے۔ (جس میں فاقرؤا ماتیسّر کی آیت ہے) اور سورۂ اعراف بعد کو نازل ہوئی ہے (جس میں واذا قرئ القرآن ... الآیۃ ہے۔ (تحقیق الکلام جلد ۲ صـ۲۹) اور پہلے ثابت کیا جاچکا ہے کہ مزمل کا آخری حصہ بھی مکی ہے اور اول وآخر میں صرف ایک سال کا وقفہ ہے۔ پھر محض خیال سے متاخر سورت کو متقدم سے منسوخ کرنے کا کیا مطلب ؟

وخامسًا۔ نواب صاحبؒ سورہ اعراف کے متعلق لکھتے ہیں کہ دروے یک آیت یا دو آیت منسوخ است باقی ہمہ محکم۔ اوّل۔ خذ العفو وأمر بالعرف۔ دوم۔ واعرض عن الجٰھلین (افادۃ الشیوخ ص ۶۵) تو محکم آیات کے منسوخ ہونے کا کیا معنٰی ؟

چھٹا اعتراض : مولانا میر صاحب سیالکوٹی رح لکھتے ہیں کہ ان دونوں آیتوں میں احناف کے نزدیک تعارض ہے۔ جیسا کہ ملّا جیونؒ اور صاحب تلویحؒ نے لکھا ہے۔ لہٰذا اس تعارض کے ہوتے ہوئے استدلال صحیح نہیں ہو سکتا۔ (تفسیر واضح البیان ص ۲۳۸) مبارک پوری صاحبؒ نے بھی اس کا تذکرہ کیا ہے۔ (تحقیق الکلام جلد ۲ ص ۴۸، ابکار المنن ص ۱۴۸ وتحفۃ الاحوذی جلد ۱ ص ۲۵۸)

جواب :

بلاشک ملّا جیون حنفی تھے لیکن مدار صرف دلائل پر ہے شخصیتوں پر نہیں ہے اور تلویح کے مصنف علامہ سعدالدین تفتازانیؒ (المتوفی ۷۹۱ ھ) حسب تصریح علامہ حسن چلپیؒ (المتوفی ۸۸۶ھ) وعلامہ سیوطی رح (المتوفی ۹۱۱ ھ) وعلامہ محمود الکفوی رح (المتوفی ۹۹۰ ھ) وعلامہ کاتب چلپی رح (المتوفی ۱۰۶۷ ھ صاحب کشف الظنون) شافعی المسلک تھے۔ احناف میں ان کا شمار غلط ہے لیکن دیکھنا یہ ہے کہ تعارض کے لیے شرائط کیا ہیں ؟ حافظ ابن حجر رح (شرح نخبۃ الفکر ص ۴۷ میں) بیان کرتے ہیں کہ تعارض کی شرطیں یہ ہیں :

۱۔ دونوں حکموں کا محل ایک ہو۔

۲۔ تقدم اور تاخر معلوم نہ ہو سکے۔

۳- ایک کو دوسرے پر ترجیح نہ دی جاسکے۔

۴- دونوں میں تطبیق نہ ہوسکے۔ مگران دونوں آیتوں میں تعارض کی ایک شرط بھی موجود نہیں ہے۔

دونوں کا محل جُدا جُدا ہے: ہم عرض کر چکے ہیں کہ حضرت ابن عباسؓ وغیرہ تصریح کرتے ہیں کہ آیت واذا قرئ القرآن کا شانِ نزول فرضی نماز ہے اور آیت فاقرؤا ما تیسّر کا محل نماز تہجد ہے جیسا کہ ابوداؤد جلد ا ص ۱۹۲ اور عون المعبود جلد ا ص ۵۰۳ وغیرہ میں اس کی تصریح ہے اور امام بیہقی رح لکھتے ہیں: وھذا معروف مشھور فیما بین اھل العلم۔ (کتاب القرأۃ ص ۱۵۳) اور یہ امر اہل علم میں مشہور و معروف ہے اور حافظ ابن قیمؒ رح لکھتے ہیں کہ یہ آیت صلاۃ تہجد کے بارے میں نازل ہوئی ہے۔ (اعلام الموقعین جلد ۲ ص ۳۷۸) خطیب شربینیؒ جو بڑے پایہ کے مفسر تھے لکھتے ہیں کہ اس آیت کا شان نزول تہجد کی نماز ہے۔ (السراج المنیر جلد ۴ ص ۴۴۸) علامہ ابوالسعودؒ لکھتے ہیں کہ یہ صلاۃ تہجد کے بارے میں ہے۔ (تفسیر ابوالسعود بر کبیر جلد ۸ ص ۴۸۵) مبارک پوری صاحبؒ بھی صاحبِ روح المعانی سے یہ مضمون نقل کرتے ہیں (تحفۃ الاحوذی جلد ا ص ۲۰۷)۔ قاضی شوکانیؒ لکھتے ہیں کہ نزلت فی قیام اللیل فلیست مما نحن فیہ (نیل جلد ۲ ص ۲۱۸) یعنی یہ آیت نماز تہجد کے بارے میں نازل ہوئی ہے اور ہمارے اس مسئلہ سے (کہ سورۃ فاتحہ رکن ہے یا جہاں سے بھی پڑھ لیا جائے صحیح ہے) اس کا کوئی تعلق نہیں ہے اور لطف کی بات یہ ہے کہ خود مولانا میر صاحبؒ لکھتے ہیں کہ سورہ مزمّل کا یہ رکوع نماز تہجد میں تخفیف کے لیے اترا ہے۔ (تفسیر واضح البیان ص ۳۴۴۳) جب ایک آیت کا محل فرضی نماز ہے اور دوسری کا تہجد کی نماز ہے تو پھر تعارض کیسے؟ کیونکہ تعارض کے لیے وحدت محل شرط ہے جو یہاں مفقود ہے۔

دونوں کا تقدم اور تاخر: پہلے پوری تحقیق گذر چکی ہے کہ ان کے تقدم اور تاخر کا علم ہے اور تو اور خود مبارک پوری صاحبؒ کو بھی اقرار ہے کہ سورۃ مزمّل پہلے اور سورۃ اعراف بعد کو نازل ہوئی ہے۔ سو تعارض کی یہ شرط بھی نہ پائی گئی۔

وجہ ترجیح :

اگر بالفرض دونوں کا محل بھی ایک ہوتا اور تقدم و تاخر بھی معلوم نہ ہوتا تب بھی واذا قرئ القرآن ... الآیۃ کے حکم کو ترجیح ہوتی۔ کیونکہ صحیح روایات اور آثار اور جمہور سلف و خلف کی اکثریت سے یہ بات ثابت ہوچکی ہے کہ اس آیت میں مقتدی کو قرآت خلف الامام سے منع کیا گیا ہے ترجیح کے لیے یہ دلیل کیا کم وزنی ہے ؟

جمع و تطبیق : علاوہ بریں ان دونوں آیتوں میں جمع و تطبیق بھی چنداں دشوار اور مشکل نہیں ہے کیونکہ واذا قرئ ... الآیۃ مقتدی کے حق میں ہے جو با جماعت فرض نماز پڑھتا ہو اور فاقرؤا ما تیسّر تہجد کی نماز کے بارے میں ہے جو انفرادی طور پر پڑھی جاتی ہے اور یہ بھی ممکن ہے کہ پہلی آیت صرف سورۃ فاتحہ کو شامل ہو کیونکہ قرآن العظیم کا اطلاق اسی پر ہوا ہے اور فاقرؤا ما تیسّر سے ما زاد علی الفاتحہ مراد ہو۔ چنانچہ امام بیہقیؒ لکھتے ہیں : کہ حضرت ابن عباس رضؓ سے بسند صحیح یہ روایت مروی ہے کہ فاقرؤا ما تیسّر سے ما زاد علی الفاتحہ مراد ہے۔ (کتاب القرأۃ ص ۶، ص ۱۵۳، ۱۵۴) اور امام دارقطنیؒ حضرت ابن عباسؓ سے باسناد حسن اسی مضمون کی روایت نقل کرتے ہیں اور پھر فرماتے ہیں کہ اس میں ان لوگوں کے لیے حجت ہے جو یہ کہتے ہیں کہ فاقرؤا ما تیسّر ما زاد علی الفاتحہ پر محمول ہے۔ (دارقطنی جلد ۱ ص ۱۲۹) اور میر صاحبؒ لکھتے ہیں کہ الغرض آیت فاقرؤا ما تیسّر میں اگر قرآت سے مراد قرآت القرآن فی الصلوٰۃ مراد لی جائے تو اس سے مراد فاتحہ کے بعد کی قرآت ہے۔ (واضح البیان ص ۴۴۵)

اور چونکہ فریق ثانی کے نزدیک بھی ما زاد علی الفاتحہ کی قرأۃ مقتدی کے لیے ممنوع ہے۔ لہٰذا اس سے مراد صرف منفرد ہوگا اور یہ بھی ممکن ہے کہ فاقرؤا ما تیسّر کا حکم امام کے لیے ہو۔ اور واذا قرئ القرآن صرف مقتدی کے لیے۔ اندریں حالات جب جمع و تطبیق کی صحیح صورتیں بھی سامنے موجود ہیں تو تعارض کا دعوٰے بالکل باطل ہوگیا۔

ساتواں اعتراض :

مولانا مبارک پوری صاحب لکھتے ہیں کہ آیت واذا قرئ القرآن ..... الآیۃ پہلا

جواب خود حنفی دیوبندی[1] کے قلم سے کہ جو شخص اس آیت سے خلف الامام کے منسوخ ہونے پر استدلال کرتا ہے اسے یہ ثابت کرنا ہوگا کہ یہ آیت افتراض صلوٰتِ خمسہ کے بعد نازل ہوئی ہے۔ (تحقیق الکلام جلد ۲ ص ۲۵)

جواب

کیا قرآت خلف الامام کی ممانعت اور افتراض صلوٰت خمسہ میں کوئی علت اور معلول کا تلازم یا عرفی اور عادی تعلق ہے؟ کیا قرآنِ کریم کی تعظیم کے پیش نظر قرآت خلف الامام کی ممانعت صرف اسی صورت میں ہو سکتی ہے کہ پانچ نمازیں ہی فرض ہوں۔ پانچ سے کم نمازوں میں یہ ممکن نہیں ہے؟ پہلے عرض ہو چکا ہے کہ دارو مدار دلائل پر ہوتا ہے نہ کہ شخصیتوں پر۔ شخصیتیں قابل صد احترام ہیں مگر صحت وسقم کا مبنیٰ دلائل ہیں۔

آٹھواں اعتراض

مبارک پوری صاحبؒ لکھتے ہیں کہ آیت واذا قرئ القرآن مکی ہے اور امام کے پیچھے قرآت کرنے کا حکم مدینہ طیبہ میں ہوا ہے۔ لہٰذا متقدم حکم سے متاخر حکم کے خلاف استدلال درست نہیں ہو سکتا۔ اور مدینہ میں قرآت خلف الامام کے جواز پر یہ دلیلیں موجود ہیں:

۱۔ حضرت ابوہریرہ رضؓ کا قول ہے کہ جو شخص امام کے پیچھے سورۂ فاتحہ نہ پڑھے، اس کی نماز نہیں ہوتی (موطا امام مالک ص ۲۹)

۲۔ حضرت ابوہریرہؓ روایت کرتے ہیں کہ ایک مرتبہ آں حضرت صلی اللہ تعالیٰ علیہ وآلہ وسلم نے حضرات صحابہ کرام رضؓ کو نماز پڑھائی اور جب فارغ ہوئے تو فرمایا۔ میرے پیچھے کس نے قرآت کی ہے؟ اس حدیث کے آخر میں فرمایا: امام کے پیچھے سورۂ فاتحہ کے بغیر اور کچھ بھی نہ پڑھا کرو۔ (کتاب القرآت ص ۵۱)

اور حافظ ابن حجرؒ لکھتے ہیں کہ اس پر اتفاق واجماع ہے کہ حضرت ابوہریرہ رضؓ سنہ ۷ھ میں مسلمان ہوئے تھے۔ (تلخیص الحبیر ص ۱۱۴)

---

[1] یہ مضمون انھوں نے اپنی مشہور کتاب الفرقان ص ۸۹ میں لکھا ہے اور اس کے مولف مولانا ناظر حسن صاحبؒ دیوبندی تلمیذ مولانا احمد علی صاحب سہارنپوری رحمۃ اللہ علیہما ہیں۔

۱۳- حضرت عبادہ رضؓ بن الصامت مدنی ہیں اور انھوں نے قرأت خلف الامام کا ذکر کیا ہے۔ (تحقیق الکلام جلد ۲ صفحہ ۲۵)

میر صاحب سیالکوٹی رح لکھتے ہیں کہ یہ بات ثابت شدہ ہے کہ احادیث مثبتہ قرأۃ خلف الامام آیت واذا قرئ القرآن کے بعد فرمائی گئی تھیں۔ کیونکہ عبادہ رضؓ مدنی ہیں اور حضرت ابوہریرہ رضؓ ۷ھ میں مسلمان ہوئے تھے۔ (تفسیر واضح البیان صفحہ ۲۲۵)

جواب - یہ اعتراض بھی محض بے کار ہے: اوّلاً - اس لیے کہ قرآن کریم کی کسی آیت اور حکم کو منسوخ ٹھہرانے کے لیے کسی محکم قطعی اور اٹل حکم کی ضرورت ہے۔ حضرت عبادہ رضؓ اور

لہ مبارک پوری صاحب نے بزعم خود بڑی دور اندیشی کا ثبوت دیا ہے اور لکھتے ہیں: اوّلاً - کہ اگرچہ حضرت عبادہ رضؓ بن الصامت بیعت عقبہ اولی (جو ۱۲ نبوت میں ہوئی تھی) اور بیعت عقبہ ثانیہ میں (جو ۱۳ نبوت میں ہوئی تھی) حاضر ہوئے تھے۔ لیکن ان کی حاضری سے (یعنی آنحضرت صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کی خدمت میں اسلام لانے کیلئے حاضری سے) سورۂ اعراف پہلے نازل ہو چکی تھی کیونکہ مجمع البحار جلد ۲ ص ۵۱۰ میں لکھا ہے کہ ۱۰ نبوت میں پہلے سورۂ جن نازل ہوئی اور پھر سورۂ اعراف الخ۔

وثانیاً - یہ کہ عقبہ اولی سے قبل نماز با جماعت مشروع ہی نہ تھی۔ اس لیے بہرحال حضرت عبادہ رضؓ کی حدیث کا یہ حکم آیت کے بعد ہی ہوگا۔ (تحقیق الکلام جلد ۲ ص ۲۸ محصلہ) مگر یہ تمام مقدمات مخدوش ہیں۔ اوّلاً - اس لیے حضرت عبادہ رضؓ کی خلف الامام کی قید کے ساتھ کوئی مرفوع روایت صحیح نہیں ہے۔ لہٰذا وہ مکی ہوں یا مدنی فرق کیا ہوگا؟

وثانیاً - حافظ ابن کثیر رح لکھتے ہیں کہ بیعت عقبہ اُولی رجب ۱۲ نبوت میں اور بیعت عقبہ ثانیہ ۱۳ نبوت میں ہوئی تھی۔ (البدایہ والنہایہ جلد ۳ ص ۱۵۹)

وثالثاً - امام نووی لکھتے ہیں کہ جماعت کے ساتھ نماز ابتدائے نبوت سے مشروع تھی۔ (شرح مسلم جلد ۱ ص ۱۸۲) حافظ ابن حجر رح لکھتے ہیں کہ نماز با جماعت ابتدائے اسلام سے مشروع تھا۔ (فتح الباری جلد ۳ ص ۷۰) مسلم جلد ۲ ص ۲۹۶ اور مستدرک جلد ۳ ص ۵۹۲ میں روایت ہے کہ حضرت ابوذر غفاری رضؓ مسلمان ہو کر جب اپنی قوم کے پاس گئے تو حضرت ایماء رضؓ بن رحضہ ان کو جماعت سے نماز پڑھایا کرتے تھے۔ حالانکہ حضرت ابوذر غفاری رضؓ سے قبل مردوں میں حضرت ابوبکر رضؓ اور حضرت بلال رضؓ (باقی اگلے صفحہ پر)

حضرت ابوہریرہ رضؓ کی اخبار احاد سے قرآن کریم کی آیت کیسے منسوخ ہو سکتی ہے۔[1]

وثانیاً۔ حضرت عبادہ رضؓ کی خلف الامام کی قید کے ساتھ کوئی روایت صحیح نہیں ہے۔ جیسا کہ اپنے مقام پر بیان ہو گا۔ پھر ایسی بے حقیقت، ضعیف کمزور اور معلول روایتوں نص قطعی کیونکر منسوخ ہو گئی؟ اور حضرت ابوہریرہ رضؓ سے موطا امام مالک ص ۲۹ میں کوئی روایت ایسی نہیں جس کا مفہوم یہ ہو کہ اگر مقتدی فاتحہ نہ پڑھے تو اس کی نماز باطل ہے رہی اُن کی مرفوع روایت خداج والی تو وہ موجود ہے اور ان کا قول اقرأ بہا فی نفسک یا فارسی بھی موجود ہے مگر اس کا مطلب بطلان صلوٰۃ نہیں ہے جس کی بحث جلد ثانی میں آرہی ہے انشاء اللہ تعالیٰ۔

وثالثاً۔ حافظ ابن حجرؒ لکھتے ہیں کہ کسی متاخر الاسلام صحابی کی روایت سے متقدم الاسلام صحابی کی روایت کو بلا دلیل محض تقدم و تاخر کی وجہ سے منسوخ نہیں قرار دیا جا سکتا۔ (شرح نخبۃ الفکر ص ۴۷) نہ معلوم متاخر الاسلام صحابی کی روایت سے نص قرآنی کیسے منسوخ ٹھہرائی جا سکتی ہے؟

ورابعاً۔ کیا صرف حضرت عبادہ رضؓ اور حضرت ابوہریرہ رضؓ ہی مدنی تھے یا حضرت ابوموسیٰ الاشعری رضؓ، حضرت جابرؓ بن عبداللہؓ، حضرت ابوالدرداء رضؓ، حضرت انسؓ بن مالک، حضرت زیدؓ بن ثابت، حضرت عبداللہؓ بن بُحینہ رضؓ اور حضرت ابوبکرہ رضؓ وغیرہ بلکہ خود حضرت ابوہریرہ رضؓ بھی جن سے قرأت خلف الامام کی ممانعت کی روایتیں مروی ہیں مدنی تھے؟

(بقیہ پچھلا صفحہ) اور بیبیوں میں صرف حضرت خدیجہ رضؓ مسلمان ہوئی تھیں۔ (تذکرہ جلد ۱ ص ۱ و اکمال ص ۵۹۳) مگر اس ابتدائی دور میں بھی جماعت ہوتی تھی۔

[1] نواب صاحبؒ لکھتے ہیں کہ ناسخ مثل منسوخ باشد در قوت بلکہ اقوی ازاں چہ در صورت ضعف مزیل قوی نہ تواند شد و ایں حکم عقل است و اجماع برآں دلالت کردہ چہ صحابہ رضؓ نص قرآن را بخبر واحد منسوخ نہ کردہ اند۔ (افادۃ الشیوخ بمقدار الناسخ والمنسوخ ص ۵)

حضرت مولانا عبدالحی صاحب لکھنوی رحمۃ اللہ علیہ علماء حنفیہ کا ضابطہ یہ بیان کرتے ہیں۔ ان تخصیص العام القطعی بخبر الاحاد غیر جائز..... الخ (غیث الغمام ص ۲۲۵) کہ عام قطعی کی تخصیص خبر واحد سے جائز نہیں ہے۔

وخامسًا۔ حضرت ابوہریرہ رضؓ کے موقوف اور غیر صریح قول سے نص قرآنی کس طرح منسوخ ہوسکتی ہے۔ جبکہ قاعدہ یہ ہے کہ مرفوع حدیث کے مقابلے میں امت میں سے کسی کا قول قابل قبول نہیں ہوسکتا چنانچہ امام شافعی رح فرماتے ہیں کہ جناب رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کے مقابلے میں ماوشما کے قول کی کیا وقعت ہے؟ (البدایہ والنہایہ جلد ۱۰ ص ۲۵۳)

امام ابن خزیمہؒ کا بیان ہے کہ حدیث کے مقابلہ میں کسی کی بات حجت نہیں ہوسکتی۔ یحییٰ بن آدمؒ فرماتے تھے کہ مرفوع حدیث صحیح کے مقابلہ میں کسی کا قول معتبر نہیں ہے۔ (معرفت علوم الحدیث ۸۴)

امام بخاری رح لکھتے ہیں کہ آں حضرت صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم سے جب حدیث ثابت ہو جائے تو پھر کسی امتی کا قول قابل اعتماد نہیں ہے (جزء القراۃ ص۱) امام بیہقی رح لکھتے ہیں کہ حضورؐ کی حدیث کے مقابلہ میں کسی امتی کا قول قابلِ اعتبار نہیں ہے۔ (سنن الکبریٰ جلد ۲ ص۱۱۳)

محدث ابن حزمؒ لکھتے ہیں کہ آں حضرت صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کے قول کی موجودگی میں کسی کی بات قابل قبول نہیں ہے (محلی جلد ۱۰ ص ۱۷۰) شیخ الاسلام ابن تیمیہؒ لکھتے ہیں کہ جب آں حضرت صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم سے کوئی بات ثابت ہو جائے تو پھر کسی کی بات حجت نہیں ہے۔ (رفع الملام عن ائمۃ الاعلام ص ۴۶) نواب صاحبؒ لکھتے ہیں: زیرا کہ حجت در روایت صحابی است نہ در رائے وفعل وے (بدور الاہلہ ص۲۸) اور دوسرے مقام پر لکھتے ہیں کہ علامہ شوکانی رح در مؤلفات خود ہزار بار می نویسد کہ در موقوفات صحابہ حجت نیست (دلیل الطالب ص۱۹)

عجیب بات ہے کہ ایک طرف تو فریق ثانی کے نزدیک قوفات صحابہؓ حجت نہیں ہیں اور دوسری طرف ان سے واذا قرئ القرآن کی آیت قرآنی منسوخ قرار دی جاتی ہے۔ فاسفاع: "میں وہ جواں ہوں شیشے سے پتھر کو توڑ دوں"

وسادسًا۔ حضرت ابوہریرہ رضی اللہ تعالیٰ عنہ کی جو روایت امام بیہقیؒ کے حوالہ سے نقل کی گئی ہے وہ کمزور اور ضعیف ہے، کیونکہ اس کی سند میں ایک راوی داہر بن نوح ہے۔ امام دارقطنی رح کہتے ہیں کہ وہ قوی نہیں۔ ابن حبان رح کہتے ہیں۔ اس کی روایتوں میں خطا ہوتی ہے۔ ابن قطانؒ کہتے ہیں کہ وہ مجہول ہے۔ (لسان المیزان جلد ۲ ص۴۱۳)

دوسرا راوی اس سند میں ربیع بن بدر ہے۔ امام بخاریؒ لکھتے ہیں کہ امام ابن قتیبہؒ اسکو ضعیف

کہتے تھے (ضعفاء صغیر صدا۲۱) امام نسائی رح اس کو متروک کہتے ہیں۔ (ضعفاء صغیر نسائی صد۲۲) حافظ ابن حجر لکھتے ہیں کہ وہ متروک تھا۔ (تقریب صد۱۲۱) امام ابن معین رح، ابوداؤد رح اور ابن عدیؒ وغیرہ اس کو ضعیف کہتے ہیں۔ (میزان الاعتدال جلد ا ص ۲۳۳) امام بیہقیؒ لکھتے ہیں کہ وہ ضعیف ہے۔ (کتاب القراۃ ص ۱۳۸) یعقوبؒ بن سفیانؒ اور ابن خراشؒ اسے متروک کہتے ہیں۔ جوزقانی رح اس کو واہی الحدیث اور ابوحاتمؒ اس کو ذاھب الحدیث اور ضعیف الحدیث کہتے ہیں۔ عجلیؒ محمدؒ بن عثمانؒ اور عثمانؒ ابن ابی شیبہ رح سب اس کی تضعیف کرتے ہیں۔ امام حاکم رح کا بیان ہے کہ ضعیف اور کمزور لوگوں سے موضوع اور جعلی روایتیں بیان کرتا تھا۔ ابن حبانؒ، دارقطنی رح اور ازدیؒ سب اسے متروک کہتے ہیں۔ (تہذیب التہذیب جلد ۳ ص ۲۳۹)

حضرات! آپ مبارک پوری صاحبؒ کی کرامت ملاحظہ کیجئے کہ اس روایت سے وہ واذا قرئ القرآن ... الآیۃ کو منسوخ قرار دینے پر اُدھار کھاتے بیٹھے ہیں۔ تعجب اور حیرت ہے ایسے علم پر۔

وسابعًا۔ کیا جمہور کی طرف سے یہ نہیں کہا جا سکتا ہے کہ ممکن ہے حضرت عبادہ رض وغیرہؓ بیعت عقبہ اولیٰ یا ثانیہ کے موقع پر قرآت خلف الامام کا حکم سنا ہو اور حضرت ابوہریرہ رض کی صحیح اور مرفوع حدیث واذا قرأ فانصتوا اور مالی انازع القرآن الحدیث سے وہ حکم منسوخ ہو گیا ہو۔ کیونکہ حضرت ابوہریرہؓ متاخر الاسلام ہیں اور ۷ھ کو مسلمان ہوتے تھے۔ حدیث، حدیث کے مقابل میں آگئی اور نص قرآنی محفوظ رہ گئی۔

وثامنًا۔ اگر محض احتمال کا نام ہی استدلال ہے تو کیوں نہیں ہو سکتا کہ حضرت عبادہؓ نے بیعت عقبہ اولیٰ یا ثانیہ میں یہ حکم سنا ہو اور آیت واذا قرئ القرآن مدینہ میں نازل ہوئی ہو۔ چنانچہ حافظ ابن کثیر رح تفسیر جلد ۴ ص ۲۵۴ میں اور نواب صدیق حسن خاں صاحبؒ اپنی تفسیر فتح البیان جلد ۳ ص ۳۹۳ میں لکھتے ہیں کہ سورہ اعراف مدنی ہے۔ کیونکہ اس سورت میں حضرت موسیٰ علیہ السلام اور ان کی اُمت یہود کا واقعہ پوری تفصیل کے ساتھ بیان ہوا ہے اور ظاہر ہے کہ یہود کا مرکز مدینہ طیبہ تھا نہ کہ مکہ مکرمہ، لہٰذا ثابت ہوا کہ یہ ساری سورت ہی مدنی ہے ——— ع

ہے یہ گنبد کی صدا جیسی کہو ویسی سنو

نواں اعتراض

امام بیہقیؒ لکھتے ہیں کہ آیت واذا قرئ القرآن کا شان نزول یہ ہے کہ حضرات صحابہ کرام رضؓ اقتدار کی حالت میں بلند آواز سے نماز میں تکلم کیا کرتے تھے۔ اس پر یہ آیت نازل ہوئی ہے اور اس کا ثبوت یہ ہے:

۱۔ محمد بن دینار کہتے ہیں۔ ہم سے ابراہیم ہجری نے بیان کیا۔ وہ ابو عیاض سے اور وہ حضرت ابو ہریرہؓ سے روایت کرتے ہیں۔ انھوں نے فرمایا کہ حضرات صحابہ کرام رضؓ نماز میں تکلم کیا کرتے تھے حتیٰ کہ واذا قرئ القرآن .... الآیۃ نازل ہوئی۔

۲۔ مؤمل بن اسمٰعیل حضرت ابو ہریرہ رضؓ سے یہی مضمون نقل کرتے ہیں۔

۳۔ عبداللہ بن عامر حضرت ابو ہریرہ رضؓ کی روایت بیان کرتے ہیں کہ صحابہؓ بلند آواز سے نماز میں گفتگو اور تکلم کیا کرتے تھے۔ یہاں تک کہ یہ آیت نازل ہوئی۔

۴۔ عاصم بن عمر حضرت ابن عباسؓ سے روایت کرتے ہیں کہ حضرات صحابہ کرام رضؓ نماز میں تکلم کیا کرتے تھے جس پر یہ آیت نازل ہوئی۔ اس سے معلوم ہوا کہ امام کے پیچھے ممانعت قرأت سے نہیں بلکہ تکلم اور رفع اصوات سے ہے اور تکلم فی الصلوٰۃ و رفع اصوات اور چیز ہے اور قرأت فی الصلوٰۃ الگ امر ہے۔ (کتاب القرأۃ صفحہ)

جواب: امام موصوفؒ کا یہ بیان باطل ہے۔

اولاً۔ اس لیے کہ صحیح اسانید سے پہلے یہ امر ثابت کیا جا چکا ہے کہ اس آیت کا شان نزول قرأت خلف الامام کا منفی پہلو ہے۔ عام تکلم اور رفع اصوات اس کا شان نزول نہیں ہے۔

وثانیاً۔ امام موصوف رحؒ نے جتنی روایتوں سے احتجاج کیا ہے۔ وہ سب ضعیف کمزور اور معلول ہیں۔ پہلی روایت میں ایک راوی محمد بن دینار ہے۔ امام ابن معینؒ، دار قطنیؒ اور نسائی رحؒ کہتے ہیں کہ وہ ضعیف ہے۔ عقیلی رحؒ کا بیان ہے کہ اس کی حدیث میں وہم ہوتا ہے۔ ابوداؤدؒ فرماتے ہیں کہ ان کا حافظہ آخر میں متغیر ہو چکا تھا۔ (تہذیب التہذیب جلد ۹ ص ۱۵۵)

دوسرا راوی اس کڑی کا ابراہیم ہجری ہے۔ امام ابن معینؒ، نسائیؒ، ابوزرعہؒ، ترمذیؒ، احمدؒ، سعدیؒ، حربیؒ اور ابو حاتمؒ سب اس کو ضعیف کہتے ہیں۔ امام بخاریؒ اور ابو حاتمؒ اس کو منکر

الحدیث کہتے ہیں۔ ابن عدیؒ کا بیان ہے کہ وہ قابل احتجاج نہیں۔ علیؒ بن الحسینؒ بن الجنیدؒ کہتے ہیں کہ وہ متروک ہے۔ (میزان جلد ا ص ۳۱، تہذیب التہذیب جلد ا ص ۱۶۵)

دوسری روایت میں مومل بن اسمٰعیل ہے۔ امام بخاریؒ فرماتے ہیں کہ وہ منکر الحدیث ہے۔ ابو حاتم رح اس کو کثیر الخطاء کہتے ہیں۔ ابن حبانؒ کا بیان ہے کہ ان کی روایات میں کثرت سے خطا ہوتی ہے۔ یعقوبؒ بن سفیانؒ فرماتے ہیں کہ اہل علم کو ان کی روایات سے اجتناب کرنا چاہیے کیونکہ وہ منکر روایتیں بیان کرتے ہیں۔ ساجیؒ اس کو کثیر الخطاء کہتے ہیں۔ دار قطنیؒ اور ابن سعدؒ اس کو کثیر الخطاء اور کثیر الغلط کہتے ہیں۔ ابن قانعؒ اس کو یخطئ سے تعبیر کرتے ہیں۔ محمدؒ بن نصرؒ مروزی اس کو سیئ الحفظ اور کثیر الخطاء کہتے ہیں۔ امام ابو زرعہؒ کہتے ہیں کہ وہ کثیر الخطاء ہے۔ (میزان الاعتدال جلد ۳ ص ۲۲۱، تہذیب التہذیب جلد ۱۰ ص ۳۸۰)

تیسری سند میں عبداللہ بن حامر ہے۔ امام احمدؒ، ابو زرعہ، ابو حاتم، نسائیؒ، ابوداؤدؒ، دار قطنیؒ محدث سعدیؒ سب اس کو ضعیف کہتے ہیں۔ امام ابن معینؒ ان کو لیس بشیئ اور ابو احمد الحاکم رح لیس بالقوی کہتے ہیں۔ ابن مدینیؒ اس کی ڈبل تضعیف کرتے ہیں (ضعیف ضعیف) ابو حاتمؒ اس کو متروک کہتے ہیں۔ امام بخاریؒ فرماتے ہیں کہ محدثین ان کے حافظ کی شکایت کرتے ہیں۔ (میزان جلد ۲ ص ۱۵ ولسان جلد ۳ ص ۳۰۲، تہذیب جلد ۵ ص ۲۷۵)

چوتھی روایت میں عاصم بن عمر ہے۔ امام احمدؒ، ابن معینؒ اور جوزقانیؒ اس کو ضعیف کہتے ہیں۔

لہ علامہ ذہبی رحمۃ اللہ علیہ کا بیان ہے کہ جس راوی سے متعلق امام بخاریؒ منکر الحدیث کہتے ہیں۔ اس سے حدیث روایت کرنا جائز نہیں۔ (میزان جلد ا ص ۵) اور اسی طرح طبقات سبکیؒ جلد ۲ ص ۹ اور تدریب الراوی ص ۲۳۵ میں ہے کہ امام بخاریؒ جس کو منکر الحدیث فرمائیں : لا تحل الروایۃ عنہ۔ ایسے راوی سے روایت بیان کرنا جائز اور حلال نہیں ہے۔

لطیفہ: فریق ثانی صحیح ابن خزیمہؒ کے حوالہ سے فوق الصدر کی جو روایت پیش کیا کرتا ہے اس کی سند میں بھی یہی مومل بن اسمٰعیل واقع ہے (دیکھئے اعلام الموقعین جلد ۳ ص ۹ اور بدائع الفوائد جلد ۳ ص ۹۱) کیا بعید ہے کہ اصل روایت تحت السرہ ہو اور مومل بن اسماعیل کی کثرت خطا کا نشانہ بن کر روایت فوق الصدر ہوگئی ہو ؎

نہ تم صدمے ہمیں دیتے نہ ہم فریادیوں کرتے ،
نہ کھلتے راز سربستہ نہ یہ رسوائیاں ہوتیں

امام بخاریؒ اس کو منکر الحدیث اور ترمذیؒ متروک کہتے ہیں۔ (میزان جلد ۲ ص ۴، تہذیب التہذیب جلد ۵ ص ۱۵) یہ ہیں وہ روایات اور آثار جن پر امام بیہقی رحؒ اپنے استدلال کی بنیاد رکھتے ہیں۔ فالی اللہ المشتکیٰ۔

وثالثًا۔ امام بیہقی رحؒ کی یہ غلطی ہے کہ وہ تکلم فی الصلوٰۃ سے صرف عام انسانی تکلم اور گفتگو مراد لیتے ہیں۔ حالانکہ تکلم کا مفہوم عام ہے جس میں قرأت قرآن، تسبیح، تہلیل، تحمید، تکبیر، نماز، خطبہ اور جملہ ادعیہ آجاتی ہیں۔ لہٰذا نہی عن التکلم فی الصلوٰۃ میں سورہ فاتحہ کی نہی بھی آجائے گی۔ کیونکہ عام کی نفی سے خاص کی نفی عین عقلی اور منطقی قاعدہ ہے۔ تکلم کا مادہ کلام اور کلمہ ہے۔ اور قرآن کریم میں متعدد مقامات اور مختلف مواضع میں کلام اللہ، کلمات ربی اور کلمات ربك وغیرہ کا قرآن کریم اور اس کی آیتوں پر اطلاق ہوا ہے۔ آں حضرت صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم فرماتے ہیں کہ جمعہ کے وقت امام کے منبر پر تشریف لانے سے قبل جتنی نماز کوئی پڑھنا چاہے پڑھے۔ ثم ینصت اذا تکلم الامام (بخاری جلد ۱ صـ۱۲۱) پھر جب امام آجائے اور تکلم کرے تو اس وقت وہ نمازی خاموش ہو جائے۔ اس حدیث میں جمعہ کے خطبہ پر تکلم الامام کا اطلاق ہوا ہے۔ خطبہ کیا ہے؟ آں حضرت صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے ارشاد فرمایا: وانما الخطبة هی قرأة القرآن (الحدیث مسند طیالسی صـ۹۵) خطبہ تو قرآن کریم کی تلاوت اور اس کی قرآت ہے۔ حضرت ام ہشام رضؓ فرماتی ہیں کہ میں نے سورۃ ق والقرآن المجید جناب رسول خدا صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم سے سن کر یاد کی ہے۔ آپ اسے ہر جمعہ کے خطبہ میں پڑھا کرتے تھے۔ (مشکوٰۃ جلد ۱ ص ۱۲۳ و مسلم جلد ۱ صـ۲۸۶) آخری تشہد میں درود شریف کے بعد کوئی متعین دعا شریعت نے نہیں بتائی۔ لیکن ادعیہ ماثورہ میں ربنا اٰتنا.... الآیۃ رب اجعلنی مقیم الصلوٰۃ.... الآیۃ۔ ربنا لا تزغ قلوبنا.... الآیۃ ربنا ظلمنا انفسنا...... الآیۃ وغیرہ وغیرہ بھی ادعیہ ثابت ہیں اور آپ نے ارشاد فرمایا ہے کہ آخری تشہد سے فارغ ہونے کے بعد ثم لیتخیر بعد من الکلام ما شاء (بخاری ۲ صـ۹۲۱) جو کلام بھی دل چاہے نمازی انتخاب کر لے۔ ایک شخص نے رکوع کی حالت میں الحمد للہ حمدًا کثیرًا طیبًا مبارکًا فیہ پڑھا تھا اور آپ نے فرمایا: من المتکلم (بخاری جلد ۱ صـ۱۱۰ و مسند احمد جلد ۳ صـ۱۰۶) متکلم کون تھا؟ ایک شخص نے یہ دعا کی تھی: اَللّٰهُمَّ ارْحَمْنِيْ وَمُحَمَّدًا وَلَا تَرْحَمْ

مَعۡنًا اَحَدًا ۔ وامام نسائیؒ اس پر ایک باب قائم کرتے ہیں ۔ باب الکلام فی الصلوٰۃ (جلد ۱ ص ۱۱۰) امام بخاری رح ایک باب بایں عنوان قائم کرتے ہیں:

اذا قال واللہ لا اتکلم الیوم فصلے او قرأ او سبح او کبر او حمد او ہلل فھو علی نیتہ ۔ (بخاری ۲ ص ۹۸۵)	اگر کسی شخص نے قسم اٹھائی کہ میں کلام نہیں کروں گا تو اگر اس نے نماز پڑھی یا قرآن کی تلاوت کی یا سبحان اللہ یا اللہ اکبر یا الحمد للہ یا لا الہ الا اللہ پڑھا تو یہ اس کی نیت پر موقوف ہے ۔

یعنی اگر وہ تکلّم سے قرأت قرآن وغیرہ مراد لے اور اس کی نیت کرے تو تکلّم کا اطلاق اس پر صحیح ہے اور وہ حانث ہوجائے گا ۔ قاضی شوکانی رح لکھتے ہیں:

فلا یجوز من الکلام الا ما خصّہ دلیل کصلوٰۃ التحیۃ ۔ (نیل الاوطار جلد ۳ ص ۱۵۲)	جب امام خطبہ پڑھ رہا ہو تو اس وقت کلام صحیح نہیں ہے ۔ مگر جس کو شرعی دلیل نے خاص کر دیا ہو جیسے صلوٰۃ تحیہ ۔

اس عبارت سے معلوم ہوا کہ قاضی صاحب موصوفؒ صلوٰۃ تحیہ پر کلام کا اطلاق صحیح تسلیم کرتے ہیں ۔ جب یہ امر پایۂ ثبوت کو پہنچ گیا کہ نہی عن التکلم قرأت قرآن وغیرہ پر مشتمل ہے تو امام بیہقیؒ کا یہ استدلال کہ نہی تو تکلم سے ہے ۔ تلاوت اور قرأت قرآن سے نہیں بالکل بے بنیاد ہے اور جیسے جہر کے ساتھ پڑھنے سے منازعت اور مخالجت ہوتی ہے ۔ اسی طرح آہستہ پڑھنے سے بھی ہوتی ہے ۔ جس کی تحقیق آگے آئے گی ۔ انشاء اللہ تعالیٰ ۔

وَرَابِعًا[۱] ۔ امام بیہقی رح نہی عن التکلم فی الصلوٰۃ ان ضعیف اور کمزور روایتوں سے ثابت کرتے ہیں ۔ حالانکہ صحیح روایت سے ثابت ہے کہ عام تکلّم فی الصلوٰۃ کی ممانعت

لہ محدثینؒ و مورخینؒ کا اس بات میں شدید اختلاف ہے کہ نہی عن التکلم فی الصلوٰۃ مکہ مکرمہ میں نازل ہوئی یا مدینہ طیبہ میں؟ حافظ ابن قیمؒ (زاد المعاد جلد ۲ ص ۹۱ میں) حافظ ابن کثیر رح (البدایہ والنہایہ جلد ۳ ص ۹۲ میں) اور قاضی ابو الطیب الطبریؒ (المتوفی ۴۵۰ھ دیکھیے بذل المجہود جلد ۲ ص ۹۵) اس کے مدعی ہیں ۔ کہ یہ ممانعت مکہ مکرمہ میں نازل ہوچکی تھی ۔ اور حاشیہ باقی اگلے صفحہ پر دیکھیے ۔

آیت قوموا للّٰہ قانتین سے ہوئی ہے جیسا کہ بخاری جلد ۱ صفہ ۱۶۰ و مسلم جلد ۱ ص ۲۰۴ میں حضرت زیدؓ بن ارقم سے مروی ہے اور اس کی پوری تحقیق پہلے گزر چکی ہے کہ آیت واذا قرئ القرآن کا شانِ نزول ہی خاص قرأت خلف الامام کا مسئلہ ہے۔

دسواں اعتراض

حضرت امام بخاری رہ فرماتے ہیں کہ آیت واذا قرئ القرآن ... الآیہ میں استماع اور انصات کا حکم ہے اور استماع کا تحقق صرف ان نمازوں میں ہو سکتا ہے جن میں قرأت سنی جا سکتی ہو اور سری نمازوں میں چونکہ قرأت سُنی نہیں جا سکتی۔ اس لیے ان میں مقتدی کو امام کے پیچھے قرأت کرنی جائز ہو گی۔ لہٰذا آیت اپنے عموم پر باقی نہ رہی اور منکرین قرأت خلف الامام کا علی الاطلاق استدلال اس آیت سے صحیح نہ ہوا (اوکما قال جزء القرآۃ ص ۹ اور یہی سوال امام بیہقی رہ نے کتاب القرآۃ ص ۱۰۷ میں اور نواب صاحبؒ نے دلیل الطالب ص ۲۸۰ میں اور مُبارک پوری صاحبؒ نے تحقیق الکلام جلد ۲ ص ۱۵ اور ابکار المنن ص ۱۲۸ میں کیا ہے)

جواب۔ ان اکابر کے سوال یا استدلال کے مرکزی نقطے اصولی طور پر صرف دو ہیں۔ ان کا تجزیہ یوں کیا جا سکتا ہے:

۱۔ استماع کا معنی سننا ہے۔

۲۔ سری نمازوں میں آہستہ آہستہ امام کے پیچھے قرأت کرنا استماع اور انصات کے منافی نہیں ہے علی الترتیب دونوں شقوں کا جواب ملاحظہ کریں:

استماع کا معنیٰ۔ استماع کا معنیٰ سننا نہیں بلکہ کان دھرنا اور توجہ کرنا ہے، قرآۃ سُنی جا سکتی ہو یا نہ۔

(بقیہ پچھلا صفحہ) میں حضرت ابن مسعودؓ کی وہ صحیح روایت پیش کرتے ہیں جو صحاح ستہ میں موجود ہے کہ حبشہ سے لوٹنے کے بعد انھوں نے بحالتِ نماز آں حضرت صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کو سلام کہا۔ مگر جواب نہ ملا۔ کیونکہ نہی عن التکلم فی الصلوٰۃ نازل ہو چکی تھی۔ مگر حافظ ابن حجر رح لکھتے ہیں کہ یہ آیت چونکہ بالاتفاق مدنی ہے اس سے معلوم ہوا کہ عام تکلم فی الصلوٰۃ کی نہی مدینہ ہی میں نازل ہوئی ہے (فتح الباری جلد ۳ صفہ ۵۹) اور یہی بات زیادہ قرین قیاس ہے۔ کیونکہ بعض مہاجرین حبشہ مکہ مکرمہ بھی واپس آئے اور بعض مدینہ منورہ میں اور حضرت ابن مسعودؓ کا یہ رجوع مدینہ طیبہ ہی میں ہوا تھا۔

۱- آں حضرت صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کی عادت یہ تھی کہ جب بسلسلہ جہاد کسی قصبہ یا شہر پر حملہ کرنا چاہتے تھے تو

وکان یستمع الاذان فان سمع ..... پہلے توجہ کرتے۔ اگر اذان کی آواز سن لیتے تو حملہ سے

...... اذانا امسك والا اغار بازرہتے۔ ورنہ ہلّہ بول دیتے تھے۔

(مسلم ص۱۶۶، ابوعوانہ جلد۱ ص۳۳۳، دارمی ص۳۲۳، طیالسی ص۲۷۰)

قطبی پڑھنے والا طالب علم بھی بخوبی اس امر سے واقف ہوگا کہ تقسیم الشئ الیٰ نفسہ والیٰ غیرہ محال ہے۔ اگر استماع اور سماع کا ایک ہی معنی ہو تو اس حدیث کا مطلب یہ ہوگا کہ آپ اذان سنتے تھے۔ سو اگر آپ سُن لیتے تو حملہ نہ کرتے ورنہ حملہ کر دیتے تھے۔ جب پہلے اذان سُن لی ہوتی تھی تو پھر اگر اذان سُن لیتے کا کیا مطلب؟ استماع کا معنیٰ کان دھرنا اور توجہ کرنا ہے۔ مطلب واضح ہے کہ آپ پہلے کان دھرتے اور توجہ کرتے۔ توجہ کے بعد اگر اذان سُن لیتے تو فبہا ورنہ حملہ کر دیتے تھے۔ مؤلف خیرالکلام کا یہ کہنا کہ استماع سے مُراد ارادہ استماع ہے ..... الخ ص ۳۸۱- ایک بے کار بہانہ ہے۔ اس لیے کہ مجازی معنی کے لیے قرینہ درکار ہے اور اس جگہ قرینہ مفقود ہے۔ فان سمع ... الخ کے واضح الفاظ اس کا ابا کرتے ہیں کیونکہ حرف فا سے سماع کا ترتب امر باطنی یعنی ارادہ پر چسپاں نہیں ہوتا بخلاف کان دھرنے کے جو ظاہری امر ہے۔

۲- صراح ص۳۱۳ میں لکھا ہے۔ استماع گوش داشتن۔ کان دھرنا اور توجہ کرنا۔

۳- لغت کے امام ثعلبؒ سے روایت ہے واذ قرئ القراٰن .... الآیہ کا یہ مطلب نقل کیا گیا ہے کہ قال ثعلبؒ معناہ اذا قرء الامام فاستمعوا الی قراٰتہ ولا تتکلموا (تاج العروس ج۱ ص۵۹۱) ثعلبؒ کہتے ہیں کہ استماع کا معنیٰ یہ ہے کہ جب امام قراۃ کرے تو اس کی قراءت کی طرف توجہ کرو اور چپ رہو۔

۴- اور امام راغبؒ فرماتے ہیں کہ والاستماع الاصغاء ۔۔۔ استماع کا مطلب کان دھرنا اور توجہ کرنا ہے۔ (مفردات ص ۲۴۲)

۵- اور مختار الصحاح میں ہے: واستمع لہ ای اصغیٰ ۔۔۔ کہ استمع لہ کا یہ معنی ہے کہ اس نے توجہ کی اور کان دھرے۔

۶- منجد اور قاموس میں ہے: استمع لہ والیہ اصغیٰ ۔۔۔ استمع لہ اور الیہ کا ایک ہی مطلب

ہے کہ اس نے توجہ کی اور کان دھرے۔ (منجد صفحہ ۳۹۱، قاموس جلد ۳ صفحہ ۳۱)

۷۔ امام نوویؒ لکھتے ہیں:

الاستماع الاصغاء۔ (شرح مسلم جلد ۱ صفحہ ۱۸۳) کہ استماع کا معنی توجہ کرنا اور کان دھرنا ہے۔

۸۔ امام رازیؒ لکھتے ہیں:

لان السماع غیر والاستماع غیر۔ سماع اور چیز ہے اور استماع اور ہے۔

(تفسیر کبیر جلد ۴ صفحہ ۵۰۴)

۹۔ قاضی شوکانی صاحبؒ قرأت خلف الامام کی حدیث پر بحث کرتے ہوئے لکھتے ہیں کہ

یدل علی النھی عن القرأۃ عند مجرد الجھر من الامام ولیس فیہ ولا فی غیرہ ما یشعر باعتبار السماع۔ (نیل الاوطار جلد ۲ صفحہ ۲۱۱)

یہ حدیث اس پر دلالت کرتی ہے کہ جب امام جہر سے قرأت کر رہا ہو تو مقتدی کو اس حالت میں قرأت کرنا منع ہے۔ یہ حدیث اور کوئی دیگر حدیث اس پر دلالت نہیں کرتی کہ مقتدی کو قرأت سے اس لیے منع کیا گیا ہے کہ وہ قرأت سن رہا ہے۔

اس عبارت میں قاضی صاحبؒ واشگاف الفاظ میں اس بات کو تسلیم کرتے ہیں کہ ترک قرأۃ خلف الامام کی علت سماع نہیں ہے۔ موصوف جہر امام کو اس کی علت ٹھہراتے ہیں (اور جمہور اہلِ اسلام بڑے وسیع النظر ہیں۔ وہ صرف قرأتِ امام کو ترک القرأت خلف الامام کی علت سمجھتے ہیں۔

۱۰۔ نواب صاحبؒ لکھتے ہیں:

ومعتبر استماع است نہ سماع پس ہر کہ بانتہاء وقوف واقف شد ونمی شنود یا اصم است یا صوتِ خطیب خفی است وے ہمچو سامع است۔ (بدور الاہلہ ص ۷۳)

ان تمام پیش کردہ اقتباسات سے یہ بات روشن ہو جاتی ہے کہ استماع اور سماع دو الگ الگ چیزیں ہیں اور استماع کا معنی کان دھرنا اور توجہ کرنا ہے۔ اس میں سننے کا معنی ملحوظ نہیں ہے۔ لہٰذا اس آیت کو صرف جہری نمازوں کے ساتھ مخصوص کر دینا

باطل ہے بلکہ یہ آیت سری اور جہری ہر قسم کی نمازوں کو شامل ہے اور سماعِ قرأت، ترکِ قرأت کی علت نہیں۔ جیسا کہ قاضی شوکانی صاحبؒ کو بھی مسلّم ہے۔

انصات کا معنیٰ

انصات کا معنیٰ ہے خاموش بودن (صراح ص۷۹) قاموس جلد۱ ص۱۴۲ میں ہے۔ انصت ، سکت۔ یعنی انصات کا معنیٰ خاموش ہونا ہے اور یہی معنی مغرب ۲ ص۲۱۷ اور منجد ص۸۸۳ وغیرہ کتبِ لغت میں آئے ہیں۔ امام نوویؒ لکھتے ہیں: الانصات السکوت کہ انصات کا معنیٰ سکوت کرنا اور خاموش رہنا ہے۔ (شرح مسلم جلد۱ ص۲۸۳) امام بیہقیؒ لکھتے ہیں: اذ لا فرق بین السکوت والانصات عند العرب (کتاب القرأت ص۸۱) اہلِ عرب کے نزدیک سکوت اور انصات میں کوئی فرق نہیں ہے۔

اور مختار الصحاح میں ہے کہ الانصات السکوت والاستماع انصته وانصت له (ص ۵۸)۔ انصات کا معنیٰ خاموش رہنا اور کان دھرنا ہے لام کے ساتھ ہو یا بدون لام دونوں کا ایک ہی معنی ہے۔

اور منجد میں ہے کہ انصت وانتصت له سکت مستمعا لحدیثه (ص۸۸۳) انصت اور انتصت لہٗ کا معنیٰ یہ ہے کہ اس کی بات کے لیے توجہ کرتے ہوئے خاموش ہو گیا۔

اور تاج العروس میں ہے کہ

وانصته وانصت له اذا سکت له مثل نصحه ونصح له وانصته و انصت له مثل نصحته ونصحت له والانصات هو السکوت والاستماع للحدیث یقال انصته وانصت له۔ (جلد۱ ص۵۹۱)

انصتہٗ اور انصت لہٗ کا معنیٰ ایک ہی ہے کہ اس کے لیے خاموش ہو گیا جیسے نصحہٗ اور نصح لہٗ کا ایک ہی مطلب ہے اور انصات کا معنیٰ سکوت اور بات کی طرف توجہ کرنا ہے۔ کہا جاتا ہے انصتہٗ و انصت لہٗ۔

امام ابوبکر الرازی رحؒ لکھتے ہیں کہ

قد بینا دلالة الآیة علی وجوب الانصات

ہم نے بیان کیا ہے کہ یہ آیت وجوب انصات

عند قرأة الامام فی حال جهر الامام والاخفاء وقال اهل اللغة الانصات الامساك عن الكلام والسكوت لاستماع القرأة ولا يكون القارى منصتا ولا ساكتا بحال وذلك لان السكوت ضد الكلام وهو تسكين الالة عن التحريك بالكلام۔ اھ (احکام القرآن جلد ۳ ص ۴۹)

پر دلالت کرتی ہے جب کہ امام قرآت کر رہا ہو جہر سے قرآت کرے یا آہستہ اور اہلِ لغت کہتے ہیں کہ انصات کا معنیٰ کلام سے رُک جانا اور قرآت کی توجہ کے لیے خاموش رہنا ہے اور پڑھنے والا کسی صُورت میں منصت اور ساکت نہیں ہو سکتا کیونکہ سکوت کلام کی ضد ہے اور سکوت کا یہ معنیٰ ہے کہ زبان کو کلام کے لیے حرکت نہ دی جائے۔

سکوت کا معنیٰ

امام اللغت والادب ابو عبداللہ الحسینؒ بن احمد المعروف بابن خالویہؒ (المتوفی ۳۷۰ھ) لکھتے ہیں: نزف الرجل اذا انقطعت حجتہ عند المناظرۃ وسكت وامسكت مثله۔ (اعراب ثلاثین سورۃ من القرآن ص)

یعنی مناظرہ کرتے وقت جب کوئی آدمی بالکل لاجواب ہو کر خاموشی اختیار کر لیتا ہے تو اُس پر نزف کا لفظ اطلاق ہوتا ہے۔ اسی طرح جب کوئی اپنے کلام کو منقطع کر دیتا ہے۔ اسی طرح جب کوئی اپنے کلام کو منقطع کر دیتا ہے تو اس پر سَکَتَ اور اَسْکَتَ بولا جاتا ہے۔

منجد صد ۳۵۲ اور قاموس جلد ۱ صد ۹۲ میں لکھا ہے: اسكت انقطع كلامه فلم يتكلم کہ سکوت کا معنیٰ یہ ہے کلام بالکل ترک کر دیا اور کوئی بات نہ کی۔ مجمع البحار جلد ۲ ص ۱۲۵ میں اس کی تصریح یوں کی ہے۔ جرى الوادى ثلاثا ثم سكت اى انقطع یعنی تین دن تک سیلاب چلتا رہا پھر بالکل رُک گیا۔

امام راغب اصفہانیؒ (المتوفی ۵۰۳ھ) لکھتے ہیں: السكوت مختص بترك الكلام۔ (مفردات صد ۲۲۵) سکوت ترک کلام کے ساتھ مختص ہے۔

امام رازیؒ تحریر فرماتے ہیں:

لان السكوت عدمى معناه انه

سکوت عدمی ہے اس کا معنیٰ یہ ہے کہ اس

لم يقل شيئاً ولم ينقل امراً ولم يتصرف فى قولٍ ولا فعلٍ ولا شك ان هٰذا المعنى عدمى محض۔ (مناظرات امام رازیؒ ص ۲۵)	نے کچھ بھی نہیں کہا نہ کوئی بات نقل کی ہے اور نہ کسی قول اور فعل میں تصرف کیا ہے اور اس کے عدمی محض ہونے میں کیا شک اور شبہ ہو سکتا ہے؟

ان منقولہ حوالوں سے یہ بات قطعیت کے ساتھ ثابت ہو جاتی ہے کہ بغیر مکمل خاموشی کے انصات اور سکوت اور اسکات کا مفہوم کسی طرح بھی محقق نہیں ہو سکتا اور جو لوگ جہری یا سرّی نمازوں میں امام کے پیچھے مقتدی کے لیے قرآت تجویز کرتے ہیں۔ وہ کسی طرح انصات پر عامل نہیں تصور کیے جا سکتے اور یہ بھی وضاحت کے ساتھ عرض کیا جا چکا ہے کہ استماع کا معنی کان دھرنا اور توجہ کرنا ہے، سننا اس کے مفہوم میں شامل نہیں ہے۔ اس لیے سرّی اور جہری کا سوال اٹھانا محض بے جا اور دور از کار بحث ہے۔

آہستہ پڑھنا بھی انصات اور استماع کے سراسر منافی ہے:

جو حضرات بحالتِ اقتدار امام کے پیچھے آہستہ قرآت تجویز کرتے ہیں اور اس کو انصات اور استماع کے منافی نہیں سمجھتے وہ غلطی پر ہیں۔ صحیح حدیث میں آتا ہے کہ جب حضرت جبرائیل علیہ السلام وحی لے کر آتے اور آنحضرت صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کو قرآن کریم پڑھاتے تو آپ بھی آہستہ آہستہ ساتھ پڑھتے جاتے کہ مبادا حضرت جبرائیل علیہ السلام کے تشریف لے جانے کے بعد میں بھول نہ جاؤں اور کان یحرك شفتیه آپ آہستہ آہستہ ہونٹ مبارک ہلاتے جاتے تھے۔ مگر اللہ تعالیٰ کو یہ بھی پسند نہ آیا کہ آپ قرآتِ قرآن کے وقت اپنے ہونٹوں کو حرکت دیں اور یہ حکم نازل ہوا۔ لاتحرک بہ لسانک کہ آپ اپنی زبان تک کو حرکت نہ دیں۔

فاستمع له وانصت۔ (بخاری جلد ۱ ص ۳، مسلم جلد ۱ ص ۱۸۴، طیالسی ص ۳۴۳)	سو آپ کان دھریں اور پوری طرح توجہ کریں اور مکمل خاموشی اختیار کریں۔

اس سے معلوم ہوا کہ آہستہ پڑھنا، زبان کو حرکت دینا اور ہونٹ ہلانا استماع اور انصات کے بالکل منافی ہے۔ اسی لیے تو آپ کو تحریک لسان اور تحریک شفتین سے بھی منع کیا گیا۔

حالانکہ آپ آہستہ ہی پڑھتے تھے۔ بعض علماء نے واذکر ربک فی نفسک ..... الآیۃ سے آہستہ قرأت کرنے کے جواز پر استدلال کیا ہے۔ حافظ ابن کثیر علیہ الرحمہ ان کی تردید کرتے ہوئے لکھتے ہیں کہ

وھذا بعید مناف للانصات المأمور بہ۔ (تفسیر ابن کثیر مع المعالم ج ۲ ص ۲۸۱ وبغیرہ جلد ۲ ص ۲۸۱)

یہ معنی حق اور انصاف سے بعید اور انصات ماموربہ کے قطعاً اور سراسر منافی اور مخالف ہے۔

حضرات! آفتاب نیم روز کی طرح یہ بات ثابت ہو چکی ہے کہ مقتدی کے لیے سری اور جہری کسی بھی نماز میں قرأت کرنا استماع، انصات اور سکوت کے منافی ہے۔

گیارھواں اعتراض: حضرت ابو ہریرہ رضی اللہ تعالیٰ عنہ سے روایت ہے کہ انھوں نے آں حضرت صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم سے دریافت کیا کہ آپ تکبیر تحریمہ اور قرأت کے درمیان جو اسکات اور خاموشی اختیار کرتے ہیں۔ اس وقت آپ کیا پڑھا کرتے ہیں ؟ آپ نے ارشاد فرمایا کہ میں یہ دعا پڑھا کرتا ہوں۔ اللھم باعد بینی و بین خطایای۔ (الحدیث۔ بخاری جلد ۱ ص ۱۰۳)

امام بیہقیؒ اس روایت سے یہ استدلال کرتے ہیں کہ معلوم ہوا کہ آہستہ آہستہ پڑھنے پر اسکات کا اطلاق صحیح ہے۔ لہٰذا جو شخص امام کے پیچھے آہستہ قرأت کرتا ہے تو وہ آیت استماع وانصات کی مخالفت نہیں کر رہا۔ (کتاب القرأت ص ۵۰) یہی بات مبارک پوری صاحبؒ وغیرہ نے بھی نقل کی ہے۔ (دیکھیے تحقیق الکلام جلد ۲ ص ۵۱)

جواب۔ یہ اعتراض یا استدلال بھی مخدوش ہے۔

اولاً۔۔۔ اس لیے کہ ہمارا استدلال نص قرآنی سے ہے جس میں لفظ استماع اور انصات آیا ہے۔ اسکات اور سکوت کا لفظ صراحت کے ساتھ اس آیت میں مذکور نہیں ہے۔ استماع اور اسکات وسکوت کے درمیان فرق نمایاں ہے۔ امام بیہقی رحمہ نے جو یہ فرمایا ہے کہ ان میں فرق نہیں ہے صحیح نہیں ہے۔ اور اسی سے قاضی مقبول احمد صاحب کو مغالطہ ہوا ہے (دیکھیے الاعتصام) اس میں اہل علم کے لیے اشکال کی کوئی وجہ نہیں اور انصات اور سکوت میں جو فرق ہے وہ مبارکپوری صاحبؒ کو بھی مسلم ہے۔ چنانچہ وہ لکھتے ہیں کہ انصات اور سکوت کا معنی ایک نہیں ہیں بلکہ انصات کا معنی سکوت مع الاستماع ہیں۔ (تحقیق الکلام جلد ۲ ص ۵۱ و

تحفۃ الاحوذی جلد ۱ صفحہ ۲۵۵) لہٰذا حدیث اِنصِتُوا سے استماع اور انصات کی تفسیر کرنا اور اس پر استدلال کی بنیاد رکھنا باطل ہے۔

وثانیًا۔ حافظ ابن حجرؒ حضرت زیدؓ بن ارقم کی امرنا بالسکوت کی روایت کا مطلب یہ بیان کرتے ہیں کہ اس حدیث کا یہ مطلب نہیں کہ ہمیں نماز میں مطلقاً سکوت کا حکم دیا گیا کہ نہ تو تم ثناء و آمین پڑھو اور نہ تسبیح، تحمید، تشہد اور درود وغیرہ پڑھو۔ بلکہ مراد یہ ہے کہ حکم سابق سے سکوت کا حکم دیا گیا کہ سلام و کلام وغیرہ سے سکوت اختیار کرو تو اس روایت میں سکوت عن الکلام المتقدم مراد ہے۔ (فتح الباری جلد ۳ ص ۶۰ محصلہ) گویا جس چیز سے سکوت کا حکم دیا گیا ہے۔ اس سے حقیقتاً سکوت ہی مراد ہے۔ اس بیان کو پیش نظر رکھتے ہوئے حضرت مولانا سید محمد انور شاہ صاحبؒ (المتوفی ۱۳۵۲ھ) حدیث انصتوا کا مطلب یہ بیان کرتے ہیں کہ اس میں اسکات عن التکبیر مراد ہے یعنی تکبیر تحریمہ سے اسکات اور سکوت کرنا (فصل الخطابؒ) خلاصہ یہ ہوا کہ اسکات کا معنی آہستہ پڑھنا نہیں جیسا کہ امام بیہقیؒ وغیرہ کو دھوکا ہوا ہے بلکہ اسکات کے حقیقی معنی ہی مراد ہیں۔ وہ یہ کہ جس چیز سے خاموش رہنے کا حکم تھا اس کو حقیقتاً ترک کر دینا اور اس سے خاموش ہونا ہے۔ علاوہ ازیں اگر اس سے صرف نظر بھی کر لیا جائے تو یہ ایک مجازی معنیٰ ہے اور آیت زیر بحث میں جمہور سلف و خلفؒ نص صحیح احادیث اور لغت کی روشنی میں حقیقی معنی مراد لیتے ہیں۔ لہٰذا مجازی معنی کو حقیقی معنی کے ترک کی دلیل قرار نہیں دیا جا سکتا چنانچہ امام ابوبکر الرازیؒ اسی حدیث کا جواب دیتے ہوئے لکھتے ہیں: انما سمیناہ ساکتا مجازا لان من لا یسمعه یظنه ساکتا اھ (احکام القرآن جلد ۳ ص ۴۹) یعنی اس کو ہم نے مجازی طور پر ساکت کہا ہے کیونکہ جو شخص اس کی قرأت کو نہیں سن رہا وہ اس کو ساکت ہی خیال کرتا ہے۔ مجازی معنی خود قرینہ کا محتاج ہوتا ہے اور فریق ثانی اس سے حقیقت کو ترک کرنے پر تلا ہوا ہے۔

بارھواں اعتراض۔ مبارکپوری صاحبؒ لکھتے ہیں کہ صاحب مجمع البحار نے (جلد میں) حدیث قرأ رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم فیما امر وسکت فیما امر کے یہ معنی بیان کیے ہیں کہ قرأ کے معنی جہر کے ہیں اور سَکَتَ کے معنی اَسَرَّ کے ہیں یعنی آں حضرت صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے جہر سے بھی قرأت کی اور آہستہ بھی۔ اس سے معلوم ہوا کہ قرأ کے معنی جَہَر بھی آتے ہیں۔ اس

معنی کو پیش نظر رکھتے ہوئے آیت واذا قریٔ القرآن کا مطلب یہ ہوگا کہ جب قرآن جہر سے پڑھا جائے تو تم خاموش رہو۔ لہٰذا یہ آیت صرف جہری نمازوں کو شامل ہوگی۔ نہ کہ سرّی نمازوں کو۔ (تحقیق الکلام جلد ۲ صفحہ ۵ محصلہ)

جواب۔ مبارک پوری صاحبؒ کا یہ بیان بھی قابل التفات نہیں ہے۔

اوّلاً۔ اس لیے کہ آیت کا شانِ نزول صحیح روایات سے ترکِ قرأت ثابت ہوچکا ہے۔ اس میں قیاس کی ضرورت ہی نہیں ہے

وثانیاً۔ اہل عرب کے نزدیک قرأ اور جہر میں نمایاں فرق ہے اور حقیقت کو بلا کسی قوی اور صارف قرینہ کے ترک کرنا کئی وجوہ سے باطل ہے۔

وثالثاً۔ اگر اس حدیث کا معنی ہی بیان کرنا مقصود ہے تو اس کی صحیح صورتیں بھی عرض کی جا سکتی ہیں۔ کیوں نہیں ہوسکتا کہ اس کا مطلب یہ ہو کہ آں حضرت صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم امامت کی حالت میں قرأت کرتے تھے۔ (قرأ رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم فیما اُمِرَ) اور اقتدا[1] کی حالت میں آپ نے سکوت اور خاموشی اختیار کی (وسکت فیما اُمِرَ) اور یہ بھی ممکن ہے کہ مطلب یہ لیا جائے کہ آپ نے پہلی دو رکعتوں میں سورۂ فاتحہ کے بعد قرأت کی اور کوئی نہ کوئی سورت یا قرآن کا کچھ حصہ پڑھا (قرأ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم فیما اُمِرَ) اور پچھلی دو رکعتوں میں سورۂ فاتحہ کے بعد اور کوئی سورت نہ پڑھی۔ اور حقیقتاً سکوت اختیار کیا (وسکت فیما امر) اور صحیح بخاری جلد ۱ ص ۱۰۷ وغیرہ میں اس کی تصریح موجود ہے کہ پچھلی دو رکعتوں میں

---

[1] بیت اللہ کے پاس دو مرتبہ آپ نے حضرت جبرائیل علیہ السلام کی اقتدا میں نماز پڑھی ہے۔ (ابوداؤد جلد ۱ ص ۵۷ ترمذی جلد ۱ ص ۲۱) سفر تبوک سے واپسی پر آپ نے حضرت عبدالرحمٰن رضی اللہ عنہ بن عوف کی اقتدا کی ہے۔ (مسلم جلد ۱ ص ۱۳۴، ابوداؤد جلد ۱ ص ۲۱) اہل قبا کے درمیان مصالحت کرنے کے بعد واپسی پر آپ نے عصر کی نماز میں حضرت ابوبکرؓ کی اقتدا کی ہے۔ (بخاری جلد ۲ ص ۱۰۵۱) اور نزل جبرائیل فامنی۔ الحدیث بخاری جلد ۱ ص ۴۵۶ و مسلم جلد ۱ ص ۲۲۱ اور مؤطا امام مالک ص ۷ وغیرہ میں موجود ہے۔ جس سے حضرت جبرائیل کی اقتدا میں آپ کا نماز پڑھنا ثابت ہے اور آخری نماز میں آپ نے حضرت ابوبکرؓ کی اقتدا کی جس کی تفصیل آگے آئے گی۔ آپ کی نفس اقتدا کے ثبوت کے لیے یہ دلائل کافی ہیں۔

آپ صرف سورۃ فاتحہ پڑھا کرتے تھے۔ جب سکت کے اور قرأ کے معنی کے لیے صحیح احادیث سے اور احتمالات کا بھی ثبوت مل سکتا ہے جن سے حقیقی معنی درست ہو سکتے ہیں تو پھر مجاز مراد لینے کی کون سی مجبوری ہے جس کے لیے ایسی رکیک اور بارد تاویل اختیار کی جائے؟ اور ہمارا بیان کردہ مطلب ہی سابق اور آئندہ دلائل کا ساتھ دیتا ہے، جس کو صحیح ہونے کے ساتھ جمہور کی تائید کا شرف بھی حاصل ہے۔

رابعاً۔ کیا مبارک پوری صاحبؒ فَلَمَّا سَکَتَ عَنْ مُّوْسَی الْغَضَبُ اور اُمِرْنَا بِالسُّکُوْتِ اور سُئِلَ النَّبِیُّ صلی اللہ علیہ وسلم عن الرُّوح فسکت (بخاری جلد ۱ ص ۲۴) وغیرہ کا یہ معنی کریں گے۔ کہ موسیٰ علیہ السلام کا غصہ آہستہ آہستہ بولتا رہا۔ ہمیں نماز میں آہستہ آہستہ سلام وکلام کرنے کی اجازت دے دی گئی۔ سائلین کے سوال کے بعد آپ آہستہ بولتے رہے؟ اور کیا یہ فَاصْدَعْ بِمَا تُؤْمَرُ کے خلاف نہ ہوگا؟ اور دل میں آہستہ آہستہ بولنے سے سائلین کو کیا فائدہ تھا؟ لہٰذا اس استدلال میں بھی کوئی جان نہیں ہے۔

تیرھواں اعتراض۔

حافظ ابن ہمامؒ نے آیت وَاِذَا قُرِئَ الْقُرْاٰنُ کا یہ مطلب بیان کیا ہے کہ فاستمعوا میں اللہ تعالیٰ نے جہری نمازوں میں قرأت سے مقتدیوں کو منع کیا ہے اور انصات میں سری نمازوں میں ان کو قرأت سے روکا ہے۔ مبارکپوری صاحب ان پر گرفت کرتے لکھتے ہیں کہ ابن ہمامؒ کے کلام میں تین فساد ہیں:

۱۔ ابن ہمامؒ انصات کا معنی سکوت سمجھے ہیں۔ حالانکہ انصات کا معنی مطلق سکوت کے نہیں ہیں بلکہ سکوت مع الاستماع کے ہیں۔

۲۔ ابن ہمامؒ کی تفسیر بالرائے ہے۔ (جس کا حرام ہونا مبرہن ہے)

۳۔ سری نمازوں میں سماع قرأت کے بغیر تدبر کیسے متصور ہو سکتا ہے؟ (تحقیق الکلام ج ۲ ص ۲۹)

جواب۔ مبارک پوری صاحبؒ کی تینوں شقیں مردود ہیں:

پہلی اس لیے کہ مبارک پوری صاحبؒ خود غلطی کا شکار ہیں۔ وہ سماع اور استماع کو ایک سمجھتے ہیں۔ حالانکہ سماع اور استماع میں زمین آسمان کا فرق ہے اور متعدد حوالوں سے پہلے یہ ہم ثابت

کیا جا چکا ہے۔ اگر واقعی استماع کا معنی سننا ہوتا تو حافظ ابن ہمامؒ پر اعتراض کی گنجائش تھی۔ اور
دوسری شق اس لیے مخدوش ہے کہ حافظ ابن ہمامؒ کی تفسیر بعینہٖ قرآن کریم، صحیح احادیث
لغت اور جمہور مفسرین کی تفسیر ہے۔ لہٰذا اس کو تفسیر بالرائے سے تعبیر کرنا ان دلائل سے غفلت
اور بے خبری پر مبنی ہے۔ اور بلا تحقیق یہ الزام لگانا کھلی جسارت ہے۔ اور
تیسری شق اس لیے باطل ہے کہ اگر مبارکپوری صاحبؒ اس دھوکہ میں مبتلا ہیں کہ استماع کا مطلب
سماع ہے (اور جبھی تو وہ سماع قرأت کی آڑ لیتے ہیں) تو اس کی پوری تفصیل پہلے عرض کی جا چکی ہے
کہ سماع اور استماع میں فرق ہے۔ اور اگر وہ اس غلط فہمی کا شکار ہیں کہ انصات کا سماع کے بغیر
تحقق نہیں ہو سکتا تو یہ بھی باطل ہے۔ کیونکہ انصات کے مفہوم میں من وجہ استماع اور توجہ
تو شامل ہے لیکن اس میں سماع ہرگز شامل نہیں ہے۔ ایک حدیث بایں الفاظ آتی ہے۔

وان نأى وجلس حيث لا يسمع فانصت ولم يلغ كان له كفل من الاجر۔ (الحديث) (ابو داؤد جلد ۱ ص ۱۵۱)	اگر کوئی شخص جمعہ کے خطبہ کے وقت امام سے دور بیٹھ گیا جہاں سے امام کی آواز وہ نہیں سن سکتا اور خاموش رہا تو اس کو ایک درجہ ثواب حاصل ہوگا۔

اس حدیث سے معلوم ہوا کہ انصات کے لیے سماع شرط نہیں ہے۔ انصات وہاں بھی ہو
سکتا ہے بلکہ ہوتا ہے جہاں خطبہ وغیرہ کچھ بھی نہ سنا جا سکتا ہو۔ اگر انصات کے تحقق کے لیے سماع
شرط ہوتا تو بغیر سماع کے انصات نہ پایا جا سکتا۔ اور یہ بھی مت سمجھ لیجئے کہ انصات میں گو
فی الجملہ استماع ملحوظ ہے لیکن من کل الوجوہ استماع بھی اس میں ضروری نہیں ہے۔ انصات کا
معنی خاموش ہونا ہے اور یہ معنی بغیر استماع اور توجہ کے بھی متحقق ہو سکتا ہے اور استماع کے
ساتھ بھی متحقق ہو سکتا ہے۔ حافظ ابن حجرؒ لکھتے ہیں:

فالانصات هو السكوت وهو يحصل ممن يستمع وممن لا يستمع كان يكون مفكرا في امر آخر۔ (فتح الباری جلد ۲ صفحہ ... بحوالہ فتح الملہم ج ۲)	انصات کا معنی سکوت کرنا اور خاموش رہنا ہے اور انصات ایسے شخص سے بھی ہو سکتا ہے جو استماع اور توجہ کرے اور انصات اس شخص سے بھی ہو سکتا ہے جو استماع اور توجہ نہیں کرتا، بلکہ کسی اور امر کی فکر میں ڈوب کر خاموش ہے۔

بہر حال مبارکپوری صاحبؒ کی پیش کردہ تینوں شقیں باطل ہیں اور اس کے مصداق ہیں کہ ..... ع؎ میں الزام ان کو دیتا تھا قصور اپنا نکل آیا

مؤلف خیر الکلام نے (اور انھیں کی پیروی میں قاضی مقبول احمد صاحب نے ملاحظہ ہو الاعتصام ۵ راکتوبر ۱۹۶۲ء) اس سلسلہ میں جو مخلص تلاش کیا ہے وہ بھی بڑا ہی عجیب ہے۔ انھوں نے ص ۲۰۳ سے ص ۲۹۹ تک کئی صفحات اس پر سیاہ کرڈالے ہیں مگر بعض باتوں کو شاید وہ خود بھی نہ سمجھے ہوں کہ میں کیا کہہ رہا ہوں صرف کچھ کہنے اور لکھنے کا نام جواب نہیں ہوتا۔ ذیل کے امور کو ملحوظ رکھیں۔

۱۔ ہم نے کتب لغت سے باحوالہ یہ ثابت کیا ہے کہ انصات کے معنی بالکل خاموشی اور استماع کے معنی کان دھرنا اور توجہ کرنا ہے، مؤلف مذکور کا یہ فریضہ تھا کہ وہ باحوالہ کتب لغت یہ ثابت کرتے کہ انصات مطلق خاموشی نہیں بلکہ اس میں کلام کرنا درست ہے اور استماع کا معنیٰ کان دھرنا اور توجہ کرنا نہیں بلکہ اس کا معنیٰ سننا اور آہستہ آہستہ بولنا ہے لیکن جب وہ اس سے بالکل لاجواب رہے تو یہ کہکر جان چھڑالی ہے کہ پھر ہم کو اس بحث میں پڑنے کی ضرورت نہیں ہے کہ سکوت اور انصات لغت کے لحاظ سے آہستہ پڑھنے کے ساتھ جمع ہو سکتے ہیں یا نہیں ؟ بلکہ ہمارے لیے اس قدر کافی ہے کہ ہم ثابت کردیں کہ قرآن مجید کی آیت زیر بحث میں جو استماع اور انصات آیا اس سے بالکل خاموشی مراد نہیں۔ اھ (ص ۲۷۱) مگر یقین جانیے کہ اس سے بالکل خاموشی مراد ہے۔ حضرات ائمہ لغتؒ اور جمہور مفسرینؒ کی روشن عبارتیں اس کا بیّن ثبوت ہے۔ جن کے حوالے گذر چکے ہیں چونکہ لغت سے ہی ایک ایسا فن ہے جو بلا کسی فریق کے لحاظ کے صحیح بات بتاتا ہے۔ اس لیے مؤلف خیر الکلام لغت سے اپنی تائید پیش کرنے سے بالکل قاصر رہے ہیں۔

۲۔ جن روایات سے انھوں نے استدلال کیا ہے کہ سکوت قرأۃ کے ساتھ جمع ہو سکتا ہے ان میں ایک روایت بخاری کی اور ایک مستدرک وغیرہ کی ہے کہ اسکاتک ما بین التکبیر والقرأۃ ماتقول ... الخ ویسکت بعد القرأۃ ھنیۃ یسأل اللہ من فضلہ۔ تو ہم نے احسن الکلام میں اس کی تصریح کردی ہے کہ نصِ قرآنی میں انصات واستماع

کا لفظ ہے اور بقرار مبارکپوری صاحبؒ انصات اور سکوت میں فرق ہے اس لیے یہ جملہ حوالے ہمارے خلاف نہیں ہیں کیونکہ ہمارا استدلال تو انصات و استماع کے لفظ سے ہے اور اور انصات و سکوت میں فرق ہے۔

۳۔ فتح الباری جلد ۱ ص ۲۰۴ کے حوالہ سے ابن جریجؒ سے جو روایت نقل کی گئی ہے کہ لوگ مؤذن کی اذان کے لیے خاموش رہتے تھے بایں ہمہ وہ اذان کے کلمات دہراتے تھے جس سے مؤلف خیر الکلام نے یہ ثابت کرنے کی سعی کی ہے کہ انصات میں تکلّم درست ہے۔ (محصلہ خیر الکلام ص ۲۶۷) تو یہ اثر بالکل ضعیف ہے کیونکہ اس میں حُدِّثْتُ ہے اور یہ معلوم نہیں کہ بیان کرنے والا کون ہے؟ اور ہے بھی موقوف اس میں مرفوع روایات کے مقابلہ میں کیا حجت ہے؟ علاوہ ازیں اذان پر قیاس باطل ہے کیونکہ اذان میں ہر کلمہ کے بعد وقفہ ہوتا ہے جس میں اجابتِ مؤذن ہو سکتی ہے۔ بخلاف امام کے پیچھے قرأت کے کہ سکتات کا تو صحیح احادیث سے ثبوت نہیں اور مقتدی کو پڑھنا منع ہے۔

۴۔ مجمع الزوائد جلد ۳ ص ۱۴۳ سے جو روایت نقل کی ہے کہ من صام رمضان فی انصات وسکون..... الخ اس کی سند درکار ہے کہ آیا صحیح بھی ہے یا نہیں؟ ضعیف قسم کی روایتوں سے قرآن و احادیث صحاح اور اجماع امت اور لغت کو کس طرح رد کیا جا سکتا ہے؟ علامہ ہیثمیؒ فرماتے ہیں کہ اس کی سند میں الولید بن الولید ہے۔ امام ابو حاتمؒ اس کی توثیق کرتے ہیں۔ وضعفہ جماعۃ اور دیگر حضرات محدثین کرامؒ اس کو ضعیف قرار دیتے ہیں۔ (مجمع الزوائد، جلد ۳ ص ۱۴۳) علاوہ ازیں اس سے جھوٹ، گالی گلوچ اور غیبت وغیرہ سے صحیح معنی میں انصات مراد ہے جیسا کہ مقتدی کے لیے انصات عن القرأۃ مراد ہے۔ کیونکہ باقی باتوں کا تو نماز میں احتمال ہی نہیں اور جن حضرات سے اس کے علاوہ کچھ اور منقول ہے تو وہ لاعلمی پر مبنی ہے۔

۵۔ جو آیات مؤلف خیر الکلام نے ص ۲۶۶ پر پیش کی ہیں کہ قرآن کریم کی تلاوت کے وقت کچھ کلمات کہہ سکتے ہیں تو انہوں نے یقولون اور قالوا کے الفاظ پر غور نہیں کیا کیونکہ یہ زبان کے ساتھ پڑھنے پر نص نہیں ہیں دل میں کہنے پر بھی قال اور یقول کا اطلاق صحیح ہے۔

حضرت یوسف علیہ السلام نے ایک خاص موقع پر اپنے بھائیوں سے کہا: قَالَ اَنْتُمْ شَرٌّ مَّكَانًا......

الآیۃ۔ حافظ ابن کثیرؒ اس کا مطلب یہ بیان کرتے ہیں کہ قال ھٰذا فی نفسہٖ (ابن کثیر جلد ۲ صفحہ ۴۸۹) یہ قول انھوں نے دل میں کہا تھا، مؤلف مذکور کو معلوم ہونا چاہیے کہ نزاع قرأ اور یقرأ کے الفاظ میں ہے قال اور یقول میں نہیں ہے اور نہ ان کی پیش کردہ آیات سے انصات اور استماع کے وقت قراءت ثابت ہوتی ہے۔

۱۔ مؤلف خیر الکلام نے جو قرائن پیش کیے ہیں کہ انصات و سکوت وغیرہ کے ساتھ قراءت ہو سکتی ہے تو اگر ان کو صحیح بھی تسلیم کر لیا جائے تب بھی مجاز ہے اور انصات و استماع کا جو معنی ہم نے کیا ہے وہ حقیقت ہے جو صحیح احادیث کے علاوہ اجماع اُمّت اور لغت سے قوی طور پر مؤید ہے اس لیے اس کو ترک کرنا کسی طرح صحیح نہیں ہے اور نہ اس کو کوئی سننے کے لیے تیار ہے چنانچہ خود مؤلف خیر الکلام لکھتے ہیں کہ کیونکہ ہم کو اس امر کی ضرورت ہے کہ معلوم کریں کہ آیت میں استماع اور انصات کا کیا درجہ ہے خواہ وہ اطلاق حقیقی ہو یا مجازی۔ جب یہ ثابت ہو جائے تو مدعٰی حاصل ہو جاتا ہے باقی بحث زائد ہے (ص ۲۷۱) آپ پر کیا مصیبت وارد ہوئی ہے کہ آپ اطلاقِ مجازی کے پیچھے کمربستہ ہو کر نصوص صحیحہ کی خلاف ورزی کر رہے ہیں جو کچھ ائمہ لغت اور جمہور امت نے کہا ہے اسے تسلیم کر لیں۔ اور یہ بات بھی قابل غور ہے کہ جن حضرات سے انصات و استماع اور سکوت وغیرہ کے معانی مؤلف خیر الکلام نے نقل کیے ہیں چونکہ وہ اس مسئلہ میں فریق کی حیثیت رکھتے ہیں جن کی تفسیر میں ان کا اپنا ذہن بھی کارفرما ہے اور ان کی تفسیر خود محل نزاع ہے اس لیے صحیح احادیث اور کتب لغت ہی سے ان کے معانی حل ہو سکتے ہیں۔ مؤلف خیر الکلام ص ۲۸۹ میں لکھتے ہیں کہ پس ضروری ہے کہ جو آیت میں بالکل خاموشی کا معنی لیتا ہے وہ دو باتیں ثابت کرے۔ ایک یہ کہ انصات لغت میں بالکل خاموشی کے معنی میں آتا ہے۔ دوم یہ کہ اس کے خلاف جو قرائن پیش کیے جاتے ہیں وہ صحیح نہیں ہیں.... اھ

بحمداللہ تعالیٰ ہم کتب لغت سے ثابت کر چکے ہیں کہ انصات کے معنی لغت میں بالکل خاموشی کے آتے ہیں اور جو قرائن اس کے خلاف پیش کیے گئے ہیں وہ سب مجازی ہیں۔ اس لیے حقیقت کو ترک کرنا کسی طرح صحیح نہیں ہے اور نہ شاذ اور خلاف اجماع قول کر کے جمہور کا مسلک رد

کیا جا سکتا ہے۔

۷۔ مؤلف خیر الکلام نے ص ۷۰، ۳ میں تو یہ لکھا ہے کہ اگر انصت بدون لام کے ذکر ہو تو سکوت کے معنی میں ہے اور جب اس کے ساتھ لام ہو تو اس میں استماع بھی ہے۔ اور قاموس جلد ۱ ص ۱۵۹ کا حوالہ انصتہ وله سکت له واستمع لحدیث نقل کیا ہے اور لکھا ہے کہ چونکہ اس کا عطف فاستمعوا له پر ہے لہٰذا یہاں بھی لام ہے یا مقدر مانی جائیگی۔ (محصلہ) تو یہ محض لفظوں کا کرتب ہے محض لفظوں کی شعبدہ بازی سے کیا بنتا ہے۔ قاموس میں انصتہ وله لام کے ساتھ ساتھ ہو یا بدون لام کے دونوں کے معنی سکت کیا ہے اور قرآن کریم میں انصات اور استماع دو الگ الگ حکم ہیں۔ ایک کی لام دوسرے کو دے کر کام نکالنا اور اس طرح کی خانہ پری سے کچھ نہیں بنتا۔

۸۔ ہم نے قاموس کا حوالہ دیا ہے۔ اس پر مؤلف خیر الکلام ص ۳۰۳ میں لکھتے ہیں کہ قاموس میں اس سے آگے لکھا ہے کہ وَرَجُلٌ سِكِّتٌ قَلِيلُ الكلام فاذا تكلم احسن (قاموس جلد ۱ ص ۱۹۳) یہ آدمی سکت ہے یعنی کم باتیں کرتا ہے جب کلام کرتا ہے تو اچھا کلام کرتا ہے .... الخ مگر اس حوالہ سے مؤلف کو کیا فائدہ ؟ رجل سکت کا معنی تو یہ ہے کہ خاموش طبع کم گو ہے مگر جب کلام کرتا ہے تو اچھا کلام کرتا ہے۔ اس میں یہ کہاں ہے کہ وہ خاموشی اور انصات کے وقت کلام کرتا ہے جو مؤلف مذکور کا مدعی ہے۔ انصات اور خاموشی اپنے وقت پر ہے اور کلام اپنے وقت پر ہے۔ دونوں کا وقت ایک نہیں ہے۔ اللہ تعالیٰ مؤلف مذکور کو سمجھ عطا فرمائے ان کو ثابت تو یہ کرنا ہے کہ انصات کے وقت کلام ہو رہا ہے۔ اور اس حوالہ میں اس کا ذکر کوئی نہیں۔ خاموشی اپنے وقت پر ہے اور کلام اپنے وقت پر ہے۔ اور اس بات کو ایک عام آدمی بھی بخوبی سمجھتا اور سمجھ سکتا ہے۔ مگر ع : اک دل ہے جو ہر لحظہ الجھتا ہے خرد سے

چودھواں اعتراض

حضرت امام بخاری رح [۱]، امام ترمذی رح [۲]، امام بیہقی رح [۳]، مولانا شمس الحق رح [۴]، مولانا ابو عبد الرحمٰن

[۱] جزء القرأۃ ص ۹ و ۵۵

[۲] ترمذی جلد ۱ ص ۴۲

[۳] کتاب القرأۃ ص ۱۷ و ۲۹

[۴] التعلیق المغنی جلد ۱ ص ۱۲۵

محمد عبد اللہ[1]، مولانا عبد الصمد اور مبارک پوری[2] صاحب[3] وغیرہ فرماتے ہیں کہ ہم یہ تسلیم کر لیتے ہیں کہ آیتِ استماع اور انصات کا مطلب یہی ہے کہ مقتدی کو بحالتِ قرأتِ امام توجہ کرتے ہوئے خاموشی اختیار کرنی چاہیئے اور جب امام قرأت کر رہا ہو تو اس وقت مقتدی کو کچھ بھی نہیں پڑھنا چاہیے اور مکمل خاموشی اختیار کرنی چاہیے لیکن مقتدی کو سکتاتِ امام میں قرأت کرنی چاہیے اور سکتات میں قرأت کرنا آیت مذکورہ کے منافی نہیں ہے اور سکتات کا ثبوت یہ ہے۔

۱۔ حضرت ابن عمر رضہ فرماتے ہیں کہ امام جس وقت سکتہ کرے تو اس وقت مقتدی کو قرأت کرنی چاہیے کیونکہ جس شخص نے قرأت نہ کی۔ اس کی نماز میں خلل اور نقصان واقع ہوگا۔ (کنز العمال جلد ۴ ص ۹۶)

۲۔ حضرت ابوہریرہ رضہ فرماتے ہیں کہ آں حضرت صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے ارشاد فرمایا کہ جو شخص امام کے ساتھ فرض نماز میں شریک ہو۔ اس کو امام کے سکتات میں سورۂ فاتحہ پڑھنی چاہیے۔ (کتاب القرأۃ ص ۵۴، مستدرک جلد ۱ ص ۲۳۸)

۳۔ عمرو بن شعیب عن ابیہ عن جدہٖ سے روایت ہے کہ جب آں حضرت صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم انصات اور سکتہ کرتے تھے تو اس وقت حضرات صحابہ کرام رضی اللہ تعالیٰ عنہم آپ کے پیچھے قرأت کر لیا کرتے تھے۔ (کتاب القرأۃ ص ۹۹، ۸۶)

۴۔ ہشام بن عروہ اپنے باپ سے روایت کرتے ہیں۔ انھوں نے فرمایا کہ اے فرزند جب امام سکتہ کرے تو تم اس وقت قرأت کر لیا کرو۔ اور جب امام قرأت کرے تو اس وقت تم خاموش ہو جاؤ۔ کیونکہ فرض نماز ہو یا نفل۔ اگر اس میں سورۂ فاتحہ نہ پڑھی جائے تو نماز ادا نہیں ہوتی۔ (جزء القرأۃ ص ۵۸، کتاب القرأۃ ص ۸۷)

۵۔ حضرت ابو سلمہ[4] یا حضرت ابوہریرہ رضہ سے روایت ہے کہ امام کے لیے دو سکتے ہوتے ہیں۔ ان کو سورۂ فاتحہ کی قرأت کے لیے غنیمت سمجھو۔ (جزء القرأۃ ص ۵۵ و کتاب القرأۃ ص ۷۰)

---

[1] عقیدہ محمدیہ جلد ۲ ص ۱۸۳
[2] تحقیق الکلام جلد ۲ ص ۱۵۱ و ابکار المنن ص ۱۴۸
[3] اعلام الاعلام ص ۱۹۰ (ہم نے ان تمام حضرات کے دلائل کا قدر مشترک نقل کیا ہے۔)

۷۔ حضرت سعیدؒ بن جبیرؒ کا بیان ہے کہ سلف کا طریقہ یہ تھا کہ جب ان کو کوئی نماز پڑھاتا اور امامت کا فریضہ بجالاتا تو نماز میں ضرور سکتہ کیا کرتا تھا تاکہ مقتدی سورۃ فاتحہ پڑھ لیں۔

(جزء القرأۃ ص ۵۷)

ان روایات سے معلوم ہوا کہ سکتات امام کا وجود اور ثبوت بھی ہے۔ لہٰذا اس صورت میں قرآن کریم اور حدیث دونوں پر عمل ہو جائے گا۔

جواب ۔ ان حضرات کا یہ استدلال نہایت ضعیف اور کمزور ہے۔ کیونکہ یہ اکثر و بیشتر روایات حضرات صحابہؓ و تابعینؒ پر موقوف ہیں اور پہلے نقل کیا جاچکا ہے کہ فریق ثانی کے نزدیک "در موقوفات صحابہؓ حجت نیست"۔ جب حضرات صحابہ کرامؓ کا یہ حال رہا تو تابعینؒ اور اتباع تابعینؒ وغیرہم کی کیا پوزیشن باقی رہ جاتی ہے۔ اور یہ جتنے آثار و روایات نقل کی گئی ہیں۔ ان میں ایک بھی صحیح نہیں ہے۔ ترتیب وار جوابات ملاحظہ کریں:

اثر ابن عمر رضی اللہ تعالیٰ عنہما۔ اوّلاً۔ یہ اثر موقوف ہونے کے ساتھ حضرت ابن عمرؓ سے نہیں۔ بلکہ حضرت عبداللہؓ بن عمرو بن العاص سے مروی ہے۔ ابن عمرؓ کا نام لینا راویوں میں سے کسی کی غفلت اور غلطی کا نتیجہ ہے۔ (دیکھیے کتاب القرأۃ ص ۴۵)

وثانیاً۔ اس میں سورۃ فاتحہ کی تصریح موجود نہیں ہے۔ اس لیے یہ اثر مجمل ہے۔

وثالثاً۔ اس کی سند میں مثنیٰ بن صباح راوی کمزور ہے۔ امام بخاری رح لکھتے ہیں کہ اس کے دماغ میں فتور آگیا تھا۔ (ضعفاء صغیر ص ۱۰۷) امام نسائی رح اس کو متروک کہتے ہیں۔ (ضعفاء صغیر نسائی ص ۵۳) حافظ ابن حجرؒ لکھتے ہیں کہ وہ ضعیف ہے (تقریب ص ۳۴۶) امام یحییٰ القطانؒ اور ابن مہدی رح اس کی روایت کو قبول نہیں کرتے تھے۔ امام احمد رح کہتے ہیں کہ وہ محض ہیچ ہے۔ ابن معینؒ اس کو لیس بذاك اور ابن عدیؒ ضعیف کہتے ہیں (میزان الاعتدال جلد ۳ ص ۷)۔ امام ترمذی رح، ابن سعد رح، علیؒ بن الجنید رح، دارقطنی رح، ابن حبانؒ، ساجی رح ابو احمد الحاکم رح، سحنون رح اور امام عقیلی رح وغیرہ سب اس کی تضعیف کرتے ہیں۔

(تہذیب التہذیب جلد ۱۰ ص ۳۶)

حدیث ابوہریرہ رضی اللہ تعالیٰ عنہ۔ اس روایت کی سند میں محمدؒ بن عبداللہؒ بن

عمیرؒ موجود ہے۔ امام بخاری رحؒ لکھتے ہیں کہ وہ ضعیف تھا (ضعفاء ص ۲۸) امام مسلمؒ لکھتے ہیں کہ امام یحییٰ القطانؒ اس کی تضعیف کرتے تھے۔ (مسلم جلد ۱ ص ۲۰) امام نسائیؒ اس کو متروک کہتے ہیں۔ (ضعفاء صغیر ص ۲۵) امام بیہقی رحؒ لکھتے ہیں کہ وہ قابل احتجاج نہیں۔ (کتاب القرآۃ ص ۵۴) امام دارقطنی رحؒ کہتے ہیں کہ وہ ضعیف ہے۔ (دارقطنی جلد ۱ ص ۱۲۱) امام ترمذی رحؒ کہتے ہیں کہ وہ قوی نہیں (ترمذی جلد ۲ ص ۱) امام یحییٰ رحؒ بن معین رحؒ اس کو ضعیف کہتے ہیں۔ (میزان الاعتدال جلد ۲ ص ۷۷ ولسان المیزان جلد ۵ ص ۲۱۶) علاوہ ازیں اس روایت میں صلوٰۃ مکتوبہ کی قید ہے۔ حالانکہ فریق ثانی کے نزدیک صلوٰۃ تراویح ..... صلوٰۃ عید اور صلوٰۃ وتر وغیرہ میں بھی امام کے پیچھے قرأت فاتحہ ضروری ہے۔ حضرت ابوہریرہ رضؓ سے ایک موقوف اثر بھی مروی ہے۔ کہ سکتۂ امام میں قرأت فاتحہ کے بغیر نماز مکمل نہیں ہو سکتی (کتاب القرآۃ ص ۶۶) لیکن اس کی سند میں اسحاق بن عبداللہ بن ابی فروہ نہایت ضعیف اور کمزور راوی موجود ہے۔ جس کی پوری بحث اپنے مقام پر آئے گی۔ انشاء اللہ العزیز

روایت عمرو بن شعیبؒ عن ابیہ ...... الخ عمرو بن شعیب عن ابیہ عن جدہ کے روایتی سلسلہ میں محدثین کا کلام معروف و مشہور ہے۔ امام یحییٰ القطانؒ فرماتے ہیں کہ اس کی سند ہمارے نزدیک ضعیف اور کمزور ہے۔ (ترمذی جلد ۱ ص ۴۳، ۱ ص ۸۲) امام ابوداؤد رحؒ ایک سوال کے جواب میں فرماتے ہیں کہ وہ آدھی حجت بھی نہیں۔ امام ابوزرعہ رحؒ فرماتے ہیں کہ محدثین اس لیے ان پر کڑی جرح کرتے ہیں کہ انھوں نے اپنے باپ سے چند روایتیں سنی ہیں اور وہ باپ دادا کی تمام غیر مسموع روایات کو بلا تحاشا[1] بیان کرتے ہیں۔ (میزان الاعتدال جلد ۲ صفحہ ۲۸۹) حافظ ابن حجر رحؒ لکھتے ہیں کہ انھوں نے عن ابیہ عن جدہ کے طریق سے کچھ بھی نہیں سنا۔ وہ کتاب سے نقل کر کے محض تدلیس سے کام لیتے ہیں۔ (طبقات المدلسین ص ۱۱) امام طحاویؒ بھی ان کی سند کو منقطع سمجھتے ہوئے اس کو ضعیف کہتے ہیں (طحاوی جلد ۱ ص ۳۵)

---

[1] حضرات محدثین کرامؒ کا یہ ضابطہ ہے۔ اگر استاد اپنی کتاب اور بیاض سے روایت کرنے کی شاگرد کو اجازت نہ دے۔ تو وہ اس کتاب اور بیاض سے روایات بیان کرنے کا مجاز نہیں اور اس کی ایسی روایتیں قابل حجت نہیں ہو سکتیں۔ (شرح نخبۃ الفکر ص ۱۰۰)

امام حاکم رح کہتے ہیں کہ ان کی روایت مرسل ہونے کی وجہ سے ضعیف سمجھی جاتی ہے۔ (مستدرک جلد ۱ ص ۱۰۷) محدث ابن حزم رح لکھتے ہیں کہ عمرو بن شعیب رح کتاب سے روایت نقل کرتے ہیں جو کسی طرح بھی صحیح نہیں ہے اما حدیث عمرو بن شعیب رح عن ابیہ عن جدہ فصحیفۃ لا تصح۔ (محلی ابن حزم جلد ۱ ص ۲۳۲)

امام علی بن المدینی رح فرماتے ہیں کہ عمرو بن شعیب رح جب عن ابیہ عن جدہ کے طریق سے روایت نقل کرے تو وہ کتاب سے (جو انھوں نے پائی تھی) نقل کرتا ہے فھو ضعیف لذا وہ ضعیف ہے۔ ابن عدی رح فرماتے ہیں کہ وہ فی نفسہ ثقہ ہے مگر عن ابیہ عن جدہ کے طریق سے مرسل ہے ابن حبان رح فرماتے ہیں کہ جب وہ طاؤس رح اور سعید رح بن المسیب رح وغیرہ ثقات سے روایت نقل کرے تو حجت ہے۔ اور جب عن ابیہ عن جدہ کے طریق سے روایت کرے تو اگر جدہ سے عبداللہ رح مراد ہیں تو حدیث منقطع ہوگی اور اگر محمد رح مراد ہوں تو مرسل ہوگی (تہذیب التہذیب جلد ۸ ص ۵۳) اور محدث ساجی رح فرماتے ہیں کہ

قال ابن معین رح ھو ثقۃ فی نفسہ و ما روی عن ابیہ عن جدہ لا حجۃ فیہ و لیس بمتصل و ھو ضعیف ... الخ (تہذیب التہذیب جلد ۸ ص ۸)

امام ابن معین رح نے فرمایا کہ وہ فی نفسہ ثقہ ہے لیکن جب عن ابیہ عن جدہ سے روایت کرے تو حجت نہیں اور اس کی سند متصل نہیں بلکہ ضعیف ہے۔

امام میمونی فرماتے ہیں کہ میں نے امام احمد رح بن حنبل رح سے سنا:

یقول لہ اشیاء مناکیر و انما یکتب حدیثہ یعتبر بہ فاما ان یکون حجۃ فلا (ایضاً ص ۴۹)

انھوں نے فرمایا کہ اس سے بہت سی منکر اشیاء بھی ہیں اس کی حدیث اعتبار کے لیے تو لکھی جا سکتی ہے لیکن حجت کسی صورت میں نہیں ہو سکتی۔

اور امام اثرم رح فرماتے ہیں کہ امام احمد رح بن حنبل رح نے فرمایا کہ میں اس کی حدیثیں لکھ لیتا ہوں کبھی تو اس سے احتجاج کر لیتا ہوں۔

و ربما وجس فی القلب منہ شیٔ (ایضاً ص ۴۹)

اور کبھی اس سے دل میں کھٹکا گذرتا ہے۔

اس سے معلوم ہوا کہ مؤلف خیر الکلام نے (ص ۱۹۳ و ۱۹۴) میں بحوالہ تحفۃ الاحوذی جلد ۱ ص ۲۴۶

امام احمدؒ اور امام علیؒ بن المدینیؒ کے بارے میں جو یہ لکھا ہے کہ وہ عمروؒ بن شعیبؒ کی روایت کو قابل اعتبار سمجھتے ہیں صحیح نہیں ہے اور علامہ ذہبیؒ نے عمرو بن شعیبؒ کی روایت کو جو حسن کہا ہے تو اس سے اس کی دوسرے طرق سے روایت مراد ہے نہ کہ عن ابیہ عن جدہ کے طریق سے کیونکہ اس پر امام الجرح والتعدیل امام یحییٰؒ بن سعید القطانؒ اور یحییٰؒ بن معینؒ وغیرہ کی مفصل جرح موجود ہے۔

امام ابن حبانؒ اپنا فیصلہ یہ بیان کرتے ہیں کہ فی روایتہ عن ابیہ عن جدہ مناکیر کثیرۃ لا یجوز عندی الاحتجاج بشیء منھا۔ (اسعاف المبطأ برجال المؤطا ص ۲۱)

عمروؒ بن شعیبؒ کی عن ابیہ عن جدہ کے طریق سے میرے نزدیک کوئی روایت قابل احتجاج نہیں ہے کیونکہ ان میں کثرت سے نکارت ہوتی ہے۔

حافظ ابن حجرؒ لکھتے ہیں: بعض محدثینؒ ان کی مطلقاً تضعیف کرتے ہیں اور جمہور ان کی توثیق کرتے ہیں اور بعض دیگر ان کی بعض روایتوں کو ضعیف اور کمزور سمجھتے ہیں اور اپنا فیصلہ یوں ارقام فرماتے ہیں:

ومن ضعفہ مطلقا فمحمول علی روایتہ عن ابیہ عن جدہ (تھذیب التھذیب ج ۸ ص ۵۰)	جو حضرات ان کی مطلقاً تضعیف کرتے ہیں۔ سو ان کی یہ تضعیف صرف عن ابیہ عن جدہ کے طریق پر محمول ہوگی۔

علامہ سید سلیمان ندویؒ (المتوفی ۱۳۷۳ھ) لکھتے ہیں کہ اور یہ بیچارے اس لیے ضعیف سمجھے جاتے تھے کہ ان کو کتاب مل گئی تھی جس سے حدیثیں نقل کرتے وقت وہ تدلیس سے کام لیتے تھے۔ (خطبات مدراس ص ۵۳) عمروؒ بن شعیبؒ عن ابیہ عن جدہ کے طریق سے ایک اور روایت بھی مروی ہے کہ جس نے سکتات امام میں سورۂ فاتحہ کی قرأت نہ کی تو اس کی نماز کامل ادا نہ ہوگی۔ (کتاب القرآۃ ص ۵۵-۵۴)

لیکن اس کی سند میں علاوہ عمروؒ بن شعیبؒ عن ابیہ عن جدہ کے محمدؒ بن عبداللہؒ بن عبیدؒ بن عمیرؒ واقع ہے جس کا حال ابھی آپ معلوم کر چکے ہیں۔

ہشامؒ بن عروہ رحؒ کی روایت: ان کی روایت موقوف ہونے کے علاوہ ضعیف بھی

ہے اس کی سند میں موسیٰ بن مسعود ایک راوی ہے۔ امام احمدؒ اس میں کلام کرتے ہیں۔ ترمذیؒ ان کی تضعیف کرتے ہیں۔ امام ابن خزیمہؒ کا بیان ہے کہ اس سے احتجاج درست نہیں بنداؒر اس کو ضعیف الحدیث کہتے ہیں۔ (میزان الاعتدال جلد ۳ ص ۱۸۱) ابوحاتم رحؒ کہتے ہیں کہ مؤمل بن اسماعیل اور ابوحذیفہ (موسیٰ) دونوں کی کتابوں میں بہت غلطیاں ہیں۔ عمروؒ بن علی الفلاسؒ کہتے ہیں کہ کوئی صاحب بصیرت محدث اس سے احتجاج نہیں کر سکتا۔ ابواحمد حاکمؒ کا بیان ہے کہ وہ قوی نہ تھا۔ ابن قانعؒ کہتے ہیں کہ اس میں ضعف ہے۔ امام حاکمؒ کہتے ہیں کہ وہ کثیر الوہم اور سیئ الحفظ تھا۔ ساجیؒ اس کو ضعیف کہتے ہیں۔ دارقطنیؒ اس کو کثیر الوہم بتاتے ہیں۔ (تہذیب التہذیب جلد ۱۰ ص ۳۷۱)

علاوہ ازیں اس روایت میں فصاعداً کی زیادت بھی موجود ہے۔ کیا فریق ثانی سورۃ فاتحہ کے علاوہ کسی اور سورت کا مقتدی کے لیے جواز سمجھتا ہے؟

اثر ابوسلمہؒ یا ابوہریرہؓ۔ یہ اثر بھی موقوف ہونے کے علاوہ ضعیف ہے۔ اس کی سند میں موسیٰ بن مسعود واقع ہے جس کی حقیقت آپ کو معلوم ہو چکی ہے۔ مزید برآں رواۃ کو اس کا پورا یقین بھی نہیں کہ یہ روایت حضرت ابوسلمہؒ (تابعی) سے ہے یا حضرت ابوہریرہؓ سے مؤلف خیر الکلام کا اس کو مختلف فیہ ہونے کی وجہ سے حدیث حسن کہنا (ملاحظہ ہو خیر الکلام ص ۳۳) غلط ہے۔ کیونکہ یہ راوی نرا مختلف فیہ ہی نہیں بلکہ جمہور محدثین کرامؒ کی اس پر کڑی جرح منقول ہے جیسا کہ بیان ہو چکا ہے۔

اثر سعیدؒ بن جبیر رحؒ۔ یہ اثر بھی موقوف ہونے کے علاوہ ضعیف اور کمزور ہے۔ اس کی سند کا ایک راوی عبداللہ بن رجاء مکی ہے۔ امام احمدؒ اور ازدی رحؒ کہتے ہیں کہ اس کی روایت میں نکارت ہوتی ہے۔ (میزان جلد ۲ ص ۳۷) ساجیؒ کا بیان ہے عندہ مناکیر (تہذیب التہذیب جلد ۵ ص ۲۱۱) کہ وہ صاحب مناکیر ہے۔ اس سند کی کڑی کا دوسرا ضعیف راوی عبداللہ بن عثمان بن خثیم ہے اسکے بارے حضرت محدثین کرامؒ کے متضاد اقوال منقول ہیں امام ابن معینؒ اسکو ثقہ حجۃ کہتے ہوئے بھی یہ فرماتے ہیں احادیثہ لیست بالقویۃ۔ امام ابوحاتمؒ ما بہ بأس صالح الحدیث کہنے کے باوجود فرماتے ہیں وکان یخطئ (اور نیز فرمایا) لا یحتج بہ میزان الاعتدال ج ۲ ص ۵۶) امام نسائیؒ نے ایک مرتبہ ثقہ اور ایک مرتبہ لیس بالقوی کہا اور امام علی بن المدینیؒ اسکو منکر الحدیث کہتے ہیں۔ (تہذیب التہذیب ج ۵ ص ۳۱۵)

امام دارقطنی رح کا بیان ہے۔ ضعیف لیثو وہ ضعیف ہے اور محدثین اس کو ضعیف اور کمزور سمجھتے ہیں۔ (نصب الرآیہ جلد ۱ ص ۳۵۳) مبارکپوری صاحبؒ کی ستم ظریفی دیکھیے کہ وہ مولانا عبدالحیؒ کے رسالہ امام الکلام ص ۱۷۳ کی آڑ لیتے ہوتے اس ضعیف اور کمزور راوی ہی، اثر کو صحیح کہتے ہیں۔ (دیکھیے ابکار المنن ص ۱۶۷) فواسفا۔

سعیدؒ بن جبیرؒ کا بعینہ اس مضمون کا اثر کتاب القرآۃ ص ۶۹، ۸۷ میں بھی مذکور ہے، لیکن سند میں وہی عبداللہ بن عثمان بن خیثم ہے۔

یہ ہیں وہ روایات و آثار جن سے یہ حضرات سکتات امام میں مقتدی کے لیے قرأت سورۃ فاتحہ تجویز کرتے ہیں۔ ابھی تک جو کچھ عرض کیا گیا ہے وہ سکتاتِ امام کا روایتی پہلو تھا۔ اب آپ درایتی پہلو بھی سُن لیجئے۔ جہاں تک سکتاتِ امام کا ثبوت مل سکتا ہے وہ صرف دو سکتے ہیں، پہلا سکتہ تجبیر تحریمہ کے بعد کا سکتہ ہے اور فریق ثانی کو اس امر میں اتفاق ہوگا کہ نہ تو اس میں قرأت سورۃ فاتحہ کا ثبوت ہے اور نہ گنجائش اور دوسرا سکتہ سورۃ فاتحہ کی قرأت سے فارغ ہونے کے بعد امام اس لیے کرتا ہے تاکہ امام

حتی یتراد الیہ نفسہ۔ (نسائی جلد ۱ ص ۱۴۱) قرأت سے فارغ ہونے کے صرف سانس لے سکے۔

ابوداؤد جلد ۱ ص ۱۱۳، ترمذی جلد ۱ ص ۳۴، دارمی ص ۱۴۶)

اور صرف اس سکتہ میں سورۃ فاتحہ کی قرأت کیسے ممکن ہے؟ اور پھر ایک سکتہ کے سکتات کیسے بن گئے؟ خود مبارکپوری صاحب لکھتے ہیں؛

بل السکتۃ الثانیۃ کانت لان یتراد الیہ نفسہ کما صرح بہ قتادۃؒ۔ بلکہ دوسرا سکتہ تو صرف اس لیے ہوتا تھا کہ امام قرأت سے فراغت کے بعد سانس لے سکے۔ جیسا کہ حضرت قتادۃؒ نے اس کی تصریح کی ہے۔

(تحفۃ الاحوذی جلد ۱ ص ۲۰۹)

شیخ الاسلام ابن تیمیہؒ لکھتے ہیں کہ امام احمدؒ، امام مالکؒ، امام ابو حنیفہؒ اور جمہور اہل اسلام اس کے ہرگز قائل نہ تھے کہ سورۃ فاتحہ کے بعد امام اس لیے سکتہ کرے تاکہ مقتدی اس میں سورۃ فاتحہ پڑھ لیں اور نہ یہ حضرات سکتہ کے وجوب کے قائل تھے اور نہ استحباب کے۔

(تنوع العبادات ص ۸۵)

اور دوسرے مقام پر لکھتے ہیں:

ولم نعلم نزاعا بين العلماء انه لا يجب على الامام ان يسكت ليقرأ المأموم بالفاتحة ولا غيرها الى ان قال - ولا يستحب للامام السكوت ليقرأ المأموم عند جماهير العلماء وهذا مذهب مالكؒ وابي حنيفةؒ و احمد بن حنبلؒ وغيرهم - (فتاوی جلد ۲ ص ۱۴۶)	یعنی جہاں تک ہمیں معلوم ہے علماء کا اس بات پر اتفاق ہے کہ امام پر سکتہ واجب نہیں ہے تاکہ مقتدی سورۂ فاتحہ پڑھ لیں۔ امام مالکؒ، امام ابوحنیفہؒ اور امام احمد بن حنبلؒ وغیرہ جمہور اہلِ اسلام اس پر بھی متفق ہیں۔ کہ امام کے لیے یہ بات مستحب بھی نہیں ہے کہ وہ سکتہ کرے تاکہ مقتدی قرآت کر سکیں۔

قاضی محمد بن عبداللہ ابوبکرؒ ابن العربیؒ[1] المالکی الاندلسی (المتوفی ۵۴۳ھ) مجوزِ سکتات سے یوں خطاب کرتے ہیں کہ

عجبا لك كيف يقدر المأموم في الجهرية على القرأة اينازع القرآن الامام ام يعرض عن استماعه ام يقرأ اذا سكت قيل له فان لم يسكت وقد اجمعت الامة على ان سكوت الامام غير واجب فمتى يقرأ؟	تعجب ہے تم پر مقتدی کو جہری نمازوں میں قرآت پر کیسے قادر تصور کیا جائے؟ کیا وہ قرآت قرآن پر امام سے منازعت کرتا رہے؟ یا استماع سے اعراض کرے؟ یا جب امام سکتہ اختیار کرے تو اس وقت وہ قرآت کرے؟ اگر امام سکتہ نہ کرے تو مقتدی کب پڑھے؟ کیونکہ تمام امت کا اس بات پر اتفاق ہے کہ امام پر سکتہ واجب نہیں۔

(عارضة الاحوذی جلد ـ بحوالہ اوجز المسالک جلد ۱ ص ۲۴۸)

حافظ ابن القیمؒ لکھتے ہیں کہ آں حضرت صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم سے کسی صحیح حدیث سے یہ بات ثابت نہیں ہو سکتی کہ آپ نے محض اس لیے سکتہ اختیار کیا ہو تاکہ مقتدی سورۂ فاتحہ پڑھ لیں۔ (بحوالہ غیث الغمام ص ۱۷۵)

---

[1] موصوف بہت بڑی قدر و منزلت کے مالک تھے متبحر علمی ذہانت اور خصائل و عادات میں بے نظیر تھے۔ علامہ ذہبیؒ ان کو الحافظ، العلامہ اور القاضی لکھتے ہیں۔ (تذکرہ جلد ۴ ص ۸۶)

محمدبن[1] اسمٰعیل بن الصلاح امیر یمانی (المتوفی ۱۱۸۲ھ) لکھتے ہیں کہ

ثم اختلف القائلون بوجوب القرأة فقیل فی محل سکتات الامام وقیل فی سکوتہ بعد تمام القرأۃ ولا دلیل لھذین القولین فی الحدیث۔ (سبل السلام شرح بلوغ المرام جلد ۱ ص ۱۰۶)

امام کے پیچھے مقتدی کے لیے قرأت تجویز کرنے والے آپس میں مختلف ہیں۔ ایک گروہ یہ کہتا ہے کہ امام کے سکتات میں قرأت کرنی چاہیے۔ اور دوسرا گروہ کہتا ہے کہ جب امام قرأت سے فارغ ہو جائے تو اس وقت مقتدی کو قرأت کرنی چاہیے لیکن ان دونوں باتوں کا حدیث میں کوئی ثبوت نہیں ہے۔

ان اقتباسات سے یہ بات آفتاب نیمروز کی طرح ثابت ہو گئی ہے کہ سکتات امام کا کسی حدیث سے ثبوت نہیں ملتا۔ اور امت کا اس پر اجماع و اتفاق ہے کہ نہ تو امام پر سکتہ واجب ہے اور نہ مستحب اور یہ بات بعید از قیاس اور انصاف ہے کہ شریعت حقہ مقتدی کو امام کے پیچھے قرأت سورۃ فاتحہ کا مکلف تو بنائے لیکن اس کو قرأت کا موقع اور محل نہ بتلائے، یہ تو ایسا ہی ہوا جیسا کسی نے کہا ہے ؎

درمیان قعر دریا تختہ بندم کردہ
باز می گوئی کہ دامن تر مکن ہشیار باش

یہ ایسی خرافات ہے، جس سے شریعت حقہ کا دامن انصاف بالکل مبرا اور پاک ہے امام ابوبکر الجصاص رح فرماتے ہیں کہ مقتدی کا کام تو یہ ہے کہ وہ امام کی پیروی کرے اور جائز نہیں کہ امام مقتدی کا تابع ہو۔ تو اس قائل کا قول کہ امام سکتہ کرے تاکہ مقتدی قرأت کر لے۔ آں حضرت صلی اللہ تعالیٰ علیہ وآلہ وسلم کے اس قول کے خلاف ہے جس میں آپ نے فرمایا کہ امام اس لیے مقرر کیا جاتا ہے تاکہ اس کی اقتدا کی جائے اور پھر باوجود اس کے یہ معاملہ آں حضرت صلی اللہ تعالیٰ علیہ وآلہ وسلم کے اس ارشاد کے مخالف ہے جس میں آپ نے فرمایا ہے کہ اور جب امام قرأت کرے

[1] نواب صاحب رح لکھتے ہیں کہ امام صنعاء و علامہ یمن وشاعر مجید و مجتہد مفید و محدث کامل و عارف واصل است، عامل بود بکتاب و سنت بحسب اجتہاد نفس خود تقید بہ تقلید احدے از اہل علم نداشت۔

(تقصار جیود الاحرار من تذکار جنود الابرار ص ۸۰)

تو تم خاموش رہو اس حدیث میں آپ نے مقتدی کو امام کی قرأت کے لیے خاموشی کا حکم دیا ہے اور سکتات کا قائل امام کو مقتدی کے لیے انصات کا حکم دے رہا ہے۔ اور امام کو مقتدی کا تابع بنا رہا ہے اور یہ قول بالکل الٹ ہے۔

اور اس پر بحث کرتے ہوئے مزید ارقام فرماتے ہیں:

وقولہ انما جعل الامام لیؤتم بہ فاذا قرأ فانصتوا اخبار منہ من ان من الائتمام بالامام الانصات لقرأتہ وھذا یدل علی انہ غیر جائز ان ینصت الامام لقرأۃ المأموم لانہ لو کان مأمورا بالانصات لہ لکان مأموماً بالائتمام بہ فیصیر الامام مأموماً والمأموم اماما فی حالۃ واحدۃ وھذا فاسد .... الخ (احکام القرآن جلد ۳ ص ۵۱)

آں حضرت صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے ارشاد فرمایا کہ امام اس لیے مقرر کیا جاتا ہے تاکہ اس کی اقتدا کی جائے پس جب وہ پڑھے تو تم خاموش رہو اس میں آپ نے خبر دی ہے کہ امام کی اقتدا میں یہ امر شامل ہے کہ اس کی قرأت کے لیے خاموشی اختیار کی جائے اور یہ ارشاد صاف بتاتا ہے کہ جائز نہیں کہ امام مقتدی کی قرأت کے لیے انصات کرے کیونکہ اگر وہ اس کا مامور ہوتا تو وہ اقتدا کا مامور ہوتا تو ایک ہی حالت میں امام مقتدی ہو جاتا اور مقتدی امام اور یہ بالکل فاسد ہے۔

پندرھواں اعتراض - حضرت امام بخاریؒ[1]، امام بیہقیؒ[2] اور مبارکپوری صاحبؒ[3] وغیرہ فرماتے ہیں کہ خطبہ جمعہ کے وقت اتنی توجہ اور خاموشی کا حکم اور تاکید آتی ہے کہ اگر کوئی شخص شور و غل مچاتا ہو تو اس کو یہ کہنا بھی صحیح نہیں ہے کہ خاموش ہو جاؤ جیسا کہ صحیح حدیث[4] میں آتا ہے۔

اذا قلت لصاحبک یوم الجمعۃ انصت فقد لغوت۔ (بخاری جلد ۱ ص ۱۲۸، مسلم ۱ ص ۲۸۱)

یعنی جب تم کسی کو جمعہ کے خطبہ کے وقت یہ کہو کہ خاموش ہو جاؤ تو تم نے ایک بیجا اور بے ہودہ حرکت کی۔

اس سے معلوم ہوا کہ خطبۂ جمعہ کے وقت ایسی توجہ اور خاموشی مطلوب ہے کہ امر بالمعروف اور

---

[1] جزء القرآۃ ص ۳۵
[2] کتاب القرآۃ ص ۸۴
[3] تحقیق الکلام جلد ص وغیرہ
[4] یہ روایت نسائی جلد ۱ ص ۲۰۷، ابوداؤد جلد ص ۱۵۸، ترمذی جلد ۱ ص ۶۷، ابن ماجہ ص ۷۹ اور طحاوی جلد ۱ ص ۲۱۵ وغیرہ میں بھی موجود ہے۔

نہی عن المنکر بھی اس وقت ساقط ہے لیکن مع ہذا آں حضرت صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے ارشاد فرمایا ہے کہ اذا جاء احدکم یوم الجمعۃ والامام یخطب فلیرکع رکعتین ولیتجوز فیھما (مسلم جلد ا ص ۲۸۷) ——— جب تم میں سے کوئی شخص اس حالت میں آئے کہ امام جمعہ کا خطبہ پڑھ رہا ہو تو اس آنے والے کو مختصر طریق سے دو رکعت نماز پڑھ لینی چاہیے۔

اس روایت سے معلوم ہوا کہ خطبہ کے وقت نماز پڑھنا جائز ہے، جس میں بہر حال تلاوت قرآن کریم کی جاتی ہے اور یہ انصات کے منافی نہیں۔ لہٰذا اگر کوئی شخص امام کے پیچھے بحالت اقتدا قرأت کرتا ہے تو وہ بھی آیت استماع اور انصات کی مخالفت نہیں کرتا۔

جواب۔ جمہور اہل اسلام خطبہ کے وقت نماز پڑھنا جائز نہیں سمجھتے۔ امام نوویؒ لکھتے ہیں کہ امام مالکؒ، امام لیثؒ بن سعدؒ، امام ابو حنیفہؒ اور جمہور حضرات صحابہؓ و تابعینؒ اور سلفؒ کا مسلک یہ ہے کہ خطبہ کے وقت نماز صحیح نہیں ہے۔ حضرت عمرؓ، حضرت عثمانؓ اور حضرت علیؓ کا بھی مسلک ہے۔ (شرح مسلم جلد ا ص ۲۸۷)

علامہ عراقیؒ کا بیان ہے کہ حضرت ابن عمرؓ، ابن عباسؓ، عروہؒ بن زبیرؓ، مجاہدؒ، عطاءؒ بن ابی رباحؒ، سعیدؒ بن المسیبؒ، محمدؒ بن سیرینؒ، امام زہریؒ، قتادہؒ، ابراہیم نخعیؒ اور قاضی شریحؒ کا بھی یہی مذہب ہے۔ (فتح الملہم جلد ۲ ص ۴۱۵)

امام ترمذیؒ لکھتے ہیں کہ کوفے کے فقہاء اور محدثین کا یہی مسلک تھا۔ (جلد ا ص ۶۷) جب جمہور اہل اسلام کے نزدیک خطبہ کے وقت نماز پڑھنا جائز نہیں۔ تو اس پر مقتدی کی قرأت خلف الامام کو قیاس کرنا صحیح نہ ہوگا اور جس طرح خطبہ کے وقت نماز استماع اور انصات کے منافی ہے اسی طرح قرأت خلف الامام بھی منافی ہے، جمہور کا کہنا ہے کہ گو آیت واذا قرئ القرآن ..... الآیۃ کا شان نزول صرف نماز ہے لیکن یہ آیت اپنے عموم الفاظ کے اعتبار سے خطبہ کو بھی شامل ہے۔ اس لیے خطبہ کی حالت میں بھی ہر ایسے قول و فعل سے اجتناب ضروری ہے جو استماع و انصات کے منافی ہو اور ظاہر ہے کہ نماز قولاً و فعلاً استماع و انصات کے منافی ہے۔ لہٰذا نماز بھی صحیح

ل یہ روایت ابوداؤد جلد ا ص ۱۵۹، نسائی جلد ا ص ۱۵۷، ترمذی جلد ا ص ۶۷، ابن ماجہ ص ۷۹ اور طحاوی جلد ا ص ۱۷۰ وغیرہ میں بھی موجود ہے بعض میں مختصر اور بعض میں قدرے تفصیل سے۔

نہ ہوگی اور آں حضرت صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے ارشاد فرمایا ہے کہ

يصلي ما كتب له ثم ينصت اذا تكلم الامام (بخاری جلد ۱ ص ۱۲۱، مسلم جلد ۱ ص ۲۸۳، طیالسی ص ۹۵)

امام کے آنے سے پہلے جتنی نماز کوئی پڑھنا چاہے پڑھ لے اور پھر جب امام خطبہ شروع کرے تو اس وقت نماز ترک کر کے خاموش ہو جائے۔

اس صحیح حدیث سے معلوم ہوا کہ امام کے خطبہ پڑھنے سے قبل نماز پڑھنا جائز ہے لیکن خطبہ شروع ہونے کے بعد گنجائش نہیں نکلتی اور بغیر خاموشی اور انصات کے کوئی چارہ نہیں اور طیالسی کے یہ الفاظ بھی مدنظر رکھیے فاذا تكلم الامام استمع وانصت۔ جب امام خطبہ پڑھے تو مقتدی اس وقت توجہ کرے اور خاموش رہے اور حضرت نبیشۃ الہذلیؓ آں حضرت صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم سے روایت کرتے ہیں کہ

فان لم يجد الامام خرج صلى ما بدا له وان وجد الامام قد خرج جلس فاستمع وانصت الحديث (مجمع الزوائد جلد ۲ ص ۱۷۱) وقال رواه احمد ورجاله رجال الصحيح خلا شيخ احمد وهو ثقة... انتهى)

اگر امام ابھی خطبہ کے لیے نہ آیا ہو تو جتنی نماز پڑھی جا سکتی ہے پڑھنی چاہیے اور جب امام خطبہ کے لیے آ چکا ہو تو اس وقت ہر شخص کو بیٹھ کر توجہ اور خاموشی اختیار کرنی چاہیے۔ علامہ ہیثمیؒ کہتے ہیں کہ اس روایت کے سب راوی بخاری کے راوی ہیں۔ ہاں مگر امام احمدؒ کے استاذ لیکن ہیں وہ بھی ثقہ۔

لہ ان کا نام علی بن اسحاقؒ ہے۔ (فتح الملہم جلد ۲ ص ۴۱۵) ابن معینؒ ان کو ثقہ اور صدوق کہتے ہیں۔ ابن سعدؒ نسائیؒ اور محدث محمد بن حمدویہؒ سب ان کو ثقہ کہتے ہیں۔ ابن حبان رہ ان کو ثقات میں لکھتے ہیں۔ (تہذیب التہذیب جلد ۷ ص ۲۸۲) حافظ ابن حجرؒ لکھتے ہیں کہ وہ ثقہ تھے۔ (تقریب ص ۲۶۹) حافظ ابن حجرؒ مقدمہ فتح الباری ص ۴ میں لکھتے ہیں کہ ہم فتح الباری میں جو حدیث بغیر گرفت کے نقل کریں گے۔ وہ صحیح یا حسن ہوگی۔ اور یہ روایت حافظ موصوف نے فتح الباری جلد ۲ ص ۲۹۷ میں نقل کی ہے اور اس پر کوئی گرفت نہیں کی۔ مؤلف خیر الکلام نے (ص ۳۱۵، ۵۱۴ میں) یہ اعتراض کیا ہے کہ اس کی سند میں عطاء خراسانیؒ ہے اور حافظ ابن حجرؒ لکھتے ہیں کہ وہ ارسال تدلیس اور کثرت وہم کا شکار تھے۔ اور بخاری نے ان کی کوئی حدیث نہیں لی۔ (تقریب ۲۷۹) اور مقدمہ فتح الباری ص ۴۳۲ میں لکھتے ہیں کہ وہ بخاری کی شرط پر نہیں ہے۔ یہ علامہ ہیثمیؒ کا وہم ہے۔ (باقی صفحہ آئندہ پر)

اس صحیح روایت سے بھی معلوم ہوا کہ نماز کی گنجائش صرف اس وقت ہے۔ جب امام خطبہ کے لیے ابھی نہ آیا ہو۔ لیکن جب امام خطبہ کے لیے آچکا ہو تو پھر نماز کی گنجائش ہے اور نہ سلام و کلام کی اور خطبہ کی حالت میں نماز پڑھنے کی حدیث کا جواب جمہور نے یہ دیا ہے کہ یہ ایک مخصوص واقعہ ہے۔ بعض رواۃ نے نقل بالمعنی کے پیش نظر اس کو تعمیم کا جامہ پہنا دیا ہے۔ اصل واقعہ یہ ہے کہ حضرت سلیک غطفانی رض فقر و فاقہ کا شکار تھے۔ ان کی خستہ حالی اور پریشانی کو دیکھ کر آں حضرت صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے ان کے لیے چندہ کرنے کا قصد فرمایا اور اس کا حکم دیا کہ کھڑے ہو کر دو رکعتیں پڑھ لیں تاکہ لوگ ان کی پراگندہ صورت اور بے بسی کو دیکھ لیں اور دل کھول کر اس کی اعانت اور امداد کریں۔ چنانچہ روایت کے اصل الفاظ یہ ہیں:

جاء رجل یوم الجمعۃ والنبی صلی اللہ علیہ وسلم یخطب بھیئاۃ بذۃ فقال لہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم اصلیت قال لا قال صل رکعتین وحث الناس علی الصدقۃ الحدیث۔ (نسائی جلد ۱ ص ۱۵۸)	آں حضرت صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم خطبہ ارشاد فرما رہے تھے کہ ایک شخص نہایت خستہ حالی میں آیا۔ آپ نے فرمایا: تم نے نماز پڑھی ہے؟ کہا: نہیں۔ آپ نے فرمایا کہ کھڑے ہو کر دو رکعتیں پڑھو۔ اور لوگوں کو آپ نے صدقہ اور خیرات کی تلقین فرمائی تاکہ اس کی امداد و اعانت ہو سکے۔

(بقیہ پچھلا صفحہ) کہ اس کو صحیح کی شرط پر مانتے ہیں۔ (محصلہ) مگر یہ حافظ ابن حجر رح کا وہم ہے کیونکہ صحیح بخاری جلد ۲ ص ۷۳۲ اور ص ۷۹۹ میں عطاءؒ کی روایت موجود ہے۔ محدث ابو مسعود الدمشقیؒ اور ان کے پیروکار اور علامہ قسطلانیؒ وغیرہ تصریح کرتے ہیں کہ یہ عطا خراسانیؒ ہے۔ لہٰذا یہ علامہ ہیثمی رح کا وہم نہیں بلکہ حافظ ابن حجر رح کا وہم ہے اور جس بنا پر مؤلف مذکور انکار کرتے ہیں کہ چونکہ یہ کمزور ہے لہٰذا بخاری کی شرط پر نہیں اتر سکتا۔ نہایت کمزور ہے۔ کیونکہ اس سے ضعیف تر راوی صحیح بخاری میں موجود ہیں۔ ہم ان شاء اللہ تعالیٰ عرض کر سکتے ہیں۔ اور حافظ ابن حجر رح نے تہذیب التہذیب جلد ۷ ص ۲۱۲ میں نشان دہی کی ہے کہ یہ مسلم، ابوداؤد، نسائی، ترمذی اور ابن ماجہ کا راوی ہے۔ اس لحاظ سے بھی وہ صحیح مسلم کا راوی ہے اور یہ روایت بالکل صحیح ہے۔ اور اصول حدیث کی رو سے اس کے حسن ہونے میں تو کوئی کلام نہیں ہو سکتا۔ البتہ نہ ماننے کا کوئی علاج نہیں۔

اور مسند احمد کی روایت کے الفاظ یوں ہیں۔ آں حضرت صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے ارشاد فرمایا کہ

ان ھذا الرجل دخل المسجد فی ھیئۃ بذۃ فامرتہ ان یصلی رکعتین وانا ارجوان یفطن لہ رجل فیتصدق علیہ۔ (فتح الباری ۲ ص ۳۲۶)

یہ شخص مسجد میں داخل ہوا اور یہ بہت شکستہ حال تھا۔ میں نے اس کو اس امید سے دو رکعتیں نماز پڑھنے کا حکم دیا ہے تاکہ کوئی صاحب دل اس کو دیکھ لے اور اس پر صدقہ کرے۔

اس سے معلوم ہوا کہ یہ ایک مخصوص واقعہ تھا۔ اور روایات میں سے بعض نے اس کو عموی رنگ میں پیش کر دیا ہے اور ایک روایت میں یہ بھی مروی ہے جو محض بطور تائید پیش کی جاتی ہے، جس کی مزید تائید معتبر کا مرسل کرتا ہے۔ (دارقطنی جلد ۱ ص ۱۶۹)

وامسك عن الخطبۃ حتی فرغ من صلوتہ۔ (دارقطنی جلد ۱ ص ۱۶۹ و زیلعی جلد ۲ ص ۲۰۳)

کہ جب تک وہ شخص نماز سے فارغ نہ ہو گیا۔ آپ نے خطبہ بند کر دیا تھا۔

ایک اور روایت میں یہ الفاظ بھی آتے ہیں جو محض تائیداً پیش کی جا رہی ہے نہ کہ استدلالاً

ارکع رکعتین ولا تعد لمثل ھذا۔ (دارقطنی جلد ۱ ص ۱۶۹ و زیلعی جلد ۱ ص ۱۶۹)

اب دو رکعتیں پڑھ لے لیکن پھر کبھی ایسا نہ کرنا۔

حافظ ابن حجر رح لکھتے ہیں:

واما قصۃ سلیک رضی اللہ تعالیٰ عنہ فقد ذکر الترمذی انھا اصح شیئ روی فی ھذا الباب واقوی۔ (فتح الباری جلد ۲ ص ۲۲۵)

امام ترمذی رح کا ارشاد ہے کہ اس باب میں سلیک رضی اللہ تعالیٰ عنہ کا واقعہ سب سے زیادہ صحیح اور قوی تر ہے۔

چونکہ یہ شخص نہایت ہی غریب تھا اس لیے آں حضرت صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے اس کے لیے دلسوزی سے چندہ کیا اور جب دوسرے اور تیسرے جمعہ پھر آیا تو پھر بیٹھ گیا آپ نے فرمایا اٹھ اور نماز پڑھ۔ (فتح الباری جلد ۱ ص ۴۹۹) اور ہمارے خیال میں یہ بھی اس کی طرف لوگوں کو توجہ دلانے کے لیے تھا تاکہ لوگ اس مفلوک الحال کو دل کھول کر

چندہ دیں بلکہ امام بخاریؒ روایت نقل کرتے ہیں کہ جب وہ دوسرے جمعہ پر آیا تو اس وقت آں حضرت صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم خطبہ دے رہے تھے۔ آپ نے فرمایا: ان یصدقوا علیہ وان یصلی رکعتین۔ (جزء القراۃ ص ۳۷) کہ اس پر صدقہ کریں۔ اور اس کو دو رکعتیں پڑھنے کا حکم دیا اور بقول مؤلف خیر الکلام حافظ ابن حجرؒ نے اس کے لیے چندہ مانگنے کو جزو علت کہا ہے۔ (خیر الکلام ص ۵۶۵) مگر یہ جزو علت نہیں پوری علت ہے کیونکہ آپ نے دو تین جمعے متواتر صرف اسی خستہ حال شخص کو نماز کا حکم دیا ہے رہا امام نوویؒ اور حافظ ابن حجرؒ کا مسلم کی روایت کے پیش نظر یہ کہنا کہ یہ نص ہے اس میں تاویل کی گنجائش نہیں۔ (محصلہ خیر الکلام ص ۵۶۵ والاعتصام ص ۷۔ ۱۲ اکتوبر ۱۹۶۲ء) درست نہیں۔

اوّلاً۔ اس لیے کہ روایت بالمعنیٰ کا یہ جواب نہیں ہے۔[1]

وثانیاً۔ اگر الفاظ یہی ہوتے تو کم از کم حضرات خلفاء ثلاثہ رضؓ کبھی اس کے خلاف نہ کرتے ان کا عمل ہی اس کے غیر نص ہونے کی دلیل ہے اور جمہور اہل اسلام کی تائید اس پر مستزاد ہے۔ امام نسائیؒ سنن الکبریٰ میں اس حدیث کا یہ باب قائم کرتے ہیں: باب الصلوٰۃ قبل الخطبۃ (زیلعی جلد ۲ ص ۲۰۴) گویا امام نسائی رہ کی تحقیق یہ ہے کہ یہ واقعہ (نماز پڑھنے کا) خطبہ شروع ہونے سے پہلے پیش آیا تھا اور امام نسائیؒ کا ایسا سمجھنا محض بے وجہ نہیں ہے کیونکہ یخطب مضارع کا صیغہ ہے اور زمانہ حال و مستقبل دونوں کا اس میں احتمال موجود ہے۔ اور زمانہ استقبال مراد

---

[1] اسی مفہوم کو پیش نظر رکھتے ہوتے بعض محققین نے یخطب کا معنیٰ یرید الخطبۃ کیا ہے۔ دیکھیے فتح الملہم جلد ۲ ص ۴۱۷، فیض الباری جلد ۲ ص ۳۴۴۔ امام نووی رہ اذا امّن الامام فامّنوا کی شرح میں لکھتے ہیں۔ قالوا معناہ اذا اراد التامین۔ (شرح مسلم جلد ۱ ص ۱۷۶) علماء کا بیان ہے کہ جب امام آمین کہنے کا ارادہ کرے تو تم بھی آمین کہو۔ جب امّن ماضی میں ارادالتامین کی گنجائش نکل سکتی ہے تو یخطب میں یرید الخطبۃ کا احتمال کیوں بعید ہے؟ علاوہ بریں بخاری جلد ۱ ص ۱۵۶ میں (وقال الحافظ فی الفتح جلد ۲ ص ۳۲۸ متفق علیہ) اصل الفاظ میں تردد ہے۔ والامام یخطب اوقد خرج کہ امام خطبہ پڑھ رہا ہو یا خطبہ کے لیے آرہا ہو او قد خرج جملہ ہوتے ہوتے فریق ثانی کا دعویٰ اور کمزور ہو جاتا ہے۔ دیکھیے مزید تحقیق کے لیے عارضۃ الاحوذی جلد ۲ ص ۳۰۲۔ (باقی اگلے صفحہ پر)

لینے کی صورت میں حدیث کے معنی یہ ہوں گے۔ جب تم میں کوئی شخص آئے۔ درآں حالیکہ امام خطبہ پڑھنا چاہتا ہو اور اس کا ارادہ کرتا ہو (جو قرائن سے معلوم ہو سکتا ہے) تو خطبہ سے قبل ہی تم نماز پڑھ لیا کرو۔ یہی وجہ ہے کہ حدیث میں صرف دو رکعتیں پڑھنے کا حکم دیا گیا ہے تاکہ امام کے خطبہ شروع کرنے سے پہلے ہی فارغ ہو کر استماع اور انصات پر صحیح طور پر عامل ہو سکے۔

(بقیہ پچھلا صفحہ) مؤلف خیر الکلام نے دو باتیں ایسی کہی ہیں جن پر بے ساختہ ہنسی آتی ہے پہلی بات یہ کہ والامام یخطب او قد خرج میں تردد صرف سعیدؒ کے بعض شاگردوں کو ہے۔ روحؒ بن قاسمؒ اور سفیانؒ بن عیینہؒ کی روایت میں تردد نہیں اسی طرح شعبہؒ کے بعض شاگرد نضرؒ بن شمیلؒ ابو زید ہرویؒ وہبؒ بن جریر بغیر تردد کے بیان کرتے ہیں۔ (دار قطنی جلد ۱ ص ۱۶۸) اور او یہاں تنویع کے لیے ہے (محصلہ ص ۵۴۷)۔ مگر ہم نے بخاری شریف جلد ۱ ص ۱۵۶ کا حوالہ دیا ہے جس کی سند یوں ہے حدثنا آدم اخبرنا شعبہ قال حدثنا عمرو بن دینار قال سمعت جابر بن عبد اللہ .... الخ نہ تو اس سند میں سعیدؒ ہے اور نہ اس کے وہ مذکور شاگرد ہیں جن کا ذکر مؤلف مذکور نے کیا ہے۔ اس لیے حرف او کے ساتھ ہی اصل روایت ہے جو برائے شک ہے اور اگر حرف او تنویع کے لیے ہوتا اور خطبہ اور غیر خطبہ کی حالت اجازت نماز کے لیے برابر ہوتی تو جمہور اور خصوصاً حضرات خلفاء ثلاثہ رض اس کے خلاف نہ کرتے بلکہ وہ دونوں حالتوں کو برابر سمجھتے رہا مؤلف خیر الکلام کا یہ کہنا کہ جمہوریت حدیث کے معاملہ میں کوئی حجت نہیں (۵۴۳) تو یہ شکست فاش کی واضح علامت ہے۔ حق جماعت کے ساتھ ہوتا ہے اور امت کی اکثریت کبھی غلطیات پر مجتمع نہیں ہو سکتی اور یہاں جمہور کے پاس صحیح روایات ہیں محض جمہوریت ہی نہیں ہے جیسا کہ مؤلف خیر الکلام اپنے ناخواندہ حواریوں کو سمجھا رہے ہیں۔ دوسری بات مؤلف خیر الکلام لکھتے ہیں کہ پھر یہ کہنا کہ یخطب مضارع کا صیغہ ہے اور زمانہ حال و مستقبل دونوں کا اس میں احتمال ہے۔ قواعد نحویہ سے بے خبری پر مبنی ہے کیونکہ عامل حال اور حال کا زمانہ ایک ہونا چاہیئے پس خطبہ کا زمانہ وہی ہونا چاہیئے جو آنے کا ہے ... اھ (ص ۵۴۶) بے شک یہ قواعد نحو سے بے خبری پر مبنی ہے اور ساری عمر پڑھا پڑھا کر بھی مؤلف خیر الکلام کو نحو کے بالکل ابتدائی گرائمر بھی معلوم نہیں۔ ان کو معلوم ہونا چاہیئے کہ جس حال اور عامل حال کا زمانہ ایک ہوتا ہے وہ ایسا حال ہے جو ترکیب میں حال واقع ہوا اور یہاں یخطب مضارع کا صیغہ ہے جو خود عامل ہے اور اس میں حال و استقبال کا معنی پایا جاتا ہے یہ راکباً کی طرح حال نہیں ہے جس کا عامل اور ہوتا ہے۔ اور اس حال میں عامل حال اور حال کا زمانہ ایک ہوتا ہے۔ بات اور حال کی ہے اور وہ بے خبری میں چسپاں دوسرے حال پر کر رہے ہیں۔

الحاصل خطبہ کے وقت نماز پڑھنا جمہور کے نزدیک صحیح حدیث کی روشنی میں ممنوع ہے۔ اور جس حدیث سے اجازت ثابت ہوتی ہے اس کا صحیح محمل بھی آپ جمہور کی طرف سے سُن چکے ہیں۔ دریں حالات خطبہ کی حالت میں نماز کو جائز تصور کرتے ہوئے اس پر قرأت خلف الامام کے جواز کو قیاس کرنا ایک بے حقیقت اور بے اصل بات ہے، خصوصاً جب کہ مسئلہ مذکورہ منصوص ہے۔

سولھواں اعتراض — امام بخاری رح، مبارک پوری رح اور مفتی کلانوری صاحب وغیرہ لکھتے ہیں کہ جب امام قرأت کر رہا ہو اور کوئی شخص آکر اس کی اقتدا کرنا چاہتا ہے۔ تو لامحالہ اس کو تکبیر تحریمہ کہنے کے بعد ہی اقتدا نصیب ہو سکتی ہے اور اس کا تکبیر تحریمہ کہنا آیت استماع وانصات کے منافی ہے۔ لہٰذا مانعین قرأت خلف الامام کا عمل بھی آیت مذکورہ پر نہ ہوا۔ (جزء القرأۃ ص ۵ و تحقیق الکلام جلد ۲ ص ۱۳ وغیرہ)

جواب — پہلے پوری تفصیل کے ساتھ یہ بات عرض کی جا چکی ہے کہ آیت کا مخاطب ہر ایسا شخص ہے جو امام کی اقتدا کر چکا ہو اور امام ابن جریرؒ وغیرہ کے حوالے سے نقل کیا جا چکا ہے کہ

فالانصات خلفہ لقرأتہ واجب علی من کان مؤتمابہ۔	جو آدمی امام کی اقتدا کر چکا ہو۔ امام کی قرأت کے لیے خاموش ہونا اس پر واجب ہے۔

رہا وہ شخص جس نے مطلقاً امام کی اقتدا ہی نہ کی ہو یا ابھی اقتدا کرنے کا ارادہ ہی کر رہا ہو تو وہ شخص اس آیت کا مخاطب نہیں ہے اور تکبیر تحریمہ علمائے احناف کی تحقیق میں شرط ہے۔ (دیکھیے خانیہ جلد ۱ ص ۴۰ و سراجیہ ص ۱۰ و ہدایہ جلد ص ۸۲ اور شرح وقایہ جلد ۱ ص ۱۴۰ وغیرہ) اور شرط خارج ہوتی ہے۔ (وشرط الشئ خارج عنہ ھامش کنز ص ۳۰) لہٰذا قرأت امام کے وقت مقتدی کا تکبیر تحریمہ کہنا آیت استماع وانصات کے کسی طرح مخالف اور منافی نہیں ہے۔ ہاں اس کا قرأت کرنا یقیناً منافی ہے۔ قاضی مقبول احمد صاحب یہ کہتے ہیں کہ یہاں آیت کو اپنے عموم پر کیوں نہیں رکھا گیا؟ اور جو شخص نماز میں شریک نہ ہوا ہو وہ شور و غل مچاتا ہے (محصلہ الاعتصام ص ۱۰، ۵ ر اکتوبر ۱۹۲۲ء) لیکن ان کو معلوم ہونا چاہیے کہ جس شخص نے اقتداء

نہ کی ہو اس کے لیے انصات و استماع مستحب ہے، اس کو شور و غل کا حق کس نے دیا ہے؟
اور آیت استحباب کے حکم میں اپنے عموم پر ہے ہاں وجوب صرف مقتدی کے لیے ہے۔
کیونکہ شان نزول بھی خلف الامام کا مسئلہ ہے۔ کما مرّ۔

سترھواں اعتراض۔ حضرت امام بخاریؒ، امام بیہقی رح اور مبارکپوری صاحبؒ وغیرہ کہتے ہیں کہ جو لوگ امام کے پیچھے قرأت کرنے کے منکر ہیں۔ ان کا بھی آیت استماع و انصات پر عمل نہیں ہے کیونکہ وہ بھی امام کے پیچھے ثنار وغیرہ پڑھنے کے قائل ہیں۔ اگر امام کے پیچھے قرأت کرنا صحیح نہیں تو ثنار وغیرہ کی قرأت کیسے صحیح ہوتی؟ لهذا ثناء وغیرہ کی قرأت کرنیوالے بھی آیت استماع و انصات پر عامل نہ ہوئے۔

(جزء القرأۃ ص ۷، ص ۱۰، کتاب القرأۃ ص ۱۵۷، تحقیق الکلام ج ۲ ص ۴۶)

جواب۔ ان اکابر کا یہ اعتراض بھی سطحی قسم کا ہے اور قابل التفات نہیں ہے۔

اولاً۔ اس لیے کہ اگر صورت مذکورہ میں مقتدی سے مدرک مراد ہے تو ظاہر ہے کہ اس کے لیے صرف ثنار کی قرأت کرنا ہے۔ اور امام کو ثنار، تعوّذ اور تسمیہ بھی پڑھنا ہے۔ اگر مدرک امام سے پہلے قرأت ثنار سے فارغ نہ ہوا۔ تو امام کے ساتھ تو بہر حال فارغ ہو ہی جائے گا۔ اور جب امام قرأت قرآن (سورۃ فاتحہ) شروع کرے گا تو مدرک ثنار کے پڑھنے سے فارغ ہو چکا ہو گا۔ لہٰذا مدرک باوجود ثنا پڑھنے کے آیت مذکورہ کا مخالف نہ ہوا۔

وثانیاً۔ اگر صورت مذکورہ میں مقتدی سے مسبوق مراد ہے تو محققین فقہائے احنافؒ کی تصریح سے یہ بات ثابت ہے کہ جب امام جہر سے قرأت کر رہا ہو تو مقتدی کو اس وقت ثنار پڑھنا جائز نہیں ہے۔ (فتاویٰ قاضی خاں جلد ۱ ص ۴۲، فتاویٰ سراجیہ ص ۱۰ اور فتح القدیر جلد ۱ ص ۳۴۵ وغیرہ میں اس کی تصریح موجود ہے، بلکہ علامہ حلبی الحنفی رحمۃ اللہ علیہ (المتوفی ۹۵۶ھ) نے اس کی تصریح کی ہے کہ ولا یاتی الثناء مطلقاً۔ (کبیری ص ۳۰۴)
کہ جب امام قرأت شروع کر چکا ہو تو مقتدی کو کسی بھی نماز میں ثنار نہیں پڑھنی چاہیے۔ جہری نمازوں میں قرأت امام کا علم مقتدی کو آسانی سے ہو سکتا ہے اور سری نمازوں میں قرائن اور شواہد سے اندازہ لگایا جا سکتا ہے۔

مؤلف خیر الکلام نے ص ۵۶۹ میں امام ابو جعفر رح کے حوالہ سے جو یہ نقل کیا ہے کہ مقتدی جب امام کو سورۂ فاتحہ میں پائے تو بالاتفاق ثنا پڑھے۔ (منیۃ المصلی ص ۹۵ محصلہ) اس میں بالاتفاق سے تمام فقہاء احناف کا اتفاق مراد نہیں ہے بلکہ صرف امام ابو یوسف رح اور امام محمدؒ کا اتفاق مراد ہے۔ (صغیری ص ۱۷۸ اور کبیری ص ۳۴۹)

وثالثاً۔ قاضی شوکانی رح لکھتے ہیں کہ

وظاهر التقييد بقوله من القرآن يدل على انه لا بأس بالاستفتاح حال قرأة الامام بما ليس بقرآن والتعوذ والدعاء (اھ)	اور من القرآن کی ظاہری قید اس پر دلالت کرتی ہے کہ امام کی قرأت کے وقت ثناء اور تعوذ اور دعاء وغیرہ جو قرآن نہیں، پڑھنے میں کوئی حرج نہیں ہے۔

(نیل الاوطار جلد ۲ ص ۲۲۶)

اور نواب صاحبؒ لکھتے ہیں:

وایں روایات (یعنی فلا تقرأوا بشئ من القرآن وغیرہ) ونحو آں دلالت دارند برآنکہ منہی عنہ نزد قرأت امام ہماں قرآن کریم ست فقط وماما قرأۃ توجیہ واستعاذہ ونحو آں (یعنی ثناء وغیرہ) پس لا بأس بہ است۔ ونہی متناول آں نیست ونہ بوجہے از وجوہ بر آں دلالت وارد۔ (دلیل الطالب ص ۲۹۴) مگر سورۂ فاتحہ کو نواب صاحبؒ نے مستثنیٰ قرار دیا ہے اور یہی مضمون مولانا عبد الصمد صاحبؒ نے بیان کیا ہے۔ (اعلام الاعلام ص ۱۹۷)

اس سے معلوم ہوا کہ مقتدی کو صرف قرأت قرآن سے منع کیا گیا ہے۔ ثناء، تعوذ، تسبیح اور تشہد وغیرہ سے اس کو منع نہیں کیا گیا۔ اور آیت واذا قرئ القرآن ... الآیۃ اور حدیث فلا تقرأوا بشئ من القرآن اس کی تائید کرتی ہے۔ اس بحث کو پیش نظر رکھنے سے حضرت امام بخاری رح، امام بیہقی رح اور مبارکپوری صاحبؒ وغیرہ کا یہ مغالطہ بھی دور ہو جاتا ہے کہ تمہارے نزدیک فرض (یعنی قرأت) سے غیر فرض (یعنی ثناء وغیرہ) کی اہمیت زیادہ ہے کہ ان دیگر امور میں امام کفایت نہیں کرسکتا۔ مگر قرأت میں کفایت کرسکتا ہے۔ (جزء القرأۃ ص ۷، کتاب القرأۃ ص ۱۵۷، تحقیق الکلام جلد ۱ ص ۴۲)

یہ بات تو جانے دیجئے کہ ان اکابر کے نزدیک صرف سورۂ فاتحہ کی قرأت کی اہمیت کیوں

ہے اور قرآن کریم کی باقی ایک سو تیرہ سورتوں کی اہمیت کیوں نہیں ہے؟ آخر وہ سورتیں بھی تو قرآن کریم کی ہیں؟ سچ ؎ ہے یہ گنبد کی صدا جیسی کہو ویسی سنو

مگر قرآن و حدیث کی فہمائش کے علاوہ قاضی شوکانی رح اور نواب صاحب بھی صحیح بات کہنے اور لکھنے پر مجبور ہیں کہ منہی عنہ نزد قرأت امام ہماں قرآن کریم است، فقط۔ اس لیے جب مقتدی کو قرأتِ امام کے وقت صرف قرآنِ کریم کی قرأت سے منع کیا گیا ہے۔ تو ثناء وغیرہ کا سوال اٹھانا دور از کار بات ہے۔

اٹھارواں اعتراض — حضرت امام بخاریؒ وغیرہ لکھتے ہیں کہ جب صبح کی نماز کی جماعت کھڑی ہو تو تمہارے نزدیک صبح کی سنتیں قریب ہی پڑھنی جائز ہیں۔ کیا تمہارا یہ فعل آیت استماع وانصات کے منافی نہیں ہے؟ لہٰذا تمہارا عمل بھی تو اس آیت پر نہ ہوا۔ (جزء القرأۃ صٓ)

جواب — پہلے عرض کیا جا چکا ہے کہ اس آیت کا وجوبی طور پر مخاطب صرف وہ شخص ہے جو امام کی اقتدا اختیار کر چکا ہو۔ جس نے ابھی تک امام کی اقتدار نہیں کی وہ اس کا وجوبی طور پر مخاطب نہیں ہے۔ لہٰذا جماعت کے پاس سنتیں پڑھنے والا کسی طرح بھی آیت کا مخالف نہ ہوگا۔ علاوہ ازیں محققین علماء احنافؒ نے اس کی تصریح کی ہے کہ اس کو سنتیں ترک کر کے جماعت میں شریک ہونا چاہیے۔ چنانچہ حافظ ابن ہمام رح لکھتے ہیں کہ صحیح یہ ہے کہ مسجد کے علاوہ اگر اور کوئی جگہ نہ ہو تو نمازی کو صبح کی سنتیں پڑھنا جائز نہیں ہیں کیونکہ ترک مکروہ فعل سنت پر مقدم ہے۔ آگے ارشاد فرماتے ہیں کہ

واشد ما یکون کراھیۃ ان یصلیھما مخالطا للصف کما یفعلہ کثیر من الجھلۃ۔ (فتح القدیر جلد ۱ صفحہ ۲۴۱ طبع مصر)	اور سب سے زیادہ کراہت اس بات میں ہے کہ صف کے پاس ہی صبح کی سنتیں[1] پڑھی جائیں جیسا کہ بہت سے جاہل پڑھ لیا کرتے ہیں۔

غرضیکہ امام بخاری رح کا یہ اعتراض بھی کسی طرح ان کے لیے مفید نہیں ہے اور نہ اس طرح ان کا مطلب پورا ہو سکتا ہے۔

انیسواں[19] اعتراض — مبارکپوری صاحبؒ وغیرہ لکھتے ہیں کہ آیت مذکورہ خطبہ کو بھی شامل ہے

---

[1] جب صبح کی جماعت ہو رہی ہو تو اس وقت صبح کی سنتوں سے متعلق حضرات فقہاءؒ اور محدثینؒ کا اختلاف ہے۔
(باقی اگلے صفحہ پر)

حالانکہ تمہارے نزدیک جب خطیب یاایھاالذین۔ امنوا صلّوا علیہ وسلّموا تسلیما۔ پڑھتا ہو تو سامعین کو آہستہ آہستہ درود شریف پڑھنا جائز ہے۔ (کفایہ جلد اص ۴۸ اور شرح وقایہ جلد اص ۱۷۵) لہذا آیت استماع وانصات پر تمہارا عمل بھی نہ ہوا۔

(تحقیق الکلام جلد ۲ص ۲۰۳)

جواب — یہ تحقیق نقل کی جاچکی ہے کہ آیت کا شان نزول صرف نماز ہے۔ نزول آیت کے وقت خطبہ کا وجود بھی نہ تھا۔ ہاں عموم الفاظ میں خطبہ بھی شامل ہے۔ اس لیے بالطبع اور ثانوی حکم کی ظاہری مخالفت سے مقصود اوّلین اور بالذات حکم کی مخالفت کرنی کیسے جائز اور صحیح ہوسکتی ہے ؟ علاوہ ازیں اگرچہ بعض علمائے احناف نے خطبہ کے وقت دل میں درود شریف پڑھنے کی اجازت دی ہے بلکہ اس کو صواب اور صحیح کہا ہے۔ لیکن محققین آہستہ پڑھنے سے بھی منع کرتے ہیں۔ چنانچہ امام قاضی خان رح (المتوفی ۵۹۲ھ) لکھتے ہیں کہ

(پچھلے صفحہ کا بقیہ حاشیہ) ایک گروہ کہتا ہے کہ پاس ہی پڑھ لی جائیں۔ جیساکہ حضرت عبداللہ رضہ سے موقوفاً دو دعائیں آتی ہیں۔ علامہ ہیثمی رح ایک کے بارے میں لکھتے ہیں کہ رواتہ ثقات اور دوسری کے بارے میں لکھتے ہیں کہ رجالہٗ موثقون (مجمع الزوائد جلد ۲ص ۷۵) دوسرا گروہ کہتا ہے کہ جماعت کے بعد پڑھ لی جائیں جیساکہ بعض احادیث میں آتا ہے لیکن اس مضمون کی بیشتر حدیثیں ضعیف ہیں۔ تیسرا گروہ کہتا ہے کہ اگر صبح کی سنتیں رہ جائیں تو ان کی قضا نہیں ہے۔ لیکن یہ قول مخدوش ہے۔ چوتھا گروہ کہتا ہے کہ سورج نکلنے کے بعد پڑھی جائیں (یہ ضروری نہیں کہ وہی جگہ اور وہی وضو ہو) جیساکہ صحیح اور مرفوع حدیث میں آتا ہے۔ (ترمذی جلد ا ص ۵۷، مستدرک جلد اص ۲۷۴، سنن الکبرے جلد ۲ص ۴۸۴) چونکہ آں حضرت صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے بیماری اور تندرستی، اقامت اور کسی حالت میں صبح کی سنتیں ترک نہیں کیں۔ (طیالسی ص ۲۲۰، زاد المعاد جلد اص ۱۸۵) لہذا یہی آخری مسلک قوی تر ہے۔

[1] حسنؒ بن منصورؒ امام کبیر اور بحر عمیق تھے، بڑے زیرک اور نکتہ رس تھے، بڑے عابد اور فقیہ النفس تھے۔ ان کا شمار مجتہدین فی المسائل میں ہوتا ہے۔ (فوائد بہیہ ص ۶۴، ۶۵) صاحب جواہر المضیہ (علامہ ابو محمد عبد القادرؒ ۷۷۵ھ) انکو الامام الکبیر سے یاد کرتے ہیں۔

(جواہر المضیہ جلد اص ۲۰۵)

ومشائخنا قالوا بانہ لا یصلی علی النبی صلی اللہ علیہ وسلم بل یستمع وینصت لان الاستماع فرض والصلوٰۃ علی النبی صلی اللہ علیہ وسلم یمکن بعد ھذہ الحالۃ۔ (خانیہ جلد ۱ ص۶۷)	ہمارے مشائخ کا بیان ہے کہ خطبہ کی حالت میں درود شریف پڑھنا صحیح نہیں ہے کیونکہ استماع اور انصات ضروری اور فرض ہے اور سامع کو خطبہ کے لیے نہایت خاموشی سے توجہ کرنی چاہیے اور درود شریف کا پڑھنا اس کے بعد بھی ممکن ہے۔

فتاوٰی سراجیہ[1] ص ۱۷ میں لکھا ہے کہ فقیہ حسام الدین نے آہستہ پڑھنے کی اجازت دی ہے لیکن شمس الائمہ سرخسی[2] (المتوفی ۴۳۸ھ) آہستہ پڑھنے کی بھی اجازت نہیں دیتے۔ اور مبسوط سرخسی جلد ۲ ص ۲۹ میں آہستہ پڑھنے کی بھی صراحت کے ساتھ ممانعت بیان کی گئی ہے، حافظ ابن ہمام رح لکھتے ہیں کہ محققین کا بیان ہے کہ چونکہ استماع اور انصات فرض اور ضروری ہے۔ اس لیے حضرت امام ابو حنیفہ رح کے نزدیک خطبہ کے وقت آہستہ درود شریف پڑھنے کی بھی اجازت نہیں ہے۔ (فتح القدیر جلد ۲ ص ۴۲، طبع مصر) اور یہی مسلک علامہ ابن عابدین شامی رح (المتوفی ۱۲۵۲ھ) کا ہے۔ (بحوالہ فتح الملہم جلد ۲ ص ۴۲) لہٰذا مبارک پوری صاحب کا یہ اعتراض بھی بے بنیاد ہے۔

بیسواں اعتراض — شیخ الاسلام ابن تیمیہ سری نمازوں میں امام کے پیچھے سورۃ فاتحہ پڑھنے کے استحباب پر استدلال کرتے ہوئے تحریر فرماتے ہیں کہ ذکر قرأت اور دعا کے بغیر سکوت اختیار کرنا نہ مامور بہ ہے اور نہ عبادت ہے بلکہ وساوس کا دروازہ کھولنے کا ایک سبب ہے۔ اس لیے اللہ تعالیٰ کے ذکر میں مشغول ہونا سکوت سے افضل ہوگا۔ اور قرأت قرآن سے بہتر ذکر اور کیا ہو سکتا ہے۔ لہٰذا سری نمازوں میں امام کے پیچھے

---

[1] علامہ سراج الدین اودی رح المتوفی فی حدود ۵۷۵ھ۔

[2] امام، علامہ، حجت، متکلم، مناظر، اصولی اور مجتہد تھے، مبسوط کی پندرہ جلدیں (باب الشروط تک) بغیر مراجعہ کتب کے زبانی انھوں نے املا کرائی تھیں۔ جب کہ حق گوئی کی پاداش میں حکومت وقت نے پرانے دستور کے مطابق ایک تاریک کنویں میں ان کو محبوس کر رکھا تھا۔ (فوائد بہیہ ص ۱۸۸)

سورۂ فاتحہ کا پڑھنا مستحب ہوگا۔ (مجموعہ فتاوٰی جلد ۲ ص ۱۵۰)

جواب ۔ شیخ الاسلام علیہ الرحمۃ کا یہ استدلال بھی درست نہیں ہے۔

اوّلاً ۔ اس لیے کہ مقتدی کا فریضہ استماع وانصات ہے نہ کہ قرأۃ اور استماع وسماع کا فرق پہلے عرض کیا جا چکا ہے۔

وثانیاً ۔ صحیح حدیث سے ثابت ہے کہ ظہر اور عصر کی نماز میں سورۂ فاتحہ کے بعد کم و بیش پچیس تیس آیتیں پڑھنی مسنون ہیں اور مقتدی کے لیے دیگر حضرات سلفؒ خلف کی طرح شیخ الاسلام رحؒ کے نزدیک بھی ما زاد علی الفاتحہ پڑھنے کی گنجائش نہیں ہے۔ اگر کم و بیش تیس آیتوں کے طویل وقفہ میں مقتدی پر وساوس کا دروازہ نہیں کھلتا تو امید واثق ہے کہ سورۂ فاتحہ کے مختصر سی سات آیتوں کے وقفہ میں بھی باب وسوسہ مسدود ہی رہے گا۔

وثالثاً ۔ خود شیخ الاسلام رحؒ اس کے قائل ہیں کہ مقتدی کے لیے ما زاد علی الفاتحہ میں قرأت کی بجائے استماع افضل ہے۔ نہ معلوم یہاں ذکر، قرأت اور دعا کے بغیر سکوت کیوں اعلیٰ اور افضل ہو گیا ہے؟ اس لیے سورۂ فاتحہ کی قرأت کے وقفہ میں بھی استماع افضل رہے گا کیونکہ بقول شیخ الاسلام رحؒ آیت واذا قرئ القرآن کا اوّلین مصداق صرف سورۂ فاتحہ ہے۔ جیسا کہ پہلے عرض کیا جا چکا ہے اور سری نماز میں بھی قرأۃ قرآن یقیناً ہوتی ہے۔ ہاں اگر واذا جہر بالقرآن کا ارشاد ہوتا۔ تو بات الگ تھی۔ ہم نے شیخ الاسلام رحؒ کے جواب میں جو باتیں عرض کی ہیں وہ ہماری اپنی اختراع نہیں بلکہ خود موصوف نے بیان کی ہیں۔

وایضاً ففی اجماع المسلمین علی انہ فیما یزاد علی الفاتحۃ یؤمر بالاستماع دون القرأۃ دلیل علی ان استماعہ لقرأۃ الامام خیر لہ من قرأتہ معہ بل علی انہ مأمور بالاستماع دون القرأۃ مع الامام۔

نیز مسلمانوں کے اس اجماع میں کہ ما زاد علی الفاتحہ میں مقتدی کو قرأۃ کے بجائے استماع کا حکم ہے اس امر پر دلیل ہے کہ مقتدی کو استماع کا حکم ہے اور اس امر پر دلیل ہے کہ مقتدی کا استماع اس کے پڑھنے سے بہتر اور افضل ہے بلکہ اس کو صرف حکم ہی یہ ہے کہ وہ قرأت نہ کرے

(فتاوی جلد ۲ ص ۱۴۵) اور استماع کرے۔

اور لکھتے ہیں کہ

فان الکتاب والسنة امرت المؤتم بالاستماع دون القرأة والامة متفقون علی ان استماعہ لما زاد علی الفاتحة افضل من قرأة ما زاد علیھا۔ (فتاوی جلد ۲ ص ۱۴۳)	کتاب اور سنت نے مقتدی کو یہ حکم دیا ہے کہ وہ قرأت نہ کرے بلکہ سنے اور امت اس پر متفق ہے کہ "ما زاد علی الفاتحۃ" میں استماع قرأت سے بہتر اور افضل ہے۔

موصوف کی ان عبارتوں کو پیش نظر رکھ کر بخوبی یہ اندازہ لگایا جا سکتا ہے کہ ہمارے نقل کردہ جملہ جوابات خود شیخ الاسلام کی عبارات سے ماخوذ ہیں۔ باقی استماع کا معنی اور مطلب پوری تشریح کے ساتھ پہلے نقل کیا جا چکا ہے۔ اس میں الجھ کر جادۂ مستقیم سے پہلو تہی کرنا ارباب تحقیق کو زیب نہیں دیتا۔

قارئین کرام! ہم نے آیت کے سلسلے میں کافی وقت لیا ہے۔ اگرچہ فریق ثانی کی جانب سے اس سلسلے میں بعض لچر پوچ اور لایعنی اعتراضات یا استدلالات اور بھی کیے گئے ہیں لیکن یہاں ابھی آپ سے بہت کچھ عرض کرنا ہے اس لیے ہم ان کو نقل کرنے اور جواب عرض کرنے میں مزید آپ کے دماغ کو پریشان نہیں کرتے اور باب اول کو یہیں ختم کرتے ہیں۔

باب دوم

پہلے باب میں قرآن کریم کی آیت اور حضرات صحابہ کرامؓ و تابعینؒ اور دیگر جمہور سلف و خلفؒ سے اس کی تفسیر نقل کی گئی ہے کہ واذا قرئ القرآن … الآیۃ کا شان نزول صرف نماز ہے۔ اور مقتدی کو امام کے پیچھے کسی نماز میں قرآۃ کرنا جائز نہیں ہے اور یہ کہ آیت کی یہ تفسیر مؤید بالاجماع ہے۔ اور آیت کی تفسیر پر جتنے اہم سوالات کیے گئے تھے ان کے تفصیلی جوابات بھی عرض کیے جا چکے ہیں۔ اب باب دوم میں آنحضرت صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کی صحیح صریح اور مرفوع قولی اور فعلی حدیثیں نقل کی جاتی ہیں۔ جن سے بخوبی یہ بات واضح ہو جاتی ہے کہ امام کا وظیفہ پڑھنا اور مقتدی کا خاموش رہنا ہے۔ فریق ثانی کی طرف سے ان پر جو سوالات کیے گئے ہیں ان کو نقل کر کے ان کے مسکت جوابات بھی عرض کر دئیے گئے ہیں؛ ؎

داریم بہ اخلاص سرے بر خطِ تسلیم — باقول نبی چون و چرا را نہ شناسیم
قرآن و حدیث است شفائے دلِ رنجور — قانونِ اشارات و شفا را نہ شناسیم

پہلی حدیث:

امام مسلمؒ[1] علیہ الرحمہ فرماتے ہیں کہ ہم سے اسحاقؒ[2] بن ابراہیمؒ نے بیان کیا۔ وہ فرماتے ہیں کہ ہم سے

---

[1] امام مسلمؒ (المتوفی ۲۶۱ھ) صحیح مسلم شریف کے مؤلف ہیں جو بخاری شریف کے بعد تمام حدیث کی کتابوں میں پہلے درجہ پہ
(حاشیہ ۱ کا اور حاشیہ ۲ اگلے صفحہ پہ دیکھئے)

جریرؒ[1] نے بیان کیا - وہ سلیمانؒ[2] تیمی رہ سے روایت کرتے ہیں - وہ قتادہؒ[3] سے روایت کرتے ہیں - وہ یونسؒ بن جبیرؒ سے اور وہ حطانؒ بن عبد اللہ الرقاشی رہ سے روایت کرتے ہیں - وہ حضرت ابو موسیٰ الاشعری رضی اللہ تعالیٰ سے (المتوفی سنہ ۵۲ھ) روایت کرتے ہیں - انھوں نے ایک طویل حدیث میں فرمایا :

(بقیہ نوٹ نمبر ۱ و نمبر ۲) صحیح تسلیم کی جاتی ہے اور امت کا اس پر اجماع اور اتفاق ہے - کہ بخاری و مسلم دونوں کی پچھلا صفحہ تمام روایتیں صحیح ہیں - علامہ ذہبی رہ ان کو الامام ، الحافظ اور حجۃ الاسلام لکھتے ہیں - (تذکرہ جلد ۲ ص ۱۵۰)

نوٹ یہ وہی مشہور امام ہیں جو ابن راہویہؒ سے مشہور ہیں - مقدمہ میں ان کا ترجمہ نقل کیا جاچکا ہے -

[1] علامہ ابو القاسم لالکائی رہ کا بیان ہے کہ جریر رہ بن عبد الحمید رہ کی ثقاہت پر سب کا اتفاق ہے اور ان کی بڑی خوبی یہ تھی کہ تدلیس نہیں کرتے تھے - (تہذیب التہذیب جلد ۲ ص ۷۶) علامہ ذہبی رہ ان کو الحافظ اور الحجۃ لکھتے ہیں - (تذکرہ جلد ۱ ص ۲۵۰)

[2] امام مسلم نے ایک سائل کے جواب میں فرمایا کہ کیا تم سلیمانؒ سے بڑا حافظ حدیث چاہتے ہو ؟ (مسلم جلد ۱ ص ۱۷۴ و درایہ ص ۹۴) علامہ ابن سعدؒ ان کو ثقہ اور کثیر الحدیث لکھتے ہیں (طبقات جلد ۷ قسم دوم ص ۱۸) ابن عماد حنبلیؒ ان کو امام اور شیخ الاسلام لکھتے ہیں - (شذرات الذہب جلد ۱ ص ۲۱۲) امام ابن معینؒ ، امام احمدؒ ، نسائیؒ اور عجلیؒ سب ان کو ثقہ کہتے ہیں - امام ثوریؒ کا بیان ہے کہ وہ حفاظ بصرہ میں تھے - امام شعبہؒ فرماتے تھے کہ سلیمانؒ خالص اور مجسم یقین تھے - امام یحییٰؒ کا بیان ہے کہ مجھے کسی ایسے شخص کی صحبت کبھی نصیب نہیں ہوئی جس کے دل میں سلیمانؒ تیمی سے زیادہ خوف خدا موجود ہو - ابن حبانؒ کہتے ہیں کہ وہ ثقہ ، متقن ، حافظ ، صاحب سنت اور بصرہ کے عبادت گذاروں میں تھے - (تہذیب التہذیب جلد ۴ ص ۲۰۲) علامہ ذہبیؒ ان کو الحافظ ، الامام اور شیخ الاسلام لکھتے ہیں - (تذکرہ جلد ۱ ص ۱۴۲)

[3] محدث ابن ناصر الدینؒ کا بیان ہے کہ وہ مفسر قرآن آیۃ فی الحفظ اور نسب دانی کے امام تھے - (شذرات الذہب جلد ۱ ص ۱۵۳) ابن سعدؒ ان کو ثقہ ، مامون اور حجت لکھتے ہیں - (طبقات جلد ۷ قسم دوم ص ۱) عبد الرحمٰنؒ بن مہدیؒ کا بیان ہے کہ قتادہؒ حمیدؒ کے جیسے پچاس آدمیوں سے زیادہ بڑے حافظ تھے - (تہذیب الاسماء جلد ۱ قسم اول ص ۵۷) حافظ ابن القیمؒ لکھتے ہیں کہ وہ بصرہ کی جماعت افتاء کے ایک معزز رکن تھے - (اعلام الموقعین جلد ۱ ص ۲۲) ابن سیرینؒ کا بیان ہے کہ قتادہؒ سب لوگوں سے زیادہ بڑے حافظ تھے (کتاب العلل ترمذی ۲ ص ۲۳۸ اور

(باقی حاشیہ اگلے صفحہ پر دیکھیے)

ان رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم خطبنا
فبین لنا سنتنا وعلمنا صلوتنا فقال
اذا صلیتم فاقیموا صفوفکم ثم لیؤمکم
احدکم فاذا کبر فکبروا واذا قرأ فانصتوا
واذا قال غیر المغضوب علیھم ولا الضالین
فقولوا آمین۔ الحدیث
(مسلم جلد ۱ ص ۱۷۴)

کہ آنحضرت صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے ہمیں خطاب
فرمایا اور سنت کے مطابق زندگی بسر کرنے کی تلقین
فرمائی اور نماز کا طریقہ بتلایا اور یہ فرمایا کہ نماز پڑھنے
سے قبل اپنی صفوں کو درست کر لو۔ پھر تم میں سے
ایک تمہارا امام بنے۔ جب وہ تکبیر کہے تو تم بھی تکبیر
کہو اور جب وہ قرأت کرے تو تم خاموش رہو اور
جب وہ غیر المغضوب علیھم ولا الضالین کہے
تو تم آمین کہو۔

اس صحیح روایت سے معلوم ہوا کہ قرأت کرنا امام کا فریضہ اور ڈیوٹی ہے۔ مقتدیوں کا وظیفہ
صرف خاموش رہنا اور انصات کرنا ہے اور ان کے لیے بغیر انصات کے اور کوئی گنجایش
نہیں ہے اور چونکہ یہ روایت مطلق ہے۔ لہٰذا سری اور جہری تمام نمازوں کو شامل ہے۔
اور مقتدیوں کو کسی نماز میں امام کے پیچھے قرأت کرنے کی اجازت اور گنجائش نہیں ہے۔
یہ روایت صحیح مسلم کے علاوہ حدیث وغیرہ کی دیگر معتبر اور مستند کتابوں میں بھی موجود ہے۔

(بقیہ حاشیہ پچھلا صفحہ) تہذیب التہذیب جلد ۸ ص ۱۵۱)۔ علامہ ذہبیؒ ان کو الحافظ اور العلامہ
لکھتے ہیں۔ (تذکرہ جلد ۱ ص ۱۱۵) حافظ ابن کثیر رح ان کو احد علماء التابعین وائمۃ العاملین لکھتے ہیں
(البدایہ والنہایہ جلد ۹ ص ۳۱۳) امام بیہقی رح ان کو حافظ حدیث لکھتے ہیں (سنن الکبریٰ جلد ۱ ص ۱۰۶)
۱۱۷ھ میں ان کی وفات ہوئی ہے۔

[2] یونسؒ بن جبیرؒ امام مسلمؒ کا بیان ہے کہ وہ حدیث کے بیان کرنے میں پختہ کار محدث تھے۔ (مسلم جلد ۱ ص ۱۷۴)
امام ابن معینؒ عجلیؒ اور ابن سعدؒ ان کو ثقہ کہتے ہیں۔ نسائیؒ ان کو ثقہ اور ثبت کہتے ہیں۔ ابن حبانؒ ان کو
ثقات میں لکھتے ہیں۔ (تہذیب التہذیب جلد ۱۱ ص ۴۳۶)

[3] حطانؒ بن عبداللہ الرقاشی رح، امام عجلیؒ اور ابن سعدؒ ان کو ثقہ کہتے ہیں۔ محدث ابن مدینیؒ ان کو ثبت
کہتے ہیں۔ ابن حبان رح ان کو ثقات میں لکھتے ہیں۔ (تہذیب التہذیب جلد ۲ ص ۳۹۲) حضرت ابو موسیٰ
الاشعریؓ جلیل القدر اور صاحب مناقب صحابی ہیں۔

جس طرح کہ حاشیہ[1] سے بخوبی اس کا اندازہ ہو سکتا ہے۔ حافظ ابو عوانہ رحمہ کی بعض سندیں ملاحظہ فرمائیں:۔

امام ابو عوانہ[2] رحمہ فرماتے ہیں کہ ہم سے الصائغ[3] رحمہ نے مکہ مکرمہ میں بیان کیا۔ وہ فرماتے ہیں کہ ہم سے علی[4] بن عبداللہ رحمہ نے بیان کیا۔ وہ کہتے ہیں کہ ہم سے جریرؒ نے بیان کیا۔ وہ سلیمانؒ تیمی سے اور وہ قتادہؒ سے اور وہ ابو غلاب یونسؒ بن جبیرؒ سے اور وہ حطانؒ بن عبداللہؓ سے روایت کرتے ہیں۔ وہ فرماتے ہیں کہ حضرت ابو موسیٰ الاشعری رضہ نے فرمایا:

---

[1] یہ روایت ابو داؤد جلد ۱ ص ۱۴۰، مسند احمد جلد ۴ ص ۴۱۵، دارقطنی جلد ۱ ص ۱۲۵، بیہقی جلد ۲ ص ۱۵۵، ابن ماجہ ص ۶۱، محلی ابن حزمؒ جلد ۳ ص ۲۴۰۔ مشکوٰۃ جلد ۱ ص ۸۱۔ جامع صغیر سیوطی ص ۱۰۳۔ مغنی ابن قدامہ جلد ۱ ص ۶۰۲۔ فتاوی ابن تیمیہؒ جلد ۲ ص ۱۴۴، نیل الاوطار جلد ۲ ص ۲۴۹۔ نصب الرایہ جلد ۲ ص ۱۱۴۔ توحید النظر ص ۲۴۰۔ شرح بلوغ المرام جلد ۱ ص ۲۳۵۔ فتح الباری جلد ۲ ص ۲۰۱۔ زہر الربیٰ جلد ۱ ص ۱۳۶۔ درایہ ص ۹۹۔ ابن کثیر جلد ۲ ص ۲۸۰۔ اعلاء السنن جلد ۴ ص ۴۲۔ کتاب القرآۃ ص ۸۷۔ امام الکلام ص ۱۱۱۔ کنز العمال جلد ۴ ص ۹۶، ۱۸۶۔ فتح القدیر جلد ۱ ص ۲۴۱۔ شرح نقایہ ص ۸۳۔ عون الباری جلد ۲ ص ۶۴۳۔ عون المعبود جلد ۱ ص ۳۲۵۔ تنقیح الرواۃ جلد ۱ ص ۱۵۲۔ عمدۃ القاری جلد ۳ ص ۲۵۹۔ فصل الخطاب ص ۷۲۔ آثار السنن جلد ۱ ص ۸۵۔ جوہر النقی جلد ۱ ص ۱۵۳۔ تحفۃ الاحوذی جلد ۱ کتاب العلل جلد ۱ ص ۱۶۴۔ شرح المقنع الکبیر جلد ۱ ص ۱۳۔ منتقی الاخبار جلد ۲ ص ۲۳۴۔ تعلیق المغنی جلد ۱ ص ۱۲۳۔ فتح الملہم جلد ۲ ص ۲۲۔ جزء القرآۃ ص ۵۶۔ تنوع العبادات ص ۸۶۔ ازالۃ الستر ص ۱۵۔ خاتمۃ الخطاب ص ۱۴۔ بذل المجہود جلد ۲ ص ۵۵۔ برہان العجائب ص ۱۰۴ اور عقیدۃ المحمدیہ جلد ۲ ص ۱۹۳ وغیرہ حدیث، تفسیر، شرح حدیث اور کتب فقہ میں نقل کی گئی ہے۔ حافظ ابن کثیر رحمہ اس طرح لکھتے ہیں:

کما رواہ مسلم فی صحیحہ من حدیث ابی موسیٰ الاشعری رضی اللہ تعالیٰ عنہ قال قال رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم انما جعل الامام لیؤتم بہ فاذا کبر فکبروا واذا قرأ فانصتوا ــــ اھ (تفسیر جلد ۲ ص ۲۸۰) اور قاضی شوکانی رحمہ نے روایت اسی طرح نقل کی ہے۔ اور فرماتے ہیں رواہ احمد ومسلم ... الخ (نیل الاوطار ج ۲ ص ۲۵۰) اور امام احمدؒ نے کتاب الصلوٰۃ ص ۵۲ میں اسی طرح نقل کی ہے۔

(باقی نوٹ نمبر ۲ و ۳ و ۴ اگلے صفحہ پر دیکھئے)

خطبنا رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم	کہ آں حضرت صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے ہم سے
فعلمنا سنتنا وبین لنا صلوٰتنا فقال	خطاب کیا اور سنت کی تعلیم دی اور نماز کا طریقہ
اذا کبر الامام فکبروا واذا قرأ فانصتوا	بتلایا اور فرمایا کہ جب امام تکبیر کہے تو تم بھی تکبیر کہو
(صحیح ابوعوانہ جلد ۲ ص ۱۳۳)	اور جب امام قرأت کرے تو تم خاموش رہو۔

امام ابوعوانہؒ فرماتے ہیں کہ ہم سے سلیمانؒ رح بن اشعث سجستانیؒ نے بیان کیا۔ وہ فرماتے ہیں کہ ہم سے عاصمؒ بن نضر رح نے بیان کیا۔ وہ فرماتے ہیں کہ ہم سے معتمر رح نے بیان کیا۔ وہ فرماتے ہیں کہ میں نے اپنے والد سلیمان تیمیؒ سے سنا۔ وہ فرماتے ہیں (حدثنا قتادۃ) ہم سے قتادہؒ نے بیان کیا۔ وہ ابوغلاب یونسؒ بن جبیرؒ سے اور وہ حطانؒ بن عبداللہ الرقاشیؒ سے روایت کرتے ہیں۔ وہ حضرت ابوموسیٰ الاشعری رضی اللہ تعالیٰ عنہ سے روایت کرتے ہیں۔ انھوں نے فرمایا:

(بقیہ نوٹ پچھلا صفحہ) لہ امام ابوعوانہؒ کا نام یعقوبؒ بن اسحاقؒ ہے (المتوفی ۳۱۶ھ) علامہ ذہبیؒ ان کو الحافظ اور الثقۃ الکبیر لکھتے ہیں۔ (تذکرہ جلد ۳ ص ۲)

لہ الصائغ کا نام محمدؒ بن اسمٰعیلؒ بن سالمؒ تھا۔ (المتوفی ۲۷۶ھ) محدث ابوحاتم رح ان کو صدوق کہتے ہیں۔ ابن خراشؒ ان کو اہلِ فہم و اہلِ امانت کہتے ہیں۔ ابن حبانؒ ان کو ثقات میں لکھتے ہیں۔ (بغدادی جلد ۲ ص ۴۷) تہذیب التہذیب جلد ۹ ص ۵۸)

لہ علیؒ بن عبداللہؒ بن مدینیؒ۔ (المتوفی ۲۳۴ھ) علامہ ذہبیؒ ان کو حافظ العصر قدوہ اور ماب ہذا الشان لکھتے ہیں۔ (تذکرہ جلد ۲ ص ۱۵) امام نسائی رح فرماتے ہیں کہ وہ ثقہ مامون اور احد الائمہ فی الحدیث تھے۔ (تہذیب التہذیب جلد ۷ ص ۳۵۷)

لہ صحاح ستہ میں مشہور کتاب سنن ابوداؤد کے مصنف ہیں۔ علامہ ذہبیؒ ان کو الامام الثبت اور سید الحفاظ لکھتے ہیں (تذکرہ جلد ۲ ص ۱۵۲) ۲۷۵ھ میں ان کی وفات ہوئی ہے۔

لہ محدث ابن حبانؒ ان کو ثقات میں لکھتے ہیں (تہذیب التہذیب جلد ۵ ص ۵۸) حافظ ابن حجر علیہ الرحمۃ ان کو صدوق لکھتے ہیں (تقریب ص ۱۸۵) کسی کی جرح ان پر منقول نہیں ہے۔

لہ علامہ ذہبیؒ ان کو الامام، الحافظ اور الثقہ لکھتے ہیں۔ (تذکرہ جلد ۱ ص ۲۴۶)

ان النبی صلی اللہ علیہ وسلم خطبنا فکاف	کہ آں حضرت صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے ہمیں خطاب فرمایا اور
ما بین لنا من صلوٰتنا و یعلمنا سنتنا	نماز کا طریقہ سکھایا اور سنت کی تعلیم دی اور فرمایا کہ
قال اقیموا الصفوف ثم لیؤمکم احدکم	صفیں درست کیا کرو۔ تم میں ایک امامت کا فریضہ انجام
فاذا کبر الامام فکبروا واذا قرأ فانصتوا	دے جب امام تکبیر کہے تو تم بھی تکبیر کہو اور جب امام قرأت
(صحیح ابو عوانہ جلد ۲ ص ۱۳۳، ابو داؤد جلد ۱ ص ۱۴۰)	کرے تو تم خاموش رہو۔

امام ابو عوانہؒ فرماتے ہیں کہ ہم سے سہلؒ بن بحر جند سابوریؒ نے بیان کیا وہ فرماتے ہیں کہ ہم سے عبداللہؒ بن رشیدؒ نے بیان کیا۔ وہ فرماتے ہیں کہ ہم سے ابو عبیدہ رہ نے بیان کیا۔ وہ قتادہؒ سے روایت[1] کرتے ہیں وہ فرماتے ہیں:

قال قال رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم اذا	آں حضرت صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے فرمایا کہ جب امام
قرأ الامام فانصتوا واذا قال غیر المغضوب	قرأت کرے تو تم خاموش رہو اور جب امام غیر
علیھم ولا الضالین فقولوا آمین۔	المغضوب علیھم ولا الضالین پڑھے تو تم آمین
(ابو عوانہ جلد ۲ ص ۱۳۲)	کہو۔

---

[1] عبداللہؒ بن رشیدؒ اور ابو عبیدہ کو علامہ سمعانی مستقیم الحدیث لکھتے ہیں۔ (کتاب الانساب ص ۱۳۷)۔ مولانا ظفر احمد صاحبؒ لکھتے ہیں کہ سہلؒ بن بحرؒ کا ترجمہ مجھے نہیں مل سکا۔ لیکن کنز العمال جلد ۱ ص ۳ میں لکھا ہے کہ صحیح ابو عوانہ کی تمام حدیثیں صحیح ہیں۔ (اعلاء السنن جلد ۲ ص ۴۹) اور تدریب الراوی ص ۵۵ میں ابو عوانہ کو صحیح کتابوں میں شمار کیا ہے اور علامہ ذہبیؒ نے ابو عوانہ کو الصحیح المسند کے الفاظ سے بیان کیا ہے (تذکرہ جلد ۳ ص ۲) راقم الحروف کہتا ہے کہ مبارک پوری صاحبؒ کو بھی اس کا اقرار ہے چنانچہ وہ ایک سند کی تحقیق میں لکھتے ہیں کہ اور حافظ ابو عوانہؒ کی سند کا بھی صحیح ہونا ظاہر ہے۔ کیونکہ انھوں نے اپنے صحیح میں صحت کا التزام کیا ہے۔ (بلفظہ تحقیق الکلام جلد ۲ ص ۱۴۶) محقق نیمویؒ نے اس کو متابعت میں پیش کیا تھا (تعلیق الحسن جلد ۱ ص ۸۵) اور مبارک پوری صاحبؒ نے تصحیح طلب کی تھی۔ (ابکار المنن ص ۱۵۲) مگر یہ عبارت خود ہی ان کا جواب ہے۔ خود اپنی پسند کے جواب سے بہتر جواب اور کیا ہو سکتا ہے؟ وکفیٰ بنفسك الیوم علیك حسیبا۔ مولانا عبداللہ صاحب روپڑی مرحوم نے الکتاب المستطاب ص ۸۶ میں اور مؤلف خیر الکلام نے ص ۲۱۶ اور ص ۴۱۷ میں ابو عبیدہ اور سہلؒ بن بحرؒ کے بارے میں ادھر ادھر کے راویوں کا نام لسان المیزان اور کتاب الکنیٰ دولابیؒ سے نقل کر کے ان کی جو تضعیف

(بقیہ اگلے صفحہ پر دیکھئے)

ان تمام صحیح روایات سے معلوم ہوا کہ قرآت کرنا امام کا کام ہے اور مقتدیوں کا کام صرف خاموش رہنا اور انصات کرنا ہے اور آپؐ نے یہ ارشاد نہیں فرمایا کہ جب امام جہر کرے تو تم خاموش رہو بلکہ یہ ارشاد فرمایا ہے کہ جب امام قرآت کرے تو تم خاموش رہو اور یہ مفہوم عبارۃ النص کے طور پر جہری اور سری سب نمازوں کو شامل ہے جیسا کہ مخفی نہیں ہے۔ مناسب معلوم ہوتا ہے کہ اس حدیث پر فریق ثانی کی طرف سے جو اعتراضات وارد کیے گئے ہیں۔ ان کو نقل کر کے ان کے جوابات بھی ہدیۂ ناظرین کر دیئے جائیں۔ تاکہ فن روایت اور درایت کے لحاظ سے اس حدیث کی حقیقت بھی آشکارا ہو جائے اور اعتراضات کی پوزیشن بھی واضح ہو جائے۔

پہلا اعتراض

حضرت امام بخاریؒ اور مبارک پوری صاحبؒ وغیرہ کہتے ہیں کہ اس حدیث کی سند میں سلیمان تیمیؒ مدلس ہیں اور وہ عنعنہ سے روایت کرتے ہیں۔ اس لیے حسب قاعدہ محدثین یہ روایت قابلِ استدلال نہیں ہو سکتی۔ (جزء القرآۃ ص ۵۶، تحقیق الکلام جلد ۲ ص ۸۴ وغیرہ)

جواب۔ یہ سوال بالکل سطحی قسم کا ہے۔

اولاً ــــ اس لیے کہ تمام محدثین کا اس بات پر اتفاق[1] ہے کہ مدلس راوی جب حدثنا وغیرہ الفاظ سے تحدیث کرے تو تدلیس کا الزام اس پر سے رفع ہو جاتا ہے اور ہم پہلے ابو عوانہ اور ابو داؤد کی صحیح سند کے ساتھ ان کی تحدیث (سلیمان تیمیؒ قال حدثنا قتادۃؒ) نقل کر چکے ہیں اور معتمرؒ بن سلیمانؒ پر بھی مدلس ہونے کا الزام ہے۔ مگر ابو عوانہ اور ابو داؤد کی سند روایت میں وہ بھی سمعت فرماتے ہوئے تحدیث کرتے ہیں۔

(پچھلا صفحہ۔ حاشیہ) کی ہے وہ بالکل غلط ہے۔ بھلا صحیح ابو عوانہ کے یہ ضعیف راوی کیسے ہو سکتے ہیں جو بتصریح محدثین صحیح ہے۔ ابو عوانہ کی سند میں جو راوی ہیں وہ بالکل ثقہ ہیں اور جن راویوں کی انھوں نے نشاندہی کی ہے وہ راوی ابو عوانہ کے ہرگز نہیں ہیں۔

[1] شرح نخبۃ الفکر ص ۵۳، تعلیق المغنی جلد ۱ ص ۱۱۰، اور تحقیق الکلام جلد ۱ ص ۹۲ وغیرہ میں محدثین کا یہ قاعدہ نقل کیا گیا ہے۔

وثانیاً[۲] — جملہ محدثین کا یہ طے شدہ قاعدہ ہے کہ اگر مدلس راوی کا کوئی متابع موجود ہو تو تدلیس کا عیب اور طعن اس سے اٹھ جاتا ہے۔ چنانچہ مبارک پوری صاحبؒ لکھتے ہیں کہ تدلیس کا طعن متابعت سے اٹھ جاتا ہے۔ (تحقیق الکلام جلد ۱ ص ۶۲) اور صحیح ابو عوانہؒ کی روایت میں ابو عبیدہ سلیمان تیمیؒ کے متابع ہیں جیسا کہ عرض کیا جا چکا ہے۔ مولانا محمد حسن صاحب محدث فیض پوریؒ فرماتے ہیں کہ صحیح ابو عوانہ کی مستقل سند میں ابو عبیدہ الحذاءؒ سلیمان تیمی رحمہ کے متابع ہیں اور اس کی سند اعلیٰ درجہ کی صحیح ہے۔ (فی غایۃ الصحۃ) (الدلیل المبین ص[۱۰۸])

علاوہ ازیں دارقطنی جلد ۱ ص ۱۲۵ اور سنن الکبریٰ جلد ۲ ص ۱۵۶ میں ان کے دو اور متابع موجود ہیں۔ عمرؒ بن عامرؒ[۱] اور سعیدؒ بن ابی عروبہؒ[۲] جب سلیمان تیمیؒ خود تحدیث کرتے ہیں اور ان کے تین ثقہ راوی متابع موجود ہیں تو پھر اعتراض کی کیا وقعت رہ جاتی ہے؟

دوسرا اعتراض:

حضرت امام بخاریؒ، امام دارقطنیؒ اور امام ابو داؤدؒ وغیرہ فرماتے ہیں کہ واذا قرأ فانصتوا کی زیادت محفوظ نہیں ہے۔

لم یجیٔ بہ الا سلیمان التیمیؒ فی هذا الحدیث۔ (جزء القرأۃ ص ۵۶ وکتاب الکنیٰ ص ۳۱، دارقطنی جلد ۱ ص ۱۲۵ وابو داؤد جلد ۱ ص ۱۴۰)	کیونکہ سلیمان تیمیؒ کے بغیر اس حدیث میں یہ زیادت اور کسی سے مروی نہیں ہے۔

---

[۱] عمرؒ بن عامرؒ ۔ یہ مسلم کے رواۃ اور رجال میں تھے۔ امام ابن معینؒ اور محدث عجلیؒ ان کو ثقہ کہتے ہیں اور امام احمدؒ ان کو ثقہ اور ثبت فی الحدیث کہتے ہیں۔ (تہذیب التہذیب جلد ۷ ص ۴۶۷)

[۲] علامہ ذہبیؒ ان کو الامام، الحافظ اور احد الاعلام لکھتے ہیں۔ امام ابن معینؒ اور نسائیؒ ان کو ثقہ کہتے ہیں۔ (تذکرہ جلد ۱ ص ۱۶۷) امام دارقطنیؒ (المتوفی ۳۸۵ھ) اور امام بیہقیؒ نے اس پر یہ اعتراض کیا ہے کہ عمرؒ بن عامرؒ اور سعیدؒ بن ابی عروبہؒ کی سند میں سالمؒ بن نوحؒ واقع ہے۔ جو قوی نہیں ہے اس لیے یہ روایت متابعت کے قابل نہیں ہے۔ (دارقطنی جلد ۱ ص ۱۲۵ و سنن الکبریٰ جلد ۲ ص ۱۵۶) لیکن یہ اعتراض چنداں وزنی نہیں ہے۔ کیونکہ سالمؒ بن نوحؒ سے امام مسلمؒ (مثلاً جلد ۱ ص ۲۴۶)

جواب۔ ان اکابر کا یہ عذر قابلِ سماعت نہیں ہے:

اولاً: اس لیے کہ سلیمان تیمیؒ بلا اختلاف ثقہ اور ثبت متقن اور حافظ تھے۔ (جیسا کہ آپ پہلے پڑھ چکے ہیں) اور تمام محدثین کا اس امر میں اتفاق ہے کہ ثقہ کی زیادت قابل قبول ہے چند نقول ملاحظہ فرمائیں۔

علامہ قسطلانیؒ (المتوفی ۹۲۳ھ) لکھتے ہیں کہ صحیح مسلک یہ ہے کہ ثقات کی زیادت مطلقاً قابل قبول ہے۔ (قسطلانی جلد ۱ ص ۸) علامہ حازمیؒ (الشافعیؒ المتوفی ۵۸۴ھ) لکھتے ہیں کہ ثقہ راوی کی زیادت مقبول ہے۔ (کتاب الاعتبار ص ۲) امام ترمذیؒ لکھتے ہیں کہ ثقہ اور حافظ راوی کی زیادت قابل قبول ہوتی ہے۔ (کتاب العلل ۲ ص ۲۴۴) امام حاکمؒ کا بیان ہے کہ فقہائے اسلام کا اس بات پر کلی اتفاق ہے کہ متون اور اسانید میں ثقات کی زیادت مقبول ہوگی۔ (مستدرک جلد ۱ ص ۳) امام بیہقیؒ لکھتے ہیں کہ محدث ابن خزیمہؒ کا بیان ہے کہ حافظ متقن اور مشہور راوی کی زیادت کا انکار ہرگز نہیں کیا جا سکتا بلکہ اس کی زیادت بہرحال قابل قبول ہوگی۔ لیکن اگر کوئی ایسا راوی جو اس کے ہم پایہ نہ ہو اور متواتر حدیث میں ایک جملہ زائد کرے تو وہ زیادت قابل قبول نہیں ہے۔ (محصلہ کتاب القرآۃ ص ۹۵) لیکن سلیمان تیمیؒ تو دوسرے راویوں سے بڑے حافظ ہیں۔

(بقیہ حاشیہ پچھلا صفحہ) ص ۲۹۹، ص ۳۵۰، ص ۳۵۶، جلد ۲ ص ۱۸۷، ص ۲۲۳، ص ۹۵، ص ۳۴۳، ص ۲۹۶، ص ۳۹۸ وغیرہ میں) اور ابن خزیمہؒ اور ابن حبانؒ نے اپنے اپنے صحیح میں احتجاج کیا ہے۔ (جوہر النقی جلد ۱ ص ۱۵۲) امام احمدؒ فرماتے ہیں کہ ما بحدیثہ بأس ان کی حدیث میں کوئی خرابی نہیں۔ ابو زرعہؒ ان کو لا بأس بہ اور صدوق کہتے ہیں۔ امام یحییٰؒ کہتے ہیں ما بأس بذلك ان میں کوئی خرابی نہیں۔ ابن عدیؒ ان کی حدیثوں کو اقرب الی الصواب کہتے ہیں۔ ابن حبانؒ ان کو ثقات میں لکھتے ہیں۔ ساجیؒ ان کو صدوق اور ثقہ کہتے ہیں۔ ابن شاہینؒ ان کو ثقات میں لکھتے ہیں۔ ابن قانعؒ ان کو ثقہ کہتے ہیں حافظ ابن حجرؒ ان کو ثقہ کہتے ہیں۔ (تہذیب التہذیب جلد ۲ ص ۳۴۴) فریق ثانی ان کا موازنہ ذرا محمدؒ بن اسحاقؒ سے کر دیکھئے جن کی روایت سے ان کا احتجاج ہے۔ ع: وبضدها تتبین الاشیاء

لہ امام دارقطنیؒ نے تشہد کے باب میں وحدہ لا شریك له کی زیادت کو جس میں سلیمان تیمیؒ متفرد ہیں صحیح تسلیم کیا ہے۔ دیکھو دارقطنی جلد ۱ ص ۱۳۴

امام نوویؒ لکھتے ہیں کہ جمہور محدثین اور علماء فقہ و اصول اس بات پر متفق ہیں کہ ثقہ راوی کی زیادت اور تفرد مقبول ہے۔ (تلخیص المستدرک جلد ۱ ص ۳۱) علامہ ماردینیؒ لکھتے ہیں کہ ثقہ کی زیادت مقبول ہے۔ (الجوہر النقی جلد ۱ ص ۱۵۵) علامہ زیلعیؒ کا بیان ہے کہ ثقہ متقن اور حافظ راوی کی زیادت قابل قبول ہوتی ہے۔ (زیلعی جلد ۱ ص ۳۳۶) حافظ ابن حجرؒ بھی اس کی تصریح کرتے ہیں۔ (شرح نخبۃ الفکر ص ۳۷) علامہ جزائریؒ لکھتے ہیں کہ ثقہ کی زیادت مقبول ہے۔ (توجیہ النظر ص ۲۴۳) مولانا شمس الحق عظیم آبادیؒ لکھتے ہیں کہ ثقہ راوی جب تنہا کوئی زیادت نقل کرے تو وہ صحیح ہے اور اگر کوئی دوسرا بھی اس کے ساتھ اس زیادت کو بیان کرتا ہو تو اس کے صحیح ہونے میں تو کوئی کلام ہی نہیں۔ (تعلیق المغنی جلد ۲ ص ۳۸)

نواب صاحبؒ لکھتے ہیں کہ و شک نیست کہ زیادت ثقہ مقبول است۔ (ہدایۃ الائمہ ص ۵۰)

مبارک پوری صاحبؒ لکھتے ہیں کہ ثقہ کی زیادت مقبول ہے (تحفۃ الاحوذی جلد ۱ ص ۲۰۵)

مولانا گنگوہیؒ تحریر فرماتے ہیں کہ اور زیادت ثقہ کی باتفاق جملہ محدثین قدیم و جدید کہ جن میں خود بخاری علیہ الرحمۃ بھی ہیں صحیح و معتبر ہے۔ اس میں کسی کو اختلاف نہیں۔ (ہدایۃ المعتدی ص ۵)

ان تمام اقتباسات سے یہ بات یقیناً اور حتماً ثابت ہو جاتی ہے کہ سلیمان تیمیؒ (جو بلا نکیر الامام، الحافظ ثقہ، ثبت اور شیخ الاسلام تھے) کی واذا قرأ فانصتوا کی زیادت بالکل صحیح اور معتبر ہے۔ اس کا انکار کرنا فن حدیث کے طے شدہ اصول سے انحراف کرنا ہے جو یقیناً مردود ہے۔ امام بخاریؒ فرماتے ہیں کہ

لہ یہ سب بحث روایتی حیثیت سے تھی اور درایتی لحاظ سے بھی یہ زیادت بالکل صحیح ہے مبارک پوری صاحب لکھتے ہیں کہ ثقہ کی زیادت اس وقت شاذ اور نا قابل قبول ہوتی ہے جب اصل روایت کے منافی ہو اگر اصل اور ماقبل کے منافی نہ ہو تو جمہور محققین کے نزدیک وہ زیادت قابل قبول ہوتی ہے۔ (ابکار المنن ص ۱۴۲) اور شیخ الاسلام ابن تیمیہؒ لکھتے ہیں کہ واذا قرأ فانصتوا کی زیادت ماقبل (انما جعل الامام لیؤتم به) کے ہرگز منافی نہیں ہے بلکہ اس کے عین مطابق ہے کیونکہ انصات کرنا اور خاموش رہنا اتمام اور اقتداء کے ہرگز منافی نہیں ہے بلکہ جو لوگ امام کے پیچھے قرأت کے وقت خاموشی اختیار نہیں کرتے وہ درحقیقت مؤتم اور مقتدی کہلانے کے مستحق نہیں ہیں اس لیے کہ ان کی امام کے پیچھے قرأت کرنا سراسر

والزیادۃ مقبولۃ والمفسر یقضی علی المبہم اذا رواہ اھل الثبت ... اھ (بخاری جلد۲ ص۲۱)

زیادت مقبول ہے اور مفسر روایت مبہم پر حاکم ہے جب کہ اہلِ ثبت اس کو روایت کریں۔

امام خطیب بغدادیؒ لکھتے ہیں کہ

قال الجمہور من الفقہاء واصحاب الحدیث زیادۃ الثقۃ مقبولۃ اذا انفرد بہا ..... اھ (کفایۃ ص۴۲۴)

جمہور فقہاءؒ اور محدثینؒ یہ فرماتے ہیں کہ ثقہ راوی جب منفرد ہو تو اس کی زیادت قابل قبول ہے

اور مختلف اقوال و آراء نقل کرنے کے بعد لکھتے ہیں کہ

والذی نختارہ من ھذہ الاقوال ان الزیادۃ الواردۃ مقبولۃ علی کل الوجوہ ومعمول بہا اذا کان راویہا عدلاً حافظا ومتقنا ضابطا ..... اھ (کفایہ ص۴۲۵)

ان اقوال میں سے جو قول ہم اختیار کرتے ہیں وہ یہ ہے کہ زیادت جہاں بھی وارد ہو وہ بہر صورت مقبول اور قابلِ عمل ہے جب کہ اس کا راوی عادل حافظ اور متقن ضابطہ ہو۔

اور نواب صاحبؒ فرماتے ہیں کہ ونیز زیادت ثقہ مقبول است مطلقاً نزد جماہیر از اہلِ حدیث وفقہ واصول قالہ النوویؒ ..... اھ (ھدایۃ السائل ص۱۹۱) اور علامہ محدث حسین بن محسن انصاریؒ نے شاذ اور معلل پر بڑی نفیس بحث کی ہے اور لکھتے ہیں کہ جب ثقہ راوی زیادت نقل کرے تو وہ مستقل حدیث کے حکم میں ہے اس کو رد کرنے کا کیا معنیٰ ہے (البیان المکمل ص۷۰ المنضم مع الدارقطنی) اور امام نوویؒ لکھتے ہیں کہ

ومذھب الجمہور من الفقہاء والمحدثین قبولہا مطلقاً (تقریب النواوی مع تدریب الراوی ص۱۵۵)

جمہور فقہاءؒ اور محدثینؒ کا مذہب یہ ہے کہ زیادتِ ثقہ مطلقاً مقبول ہے۔

اور علامہ سیوطیؒ لکھتے ہیں کہ

وقد ادعی ابن الطاھر الاتفاق علے ھذا القول ..... اھ (تدریب الراوی ص۱۵۵)

اور ابن طاہرؒ نے دعویٰ کیا ہے کہ اس قول پر سب کا اتفاق ہے۔

(بقیہ حاشیہ پچھلا صفحہ) اقتدار کے خلاف ہے۔ (فتاویٰ جلد۲ ص۱۴۳)

مؤلف خیر الکلام ص ۲۸۸ میں ایک راوی کے بارے میں لکھتے ہیں کہ جب ان کا ثقہ ہونا ثابت ہوا تو اس صورت میں ان کا تفرد کوئی مضر نہیں ہوگا۔۔۔ اھ

حافظ ابن حجرؒ ایک مقام پر لکھتے ہیں:

وعلی تقدیر تفرد الاوزاعیؒ بذکرها لا یستلزم ذلک تخطئته لانها تکون زیادة من ثقة حافظ غیر منافیة لروایة رفقته فتقبل ولا تکون شاذةً ولا معنی لرد الروایات الصحیحة بهذه التعلیلات الواهیة۔ (فتح الباری جلد ۱۱ ص ۴۷ طبع مصر۔)

اگر تسلیم بھی کر لیا جائے کہ اس زیادت کے ذکر کرنے میں اوزاعیؒ متفرد ہے تب بھی اس سے یہ ثابت نہیں ہوتا کہ یہ ان کی خطا ہے کیونکہ یہ ثقہ اور حافظ کی زیادت ہے اور یہ اس کے باقی رفقاء کی روایت کے منافی نہیں ہے سو یہ قابل قبول ہے اور شاذ نہیں ہے اور صحیح روایات کو ان رکیک بہانوں سے (کہ یہ شاذ ہیں) ٹھکرانے کا کوئی معنی نہیں ہے۔

اور قاضی شوکانیؒ نے بھی اس کا ذکر کیا ہے۔ (نیل الاوطار جلد ۱ صہ ۱۹۱) اور دوسرے مقام پر لکھتے ہیں:

ولا یلتفت الی تعلیل الحدیث بما اذا کان الرافع ثقة۔ (نیل جلد ۱ صہ ۲۰۲)

اور شاذ کہکر روایت کو معلول قرار دینے کی طرف کوئی توجہ نہیں کی جاسکتی جبکہ رافع ثقہ ہے۔

حضرات محدثین کرامؒ، فقہاء عظامؒ اور ارباب اصول کا یہ اتفاقی اجماعی اور طے شدہ قاعدہ ہے کہ جب راوی ثقہ اور حافظ ہو اور وہ زیادت نقل کرے تو مطلقاً اس کی روایت مقبول ہے اور بحمد اللہ تعالیٰ سلیمان تیمیؒ ثقہ اور حافظ ہیں لہٰذا ان کی زیادت واذا قرأ فانصتوا بہر حال مقبول ہے اور اس میں کوئی شک نہیں ہے۔ مؤلف خیر الکلام کا (صہ ۱۳۱، صہ ۱۴۱ میں) اور اسی طرح قاضی قاضی مقبول احمد صاحب کا (ملاحظہ ہو الاعتصام صہ ۹ ۱۹ اکتوبر ۱۹۶۲ء)

امام بیہقیؒ کی تقلید میں اس کو شاذ کہنا بالکل غلط اور قطعاً باطل ہے اور تمام اصول کے خلاف ہے۔ جس کی حیثیت ایک پرکاہ کی بھی نہیں ہے اور اصولِ حدیث کے پیش نظر اس کو کوئی سننے کے لیے تیار نہیں ہے۔ اپنے جی کو خوش کرنے یا اپنے حواریوں کا غم ہلکا کرنے کے لیے وہ بڑے شوق سے اس کو شاذ کہتے پھریں۔

وثانیاً۔ اس زیادت کے نقل کرنے میں سلیمان تیمیؒ متفرد نہیں، بلکہ صحیح ابوعوانہ کی روایت

میں ابو عبیدہؒ بھی اس زیادت کو نقل میں سلیمان تیمیؒ کے ساتھ ہیں اور ابو عوانہؒ کی سند کا صحیح ہونا خود مبارک پوری صاحبؒ کو بھی مسلم ہے۔ جیسا کہ آپ ملاحظہ فرما چکے ہیں۔ نیز عمرؒ بن عامرؒ اور سعیدؒ بن ابی عروبہؒ بھی اس زیادت کو بیان کرتے ہیں اور دونوں ثقہ ہیں اور ان کی سند علی شرط مسلم صحیح ہے کما مرّ۔ الغرض فریق ثانی کا یہ اعتراض سراسر باطل ہے اور یہ اس حدیث کی صحت پر کسی طرح اثر انداز نہیں ہو سکتا۔ چنانچہ شیخ الاسلام ابن تیمیہؒ لکھتے ہیں کہ

وما اعله البخاری فلیس بقادح فی صحته
(تنوع العبادات ص۸۵)

امام بخاریؒ (وغیرہ) نے اس حدیث کو معلول ٹھہرانے کی جو کوشش کی ہے تو اس سے اس کی صحت پر کوئی اثر نہیں پڑ سکتا۔

الحاصل سلیمان تیمیؒ کی یہ روایت بلا شک وشبہ بالکل صحیح ہے اور اس میں ان کی غلطی بتلانا ان پر بہتان باندھنا ہے۔ امام احمدؒ سے کسی نے سوال کیا کہ لوگوں کا خیال ہے کہ سلیمان تیمیؒ نے خطا کی ہے تو امام احمدؒ نے جواب دیا، جس شخص نے سلیمان تیمیؒ کی طرف خطا کی نسبت کی ہے وہ ان پر بہتان باندھتا ہے (الجوہر النقی جلد ۲ صفحہ ۱۵۵) اس روایت میں اصل قصور اور خطا ان رواۃ کی ہے جنھوں نے یہ صحیح زیادت ترک کر دی ہے۔ فسامحھم اللّٰہ تعالٰی بعموم فضلہ۔

مؤلف خیر الکلام نے اپنے پیشرو حضرات کے نقش قدم پر چل کر واذا قرأ فانصتوا کی زیادت کو ایڑی چوٹی کا زور لگا کر دھینگا دھینگی غیر مقبول اور شاذ بنانے کی کوشش ناکام کی ہے۔ اور شاذ کی تعریف پر مطلقاً غور نہیں کیا اور غور کرنے کی ضرورت بھی نہ تھی کیونکہ پھر تو قلعی کھل جاتی تھی اگرچہ انھوں نے ص۴۱۸ میں شرح نخبہ اور مقدمہ ابن الصلاح وغیرہ سے شاذ کی تعریف نقل کی ہے لیکن لفظ یخالف فیہ الناس پر غور نہیں کیا شاذ کی تعریف سنیے حضرت امام شافعیؒ فرماتے ہیں کہ

قال الشافعیؒ لیس الشاذ من الحدیث ان یروی الثقة مالا یرویه غیرہ ھذا لیس بشاذ وانما الشاذ ان یروی الثقة حدیثا یخالف فیه الناس

شاذ وہ حدیث نہیں ہے جس کو ثقہ روایت کرے اور دوسرے روایت نہ کرتے ہوں بلکہ شاذ وہ روایت ہے جس کو ثقہ روایت کرتا ہو مگر اس میں دوسرے لوگوں کی مخالفت کرے

هذا الشاذ من الحديث

(معرفة علوم الحديث ص۱۱۹)

یہ ہے شاذ۔

امام مسلمؒ فرماتے ہیں کہ

وعلامة المنكر في حديث المحدث اذا ما عرضت روايته للحديث على رواية غيره من اهل الحفظ والرضى خالفت روايته روايتهم اولم تكد توافقها فاذا كان الاغلب من حديثه كذلك كان مهجور الحديث غير مقبوله ولا مستعمله۔ .... اھ (مسلم جلد ۱ ص ۵)

اور محدث کی قابل انکار حدیث کی علامت یہ ہے کہ جب اس کی روایت دوسرے اہل حفظ اور پسندیدہ راویوں کی روایت پر پیش کی جائے تو اس کی روایت ان کی روایت کے مخالف ہو یا ممکن ہی نہیں کہ اس کے موافق ہو پس جب اس کی حدیث پر اغلب یہ ہو تو اس کی حدیث متروک اور غیر مقبول ہوگی اور قابل عمل نہ ہوگی۔

حافظ ابن حجرؒ لکھتے ہیں کہ

لان الزيادة اما ان تكون لا تنافي بينها وبين رواية من لم يذكرها فهذه تقبل مطلقاً لانها في حكم الحديث المستقل الذي يتفرد به الثقة ولا يرويه عن شيخه غيره واما ان تكون منافية بحيث يلزم من قبولها رد الرواية الاخرى فهذه هي التي يقع الترجيح بينها وبين معارضها فيقبل الراجح ويرد المرجوح .... اھ

(شرح نخبة الفكر ص ۳۷)

کیونکہ زیادت یا تو ایسی ہوگی کہ اس میں اور دوسرے راویوں کی روایت میں جنھوں نے اس کو ذکر نہیں کیا منافاۃ نہ ہوگی تو ایسی زیادت مطلقاً مقبول ہے کیونکہ یہ مستقل حدیث کے حکم میں ہے جس کے بیان میں ثقہ راوی متفرد ہو اور اس کے شیخ سے اور کوئی روایت نہ کرتا ہو اور یا وہ زیادت ایسی ہوگی کہ وہ دوسرے راویوں کی روایت کے منافی ہوگی اس حیثیت سے کہ اس کے قبول کر لینے سے دوسری روایت کا رد لازم آتا ہو تو اس میں اور اس کی معارض میں ترجیح کا سوال ہوگا راجح کو قبول کیا جائے گا اور مرجوح کو رد کر دیا جائیگا۔

اور تدریب الراوی میں ہے۔

ثم يفسرون الشذوذ بمخالفة الثقة من هو اوثق منه والمنقول عن ائمة الحديث المتقدمين كابن مهدی ويحيى القطان واحمد وابن معين وابن المديني والبخاری وابی زرعة وابی حاتم والنسائی والدارقطنی وغيرهم اعتبار الترجيح فيما يتعلق بالزيادة المنافية بحيث يلزم من قبولها رد الرواية الاخرى ..... اھ

(تدریب الراوی ص ۱۵۷)

پھر حضرات محدثینؒ شذوذ کی تعریف یہ کرتے ہیں کہ ثقہ راوی ثقہ تر راوی کی مخالفت کرے اور متقدمین ائمہ حدیث مثلاً ابن مہدیؒ یحییٰ القطانؒ، احمدؒ، ابن معینؒ، ابن المدینیؒ بخاریؒ، ابوزرعہؒ، ابوحاتمؒ، نسائیؒ اور دارقطنیؒ وغیرہ یہ فرماتے ہیں کہ اعتبار ترجیح کا اس منافی زیادت سے متعلق ہے جس کا قبول کر لینا دوسری روایت کے رد کو مستلزم ہو۔

اور توجیہ النظر میں ہے۔

وزيادة راوی الصحيح والحسن تقبل مطلقاً ان لم تكن منافية لرواية من لم يذكرها لانها حينئذٍ كالحديث المستقل الذی ينفرد به الثقة ولا يرويه عن شيخه غيره فان كانت منافية لها بحيث يلزم من قبولها رد الرواية الاخرى بحث عن الراجح منهما فان كان الراجح منهما رواية من لم يذكر تلك الزيادة لمزيد ضبطه او كثرة عدده او غير ذلك من موجبات الرجحان ردت تلك الزيادة وان كان الراجح

صحیح اور حسن کے راوی کی زیادت مطلقاً مقبول ہے اگر وہ ان راویوں کی روایت کے مخالف نہ ہو جنھوں نے اس کا ذکر نہیں کیا کیونکہ وہ اس وقت مستقل حدیث کے حکم میں ہے جس کو ثقہ راوی انفرادی طور پر بیان کرتا ہے اور اس کے شیخ سے کوئی اور اس کا راوی نہیں ہے۔ پس اگر وہ زیادت دوسری روایت کے جس میں زیادت نہیں ہے بایں طور منافی ہو کہ اس زیادت کے قبول کر لینے سے اس روایت کا رد لازم آتا ہو تو یہاں راجح و مرجوح کی بحث چلے گی۔ اگر راجح ان راویوں کی روایت ہے جنھوں نے اس کو ذکر نہیں کیا۔ مزید ضبط

منها روایة من ذکر تلک الزیادة قبلت ..... اھ

(توجیہ النظر ص ۲۱۹ و ۲۲۰)

یا کثرۃ عدد یا ترجیح کے اور اسباب میں سے کوئی سبب ہو تو اس زیادت کو رد کر دیا جائیگا اور اگر راجح اس کی روایت ہے جس نے اس کو ذکر کیا ہے تو زیادت قبول کر لی جائے گی۔

ان تمام اقتباسات سے روز روشن کی طرح یہ بات ثابت ہو گئی کہ شاذ اور غیر مقبول روایت میں حضرات محدثین کرامؒ کے نزدیک ایک بنیادی شرط ہے وہ یہ کہ اس کی روایت باقی ثقات کی روایت کے مخالف اور منافی ہو اور مخالفت اور منافات بھی بایں طور کہ اس کے تسلیم کر لینے سے ان باقی ثقات کی روایت (جس کو وہ اپنے ثقہ شیخ سے صحیح اور متصل سند کیساتھ روایت کرتے ہیں اور ان میں وجوہ ترجیح بھی موجود ہیں جن کو نظر انداز نہیں کیا جا سکتا۔) کا رد لازم آتا ہو اور اس زیادت کی اصل حدیث کے ساتھ موافقت کی مطلقاً کوئی راہ نہ پیدا ہوتی ہو (اولم تکد توافقها) لیکن یہاں واذا قرأ فانصتوا کی زیادت کا معاملہ ہرگز ایسا نہیں ہے کیونکہ اس کی اصل روایت سے قطعاً کوئی مخالفت اور منافات نہیں ہے بلکہ یہ تو حدیث کے اول حصہ کی مؤید ہے جیسا کہ ہم نے شیخ الاسلام ابن تیمیہؒ کے حوالہ سے نقل کیا ہے جس کا کوئی جواب مؤلف خیر الکلام نے نہیں دیا بلکہ جوا ریوں کو مغالطہ دینے کے لیے یہ لکھ مارا ہے کہ قبول کرنے والوں نے شذوذ کا کوئی جواب نہیں دیا (ص ۴۲۲) ان کو معلوم ہونا چاہیے کہ واذا قرأ فانصتوا کی زیادت انما جعل الامام لیؤتم به کی عین مؤید ہے۔ اس کے منافی اور مخالف ہرگز نہیں اس لیے یہ کسی صورت میں شاذ اور غیر مقبول نہیں ہے۔ رہا مؤلف خیر الکلام کا یہ کہنا کہ جو لوگ اس زیادتی کو بقیہ حدیث کے منافی قرار دیتے ہیں۔ ان کی تقریر یہ ہے کہ شروع حدیث میں یہ جملہ ہے انما جعل الامام لیؤتم به کہ امام کی پیروی کرو اور حضرت ابو ہریرہؓ کی روایت میں یہ لفظ بھی ہے فلا تختلفوا علیه۔ سنن کبری جلد ۲ صـ۱۵۶ اس کے ساتھ مخالفت نہ کرو یعنی جس طرح امام کرے اسی طرح کرو اس جملہ کا تقاضا یہ ہے کہ مقتدی امام کے پیچھے پڑھے (محصلہ صـ۴۳۱) تو یہ سب ان کی غفلت کا نتیجہ ہے :

اوّلاً[12] — اس لیے کہ حضرت ابو موسیٰ کی روایت میں انما جعل الامام لیؤتم بہ کا حصہ عمرؒ بن عامرؒ اور سعیدؒ بن ابی عروبہ کے طریق سے آتا ہے اور مؤلف خیر الکلام توضؒ[13] میں ان کی حدیث کو شاذ کہتے ہیں۔ پھر بقول ان کے اس شاذ پر بنیاد رکھنا کیونکر صحیح ہے؟ اور لطف کی بات یہ ہے کہ اس روایت کا راوی سالمؒ بن نوحؒ ہے جو مؤلف خیر الکلام کے نزدیک ضعیف ہے۔

وثانیاً[14] — فلا تختلفوا علیہ کا جملہ محمدؒ بن عجلانؒ کی روایت میں نہیں ہے اور وہ ان کے نزدیک وہمی ہیں پھر اس کا کیا اعتبار؟

وثالثاً — اگر امام کی مخالفت کا یہی معنیٰ ہے تو مقتدی نہ صرف یہ کہ سورۃ فاتحہ ہی پڑھیں بلکہ ماذاد بھی پڑھیں اور جہر کے ساتھ پڑھیں اور ہر ایک امام کی طرح مصلیٰ پر کھڑا ہو۔ کیونکہ جو امام کرتا ہے سو مقتدی بھی کریں فلا تختلفوا علیہ پر پورا عمل ہونا چاہیے۔ الغرض ان رکیک فی جہات سے اس صحیح زیادت کا انکار اور اس کو شاذ کہنا سراسر باطل ہے۔

تیسرا اعتراض۔

مُبارک پوری صاحبؒ (وغیرہ) لکھتے ہیں کہ اس حدیث کی سند میں قتادہؒ مدلس ہے اور عنعنہ سے روایت کرتا ہے اور مدلس کی معنعن روایت قابلِ التفات نہیں ہوتی۔

(تحقیق الکلام جلد ۲ ص ۱۸ وابکار المنن ص ۸۵ وغیرہ)

جواب: یہ اعتراض بھی باطل ہے:

اوّلاً[15] — اس لیے کہ یہ روایت مسلمؒ کی ہے اور بخاریؒ و مسلمؒ کی تفردات سے مروی جملہ روایات کے صحیح ہونے پر اُمّت کا اجماع و اتفاق ہے۔ اگر صحیحین کی معنعن حدیثیں صحیح نہیں تو امت کا اتفاق اور اجماع کس چیز پر واقع ہوا ہے جبکہ راوی بھی سب ثقہ ہیں

وثانیاً[16] — یہ روایت ابو عوانہؒ کی ہے اور باقرار مبارکپوری صاحبؒ انھوں نے اپنے صحیح میں صحت کا التزام کیا ہے۔ لہٰذا قتادہؒ کی اس سند کا صحیح ہونا ظاہر ہے۔

وثالثاً[17] — محدثین کا اتفاق ہے کہ مدلس راوی کی تدلیس صحیحین میں کسی طرح بھی مضر نہیں ہے

---

[1] صحیحین کی تدلیس کے مضر نہ ہونے کا یہ قاعدہ امام نوویؒ و قسطلانیؒ کے علاوہ علامہ سخاویؒ (المتوفی ۹۰۲ھ) (باقی نوٹ اگلے صفحہ پر)

چنانچہ امام نووی لکھتے ہیں کہ

وما في الصحيحين من التدليس فمحمول على السماع من جهة أخرى۔

صحیح بخاری و مسلم میں جو تدلیس واقع ہو تو وہ دوسرے دلائل سے سماعت پر محمول ہے۔

(مقدمہ ص ۱۸ و شرح مسلم جلد ۱ ص۳۳)

یعنی اگر صحیحین میں کوئی مدلس راوی عنعنہ سے روایت کرتا ہے تو محدثین کرامؒ کے نزدیک وہ ایسی ہے جیسے اس راوی نے حدثنا اور اخبرنا وغیرہ سے تحدیث کی ہو اور علامہ قسطلانیؒ لکھتے ہیں کہ امام اعمشؒ، قتادہؒ اور سفیان ثوریؒ وغیرہ سے بخاری و مسلم میں جو روایتیں عنعنہ سے مروی ہیں وہ سماع پر محمول ہیں۔ اگرچہ ہمیں ان کی تحدیث پر اطلاع نہ ہو سکے۔ کیونکہ امام بخاریؒ و مسلمؒ سے متعلق ہم یہی اچھا اور نیک گمان قائم کرسکتے ہیں۔ (قسطلانی جلد ۱ ص ۹) امام سبکیؒ نے علامہ مزیؒ سے سوال کیا کہ امام بخاریؒ اور امام مسلمؒ نے جو روایتیں عنعنہ کے ساتھ نقل کی ہیں کیا ان میں صراحت کے ساتھ تحدیث بھی ثابت ہے؟ تو انھوں نے جواب دیا کہ اکثر روایات میں اس کا ثبوت موجود نہیں ہے مگر ہمیں تحسین ظن کے بغیر اور کوئی چارہ نہیں ہے۔ (تدریب الراوی ص۹۵)

مؤلف خیر الکلام نے ص ۱۰۴ میں یہ لکھ کر اپنا دل خوش کر لیا ہے کہ مگر یہ قاعدہ ان احادیث میں چلتا ہے جہاں تنقید نہ ہوئی ہو۔ یہ قاعدہ ہر جگہ جاری نہیں ہوتا... الخ مؤلف مذکور کو معلوم ہونا چاہیے کہ قاعدہ مذکورہ بخاری اور مسلم کی تمام مدلسؒ راویوں سے متعلق ہے صحیحین کی کوئی مدلس روایت اس قاعدہ سے مستثنیٰ نہیں اور ایسی کوئی تنقید ان پر نہیں ہو سکی جس سے انکی مدلس روایت ضعیف ہو سکے لہذا صحیحین کے رواۃ کی تدلیس کی آڑ لے کر صحیح حدیث کا انکار کرنا قانون روایت اور فن حدیث کے بالکل خلاف ہے جو بہرصورت مردود ہے ہاں اگر کوئی راوی ضعیف ہوتا تو معاملہ جدا ہوتا۔

و رابعاً ـــ قتادہؒ کا شمار طبقۂ اولیٰ کے ان مدلسین میں ہوتا ہے جن کی تدلیس کسی کتاب میں مضر

(بقیہ حاشیہ پچھلا صفحہ) نے فتح المغیث ص ۷۷ میں اور امام سیوطیؒ نے تدریب الراوی ص ۱۴۴ میں اور محدث عبدالقادر القرشیؒ (المتوفی ۷۷۵ھ) نے الجواہر المضیہ جلد ۲ ص ۴۲۹ میں اور نواب صاحبؒ نے ہدایۃ السائل ص ۱۹ میں پوری صراحت اور وضاحت کے ساتھ بیان کیا ہے۔

نہیں ہے۔ چنانچہ امام حاکمؒ لکھتے ہیں کہ مدلسین کا ایک گروہ ایسا ہے جو اپنے جیسے یا اپنے سے بڑھ کر یا اپنے سے کچھ کم ثقہ راویوں سے روایت کرتا ہے، اگر وہ اس زمرہ سے خارج نہیں جن کی روایتیں قابل قبول ہوتی ہیں سوا لیسے۔ مدلسین میں ابوسفیان طلحہؒ بن نافعؒ اور قتادہؒ بن دعامہؒ خصوصیت سے قابل ذکر ہیں۔ (معرفت علوم الحدیث ص ۱۰۳) علامہ جزائریؒ علامہ ابن حزمؒ سے محدثین کا ضابطہ بیان کرتے ہوئے ان مدلسین کی فہرست بتاتے ہیں جن کی روایتیں باوجود تدلیس کے صحیح ہیں اور ان کی تدلیس سے صحت حدیث پر کوئی اثر نہیں پڑتا چنانچہ لکھتے ہیں کہ

منهم كان جلة اصحاب الحديث وائمة المسلمين كالحسن البصری وابی اسحاق السبيعی وقتادہ بن دعامة وعمرو بن دينار وسليمن الاعمش وابی الزبير وسفيان الثوری وسفيان بن عيينة۔ (توجيه النظر ص ۲۵۱)	ان مدلسین میں جلیل القدر محدث اور مسلمانوں کے امام شامل ہیں جیسے حسن بصریؒ، ابواسحاق السبیعیؒ قتادہؒ بن دعامہؒ، عمروؒ بن دینارؒ، سلیمن اعمشؒ، ابوالزبیرؒ سفیانؒ ثوریؒ اور سفیان علیہؒ وغیرہ۔

معلوم ہوا کہ پہلے تو صحیحین میں کسی راوی کی تدلیس مضر نہیں۔ قتادہؒ کی ہو یا کسی اور راوی کی اور پھر قتادہؒ کا شمار محدثین کے نزدیک ان مدلسین میں ہوتا ہے جن کی تدلیس کسی محل اور کسی موقع پر مضر نہیں ہے۔ امام نوویؒ فرماتے ہیں کہ امام دارقطنی رحؒ نے جو یہ کہا ہے کہ قتادہ رحؒ مدلس ہیں۔ لہٰذا یہ روایت متصل نہیں مردود ہے اس لیے کہ ولا شك عندنا ان مسلماً رحمه الله تعالى يعلم هذه القاعدة ويعلم تدليس قتادةؒ فلولا ثبوت سماعه عنه لم يحتج به الى ان قال و نسبة الى مثل قتادة الذی محله من العدالة والحفظ والعلم والغاية العالية (شرح مسلم ج ۱ ص ۲۰۹) ——— اور ہمارے نزدیک اس میں قطعاً کوئی شک نہیں کہ امام مسلم رحؒ یہ قاعدہ جانتے ہیں کہ مدلس کا عنعنہ قبول نہیں اور وہ یہ بھی جانتے ہیں کہ قتادہ رحؒ مدلس ہیں۔ اگر امام مسلمؒ کے نزدیک قتادہؒ کا سماع ثابت نہ ہو تو وہ اس سے احتجاج نہ کرتے۔ (پھر آگے فرمایا) اور امام دارقطنیؒ نے قتادہؒ جیسی شخصیت کی طرف ایسی بات منسوب کی ہے جن کا مقام عدالت اور حفظ اور علم اور کمال کے انتہائی درجہ کو پہنچا ہوا ہے ——— یہ حضرات محدثین کرامؒ کا طے شدہ ضابطہ ہے۔ علامہ ابن حزمؒ کی ظاہریت نہیں جیسا کہ مؤلف خیر الکلام نے کہا ہے اور امام حاکمؒ نے بھی

اس کی تصریح کی ہے۔ کما مر۔

وخامسًا۔ ہم مبارکپوری صاحبؒ اور ان کے اتباع کے مشکور ہوں گے کہ وہ بخاری[1] و مسلم[2] کی ان جملہ روایات پر جن میں قتادہؒ نے عنعنہ کیا ہے۔ خط تنسیخ کھینچ دیں اور یا ان کے غیر صحیح ہونے کا کھلا اعلان کر دیں ؎

من نگویم کہ ایں مکن آں کن
مصلحت بیں وکار آساں کن

مؤلف خیر الکلام نے وہی پرانی رٹ لگائی ہے کہ قتادہؒ مدلس ہیں اور حافظ ابن حجرؒ نے ان کو اپنی کتاب طبقات المدلسین میں تیسرے درجہ کا مدلس کہا ہے جن کی روایت بدون تصریح سماع صحیح نہیں اور امام حاکمؒ کا قول مجمل ہے اور معرفت علوم الحدیث ص۱۰۳ میں ہے کہ سلیمان شاذکونی فرماتے ہیں کہ جو شخص حدیث پر عمل کرنا چاہے وہ اعمشؒ اور قتادہؒ کی وہی روایت لے جس میں وہ سماع کی تصریح کریں اور بخاری میں قتادہؒ کی جو معنعن روایتیں ہیں وہ امام شعبہؒ کے طریق سے ہیں۔ (محصلہ خیر الکلام ص۲۴۰، ص۲۴۱) مگر یہ باتیں نہایت کمزور اور ضعیف ہیں۔

اوّلاً۔۔۔ اس لیے کہ قتادہؒ کی تدلیس کے بارے میں امام حاکمؒ کا قول مجمل نہیں بڑا مفصل ہے۔ وہ ان کو طبقۂ اولیٰ کا مدلس بتاتے ہیں جس طبقہ کی تدلیس قطعاً مضر نہیں ہوتی اور یہ محدثین کے ہاں طے شدہ امر ہے اور ہم نے فتح المغیث، تدریب الراوی اور ہدایۃ السائل وغیرہ کے حوالے درج کر دیے ہیں کہ صحیحین کی تدلیس مضر نہیں ہے۔ اس کا یہ جواب جو مؤلف خیر الکلام نے دیا ہے کہ مگر یہ قاعدہ ان احادیث میں چلتا ہے جہاں تنقید نہ ہوئی ہو۔ یہ قاعدہ ہر جگہ جاری نہیں ہوتا اور حدیث زیر بحث پر تنقید ہو چکی ہے بلفظہٖ (ص۲۴۰) قطعاً باطل اور سراسر مردود ہے۔ یہ کہاں لکھا ہوا ہے کہ بخاری اور مسلم کی اُن روایتوں میں تدلیس مضر ہے جن پر تنقید ہوئی ہو۔۔۔ حوالہ درکار ہے مطلب انکے نزدیک یہ ہوا کہ بخاری

---

[1] مثلاً بخاریؒ جلد ۱ ص۱۰/۱، ص۸۳/۱، ص۳۲۵/۱، ص۳۹۱/۱، ص۷۶۶/۲، ص۷۹۰/۲، ص۷۹۱/۲، ص۷۹۳/۲، ص۸۱۳/۲، ص۸۳۵/۲۔

[2] مثلاً مسلم جلد ۱ ص۱۹۰، ص۱۹۲/۱، ص۱۹۳/۱، ص۲۵۵/۱، ص۲۵۷/۱، ص۲۳۶/۱، ص۲۳۷/۱، ص۲۴۹/۱، ص۳۶۰/۱ وغیرہ وغیرہ۔

مسلم کی سب روایتیں صحیح نہیں کیونکہ انکی بعض روایتوں پر تنقید ہو چکی ہے تو پھر پرویز صاحب اور مودودی صاحب کا کیا قصور ہے؟ وہ بھی تو یہی کہتے ہیں کہ بخاری و مسلم کی سب روایتیں صحیح نہیں ہیں اور یہی فریقِ ثانی کے شیخ الحدیث صاحب کہہ رہے ہیں مگر کسی غیر مقلد کو اس پر واویلا مچانے کی توفیق نہیں ہوئی۔ آخر کیوں؟ اگر انکی رائے کے مطابق کوئی اور بھی صحیحین کی بعض روایتوں پر تنقید کرے تو انکو چیں بجبیں نہیں ہونا چاہیے۔ بلاشک حافظ ابنِ حجر رحمہ اللہ تعالیٰ نے طبقات المدلسین میں قتادہ رح کو تیسرے طبقہ کا مدلس کہا ہے مگر آخر میں اس سے رجوع کر لیا ہے۔

چنانچہ قاضی شوکانیؒ حافظ ابن حجر عسقلانی رح کے حوالہ سے لکھتے ہیں:

ونقل عنه انه قال لست راضياً عن شيء من تصانيفي لانها عملتها في ابتداء الامر ثم لم يتهيأ لي من يحررها معي سوى شرح البخاري ومقدمته والمشتبه والتهذيب ولسان الميزان وروي عنه في موضع آخر انه اثنى على شرح البخاري والتعليق والنخبة ... اھ (البدر الطالع ص۹۰ ج۱ طبع اول ۱۳۴۸ھ)

حافظ ابن حجرؒ سے نقل کیا گیا ہے کہ انھوں نے فرمایا کہ میں اپنی کسی تصنیف پر راضی نہیں ہوں کیونکہ وہ میں نے ابتدائی دور میں لکھی ہیں اور تحریر کرنیوالا رفیق بھی مجھے میسر نہ ہو سکا (اس لیے ان تصانیف میں سقم رہ گیا ہے) ہاں فتح الباری اس کا مقدمہ مشتبہ تہذیب اور لسان المیزان پر میں خوش ہوں اور ان سے دوسری جگہ مروی ہے کہ انھوں نے فتح الباری، تعلیق اور نخبہ کی بڑی تعریف کی ہے

اس سے معلوم ہوا کہ حافظ موصوف بغیر ان چند کتابوں کے جن میں فتح الباری بھی ہے اپنی اور کسی تصنیف پر نہ راضی ہیں اور نہ اعتماد کرتے ہیں کیونکہ زندگی کے ابتدائی دور میں وہ کتابیں لکھی ہیں جن میں علم و عقل خام ہوتے ہیں اور قابلِ اعتماد رفیق بھی ان کو نصیب نہیں ہو سکا۔ تاکہ اس کی امداد شامل ہو جاتی اور ان کی ابتدائی کتابوں میں طبقات المدلسین بھی ہے۔ بخلاف اس کے فتح الباری اور دیگر چند کتابوں پر جن کے نام اوپر بیان ہو چکے ہیں وہ بڑے راضی ہیں اور فتح الباری (مثلاً جلد ۱۲ ص ۲۰۲ وغیرہ) میں قتادہؒ کی معنعن روایت کو صحیح کہہ رہے ہیں۔ لہٰذا انھوں نے اپنے سابق نظریہ سے رجوع کر لیا ہے۔ اور مؤلف خیر الکلام ص ۲۰۶ میں ایک مقام پر لکھتے ہیں کہ اس کی سند میں قتادہؒ ہے جو تیسرے طبقہ کے مدلسین سے ہے اور یہاں عن کے ساتھ روایت کرتا ہے مگر بعض علماء نے اس حدیث کو صحیح قرار دیا ہے ..... الخ مؤلف مذکور نے اس روایت

سے استدلال کیا ہے اور اس کی صحت پر کوئی کلام نہیں کیا کیوں؟ اس لیے کہ ؎

آخر کو ہم دونوں در جاناں پہ جا ملے

وثانیاً — حضرات محدثین عظام رح کے ضابطہ پر تو مؤلف خیر الکلام مطمئن نہیں ہیں اور سلیمان شاذکونی کی لاتوں کا سہارا تلاش کرتے ہیں اور یہ بتانے کی زحمت ہی گوارا نہیں کرتے کہ وہ کون ہے؟ امام بخاریؒ فرماتے ہیں کہ فیہ نظر، ابن معینؒ نے اس کو حدیث میں جھوٹا کہا۔ ابو حاتم رح اس کو متروک الحدیث اور نسائیؒ لیس بثقہ کہتے ہیں اور صالح جزرہؒ فرماتے ہیں کان یکذب فی الحدیث کہ حدیث میں جھوٹ کہتا تھا اور امام احمدؒ فرماتے ہیں کہ وہ شراب پیتا اور بیہودہ حرکتوں میں آلودہ تھا اور نیز فرمایا کہ دیب دمیک میں شاذکونی سے بڑا جھوٹا اور کوئی داخل نہیں ہوا۔ بغویؒ فرماتے ہیں کہ رماہ الائمۃ بالکذب ائمہ حدیث نے اس کو جھوٹ سے متہم کیا ہے اور امام یحییٰ بن معینؒ فرماتے ہیں کہ کان یضع الحدیث کہ وہ جعلی روایتیں بنایا کرتا تھا۔ امام ابو احمد الحاکمؒ اس کو متروک الحدیث اور امام ابن مہدیؒ اس کو خائب اور نامراد کہتے تھے۔ امام عبدالرزاقؒ نے اس کو عدو اللہ، کذاب اور خبیث کہا اور صالح جزرہؒ کہتے ہیں کہ آناً فاناً سندیں گھڑ لیتا تھا اور صالح بن محمدؒ نے یہ بھی فرمایا کہ وہ کذاب اور لونڈے بازی سے متہم تھا۔ (محصلہ لسان المیزان جلد ۳ ص ۸۴ تا ۸۷) یہ ہے مؤلف خیر الکلام کا وکیل لا حول ولا قوۃ الا باللہ امام بخاریؒ نے شعبہؒ کے طریق کے علاوہ بھی بغیر تحدیث اور سوائے متابعت کے قتادہؒ کی بہت سی روایتیں لی ہیں۔ مثلاً جلد ۱ ص ۴۷، ص ۱۰۸، ص ۸۲، ص ۱۳۸، ص ۱۴۰، ص ۱۵۲، ص ۱۷۴، ص ۱۸۸، ص ۲۵۷، ص ۲۷۸، ص ۳۲۵، ص ۳۳۰، ۳۴۱، ۳۴۳، ۳۸۳، ۳۸۵، ۴۰۱، ۴۱۴، ۴۸۱، ۴۸۴ وغیرہ وغیرہ۔ کیا ان تمام روایتوں کو ضعیف سمجھا جائے؟ مؤلف خیر الکلام ہوش میں آکر جواب دیں۔ نری لفاظی بیکار ہے۔

وثالثاً — امام دارقطنیؒ ایک سند اس طرح نقل کرتے ہیں: عن قتادۃ عن ابی غلاب عن حطان بن عبد اللہ الرقاشی ... الخ اور آخر میں لکھتے ہیں کہ وھذا اسناد متصل حسن (جلد ۱ ص ۱۳۴) یہاں قتادہؒ عن سے روایت کرتے ہیں لیکن امام دارقطنیؒ اس کو متصل اور حسن کہتے ہیں۔

لطیفہ : اس حدیث میں سلیمان تیمیؒ وحدہ لا شریک لہ کی زیادت نقل کرنے میں منفرد ہیں اور امام دارقطنیؒ فرماتے ہیں کہ خالفہ ھشام وسعید وابان وابو عوانۃ وغیرھم عن قتادۃ ... اھ کہ یہ سب راوی سلیمانؒ تیمی کی مخالفت ہیں۔ بایں ہمہ یہ روایت نہ معلل ہے اور نہ شاذ بلکہ متصل اور حسن ہے مگر افسوس کہ یہی سلیمان تیمیؒ جب واذا قرأ فانصتوا کی زیادت نقل کریں اور ان کے ثقہ متابع بھی موجود ہوں تو روایت فوراً شاذ ہو جائے آخر کیوں؟

وثالثاً — تحدیث کبھی یوں ہوتی ہے کہ خود راوی کہتا ہے حدثنی فلاں یا سمعت فلاناً یا اسی قسم کے اور الفاظ استعمال کرتا ہے اور کبھی لفظ عن ہوتا ہے لیکن اوپر کا راوی حدثہ یا یحدثہ کہتا ہے یہ بھی تحدیث ہی ہوتی ہے اور واذا قرأ فانصتوا کی روایت میں قتادہؒ کی تحدیث موجود ہے لہٰذا ان کو مدلس کہہ کر ان کی روایت کو رد کرنا قطعاً باطل اور یقیناً مردود ہے۔ چنانچہ ابو داؤد اور ابو عوانہ میں یوں ہے کہ

المعتمرؒ قال سمعت ابی ثنا قتادۃ عن ابی غلاب یحدثہ عن حطان بن عبد اللّٰہ الرقاشی ... اھ (ابو داؤد جلد ۱ ص ۱۴۰، ابو عوانہ ج ۲ ص ۱۳۳)	معتمرؒ کہتے ہیں کہ میں نے اپنے باپ (سلیمان تیمیؒ) سے سنا وہ فرماتے ہیں کہ ہم سے قتادہؒ نے بیان کیا وہ ابو غلاب سے روایت کرتے ہیں انھوں نے قتادہؒ سے بطریق حطانؒ بن عبد اللّٰہ الرقاشیؒ حدیث بیان کی۔

اس سے معلوم ہوا کہ ابو غلابؒ نے قتادہؒ سے حدیث بیان کی ہے۔ تحدیث اور کیا ہوتی ہے؟ اور مولانا خلیل احمد صاحب سہارنپوریؒ اس کی شرح میں لکھتے ہیں:

یحدثہ ای یحدث ابو غلاب قتادۃ عن حطان بن عبد اللّٰہ الرقاشی ... اھ (بذل المجهود جلد ۲ ص ۱۰۱)	یعنی ابو غلابؒ نے قتادہؒ سے حطانؒ بن عبد اللّٰہ الرقاشی رحمہ کے طریق سے حدیث بیان کی ہے۔

اس لیے قتادہؒ کی تدلیس کا بہانہ بھی سراسر باطل ہے کیونکہ اس روایت میں تحدیث موجود ہے صرف غیر بالغ نظر لوگوں نے لفظ عن سے دھوکا کھایا اور دیا ہے۔ امام نوویؒ

لکھتے ہیں کہ

وکذا قال وحدّث وذکر وشبہہا فکلہ محمول علی الاتصال والسماع۔ (شرح مسلم جلد ا ص ۲۱)

اور اسی طرح لفظ قال اور حدّث اور ذکر اور ان کی مانند اور الفاظ اتصال اور سماع پر محمول ہیں۔

لہٰذا اصول حدیث کے رُو سے قتادہؒ کی یہ روایت متصل اور صحیح ہے باقی خو کے بدرا بہانہ ہائے بسیار مؤرخ اسلام علامہ عبدالرحمٰن بن خلدونؒ (المتوفی ۸۰۸ھ) بخاری اور مسلم کی صحت اور مزیّت پر بحث کرتے ہوئے لکھتے ہیں کہ

ومن اجل ھذا قیل فی الصحیحین بالاجماع علی قبولھما من جھۃ الاجماع علی صحۃ ما فیھما من الشروط المتفق علیھا فلا تاخذک ریبۃ فی ذلک فالقوم احق الناس بالظن الجمیل بھم۔

اور اسی واسطے کہا گیا کہ بخاری اور مسلم کی روایات کے قبول کرنے پر اجماع ہے اس لیے کہ جو صحت کی متفق علیہا شرطیں ان میں موجود ہیں ان پر اجماع ہو چکا ہے لہٰذا اس بارے میں ذرہ بھر شک نہ کر کیونکہ وہ حضرات تمام لوگوں میں ظنِ جمیل کے زیادہ مستحق ہیں

اور صحیح مسلم کے بارے میں لکھتے ہیں کہ

ثم جاء الامام مسلم بن الحجاج القشیری رحمہ اللہ تعالیٰ فالّف مسندہ الصحیح حذا فیہ حذو البخاری فی نقل المجمع علیہ .... اھ (مقدمۃ ص ٤٤٠)

پھر امام مسلمؒ بن الحجاج القشیریؒ آئے اور انھوں نے اپنا مسند صحیح تالیف کیا جس میں وہ امام بخاریؒ کے نقش قدم پر چلتے رہے اور مجمع علیہا روایتیں نقل کرتے رہے۔

اور حضرت شاہ ولی اللہ صاحبؒ فرماتے ہیں کہ

ولکن الشیخان لا یذکران الا حدیثاً قد تناظر فیہ مشائخھما واجمعوا علی القول بہ والتصحیح لہ اھ (حجۃ اللہ البالغۃ ج ۱ ص ۱۳۴)

اور لیکن امام بخاریؒ اور امام مسلمؒ صرف وہی حدیث ذکر کرتے ہیں جس میں انھوں نے اپنے اساتذہ سے بحث و مناظرہ کیا ہوتا ہے اور جس کے بیان کرنے اور تصحیح پر ان سب کا اجماع ہو چکا ہے

اور علامہ حسین بن محسنؒ لکھتے ہیں کہ

وقد حصل الاتفاق على الحکم بصحۃ ما فی الصحیحین غیر المستثنٰی ...۱ھ

بے شک اس بات پر اتفاق حاصل ہو چکا ہے کہ بخاری اور مسلم میں تمام روایتیں بغیر استثناء کے صحیح ہیں۔

(البیان المکمل ص ۲)

حضرات محدثین کرامؒ کا یہ فیصلہ ہے لیکن غیر مقلدین حضرات کے شیخ الحدیث صاحب بخاریؒ اور مسلمؒ کی صحیح روایات کو بھی مودودی صاحب اور پرویز صاحب کی طرح تنقید کا نشانہ بنا رہے ہیں۔

فوا اسفاہ ——— ترجمان الحدیث ماہ نومبر ۱۹۷۴ء صفحہ ۳۲ میں جو بات ہمارے حق میں لکھی ہے وہ خود ان حضرات پر سو فیصد فٹ ہے۔ وہ لکھتے ہیں کہ

"ہم ناظرین کرام سے ایمان اور دیانت داری کا واسطہ دیکر پوچھتے ہیں کہ اگر محدثین اور رواۃ حدیث کے متعلق یہ رائے صحیح ہے جس کا اظہار یہ حضرات کر رہے ہیں تو از راہ انصاف بتلایا جائے کہ کیا محدثین کی امانت و دیانت محفوظ رہی ہ منکرین حدیث نے آخر کونسا تیر مارا جس کے زخموں سے ہم پریشان ہیں؟"

چوتھا اعتراض۔ مبارکپوری صاحب (وغیرہ) لکھتے ہیں کہ واذا قرأ فانصتوا کی زیادت کو امام بخاریؒ، ابوداؤدؒ، ابوحاتمؒ، ابن معینؒ، حاکمؒ، دارقطنیؒ، ابن خزیمہؒ، ذہلیؒ، ابو علی نیشاپوریؒ اور امام بیہقیؒ وغیرہ تسلیم نہیں کرتے۔ اس لیے یہ زیادت صحیح نہیں ہو سکتی۔ (تحقیق الکلام جلد ۲ ص ۸۳)

جواب۔ ان حضرات کا اس زیادت کو صحیح نہ تسلیم نہ کرنا اس بات پر مبنی تھا کہ اس زیادت کے بیان کرنے میں سلیمان تیمیؒ متفرد ہیں، نیز قتادہؒ کی طرح وہ مدلس بھی ہیں اور ان باتوں کے تسلی بخش اور مسکت جوابات آپ ملاحظہ فرما چکے ہیں۔ لہٰذا اس زیادت کے صحیح ہونے میں کوئی کلام نہیں ہو سکتا۔ اور مبارکپوری صاحبؒ اور ان کے اتباع مردم شماری کے لحاظ سے حق و باطل، صحیح و غلط میں تمیز قائم رکھنا ضروری سمجھتے ہیں تو وہ بھی سن لیں:

حضرت ابو موسٰی الاشعری رضی اللہ تعالیٰ عنہ کی حدیث میں واذا قرأ فانصتوا کی زیادت کو صحیح سمجھنے والے یہ حضرات ہیں:

۱۔ امام احمدؒ بن حنبلؒ (مسند احمد ۲ ص ۴۲۰، تعلیق الحسن جلد ۲ ص ۸۷، فتح الملہم جلد ۲ ص ۲۲)

۲۔ امام مسلمؒ (صحیح مسلم جلد ۱ ص ۱۷۴، درایہ ص ۹۴)

۳- امام نسائیؒ (بحوالہ فتح الملہم جلد ۲ ص ۲۲)

۴- امام ابن جریرؒ (تفسیر جلد ۹ ص ۱۱)

۵- علامہ ابن حزمؒ (بحوالہ فتح الملہم جلد ۲ ص ۲۲)

۶- امام منذریؒ (عون المعبود جلد ۱ ص ۲۳۵
تعلیق المغنی جلد ۱ ص ۳۴۲ ، تحقیق الکلام ۲
ص ۸ ، نفحۃ العنبر ۷۹)

۷- حافظ ابن کثیرؒ (تفسیر جلد ۱ ص ۲۸۰)

۸- امام اسحاقؒ بن راہویہؒ (جوہر النقی جلد ۲ ص ۱۵۶
تنوع العبادات ص ۸۶)

۹- امام ابوبکرؒ بن اثرمؒ (فتح الملہم جلد ۲ ص ۲۲)

۱۰- حافظ ابن حجرؒ (فتح الباری جلد ۲ ص ۲۰۱)

۱۱- امام ابو زرعہ رازیؒ (مقدمہ فتح الباری ص ۳۴۵
قسطلانی و تدریب الراوی ص ۳۶ و مقدمہ مسلم
ص ۱۳ و ازالۃ الستر ص ۵۲)

۱۲- امام موفق الدینؒ ابن قدامہؒ (مغنی جلد ۱ ص ۹)

۱۳- امام شمس الدینؒ ابن قدامہؒ (شرح مقنع للکبیر
جلد ۲ ص ۱۱

۱۴- امام ابن خزیمہؒ (برہان العجائب ص ۱۰۴ ،
نفحۃ العنبر ص ۷۹ -

۱۵- امام ابو عمرؒ بن عبد البرؒ (نفحۃ العنبر ص ۷۹)

۱۶- شیخ الاسلام ابن تیمیہؒ (فتاوٰی جلد ص ۴۱۲
و تنوع العبادات ص ۸۶)

۱۷- امام ابو عوانہ (کیونکہ باقرار مبارکپوری صاحبؒ
انھوں نے اپنے صحیح میں صحت کا التزام کیا
ہے اور حضرت ابو موسٰی الاشعریؓ کی روایت
متعدد اسانید سے انھوں نے صحیح میں
درج کی ہے -

۱۸- نواب صدیق حسن خاں صاحبؒ
(عون الباری جلد ۱ ص ۳۲۴)

۱۹- علامہ ماردینیؒ (الجوہر النقی جلد ۱ ص ۱۵۶)

۲۰- علامہ عینیؒ (عمدۃ القاری جلد ۳
ص ۵۶)

۲۱- امام ابن معینؒ [1]

---

[1] امام مسلمؒ سے ایک سائل نے دریافت کیا کہ آپ نے اپنے صحیح میں حضرت ابو ہریرہؓ کی روایت کی سند کیوں بیان نہیں کی جب کہ وہ بھی آپ کے نزدیک صحیح ہے تو امام موصوف نے جواب ارشاد فرمایا کہ

ليس كل شيء عندي صحيح وضعته هاهنا انما وضعت هاهنا ما اجمعوا عليه - (مسلم جلد ۱ ص ۱۷۴)

میں نے ہر اس حدیث کو جو میرے نزدیک صحیح ہے اپنے صحیح میں درج کرنے کا التزام نہیں کیا بلکہ میں نے تو صرف وہ روایتیں درج کی ہیں جن پر محدثین کا اجماع واقع ہوا ہے -

(بقیہ حاشیہ اگلے صفحہ پر دیکھئے)

۲۲- امام عثمانؒ بن ابی شیبہؒ ۲۳- امام علیؒ بن المدینی رح

۲۴- امام سعید بن منصور خراسانی رح ۲۵- امام ابن صلاحؒ وغیرہ وغیرہ محدثینؒ و فقہاءؒ اس حدیث کی تصحیح کرتے ہیں۔ جب سو فیصدی حنفی و مالکی اور حنبلی اس حدیث کو صحیح سمجھتے ہیں اور جب شوافع اور غیر مقلدین حضرات کا ذمہ دار منصف مزاج اور معتد بہ گروہ واذا قرأ فانصتوا کی زیادت کو صحیح سمجھتا ہے تو اس کے صحیح ہونے میں کیا شک ہے؟ اور یہ بھی طے شدہ قاعدہ ہے کہ اثبات[1] نفی پر مقدم ہوتا ہے۔ تو پھر نہ معلوم اس زیادت کی صحت کا انکار کیسے ہو سکتا ہے؟ اگر محض مردم شماری سے مبارک پوری صاحبؒ میدان جیتنا چاہتے ہیں تو اس میں بھی ان کی شکست یقینی ہے۔ رہا مبارکپوری صاحبؒ کا امام ابن خزیمہؒ کو اس زیادت کی صحت کے منکرین میں شمار کرنا تو یہ باطل ہے۔ کیونکہ برہان العجائب کے حوالہ سے نقل کیا جا چکا ہے کہ امام

(بقیہ حاشیہ پچھلا صفحہ) حافظ ابن صلاحؒ نے مقدمہ صفحہ ۹ میں اور امام سیوطیؒ نے تدریب الراوی صفحہ ۴۲ میں اور علامہ جزائریؒ نے توجیہ النظر ص ۲۴۰ میں اس کی تصریح کی ہے کہ امام مسلمؒ کی مراد ما اجمعوا علیہ کے جملہ سے یہ محدث ہیں۔ امام احمدؒ بن حنبلؒ، امام یحییٰؒ بن معینؒ، امام عثمانؒ بن ابی شیبہؒ، امام سعیدؒ بن منصورؒ خراسانی اور حافظ ابن حجرؒ ان میں امام علیؒ بن المدینیؒ کا ذکر بھی کرتے ہیں۔ (مقدمہ فتح الباری ص۲۰۳) اور امام ابن صلاحؒ فرماتے ہیں کہ جس حدیث کو امام مسلم اپنے صحیح میں صحیح سمجھتے ہیں اس کا صحیح ہونا نفس الامر میں یقینی ہے۔ (غایتہ المامول جلد ۱ ص ۶) اس لحاظ سے گویا یہ تمام ائمہ حدیث حضرت ابو موسیٰ الاشعریؓ کی اس زیادت والی روایت کو صحیح تسلیم کرتے ہیں۔

[1] اثبات کا نفی پر مقدم ہونا محدثین کا طے شدہ مسئلہ ہے۔ امام نوویؒ لکھتے ہیں کہ اثبات کو نفی پر ترجیح ہوتی ہے۔ (شرح مسلم جلد ۲ صفحہ ۵۰) حافظ ابن حجرؒ لکھتے ہیں کہ المثبت اولیٰ من النافی۔ (شرح نخبۃ الفکر ص۹۴) امام بیہقیؒ لکھتے ہیں کہ المثبت اولیٰ من النافی (سنن الکبریٰ جلد ۱ ص۲۰۶) امیر یمانیؒ لکھتے ہیں: والاثبات مقدم (سبل السلام جلد ۱ ص ۲۴۲) نواب صاحبؒ لکھتے ہیں کہ اثبات مقدم است بر نفی (بدور الاہلہ ص ۳۷۹) مبارکپوری صاحبؒ لکھتے ہیں کہ من اثبت مقدم علیٰ من نفی۔ (تحفۃ الاحوذی جلد ۱ ص ۱۹۱) مؤلف خیر الکلام کا یہ کہنا کہ یہاں جرح ہی اثبات ہے۔ تصحیح اثبات نہیں ہے کیونکہ تصحیح ظاہر سند کے اعتبار سے ہے۔ اور (حاشیہ اگلے صفحہ پر دیکھئے)

موصوفؒ اس زیادت کو صحیح تسلیم کرتے ہیں۔ اسی طرح امام ابن معینؒ کو بھی منکرین صحت میں شمار کرنا غلط ہے۔ کیونکہ نقل کیا جا چکا ہے کہ وہ مسلم کی تمام مسند روایتوں کو صحیح سمجھتے تھے جن میں حضرت ابوموسیٰ الاشعری رضی اللہ تعالیٰ عنہ کی واذا قرأ فانصتوا کی زیادت والی روایت بھی شامل ہے۔ علاوہ بریں امام ابن معینؒ اور امام ابوحاتمؒ نے حضرت ابوموسیٰ الاشعری رضی اللہ تعالیٰ عنہ کی روایت میں واذا قرأ فانصتوا کی زیادت پر کلام نہیں کیا بلکہ انھوں نے حضرت ابوہریرہ رضی اللہ تعالیٰ عنہ کی روایت میں اس زیادت پر کلام کیا ہے، جس کا ذکر عنقریب ہوگا۔ (دیکھیے کتاب العلل ابن ابی حاتم جلد ا ص ۱۶۴ و سنن الکبریٰ جلد ۲ ص ۱۵۹ وبغیۃ الالمعی جلد ۲ ص ۱۷) اس لیے حضرت ابوموسیٰ الاشعری رضی اللہ تعالیٰ عنہ کی روایت میں اس زیادت کے انکار کرنے والوں میں ان کا شمار کرنا جہالت اور غفلت پر مبنی ہے۔

دونوں کی دنیا میں بھی دیکھ لیجیے کہ اس زیادت کے صحیح تسلیم کرنے والے زیادہ ہیں یا اس کے غلط قرار دینے والے: ع —— چلی تھی برچھی کسی پر کسی کے آن لگی

پانچواں اعتراض

امام نوویؒ لکھتے ہیں کہ امام بیہقیؒ اور حافظ ابوعلیؒ لکھتے ہیں کہ حضرت قتادہؒ کے جملہ تلامذہ میں سے سلیمان تیمیؒ واذا قرأ فانصتوا کی زیادت کو نقل کرنے میں متفرد ہیں اور ائمہ حفاظ کی تضعیف

(بقیہ حاشیہ پچھلا صفحہ) تضعیف شذوذ پر مطلع ہونے کی بنا پر لیس جرح ہی اثبات ہے۔ (ص ۲۱۲) محض جی بہلانے کا ایک بہانہ جدید ایک نیا بہانہ ہے، اس شعبدہ بازی سے اثبات کو نفی اور نفی کو اثبات بنا دینا کون تسلیم کرتا ہے؟ تصحیح صرف ظاہر سند کے لحاظ نہیں بلکہ ٹھوس اصول کے اعتبار سے ہے اور جرح کا مفہوم یہاں یہ ہے کہ روایت صحیح نہیں اور نفی کیا ہوتی ہے؟

[۱] برہان العجائب مولانا محمد بشیر سہسوانیؒ (المتوفی ۱۳۲۶ھ ۱۹۰۸ء) غیر مقلد کی تالیف ہے۔

[۲] امام مسلم کی ایک عبارت ملاحظہ کیجیے جس سے امام بیہقیؒ نے اصل مضمون کا حلیہ بگاڑ دیا ہے:

وفی حدیث جریرؒ عن سلیمان التیمیؒ عن قتادۃؒ من الزیادۃ واذا قرأ فانصتوا ولیس فی حدیث احد منھم فان اللہ عزوجل	جریرؒ سلیمان تیمیؒ کے طریق سے قتادہؒ سے روایت کرتے ہیں اور اس میں واذا قرأ فانصتوا کی زیادت بھی موجود ہے اور کسی کی روایت میں یہ مضمون نہیں ہے

(باقی حاشیہ اگلے صفحہ پر)

امام مسلم رحمۃ اللہ علیہ کی تصحیح پر مقدم ہے۔

(بقیہ حاشیہ پچھلا صفحہ) قال علی لسان نبیّہ صلی اللہ علیہ وسلم سمع اللہ لمن حمدہ اذ فی روایۃ ابی کامل وحدہ عن ابی عوانۃ (مسلم جلد ص ۱۷۴) کہ اللہ تعالیٰ نے اپنے نبی علیہ السلام کی زبان پر سمع اللہ لمن حمدہ کا حکم دیا ہے مگر یہ مضمون صرف ابو کاملؒ کی روایت میں ہے جس کو وہ ابو عوانہؒ سے روایت کرتے ہیں۔

اس عبارت کو آپ اچھی طرح دیکھ لیں اور پھر امام بیہقی رح کے اس ادعاء کی داد دیں۔ وہ لکھتے ہیں کہ واذا قرأ فانصتوا لیس فی حدیث احد منھم (کتاب القرأۃ ص ۸۷) واذا قرأ فانصتوا کی زیادت ان میں سے کسی کی روایت میں نہیں ہے۔ امام مسلمؒ کے قول ولیس فی حدیث احد منھم کا تعلق ماقبل واذا قرأ فانصتوا سے نہیں ہے بلکہ اس کا تعلق مابعد فان اللہ قال علی لسان نبیّہ کے ساتھ ہے۔ اور یہ مضمون صرف ابو کاملؒ کی روایت میں ہے اور کسی نے اس کو نقل نہیں کیا۔ مگر امام بیہقی رح ولیس فی حدیث احد منھم کا تعلق ماقبل واذا قرأ فانصتوا کے ساتھ جوڑ کر خود غلط فہمی کا شکار ہوئے ہیں اور دوسروں کو مغالطہ دے رہے ہیں فسامحہ اللہ تعالیٰ بعموم فضلہ والعصمۃ بید اللہ تعالیٰ۔

امام بیہقی رح ایک مقام پر تحریر کرتے ہیں کہ بعض علماء نے آیت کی تفسیر میں زیدؒ بن اسلمؒ کا قول نقل کیا ہے لیکن اس نے پوری عبارت نقل نہیں کی اور اس کا یہی وتیرہ ہے کہ عبارات میں سے وہ صرف اس حصہ کو نقل کر دیتا ہے جو اس کے مفید مطلب ہو سکتا ہے اور باقی عبارت چھوڑ دیتا ہے تاکہ دیکھنے والا غلط فہمی میں مبتلا ہو جائے کہ یہ ناقل کی دلیل ہے اور وہ اپنے دل میں یہ نہیں سوچتا کہ علیم بذات الصدور اس کے اس فعل سے واقف ہے اور بسا اوقات اس کی کتاب کو پڑھنے والا اس کی تلبیس پر مطلع ہو جاتا ہے۔ اللہ تعالیٰ اپنے فضل و کرم کے ساتھ ایسی مغالطہ آفرینی سے محفوظ رکھے۔ (کتاب القرأۃ ص ۱۴۴) مگر امام بیہقی رح دوسروں کی شکایت کرتے کرتے خود اس کے مرتکب ہو گئے ہیں۔ والمعصوم من عصمہ اللہ تعالیٰ۔

آپ ہی خود اپنے جور و جفا کو دیکھیں
ہم اگر عرض کریں گے تو شکایت ہو گی۔

مؤلف خیر الکلام نے ص ۲۸۷ میں غلط فہمی کے عنوان سے یہ بے مغز بات کہی ہے کہ امام بیہقی رح کی غلطی نہیں معترض کی غلطی ہے اور پھر آگے لکھا ہے کہ اور یہ بھی ہو سکتا ہے کہ کچھ عبارت امام مسلمؒ کی ہو اور کچھ امام بیہقیؒ نے اپنی طرف سے کہہ دی ہو۔ (محصلہ) مؤلف مذکور کو معلوم ہونا چاہیئے کہ ادھر اُدھر کی باتیں حقیقت پر پردہ نہیں ڈال

(بقیہ حاشیہ اگلے صفحہ پر)

وانوسیماو لم یروھا مسندۃ فی صحیحہ (نووی شرح مسلم جلد ۱ صفحہ ۱۷۴) خصوصاً جب کہ اس روایت کو امام مسلمؒ نے اپنے صحیح میں باسند پیش بھی نہیں کیا۔ اس سے معلوم ہوا کہ یہ روایت مسلم کی مسند روایتوں میں شامل نہیں ہے۔

جواب :۔ یہ بات جانے دیجیئے کہ اس زیادت کے نقل کرنے میں سلیمان تیمیؒ متفرد ہیں یا کوئی اور بھی اس کو بیان کرتا ہے؟ اور یہ بات بھی جانے دیجئے کہ حفاظ حدیث اس کی تصحیح پر متفق ہیں یا تضعیف پر؟ دیکھنا یہ ہے کہ کیا یہ حدیث جو حضرت ابوموسٰی الاشعریؓ رضی اللہ تعالیٰ عنہ سے مروی ہے اور جس میں واذا قرأ فانصتوا کی زیادت ہے۔ امام مسلمؒ کی مسند روایتوں میں ہے یا غیر مسند میں؟ امام نوویؒ کا یہ خیال کہ یہ مسند نہیں باطل اور مردود ہے۔ حافظ ابن حجرؒ اور قاضی شوکانیؒ لکھتے ہیں کہ وھو حدیث صحیح اخرجہ مسلم من حدیث ابی موسٰی الاشعری رضی اللہ تعالیٰ عنہ (فتح الباری جلد ۲ ص ۱۹۲ و نیل الاوطار جلد ۲ ص ۱۰۷) حضرت ابوموسٰی الاشعری رضی اللہ تعالیٰ کی یہ روایت صحیح ہے اور امام مسلمؒ نے اس کی تخریج کی ہے۔ فریق ثانی اصول حدیث کی کتابوں کی طرف مراجعت کر کے دیکھ لے کہ محدثین کی اصطلاح میں تخریج کا کیا مطلب ہوتا ہے؟ اور کوئی محدث جب کسی سند کے ساتھ روایت بیان کرتا ہے اور اسی سند کے رواۃ میں سے کسی کی زیادت کو بیان کرتا ہے تو اس کی کیا حیثیت ہوتی ہے۔ مسند ہوتی ہے یا غیر مسند؟

علاوہ بریں اگر یہ تسلیم بھی کر لیا جائے کہ یہ روایت امام مسلمؒ نے باسند پیش نہیں کی تو کیا ابوعوانہؒ اور ابوداؤدؒ وغیرہ نے بھی اس کو مسند روایت نہیں کیا؟ اور کیا کسی حدیث کی تصحیح اس میں ہی منحصر ہے کہ امام مسلمؒ اسے باسند نقل کریں تو صحیح ہوگی ورنہ ضعیف ہوگی؟ الغرض حضرت ابوموسٰی الاشعریؓ رضی اللہ تعالیٰ عنہ کی روایت امام مسلمؒ کی مسند روایتوں میں شامل ہے۔ اور امام نوویؒ کا یہ کھلا قصور ہے کہ اس کو غیر مسند قرار دیتے ہیں۔ یہی وہ عبارت ہے جس سے مولانا ثناء اللہ صاحب مرحوم

(بقیہ حاشیہ پچھلا صفحہ) سکتیں۔ بفضلہ تعالیٰ عربی دان کثرت سے موجود ہیں کسی ثالث عربی دان سے دریافت کرلیں کہ غلطی امام بیہقیؒ کی ہے یا بقول مؤلف مذکور معترض کی خواہ مخواہ کا تعصب اور جرأت نہ بن سکتی ہو اس کو بھی بناڈالنا علماء کی شان کے خلاف ہے۔

امرتسری کو غلط فہمی ہوئی ۔ اور علیٰ رؤس الاشہاد ان کو شکست فاش ہوئی تھی ۔ اس زیادت کے صحیح ہونے میں ذرا برابر شک و شبہ نہیں ۔ البتہ ۔ ع

تیرا ہی جی نہ چاہے تو باتیں ہزار ہیں

چھٹا اعتراض :

حافظ ابن حجر رح امیر یمانی رح اور مبارکپوری صاحبؒ وغیرہ لکھتے ہیں ۔ کہ واذا قرأ فانصتوا کی زیادت صحیح ہے مگر اس سے مراد ما زاد علی الفاتحہ کی قرأت ہے ۔ یعنی جب امام اور تم (مقتدی) سورۃ فاتحہ کی قرأت سے فارغ ہو جاؤ تو امام قرأت کرے اور تم خاموش رہو کیونکہ واذا قرأ فانصتوا عام ہے اور حضرت عبادہ رضی اللہ تعالیٰ عنہ کی حدیث سورۃ فاتحہ کے ساتھ مخصوص ہے ۔ (تحفۃ الاحوذی جلد ۱ ص ۲۵۴ ، فتح الباری جلد ۲ ص ۱۹۲ ، سبل السلام جلد ۱ ص ۲۴۵)

جواب : ان حضرات کی یہ توجیہ اور تاویل قطعاً باطل ہے ۔ اس لیے کہ مسلم اور ابو عوانہ وغیرہ کے حوالہ سے صحیح روایت ان الفاظ کے ساتھ آں حضرت صلی اللہ تعالیٰ علیہ وآلہ وسلم سے نقل کی جا چکی ہے ۔

واذا قرأ فانصتوا واذا قال غیر المغضوب علیہم ولا الضالین ۔ فقولوا ۔ آمین

کہ جب امام قرأت کرے تو تم خاموش رہو اور جب امام غیر المغضوب علیہم ولا الضالین کہے تو تم آمین کہو ۔

یہ عقدہ تو فریق ثانی ہی حل کرے گا کہ غیر المغضوب علیہم ولا الضالین سے قبل وہ کون سی قرأت ہے جس میں امام کا فریضہ قرأۃ کرنا اور مقتدیوں کا وظیفہ خاموش رہنا بتلایا گیا ہے ؟ شاید ان کے نزدیک[1] اس اثنا میں سورۃ یٰسین کی قرأت سنت ہو جس کی امام قرأت کرتا رہے اور اس وقت مقتدی خاموش رہیں ؟ اس صحیح حدیث کو پیش نظر رکھ کر بخوبی یہ

---

[1] مؤلف خیر الکلام لفظ قرأت پر بحث کرتے ہوئے لکھتے ہیں کہ یہ اثر اگرچہ مطلق ہے مگر قرأت بالاجماع چونکہ فاتحہ سے شروع ہوتی ہے اس واسطے اس اثر سے فاتحہ خلف الامام کا پڑھنا ثابت ہوتا ہے ۔ (صفحہ ۵۲۱) اس اعتبار سے مقتدی کو سورۃ فاتحہ کی قرأۃ کے وقت اولاً و بالذات خاموش رہنا ضروری ہے کیونکہ بالاجماع قرأت یہاں ہی سے شروع ہوتی ہے ۔

اندازہ ہوسکتا ہے کہ یہ تاویل قطعی طور پر باطل اور مردود ہے کیونکہ واذا قرأ فانصتوا کے حکم میں مقتدیوں کے لیے سورۂ فاتحہ کی قرأت کی ممانعت اولاً اور بالذات ہے اور قرآن کریم کی بقیہ سورتوں کی ممانعت ثانیاً اور بالتبع ہے۔ فریق ثانی کے سطحی قسم کے لوگ عموماً یہ مطالبہ کیا کرتے ہیں کہ ہمیں ایسی صحیح روایت بتلاؤ جس میں سورۂ فاتحہ کی قرأت کی مقتدیوں کے لیے ممانعت آئی ہو۔ سو طلبۂ کرام کو مسلم اور ابوعوانہ کی یہ صحیح حدیث پیش نظر رکھنی چاہیے اور حدیث نمبر وغیرہ ملاحظہ کریں اور اگر بالفرض اس حدیث میں واذا قرأ فانصتوا کی زیادت نہ بھی[1] مذکور ہو تب بھی یہ روایت اس پر دلالت کرتی ہے کہ قرأت کرنا امام کا کام ہے نہ کہ مقتدیوں کا اس زیادت کے بغیر روایت کا مضمون یہ ہوگا۔ جب تم نماز پڑھنا چاہو تو اپنی صفیں درست کرلو۔ اور ایک تم میں سے امام بنے۔ جب امام تکبیر کہے تو تم بھی تکبیر کہو اور جب امام غیر المغضوب علیھم ولا الضالین پڑھے تو تم آمین کہو۔ اگر مقتدیوں پر بھی سورۂ فاتحہ کی قرأت لازم ہوتی تو اذا قال غیر المغضوب علیھم ولا الضالین کے بجائے اذا قلتم غیر المغضوب علیھم ولا الضالین۔ ہوتا جیسا کہ فقولوا آمین میں قولوا جمع کا صیغہ ہے حالانکہ غیر المغضوب علیھم ولا الضالین پڑھنے کی نسبت صرف امام کی طرف ہوتی ہے اور یہ اس امر کی بین دلیل ہے کہ سورۂ فاتحہ پڑھنا صرف امام کا کام ہے۔ مقتدیوں کا کام صرف خاموش رہنا اور انصات کرنا ہے۔ ہاں البتہ آمین کہنے میں مقتدی برابر کے شریک ہیں اور صحیح مسلم جلد اص ۱۷۶ کی ایک روایت میں اس طرح آتا ہے کہ اذا قال القاری غیر المغضوب علیھم ولا الضالین فقال من خلفہ آمین الحدیث کہ جب پڑھنے والا غیر المغضوب علیھم ولا الضالین کہے تو جو اس کے پیچھے ہیں وہ آمین کہیں اس روایت میں شارع نے امام کو قاری اور پڑھنے والا کہا ہے اگر سب کے لیے قرأۃ لازم ہوتی تو صرف امام ہی قاری نہ ہوتا۔ (الدلیل المبین ص ۲۸۹) رہا حضرت عبادہؓ کی روایت کا حوالہ دینا تو اپنے مقام پر آئے گا کہ قرأت سورۂ فاتحہ برائے مقتدی کی کوئی روایت صحیح نہیں ہے۔ لہٰذا اس صحیح روایت سے اس کا تعارض قائم کرنا اور پھر اس کی تاویل اور توجیہ کرنا انصاف سے بعید تر ہے۔ سہ

---

[1] یہ روایت بخاری جلد اص ۱۰۸، نسائی جلد اص ۱۳۲ اور طیالسی صفحہ ۳۳۶ وغیرہ میں بھی مذکور ہے۔

یہ کاوشیں بے سبب ہیں کیسی، کدورتوں کی کچھ انتہا بھی
زباں رکھتے ہیں ہم بھی آخر کبھی تو پوچھو، سوال کیا ہے؟

مؤلف خیر الکلام نے (ص ۴۲۳ و ص ۴۲۴ میں) یہ کہ کر جان چھڑانے کی ناکام کوشش کی ہے کہ معترض نے یہ سمجھا ہے کہ دونوں جملوں میں ترتیب ہے حالانکہ واو ترتیب کے لیے نہیں ہوتی جیسے مرزائی لفظ مُتَوَفِّيكَ وَرَافِعُكَ میں ترتیب ثابت کرنے میں غلطی کرتے ہیں اسی طرح معترض نے بھی غلطی کی ہے اور دارقطنی جلد ۱ ص ۱۲۵ میں فانصتوا کا جملہ ولا الضالین کے بعد ہے مگر سند میں محمد بن یونس ہے جو ضعیف ہے۔ حدیث اگرچہ ضعیف ہے مگر اس سے انصات کے محل کی تعیین ہوتی ہے (محصلہ) اور قاضی مقبول احمد صاحب نے الاعتصام ۲۶ اکتوبر ۱۹۶۲ء ص ۸ میں بزعم خویش قرآن و حدیث کی چند مثالیں دے کر آخر میں یہ کہا ہے کہ جب یہ ثابت ہو گیا کہ واو ہمیشہ ترتیب کے لیے نہیں ہوتی اور اس زیر بحث حدیث میں بھی ترتیب نہیں ہے تو مولانا موصوف کا طلبہ کو نصیحت کرنا محض طفل تسلی ہے اور اس فقرہ سے ما زاد علی الفاتحہ مراد لینے میں کوئی رکاوٹ نہیں۔ اھ

الجواب : یہ جو کچھ کہا گیا ہے بالکل بے جان ہے:

اوّلاً — اس لیے کہ اگرچہ جمہور نحاۃ وغیرہ اس کے قائل ہیں کہ حرف واو ترتیب کا فائدہ نہیں دیتا لیکن بعض اکابر ائمہ یہ فرماتے ہیں کہ اس میں ترتیب ہوتی ہے چنانچہ علم نحو کی مشہور کتاب مغنی اللبیب میں ہے کہ

وقول بعضهم ان معناها الجمع المطلق غير سديد لتقييد الجمع بقيد الاطلاق وانما هي للجمع لا بقيد وقول السيرافي ان النحويين واللغويين اجمعوا على انها لا تفيد الترتيب مردود بل قال بافادتها اياه قطرب والربعي والفراء وثعلب	اور بعض کا یہ کہنا کہ حرف واو کا معنی جمع مطلق ہے درست نہیں ہے کیونکہ جمع کے ساتھ اطلاق کی قید لگ گئی ہے حالانکہ یہ بغیر قید کے جمع کے لیے ہے اور سیرافی کا یہ کہنا کہ جملہ نحوی اور لغوی اس امر پر متفق ہیں کہ واو ترتیب کا فائدہ نہیں دیتی بالکل مردود ہے کیونکہ قطرب، ربعی، فراء

والبو عمرو الزاهد وهشام والشافعي ونقل الإمام في البرهان عن بعض الحنفية انها للمعية ... اھ (جلد ۲ ص ۳۱۰)

ثعلبؒ، ابوعمرو الزاہدؒ، ہشامؒ اور امام شافعیؒ فرماتے ہیں کہ ترتیب کا فائدہ دیتی ہے اور امام نے برہان میں بعض حنفیوں سے نقل کیا ہے کہ واو معیت کے لیے ہے۔

اور علامہ رضی لکھتے ہیں کہ

ونقل بعضهم عن الفراء والكسائي وثعلب والربعي وابن درستويه و به قال بعض الفقهاء انها للترتيب ... اھ (رضی جلد ۲ ص ۳۰۴)

بعض نے فراءؒ، کسائیؒ، ثعلبؒ، ربعیؒ اور درستویہؒ سے نقل کیا ہے اور اسی کے بعض فقہاء قائل ہیں کہ حرف واو ترتیب کے لیے ہے۔

امام نوویؒ فرماتے ہیں کہ بہت سے فقہاء شافعیہ اور بعض نحویوں[1] کا یہی مذہب ہے کہ حرف واو ترتیب کو چاہتا ہے (محصلہ شرح مسلم جلد ۱ ص ۱۳۲) اس سے معلوم ہوا کہ حرف واو کو ترتیب کے لیے ماننے والے بڑے بڑے ائمہ ہیں جن میں امام شافعیؒ وغیرہ بھی ہیں۔ لہٰذا معترض کو استدلال میں مرزائیوں سے تشبیہ دے کر اپنے دلِ ماؤف کی بھڑاس نکالنا اور حواریوں کو خوش کرنے کی بے جا سعی کرنا علمی دنیا میں اس کی کوئی وقعت نہیں۔

وثانیاً — جن حضرات نے یہ کہا ہے کہ حرف واو ترتیب کے لیے نہیں اس کا مطلب یہ ہے کہ ترتیب ضروری اور واجب نہیں یہ کب کہا ہے کہ ترتیب ناجائز اور حرام ہے؟ کسی سُنّی عالم نے حضرت عبداللہ بن عمرؓ کی یہ روایت پیش کی تھی کہ آں حضرت صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم بقید حیات تھے اور ہم یوں کہا کرتے تھے۔ ابوبکرؓ و عمرؓ و عثمانؓ۔ (ترمذی جلد ۲ ص ۲۱۲ و قال حسن صحیح) یعنی اس ترتیب سے ہم ان کا تذکرہ کیا کرتے تھے تو اس پر ایک رافضی بدحواس ہو کر بولا کہ حرف واو ترتیب کے لیے نہیں ہوتا سُنّی عالم بولا کہ ترتیب ناجائز اور حرام بھی تو نہیں ہے۔

وثالثاً — حدیث زیر بحث کے تین جملے ہیں: فاذا کبر فکبروا و اذا قرأ فانصتوا و اذا قال غیر المغضوب علیھم ولا الضالین فقولوا آمین تو مؤلف خیر الکلام وغیرہ

[1] اور ابن رشدؒ نے نحاۃ کوفیہ کا یہی مسلک نقل کیا ہے کہ واو میں ترتیب ہوتی ہے۔ (بدایۃ المجتہد ج ۱ ص ۱۰۱)

کے ذہن کے مطابق واذا قرأ فانصتوا اور واذا قال غیر المغضوب علیہم ..... الخ جو حرف واو کے ساتھ مذکور ہیں فاذا کبر فکبروا سے پہلے بھی ہو سکتے ہیں تو مطلب یہ ہوگا کہ امام کے تکبیر کہنے سے پہلے ہی تم خاموش رہا کرو اور غیر المغضوب ..... الخ پڑھا کرو اس لحاظ سے ماقبل التکبیر میں بھی انصات کی صورت نکل آئی جو فریق ثانی کو بڑی مفید رہے گی اور امام بھی تکبیر سے پہلے ہی غیر المغضوب علیہم ..... الخ پڑھ لیا کرے گا اور مقتدی بھی آمین کہ لیا کریں گے کیونکہ حرف واو ترتیب کو نہیں چاہتا اس طرح انشاء اللہ تعالیٰ سب مسئلے حل ہوجائیں گے۔

و رابعاً ۔۔ دارقطنی کی روایت کے متعلق خود مؤلف خیر الکلام نے ضعیف ہونے کا اقرار کیا ہے پھر اس سے تعیین محل کا سہارا بالکل بیکار ہے انتہائی تعجب ہے کہ صحیح ابو عوانہ اور صحیح مسلم کے ثقہ راویوں کی متابعت تو مؤلف کے نزدیک کالعدم ہے مگر محمد بن یونس (جس کے بارے میں مولانا شمس الحق صاحب غیر مقلد لکھتے ہیں کہ ھو ضعیف لا یحتج بہ (تعلیق المغنی جلد ۱ ص ۱۲۵) کی روایت سے تعیین محل انصات ضرور ہو سکتا ہے۔ سبحان اللہ تعالیٰ! آپ نے ملاحظہ کیا کہ فریق ثانی کس طرح بے جان اور بے وزن دلیلوں کا سہارا لیتا ہے۔

دوسری حدیث:

امام نسائی[1] فرماتے ہیں کہ ہم سے جارودؒ بن معاذ ترمذیؒ نے بیان کیا۔ وہ فرماتے ہیں کہ ہم سے ابو خالد الاحمرؒ[2] نے بیان کیا۔ وہ محمدؒ بن عجلانؒ[3] سے روایت کرتے ہیں اور وہ زیدؒ بن اسلمؒ[4]

---

[1] امام نسائیؒ (المتوفی ۳۰۳ھ) جن کی کتاب سنن نسائی صحاح ستہ میں تیسرے درجہ پر مانی جاتی ہے۔ علامہ ذہبیؒ ان کو الحافظ الامام اور شیخ الاسلام لکھتے ہیں (تذکرہ جلد ۲ ص ۲۴۱)

[2] امام نسائی رح ان کو ثقہ کہتے ہیں۔ ابن حبانؒ ان کو ثقات میں لکھتے ہیں اور کہتے ہیں کہ مستقیم الحدیث ہیں۔ (تہذیب التہذیب جلد ۱ ص ۵۳) حافظ ابن حجرؒ ان کو ثقہ کہتے ہیں۔ (تقریب ص ۶۴)

[3] امام وکیعؒ ابن معینؒ اور ابن مدینیؒ ان کو ثقہ کہتے ہیں۔ امام نسائیؒ لا باس بہ اور ابو ہشام رفاعیؒ ثقہ اور امین کہتے ہیں۔ ابو حاتمؒ ان کو صدوق کہتے ہیں۔ ابن سعدؒ ان کو ثقہ اور کثیر الحدیث کہتے ہیں عجلیؒ کا بیان ہے کہ وہ ثقہ اور ثبت تھے۔ (بغدادی جلد ۹ ص ۲۲ و تہذیب التہذیب جلد ۹ ص ۱۸۱) علامہ

(باقی اگلے صفحہ پر)

سے روایت کرتے ہیں اور وہ ابو صالحؒ سے اور وہ حضرت ابو ہریرہؓ سے روایت کرتے ہیں وہ فرماتے ہیں:

قال رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم انما جعل الامام لیؤتم بہ فاذا کبر فکبروا واذا قرأ فانصتوا واذا قال سمع اللہ لمن حمدہ فقولوا اللھم ربنا ولک الحمد۔ (نسائی ج ۱ ص ۱۰۷)

کہ آنحضرت صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے ارشاد فرمایا ہے کہ امام اس لیے مقرر کیا جاتا ہے کہ اس کی اقتدار کی جائے سو جب وہ تکبیر کہے تو تم بھی تکبیر کہو اور جب امام قرأت کرے تو تم خاموش رہو اور جب وہ سمع اللہ لمن حمدہ کہے تو تم اللھم ربنا لک الحمد کہو۔

(باقی پچھلے صفحے کے حاشیہ) ذہبیؒ ان کو الحافظ الصدوق اور مشہور محدث لکھتے ہیں (تذکرہ جلد ۱ ص ۲۵۰)
سلہ امام ترمذیؒ ان کو ثقہ اور مامون فی الحدیث کہتے ہیں۔ (ترمذی جلد ۱ ص ۶۰ وکتاب العلل جلد ۲ ص ۲۳۷) امام بیہقیؒ ان کو ثقات میں شمار کرتے ہیں۔ (سنن الکبریٰ جلد ۲ ص ۲۴) امام نوویؒ لکھتے ہیں کہ وہ امام فقیہ اور عابد تھے۔ (تہذیب الاسماء قسم دوم جلد ۱ ص ۸۷) ابن حماد حنبلیؒ کا بیان ہے کہ وہ عابد پابند شریعت اور صداقت شعار تھے۔ (شذرات الذہب جلد ۱ ص ۲۲۴) علامہ ذہبیؒ ان کو الامام اور القدوہ لکھتے ہیں۔ (تذکرہ جلد ۱ ص ۱۵۰) امام احمدؒ سفیانؒ بن عیینہؒ ابن معینؒ عجلیؒ ابو حاتمؒ نسائیؒ اور ابو زرعہؒ ان کو ثقہ کہتے ہیں۔ یعقوبؒ بن شیبہؒ ان کو صدوق وسط کہتے ہیں۔ ابن حبانؒ ان کو ثقات میں لکھتے ہیں۔ ساجیؒ ان کو اہل صدق میں شمار کرتے ہیں۔ ابن سعدؒ ان کو عابد ناسک اور فقیہ بتاتے ہیں۔ (تہذیب التہذیب جلد ۹ ص ۲۴۴) مولانا شمس الحقؒ ان کو ثقہ لکھتے ہیں۔ (تعلیق المغنی جلد ۱ ص ۱۲۴ و عون المعبود جلد ۱ ص ۲۳۵) اور خطیب بغدادیؒ فرماتے ہیں کہ وہ ثقہ تھے۔ (تاریخ جلد ۲ ص ۳۰۴)
شہ زیدؒ بن اسلم کو علامہ ذہبیؒ الامام اور الفقیہ لکھتے ہیں۔ (تذکرہ جلد ۱ ص ۱۲۴) امام احمدؒ ابو زرعہؒ، ابو حاتمؒ محمدؒ بن سعدؒ، نسائیؒ، ابن خراشؒ۔ اور یعقوبؒ بن شیبہؒ سب ان کو ثقہ کہتے ہیں (تہذیب التہذیب جلد ۳ ص ۳۹۶)
لہ ابو صالحؒ کا نام ذکوانؒ تھا۔ امام احمدؒ ان کو ثقہ اجل الناس اور اوثق الناس کہتے ہیں۔ (تذکرہ جلد ۱ ص ۸۴) امام ابن معینؒ، ابو حاتمؒ، ابو زرعہؒ، ابن سعدؒ، ساجیؒ اور عجلیؒ سب ان کو ثقہ کہتے ہیں۔ محدث حربیؒ اور ابن حبانؒ ان کو ثقات میں لکھتے ہیں۔ (تہذیب التہذیب جلد ۳ ص ۲۱۹) حضرت ابو ہریرہؓ جلیل القدر
(باقی اگلے صفحہ پر)

اس صحیح روایت[1] سے بھی معلوم ہوا کہ تمام نمازوں میں امام کا وظیفہ[2] قرأۃ کرنا اور مقتدیوں کا فریضہ خاموش رہنا ہے۔ اس حدیث پر جو اعتراضات کیے گئے ہیں وہ ملاحظہ کیجئے اور ساتھ ہی ان کے جوابات بھی دیکھ لیجئے۔

پہلا اعتراض:

حضرت امام بخاری رحمہ[3]۔ امام بیہقیؒ اور مبارکپوری صاحبؒ وغیرہ فرماتے ہیں کہ واذا قرأ فانصتوا کی زیادت نقل کرنے میں ابو خالد الاحمر رحہ متفرد ہیں لہٰذا یہ زیادت قابل قبول نہیں۔ (جزء القرأۃ ص۵۹، کتاب القرأۃ ص۹۰، ابکار المنن ص۱۵۲ اور مؤلف خیر الکلام نے صفحہ ۴۳۲ اور ۴۳۴ میں اس روایت کو شاذ کہہ کر گلو خلاصی چاہی ہے اور قاضی مقبول احمد صاحب نے بھی اس کو شاذ کہہ کر اپنے دل کو تسکین دی ہے۔ (ملاحظہ ہو الاعتصام ۱۹ اکتوبر ۱۹۶۲ء ص۱۰ کالم۱)

جواب۔ اس زیادت کے رد کرنے کا یہ بہانہ محض بےکار ہے۔

(پچھلے صفحے کا باقی) صحابی ہیں۔ نواب صدیق حسن خاں صاحبؒ اس سند کو نقل کرنے کے بعد لکھتے ہیں کہ رجال اسنادہ ثقات۔ (دلیل الطالب ص۲۹۴)

[1] یہ روایت ابن ماجہ ص۶۱، ابوداؤد جلد۱ ص۸۹، مسند احمد ۴ ص۴۱۵، دارقطنی جلد۱ ص۱۲۴، سنن الکبریٰ جلد۲ ص۱۵۶، محلی جلد۳ ص۲۴۰، جزء القرأۃ ص۵۶، کتاب القرأۃ ص۹۱، ابن جریر جلد۹ ص۱۱۰، ابن کثیر جلد۲ ص۲۸۳، الجوہر النقی جلد۲ ص۱۵۶، تعلیق المغنی جلد۱ ص۱۲۴، عون المعبود جلد۱ ص۲۳۵، درایہ ص۹۴، زیلعی جلد۲ ص۱۴، مسلم جلد۱ ص۱۷۴، آثار السنن جلد۲ ص۸۴، ابکار المنن ص۱۵۳، اعلاء السنن جلد۴ ص۵۵، دلیل الطالب ص۲۹۴، روح المعانی جلد۹ ص۱۳۳، بذل المجہود جلد۲ ص۵۵ اور فتح الملہم ص۲۲ وغیرہ میں مروی ہے۔

[2] نواب صدیق حسن خاں صاحبؒ لکھتے ہیں کہ ودر حدیث ابوہریرہ رضی اللہ تعالیٰ عنہ وابوموسیٰ رضی اللہ تعالیٰ عنہ است واذا قرأ فانصتوا پس حظ مؤتم انصات واستماع قرأت امام است وانصات خاص بجہریہ نیست بلکہ شامل سریہ ہم است پس واجب سکوت باشد مطلقاً نزد قرأت امام (ہدایۃ السائل ص۱۹۳)

[3] امام بخاری لکھتے ہیں کہ لم یتابع علیہ مبارکپوری صاحبؒ ایک سند کی تحقیق میں لکھتے (باقی اگلے صفحہ پر)

اولاً — اس لیے کہ جب ابو خالد الاحمرؒ بلا اختلاف ثقہ اور ثبت ہیں تو پھر ان کی زیادت کیوں قابل قبول نہ ہوگی؟

ثانیاً — اس زیادت کے بیان[1] کرنے میں ابو خالد الاحمرؒ متفرد نہیں بلکہ محمد[2] بن سعد انصاری اشہلیؒ بھی اس زیادت کو نقل کرتے ہیں۔ اور اس روایت کے باقی وہی راوی ہیں جن کی توثیق عرض کردی گئی ہے۔ البتہ محمدؒ بن عبد اللہؒ بن مبارکؒ کا ذکر نہیں ہوا۔ اور یہ وہ بھی ثقہ، نواب صدیق حسن خانصاحبؒ لکھتے ہیں کہ ابو خالدؒ از ثقات اثبات است، بخاریؒ و مسلمؒ بوئے احتجاج کردہ اند۔ دریں صورت تفردش مضر نیست، و نیز وے نہ تنہا بایں زیادت متفرد است، بلکہ ابو سعید محمدؒ بن سعد انصاریؒ نیز تابع او بریں زیادت بودہ است۔ (دلیل الطالب ص ۲۹۴)

غرضیکہ یہ زیادت بھی سابق کی طرح بالکل صحیح ہے اور اس کے غیر صحیح ہونے کا ادنیٰ احتمال بھی پیدا نہیں ہوتا۔

دوسرا اعتراض:

مبارک پوری صاحبؒ لکھتے ہیں کہ محمدؒ بن عجلانؒ میں کچھ کلام اور مقال ہے۔ نیز وہ مدلس بھی

(پچھلے صفحہ کا بقیہ) ہیں کہ امام بخاریؒ کا محمدؒ بن عبد اللہؒ بن الحسنؒ سے متعلق لا یتابع علیہ کہنا ہرگز مضر نہیں کیونکہ محمدؒ مذکور ثقہ تھے۔ (تحفۃ الاحوذی جلد ۱ ص ۲۳۱) کیا ہم بھی مبارکپوری صاحب سے اس انصاف کی امید رکھ سکتے ہیں۔

[1] یہ روایت نسائی جلد ۱ ص ۱۰۷، دارقطنی جلد ۱ ص ۱۲۴، عون المعبود جلد ۱ ص ۲۲۵، نصب الرایہ جلد ۲ ص ۱۵ اور تعلیق المغنی جلد ۱ ص ۱۲۴ وغیرہ میں مذکور ہے۔

[2] امام نسائیؒ ان کو ثقہ کہتے ہیں (جلد ۱ ص ۱۰۷) دارقطنیؒ ان کو ثقہ کہتے ہیں (جلد ۱ ص ۱۲۵) زیلعیؒ کہتے ہیں کہ وہ ثقہ تھے (جلد ۲ ص ۱۶) ابن حبانؒ ان کو ثقات میں لکھتے ہیں۔ (تہذیب التہذیب جلد ۹ ص ۲۵۳) مولانا شمس الحقؒ ان کو ثقہ کہتے ہیں (عون المعبود جلد ۱ ص ۲۲۵ و تعلیق المغنی جلد ۱ ص ۱۲۴)

[3] حافظ ابن حجرؒ لکھتے ہیں کہ وہ ثقہ اور حافظ تھے (تقریب ص ۱۳۲) الحاصل اس روایت کے بھی جملہ راوی ثقہ ہیں۔ اور اصول حدیث کی رو سے یہ روایت اعلیٰ درجہ کی صحیح ہے۔

اس لیے یہ روایت صحیح نہیں ہو سکتی۔ (ابکار المنن صہ ۱۵۲)

جواب۔ مبارک پوری صاحبؒ ان میں مقال کا شاید مطلب ہی نہیں سمجھے۔ رہی ان کی تدلیس تو وہ بھی مفروغ عنہ ہے۔

اوّلاً۔۔۔ بقول بعض یہ مکحولؒ کے درجہ کے مدلس تھے۔ مگر فریقِ ثانی مکحولؒ کی تدلیس سے صرفِ نظر کر جاتا ہے۔[۱]

ثانیاً۔۔۔ اگر ان کی تدلیس مضر ہوتی تو امام بخاریؒ اور ابو داؤدؒ وغیرہ ضرور اس کا تذکرہ کرتے مگر وہ صرف ابو خالد الاحمر کے تفرد کی شکایت کرتے ہیں۔

ثالثاً۔۔۔ دیگر محدثینؒ کو عموماً اور علامہ ذہبیؒ کو خصوصاً یہ قاعدہ معلوم ہے[۲] لیکن وہ محمدؒ بن عجلانؒ کی متعدد معنعن حدیثوں اور روایتوں کو صحیح کہتے ہوئے تصحیح کرتے ہیں۔ (مثلاً تلخیص مستدرک جلد ۱ صہ ۳۱ وغیرہ)

رابعاً۔۔۔ محدثینؒ اور محققینؒ کے صنیع سے معلوم ہوتا ہے کہ محمدؒ بن عجلانؒ، قتادہؒ، سفیانؒ ثوریؒ اور حسن بصریؒ وغیرہ کی طرح ان مدلسین میں شامل ہیں جن کی تدلیس کسی صورت میں مضر نہیں ہے۔

خامساً۔۔۔ محمدؒ بن عجلانؒ کے دو متابع بھی موجود ہیں۔ خارجہؒ بن مصعبؒ اور یحییٰؒ بن علاءؒ (دیکھیے سنن الکبریٰ جلد ۲ صہ ۱۵۱) اور گو یہ کمزور اور ضعیف ہیں لیکن متابعت میں پیش کرنے پر مبارک پوری صاحبؒ کو بھی کوئی اعتراض نہیں بلکہ وہ اس کا اقرار کرتے ہیں۔[۳]

---

[۱] بعض لوگوں نے ان میں یہ کلام کیا ہے کہ امام بخاریؒ و مسلمؒ نے ان سے احتجاج نہیں کیا۔ لیکن یہ اعتراض باطل ہے۔ اوّلاً۔ اس لیے کہ ثقہ اور ثبت راوی کے لیے یہ شرط نہیں کہ ان سے امام بخاریؒ و مسلمؒ نے ضرور احتجاج کیا ہو۔ ثانیاً۔ امام مسلمؒ نے ان سے احتجاج کیا ہے (مستدرک جلد ۱ صہ ۱۰۳، بذل المجہود جلد ۲ صہ ۵۵ اور مسلم جلد ۲ صہ ۳۱ وغیرہ ملاحظہ کر لیجیے) محمدؒ بن عجلانؒ بطریق سعید مقبریؒ عن ابی ہریرہؓ کی بعض روایتوں پر کچھ کلام کیا گیا ہے (کتاب العلل ترمذی جلد ۲ صہ ۲۴۳ و تہذیب التہذیب جلد ۹ صہ ۳۴۲) لیکن وہ بھی صرف چند روایتیں ہیں اور علامہ ذہبیؒ نے ان کا جواب بھی دے دیا ہے (میزان جلد ۳ صہ ۱۰۲) مگر ہم نے جو سند پیش کی ہے وہ سعید مقبریؒ کے طریق سے نہیں بلکہ زیدؒ بن اسلمؒ کے طریق سے ہے۔

[۲] دیکھیے ابکار المنن صہ ۱۳۱/۱۷۹ اور دیگر محدثینؒ بھی اس قاعدہ کو صحیح تسلیم کرتے ہیں۔ (باقی اگلے صفحہ پر)

سادساً — جرح کرنے والے جرح پر بھی متفق نہیں ہیں۔ بعض ابو خالدؒ کا تفرد بتاتے ہیں اور بعض محمد بن عجلانؒ کی تدلیس اس سے بھی جرح کمزور ہو جاتی ہے۔ (اعلاء السنن جلد ۴ صفحہ ۵۹)

سابعاً — اگر محمد بن عجلانؒ میں واقعی کوئی کلام ہوتا۔ یا ان کی تدلیس مضر ہوتی تو حضرات محدثین کرامؒ کی ایک بہت بڑی جماعت اس حدیث کی ہرگز تصحیح نہ کرتی، حالانکہ اس حدیث کی ذیل کے ائمہ حدیث تصحیح کرتے ہیں:

۱- امام احمد بن حنبلؒ (الجوہر النقی جلد ۲ صفحہ ۱۵۶) ۲- امام مسلم رحمۃ اللہ علیہ (جلد ۱ صفحہ ۱۷۴)

۳- علامہ ابن حزمؒ (محلی جلد ۳ صفحہ ۲۴۰) ۴- امام نسائیؒ " (جلد ۱ صفحہ ۱۰۷)

۵- دارقطنیؒ (جلد ۱ صفحہ ۱۲۴) ۶- ابن جریرؒ " (تفسیر جلد ۹ صفحہ ۱۱۰)

۷- حافظ ابو عمر بن عبد البرؒ (جوہر النقی جلد ۲ صفحہ ۱۵۷) ۸- حافظ ابن کثیرؒ (تفسیر جلد ۲ صفحہ ۲۸۰)

۹- علامہ ماردینیؒ (جوہر النقی جلد ۲ صفحہ ۱۵۶) ۱۰- امام منذریؒ (زیلعی جلد ۲ صفحہ ۱۶ و تعلیق المغنی

۱۱- علامہ جمال الدینؒ (نصب الرایہ جلد ۲ صفحہ ۱۶) جلد ۱ صفحہ ۱۲۴)

۱۲- مولانا شمس الحق عظیم آبادیؒ (عون المعبود ۱۳- نواب صدیق حسن خاں صاحبؒ

جلد ۱ صفحہ ۲۳۵، تعلیق المغنی جلد ۱ صفحہ ۱۲۴) (دلیل الطالب صفحہ ۲۹۴)

بلکہ نواب صاحب تحریر فرماتے ہیں کہ

وھذا الحدیث مما ثبت عند اھل السنن وصححہ جماعۃ من الائمۃ۔ (دلیل الطالب صفحہ ۲۹۴)

یہ حدیث ارباب سنن کے نزدیک ثابت اور محقق ہو چکی ہے اور ائمہ حدیث کی ایک بہت بڑی جماعت نے اس کی تصحیح کی ہے۔

اور شیخ الاسلام ابن تیمیہؒ کا حوالہ باب اوّل میں نقل کیا جا چکا ہے کہ وہ بڑی شد و مد سے واذا قرأ فانصتوا کی روایت اور اس میں زیادت کو صحیح ثابت کرتے ہیں، علامہ ابن حزمؒ

(بقیہ پچھلا صفحہ) ملاحظہ ہو میزان الاعتدال جلد ۱ ص ۲۰ و مقدمہ نووی ص ۱۷ و کتاب القراءۃ ص ۱۲۹ و تدریب الراوی ص ۸۶، اور اعلاء السنن ص ۲۴، اور لکھا ہے وھذا مجمع بین المحدثین مگر یہ یاد رکھئے کہ اصل راوی صرف مدلس ہو ضعیف اور کمزور نہ ہو۔ ورنہ متابعت بے سود ہوگی۔

لکھتے ہیں کہ بعض کا خیال ہے کہ اس زیادت میں محمدؒ بن عجلانؒ نے خطا کی ہے۔ مگر ہم ثقہ راوی کے بارے میں کسی واضح برہان کے بغیر یہ کہنے کی جرأت نہیں کر سکتے۔ بہر حال سند کے لحاظ سے یہ زیادت بالکل صحیح ہے (محلی ابن حزم جلد ۳ ص ۲۴۲) انصاف سے فرمائیے کہ کسی حدیث کی تصحیح کے لیے اس سے بڑھ کر حضرات محدثین کرامؒ کے پاس اور کیا ثبوت ہو سکتا ہے؟ مگر ؎

آنکھیں اگر ہیں بند تو پھر دن بھی رات ہے
اس میں بھلا قصور ہے کیا آفتاب کا۔

الحاصل حضرات ابو ہریرہ رضی اللہ تعالیٰ عنہ کی یہ روایت بھی اور اس کی پوری سند بالکل صحیح اور بے غبار ہے اور محض تعصب کی وجہ سے اس کو شاذ کہکر رد کرنا بے سود ہے۔

تیسری حدیث: امام بیہقیؒ[1] فرماتے ہیں کہ ہم سے حافظ ابو عبداللہؒ[2] نے بیان کیا وہ فرماتے ہیں کہ ہم سے جعفر خلدیؒ[3] نے بیان کیا۔ وہ فرماتے ہیں کہ ہم سے الحسنؒ بن علیؒ بن شبیب المعمریؒ[4]

---

[1] امام بیہقیؒ کا ترجمہ باب اوّل میں نقل کیا جا چکا ہے۔

[2] حافظ ابو عبداللہ الحاکمؒ صاحب مستدرک کا ترجمہ بھی باب اوّل میں نقل کیا جا چکا ہے۔

[3] جعفرؒ بن محمدؒ بن نصیر الخلدیؒ، علامہ خطیبؒ ان کو ثقہ، صادق، دیندار اور فاضل لکھتے ہیں (تاریخ خطیب جلد ۷ ص ۲۲۷)

[4] علامہ ذہبیؒ ان کو الحافظ، العلامہ اور البارع لکھتے ہیں اور لکھتے ہیں کہ وہ حفظ اور فہم سے بہرہ ور تھے۔ امام دارقطنیؒ ان کو صدوق اور حافظ کہتے ہیں (تذکرہ جلد ۲ صـ ۲۱۵) ابن عدیؒ ان کو کثیر الحدیث اور امام ربانی کہتے ہیں۔ (ایضاً) حافظ ابن حجرؒ لکھتے ہیں کہ تمام محدثین ان کے عادل ضابطہ اور صاحب فضیلت ہونے پر متفق ہو چکے ہیں۔ موسیٰؒ بن ہارونؒ کا بیان ہے۔ کہ وہ اوثق الناس اور اثبت الناس تھے اور ان کی یہ خوبی تھی کہ تدلیس نہیں کرتے تھے۔ محدث عبدان اہوازیؒ کا بیان ہے۔ کہ میں نے معمریؒ جیسا محدث تمام روئے زمین پر نہیں دیکھا۔ (لسان المیزان جلد ۲ ص ۲۲۱ تا ۲۲۵ اور علامہ خطیبؒ لکھتے ہیں کہ وہ علم کا ظرف تھے فہم و حفظ سے متصف تھے۔ ان کی احادیث میں کچھ

نے بیان کیا۔ وہ فرماتے ہیں کہ ہم سے احمدؒ بن مقدامؒ نے بیان کیا۔ وہ کہتے ہیں کہ ہم سے طفاویؒ نے بیان کیا۔ وہ کہتے ہیں کہ ہم سے ایوبؒ نے بیان کیا۔ وہ زہریؒ سے روایت کرتے ہیں اور وہ حضرت انسؓ بن مالک سے روایت کرتے ہیں وہ فرماتے ہیں:

ان النبیؐ صلی اللہ علیہ وسلم قال اذا قرأ الامام فانصتوا۔ (کتاب القراۃ ص۹۲) کہ آں حضرت صلی اللہ علیہ وسلم نے ارشاد فرمایا کہ جب امام قراۃ کرے تو تم خاموش رہو۔

اس روایت میں بھی مقتدی کا وظیفہ (تمام نمازوں میں) خاموشی اور امام کا فریضہ قراۃ بتلائی گئی ہے اور اگر انصاف کا دامن ہاتھ سے نہ چھوڑا جائے تو اس روایت پر بھی کوئی معقول اعتراض وارد نہیں ہو سکتا۔ گو امام بیہقیؒ نے یہ فرمایا ہے کہ واذا قرأ فانصتوا۔ کی زیادت بیان کرنے میں المعمریؒ متفرد ہیں۔ لیکن جب معمریؒ ثقہ ثبت اور الحافظ اور الامام ہیں تو ان کی یہ صحیح روایت اور زیادت بیان کس طرح رد کی جا سکتی ہے؟ معمریؒ کے طریق سے ایک روایت کی امام حاکمؒ اور علامہ ذہبیؒ دونوں علی شرط الشیخین تصحیح کرتے ہیں (مستدرک جلد ۱ ص ۳۵۸) مؤلف خیر الکلام نے ص۴۳۵ اور ۴۳۶ میں یہ لکھا ہے کہ معمریؒ

(بقیہ پچھلا صفحہ) غرائب اور افراد بھی تھے۔ دارقطنی فرماتے ہیں کہ وہ صدوق اور حافظ تھے، ان پر جرح موسیٰؒ بن ہارونؒ نے از روئے عداوت کی ہے۔ (بغدادی جلد ۷ ص ۳۷۰)

۱؎ امام ابو حاتمؒ ان کو صالح الحدیث اور صداقت شعار کہتے ہیں۔ محدث صالح جزرۃؒ، مسلمؒ بن قاسمؒ ابن عبد البرؒ اور دیگر محدثین ان کو ثقہ کہتے ہیں۔ ابن خزیمہؒ ان کو دانا محدث کہتے ہیں۔ نسائیؒ لاباس بہ اور ابن عدیؒ صدوق کہتے ہیں۔ (تہذیب التہذیب جلد ۱ ص ۸۱) علامہ ذہبیؒ ان کو احد الاثبات المسندین لکھتے ہیں۔ (میزان الاعتدال جلد ۱ ص۴۱)

۲؎ علامہ ذہبیؒ ان کو مشہور محدث اور ثقہ لکھتے ہیں۔ (میزان جلد ۲ ص۸۹) امام ابن معینؒ ان کو لیس بہ بأس اور ابن مدینیؒ ثقہ کہتے ہیں اور ابو داؤدؒ اور ابو حاتمؒ لیس بہ بأس سے ان کی توثیق کرتے ہیں ابن حبانؒ ثقات میں لکھتے ہیں دارقطنیؒ کا بیان ہے کہ بخاریؒ نے ان سے احتجاج کیا ہے ابن عدیؒ کا بیان ہے کہ تمام متقدمین ان کی ثقاہت پر متفق ہیں۔ (تہذیب التہذیب جلد ۹ ص ۳۰۹)

۳؎ امام احمدؒ، ابن معینؒ، ابو زرعہؒ، نسائیؒ، ابن سعدؒ، دارقطنیؒ اور ابو داؤدؒ سب ان کو ثقہ کہتے ہیں۔ ابو حاتمؒ (باقی اگلے صفحہ پر)

صاحبِ غرائب و افراد ہیں اور بعض محدثینؒ نے ان کو کذاب کہا ہے۔ عبدانؒ کہتے ہیں کہ انھوں نے یہ حسد سے کہا ہے اور بغدادیوں کی طرح یہ بھی موقوف کو مرفوع کر دیا کرتا تھا اور حدیث میں اضافے کرنے کی ان کی عادت تھی۔ (محصلہ خیر الکلام بحوالہ لسان المیزان)

الجواب: بخاری اور مسلم میں ایسے متعدد راوی موجود ہیں۔ مؤلف خیر الکلام کا شوق ہو تو ہم ان شاء اللہ تعالیٰ باحوالہ عرض کر سکتے ہیں اس لیے صاحبِ غرائب و افراد ہونا اصول حدیث کے لحاظ سے کوئی جرح نہیں ہے۔ اصل بات یہ ہے کہ بعض لوگوں نے محض عداوت اور دشمنی کی وجہ سے ان پر جرح کی ہے اور کبھی یہ کہا کہ یہ موقوف کو مرفوع کر دیتے ہیں اور کبھی یہ کہا کہ یہ اضافے کرتے ہیں اور ان کے بڑے دشمن اور معاند موسیٰؒ بن ہارونؒ نے ان کی واذا قرئ فانصتوا کی زیادت پر بھی انکار کیا تھا (ملاحظہ ہو لسان المیزان جلد ۱ ص ۲۲۴) اور ان کی تقلید کرتے ہوئے لوگ اس پر جرح کرتے اور اس زیادت کو انکار کرتے ہیں جب محدثینؒ کے سامنے حقیقت حال کھل گئی تو انھوں نے بالآخر یہ فیصلہ کیا چنانچہ حافظ ابن حجرؒ لکھتے ہیں کہ

فاستقر الحال آخرا علی توثیقہ فان غایۃ ما قیل فیہ انہ حدث باحادیث لم یتابع علیھا وقد علمت من کلام الدارقطنیؒ انہ رجع عنھا فان کان قد اخطأ فیھا کما قال خصمہ فقد رجع عنھا وان کان مصیبا بھا کما کان یدعی فذاک ارفع لہ واللہ اعلم۔ (لسان المیزان جلد ۱ ص ۲۲۵)

پس آخر میں بات ان کی توثیق پر پکی ہوئی ہے زیادہ سے زیادہ ان کے بارے میں جو کہا گیا ہے وہ یہ ہے کہ وہ ایسی حدیثیں بیان کرتے ہیں جن میں ان کی متابعت نہیں پائی گئی لیکن تم امام دارقطنیؒ کے کلام سے معلوم کر چکے ہو کہ انھوں نے رجوع کر لیا تھا سو اگر واقعی انھوں نے ان احادیث میں خطا کی تھی جیسا کہ ان کا خصم کہ رہا ہے تو اس سے ان کا رجوع ثابت ہے اور اگر وہ مصیب تھے جیسا کہ ان کا دعویٰ تھا تو یہ ان کی شان کو اور اونچا کرنے کا سبب ہے۔

(بقیہ پچھلا صفحہ) ان کو صالح الحدیث اور ابن عبد البرؒ ثقہ اور حافظ کہتے تھے۔ ابن حبانؒ ثقات میں لکھتے ہیں۔ (تہذیب التہذیب جلد ۱ ص ۱۲)

۔۔۔ ان کا ترجمہ مقدمہ میں نقل کیا جا چکا ہے۔ حضرت انس رضی اللہ تعالیٰ عنہ مشہور صحابی ہیں۔

اس سے معلوم ہوا کہ معمرؒ ثقہ ہیں اور ثبت بھی۔ اور ان کی یہ زیادت جو واذا قرأ فانصتوا سے وارد ہوئی ہے بالکل صحیح ہے کیونکہ دوسری اسانید میں ثقہ راویوں سے بھی یہ مروی ہے اور قرأت خلف الامام انصات کے بالکل خلاف ہے اور حضرت ابوہریرہؓ اور حضرت انسؓ کی روایتیں باب سوم میں آئیں گی کہ وہ بھی امام کے پیچھے سب یا بعض نمازوں میں قرأت کے قائل نہ تھے اور شاذ مقبول کی مثال ایسی ہے جیسے ایک مستقل حدیث ہو جس کو ثقہ راوی بیان اور روایت کرتا ہو انصاف کی دنیا میں اس کے رد کرنے کی کوئی وجہ نہیں اور کسی حافظ کی قرآن کریم میں غلطی سے کوئی جملہ بڑھا دینا یہ شاذ مردود کی مثال ہے اس کو مؤلف خیر الکلام اپنے پاس ہی رکھیں۔ بات ثقہ راویوں کی زیادت کی ہو رہی ہے۔ الغرض واذا قرأ فانصتوا کی زیادت بالکل صحیح ہے ایک رتی شک اس کی صحت میں نہیں ہے۔ قرآن کریم کی آیت میں فاستمعوا وانصتوا کا حکم تھا اور حضرت ابوموسیٰ الاشعریؓ، حضرت ابوہریرہؓ اور حضرت انسؓ بن مالک کی صحیح اور مرفوع روایتوں میں بھی اس کی تصریح ہے کہ واذا قرأ الامام فانصتوا اور ایک ایک سند کا صحیح ہونا بھی آپ معلوم کر آئے ہیں۔ اب ان کے حجت ہونے میں کیا شبہ ہو سکتا ہے؟ نواب صاحبؒ لکھتے ہیں کہ حدیث صحیح حجت است برامت در رنگ حجیت کتاب عزیز۔ (دلیل الطالب صفحہ ۸۸) اور لکھتے ہیں کہ اصل در امر[1] وجوب فعل مامور بہ است۔

(بدور الاہلہ ص ۲۲)

اور نیز تحریر فرماتے ہیں کہ امر بشیئ نہی است از اضداد او۔ (بدور الاہلہ ص ۳۴۸) الغرض مقتدی کے لیے استماع اور انصات کے وجوب کا حکم اور امام کے پیچھے قرأت کرنے کے ممنوع اور منہی عنہ ہونے کا حکم قرآن کریم اور صحیح حدیث سے ثابت ہے۔ دیکھیے فریق ثانی

---

[1] ارباب اصول کا اس امر پر تقریباً اتفاق ہے کہ امر مطلق کا مفاد وجوب ہے، چنانچہ شیخ الاسلام ابن تیمیہؒ لکھتے ہیں: "وامرہ المطلق على الايجاب" (القواعد النورانية الفقهية طبع مصر ص ۲۵ لشیخ الاسلام) یعنی صاحب شرع کا امر مطلق وجوب پر محمول ہوتا ہے، شیخ الاسلام ابن دقیق العیدؒ فرماتے ہیں: "وظاهر الامر الوجوب" (احکام الاحکام جلد ۱ ص ۲۵) امر ظاہری طور پر وجوب کے لیے ہوتا ہے اور نواب صاحبؒ لکھتے ہیں کہ صیغہ امر بے صارف محمول بر وجوب است۔

(افادۃ الشیوخ ص ۱۰۶)

مانتا ہے یا نہیں۔ کہیں وہ یہ نہ ارشاد فرمادے کہ ؎

یہ سب سوچ کر دل لگا یا ہے ناصح!

نئی بات کیا آپ فرما رہے ہیں۔

قرآن کریم کی آیت اور حضرت ابو موسیٰ الاشعری رضی اللہ تعالیٰ عنہ و حضرت ابو ہریرہؓ و حضرت انسؓ بن مالک کی پیش کردہ صحیح روایتیں اپنے عموم الفاظ کے اعتبار سے سرّی اور جہری سب نمازوں کو شامل ہیں۔ جس کا مطلب یہ ہے کہ امام کے پیچھے اقتداء کر لینے کے بعد مقتدی کو سوائے استماع، انصات اور خاموش رہنے کے کوئی چارہ نہیں ہے۔ اب بعض ایسی روایتیں پیش کی جاتی ہیں۔ جن میں خاص طور پر جہری نمازوں میں مقتدیوں کو امام کے پیچھے قرآت کرنے کی سخت تنبیہ اور ممانعت آئی ہے۔ اور بعض روایتیں وہ بھی ہیں جن میں جہری نمازوں کی کوئی قید مذکور نہیں ہے بلکہ وہ سب نمازوں کو شامل ہیں۔

چوتھی حدیث۔ حضرت امام مالکؒ، امام ابن شہاب زہریؒ سے روایت کرتے ہیں اور وہ ابن اُکیمہ لیثیؒ سے روایت کرتے ہیں۔ اور وہ حضرت ابو ہریرہؓ سے روایت کرتے ہیں۔ وہ فرماتے ہیں:

لہ حضرت امام مالکؒ اور امام ابن شہاب زہریؒ دونوں کا ترجمہ مقدمہ .... میں نقل کیا جا چکا ہے اور حضرت ابو ہریرہؓ صحابی ہیں۔ ابن اُکیمہ لیثیؒ کا نام عمارہ تھا۔ امام ابو حاتمؒ اور یحییٰ بن سعیدؒ ان کو ثقہ کہتے ہیں۔ امام یعقوبؒ بن سفیانؒ ان کا مشہور تابعین میں شمار کرتے ہیں۔ ابن حبانؒ ان کو ثقات میں لکھتے ہیں۔ (تہذیب التہذیب جلد ۷ ص ۴۱۱) امام بیہقیؒ فرماتے ہیں کہ ابن اُکیمہ اور ان کے بھائی دونوں ثقہ ہیں۔ (الجوہر النقی جلد ۲ ص ۱۵۸ و مرقات جلد ۱ صـ۲۴۲) شیخ الاسلام ابن تیمیہؒ لکھتے ہیں کہ ابو حاتم رازیؒ ان کو صحیح الحدیث اور حدیثہ مقبول لکھتے ہیں۔ ابو حاتم بستیؒ کا بیان ہے کہ ان سے ان کے پوتے عمرؒ بن مسلم، امام زہریؒ اور سعید بن ابی ہلالؒ نے روایت کی ہے۔ (فتاویٰ جلد ۱ صـ۱۴۵) حافظ ابن حجرؒ لکھتے ہیں کہ وہ ثقہ ہیں۔ (تقریب ۲۷۶) مبارکپوری صاحبؒ لکھتے ہیں کہ وہ ثقہ اور اوساط تابعینؒ میں تھے۔ (تحفۃ الاحوذی جلد ۱ صـ۲۵۴) اور دوسرے مقام پر لکھتے ہیں کہ ثقہ راوی کی یہ شرط نہیں کہ اس سے روایت کرنے والے ایک سے زیادہ ہوں۔

(باقی اگلے صفحہ پر)

ان رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم
انصرف من صلوۃ جھر فیھا بالقرآۃ
فقال ھل قرأ معی منکم احد آنفا فقال
رجل نعم انا یا رسول اللہ قال فقال
رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم انی
اقول مالی انازع القرآن فانتھی الناس
عن القرآۃ مع رسول اللہ صلی اللہ علیہ

کہ آنحضرت صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم ایک جہری نماز
سے فارغ ہوئے اور یہ ارشاد فرمایا۔ کیا تم میں سے
کسی نے ابھی میرے ساتھ قرأت کی ہے؟ ایک
شخص بولا۔ جی ہاں یا رسول اللہ! میں نے قرأت
کی ہے۔ آپ نے ارشاد فرمایا جبھی تو میں (اپنے
دل میں) کہہ رہا تھا کہ میرے ساتھ قرآن کریم کی قرأت
میں منازعت اور ہاتھا پائی کیوں ہو رہی ہے؟
اس ارشاد کے بعد جن نمازوں میں آپ جہر سے

(بقیہ پچھلا صفحہ) جیسے ابن اکیمہ لیثی رحمۃ اللہ علیہ ثقہ ہیں۔ حالانکہ امام زہریؒ کے علاوہ اور کسی نے ان سے روایت نہیں کی۔ (ابکار المنن ص ۹۱) امام ابن معینؒ کا بیان ہے کہ ابن اکیمہ کی توثیق کے لیے یہی ایک دلیل کافی ہے کہ امام زہریؒ جیسے جلیل القدر امام ان سے روایت کرتے ہیں۔ (الجوہر النقی جلد ۲ ص ۱۵۸) حافظ ابن کثیرؒ اس حدیث کی امام ترمذیؒ اور ابوحاتمؒ سے تحسین اور تصحیح نقل کرتے ہیں۔ (تفسیر ابن کثیر ج ۲ ص ۶۲۳) مولانا میر صاحبؒ ایک حدیث کی تحقیق میں لکھتے ہیں کہ یہ موطا امام مالک رحمۃ اللہ علیہ کی مسند روایت ہے جس کی صحت میں کلام نہیں ہو سکتا۔۔۔
(بلفظہٖ تفسیر واضح البیان ص ۴۲۰)

علامہ ذہبی رحمۃ اللہ علیہ اور مبارکپوری صاحبؒ وغیرہ نے جو یہ کہا ہے کہ ابن اکیمہ لیثیؒ ثقہ ہیں۔ مگر امام زہریؒ کے علاوہ اور کسی نے ان سے روایت نہیں کی تو یہ ان کا وہم ہے۔ حافظ ابن تیمیہؒ کا حوالہ پہلے نقل ہو چکا ہے کہ ان سے ان کے پوتے عمرؒ بن مسلمؒ (ان کی روایت صحیح مسلم جلد ۲ ص ۱۶۰ میں ہے ملاحظہ کیجیے) امام زہریؒ اور سعید بن ابی ہلالؒ نے روایت کی ہے۔ علاوہ ازیں ان سے ایک چوتھے راوی بھی ہیں۔ چنانچہ مستدرک جلد ۳ ص ۴۲۸ میں ہے عن ابی الحویرث عن عمارۃ بن اکیمۃ اللیثیؒ۔۔۔۔۔

۔۔۔۔الخ ابوالحویرث کا نام عبدالرحمٰنؒ بن معاویہ تھا۔ ابن معینؒ ان کو ثقہ کہتے ہیں۔ (میزان جلد ۲ ص ۱۱۸) ابن حبانؒ ان کو ثقات میں لکھتے ہیں (تہذیب التہذیب جلد ۱ صفحہ ۲۷۶) لہٰذا علامہ ذہبیؒ اور مبارکپوری صاحبؒ کی رائے صحیح نہیں ہے۔ ع خذ ما تراہ ودع شیئاً سمعت بہ۔

وسلم فیما جھر فیہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم بالقرأۃ حین سمعوا ذالک من رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم۔ (موطا امام مالک ص ۲۹، ۳۰)

قرات کیا کرتے تھے۔ لوگوں نے آپ کے پیچھے قرات ترک کردی تھی۔

یہ روایت موطا امام مالک کے علاوہ حدیث کی دیگر معتبر اور مستند کتابوں میں مذکور ہے[1] جس کے صحیح ہونے میں قطعاً کوئی کلام نہیں ہوسکتا۔ جہری نمازوں میں امام کے پیچھے قرات کی ممانعت میں یہ روایت قطعی ہے۔

یہ واقعہ صبح کی نماز کا ہے۔ (دیکھئے سنن الکبریٰ جلد ۲ ص ۱۵۷ و ابوداؤد جلد ۱ ص ۱۲۰ وغیرہ) جس میں تقریباً تمام حضرات صحابہ کرامؓ موجود ہوں گے، مگر ان میں آپ کے پیچھے قرات کرنے والا صرف ایک شخص تھا اور آپ نے ان دیگر حضرات کو کچھ بھی نہیں کہا جنھوں نے قرات نہیں کی تھی بلکہ اسی کو ڈانٹ ڈپٹ کی جس نے قرات کی تھی اور حضرات صحابہ کرامؓ میں سے کسی نے اس کا حوالہ نہیں دیا کہ حضرت آپ نے تو قرات کرنے کا خود حکم دیا ہے۔ پھر کیا ممانعت کا کوئی جدید حکم آیا ہے؟ اور محال ہے کہ آپ نے امام کے پیچھے قرات کرنے کا حکم دیا ہو اور اس پر عمل کرنے والا صرف ایک ہی شخص ہو اور آپ نے قیام، رکوع، سجود اور قعدہ وغیرہ کو نیز تسبیح، تحمید اور تشہد کو ناگوار نہیں فرمایا۔ اگر ناگوار گزری ہے تو صرف مقتدی کی قرات، جہری نمازوں میں اس سے بڑھ کر امام کے پیچھے قرات کے منع ہونے کا اور کیا ثبوت پیش کیا جاسکتا ہے؟ مؤلف خیر الکلام کا (ص ۴۳۷ میں) یہ کہنا کہ اگرچہ حدیث میں لفظ مطلق قرات ہے کہ جہری نمازوں میں قرات سے باز آگئے مگر قرائن کی

---

[1] یہ روایت نسائی جلد ۱ ص ۱۰۶، ابوداؤد جلد ۱ ص ۱۲۰، ترمذی جلد ۱ ص ۴۲، ابن ماجہ ص ۶۱، مسند احمد جلد ۲ ص ۳۰۱، محلی جلد ۳ ص ۲۴۰، جزء القرأۃ ص ۵۵، ۲۷، سنن الکبریٰ جلد ۲ ص ۱۵۷، کتاب القرأۃ ص ۹۹، کتاب الاعتبار ص ۹۷، الجوہر النقی جلد ۲ ص ۱۵۸، ابن کثیر جلد ۲ ص ۲۸۳، مرقات جلد ۱ ص ۵۴۳، فتاویٰ ابن تیمیہ ۲ ص ۱۴۹، عقیدۃ محمدیہ جلد ۲ ص ۱۸۹، فتح الملہم ۲ ص ۲۳، بذل المجہود ۲ ص ۵۷، تحقیق الکلام ۲ ص ۱۲۵، ابکار المنن ص ۱۵۵، فصل الخطاب ص ۳۳، اور اعلاء السنن جلد ۴ ص ۸۷ وغیرہ کتابوں میں مذکور ہے۔

بنا پر مطلق کی تقیید ہو سکتی ہے الخ بالکل ایک بے وقعت بات اور مطلب پرستی کے لیے صرف ایک بہانہ ہے جس کو ماننے کے لیے کوئی تیار نہیں ہے اور یہی بے سود بہانہ قاضی مقبول احمد صاحب نے کیا ہے۔ (ملاحظہ ہو الاعتصام ۲۶ اکتوبر ۱۹۶۲ء صہ) اور انھوں نے اس مطلق قرأت کو ما زاد علی الفاتحہ پر محمول کر کے بالکل ایک اور غیر معقول بات کہی ہے جو طفل تسلی سے بڑھ کر نہیں ہے۔ امام ابوبکر الرازیؒ فرماتے ہیں کہ یہ روایت جہر اور سر دونوں پر دلالت کرتی ہے کیونکہ آں حضرت صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے جہر اور سر کا کوئی فرق بیان نہیں کیا۔ ہاں البتہ راوی نے اس کی تاویل یہ کی اور وہ یہ سمجھے کہ یہ جہر سے متعلق ہے۔ (محصلہ احکام القرآن جلد ۳ صہ ۱۵)

فریق ثانی کی طرف سے اس روایت پر جو اعتراضات کیے گئے ہیں ان کو ان کے جوابات کے ساتھ ملاحظہ کر لیجئے:۔

پہلا اعتراض: امام بیہقیؒ، علامہ حازمیؒ، علامہ ابن حزمؒ، امام نوویؒ اور مبارکپوری صاحبؒ وغیرہ لکھتے ہیں کہ ابن اکیمہ لیثی مجہول ہے۔ بنا بریں یہ روایت قابل التفات نہیں۔ (سنن الکبریٰ ج ۲ ص ۱۵۹، کتاب القرأۃ ص ۹۹، کتاب الاعتبار ص ۹۸، محلی جلد ۳ ص ۲۴۰، شرح مہذب جلد ۳ ص ۳۶۸ و ابکار المنن ص ۱۵۵ وغیرہ)

جواب: ان اکابر کا یہ اعتراض بے بنیاد ہے۔ اولاً پوری تشریح کے ساتھ ابن اکیمہؒ کی توثیق نقل کی جا چکی ہے۔ اور باقرار میر صاحبؒ و مبارکپوری صاحبؒ موطا کی مسند روایت پر کلام نہیں کیا جا سکتا۔ اور ابن اکیمہؒ ثقہ تھے۔ پھر بھی اعتراض کیے جانا انصاف کے بالکل منافی ہے۔

ثانیاً حضرات محدثین کرامؒ کا یہ ضابطہ ہے کہ اگر کسی راوی کی دیگر محدثینؒ توثیق کریں (بلکہ اس سے روایت کرنے والا بھی اگر وہ اہل توثیق ہے ہو خود توثیق کر دے) تو اس پر جہالت کا الزام نہیں رہتا وہ ثقہ اور عادل راویوں کی صف میں آجاتا ہے۔ (شرح نخبۃ الفکر ص ۷۰ و غنیۃ الالمعی ص ۵۲ ج ۱ مولانا شمس الحقؒ المنضم مع معجم الصغیر للطبرانی رح) اور ابن اکیمہؒ کو دیگر محدثینؒ بھی ثقہ کہتے ہیں۔ اور امام زہریؒ (جن کا اہل توثیق میں پایہ بہت بلند تھا) بھی توثیق کرتے ہیں۔ اور چار راوی ان سے فن حدیث میں روایت کرتے ہیں۔ اندریں حالات ان کو مجہول کہتے جانا انصاف کا خون کرنا ہے۔

ثالثاً۔ مبارکپوری صاحبؒ لکھتے ہیں کہ اگر کسی راوی پر جہالت کا الزام ہو اور امام ابن

حبانؒ اس کی توثیق کر دیں۔ تو جہالت کا الزام رفع ہو جاتا ہے۔ (ابکار المنن ص ۱۳۱) اور ابن اکیمہؒ کو ابن حبانؒ ثقات میں لکھتے ہیں۔ غرضیکہ کسی راوی سے متعلق ثقہ، ثبت اور عادل ہونے کے جتنے قواعد محدثین کرامؒ کے نزدیک ثابت ہیں۔ وہ تمام ابن اکیمہؒ میں پائے جاتے ہیں۔ اور جہالت سے نکلنے کا کوئی ضابطہ ایسا نہیں جو ان میں نہ پایا جاتا ہو۔ پھر فریق ثانی ہی انصاف سے فرمادے کہ ابن اکیمہؒ نے وہ کون سا جرم کیا ہے کہ ان کے لیے جہالت کے چکر سے نکلنے کے لیے کوئی دروازہ نہیں کھلتا۔ شاید وہ سمجھتے ہوں کہ توثیق کا نام ہی جہالت ہے۔ ع

نام ان کا رکھ لیا ہے آسماں تحریریں

الحاصل فن حدیث کے لحاظ سے اس حدیث کے صحیح اور معتبر ہونے میں مطلقاً کوئی کلام نہیں ہے۔ رہا اس حدیث کا حضرت ابوہریرہؓ کے موقوف اثر (اقرأ بها في نفسك) سے معارضہ کرنا تو اس کی بحث اپنے مقام پر آجائے گی۔ انشاء اللہ العزیز۔

دوسرا اعتراض ۔ حضرت امام بخاریؒ، امام بیہقیؒ، امام نوویؒ، مولانا ابوعبدالرحمٰن محمد عبداللہؒ اور مبارکپوریؒ صاحب وغیرہ لکھتے ہیں کہ فانتهى الناس عن القرأة حين سمعوا ذلك من رسول الله صلى الله عليه وسلم کا جملہ حضرت ابوہریرہؓ نے بیان نہیں کیا بلکہ یہ حضرت امام زہریؒ کا بیان ہے۔ اور امام زہریؒ کی عادت تھی کہ مرفوع حدیث میں اپنا قول ملا دیا کرتے تھے۔ اور اس دعویٰ کی دو دلیلیں ہیں۔ **اوّل** ۔ امام لیثؒ بن سعدؒ اور ابن جریجؒ فانتهى الناس الخ کا ٹکڑا اپنی روایت میں بیان نہیں کرتے۔ **دوم** ۔ امام اوزاعیؒ، امام زہریؒ سے روایت کرتے ہیں کہ

قال الزهري فاتعظ الناس فلم يكونوا يقرأون۔ (جزء القرأة ص ۲۳، ابوداؤد جلد ۱ ص ۱۲۰، سنن الکبریٰ جلد ۲ ص ۱۵۸)	امام زہریؒ نے فرمایا کہ اس قول سے لوگوں نے نصیحت حاصل کر لی اور امام کے پیچھے قرأت ترک کر دی۔

اس سے ثابت ہوا کہ یہ جملہ امام زہریؒ کا مدرج ہے اور یہ حضرات یہ بھی فرماتے ہیں کہ امام اوزاعیؒ نے یہ بات تو اچھی طرح محفوظ رکھی ہے (کہ فانتهى الناس الخ امام زہری کا مدرج ہے، مگر شومئ قسمت کہ) إلا أنه لم يحفظ اسناده لیکن وہ اس کی سند محفوظ نہیں .... رکھ سکے۔

(جزء القرأة ص ۲۳، کتاب القرأة ص ۹۷ و سنن الکبریٰ جلد ۲ ص ۱۵۸، شرح مہذب ص ۳۷۰، عقیدہ محمدیہ جلد ۲ ص ۱۹۰ وغیرہ واللفظ للبیہقیؒ)

جواب۔ ان حضرات کا یہ کہنا کہ یہ قول امام زہریؒ کا ہے اور مطلب یہ ہے کہ تابعینؒ نے امام کے پیچھے قرأت ترک کر دی تھی..... محض دفع الوقتی پر مبنی ہے اور اصول کے لحاظ سے یہ غلط ہے۔

اوّلاً۔ اس لیے کہ امام بیہقیؒ کا بیان ہے کہ جو جملہ حدیث مرفوع کے ساتھ بیان ہو وہ مرفوع ہی ہوگا۔ الّا یہ کہ اس کے مدرج ہونے پر قاطع دلیل قائم ہو۔ (تلخیص الحبیر ص ۱۲۶) اور کمزور سند اور محض احتمال سے ادراج ثابت نہیں ہو سکتا۔ چنانچہ حافظ ابن حجرؒ لکھتے ہیں کہ محض احتمال سے ادراج ثابت نہیں ہو سکتا۔ (فتح الباری جلد ۱۱ ص ۴۲۵) اور اس کے مدرج ہونے کی کوئی عقلی اور نقلی صحیح دلیل موجود نہیں ہے۔

ثانیاً۔ امام بیہقیؒ، علامہ حازمیؒ، حافظ ابن حجرؒ اور امام نوویؒ لکھتے ہیں۔ واللفظ لہٗ۔

وبیّنا انّ الصحیح بل الصواب الّذی علیہ الفقہاء والاصولیون ومحققوا المحدثون انہ اذا روی الحدیث مرفوعًا وموقوفًا او موصولاً ومرسلاً حکم بالرفع والوصل لانہا زیادۃ ثقۃ وسواء کان الرافع والواصل اکثر اواقل فی الحفظ والعدد۔ (شرح مسلم جلد ۱ ص ۲۵۶)	ہم بیان کر آئے ہیں کہ صحیح بلکہ خالص حق بات یہ ہے جس پر فقہاء، علماء اصول اور محقق محدثین متفق ہیں کہ جب کوئی حدیث مرفوع اور موقوف روایت کی گئی ہو یا موصول اور مرسل بیان ہوئی ہو تو اس صورت میں حدیث مرفوع اور متصل ہی سمجھی جائے گی چاہے رفع اور وصل کرنے والے حفظ اور عدد میں زیادہ ہوں یا کم حدیث بہرحال مرفوع ہوگی۔

علامہ عراقیؒ فرماتے ہیں کہ اگر ایک ہی ثقہ راوی سے معاً دو مسئلوں میں اختلاف پیدا ہو کہ

۱؎ کتاب القرأۃ ص ۴۶

۲؎ کتاب الاعتبار ص ۱۲

۳؎ تلخیص الحبیر ص ۱۲۶

۴؎ شرح مسلم جلد ۱ ص ۲۵۶۔ اور امام نوویؒ نے جلد ۱ ص ۲۸۲ و جلد ۱ ص ۲۷۴ و جلد ۲ ص ۴۰ میں بھی اس کا ذکر کیا ہے اور جلد ۱ ص ۲۸۲ میں حضرت امام بخاریؒ اور امام مسلمؒ کا خاص طور پر نام ذکر کیا ہے۔

کسی وقت وہ موصول بیان کرتا ہے اور کسی وقت مرسل یا کسی وقت وہ مرفوع بیان کرتا ہے اور کسی وقت موقوف۔ تو صحیح قول کی بنا پر اس کے موصول اور مرفوع ہونے کا حکم کیا جائے گا نہ کہ مرسل اور موقوف ہونے کا۔ (شرح الفیہ جلد ۱ ص ۸۳)

نواب صاحب لکھتے ہیں کہ اذا کان الواصل ثقۃ فھو مقبول۔ (دلیل الطالب ص ۲۷)

اور نیز فرماتے ہیں کہ

اختلافے کہ در رفع و وقف اوست قادح در حجیت نہ باشد چہ رفع زیادت است

(ایضاً ص ۱۲۴)

اور نیز لکھتے ہیں کہ قال شیخنا و برکتنا الشوکانیؒ و ھو الحسن اذا جاءت الزیادۃ من طریق الثقۃ۔ (ایضاً ص ۴۶۱) امام زہریؒ کی ثقاہت اور عدالت بھی بالاتفاق مسلم ہے۔ اس لیے اس طے شدہ قاعدہ کے رو سے یہ جملہ بھی مرفوع ہی ہوگا۔

ثالثاً۔ امام ابو داؤدؒ، ابن ابی السرحؒ[1] سے روایت کرتے ہیں وہ معمرؒ[2] سے اور وہ امام زہریؒ سے وہ فرماتے ہیں کہ

قال ابوھریرۃؓ فانتھی الناس۔ (ابو داؤد جلد ۱ ص ۱۲۰) کہ حضرت ابوہریرہؓ نے فرمایا۔ لوگوں نے قرأت ترک کردی تھی۔

---

[1] ابن ابی السرحؒ کا نام احمد بن عمروؒ بن عبد اللہؒ بن عمروؒ بن السرح تھا۔ محدث علیؒ بن الحسنؒ بن خلفؒ کا بیان ہے کہ وہ ثقہ ثبت اور صالح تھے۔ ابو زرعہؒ اور ابو حاتمؒ لا باس بہ سے ان کی توثیق کرتے ہیں۔ ابن یونسؒ ان کو فقیہ اور من الصالحین الاثبات کہتے ہیں۔ امام نسائیؒ ان کو ثقہ کہتے ہیں (تہذیب التہذیب جلد ۱ ص ۶۴) جب یہ ثقہ اور ثبت ہیں تو امام ابو داؤدؒ کے باقی چار اساتذہ اگر اس کو نقل نہیں کرتے تو نہ کریں زیادت ثقہ مطلقاً مقبول ہے۔ اس لیے مؤلف خیر الکلام کا یہ عذر لنگ بھی قابل سماعت نہیں ہے۔ اور اسی طرح لیث بن سعدؒ وغیرہ کا اس جملہ کو نکال دینا اور امام زہریؒ کا سانس پھولنے یا کھانسی وغیرہ کی وجہ سے اس کو آہستہ پڑھنا بھی ہرگز ادراج کی دلیل نہیں ہے۔

[2] معمرؒ بن راشد کو علامہ ذہبیؒ الامام الحجۃ احد الاعلام اور عالم یمن لکھتے ہیں (تذکرہ جلد ۱ ص ۱۷۸) حافظ ابن حجرؒ لکھتے ہیں کہ وہ ثقہ اور ثبت تھے (تقریب ص ۳۴۶) امام احمدؒ بن حنبلؒ سے سوال کیا گیا کہ امام

(باقی اگلے صفحہ پر دیکھئے)

اس صحیح روایت سے معلوم ہوگیا کہ یہ حضرت ابوہریرہؓ کا قول ہے۔ نہ یہ کہ امام زہریؒ کا مدرج ہے۔ جب معمرؒ کا اثبت الناس فی الزھریؒ ہونا محدثین کا طے شدہ قاعدہ ہے۔ تو امام لیثؒ بن سعدؒ اور ابن جریجؒ کا اس جملہ کو نہ نقل کرنا اس کے مدرج ہونے کی ہرگز دلیل نہیں ہو سکتی۔ بلکہ اس میں صحیح اور صواب بات معمرؒ ہی کی ہوگی خصوصاً جبکہ وہ مثبت بھی ہیں۔

رابعاً۔ گو امام اوزاعیؒ بہت بڑے محدث فقیہ اور امام تھے لیکن کتب الرجال میں اس کی تصریح موجود ہے کہ امام زہریؒ سے جو روایت وہ کرتے ہیں وہ حجت نہیں ہو سکتی حافظ ابوعمرؒ بن عبدالبرؒ لکھتے ہیں کہ امام اوزاعیؒ کی امام زہریؒ اور یحییٰؒ بن ابی کثیرؒ سے جملہ روایتیں ضعیف اور کمزور ہیں۔ (کتاب الانصاف ص ۱۰۱ وکتاب العلم ص ۱۰۱) امام ابن معینؒ کا بیان ہے کہ اوزاعیؒ فی الزھری لیس بذاك (تہذیب التہذیب جلد ۶ ص ۲۴۱) کہ امام اوزاعیؒ زہریؒ سے روایت کرنے میں قابل اعتبار نہیں ہیں۔ امام یعقوبؒ بن شیبہؒ کا بیان ہے کہ امام اوزاعیؒ ثقہ اور ثبت تھے۔ لیکن انکی زہریؒ سے جملہ روایتیں کمزور اور ضعیف ہیں۔ (ایضاً) یہ راوی ضعیف نسبتاً نہیں ہے جیسا کہ مؤلف خیر الکلام نے ص ۴۴۰ میں لکھا ہے۔ اور دھوکہ دیا ہے بلکہ یہ محدثینؒ کی تصریح کے مطابق زہریؒ کی روایت میں حقیقتہً ضعیف ہے۔ انصاف شرط ہے کہ امام معمرؒ کی روایت کو (جو اثبت الناس فی الزھریؒ ہیں) چھوڑ کر امام اوزاعیؒ کی روایت کو (جن کی زہریؒ

(بقیہ پچھلا صفحہ) زہریؒ کے تلامذہ میں سے زیادہ ثبت کون ہے؟ فرمایا معمرؒ اثبت الناس فی الزھریؒ۔ (مقدمہ فتح الباری ص ۴۵۵) امام ابن معینؒ کا بیان ہے کہ معمرؒ اثبت الناس فی الزھریؒ۔ (تذکرہ جلد ۱ ص ۱۷۹) لہٰذا زہریؒ کی سب سے زیادہ معتبر اور مستند روایت صرف معمرؒ بن راشدؒ کے طریق ہی سے ہو سکتی ہے۔ اس لیے اس متصل حدیث کو مرسل کہنا جیسا کہ مؤلف خیر الکلام نے ص ۴۳۹ میں کہا ہے بالکل باطل اور مردود ہے۔ اور قاضی مقبول احمد صاحب نے اسے موقوف صحابی اور فہم صحابی کہہ کر گلو خلاصی چاہی ہے جو انتہائی جہالت ہے۔ یہ فہم صحابی نہیں یہ روایت حدیث ہے کہ جب آں حضرت صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے یہ فرمایا تو اس کے نتیجے میں لوگ ہر قسم کی قرأت سے بالکل باز آگئے۔ یہ روایت ہے نہ کہ فہم صحابی۔ الغرض یہ حدیث بالکل صحیح اور قابل قبول ہے۔ البتہ نہ ماننے کا کوئی علاج نہیں۔

کے طریق سے تمام روایتیں کمزور اور ضعیف ہیں۔) کیونکر ترجیح دی جا سکتی ہے؟ امام بیہقی رحمہ اللہ پر امام اوزاعیؒ کی یہ نوازش ہوتی ہے کہ اتنا تو وہ یاد رکھ سکے ہیں کہ یہ جملہ مرفوع حدیث میں نہیں ہے۔ مگر سند محفوظ نہیں رکھ سکے۔ امام بیہقی علیہ الرحمۃ کو کیا مصیبت درپیش ہے کہ وہ ان لایعنی اور بے سند باتوں اور تار عنکبوت سے معمرؒ کی صحیح روایت کو رد کر کے اصول شکنی کرتے ہیں؟ مگر سچ ہے ایک غلطی کے درست کرنے کے لیے متعدد[1] غلطیوں کا ارتکاب کرنا پڑتا ہے۔

خامسًا۔ اگر یہ جملہ بالفرض حضرت ابوہریرہؓ کا نہ ہو بلکہ امام زہریؒ کا ہو۔ تب بھی کامیابی اور فتح جمہور ہی کی ہوگی۔ فریق ثانی کو بغیر حرماں نصیبی کے اور کچھ حاصل نہ ہوگا۔ شیخ الاسلام ابن تیمیہؒ لکھتے ہیں کہ اگر بالفرض فانتھی الناس الخ کو امام زہریؒ کا مدرج ہی تسلیم کر لیا جائے۔ تب بھی یہ اس بات کی ایک بہت بڑی وزنی دلیل ہوگی کہ امام کے پیچھے قرأت کرنا صحیح نہیں ہے کیونکہ امام زہریؒ اپنے وقت میں سنت اور حدیث کے بہت بڑے امام تھے۔ اگر امام کے پیچھے قرأت کرنا ضروری ہوتا تو یہ مسئلہ امام زہریؒ سے کیسے مخفی رہ سکتا تھا؟ جب امام زہریؒ یہ فرماتے ہیں کہ جہری نمازوں میں لوگوں نے قرأت ترک کر دی تھی۔ تو یہ اس بات کی کھلی اور معقول دلیل ہے کہ حضرات صحابہؓ و تابعینؒ امام کے پیچھے قرأۃ نہیں کیا کرتے تھے اور اسی پر امام موصوفؒ نے ان کو عامل پایا (فتاوی جلد ۱ ص ۱۴۵)

سادسًا۔ راقم الحروف کہتا ہے کہ فریق ثانی اس جملہ کو امام زہریؒ کا مدرج تسلیم کرتا ہے۔ اگر یہ جملہ (فانتھی الناس الخ) سرے سے اس حدیث میں نہ ہو اور روایت مالی انازع القرآن پر ہی ختم ہو جائے (جیسا کہ امام لیثؒ بن سعدؒ وغیرہ کی روایت یہیں ختم ہوتی ہے) تو پھر بھی یہ حدیث جمہور کی دلیل ہے۔ کیونکہ آں حضرت صلی اللہ تعالیٰ علیہ وآلہ وسلم کے پیچھے قرأت کرنیوالا

---

[1] مثلاً یہ کہ صحیح اور ضعیف حدیث کا تعارض ہو تو صحیح قابل اخذ اور ضعیف متروک ہوگی۔ ثقہ کی زیادت مقبول ہوگی۔ واصل اور رافع کی روایت کو ترجیح ہوگی۔ مثبت کو نافی پر ترجیح ہوگی۔ امام معمرؒ اثبت الناس فی الزہری رہ ہیں۔ امام اوزاعیؒ فی الزہری لیس بذاک وغیرہ وغیرہ تمام طے شدہ قواعد کو محض ایک غلط بات کو درست کرنے کے لیے ٹھکرایا جا رہا ہے۔ فوا عجباہ واسفا۔

صرف ایک ہی شخص تھا اور اس کو بھی آپ نے گوارا نہ فرمایا۔ پہلے آپ نے نماز سے فارغ ہو کر فوراً سوال کیا۔ اور پھر اس شخص کے اقرار کرنے کے بعد مالی انازع القرآن کے جملہ سے اس کی قرأت کو ناپسند کرتے ہوئے ڈانٹ ڈپٹ اور تنبیہ فرمائی اگر فانتہی الناس کا جملہ سرے سے نہ ہو تو کیا اس تنبیہ کے بعد بھی اس کا حضرات صحابہ کرامؓ سے احتمال ہے کہ وہ باقاعدہ امام کے پیچھے قرأت کرتے رہے ہ؟ حَاشَا وَکَلَّا۔ راقم کہتا ہے کہ اگر اس حدیث میں اور کچھ بھی نہ ہوتا صرف یہی جملہ ہوتا۔ ھل قرأ معی منکم احدؐ تو پھر بھی یہ جمہور کی دلیل کے لیے کافی ہوتا، حالانکہ جملہ فانتہی الناس حضرت ابوہریرہؓ کا ارشاد ہے، جیساکہ بسند صحیح آپ ملاحظہ کر چکے ہیں۔

اصلی بات یہ ہے کہ امام زہریؒ کے فانتھی الناس الخ کے مضمون کے سمجھنے میں فریق ثانی کو غلطی[۲] واقع ہے جس کے سبب انھوں نے پیچ در پیچ غلطیوں کا ارتکاب کیا ہے اور ایک بے بنیاد

---

[۱] آپ نے ھل قرأ ارشاد فرمایا ہے۔ ھل جھر نہیں فرمایا جس سے سورۂ فاتحہ کی قرأت ہر طرح ممنوع ہو گی۔ اس لیے ھل قرأ کو جہر پر حمل کرنا یا ھل قرأ کو ما زاد علی الفاتحہ پر حمل کرنا جیساکہ امام بیہقیؒ وغیرہ نے کیا ہے۔ (سنن الکبریٰ جلد ۲ ص ۱۵۹ وغیرہ) یقیناً باطل اور مردود ہے اور حمل النصوص علی ظواھرھا کے خلاف ایسا مطلب مراد لینا ہرگز صحیح نہیں۔ رہا یہ سوال کہ اگر پڑھنے والے نے آہستہ قرأت کی تھی تو حضور صلی اللہ تعالیٰ علیہ وآلہ وسلم کو کیسے علم ہوا؟ تو یہ بڑی سطحی قسم کی بات ہے۔ احادیث میں آتا ہے کہ آپ کو نماز کی حالت میں ایک مخصوص کیفیت حاصل تھی جس سے آپ مقتدیوں کے رکوع و سجود اور خشوع کو ملاحظہ کر لیتے تھے۔ (مشکوٰۃ جلد ۱ ص ۸۴) ایک موقع پر آپ نے فرمایا کہ ان لوگوں کا کیا حال ہے جو اچھی طرح وضو کر کے نہیں آتے جس کی وجہ سے ہم پر قرآن کریم کی قراۃ ملتبس ہو جاتی ہے (نسائی جلد ۱ ص ۱۱۱) حافظ ابن کثیرؒ اسی مضمون کی ایک اور روایت کے متعلق لکھتے ہیں کہ اسنادہ حسن ومتن حسن۔ اس سے معلوم ہوا کہ آپ مقتدیوں کے وضو کے نقصان سے متاثر ہوتے تھے۔ اس سے یہ بھی معلوم ہوا کہ مقتدی کی نماز امام کی نماز سے (صحتہً وفساداً) وابستہ اور متعلق ہوتی ہے۔ (تفسیر ابن کثیر جلد ۴ ص ۴۴۱) لہٰذا مقتدی کی آہستہ قرأت سے آپ کا متاثر ہونا بعید نہ تھا۔ اس لیے نماز کی حالت میں آپ کی طبیعت لطیف تر اور شفاف تر ہو جاتی تھی۔

[۲] امام زہریؒ مرفوع حدیث بیان کر رہے تھے جس میں فانتھی الناس الخ کا جملہ بھی تھا۔ امام موصوفؒ

(باقی اگلے صفحہ پر)

اور پادر ہوا بات کی درستی کے لیے قدم قدم پر ٹھوکریں کھاتی ہیں۔

تیسرا اعتراض: مبارک پوری صاحبؒ وغیرہ لکھتے ہیں کہ اس حدیث سے امام کے پیچھے صرف جہری نمازوں میں قرآت کی ممانعت آتی ہے۔ حالانکہ تم سری اور جہری نمازوں میں امام کے پیچھے قرآت کے منکر ہو۔ لہٰذا تمہارا دعویٰ عام اور دلیل خاص ہے۔ (تحقیق الکلام وغیرہ)

(بقیہ حاشیہ پچھلا صفحہ) کے شاگرد بکثرت تھے۔ ایک نے یہ جملہ براہِ راست امام زہریؒ سے نہ سنا تو رفیق سبق سے پوچھا کہ امام زہریؒ نے کیا فرمایا تھا۔ وہ بولے فانتھی الناس الخ کہا تھا۔ اس سے بعض کو یہ دھوکہ ہوا کہ شاید یہ جملہ امام زہری کا مدرج ہے۔ حالانکہ یہ جملہ بھی مرفوع حدیث میں موجود تھا۔ (فتح الملہم جلد ۲ ص ۳۲ و اعلاء السنن جلد ۴ ص ۸۸) چنانچہ روایت یوں ہے کہ

وقال عبد الله بن محمد الزهري	اپنے ساتھیوں میں سے عبد اللہؒ بن محمدؒ نے
من بينهم قال سفيان وتكلم الزهري	یہ بیان کیا کہ سفیانؒ نے فرمایا کہ امام زہریؒ نے ایک
بكلمة لم اسمعها فقال معمر انه	کلمہ بیان کیا لیکن میں خود ان سے نہ سن سکا۔ میں نے
قال فانتهى الناس الخ	پوچھا کہ انھوں نے کیا فرمایا ہے؟ امام معمرؒ نے فرمایا کہ زہریؒ
(ابوداؤد جلد ۱ ص ۱۲۰، کتاب القرآۃ ص ۹۹، سنن الکبریٰ ج ۲ ص ۱۵۸)	نے فانتھی الناس الخ کا جملہ بیان کیا ہے۔

اور کتب احادیث میں اس کی متعدد نظیریں موجود ہیں۔ مثلاً زہیرؒ کا بیان ہے کہ ابو الزبیرؒ حدیث بیان کر رہے تھے۔ ایک جملہ میں نہ سن سکا۔ وہ جملہ مجھے میرے رفیق درس یاسین زیاتؒ نے بتایا۔ (طیالسی ص ۲۴۰) حضرت جابرؓ بن سمرہؓ فرماتے ہیں کہ آنحضرت صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم حدیث ارشاد فرما رہے تھے لیکن ایک جملہ میں نہ سن سکا۔ میں نے اپنے رفیق سے پوچھا تو اس نے مجھے بتلایا (ترمذی جلد ۲ ص ۴۵، ابوداؤد جلد ۲ ص ۲۳۲، طیالسی ص ۱۰۵، بغدادی جلد ۱ ص ۱۹۶) حضرت عبد اللہؓ بن قرطؓ فرماتے ہیں کہ آں حضرت صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے حدیث بیان کی مگر ایک خفیف سا کلمہ میں نہ سن سکا۔ میں نے پہلو میں اپنے رفیق سے پوچھا تو اس نے مجھے بتایا (مستدرک جلد ۴ ص ۲۲۱) حضرت اسماءؓ بنت ابی بکرؓ فرماتی ہیں کہ جناب رسول خدا صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے حدیث بیان کی لیکن ایک جملہ اہل مجلس کے رونے اور شور و غل کی وجہ سے میں نہ سن سکی۔ میرے قریب جو صاحب بیٹھے تھے۔ میں نے ان سے دریافت کیا تو انھوں نے وہ جملہ مجھے بتایا۔ (نسائی جلد ۱ ص ۲۲۴ و مشکوٰۃ جلد ۱ ص ۲۶) اور یہ تمام جملے مرفوع حدیث کے ساتھ تھے۔ یہی حال فانتھی الناس الخ کے جملہ کا ہوا ہے۔

جواب :- یہ ٹھیک ہے کہ جمہور اہل اسلام تمام نمازوں میں امام کے پیچھے قرأۃ کے عدم جواز کے قائل ہیں لیکن یہ دعویٰ کس نے کیا ہے کہ تمام نمازوں میں مقتدی کے لیے عدم جواز قرأۃ کی دلیل صرف یہی ایک حدیث ہے۔ ہاں جہری نمازوں میں عدم جواز قرأۃ خلف الامام کی ایک دلیل یہ روایت بھی ہے باقی سری نمازوں کے لیے قرآن کریم کی آیت۔ حضرت ابو موسیٰ الاشعریؓ، حضرت ابو ہریرہؓ اور حضرت انس بن مالکؓ کی حدیث واذا قرء فانصتوا پہلے بیان ہو چکی ہے۔ بقیہ دلائل اپنے مقام پر بیان ہوں گے۔ انشاء اللہ تعالیٰ یہ نقد تو وصول کر لیجئے۔ اور ادھار کے منتظر رہیے۔ دنیا بامید قائم است۔

باقی امام بیہقیؒ وغیرہ کا ابن اکیمہؒ کی روایت کا علاءؒ بن عبدالرحمٰنؒ کی روایت سے معارضہ کر کے علاءؒ بن عبدالرحمٰنؒ کی روایت کو ترجیح دینا سو یقیناً مردود ہے، جس کی پوری تشریح اپنے مقام پر آئے گی۔ انشاء اللہ العزیز اور یہ بات بھی اپنے مقام پر انشاء اللہ تعالیٰ باحوالہ آئے گی کہ حضرت ابوہریرہؓ جہری نمازوں میں امام کے پیچھے قرأۃ نہیں کرتے تھے۔ لہٰذا مؤلف خیر الکلام کا یہ کہنا کہ حضرت ابوہریرہؓ کا فتویٰ جہری نمازوں کو بھی شامل ہے بالکل بے کار ہے۔

پانچویں حدیث۔ امام عبداللہؒ[1] فرماتے ہیں کہ مجھ سے والد ماجد امام احمدؒ بن حنبلؒ نے بیان کیا۔ وہ فرماتے ہیں کہ ہم سے یعقوبؒ بن ابراہیمؒ[2] نے بیان کیا۔ وہ محمدؒ بن عبداللہ بن مسلمؒ[3] سے روایت کرتے ہیں

---

[1] علامہ ذہبیؒ ان کو الامام الحافظ اور الحجۃ لکھتے ہیں۔ (تذکرہ جلد ۲ ص ۲۱۳) امام احمدؒ کا ترجمہ مقدمہ میں نقل کیا جا چکا ہے۔

[2] علامہ ابن معینؒ اور عجلیؒ ان کو ثقہ کہتے ہیں۔ ابن سعدؒ ان کو ثقہ اور مامون کہتے ہیں۔ ابن حبانؒ ان کو ثقات میں لکھتے ہیں۔ (تہذیب التہذیب جلد ۱۱ ص ۳۸۰) علامہ ذہبیؒ ان کو الامام اور الحافظ لکھتے ہیں۔ (تذکرہ جلد ۱ ص ۳۰۴)

[3] امام احمدؒ ان کو صالح الحدیث اور لا بأس بہ کہتے ہیں۔ ابن معینؒ ایک روایت میں ان کو صالح کہتے ہیں۔ ابو حاتمؒ کہتے ہیں کہ ان کی روایتیں لکھی جا سکتی ہیں۔ امام ابوداؤدؒ ان کو ثقہ کہتے ہیں۔ ابن عدیؒ کا بیان ہے کہ مجھے ان کی کسی حدیث میں خرابی معلوم نہیں اور نہ میں نے ان کی کوئی حدیث منکر نہیں دیکھی۔ واقدیؒ ان کو کثیر الحدیث اور صالح کہتے ہیں۔ یہ صحاح ستہ کے راوی ہیں (اور یہ بالکل ایک ظاہر امر ہے کہ صحاح ستہ کے راوی میں اگر کوئی کمزوری ہو تو قابل برداشت ہوتی ہے جبکہ مقابلہ میں کوئی ثقہ راوی نہ ہو) صحیح بخاری میں ان کی دو حدیثیں ہیں۔ (تہذیب التہذیب جلد ۹ ص ۲۸۱) امام زہریؒ کا ترجمہ مقدمہ میں گزر چکا ہے۔

وہ امام زہریؒ سے روایت کرتے ہیں۔ وہ فرماتے ہیں کہ مجھ سے عبدالرحمٰن بن ہرمزؒ نے بیان کیا۔ وہ عبداللہ بن بحینہ رضی اللہ عنہ سے روایت کرتے ہیں۔ وہ فرماتے ہیں کہ آں حضرت صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے ارشاد فرمایا کہ

هل قرأ احد منكم معى آنفا قالوا نعم قال انى اقول مالى انازع القرآن فانتهى الناس عن القرأة معه حين قال ذلك۔

(مسند احمد جلد ۵ ص ۳۴۵)

کیا تم میں سے کسی نے ابھی میرے ساتھ قرأت کی ہے؟ حضرات صحابہ کرام رضی اللہ عنہم نے عرض کیا جی حضرت قرأت کی ہے۔ آپ نے ارشاد فرمایا تب ہی تو میں (دل میں) کہہ رہا تھا کہ میرے ساتھ قرآن کریم کی قرأت میں منازعت اور کشمکش کیوں کی جا رہی ہے؟ آپ کا یہ ارشاد جب سنا تو لوگوں نے آپ کے پیچھے قرأت ترک کر دی۔

امام ابوبکر ہیثمیؒ (المتوفی ۸۰۷ھ) اس حدیث کے بارے میں تحریر فرماتے ہیں کہ رواه احمد ورجال احمد رجال الصحيح۔ (مجمع الزوائد جلد ۲ ص ۱۰۹) یہ روایت امام احمدؒ نے بیان کی ہے اور امام احمدؒ کی سند کے تمام راوی صحیح بخاری کے راوی ہیں۔ اس کے آگے علامہ ہیثمیؒ نے امام بزارؒ کا وہ اعتراض نقل کیا ہے جو عنقریب آرہا ہے۔ الغرض سند کے لحاظ سے یہ روایت بھی صحیح ہے۔ اور اس میں جہری نماز کی کوئی قید بھی مذکور نہیں ہے۔ لہٰذا یہ روایت جہری اور سری تمام نمازوں کو شامل ہے۔ گویا اس روایت کے پیش نظر حضرات صحابہ کرام رضی اللہ عنہم نے آں حضرت صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کے پیچھے تمام نمازوں میں قرأت ترک کر دی تھی۔ (ملاحظہ ہو احکام القرآن جلد ۳ ص ۵۲ للجصاص الرازیؒ) اور اگر اس روایت میں جہر کی قید بھی ہو جیسا کہ مجمع الزوائد جلد ۲ ص ۱۱۰

---

[۱] امام ذہبیؒ ان کو الحافظ اور ثبت لکھتے ہیں۔ (تذکرہ ۱ ص ۹۱)

[۲] بحینہ ان کی والدہ کا نام تھا (نووی ۱ ص ۲۱۱، طبقات ابن سعد جلد ۴ قسم دوم صفحہ ۱۰) والد کا نام مالک تھا۔ (صحیح مسلم ۱ ص ۲۱۱) مدینہ سے تیس میل دور مقام ریم میں متوطن ہو گئے تھے (استیعاب جلد ۱ ص ۳۵۱) اور جلیل القدر فضلائے صحابہؓ میں ان کا شمار تھا۔ (اصابہ جلد ۲ ص ۱۴۱) المتوفی ۵۵ھ

[۳] یہ روایت سنن الکبریٰ جلد ۲ ص ۱۵۸ اور کتاب القرأۃ ص ۹۵ وغیرہ میں بھی مذکور ہے۔

کی ایک روایت میں ہے صلی صلوٰۃ یجھر فیھا الخ تب بھی جہری نمازوں میں ترک قرأۃ خلف الامام پر سابق روایت کی طرح یہ صریح دلیل ہے۔ اس روایت پر امام بزارؒ اور امام بیہقیؒ وغیرہ نے یہ اعتراض کیا ہے کہ اس میں محمدؒ بن عبداللہؒ بن مسلمؒ نے خطا کی ہے۔ اصل روایت عنؒ ابن اکیمہ عن ابی ھریرۃؓ الخ تھی۔ لیکن انھوں نے عن ابن بحینہؓ کر دی ہے۔ اور پھر محض لفظوں کے ذریعہ یوں رعب جمانے کی سعی کی ہے کہ ھذا خطأ لا شك فیہ ولا ارتیاب۔ (سنن الکبریٰ ۲ ص ۱۵۹ وغیرہ) لیکن محض ظن اور اٹکل سے ایسے لا یعنی اور بیکار اعتراض کون سنتا ہے؟ کیا ابن اکیمہؒ اور حضرت ابوہریرہؓ کے علاوہ عبداللہ بن بحینہؓ جناب رسول خدا صلی اللہ تعالیٰ علیہ وآلہ وسلم سے ترک قرأت خلف الامام کی روایت نقل کرنے کے مجاز نہیں تھے؟ اور کیا امام احمدؒ بن حنبلؒ اور علامہ ہیثمیؒ وغیرہ کو یہ غلطی اور خطا معلوم نہ ہو سکی؟ نہ تو اس میں اندراج کی غلطی سے انتقال سند ہے جیسا کہ مؤلف خیر الکلام نے ص ۴۴۲ میں کہا ہے اور نہ یہ روایت ضعیف ہے۔ وعلی سبیل التنزل اگر یہ روایت عن ابن اکیمہؒ عن ابی ھریرۃؓ ہی ہو۔ تب بھی یہ صحیح روایت پہلی روایت کی مؤید ہو گی اور اس کا صحیح ہونا آپ معلوم ہی کر چکے ہیں۔ حالانکہ یہ روایت عبداللہؓ ابن بحینہؓ ہی سے مروی ہے۔ امام معمرؒ اور سفیانؒ بن عیینہؒ کی زہریؒ عن ابن اکیمہ الخ کی روایت اپنے مقام پر صحیح ہے۔ نہ تو دونوں میں تعارض ہے اور نہ اختلاف۔ رہا اس روایت میں قرأت کو جہر پر محمول کرنا یا اس میں قرأت کو ما زاد علی الفاتحۃ پر محمول کرنا جیسا کہ امام بیہقیؒ نے کیا ہے۔ (سنن الکبریٰ جلد ۲ ص ۱۵۹) تو محض فرسودہ اور بے حقیقت تاویل ہے۔ اور خالص سینہ زوری پر محمول ہے۔ سامحہ اللہ تعالیٰ بجمیع فضلہ۔

لہ علامہ ہیثمیؒ وغیرہ کہتے ہیں کہ اس روایت کے جملہ راوی بخاری کے راوی ہیں۔ اگر اس روایت کو ابن اکیمہ سے تسلیم کیا جائے تو ابن اکیمہؒ بخاری کے راوی نہیں ہیں۔ لہٰذا ان کا رجالہ رجال الصحیح کہنا ہی امام بزارؒ کی تردید کے لیے کافی ہے اور اپنے وقت میں اگر علامہ ہیثمیؒ کو صحت اور سقم کی پرکھ نہیں تو اور کس کو تھی؟ مؤلف خیر الکلام کا ہیثمیؒ پر اعتراض بے سود ہے اگرچہ مسند احمد کی بعض روایتیں ضعیف دیکھ لیں مگر یہ سند بالکل صحیح ہے کیونکہ اس کے جملہ راوی بخاری کے راوی ہیں۔

چھٹی حدیث: امام بزار[1] فرماتے کہ ہم سے محمد[2] بن بشار اور عمرو بن علی[3] نے بیان کیا۔ وہ دونوں فرماتے ہیں کہ ہم سے ابو احمد[4] نے بیان کیا۔ وہ فرماتے ہیں کہ ہم سے یونس[5] بن ابی اسحاق نے اپنے باپ[6] سے بیان کیا۔ وہ ابو الاحوص[7] سے روایت کرتے ہیں اور وہ حضرت عبداللہ[8] بن مسعود سے روایت کرتے ہیں۔ انھوں نے فرمایا:

---

[1] صاحب مسند احمد بن عمرو بن عبدالخالق (المتوفی ۲۹۲ھ) علامہ ذہبی ان کو الحافظ اور العلامہ لکھتے ہیں۔ (تذکرہ جلد ۲ ص ۲۰۴)

[2] حافظ ابن حجر ان کو الحافظ اور عجلی ان کو ثقہ اور کثیر الحدیث کہتے ہیں۔ ابو حاتم صدوق اور نسائی لا باس کہتے ہیں۔ مسلمہ بن قاسم ان کو ثقہ اور مشہور کہتے ہیں۔ دار قطنی ان کو من الحفاظ والاثبات کہتے ہیں ابن حبان ثقات میں لکھتے ہیں۔ (تہذیب التہذیب جلد ۹ صـ۷۱) عمرو بن علی کو امام ابو زرعہ من فرسان الحدیث اور دار قطنی من الحفاظ کہتے ہیں۔ ابن حبان ثقات میں لکھتے ہیں۔ مسلمہ بن قاسم ان کو ثقہ اور حافظ کہتے ہیں۔ (تہذیب التہذیب جلد ۸ صـ۸۱)

[3] ان کا نام محمد بن عبداللہ بن الزبیر تھا۔ امام ابن نمیر، ابن معین اور عجلی ان کو ثقہ کہتے ہیں۔ بندار کا بیان ہے کہ میں نے ان سے بڑا حافظ نہیں دیکھا۔ محدث ابو زرعہ اور ابن خراش ان کو ثقہ کہتے ہیں امام ابو حاتم ان کو حافظ الحدیث کہتے ہیں۔ امام نسائی لیس به باس ابن قانع ثقہ اور ابن سعد ان کو صدوق اور کثیر الحدیث کہتے ہیں۔ (ایضاً جلد ۹ صـ۲۵۵)

[4] امام ابن معین اور ابن سعد ان کو ثقہ کہتے ہیں۔ ابن عدی حسن الحدیث اور نسائی لا باس به کہتے ہیں۔ عجلی ان کو جائز الحدیث کہتے ہیں اور ابن شاہین ان کو ثقات میں لکھتے ہیں۔ (ایضاً جلد ۱۱ صـ۴۳۳)

[5] ابو اسحاق السبیعی علامہ ابن ناصر الدین ان کو بڑے حافظ اور ائمہ دین میں شمار کرتے ہیں (شذرات الذہب جلد ۱ صـ۱۷۴) امام نووی لکھتے ہیں ان کی توثیق جلالت اور شان پر سب کا اتفاق ہے (تہذیب الاسماء جلد ۲ صـ۱۷۱) علامہ ذہبی ان کو الحافظ اور احد الاعلام لکھتے ہیں۔ (تذکرہ جلد ۱ صـ۱۰۱) امام احمد، ابن معین، نسائی، عجلی اور ابو حاتم وغیرہ سب ان کو ثقہ کہتے ہیں۔ (تہذیب التہذیب جلد ۸ صـ۶۵)

[6] ان کا نام عوف بن مالک بن نضلہ تھا۔ امام ابن معین، ابن سعد اور نسائی ان کو ثقہ کہتے ہیں۔ ابن حبان ان کو ثقات میں لکھتے ہیں۔ (ایضاً جلد ۸ صـ۱۶۹) حضرت ابن مسعود جلیل القدر صحابی تھے جن کے کچھ مناقب باب اول میں بیان ہو چکے ہیں۔

كانوا يقرؤن خلف النبي صلى الله عليه وسلم فقال خلطتم عليّ القرآن۔ (احکام القرآن جلد ۳ صـ۱۵ وطحاوی جلد ۱ صـ۱۰۱، الجوہر النقی جلد ۲ صـ۱۶۲)

کہ لوگ آں حضرت صلی اللہ تعالیٰ علیہ وآلہ وسلم کے پیچھے قرأت کرتے تھے۔ آپ نے ارشاد فرمایا کہ تم نے مجھ پر قرآن مجید کی قرأت خلط ملط کر دی ہے۔

اس روایت سے معلوم ہوا کہ آپ نے اپنے پیچھے قرأت کرنے والوں کی قرأت کو گوارا نہ فرمایا اور مخصوص لہجہ میں ناپسندیدگی کا اظہار کرتے ہوئے تنبیہ فرمائی اور اس میں چونکہ جہری نماز کی قید نہیں۔ اس لیے سب نمازوں کو یہ روایت شامل ہوگی۔ اور آہستہ قرأت کرنے بلکہ مقتدیوں کے عدم تکمیل وضو سے آپ کا متاثر ہونا پہلے نقل ہو چکا ہے۔ علامہ ہیثمیؒ لکھتے ہیں کہ یہ روایت مسند احمد، مسند ابو یعلیٰ اور مسند بزار میں مروی ہے۔ اور مسند احمد کی روایت کے جملہ راوی صحیح بخاری کے راوی ہیں۔ (مجمع الزوائد جلد ۲ صـ۱۱۰) علامہ ماردینیؒ لکھتے ہیں کہ وھذا سند جید کہ یہ عمدہ اور کھری سند ہے۔ (الجوہر النقی جلد ۲ صـ۱۶۲) اور قرأت چونکہ مطلق ہے اس لیے سورۂ فاتحہ اور قرآن کریم کی جملہ سورتوں کی قرأت کو شامل ہے کیونکہ آں حضرت صلی اللہ تعالیٰ علیہ وآلہ وسلم نے جہر اور سر کا کوئی فرق بیان نہیں فرمایا۔ (احکام القرآن جلد ۳ ص ۱۵)

اس روایت میں قرأ کو جہر پر یا قرأت کو ما زاد علی الفاتحۃ پر بجبر محمول کرنا جیسا کہ امام بیہقیؒ کی تقلید میں کرنے والوں نے (جن میں قاضی مقبول احمد صاحب بھی ہیں) کیا ہے بالکل غلط ہے ایسی لایعنی تاویلات کو کون مانتا ہے؟

بعض طرق میں اس کا ذکر آتا ہے کہ حضرات صحابہؓ آپ کے پیچھے جہر سے قرأت کرتے تھے مگر فیجھرون کے الفاظ سنداً ومعناً محل نظر ہیں۔ یہ روایت دارقطنی جلد ۱ ص ۱۳۰ میں ہے، لیکن پوری سند یوں ہے: عن یونس بن ابی اسحٰق عن الاحوص.... الخ اور گو تعلیق المغنی میں کہا ہے: اسنادہ حسن مگر مؤلف خیر الکلام کے اصول سے یہ صحیح نہیں ہے وہ لکھتے ہیں کہ

اس کی سند میں ابو اسحاق سبیعیؒ ہیں حافظ ابن حجرؒ نے ان کو تیسرے طبقہ کے مدلسین

میں شمار کیا ہے۔ طبقات المدلسین ص۱۳ اور اس طبقہ کی روایات بدون تصریح سماع مقبول نہیں ہوتیں ...... الخ (خیر الکلام ص۲۹۸) بقول ان کے یہ نہ تو صحیح ہے اور نہ مقبول علاوہ ازیں امام احمدؒ فرماتے ہیں کہ یونسؒ کی اپنے والد سے روایت ضعیف ہے۔ (تہذیب التہذیب جلد ۱۱ ص ۴۳۴) اور مؤلف خیر الکلام نے ص ۱۹۰ میں لکھا کہ بعض اہل علم ابو اسحاقؒ کو آخر اختلاط کی وجہ سے چھوڑ چکے ہیں۔ (میزان جلد ۲ ص ۲۹۲) لہٰذا متروک کی روایت کا کیا اعتبار۔ کم از کم ان کو اپنے پیش کردہ اصول کا خیال تو ملحوظ رکھنا چاہیے۔

ساتویں حدیث: امام بیہقیؒ فرماتے ہیں کہ ہم سے ابو الحسن علیؒ[۱] بن احمد حمامی مقریؒ نے بیان کیا۔ وہ فرماتے ہیں کہ ہم سے احمدؒ[۲] بن سلیمان فقیہؒ نے بیان کیا۔ وہ فرماتے ہیں کہ ہم سے ابراہیمؒ[۳] بن ہیثمؒ نے بیان کیا۔ وہ فرماتے ہیں کہ ہم سے آدمؒ[۴] نے بیان کیا۔ وہ فرماتے ہیں کہ

---

[۱] علامہ خطیبؒ لکھتے ہیں کہ وہ صادق دیندار، فاضل اور حسن الاعتقاد تھے۔ (بغدادی جلد ۱۱ ص۳۲۹) مؤلف خیر الکلام نے (ص۲۴۲ میں) یہ کہا ہے کہ ابن ابی الفوارسؒ کہتے ہیں ضعیف جداً سخت ضعیف ہے۔ میزان جلد ۲ ص۲۱۷، اور لسان المیزان جلد ۴ ص۱۹۴) مگر یہ ان کی جہالت ہے کیونکہ جن کی تضعیف ابن ابی الفوارسؒ نے کی ہے وہ علیؒ بن احمدؒ بن ابی قیس المقری الرفاعی ...... الخ ہیں جن کی وفات ۳۵۲ھ میں ہوتی ہے۔ دیکھئے لسان جلد ۴ ص۱۹۴ وغیرہ اور زیر بحث سند میں علیؒ بن احمد بن عمرؒ بن حفصؒ ابو الحسن المقری المعروف بابن الحمامیؒ ہیں جن کی وفات ۴۱۷ھ میں ہوئی (دیکھئے بغدادی جلد ۱۱ ص۳۳۱) اس لیے مؤلف خیر الکلام کا (ص۲۴۲ میں یہ کہنا کہ پھر یہ حدیث بالکل منکر شاذ اور ضعیف ہے۔ انتہی بلفظہ قطعاً باطل اور مردود ہے۔

[۲] علامہ ذہبیؒ ان کو الامام، الحافظ، الفقیہ اور شیخ العلماء لکھتے ہیں۔ (تذکرہ جلد ۳ ص۶۹)

[۳] امام بیہقیؒ لکھتے ہیں کہ وہ ثقہ تھے۔ (بحوالہ الجوہر النقی جلد ۱ ص۱۰) دارقطنیؒ ان کو ثقہ لکھتے ہیں (جلد ۱ ص۱۸) ابن عدیؒ ان کو مستقیم الحدیث کہتے ہیں۔ ابن حبانؒ ان کو ثقات میں لکھتے ہیں۔ (لسان المیزان جلد ۱ ص ۱۲۳) خطیبؒ ان کو ثقہ اور ثبت لکھتے ہیں۔ (بغدادی جلد ۶ ص۲۰۶)

[۴] آدمؒ ابن ابی ایاسؒ، امام ابوداؤدؒ، ابن معینؒ اور عجلیؒ ان کو ثقہ کہتے ہیں۔ ابو حاتمؒ ان کو ثقہ اور

(باقی اگلے صفحہ پر)

ہم سے ابن ابی ذئبؒ نے بیان کیا۔ وہ محمدؒ بن عمروؒ سے اور وہ محمد بن عبدالرحمٰنؒ بن ثوبانؒ سے اور وہ حضرت ابوہریرہؓ سے روایت کرتے ہیں وہ فرماتے ہیں کہ آں حضرت صلی اللہ تعالیٰ علیہ و آلہ وسلم نے ارشاد فرمایا کہ

ما کان من صلوٰۃ یجھر فیھا الامام بالقراۃ فلیس لاحد ان یقرأ معہ۔ (کتاب القراۃ ص ۹۹، ص ۱۴۱ طبع اشرف پریس)

جس نماز میں امام جہر سے قرأت کرتا ہو۔ اس نماز میں کسی کو یہ حق حاصل نہیں کہ امام کے ساتھ قرأت کرے۔

یہ روایت بھی اس بات کو واشگاف کرتی ہے کہ جہری نمازوں میں امام کے پیچھے کسی مقتدی کو اس کی گنجایش نہیں ہے کہ وہ امام کے پیچھے کسی قسم کی قرأت کرے۔ امام بیہقیؒ نے قرأت سے جہر اور ما زاد علی الفاتحۃ کی قرأت مراد لی ہے۔ لیکن یہ قطعاً غلط ہے۔ جناب رسولِ خدا صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم مامور من اللہ تھے۔ اور آپ کو فاصدع بما تؤمر کا حکم تھا۔ مطلق قرأت اور سورۃ فاتحہ کی مقید قرأت میں نیز نفسِ قرأت اور جہر بالقراۃ میں آپ اچھی طرح فرق جانتے تھے۔ پھر نہ معلوم آپ نے اتنی رازداری اور کنایہ سے کام کیوں لیا؟ آپ نے یہ کیوں نہ فرمادیا کہ فلیس لاحد ان یجھر معہ اور یہ کیوں نہ فرمادیا: فلیس لاحد ان یقرأ معہ غیر سورۃ الفاتحۃ آپ کے الفاظ تو یہ ہیں فلیس لاحد ان یقرأ معہ کسی کو یہ حق نہیں کہ امام کے ساتھ کسی قسم کی قرأت کرے۔ آپ کے مطلق حکم کو بلادلیل مقید کردینا

(بقیہ گذشتہ صفحہ) مامون کہتے ہیں۔ فتح بن لا بأس بہ کہتے ہیں۔ ابن حبانؒ ثقات میں لکھتے ہیں (تہذیب التہذیب جلد ۱ ص ۱۹۲)

لہ ثقہ، فقیہ اور فاضل تھے۔ (تقریب ص ۳۲۹)

ئلہ امام ابوزرعہؒ، نسائیؒ اور ابن سعدؒ ان کو ثقہ کہتے ہیں۔ ابوحاتمؒ ان کو ثقہ اور صالح الحدیث کہتے ہیں۔ (ایضاً جلد ۹ ص ۳۷۴)

ئلہ ابن سعدؒ، ابوزرعہؒ، نسائیؒ ان کو ثقہ کہتے ہیں۔ ابوحاتمؒ کا بیان ہے کہ وہ تابعینؒ میں تھے اور ایسے ثقہ تھے کہ ان کے مثل سے سوال نہیں ہوسکتا۔ ابن حبانؒ ان کو ثقات میں لکھتے ہیں (ایضاً جلد ۹ ص ۲۹۴) حضرت ابوہریرہؓ مشہور صحابی تھے۔ غرضیکہ اس روایت کا ایک ایک راوی ثقہ اور ثبت ہے۔

اور مطلق قرأت کو مقید قرأت پر بغیر کسی حجت کے حمل کرنا سینہ زوری نہیں تو اور کیا ہے ؟ ایک اور بات اس روایت کے بارے میں امام بیہقیؒ سے نکلی ہے ، وہ بھی بہت ہی عجیب ہے۔ وہ لکھتے ہیں کہ یہ روایت منکر ہے۔ اگر کوئی روایت صرف امام بیہقیؒ کے منکر کہنے سے منکر ہو جایا کرتی ہے تو پھر ان سے کوئی جھگڑا نہیں۔ لیکن اصول حدیث کے لحاظ سے یہ روایت کسی طرح منکر نہیں ہے۔ حضرات محدثین کرامؒ کی اصطلاح میں منکر وہ روایت ہوتی ہے جس کی سند میں کوئی ایسا راوی موجود ہو جو فاحش غلطی اور کثرتِ خطا کا مرتکب ہوا ہو، یا اپنے سے زیادہ کسی ثقہ راوی کی مخالفت کرتا ہو (دیکھیے شرح نخبۃ الفکر ص ۵۵ و ۵۹ وغیرہ) لیکن اس روایت کے تمام راوی ثقہ اور ثبت ہیں۔ جیسا کہ آپ ملاحظہ کر چکے ہیں اور اس روایت میں کوئی ایسا راوی موجود نہیں جو کسی ثقہ راوی کی مخالفت کر رہا ہو۔ اگر امام بیہقیؒ کی مراد اس روایت کو علاءؒ بن عبدالرحمٰنؒ کی روایت کے خلاف بتانا ہے۔ تو اس کی حقیقت بھی عنقریب آشکارا ہو جائے گی۔ انشاء اللہ العزیز۔ باندریں حالات اس کو منکر کہنا اصول کے خلاف ہے جو کسی طرح مسموع نہیں ہو سکتا۔ اور باقرار مبارکپوری صاحبؒ یہ نقل ہو چکا ہے کہ امام بیہقیؒ کا کوئی قول بلا دلیل حجت نہیں ہو سکتا۔ مؤلف خیر الکلام (ص ۲۴۶ میں) لکھتے ہیں کہ امام بیہقیؒ فرماتے ہیں کہ اس حدیث سے طبیعت نفرت کرتی ہے۔ کیونکہ جو صحیح روایات حضرت ابوہریرہؓ سے وارد ہیں یہ بوجہ ان کے خلاف ہونے کے شاذ ہے ..... الخ اگر امام بیہقیؒ کی طبیعت صحیح حدیث کو نہیں مانتی تو نہ مانے۔ صحیح حدیث کو ماننے والے بھی دنیا میں بفضلہ تعالیٰ موجود ہیں اور حضرت ابوہریرہؓ سے جہری نمازوں میں کوئی روایت خلف الامام قرأت کی ثابت نہیں ہے۔ جیسا کہ بیان ہوگا۔ (انشاء اللہ تعالیٰ) لہٰذا اختلاف کا سوال ہی پیدا نہیں ہوتا۔

آٹھویں روایت: امام بیہقیؒ فرماتے ہیں کہ ہم سے حافظ ابوعبداللہؒ نے[1] بیان کیا۔ وہ فرماتے ہیں کہ ہم سے ابوبکرؒ بن اسحاقؒ الفقیہ اور ابوبکرؒ بن عبداللہؒ نے بیان کیا۔ وہ دونوں فرماتے

---

[1] امام ابوعبداللہؒ کا ترجمہ باب اوّل میں گزر چکا ہے۔ ابوبکرؒ بن اسحاق الفقیہؒ اور ابوبکرؒ بن عبداللہؒ کی سند ذیل ہے مگر مزید تسلی اور تسکین کے لیے (کیونکہ ابوبکر الفقیہ تو مشہور امام ہیں) ابوبکرؒ بن عبداللہ کا ترجمہ سن لیں۔ علامہ ذہبیؒ ان کو الحافظ الامام، الاوحد، المعدل اور محدث نیشاپور لکھتے ہیں۔ (المتوفی ۳۴۳ھ) (تذکرہ جلد ۳ ص ۲۰)

ہیں کہ ہم سے احمدؒ بن بشرؒ بن سعدؒ المرثدیؒ اور حسنؒ بن سفیانؒ نے بیان کیا۔ وہ دونوں کہتے ہیں کہ ہم سے فضیلؒ بن عبدالوہابؒ اور محمدؒ بن خالدؒ بن عبداللہ الواسطیؒ نے بیان کیا۔ وہ دونوں کہتے ہیں کہ ہم سے خالدؒ بن عبداللہ الطحانؒ نے بیان کیا۔ وہ عبدالرحمٰنؒ بن اسحاقؒ سے روایت کرتے ہیں۔ اور وہ سعید مقبریؒ سے اور وہ حضرت ابوہریرہؓ سے وہ فرماتے ہیں کہ آں حضرت صلی اللہ تعالیٰ وسلم نے ارشاد فرمایا:

---

[۱] سند کی یہ کڑی بھی ڈبل ہے۔ اور حسنؒ بن سفیانؒ کا ترجمہ باب اوّل میں امام زہریؒ کے اثر میں نقل ہو چکا ہے کہ وہ جلیل القدر امام تھے۔

[۲] یہ کڑی بھی ڈبل ہے۔ امام ابن معینؒ کہتے ہیں کہ فضیلؒ ثقہ اور لا بأس بہ تھے۔ محدث عبدالرحمٰنؒ اپنے والد سے ان کی توثیق نقل کرتے ہیں۔ (بغدادی جلد ۱۲ ص ۳۹۳) ابوحاتمؒ ان کو صدوق اور ابوبکر بزارؒ لیس بہ بأس کہتے ہیں، ابن حبانؒ ثقات میں لکھتے ہیں۔ (تہذیب التہذیب جلد ۸ ص ۲۹۳)

[۳] امام احمدؒ ابن سعدؒ، ابوزرعہؒ اور نسائیؒ ان کو ثقہ کہتے ہیں۔ ابوحاتمؒ ان کو ثقہ اور صحیح الحدیث کہتے ہیں۔ امام ترمذیؒ ان کو ثقہ اور حافظ کہتے ہیں۔ محمدؒ بن عمارؒ ان کو اثبت کہتے ہیں۔ ابن حبانؒ ثقات میں لکھتے ہیں (ایضاً ج ۳ ص ۱۰۱) امام احمدؒ ان کو من افاضل المسلمین کہتے ہیں۔ (بغدادی جلد ۸ ص ۲۹۴) علامہ ذہبیؒ ان کو الحافظ اور الامام لکھتے ہیں۔ (تذکرہ جلد ۱ ص ۲۳۹)

[۴] امام احمدؒ ان کو صالح الحدیث کہتے ہیں۔ ابن معینؒ ثقہ کہتے ہیں۔ یعقوبؒ بن شیبہؒ صالح اور یعقوبؒ بن سفیانؒ لا بأس بہ کہتے ہیں۔ ابوحاتمؒ حسن الحدیث کہتے ہیں۔ ابوداؤدؒ ثقہ کہتے ہیں۔ نسائیؒ (جلد ۲ ص ۱۰۹ میں) لیس بہ بأس کہتے ہیں۔ ابن خزیمہؒ بھی لیس بہ بأس کہتے ہیں۔ ابن عدیؒ صالح الحدیث اور ساجیؒ صدوق کہتے ہیں۔ ابن سعدؒ ان کی توثیق کرتے ہیں اور ابن حبانؒ ثقات میں لکھتے ہیں۔ ترمذیؒ کہتے ہیں کہ امام بخاریؒ نے ان کی توثیق کی ہے۔ (تہذیب التہذیب جلد ۶ ص ۱۳۷) مؤلف خیر الکلام ص ۱۵۵ میں لکھتے ہیں کہ ابن معینؒ نے ان کو ضعیف کہا اور امام احمدؒ نے منکر الحدیث کہا یہ جرحیں اگرچہ مبہم ہیں مگر ان سے راوی مرتبہ سے گر جاتا ہے اھ (محصلہ) الجواب: امام ابن معینؒ نے ان کو ثقہ کہا ہے اور امام احمدؒ نے ان کو صرف ابوالزنادؒ کی روایت میں منکر کہا ہے اور یہ روایت سعید مقبریؒ سے ہے اور لطف یہ ہے کہ خود مؤلف مذکور جرح کو مبہم کہتے ہیں اور خیر الکلام ص ۱۰۵ میں لکھا ہے کہ پھر اس پر جو جرحیں کی گئی ہیں۔ (باقی اگلے صفحہ پر دیکھئے)

کل صلوٰۃ لا یقرأ فیھا بام الکتاب فھی خداج الا صلوٰۃ خلف امام (کتاب القرأۃ ص ۱۳۵، طبع دہلی وص ۱۷۱ طبع اشرف پریس)

کہ ہر وہ نماز جس میں سورۃ فاتحہ نہ پڑھی جائے تو وہ نماز ناقص ہوتی ہے، مگر ہاں وہ نماز اس سے مستثنیٰ ہے جو امام کے پیچھے پڑھی جائے۔

اس روایت میں خلف امام اور ام الکتاب کی قید خاص طور پر ملحوظ رکھنی چاہئے۔ اور یہ بھی کہ آپ نے تمام نمازوں میں سورۃ فاتحہ کی قرأت کو ضروری اور لازم ٹھہرایا ہے۔ مگر مقتدی کے لئے اس کی قرأت کی مطلقاً گنجایش نہیں چھوڑی اور امام بیہقیؒ وغیرہ جہاں قرأت سے مازاد علی الفاتحۃ مراد لے کر گلو خلاصی کیا کرتے ہیں۔ یہ روایت ان کی اس تاویل کو بھی باطل ٹھہراتی ہے۔ کیونکہ اس میں خاص طور پر ام الکتاب کی قید موجود ہے جو نظر انداز نہیں کی جا سکتی۔ اور اس صحیح روایت سے بھی فریق ثانی کا یہ مطالبہ آسانی سے پورا ہو جاتا ہے کہ امام کے پیچھے سورۃ فاتحہ نہ پڑھنے کی ایک ہی صحیح صریح مرفوع حدیث پیش کرو۔

(بقیہ پچھلا صفحہ) مفسر نہیں محدثین اور اصول فقہ والوں کے ہاں اس قسم کی جرح مقبول نہیں ہوتی اور امام احمدؒ کی اصطلاح منکر الحدیث کے بارے میں بالکل جدا ہے چنانچہ حافظ ابن حجرؒ لکھتے ہیں کہ ان ابن حنبلؒ یطلق علی من یغرب علی اقرانہ فی الحدیث ای یأتی بالغرائب انہ منکر الحدیث ... انتھی (ھامش تدریب الراوی ص ۲۳۴) امام احمدؒ بن حنبلؒ فرماتے ہیں کہ جو راوی اپنے باقی ساتھیوں سے متفرد ہو کر کوئی غریب حدیث بیان کرے تو وہ منکر الحدیث ہوتا ہے اور ظاہر ہے کہ غریب حدیث صحیح بھی ہو سکتی ہے۔ کما لا یخفی۔ یہ یاد رہے کہ اس سند میں راوی عبدالرحمٰنؒ بن اسحاقؒ المدنی ہیں جو کہ رجال مسلم میں سے ہیں نہ کہ الواسطی جن پر امام بیہقیؒ نے امام ابن معینؒ اور امام احمدؒ کا کلام نقل کیا ہے۔ (ملاحظہ ہو کتاب القرأۃ ص طبع دہلی) کیونکہ المدنی سے خالدؒ بن عبداللہ الطحان الواسطیؒ کی اور المدنی کی سعید مقبریؒ سے روایت ہے۔ (ملاحظہ ہو تہذیب التہذیب جلد ۶ ص ۱۳۷) مگر الواسطی اس پوزیشن میں نہیں۔ امام بیہقیؒ غلطی کا شکار ہوتے ہیں۔ (فصل الخطاب ص ۳۶) اور اسی عبدالرحمٰنؒ بن اسحاقؒ سے فریق ثانی ابو داؤد جلد ۱ ص ۱۱۰ کی روایت فانتھی الناس کے مرسل ہونے پر استدلال کرتا ہے۔ (فصل الخطاب ص ۸۰ للعلامۃ الکشمیریؒ)

ہ علامہ ذہبیؒ ان کو الامام، المحدث اور ثقہ لکھتے ہیں۔ (تذکرہ جلد ۱ ص ۱۱۰ غرضیکہ حضرت ابو ہریرہؓ تک تمام رواۃ ثقہ اور ثبت ہیں۔

اعتراض: بیہقیؒ اس پر یہ اعتراض کرتے ہیں کہ اصل روایت میں اذا صلوٰۃ خلف امام کا جملہ نہیں ہے جیسا کہ علاءؒ بن عبدالرحمٰنؒ نے حضرت ابوہریرہؓ کا موقوف اثر نقل کیا ہے اور اس میں یہ جملہ مذکور نہیں ہے اور یہ خالد الطحانؒ کی خطاء ہے کہ وہ یہ جملہ زائد کر کے حدیث کا مطلب بگاڑ رہے ہیں

(کتاب القراۃ ص۱۳۵ محصلہ)

جواب: یہ اعتراض چنداں وقعت نہیں رکھتا، اوّلاً اس لیے کہ مرفوع حدیث کو موقوف اثر کے تابع بنا کر مطلب لینا خلافِ اصول ہے۔ وثانیاً: اس کی بحث اپنے مقام پر آئے گی۔ کہ اعتبار راوی کی مرفوع حدیث کا ہوتا ہے۔ اس کی اپنی ذاتی رائے کا اعتبار نہیں ہوتا۔ وثالثاً: خالد الطحانؒ بالاتفاق ثقہ اور ثبت تھے۔ اور ثقہ کی زیادت بالاتفاق مقبول ہوتی ہے تو پھر نہ معلوم یہ غدر اور غلطی ان کے سر کیسے تھوپی جا سکتی ہے؟ ورابعاً الزامی طور پر یہ کہا جا سکتا ہے کہ اگر واقعی اس حدیث کے مضمون میں غلطی واقع ہوئی ہے تو کیوں نہ ہو کہ اذا صلوٰۃ خلف امام کی زیادت صحیح ہو۔ اور علاءؒ بن عبدالرحمٰنؒ کی روایت میں غلطی اور خطا کی وجہ سے یہ زیادت چھوٹ چکی ہو۔ اور اس زیادت کے ترک کر دینے یا چھوٹ جانے کی وجہ سے حدیث کا مضمون بدل گیا ہو بلکہ قرین انصاف بھی یہی بات ہے کہ غلطی خالد الطحانؒ کی نہ ہو جو ثقہ اور ثبت تھے بلکہ یہ غلطی اور خطاء علاءؒ بن عبدالرحمٰنؒ کی ہو۔ کیونکہ ان پر کتب رجال میں کلام اور جرح کا ثبوت ملتا ہے۔ چنانچہ حافظ ابن عبدالبرؒ اور علامہ ذہبیؒ اور حافظ ابن حجرؒ لکھتے ہیں کہ امام ابن معینؒ فرماتے تھے لیس حدیثہ بحجۃ کہ علاءؒ بن عبدالرحمٰنؒ کی حدیث حجت نہیں ہو سکتی، ابن عدیؒ ان کو لیس بالقوی کہتے ہیں۔ ابو حاتمؒ کا بیان ہے کہ ان کی بعض حدیثیں منکر ہوتی ہیں۔ ابو زرعہؒ کا بیان ہے کہ وہ کوئی زیادہ قوی نہ تھے، امام ابوداؤدؒ کا بیان ہے کہ محدثین نے ان کی صیام شعبان کی حدیث ان کے مناکیر میں شامل کی ہے، محدث خلیلیؒ کا بیان ہے کہ ان کی ایسی روایتیں بھی ہیں۔ جن میں ان کا کوئی متابع نہیں ہے۔ (دیکھئے کتاب الانصاف ص۱۶ میزان الاعتدال جلد ۲ ص ۲۱۲۔ اور تہذیب التہذیب جلد ۸ ص۱۸۶) اس لیے قرین قیاس اور مبنی بر انصاف صرف یہی بات ہے کہ اس زیادت کے ترک کرنے میں غلطی علاءؒ بن عبدالرحمٰنؒ کی ہے اور یہ روایت ان کی منکر روایتوں میں شمار ہے۔ مؤلف خیر الکلام کا ص۱۸ میں یہ کہنا کہ علاءؒ بن عبدالرحمٰنؒ پر جرح مبہم ہے، اور نور الانوار کے حوالہ سے لکھا ہے کہ جرح مبہم اثر انداز نہیں ہوتی۔ پس وہ ثقہ ٹھہرے۔

امام مسلمؒ نے ان سے استشہاد کیا ہے، لہٰذا ان کے ہاں بھی ثقہ تھے۔ اور امت نے مسلم کی روایات کو جن پر تنقید نہیں ہوئی صحیح کہا ہے لہٰذا بالاجماع صحیح ہوتی۔ (محصلہ) محض تسکین قلب کا سامان ہے امام ابن معینؒ نے ان پر مفسر جرح کی ہے اور جرح مبہم سے بھی مؤلف مذکور کے نزدیک راوی گر جاتا ہے اور اس پر ابن معینؒ وغیرہ نے تنقید کی ہے۔ لہٰذا یہ کسی طرح صحیح نہیں یہ ان کی غلطی ہے اور خالد الطحانؒ کی زیادت بلا شک وشبہ صحیح ہے کیونکہ وہ ثقہ ثبت صحیح الحدیث اور اثبت ہیں۔ الغرض یہ روایت بالکل صحیح ہے نہ اس میں خالد الطحانؒ کا وہم ہے اور نہ عبدالرحمٰنؒ بن اسحاق کا، جیسا کہ امام بیہقیؒ وغیرہ نے کہا ہے۔ امام مسلمؒ نے مقدمہ میں یہ تبلایا ہے کہ وہ استشہاد میں متکلم فیہ راوی کو بھی لے لیتے ہیں۔ (ملاحظہ ہو ص ۲) ۔ لہٰذا ان کا مسلم میں آ جانا جبکہ ان پر تنقید بھی ہوئی ہے ثقاہت کا ثبوت نہیں ہے۔

نویں حدیث: امام بیہقیؒ فرماتے ہیں کہ ہم سے ابوالحسن علیؒ بن احمدؒ بن عبدانؒ[1] نے بیان کیا۔ وہ فرماتے ہیں کہ ہم سے احمدؒ بن عبید الصفارؒ[2] نے بیان کیا۔ وہ کہتے ہیں کہ ہم سے محمدؒ بن غالبؒ[3] نے بیان کیا۔ وہ کہتے ہیں کہ ہم سے ابو عمرؒ[4] نے بیان کیا۔ وہ کہتے ہیں کہ ہم سے ہمامؒ[5] نے بیان کیا۔ وہ کہتے ہیں کہ ہم سے زیاد الاعلمؒ[6] نے بیان کیا۔ وہ حسنؒ[7] سے روایت کرتے ہیں

---

[1] علامہ خطیبؒ لکھتے ہیں کہ وہ ثقہ تھے۔ (بغدادی جلد ۱۱ ص ۳۲۹)

[2] علامہ ذہبیؒ ان کو الحافظ اور الثقہ لکھتے ہیں۔ دارقطنیؒ کہتے ہیں کہ وہ ثقہ اور ثبت تھے۔ (تذکرہ جلد ۳ ص ۸۷)

[3] علامہ ذہبیؒ ان کو الحافظ اور الامام کہتے ہیں۔ (تذکرہ جلد ۲ ص ۱۷۲) دارقطنیؒ ان کو ثقہ اور مامون اور حافظ ابن حجرؒ ان کو الحافظ کہتے ہیں۔ (لسان المیزان جلد ۵ ص ۳۳) اور ابن حبانؒ ثقات میں لکھتے ہیں۔ (ایضاً ص ۳۴) نیز امام دارقطنیؒ نے ان کو مکثر مجود اور حافظ ابن حجرؒ نے متقن کہا ہے۔ (ایضاً)

[4] علامہ ذہبیؒ ان کو الحافظ اور العلامۃ لکھتے ہیں۔ (تذکرہ جلد ۱ ص ۳۶۷)

[5] ذہبیؒ ان کو الامام، الحجۃ اور الحافظ کہتے ہیں۔ (تذکرہ جلد ۱ ص ۱۸۸)

[6] امام احمدؒ، ابن معینؒ، ابوداؤدؒ، نسائیؒ اور ابن سعدؒ سب ان کو ثقہ کہتے ہیں۔ ابوزرعہؒ ان کو شیخ کہتے اور ابن حبانؒ ان کو ثقات میں لکھتے ہیں۔ (تہذیب التہذیب جلد ۳ ص ۳۶۷)

[7] امام حسن بصریؒ کا ترجمہ مقدمہ میں نقل کیا جا چکا ہے۔

اور وہ حضرت ابو بکرہ رضی اللہ عنہ سے:

انه دخل المسجد والنبي صلى الله عليه وسلم راكع فركع قبل ان يصل الى الصف فقال النبي صلى الله عليه وسلم زادك الله حرصا ولا تعد۔
(سنن الکبریٰ جلد ۲ ص ۹۰)

وہ کہتے ہیں کہ جب وہ مسجد میں داخل ہوئے تو آں حضرت صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم رکوع میں چلے گئے تھے۔ چنانچہ صف میں ملنے سے قبل ہی وہ (تکبیر تحریمہ ادا کر کے) رکوع میں چلے گئے اور آہستہ آہستہ چلتے چلتے صف میں مل گئے۔ آپ نے ارشاد فرمایا کہ اللہ تعالیٰ تجھے نیکی کرنے پر اور حریص کرے پھر ایسا نہ کرنا۔

ظاہر ہے کہ حضرت ابو بکرہ بغیر سورۃ فاتحہ پڑھے۔ رکوع میں شامل ہو گئے تھے۔ مع ہٰذا ان کی اس رکعت کو اور ان کی اس نماز کو جناب رسول خدا صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے مکمل اور صحیح سمجھا۔ اور ان کو اعادۂ نماز کا حکم نہیں دیا اور یہ دعویٰ کہ انھوں نے وہ رکعت دوبارہ پڑھی تھی بالکل بے بنیاد بات ہے بلکہ ایک توجیہ کے لحاظ سے عدم اعادہ کا صریح حکم ارشاد فرمایا۔ اگر سورۃ فاتحہ کا پڑھنا ہر رکعت

لہ ان کا نام نفیع رضی اللہ عنہ بن الحارث تھا جنگ طائف کے دن مشرف بہ اسلام ہوئے تھے۔ فضلائے صحابہ میں تھے۔ بصرہ میں اقامت پذیر ہو گئے تھے۔ اور وہیں ۴۹ھ میں وفات پائی۔ (مقدمہ تجرید البخاری ص ۱۳)

ٹہ یہ روایت صحیح بخاری جلد ۱ ص ۱۰۸ و مشکوٰۃ جلد ۱ ص ۹۹ و زیلعی جلد ۲ ص ۳۰ و مسند احمد، ابو داؤد جلد ۱ ص ۹۹ و نسائی جلد ۱ ص ۱۰۱ اور الجامع الصغیر للسیوطی مع الشرح جلد ۲ ص ۳۱ وغیرہ میں بھی موجود ہے۔ یہ بخاری شریف کی روایت ہے جس کے صحیح ہونے میں کوئی کلام نہیں ہو سکتا۔ اور مزید تسلی کے لیے ہم نے سنن الکبریٰ کی روایت کی توثیق بھی نقل کر دی ہے۔

ٹلے یہ جملہ بین القوسین اور بریکٹ میں تھا کتابت کی غلطی کی وجہ سے قوس رہ گئے تھے۔ یہ حدیث کے ترجمہ میں داخل نہیں ہے۔ جیسا کہ الاعتصام ۲ نومبر ۱۹۶۲ء ص ۱۲ میں اس کو غلط ترجمہ اور اضافہ کہہ کر پھبتی اڑانے کی بے جا سعی کی گئی ہے۔ اور چونکہ تکبیر تحریمہ جمہور اہل اسلام کے نزدیک فرض ہے۔ اس لیے بین القوسین اس کا اضافہ کیا گیا ہے۔ حدیث مسیٔ الصلوٰۃ میں جو صحیح اور مشہور حدیث ہے تحرک ثم اقرأ کی تصریح موجود ہے اور حافظ ابن رشد لکھتے ہیں کہ فمفهوم هذا ان التكبيرة الاولى هي الفرض فقط (بدایۃ المجتہد جلد ۱ ص ۱۱۸) اس حدیث کا مفہوم یہ ہے کہ فرض صرف تکبیر تحریمہ ہی ہے۔

(حاشیہ نمبر ۴ اگلے صفحہ پر دیکھئے)

میں رکن اور ضروری ہے تو حضرت ابوبکرہؓ کی نماز کیسے صحیح ہوگئی تھی؟ آں حضرت صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے حضرت ابوبکرہؓ کے رکوع میں شریک ہونے کو بنظر کراہت نہیں دیکھا جیسا کہ قاضی مقبول احمد صاحب نے سمجھا ہے۔ (دیکھئے الاعتصام ۱۶ر نومبر ۱۹۶۲ء صفحہ ۵) بلکہ بحالت رکوع چل کر صف سے ملنے کو پسند نہیں فرمایا اور دونوں باتوں میں بڑا فرق ہے۔ اس سے صاف اور واضح طور پر معلوم ہوا کہ مقتدی کے لیے سورۂ فاتحہ کی قرأت ضروری نہیں ہے۔ وہو المطلوب۔

مؤلف خیر الکلام نے کہا ہے کہ قرأت خلف الامام کو ضروری قرار دینے والوں کے دو قول ہیں ایک یہ کہ رکوع کی حالت میں اگر امام کو پائے تو اس رکعت میں فاتحہ فرض نہیں ہوتی...... الخ (صفحہ ۴۵) لہٰذا یہ حضرات تو ہمارے ہمنوا ہوئے۔ رہے دوسرے حضرات جو یہ کہتے ہیں کہ وہ رکعت اس کی شمار نہ ہوگی تو اس کا جواب انشاء اللہ تعالیٰ اپنے مقام پر آئے گا اور اس حکم میں حضرت ابوبکرہؓ کی خصوصیت بھی نہیں۔ جیسا کہ ظاہر ہے[1] اور اسی حدیث سے جمہور اہل اسلام اور حضرات ائمہ

(پچھلے صفحہ کا حاشیہ نمبر ۲) بعض محدثین اس کو لَا تَعُدْ پڑھتے ہیں یعنی نماز کے لیے دوڑ کر نہ چلا کرو۔ بلکہ اطمینان اور وقار سے چلو اور بعض اس کو لَا تُعِدْ پڑھتے ہیں یعنی پھر جماعت میں تاخیر اور تنہا صف کے پیچھے نماز شروع کرنے کی حرکت نہ کرنا اور بعض اس کو لَا تُعِدْ پڑھتے ہیں یعنی تمہاری نماز بالکل صحیح ہے۔ نماز کا اعادہ نہ کرو۔ امام نوویؒ نے (ہامش مشکوٰۃ صفحہ ۹۹ ملاحظہ کریں) اور حافظ ابن حجرؒ نے لَا تُعِدْ کو بھی نقل کیا ہے۔ (دیکھئے فتح الباری جلد ۲ ص ۲۱۴) قاضی شوکانیؒ اور نواب صدیق حسن خان صاحبؒ نے یہ دعویٰ کیا ہے کہ حضرت ابوبکرہؓ نے دوبارہ نماز پڑھی اور اس کا اعادہ کیا اور انھوں نے طبرانی کی اس روایت سے استدلال کیا ہے صل ما ادرکت واقض ما سبقک (امام الکلام ص ۵۱) لیکن حضرت مولانا عبدالحی صاحب لکھنویؒ نے غیث الغمام (ص ۴۶ تا ص ۵۰) میں اس کا عقلاً و نقلاً خوب رد کیا ہے۔ وہ بحث وہاں ہی ملاحظہ کریں یہاں اتنی بات پیش نظر رکھیں کہ طبرانی کی روایت کی سند کیا ہے؟ اور اگر سند صحیح بھی ثابت ہو جائے تو اس حدیث کا معنی یہ ہے کہ جو کارروائی تم نے کی پھر ایسا نہ کرنا بلکہ جو حصہ نماز کا تمہیں جماعت کے ساتھ مل جائے اس کو جماعت کے ساتھ پڑھو اور جو چھوٹ جائے اس کو جماعت کے بعد اکیلے پڑھو۔ اس سے یہ ثابت کرنا کہ اس نماز کے اعادہ کا حکم دیا خالص کم فہمی ہے۔

[1] امام بیہقیؒ لکھتے ہیں کہ حضرت ابن عمرؓ، حضرت ابن مسعودؓ، حضرت ابوبکرؓ، حضرت زید بن ثابتؓ، حضرت عبداللہ بن زبیرؓ اور حضرت ابوہریرہؓ وغیرہ بڑی محنت اور مشقت سے رکوع میں ملنے کی کوشش کیا کرتے تھے اور یہ اس کی واضح (بقیہ اگلے صفحہ پر دیکھئے)

اربعہؒ نے مدرک رکوع کے مدرک رکعت ہونے پر استدلال اور احتجاج کیا ہے جس کی پوری تفصیل اپنے محل میں بیان ہوگی۔ انشاء اللہ تعالیٰ۔ علامہ ابن حزمؒ ایک موقع پر حضرت ابوبکرہؓ کی ایک روایت سے یوں استدلال کرتے ہیں کہ

فہذا آخر فعل رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کان ابوبکرۃ شہدہ وانما کان اسلامہ یوم الطائف بعد فتح مکۃ وبعد حنین۔ (محلی جلد ۴ جلد ۳ ص ۲۷۴)

یہ فعل اور عمل آنحضرت صلی اللہ تعالیٰ علیہ وآلہ وسلم کا آخری عمل ہے کیونکہ اس میں ابوبکرہؓ موجود اور حاضر تھے۔ اور وہ فتح مکہ اور حنین کے بعد طائف کے دن مشرف باسلام ہوئے تھے۔

اس صحیح اور مرفوع حدیث سے بھی یہ بات ثابت ہوئی کہ امام کے ساتھ رکوع میں ملنے والے کی وہ رکعت صحیح ہے۔ اگر اس پر سورۃ فاتحہ کا پڑھنا ضروری ہوتا، جیسا کہ فریق ثانی کا زعم ہے تو یقیناً اس رکعت کا اعتبار نہ ہوتا اور فریق ثانی کے دعوی کے مطابق کہ جو شخص امام کے پیچھے ہر رکعت میں سورۃ فاتحہ نہ پڑھے۔ اس کی نماز ناقص ہے، کالعدم ہے، بیکار ہے اور باطل ہے۔ (بلفظہ جیسا کہ سخن ہائے گفتنی میں عرض کیا جا چکا ہے) یہ نماز بھی کالعدم اور باطل ہونی چاہئے تھی۔ عیاذاً باللہ تعالیٰ۔

تکبیر تحریمہ میں احناف کے نزدیک اتنا قیام جس میں تکبیر تحریمہ ادا ہو سکے فرض ہے۔ جب فرض ہے تو حضرت ابوبکرہؓ پر یہ فرض کیسے مخفی رہا پس لازمی امر ہے کہ حضرت ابوبکرہؓ نے بحالت قیام ہی تکبیر تحریمہ ادا کی ہوگی، مؤلف خیر الکلام کا (ص ۲۵۳) میں یہ کہنا کہ ابوبکرہؓ نے قیام میں تکبیر کہہ کر رکوع کیا ہوگا۔ ایک فرضی

(بقیہ حاشیہ پچھلا صفحہ) دلیل ہے کہ مدرک رکوع مدرک رکعت ہے۔ ورنہ یہ اکابر اس کی زحمت ہرگز گوارا نہ کرتے (بمعناہ) اور امام بیہقیؒ نے حضرت ابوہریرہؓ سے ایک مرفوع روایت بھی نقل کی ہے کہ جس نے امام کے ساتھ رکوع پالیا۔ اس نے وہ رکعت پالی۔ (سنن الکبری جلد ۲ ص ۹۰) اس روایت کی سند میں یحییٰؒ بن ابی سلیمانؒ ہے جو متکلم فیہ ہے لیکن امام حاکم اور علامہ ذہبیؒ ان کی ایک سند کے بارے میں لکھتے ہیں کہ صحیح ولم یذکر بجرح (مستدرک جلد ۱ ص ۲۷۴) اور دوسرے مقام پر امام حاکمؒ لکھتے ہیں کہ وہ ثقات بصریین میں تھے۔ اور علامہ ذہبیؒ لکھتے ہیں کہ وہ ثقہ تھے۔ (مستدرک جلد ۱ ص ۲۱۶) اسی مضمون کی ایک اور مرفوع حدیث بھی امام بیہقیؒ نے نقل کی ہے۔ اور حضرت ابن مسعودؓ اور ان کے ساتھیوں کا بھی اسی پر عمل تھا۔ (ادب المفرد ص ۱۵۴)

بات ہے۔ بالکل غلط ہے۔ یہ فرضی بات نہیں ایک واضح اور کھلی حقیقت ہے اور اس کا انکار کرنا بے سود ہے۔

دسویں حدیث: امام ابن ماجہؒ[1] فرماتے ہیں کہ ہم سے علی بن محمدؒ[2] نے بیان کیا۔ وہ فرماتے ہیں کہ ہم سے وکیعؒ[3] نے بیان کیا۔ وہ اسرائیلؒ[4] سے روایت کرتے ہیں۔ وہ ابو اسحاق[5] (السبیعیؒ) سے اور وہ ارقمؒ[6] بن شرحبیل سے اور وہ حضرت ابن عباسؓ سے (ایک طویل حدیث میں جس کا ضروری خلاصہ یہ ہے) روایت کرتے ہیں۔ وہ فرماتے ہیں کہ آں حضرت صلی اللہ تعالیٰ علیہ وآلہ وسلم جب مرض الموت میں مبتلا ہوئے تو حضرت ابوبکرؓ کو آپ نے امامت سپرد کی۔ تاکہ وہ لوگوں کو نماز پڑھایا کریں۔ ایک مرتبہ آپ صلی اللہ علیہ وسلم کو خیال ہوا کہ میں باجماعت نماز ادا کروں۔ پہلے آپ کو تکلیف زیادہ تھی۔ پھر جب مرض میں تخفیف ہوئی۔ تو آپ دو آدمیوں کے سہارے پر آہستہ آہستہ چل کر مسجد میں پہنچے

---

[1] امام ابن ماجہؒ صاحب السنن (المتوفی ۲۷۳ھ) علامہ ذہبیؒ ان کو الحافظ الکبیر لکھتے ہیں۔ ابو یعلی الخلیلیؒ ان کو ثقہ کبیر اور متفق علیہ کہتے ہیں۔ (تذکرہ جلد ۲ ص ۱۸۹)

[2] علامہ ذہبیؒ لکھتے ہیں کہ وہ الحافظ، الثبت، محدث اور عالم قزوین تھے۔ (تذکرہ جلد ۲ صد ۲۹)

[3] وکیعؒ، الامام، الحافظ، الثبت، محدث العراق اور احد الائمۃ الاعلام تھے۔ (تذکرہ جلد ۱ ص ۲۸۲) حافظ ابن حجرؒ ان کو ثقہ حافظ اور عابد لکھتے ہیں۔ (تقریب ص ۳۸۵)

[4] حافظ ابن حجرؒ لکھتے ہیں کہ وہ ثقہ تھے بلاوجہ لوگوں نے ان میں کلام کیا ہے۔ (ایضاً صد ۳۱) امام احمدؒ، عجلیؒ، یعقوبؒ بن شیبہؒ، ابو حاتمؒ، ابن نمیرؒ، ابن سعدؒ اور نسائیؒ سب ان کو ثقہ کہتے ہیں۔ ابن حبانؒ ثقات میں لکھتے ہیں۔ (تہذیب التہذیب جلد ۱ ص ۲۶۲) علامہ ذہبیؒ لکھتے ہیں کہ وہ الامام، الحافظ، الحجۃ، صالح، خدا ترس اور علم کا ظرف تھے۔ جن لوگوں نے ان میں کلام کیا ہے۔ ان کا قول مردود ہے۔ امام بخاریؒ و مسلمؒ نے اُن سے احتجاج کیا ہے۔ (تذکرہ جلد ۱ ص ۱۹۹)

[5] ان کا ترجمہ حدیث نمبر ۵ میں نقل ہو چکا ہے۔

[6] محدث ابو زرعہؒ اور ابن سعدؒ ان کو ثقہ، اور ابن عبد البرؒ ان کو ثقہ اور جلیل القدر محدث کہتے ہیں۔ ابن حبانؒ ثقات میں ثقات میں لکھتے ہیں (تہذیب التہذیب جلد ۱ ص ۱۹۸) حافظ ابن حجرؒ لکھتے ہیں کہ وہ ثقہ تھے۔ (تقریب ص ۲۵)

اور آپ کے پاؤں مبارک زمین پر گھسٹتے جاتے تھے۔ اس سے پہلے حضرت ابوبکرؓ نماز شروع کر چکے تھے۔ اور ایک حد تک قرأت بھی کر چکے تھے۔ غرضیکہ آپ صفوں میں سے گزرتے ہوئے حضرت ابوبکرؓ کے پہلو میں جا پہنچے چنانچہ وہ پیچھے ہٹ آئے اور امام کی جگہ آں حضرت صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم تشریف لے گئے اور بیٹھ کر نماز پڑھائی۔ چونکہ آپ بیماری کی وجہ سے بلند آواز سے بول نہیں سکتے تھے۔ اس لیے حضرت ابوبکرؓ نے لوگوں تک آواز پہنچانے میں مکبّر کا فریضہ انجام دیا اور جب آپؐ پہنچے تو

واخذ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم من القرأۃ من حیث کان بلغ ابوبکرؓ۔ — وہیں سے آپ نے قرأت شروع کی جہاں تک ابوبکرؓ قرأت کر چکے تھے۔

(ابن ماجہ ص ۸۸ و مسند احمد جلد ۱ ص ۲۳۲)

اور ایک روایت میں (جو اس روایت کے لیے بطور شاہد اور تائید کے نقل کی جاتی ہے) یوں ہے: فقرأ من المکان الذی بلغ ابوبکرؓ من السورۃ۔ (مسند احمد جلد ۱ ص ۲۰۹) — آں حضرت صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے سورت کے اس مقام سے قرأۃ شروع کی جہاں تک کہ حضرت ابوبکرؓ قرأت کر چکے تھے۔

اور ایک روایت میں اس طرح ارشاد ہوا ہے:

فاستفتح النبی صلی اللہ علیہ وسلم من حیث انتھی ابوبکرؓ من القرآن۔ — اور جناب رسول خدا صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے قرآن کے اس حصہ سے قرأت شروع کی جس تک حضرت ابوبکرؓ قرأت کر چکے تھے۔

(سنن الکبریٰ جلد ۳ ص ۸۱ و مسند احمد ج ۱ ص ۲۳۲)

اور ایک روایت میں اس طرح آیا ہے:

فاستقرء رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم من حیث انتھی ابوبکرؓ من القرأۃ ..... الخ — کہ آں حضرت صلی اللہ تعالیٰ علیہ وآلہ وسلم نے وہاں سے قرأت پوری کی جہاں تک حضرت ابوبکرؓ قرأت کر چکے تھے۔

(طحاوی جلد ۱ ص ۱۹۷)

یہ روایت[۱] سند کے لحاظ سے بالکل صحیح ہے۔ اس کا ایک ایک راوی ثقہ ہے جیسا کہ آپ

---

۱ یہ روایت طحاوی جلد ۱ ص ۲۳۵، مشکل الآثار جلد ۲ ص ۲۷، طبقات ابن سعدؒ جلد ۳ ص ۱۳۰، الاصابہ جلد ۲ ص ۱۵ درایہ ص ۱۰۱ اور فتح الباری جلد ۲ ص ۱۳۵، دارقطنی ص ۱۵۳ وغیرہ میں مذکور ہے اور ازالۃ الخفاء جلد ۱ ص ۔ میں ہے واخرجہ ابو یعلیٰ الموصلی فی مسندہ ..... الخ

ملاحظہ کر چکے ہیں۔ اور مؤلف خیر الکلام کو بھی اس کا اقرار ہے۔ چنانچہ وہ لکھتے ہیں کہ اگرچہ روایات مذکورہ بالا کے رواۃ ثقہ ہیں.....الخ[۴۵۹] حافظ ابن حجرؒ لکھتے ہیں کہ مسند احمد اور ابن ماجہ کی سند قوی[لہ] ہے۔ (فتح الباری جلد ۵ ص ۹۲۹) چونکہ آں حضرت صلی اللہ تعالیٰ علیہ وآلہ وسلم بیمار تھے، جلدی جلدی چلنا آپ کے لیے دشوار تھا اور دو آدمیوں کے سہارے سے آپ مسجد میں پہنچے، حتیٰ کہ آپ کے پاؤں مبارک زمین پر گھسٹتے جاتے تھے اور نماز آپ کے تشریف لانے سے قبل ہی شروع ہو چکی تھی۔ ظاہر ہے کہ حضرت ابوبکرؓ سورۃ فاتحہ مکمل پڑھ چکے ہوں گے اور ان حالات کے پیش نظر یہی بات قرین انصاف ہے۔ اور اس میں تو ذرا برابر شک و شبہ کی گنجائش نہیں ہے کہ سورۃ فاتحہ اگر مکمل نہ ہوئی ہوگی تو اس کا اکثر حصہ تو یقیناً پڑھا جا چکا ہوگا۔ اور آپ نے وہیں سے اور اُس آیت سے قرأت شروع کی جہاں تک حضرت ابوبکرؓ قرأت کر چکے تھے اور جن کے نزدیک سورۃ فاتحہ مقتدی پر لازم ہے۔ وہ سب سورۃ فاتحہ کے لزوم کے قائل ہیں اور جو منکر ہیں وہ بھی سب سورۃ فاتحہ کے منکر ہیں۔ اس میں قائل بالفصل کوئی بھی نہیں۔ الغرض آں حضرت صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم سے پوری سورۃ فاتحہ چھوٹ گئی تھی یا اس کا اکثر حصہ مگر باوجود اس کے آپ کی نماز ادا ہو گئی۔ اور آپ نے اس نماز کو صحیح اور درست سمجھا۔ نہ آپ کی نماز کالعدم ٹھہری اور نہ باطل اور بیکار (عیاذاً باللہ تعالیٰ) اگر ہر رکعت میں امام[ٹ] کے

لہ اور دوسرے مقام پر لکھتے ہیں واسنادہٗ حسن (فتح الباری جلد ۲ ص ۱۳۸)

ٹ قاضی شوکانیؒ کی تحقیق سے معلوم ہوتا ہے کہ آپ سے پوری فاتحہ چھوٹ چکی تھی۔ وہ لکھتے ہیں کہ کیا بعید ہے کہ جس رکعت میں آپ نے حضرت ابوبکرؓ کو پا لیا تھا۔ اس رکعت کے علاوہ باقی سب رکعتوں میں آپ نے پوری اور مکمل سورۃ فاتحہ پڑھی ہو، آگے لکھتے ہیں:

لان النزاع انما هو فی وجوب الفاتحة فی جملة الصلوٰة لا فی وجوبها فی کل رکعة۔ (نیل الاوطار جلد ۲ ص ۱۴۰)

کیونکہ سورۃ فاتحہ کے ہر رکعت میں وجوب کا جھگڑا نہیں ہے بلکہ سورۃ فاتحہ کے جملہ نماز میں وجوب کا جھگڑا اور نزاع ہے۔

علامہ عبدالرحمٰن جزائریؒ لکھتے ہیں کہ مقتدی پر فرض ہے کہ امام کے پیچھے فاتحہ پڑھے مگر جس صورت میں امام ساری فاتحہ یا اس کا کچھ حصہ پڑھ چکا ہو تو اس صورت میں امام اس کا متحمل ہو جاتا ہے ——

(باقی حاشیہ اگلے صفحہ پر)

پیچھے اقتدا کرنیوالے پر سورۂ فاتحہ کا پڑھنا لازم اور ضروری ہوتا تو آں حضرت صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کی یہ نماز ہرگز صحیح نہ ہوتی ؟ حالانکہ آپ کی یہ نماز بالکل صحیح تھی اور امام شافعیؒ وحافظ ابن حجرؒ وغیرہ اس کی تصریح کرتے ہیں کہ بیماری کے دنوں میں آپؐ نے صرف یہی ایک نماز جماعت سے ادا کی تھی۔ اور اس لحاظ سے آپ کے اس آخری فعل اور عمل سے بھی یہ حکم آشکارا ہو گیا کہ

(بقیہ حاشیہ پچھلا صفحہ) (فقہ المذاہب الاربعہ، جلد ا ص ۲۲۹) اور مولف خیر الکلام نے بھی یہ حوالہ نقل کیا ہے دیکھئے ص ۴۴ اور خود مؤلف مذکور لکھتے ہیں کہ جو لوگ فاتحہ خلف الامام کو فرض سمجھتے ہیں۔ ان میں سے بعض کے ہاں رکوع میں شامل ہونے سے رکعت ہو جاتی ہے اور ان میں سے بعض اس طرف بھی گئے ہیں کہ جہری نمازوں میں اگر مقتدی پوری فاتحہ یا آدھی فاتحہ کے بعد آئے تو اس سے ساری فاتحہ یا آدھی فاتحہ ساقط ہو جاتی ہے۔ الخ خیر الکلام ص ۲۵۹) قاضی صاحبؒ اور مؤلف خیر الکلام نے تو اس طرح گول خلاصی کر کے وقت پاس کر لیا ہے۔ لیکن تمام دنیا کے علماء احناف کو کھلا چیلنج اور انعامی چیلنج کرنے والے تو ہر ہر رکعت میں قرأت فاتحہ کو ضروری سمجھتے ہیں۔

لہ کتاب الام جلد ۲ ص ۱۸۵۔   ٢ہ فتح الباری جلد ۲ ص ۱۴۵۔

٣ہ روایات اور محدثینؒ کا اس باب میں شدید اختلاف ہے کہ مرض الموت میں آپ نے مسجد میں باجماعت ایک نماز پڑھی تھی یا دو ؟ یہ نماز جہری تھی یا سری ؟ آپ امام تھے یا مقتدی ؟ وغیرہ وغیرہ صحیح یہ ہے کہ یہ ایک ہی نماز تھی جیسا کہ امام شافعیؒ وغیرہ نے فرمایا ہے اور یہ ظہر کی نماز تھی (بخاری جلد ۲ ص ۶۹۳) مؤلف خیر الکلام کا یہ کہنا کہ ظہر میں قرأت کا سوال ہی پیدا نہیں ہوتا کیونکہ وہ سری نماز ہے .... الخ (ص ۴۶۵) بالکل مردود ہے۔ سِرّی نمازوں میں قرأت ہوتی ہے جہر نہیں ہوتا ایک آدھ آیت کو قدرے آواز سے پڑھ لینا سر کے خلاف نہیں۔ مؤلف خیر الکلام نے محض اپنی گاڑی چلانے کے لیے قرأۃ کو نماز پر حمل کیا ہے جو بالکل بے دلیل ہے اور ان بالا دلائل سے آنکھیں بند کر کے وہ یہ لکھتے ہیں کہ آں حضرت صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم ابتداء ہی سے امام تھے جو بالکل بے بنیاد ہے کیونکہ حضرت عائشہؓ کی صحیح روایت صلی رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم فی مرضہ الذی توفی فیہ خلف ابی بکرؓ قاعدًا جو اوپر گذر چکی ہے بالکل اس کے خلاف ہے اور یہ بھی صحیح روایت میں موجود ہے کہ جب حضرت ابوبکرؓ پیچھے ہٹنے لگے تو آپؐ نے اشارہ فرمایا کہ پیچھے مت ہٹو۔ اگر ابتداء سے

مقتدی پر سورۃ فاتحہ لازم نہیں ہے۔ امام بخاریؒ کے حوالہ سے آئے گا کہ یہ نماز ظہر کی تھی۔ اس سے معلوم ہوا کہ سری نمازوں میں بھی امام کے پیچھے قرأت ترک کرنا نہ صرف یہ کہ سنت رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کے مطابق ہے بلکہ آپ کا آخری عمل بھی یہی ہے۔ امام بخاریؒ ایک مقام پر تحریر فرماتے ہیں:

انما یؤخذ بالآخر فالآخر من فعل النبی صلی اللہ علیہ وسلم۔ (بخاری جلد ۱ ص ۹۶) یعنی آں حضرت صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کا جو آخری عمل ہو گا۔ قابل عمل صرف وہی ہو گا۔

(بقیہ حاشیہ پچھلا صفحہ) امامت کا ارادہ ہوتا تو ایسا نہ فرماتے، ہاں اس کے بعد آپ نے امامت کا فریضہ ادا کیا ہے اور امام طحاویؒ وغیرہ کی بھی یہی مراد ہے کہ آپؐ بالآخر امام تھے اور ابتدا میں آپؐ نے حضرت ابوبکرؓ کی اقتداء کی تھی۔ چنانچہ حضرت عائشہ رضؓ کی روایت میں یوں آتا ہے: صلی رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم فی مرضہ الذی توفی فیہ خلف ابی بکر رضؓ قاعداً کہ آں حضرت صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے حضرت ابوبکرؓ کی اقتداء میں بیٹھ کر نماز پڑھی۔ (نسائی جلد ۱ ص ۱۲۶، طحاوی جلد ۱ ص ۲۳۲، بیہقی جلد ۳ ص ۸۲، ترمذی جلد ۱ ص ۴۸، محلی ابن حزم جلد ۳ ص ۶۹، ترمذیؒ فرماتے ہیں حسن صحیح) اور امام بخاریؒ (جلد ۱ ص ۹۵) نے یہ باب قائم کیا ہے۔ باب من قام الی جنب الامام لعلۃ اور امام نوویؒ (جلد ۱ ص ۱۶۹) نے باب استخلاف الامام اذا عرض لہ عذر اور امام نسائیؒ (جلد ۱ ص ۱۲۷) نے باب صلوٰۃ الامام خلف رجل من رعیتہ قائم کر کے اور یہ حدیث اس باب میں نقل کر کے اس امر کو مبرہن کیا ہے۔ یہ دلائل بھی ملاحظہ ہوں اور قاضی مقبول احمد صاحب کی یہ تعلی بھی دیکھیں کہ کیا مولانا سرفراز صاحب کسی حدیث سے ثابت کر سکتے ہیں کہ آپ پہلے بطور مقتدی شامل ہوئے تھے؟ ہر گز نہیں ...... الخ الاعتصام ۱۷ نومبر ۱۹۶۲ء ص ۷) اور پھر جب حضرت ابوبکرؓ کو آپؐ کی آمد کا علم ہوا تو خود پیچھے ہٹ گئے۔ اور آں حضرت صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کو اپنی جگہ پر بٹھا دیا اور آپؐ نے وہیں سے قرأۃ شروع کی جہاں تک حضرت ابوبکرؓ پڑھ چکے تھے اور صدیقؓ نے مکبر کا فریضہ ادا کیا، دیکھئے نووی جلد ۱ ص ۱۷۸، فتح الباری جلد ۲ ص ۱۴۱ وغیرہ) اور یہی بات صحیح اور صواب ہے ولیس وراء عبادان قریۃ حافظ ابن حجرؒ نے الفاظ حدیث کے ظاہری تعارض کی وجہ سے تعدد واقعہ کو الصواب کہا ہے (الدرایہ ص ۱۰۰) مگر گہری نگاہ سے دیکھا جائے تو واقعہ صرف ایک ہی ثابت ہوتا ہے۔ جیسا کہ امام شافعیؒ کے حوالہ سے عرض کیا گیا ہے تطبیق آسانی سے ہو سکتی ہے اور تعدد واقعہ کی ضرورت ہی پیش نہیں آتی۔

الحمد للہ تعالیٰ کہ جس طرح جمہور کا مسلک متعدد صحیح و مرفوع قولی حدیثوں سے حق ثابت ہو چکا ہے
اسی طرح آپ کے آخری عمل سے بھی اس کی تائید ہوتی ہے۔ اس روایت سے متعلق فریق ثانی کی
طرف سے جو اعتراضات وارد کئے گئے ہیں، مناسب معلوم ہوتا ہے کہ ان کو نقل کر کے ان کے
جوابات بھی عرض کر دیے جائیں۔

پہلا اعتراض: مولانا مبارک پوری صاحبؒ لکھتے ہیں کہ اس حدیث کی سند میں
ابو اسحاق السبیعیؒ واقع ہیں اور وہ مدلس تھے اور عنعنہ سے روایت کرتے ہیں۔ علاوہ بریں آخر
عمر میں وہ اختلاط کا شکار بھی ہو چکے تھے۔ اس لیے ان کی روایت کار آمد نہیں ہو سکتی۔ (او
کما قال تحقیق الکلام جلد ۲ ص۔ وغیرہ) اور یہی عذر لنگ مؤلف خیر الکلام نے کیا ہے کہ
ابو اسحاق رہ تیسرے درجے کے مدلس ہیں جن کی روایت بدون تصریح سماع مقبول نہیں (محصلہ
خیر الکلام صفحہ ۴۶، ۲۹، ۴۰۳) مگر بخاری میں ان کی معنعن حدیثوں کا کوئی جواب نہیں دیا۔ اور
انشاء اللہ تعالیٰ تاقیامت دے بھی نہ سکیں گے۔

جواب: حضرت قتادہؒ کی تدلیس کے ضمن میں حضرات محدثین کرامؒ کا یہ ضابطہ نقل کیا جا
چکا ہے کہ تدلیس کرنیوالے راویوں کا ایک گروہ وہ بھی ہے جن کی تدلیس کسی طرح مضر نہیں ہے اور محدثینؒ
ان کی معنعن حدیثوں کو بھی صحیح سمجھتے ہیں، جن میں خصوصیت سے ابو اسحاق السبیعیؒ کا نام بھی پیش کیا گیا
ہے۔ رہا ابو اسحاق السبیعیؒ کی تخلیط کا سوال تو وہ بھی چنداں باعث تشویش نہیں ہے۔ کیونکہ علامہ ذہبیؒ
ناقد فن رجال لکھتے ہیں کہ وہ ائمہ تابعین رحمہ اور اثبات میں تھے، بڑھاپے کی وجہ سے ان پر کچھ نسیان
طاری ہو گیا تھا۔ ولم یختلط (میزان الاعتدال جلد ۲ ص ۲۹۳) لیکن وہ مختلط نہیں ہو گئے تھے۔
اور تصریح کرتے ہیں کہ اس زمانہ میں ان سے صرف ابن عیینہؒ نے سماعت کی ہے اور دوسری
جگہ لکھتے ہیں کہ

قلت ما اختلط ابو اسحاق ابداً وانما یعنی بذلک التغیر ونقص الحفظ۔ (تذکرہ ۱ ص ۱۱۵)

میں کہتا ہوں کہ ابو اسحاق تخلیط سے کبھی دوچار نہیں ہوئے تھے۔ ہاں ان کے حفظ میں کچھ تغیر اور نقص واقع ہو چکا تھا۔

اور فن اصول حدیث کا یہ طے شدہ قاعدہ[1] ہے کہ معمولی وہم، تغیر یسیر اور نسیان کی وجہ سے ثقہ روات

---

[1] امام عبد اللہ بن مبارکؒ فرماتے ہیں کہ وہم سے کون بچ سکتا ہے؟ (لسان المیزان جلد ۱ ص ۱۸) امام احمدؒ فرماتے

کی روایتوں کو ہرگز رد نہیں کیا جا سکتا۔ بہرحال ابو اسحاق السبیعیؒ کی تدلیس اور تخلیط کا بہانہ کرکے ان کی صحیح روایت کو رد کرنا سراسر باطل ہے۔

بعض محدثین (جن میں حافظ ابن حجرؒ وغیرہ بھی ہیں) اختلاط وغیرہ کا لفظ ان کی طرف منسوب کرتے ہیں لیکن صرف لغوی اور عمومی معنوں میں جس سے ان کی ثقاہت اور عدالت پر کوئی دھبہ نہیں لگ سکتا اور اسی لیے وہ ان کی روایت کی تصحیح اور تحسین کرتے ہیں۔ مگر مبارکپوری صاحبؒ[1]

(بقیہ حاشیہ پچھلا صفحہ) ہیں کہ امام یحییٰ بن سعیدؒ پختہ کار محدث تھے اور بہت کم خطا ان سے سرزد ہوتی تھی۔ مگر باوجود اس کے چند حدیثوں میں ان سے بھی خطا ہوئی ہے آگے فرماتے ہیں: ومن یعری من الخطاء و التصحیف (بغدادی جلد ۱۴ ص۱۳۶) یعنی متن اور سند میں خطا سے کون محفوظ رہ سکتا (بلکہ سکا) ہے۔

علامہ ذہبیؒ لکھتے ہیں کہ ابو الحسن القطانؒ نے ہشامؒ بن عروہؒ اور سہیل بن ابی صالحؒ پر جو تخلیط کا الزام لگایا ہے وہ باطل ہے۔ ہاں ان کے حافظہ میں کچھ نقص ضرور پیدا ہو چکا تھا۔ لیکن کیا وہ نسیان سے معصوم تھے؟ پھر کیا ہوا؟ کیا اس قسم کا وہم امام مالکؒ، امام شعبہؒ اور امام وکیعؒ وغیرہ اکثر ائمہ اور ثقات کو پیش نہیں آتا رہا؟ تو کیا ان کی روایتیں رد کر دی جائیں گی؟ خبط چھوڑ دے اور ائمہ ثقات سے بدظنی نہ کر (میزان الاعتدال جلد ۳ ص۲۵۵)

محدث عقیلیؒ نے امام علی بن المدینی پر جرح کی تھی۔ علامہ ذہبیؒ لکھتے ہیں:

فمالك عقل یا عقیلی اتدری فی من تکلم۔ یعنی اے عقیلیؒ تیری عقل کو کیا ہو گیا ہے؟ تو کس امام میں کلام کر رہا ہے۔

پھر آگے جوش تحریر میں آکر عقیلیؒ سے ملتی جلتی عقل والوں کو الٹی میٹم کرتے ہیں۔

وانما اشتہی ان تعرفنی من ھو الثقۃ الثبت الذی ما غلط۔ میں چاہتا ہوں کہ میرے سامنے تم کبھی ایسے ثقہ کا نام تو ذرا ہمت کرکے پیش کرو جس سے غلطی سرزد نہ ہوئی ہو۔ (میزان جلد ۲ ص۲۳۱)

اور مؤلف خیر الکلام لکھتے ہیں کہ کبھی کبھی غلطی کا ہو جانا یہ کوئی ایسا اعتراض نہیں جس سے حدیث ضعیف ہو جائے پس یہ حدیث صحیح ہے ..... الخ ص۱۳۰۔

اگر وہم اور اختلاط کی مزید تحقیق مطلوب ہو تو (فتح المغیث ص۲۳ وغیرہ) اصول حدیث کی کتابوں کا مطالعہ کیجیے۔

[1] (حاشیہ اگلے صفحہ پر دیکھئے)

اس قاعدہ سے غافل اور بے خبر ہیں اور خواہ مخواہ ان کو مورد الزام ٹھہراتے ہیں۔

دوسرا اعتراض: مبارکپوری صاحبؒ لکھتے ہیں کہ یہ حدیث اسرائیلؒ بن یونسؒ نے ابو اسحاق السبیعی سے روایت کی ہے اور ان سے اسرائیلؒ کی سماعت اختلاط کے بعد ہوئی تھی۔ لہٰذا یہ روایت قابل توجہ نہیں (بمعناہ تحقیق الکلام جلد ۲ ص)

جواب: یہ اعتراض بھی مردود ہے۔ اولاً۔ اس لیے کہ ابو اسحاقؒ اس اصطلاحی تخلیط کا تو کبھی شکار ہی نہیں ہوئے جس کے سبب ان کی روایت کمزور اور ضعیف سمجھی جا سکے اور ان کے معمولی وہم اور تغیرِ حفظ سے ان کی حدیث کی صحت پر کوئی اثر نہیں پڑتا۔ اس لیے اگر اسرائیلؒ کی سماعت ابو اسحاقؒ کے لغوی اختلاط یا نقص حفظ کے بعد بھی ہو۔ تو اس کا اثر اور فرق کیا نکلے گا؟ **ثانیاً**۔ امام ترمذیؒ لکھتے ہیں کہ ابو اسحاقؒ کے جملہ تلامذہ میں اسرائیلؒ ابو اسحاقؒ کی روایتوں میں اصح اثبت اور احفظ واقع ہوئے ہیں (جلد ۱ ص) امام ابن مہدیؒ کا بیان ہے کہ اسرائیلؒ کو اپنے دادا ابو اسحاقؒ کی جملہ روایتیں اس طرح یاد تھیں جیسا کہ مسلمانوں کو سورۂ فاتحہ یاد ہوتی ہے۔ (تذکرہ جلد ۱ ص ۱۹۹ و تہذیب التہذیب جلد ۱ ص ۲۶۱) علامہ ذہبیؒ کا بیان ہے کہ اسرائیلؒ صحیحین کے راوی ہیں۔ وھو فی الثبت کالاسطوانۃ۔ یعنی وہ حدیث کے بیان کرنے میں ایسے مضبوط تھے، جیسے ستون۔ البتہ ہاں امام شعبہؒ ان سے زیادہ ثبت تھے لیکن ابو اسحاقؒ سے روایت کرنے میں اسرائیلؒ امام شعبہؒ سے بھی زیادہ ثبت تھے۔ (میزان جلد ۱ ص ۹۸) اور تذکرۃ الحفاظ ج ۱ ص ۳۵۴ میں ایک حدیث کے بارے میں جس میں اسرائیل عن ابی اسحاقؒ .... الخ ہے فرماتے ہیں اسناد قوی امام دار قطنیؒ

لہ حافظ ابن حجرؒ نے اس روایت کی ایک جگہ تصحیح (فتح الباری جلد ۵ ص ۲۶۹) اور دوسری جگہ تحسین کی ہے (جلد ۲ ص ۱۲۵) اور مبارکپوری صاحبؒ کی بڑی ہی سعادت ہے کہ ان کو حافظ صاحب کی صرف تحسین ہی ملی ہے اور اس پر بھی وہ بڑے ناراض ہیں۔ اگر ان کی تصحیح بھی مل جاتی تو نہ معلوم ان پر کیا گذرتی؟ مگر از راہ بزرگی یہ نہ سوچا کہ ابو اسحاق رحمہ کی تدلیس مضر ہے اور نہ نقص حفظ اور تغیر کی وجہ سے ان کی حدیث ضعیف ہے بلکہ ان کی روایت اصول حدیث کے رُو سے بہر حال صحیح ہے۔ لا شک فیہ۔

کا بیان ہے کہ امام عبدالرحمٰنؒ بن مہدیؒ نے فرمایا کہ ابو اسحاقؒ کی روایتوں میں اسرائیلؒ امام شعبہؒ اور سفیان ثوریؒ سے بھی زیادہ ثقہ تھے۔ (دارقطنی جلد ۲ ص ۳۸) اور تقریباً یہی مضمون حافظ ابن حجرؒ نے بھی نقل کیا ہے۔ (درایہ ص ۲۲ و تہذیب التہذیب جلد ۱ ص ۲۶۳) مولانا شمس الحق صاحبؒ اسرائیلؒ عن ابی اسحاقؒ..... الخ کی روایات کے بارے میں یہ فیصلہ درج کرتے ہیں کہ کلہا صحیحۃ (التعلیق المغنی جلد ۲ ص ۳۹۱) اور حافظ ابن حجرؒ اسرائیلؒ عن ابی اسحاق..... الخ کی سند کی تصحیح[1] کرتے ہیں۔ حافظ ابن القیمؒ، ابو اسحاقؒ کے تمام تلامذہ اور اصحاب میں اسرائیلؒ کو اتقن لکھتے ہیں۔ (زاد المعاد جلد ۲ ص ۲۳۶) اور لطف بالائے لطف یہ ہے کہ مبارک پوری صاحبؒ نے تحقیق الکلام اور ابکار المنن میں جوش جوانی میں سب اناپ شناپ لکھ مارا ہے۔ لیکن جب تحفۃ الاحوذی لکھنے کی باری آئی اور عقل اور علم میں پختگی ہو گئی اور اپنی ذمہ داری کا گہرا احساس ہوا تو اس قاعدہ کے لکھنے پر مجبور ہو گئے کہ اسرائیلؒ ابو اسحاقؒ سے روایت کرنے میں امام شعبہؒ اور سفیان ثوریؒ سے بھی زیادہ قوی اور ثبت تھے۔ (تحفۃ الاحوذی جلد ۲ ص ۱۱)

اب انصاف شرط ہے کہ ہم مبارکپوری صاحبؒ کی اس سے بڑھ کر اور کیا تسلی کر سکتے ہیں؟

وثالثاً۔ اس روایت میں اسرائیلؒ کے ایک اور ثقہ اور ثبت متابع بھی موجود ہیں جن کا نام زکریاؒ بن ابی زائدہؒ ہے۔ چنانچہ عبد اللہؒ بن احمدؒ اپنے والد امام احمدؒ بن حنبلؒ سے روایت کرتے ہیں۔ اور وہ یحییٰؒ

---

[1] مثلاً دیکھئے فتح الباری جلد ۱ ص ۳۵۵ و جلد ۷ ص ۳ وغیرہ۔ اگر مبارکپوری صاحبؒ اور ان کے اتباع کے نزدیک اسرائیلؒ عن ابی اسحاقؒ..... الخ کی سند ضعیف اور کمزور ہے تو از راہ کرم بخاری (مثلاً جلد ۱ ص ۲۸، ص ۲۲۵، ۱ ص ۳۵۵ و ص ۳۹۴، ۲ ص ۵۷۹ و ۲ ص ۸۶۱ وغیرہ) اور مسلم کی تمام حدیثوں پر قلم پھیر دیں۔ کیونکہ ان میں ابو اسحاق کا اختلاط کارفرما ہوگا۔ قاضی مقبول احمد صاحب ان کو نسیان کا مرض لگا کر وہمی بھی قرار دیتے ہیں۔ (دیکھئے الاعتصام ص ۱۶، ۱۶ نومبر ۱۹۶۲ء) لہٰذا بخاری اور مسلم سے اس وہمی کی سب روایتیں نکال دیں۔ ملاحظہ کیجئے کہ غیر مقلدین کے تعصب اور گروہ بندی کی وجہ سے صحیحین کی کتنی احادیث غیر صحیح قرار پاتی ہیں۔ نعوذ باللہ تعالیٰ من شرور انفسنا۔

[2] اس سند کے باقی راویوں کی توثیق پہلے نقل کی جا چکی ہے یحییٰؒ بن ابی زکریاؒ کو حافظ ابن کثیرؒ من الائمۃ الثقات لکھتے ہیں۔ (البدایہ والنہایہ جلد ۱۰ ص ۱۸۴) علامہ ذہبیؒ ان کو الحافظ، الثبت، المتقن اور الفقیہ لکھتے ہیں۔ (تذکرہ جلد ۱ ص ۲۴۶) حافظ ابن حجرؒ لکھتے ہیں کہ وہ ثقہ اور متقن تھے۔ (تقریب ص ۳۹۱)

بن ابی زکریاؒ سے اور وہ زکریا بن ابی زائدہؒ سے اور وہ ابو اسحاق السبیعیؒ سے اور وہ ارقم بن شرحبیلؒ سے اور وہ حضرت عبداللہ بن عباسؓ سے حدیث کا وہی مضمون ہے جو پہلے نقل کیا جا چکا ہے۔ (مسند احمد جلد ۱ ص ۲۳۱) جب اسرائیلؒ خود اوثق اور اثبت ہیں اور ان کا متابع بھی ثقہ اور ثبت ہے تو پھر ان کی روایت کیوں صحیح نہیں ہے؟ الغرض نہ تو یہ روایت شاذ ہے جیسا کہ الاعتصام ۱۶ نومبر ۱۹۶۲ء ص ۶ میں اس پر بلا وجہ زور لگا تعصب کا مظاہرہ کیا گیا ہے اور نہ یہ مرجوح اور بخاری کی روایت راجح ہے۔ راجح اور مرجوح کا سوال تعارض کے وقت ہوتا ہے۔ جب دونوں میں تعارض ہی نہیں تو راجح و مرجوح کا سوال بالکل بیکار ہے دونوں صحیح ہیں۔ ایک مجمل ہے اور دوسری مفصل ہے جس میں زیادت ثقہ ہے۔ جو باتفاق جملہ محدثین کرامؒ قابل قبول ہے۔

حضرت ابن عباسؓ کی روایت کا شاہد:

اسد[1] بن موسیٰؒ اپنی کتاب فضائل صحابہؓ میں فرماتے ہیں کہ ہم سے ابومعاویہؒ[2] نے بیان کیا۔ وہ

---

[1] علامہ ذہبیؒ ان کو صدوق شہیر اور حافظ لکھتے ہیں۔ (میزان جلد ۱ ص ۳۴۹) امام عجلیؒ، ابوزرعہؒ، ابوداؤدؒ، نسائیؒ یعقوبؒ بن سفیانؒ اور ابوبکر البزارؒ سب ان کو ثقہ کہتے ہیں۔ امام قطانؒ ان کو لا بأس بہ اور ابن معینؒ صالح کہتے ہیں امام احمدؒ ان کو ثقہ اور جلو الحدیث اور علامہ ابن سعدؒ ان کو ثقہ اور کثیر الحدیث کہتے ہیں۔ ابن حبانؒ ان کو ثقات میں لکھتے ہیں۔ (تہذیب التہذیب جلد ۳ ص ۲۳۲) غرضیکہ اس سند کے بھی جملہ رواۃ ثقہ اور ثبت ہیں۔

[2] امام بخاریؒ اسدؒ بن موسیٰؒ کو مشہور الحدیث اور امام نسائیؒ اور ابن یونسؒ ثقہ کہتے ہیں۔ خلیلیؒ ان کو صالح لکھتے ہیں اور ابن حبانؒ ان کو ثقات میں لکھتے ہیں۔ (تہذیب التہذیب جلد ۱ ص ۲۶۰) مولانا شمس الحق صاحبؒ کا بیان ہے کہ وہ ثقہ اور صدوق تھے (التعلیق المغنی جلد ۱ ص ۵۰) امام حاکمؒ اور علامہ ذہبیؒ ایک سند کو جس میں اسدؒ بن موسیٰؒ ہے علیٰ شرط مسلم صحیح کہتے ہیں (مستدرک مع التلخیص جلد ۳ ص ۱۴۳)

[3] مبارکپوری صاحبؒ لکھتے ہیں کہ مجھے کتب اسماء الرجال میں ان کا پتہ نہیں مل سکا۔ نہ معلوم وہ کون اور کیسا تھا؟ اگر ایسے مشہور اور ثقہ محدث کا پتہ بھی مبارکپوری صاحبؒ کو نہیں مل سکا تو ان کو کیا ملے گا؟ ان کا نام محمدؒ بن خازمؒ اور لقب ضریر تھا۔ حافظ ابن کثیرؒ ان کو احد مشائخ الحدیث الثقات المشہورین لکھتے ہیں۔ (البدایہ والنہایہ جلد ۱۰ ص ۲۲۵) علامہ ذہبیؒ ان کو احد الائمۃ الاعلام الثقات (میزان جلد ۳ ص ۳۸۲) اور ثقہ اور ثبت لکھتے ہیں (میزان جلد ۲ ص ۹۹) امام عجلیؒ

(باقی اگلے صفحہ پر دیکھیے)

عبداللہ[1] بن الرحمن بن ابی بکرؒ سے اور وہ ابن ابی ملیکہؒ سے اور وہ حضرت عائشہؓ سے روایت کرتے ہیں۔ اس حدیث کا بعینہٖ مضمون وہی ہے جو حضرت عبداللہ بن عباسؓ کی روایت میں گذر چکا ہے (حافظ بدرالدین عینیؒ نے عمدۃ القاری جلد ۲ ص ۱۴۷ میں نقل کیا ہے)

تیسرا اعتراض: مبارک پوری صاحبؒ لکھتے ہیں کہ اس حدیث کی سند میں اضطراب ہے کیونکہ پیش کردہ سندوں میں عن ابن عباس عن النبی صلی اللہ علیہ وسلم ..... الخ ہے۔

(بقیہ پچھلا صفحہ) یعقوبؒ بن سفیانؒ اور نسائیؒ ان کو ثقہ کہتے ہیں۔ ابن خراشؒ ان کو صدوق کہتے ہیں کہ وہ ثقہ اور متقن تھے۔ ابن سعدؒ ان کو ثقہ اور کثیر الحدیث کہتے ہیں (تہذیب التہذیب جلد ۹ ص ۱۳۱) حافظ ابن حجرؒ ان کو ثقہ کہتے ہیں۔ (تقریب ص ۳۱۲) علامہ خطیبؒ نے ان کا پورا ترجمہ نقل کیا ہے (بغدادی جلد ۵ ص ۲۴۷)

[1] جمہور محدثینؒ واقعی ان کی تضعیف کرتے ہیں مگر ابن عدیؒ کہتے ہیں کہ ان کی حدیثیں لکھی جا سکتی ہیں۔ امام ساجیؒ ان کو صدوق کہتے ہیں اور فرماتے ہیں کہ ان میں ضعف ہے مگر قابل برداشت ہے۔ فیہ ضعف یحتمل۔ ابن حبانؒ ان کی توثیق کی طرف مائل ہیں۔ ان کے الفاظ یہ ہیں ینفرد عن الثقات ما لا یشبہ حدیث الاثبات یعنی وہ ثقہ راویوں سے ایسی روایات میں منفرد ہوتے ہیں جو اثبات یعنی ثقہ اور ثبت راویوں کی روایات کے مشابہ نہیں ہوتیں کم ہوتی ہیں۔

(تہذیب التہذیب جلد ۶ ص ۱۲۶) امام ابن معینؒ نے ان کو ضعیف ابوحاتمؒ نے لیس بقوی فی الحدیث اور نسائیؒ نے لیس بثقہ اور متروک الحدیث کہا ہے لیکن مؤلف خیر الکلام نے ص ۴۷ و ص ۴۸ میں الرفع والتکمیل ص ۸ کے حوالہ سے لکھا ہے کہ یہ جرح مفسر نہیں اور عام فقہاءؒ اور محدثینؒ کے نزدیک اس کا اعتبار نہیں۔ (محصلہ) البتہ امام بخاریؒ اور امام احمدؒ نے اس راوی کو منکر الحدیث کہا ہے۔ (تہذیب جلد ۶ ص ۱۲۶) لیکن مؤلف خیر الکلام لکھتے ہیں کہ اگر امام بخاریؒ کسی راوی کو منکر الحدیث کہیں تو اس سے روایت کرنا ان کے ہاں جائز نہیں۔ امام احمدؒ اور اس قسم کے لوگ کسی کو منکر کہیں تو اس سے یہ لازم نہیں آتا کہ وہ قابل احتجاج نہیں ہے۔ (بلفظہٖ ص ۴۹) اور ہم نے تو ان کو صرف شاہد کے طور پر پیش کیا ہے نہ کہ بطور احتجاج کے۔ اور مؤلف خیر الکلام ایک مقام میں لکھتے ہیں کہ ان (آثار) کے بعض راوی اگرچہ ضعیف ہیں مگر متابعت میں ذکر کرنے سے کوئی حرج نہیں ہے۔ (بلفظہٖ ص ۳۱۶)

[2] ذہبیؒ ان کو امام فقیہ حجت فصیح اور بلند مرتبہ لکھتے ہیں اور کہتے ہیں کہ ان کی ثقاہت پر سب کا اتفاق اور اجماع ہے۔ (تذکرہ جلد ۱ ص ۹۶)

اور مسند بزار[1] کی روایت میں عن ابن عباسؓ عن ابیہ العباسؓ عن النبی صلعم ...... الخ اس لیے یہ روایت قابلِ احتجاج نہیں ہو سکتی۔ (تحقیق الکلام جلد ۲ ص محصلہ)

جواب: مبارکپوری صاحبؒ کو لفظ اضطراب تو آتا ہے، مگر افسوس کہ وہ حقیقتِ اضطراب سے ناواقف ہیں۔ محدثین کرامؒ کے نزدیک اضطراب کی چند شرطیں ہیں۔ ایک شرط یہ ہے کہ دونوں سندیں ہم پایہ اور ہم مرتبہ ہوں ورنہ اضطراب نہ ہوگا صحیح قابلِ اخذ ہوگی اور ضعیف قابلِ رد ہوگی۔ (دیکھیے شرح نخبۃ الفکر ص۱۴ وغیرہ) اور ہم نے حضرت ابن عباسؓ[2] کی جو سندیں بیان کی ہیں وہ بالکل صحیح ہیں اور ایک ایک راوی ثقہ اور ثبت ہے اور مسند بزارؒ کی روایت میں قیس بن ربیع واقع ہے۔ امام بخاریؒ کا بیان ہے کہ امام وکیعؒ ان کو ضعیف کہتے تھے۔ (ضعفاء صغیر ص۲۶) امام نسائیؒ اس کو متروک الحدیث لکھتے ہیں (ضعفاء صغیر نسائی ص ۱۵) امام ابوحاتمؒ اور امام یحییٰؒ اس کو لیس بالقوی اور ضعیف کہتے تھے۔ امام احمدؒ اس کو کثیر الخطاء اور ابن مدینیؒ و دارقطنیؒ اس کو ضعیف کہتے تھے (میزان الاعتدال جلد ۲ ص) اور لطف یہ ہے کہ خود

---

[1] یہ روایت نصب الرایہ جلد ۲ ص۵ میں بھی ذکر کی گئی ہے۔ اور مسند احمد جلد ۱ ص ۲۰۹، اور دارقطنی جلد ۱ ص ۱۵۳ وغیرہ میں بھی آتی ہے۔

[2] اگر کوئی صاحب حضرت ابن عباسؓ کی کم سنی کا بہانہ کرتے ہوئے ان کی روایت کے مرسل ہونے کا دعویٰ کرے تو یہ بھی باطل ہوگا کیونکہ اگر بالفرض حضرت ابن عباسؓ کی روایت مرسل بھی ہو تب بھی حضرات صحابہؓ کے مراسیل بالاتفاق حجت ہیں۔ جس کی پوری تفصیل اپنے مقام پر بیان ہوگی۔ انشاء اللہ العزیز۔ علاوہ بریں اس میں قدرے اختلاف ہے کہ آں حضرت صلی اللہ تعالیٰ علیہ وآلہ وسلم کی وفات کے وقت حضرت ابن عباسؓ کی عمر دس سال تھی یا پندرہ؟ مسند احمد جلد ص ۳۳۷ میں اور مستدرک جلد ۳ ص ۵۳۴ میں بسند قوی اور صحیح یہ روایت موجود ہے کہ آپ کی وفات کے وقت ان کی عمر پندرہ برس کی تھی اور اسی کو امام نوویؒ (جلد ۱ ص۱۹۹) وغیرہ نے ترجیح دی ہے اور یہ روایت مرض الموت کی ہے۔ اس لیے حضرت ابن عباس رضی اللہ عنہما کی کم سنی وغیرہ کے بہانے سے ان کی روایت کو مرسل قرار دینا مردود اور باطل ہوگا اور بخاری جلد ۲ ص۷۵۳ کی روایت سے آپ کی وفات حسرت آیات کے وقت ان کی عمر دس سال ثابت ہے۔ واللہ تعالیٰ اعلم۔

مُبارک پوری صاحبؒ بھی اس کو ضعیف اور کمزور بتاتے ہیں۔ (تحقیق الکلام جلد ۲ ص) اس لیے اس حدیث کے اضطراب کا دعویٰ قطعاً مردود اور باطل ہے۔ یہ حدیث بلاچون وچرا صحیح ہے۔ البتہ اس کا فسلم کا کوئی جواب نہیں ہے۔

چوتھا اعتراض: مبارکپوری صاحبؒ لکھتے ہیں (اور اسی کو مؤلف خیر الکلام نے دوہرایا ہے ملاحظہ ہو ص ۲۴۴، ۲۴۲) کہ اس روایت سے یہ بات ثابت نہیں ہو سکتی کہ آں حضرت صلی اللہ تعالیٰ علیہ وآلہ وسلم سے سورۃ فاتحہ چھوٹ گئی اور مع ہٰذا آپ کی نماز درست ہو گئی بلکہ روایات سے ثابت ہے کہ آپ نماز پوری کیے بغیر حجرہ میں تشریف لے گئے تھے۔ تو یقیناً آپ نے وہاں نماز مکمل کی ہو گی اور اس دعویٰ پر یہ حدیث نقل کی ہے:

فما قضی النبی صلی اللہ علیہ وسلم الصلوٰۃ حتیٰ ثقل فخرج یھادی بین الرجلین۔

پس آپ نے ابھی نماز مکمل نہ کی تھی کہ آپ کے مرض میں اضافہ اور تیزی ہو گئی۔ سو آپ دو آدمیوں کا سہارا لے کر مسجد سے باہر تشریف لے گئے۔

اس میں حرف فاء ہے جو تعقیب بلا مہلت کے لیے آتا ہے۔ لہٰذا اس روایت سے ترک قرأت

لہ یہ روایت مشکل الآثار جلد ص — اور المختصر ص ۱۹ و طحاوی جلد ۱ ص ۲۳۵ وغیرہ میں مروی ہے اور سنن الکبریٰ جلد ۳ ص ۸۱ کے الفاظ یہ ہیں فما قضی رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم الصلوٰۃ حتیٰ ثقل جداً فخرج یھادی بین الرجلین وان رجلیہ لتخطان الارض فمات رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم ولم یوص۔ سو آپ نے نماز پوری نہ کی تھی حتیٰ کہ آپ پر بیماری کا غلبہ ہو گیا۔ پس آپ دو آدمیوں کے سہارے سے تشریف لے گئے اور آپ کے پاؤں مبارک زمین پر گھسٹتے جاتے تھے۔ پس آپ کی وفات ہو گئی اور آپ نے کوئی وصیت نہ کی۔ فمات میں بھی حرف فاء ہے۔ کیا مبارک پوری صاحبؒ کی تحقیق میں مسجد سے نکلنے کے فوراً بعد آپ کی وفات ہو گئی تھی۔ یا چار پانچ دن کے بعد وفات ہوئی تھی؟ (دیکھئے البدایہ والنہایہ جلد ۵ ص ۲۲۵ وغیرہ) اگر ان کے نزدیک ہر مقام پر حرف فاء تعقیب بلا مہلت کے لیے آتا ہے تو وہ اِذَا قُمْتُمْ اِلَى الصَّلٰوةِ فَاغْسِلُوا الآیۃ میں اور اِذَا قَرَأْتَ الْقُرْاٰنَ فَاسْتَعِذْ بِاللّٰهِ میں اور اِذَا صَلَّيْتُمْ عَلَى الْمَيِّتِ فَاَخْلِصُوْا لَهُ الدُّعَاءَ میں اور تزوج فلان فولد لہ وغیرہ وغیرہ مقامات میں کیا ارشاد فرمائیں گے؟ اور اگر ان مقامات میں حرف فاء تفصیل کے لیے ہے یا کسی اور مناسب

(بقیہ اگلے صفحہ پر دیکھئے)

سورۂ فاتحہ کا مسئلہ اور بصورت ترک تکمیل نماز کا ادعا صحیح نہیں ہے۔ (بمعناہ تحقیق الکلام جلد ۲ صتہ)

جواب: مبارک پوری صاحبؒ کا یہ دعویٰ کرنا کہ آپ نماز کی تکمیل کے بغیر مسجد سے باہر نکل کر تشریف لے گئے تھے نہ معلوم کس بات پر مبنی ہے؟ اس دعویٰ کا ثبوت تو کسی روایت سے نہیں مل سکتا۔ اس روایت سے تو اتنا ہی ثبوت ملتا ہے کہ نماز کی تکمیل سے قبل ہی آپ پر بیماری کا زور ہو گیا۔ اور اگر فخرج میں حرف فاء کو مبارکپوری صاحبؒ تعقیب بلا مہلت کے لیے سمجھتے ہیں اور اس پر اپنے دعوے کی بنیاد رکھتے ہیں تو یہ ان کو سراسر مضر پڑے گا۔ جیسا کہ ظاہر ہے۔ علاوہ بریں اس کی تصریح موجود ہے کہ آں حضرت صلی اللہ تعالیٰ علیہ وآلہ وسلم نے نہ صرف یہ کہ نماز ہی پوری کی، بلکہ حضرات صحابہ کرامؓ کو نماز کے بعد خطاب بھی فرمایا تھا۔ چنانچہ ایک روایت میں یوں الفاظ آتے ہیں: فصلّٰی لھم وخطبھم (بخاری ج ۱ ص ۱۵۸) آپ نے حضرات صحابہ کرامؓ کو نماز پڑھائی اور ان سے خطاب فرمایا

اور ایک روایت میں یوں آتا ہے:

ثم خرج الی الناس فصلّٰی لھم وخطبھم۔ (بخاری ج ۱ ص ۹۳ و فتح الباری) پھر آں حضرت صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم (اپنے حجرہ سے) لوگوں کی طرف نکلے ان کو نماز پڑھا کر ان سے خطاب

(بقیہ حاشیہ پچھلا صفحہ) معنیٰ میں مستعمل ہوا ہے تو فخرج میں حرف فاء سے کوئی ایسا مناسب اور موزوں معنیٰ کیوں نہیں لیا جا سکتا تاکہ دوسری صحیح روایات سے تعارض پیدا نہ ہو اور اگر مبارکپوری صاحبؒ اس پر بضد ہیں کہ حرف فاء تعقیب بلا مہلت کے لیے ہی ہوتا ہے تو کامیابی پھر بھی جمہور کی ہو گی۔ کیونکہ قرآن کریم کی آیت واذا قرئ القرآن فاستمعوا لہ... الاٰیۃ اور حدیث اذا قرأ الامام فانصتوا میں بھی ان کے اصول کے تحت حرف فاء تعقیب بلا مہلت کے لئے ہو گا۔ اور مطلب یہ ہو گا کہ امام کی قراءت شروع کرنے کے فوراً بعد مقتدیوں پر استماع اور انصات واجب ہے۔ اور سبھی جانتے ہیں کہ امام کی قراءت سورۂ فاتحہ سے شروع ہوا کرتی ہے۔ نہ کہ مازاد علی الفاتحہ سے۔ لہٰذا مقتدیوں پر سورۂ فاتحہ کا پڑھنا ممنوع ٹھہرا۔ اور قراءت کو مازاد علی الفاتحہ پر محمول کرنے کی رٹ باطل ہو گئی ہے

خوشش نوایانِ چمن کو غیب سے مژدہ ملا　　دام میں صیاد اپنے مبتلا ہونے کو ہے

جلد ۱ص ۱۴۰ و عمدۃ القاری جلد ۱ ص ۱۷۱) فرمایا۔

اس صحیح اور صریح روایت سے معلوم ہوا کہ آپؐ نے جماعت کے ساتھ نماز کی تکمیل کی۔ اور پھر حضرات صحابہ کرامؓ سے خطاب بھی کیا۔ اور جو روایت مبارکپوری صاحبؒ نے پیش کی ہے۔ اس سے ان کا مدعٰی ثابت نہیں ہوتا۔ کیونکہ اس کا مفہوم تو صرف اتنا ہے کہ تکمیل نماز سے قبل ہی آپ کا مرض بڑھ گیا تھا۔ اور اس کا کون منکر ہے؟ اور نماز اور خطاب سے فارغ ہونے کے بعد آپؐ دو آدمیوں کے سہارے سے جیسے تشریف لائے تھے۔ ویسے ہی واپس تشریف لے گئے۔ اگر مبارک پوری صاحبؒ یہ سمجھے بیٹھے ہیں کہ بحالت نماز مرض بڑھ نہیں سکتا یا تکمیل نماز کے بغیر ہی دو آدمیوں کے سہارے پر گھر جانا ہی متحقق ہو سکتا ہے۔ تو ہماری بلا سے مبارک پوری صاحبؒ جانیں اور ان کی سمجھ۔ بہر صورت مسئلہ یہ ثابت ہو چکا ہے کہ آنحضرت صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے آخری با جماعت نماز میں سُورۃ فاتحہ مکمل یا اس کا اکثر حصہ نہیں پڑھا تھا۔ معہذا آپؐ کی نماز صحیح ہو گئی تھی۔ و ہو المطلوب۔

پانچواں اعتراض: مولوی محمد صادق صاحب سرگودھوی (غیر مقلد) لکھتے ہیں کہ اگر آپؐ نے امام ہونے کے باوجود سُورۃ فاتحہ ترک کی تو حنفیہ بھی کہتے ہیں کہ امام پر سورۃ فاتحہ واجب ہے تو حنفیہ کا اعتراض جیسا کہ اہل حدیث پر ہے۔ ویسا ہی ان حنفیوں پر بھی ہے۔ (خیر الکلام صـ۴۱)

جواب: یوں معلوم ہوتا ہے کہ مولوی صاحب نے فقہائے حنفیہ کی کتابیں دیکھنے کی زحمت گوارا نہیں کی۔ ورنہ وہ اس قسم کی سطحی بات ہرگز تحریر نہ کرتے۔ علماء احناف کے نزدیک سُورۃ فاتحہ کی قرأۃ اس امام پر ضروری ہے جو اول سے آخر تک امامت کا فریضہ ادا کر رہا ہو۔ اگر کسی نے اس حالت میں امام کی اقتدا کی ہو۔ کہ امام سُورۃ فاتحہ پڑھ چکا ہو یا رکوع کے لیے سر جھکا چکا ہو۔ اور امام کو حدث کو لاحق ہو گیا ہو تو ایسے مقتدی کو امام اپنا نائب اور خلیفہ بنا سکتا ہے اور ایسے نائب امام کی نماز بغیر سُورۃ فاتحہ پڑھے بھی جائز اور صحیح ہے۔ اور رکوع کی حالت میں بھی مسبوق کو نائب اور خلیفہ بنانا جائز ہے۔ (دیکھئے ہدایہ جلد ۱ ص ۱۰۱ وغیرہ) اور حضرت ابن عباسؓ کی حدیث کا بھی یہی مطلب ہے کیونکہ آنحضرت صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے پہلے حضرت ابوبکرؓ کی اقتدا کی تھی اور بعد کو آپ نے امامت کا فریضہ ادا کیا تھا جیسا کہ اس کی پوری تشریح

پہلے ہو چکی ہے۔ لہٰذا حنفیوں پر تو مطلقاً اعتراض وارد نہیں ہو سکتا۔ ہاں البتہ اپنے آپ کو اہل حدیث کہلانیوالے اور صَلُّوْا کَمَا رَاَیْتُمُوْنِیْ اُصَلِّیْ کی حدیث پر عامل ہونے کے مدعی اس صحیح حدیث سے کبھی عہدہ برآ نہیں ہو سکتے اور شاید کہ تا قیامت ہو بھی نہ سکیں۔ خلاصہ کلام یہ ہے کہ دیگر صحیح قولی احادیث کی طرح آں حضرت صلی اللہ تعالیٰ علیہ وآلہ وسلم کی اس صحیح اور فعلی حدیث سے بھی یہ امر ثابت ہو گیا ہے کہ آں حضرت صلی اللہ تعالیٰ علیہ وآلہ وسلم کی آخری با جماعت نماز بغیر سورۂ فاتحہ پڑھے بھی درست اور صحیح ہو گئی تھی اور یہی جمہور اہل اسلام کا مسلک ہے اور آپ کے آخری فعل کے حق اور درست ہونے میں کس کو کلام ہو سکتا ہے؟ کیونکہ اس کے بعد نسخ کا احتمال بھی نہیں ہو سکتا۔ اس لیے ازراہ انصاف خدا تعالیٰ سے ڈر کر فریق ثانی کو اپنے اس فتویٰ پر نظر ثانی کرنی چاہیے کہ جو شخص امام کے پیچھے ہر رکعت میں سورۂ فاتحہ نہ پڑھے۔ اس کی نماز ناقص ہے، کالعدم ہے، بیکار ہے اور باطل ہے۔ آں حضرت صلی اللہ تعالیٰ علیہ وآلہ وسلم کے اس آخری عمل کے پیش نظر یہ فتویٰ کس بے باکی اور جسارت پر مبنی ہے۔ اللہ تعالیٰ ہماری کوتاہیاں اور لغزشیں معاف کرے۔

گیارھویں حدیث: امام احمد بن منیعؒ فرماتے ہیں کہ ہم سے اسحاقؒ[1] ازرقؒ[2] نے بیان کیا وہ فرماتے ہیں کہ ہم سے سفیان ثوریؒ اور شریکؒ[3] نے بیان کیا۔ وہ دونوں روایت

---

[1] علامہ ذہبیؒ ان کو الحافظ اور الحجۃ لکھتے ہیں۔ (تذکرہ جلد ۲ صفحہ ۹)

[2] حافظ ابن حجرؒ لکھتے ہیں کہ وہ ثقہ تھے۔ (تقریب ص ۳۲۵) علامہ ذہبیؒ ان کو الحافظ اور الثقہ لکھتے ہیں (تذکرہ جلد ۱ صفحہ ۲۹۲) حافظ ابن کثیرؒ ان کو احد الائمۃ الحدیث لکھتے ہیں۔ (البدایہ والنہایہ جلد ۱۰ ص ۲۲۷)

[3] سفیان ثوریؒ کا ترجمہ مقدمہ میں گزر چکا ہے اور شریکؒ ان کے متابع ہیں۔ علامہ ذہبیؒ ان کو الحافظ، الصادق اور احد الائمۃ لکھتے ہیں۔ (میزان جلد ۲ ص ۲۹۶) نیز لکھتے ہیں کہ وہ احد الائمۃ الاعلام، حسن الحدیث، امام، فقیہ اور کثیر الحدیث تھے وحدیثہ من اقسام الحسن (تذکرہ ۱ ص ۲۱۴) علامہ ابن سعدؒ ان کو ثقہ، مامون اور کثیر الحدیث کہتے ہیں۔ (تہذیب التہذیب جلد ۴ ص ۳۳۶) یہ یاد رہے کہ

(باقی اگلے صفحہ پر دیکھئے)

کرتے ہیں موسیٰ بن ابی عائشہ سے۔ وہ عبد اللہ بن شداد سے اور وہ حضرت جابر بن عبد اللہ سے روایت کرتے ہیں۔ وہ فرماتے ہیں کہ

قال النبی صلی اللہ علیہ وسلم من کان لہ امام فقرأۃ الامام لہ قرأۃ (بحوالہ فتح القدیر جلد ۱ ص ۲۳۹)	آں حضرت صلی اللہ تعالیٰ علیہ وآلہ وسلم نے ارشاد فرمایا کہ جس آدمی نے امام کی اقتدا کی تو امام کی قرأۃ مقتدی کو بس ہے۔

اس روایت[3] میں جہری اور سری نماز کی کوئی قید موجود نہیں ہے۔ اس لیے یہ اپنے عموم پر ہے کیونکہ اس میں حرف مَنْ شرطیہ ہے جو عموم کے لیے ہے۔ بخلاف لا صلوٰۃ لمن لم یقرأ کے کہ وہاں حرف من موصولہ یا موصوفہ ہے جس میں عموم وخصوص دونوں آ سکتے ہیں۔ اور اس کا مطلب بالکل واضح ہے کہ امام کے پیچھے جب کسی نے اقتدا اختیار کر لی ہو تو مقتدی کو جدا اور الگ قرآت کرنے کی مطلقاً ضرورت نہیں ہے۔ بلکہ امام کا پڑھنا گویا مقتدی کا پڑھنا ہے

(بقیہ حاشیہ پچھلا صفحہ) ہم نے شریک کو صرف متابع کے طور پر پیش کیا ہے۔ استدلال امام سفیان ثوری سے ہے جو ثقہ اور ثبت تھے۔ (ترجمان الحدیث ص ۲۱ ماہ جولائی ۱۹۶۷ء میں تضادات کے چند نمونے کا عنوان قائم کر کے اور ہماری اس عبارت سے لفظ متابع ہضم کر کے جو اعتراض کیا ہے، علمی طور پر خالص بددیانتی ہے۔ ہم نے سفیان ثوری کو ان کا متابع نہیں بتایا بلکہ ان کو سفیان ثوری کا متابع کہا ہے مگر مضمون نگار نے ص۲۲ میں دجل کا ثبوت دیا ہے۔ چنانچہ وہ لکھتے ہیں جبکہ سفیان ثوری اس کا متابع موجود ہے۔

[1] امام حمیدؒ ان کو ثقات میں شمار کرتے ہیں۔ امام ابن معینؒ اور یعقوب بن سفیانؒ ان کو ثقہ کہتے ہیں۔ اور ابن حبانؒ ان کو ثقات میں لکھتے ہیں۔ (تہذیب التہذیب جلد ۱۰ ص ۳۵۲) حافظ ابن حجرؒ ان کو ثقہ عابد لکھتے ہیں۔ (تقریب ۳۶۷) امام بخاریؒ ان کو ثقہ کہتے ہیں (جلد ۲ ص ۳۳۷)

[2] یہ حضرت ام المومنین میمونہؓ کے بھانجے تھے (بخاری جلد ۱ ص ۴۲ و ۴۷) حافظ ابن عبد البرؒ لکھتے ہیں کہ آں حضرت صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کے زمانہ میں ان کا تولد ہوا تھا۔ امام عجلیؒ، خطیبؒ، ابو زرعہ، نسائی، ابن سعدؒ اور واقدیؒ سب ان کو ثقہ کہتے ہیں۔ ابن حبانؒ ان کو ثقات میں لکھتے ہیں۔ تہذیب التہذیب جلد ۵ ص ۲۵۲)

[3] یہ روایت شرح نقایہ جلد ۱ ص ۸۵ آثار السنن جلد ۱ ص ۸۷، روح المعانی جلد ۹ ص ۱۳۲، تحقیق الکلام جلد ۲ ص ۱۴۸، ابکار المنن ص ۱۴۰ فتح الملہم جلد ۲ ص ۲۲، حاشیہ طحاوی جلد ۱ ص ۱۲۸، اعلاء السنن جلد ۴ ص ۶۳ اور بغیۃ الالمعی جلد ۲ ص ۳ وغیرہ کتابوں میں اجمالاً وتفصیلاً نقل کی گئی ہے۔

اور ما زاد علی الفاتحہ کی قرأت میں فریق ثانی کا کلی اتفاق ہے کہ اس میں امام کی قرأت مقتدی کی قرأت سمجھی جاتے گی اور مقتدی پر الگ قرأت لازم نہیں ہے۔

حضرت جابرؓ بن عبداللہؓ جلیل القدر صحابی تھے۔ اور باقی سب راوی ثقہ اور ثبت ہیں۔ جیسا کہ آپ ملاحظہ کر چکے ہیں اور مبارکپوری صاحبؒ نے اپنی افتاد طبع کے تحت گو آئیں بائیں شائیں سے کام لینے اور گلو خلاصی کی ناکام کوشش کی ہے، لیکن اتنی بات تسلیم کیے بغیر وہ کوئی مفر نہیں پاتے کہ بظاہر صحیح[1] ہے کیونکہ موصول بھی ہے۔ اس کے تمام روات بالاتفاق ثقہ بھی ہیں اور کوئی علت قادحہ بھی بظاہر اس میں نہیں پائی جاتی .... الخ (بلفظہ تحقیق الکلام جلد ۲ ص ۱۴۸)

انصاف کا تقاضا تو یہ تھا کہ جب تمام راوی ثقہ ہیں اور سند بھی موصول ہے۔ اور بظاہر کوئی علت قادحہ بھی اس میں پائی نہیں جاتی۔ تو مبارکپوری صاحب جناب رسول خدا صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کی صحیح حدیث کے سامنے سر تسلیم خم کر دیتے۔ اور یا صحیح تسلیم کرتے ہوئے۔ اس کا کوئی معقول جواب دیتے۔ مگر چونکہ اپنی رائے کو ترک نہیں کرنا۔ اس لیے ان حضرات کی طرف سے صحیح حدیث کو معلول ٹھہرانے کی کوشش اور سعی کی گئی ہے۔ مبارک پوری صاحبؒ نے جو کچھ کہا اس کو آپ پڑھ لیں اور ساتھ ساتھ جواب بھی ملاحظہ کرتے جائیں۔

پہلا اعتراض: مبارکپوری صاحبؒ لکھتے ہیں (اور یہی اعتراض خیر الکلام از ص ۴۷۱ تا ۴۷۵ میں پانی کی طرح بلویا گیا ہے) کہ یہ روایت مرفوع نہیں ہے اور اس کی دلیلیں یہ ہیں:

(۱) اگر یہ طریق مرفوع ہوتا۔ تو محدثین کرامؒ، امام سفیان ثوریؒ، شریکؒ اور جریرؒ کو امام ابو حنیفہؒ کا مخالف ہرگز نہ بناتے۔

(۲) اگر یہ روایت صحیح ہوتی تو امام طحاویؒ، علامہ ماردینیؒ، حافظ زیلعیؒ اور محدث عینیؒ وغیرہ محل احتیاج میں ضرور اس کو پیش کرتے۔

(۳) حافظ ابن ہمامؒ نے مسند احمدؒ بن منیعؒ کے جس نسخہ سے یہ روایت نقل کی ہے اس میں کاتب کی غلطی کی وجہ سے عبداللہؓ بن شدادؒ کے بعد عن جابرؓ کا جملہ زیادہ ہو گیا ہے۔ اور

---

[1] نواب صدیق حسن خان صاحبؒ مسند احمد بن منیع کے طریق سے دو سندوں کا حوالہ دیتے ہوئے لکھتے ہیں کہ والاسناد الاول صحیح علیٰ شرط الشیخین والثانی علیٰ شرط مسلم اھ (ھدایۃ السائل ص ۲۰۲)

حقیقت میں یہ روایت مرسل ہے۔ (بمعناہ تحقیق الکلام جلد ۲ ص ۱۴۸ و ابکار المنن ظلہ)

جواب: مبارکپوری صاحب کا یہ دعویٰ بمعہ پیش کردہ دلائل کے از سر تا پا لغو اور بیہودہ ہے۔ یہ روایت مرفوع ہے مرسل نہیں ہے، ترتیب وار ہر شق کا جواب ملاحظہ کیجئے:

پہلی شق کا جواب: یہ دعویٰ کرنا کہ جریرؒ، سفیانؒ اور شریکؒ وغیرہ امام ابوحنیفہ رح کی مخالفت کرتے ہوئے اس کو مرسل روایت کرتے ہیں باطل ہے، چنانچہ علامہ آلوسیؒ ان کی روایت کو کئی سندات کے ساتھ نقل کر کے لکھتے ہیں۔ (علامہ آلوسیؒ ثقہ ناقل ہیں ان کو متاخر آدمی کہکر ٹال دینا جیسا کہ مؤلف خیر الکلام نے ص۲۷۳ میں کیا ہے نرے تعصب پر مبنی ہے اور اہل علم کی شان کے لائق نہیں ہے)

فھو اہ سفیانؒ وشریکؒ وجریرؒ	سو بیہ امام مثلاً سفیان ثوریؒ، شریکؒ، جریرؒ اور ابو الزبیرؒ
ابو الزبیرؒ رفعوہ بالطرق الصحیحۃ	(وغیرہ) صحیح اسانید کے ساتھ اس روایت کو مرفوع نقل
فبطل عدھم فیمن لم یرفعہ۔	کرتے ہیں جو لوگ یہ دعویٰ کرتے ہیں کہ انھوں نے اس
(روح المعانی جلد ۹ ص ۱۴۳)	کو مرفوع روایت نہیں کیا۔ ان کا قول سراسر باطل ہے۔

اور اسی طرح فتح القدیر جلد ۱ ص ۲۳۹ میں بھی ہے۔

اس سے معلوم ہوا کہ امام بیہقی رح دارقطنی رح اور ابن عدیؒ وغیرہ کا یہ دعویٰ کہ اس روایت کو تنہا حضرت امام ابوحنیفہ رح ہی مرفوع بیان کرتے ہیں اور اس رفع میں ان کا اور کوئی ساتھی نہیں محض باطل ہے اور امام ابوحنیفہ رح سے اس روایت کو نقل کرنے والے بھی اس کو مرفوع ہی بیان کرتے ہیں۔ چنانچہ امام بیہقی رح لکھتے ہیں:

ھذا حدیث رواہ جماعۃ من	امام ابو حنیفہ رح کے اصحاب اور تلامذہ میں سے ایک
اصحاب ابی حنیفۃ موصولاً وخالفھم	بہت بڑی جماعت نے اس کو مرفوع اور موصول بیان کیا
عبد اللہؒ بن المبارکؒ الامام فرواہ	ہے لیکن امام عبد اللہؒ بن مبارکؒ اس کو مرسل روایت
عنہ مرسلاً۔ (کتاب القرأۃ ص ۱۰۱)	کرتے ہیں۔

اسحٰق ارزقؒ، ابو یوسفؒ اور یونسؒ بن بکیرؒ وغیرہ کی روایتیں دارقطنی جلد ۱ ص ۱۲۲ اور ص ۱۲۳ میں مذکور ہیں اور محمدؒ بن الحسنؒ، محمدؒ بن الفضلؒ البلخی، سلیمؒ بن مسلمؒ، مکیؒ بن ابراہیمؒ، علیؒ بن یزید الصدائیؒ

اور مروانؒ بن شجاعؒ کی روایتیں عقود الجواہر المنیفہ فی ادلۃ الاحکام لمذہب ابی حنیفہؒ میں مذکور ہیں۔ (کذا فی الدلیل المبین ص ۹۵ لمولانا المحدث محمد حسن فیض پوریؒ) لہٰذا اسحاق ازرقؒ کی روایت کو شاذ، غلط اور ضعیف قرار دینا جیسا کہ مؤلف خیر الکلام نے کیا ہے۔ (ملاحظہ ہو ص ۲۷۲ و ۳۷۲) محض بے بنیاد امر اور نرا باطل دعویٰ ہے۔ علاوہ ازیں مؤلف خیر الکلام خود ایک مقام پر لکھتے ہیں کہ جب ان کا ثقہ ہونا ثابت ہوا تو اس صورت میں ان کا تفرد کوئی مضر نہیں ہوگا..... الخ ص ۲۸۸ اور اسحٰق ازرقؒ تو چوٹی کے ثقہ اور ثبت ہیں۔ پھر تفرد کا ناکام بہانہ کون سنتا ہے اور کون ان کی اس صحیح زیادت کو شاذ مانتا ہے؟

اور دوسرے مقام پر امام بیہقیؒ لکھتے ہیں:

وھکذا رواہ جماعۃ عن ابی حنیفۃؒ موصولاً۔ (سنن الکبریٰ ج ۲ ص ۱۵۹)	اسی طرح امام ابو حنیفہؒ سے ایک بڑی تعداد نے اس کو مرفوع اور موصول بیان کیا ہے۔

اور نواب صدیق حسن خانؒ لکھتے ہیں کہ

و بالجملہ ایں حدیث بطرق متعددہ ارسالاً و رفعاً مروی شدہ و دروی دلالت است بر آنکہ مؤتم در پس امام فاتحہ نخواند زیرا کہ قرأت امام قرأت مؤتم است اھ (ہدایت السائل ص ۲۰۲)	خلاصۂ کلام یہ ہے کہ یہ حدیث متعدد طرق سے مرسلاً اور مرفوعاً مروی ہے اور اس میں دلیل ہے کہ مقتدی امام کے پیچھے فاتحہ نہ پڑھے کیونکہ امام کی قرأت مقتدی کی قرأت ہے ... الخ

پہلے اس کی تحقیق گزر چکی ہے کہ ثقہ راوی کی زیادت بالاتفاق مقبول ہوتی ہے۔ خواہ وہ زیادت متن حدیث میں ہو، خواہ سند میں اور جب حدیث کے مرفوع اور مرسل ہونے کا جھگڑا ہو تو وہ حدیث جمہور علماء کے نزدیک مرفوع ہی سمجھی جائے گی۔ نیز مثبت کو نافی پر ترجیح ہوگی۔ اگر بالفرض اس زیادت کو تنہا حضرت امام ابو حنیفہؒ ہی بیان فرماتے۔ تب بھی حضرات محدثین کرامؒ کے طے شدہ اصول اور ضوابط کے تحت یہ روایت مرفوع اور موصول ہی ہوتی حالانکہ جریرؒ، سفیانؒ، شریکؒ اور ابو الزبیرؒ وغیرہ سب ثقہ راوی اس کو مرفوع اور موصول بیان کرتے ہیں اور امام ابو حنیفہؒ سے بھی ایک بڑی جماعت اس کو مرفوع اور موصول ہی روایت کرتی ہے۔ امام ابن مبارکؒ چونکہ اس کو مرسل بیان کرتے ہیں اور دوسرے اس کو مرفوع

بیان کرتے ہیں۔ اس لیے قاعدہ کے مطابق مرفوع اور متصل ہی کو ترجیح ہے۔ نہ کہ اس کے مرسل ہونے کو علاوہ ازیں خود امام ابن مبارکؒ کا بیان ہے کہ جب امام ابو حنیفہؒ اور سفیان ثوریؒ کسی بات پر متفق ہو جائیں تو میرا قول بھی وہی ہوگا (تبییض الصحیفہ ص۱) اور امام ابو حنیفہؒ اور امام سفیان ثوریؒ دونوں اس روایت کو مرفوع اور موصول بیان کرتے ہیں اور امام حاکمؒ علامہ شمس الدین ابن قدامہؒ، علامہ ماردینیؒ، حافظ ابن ہمامؒ، ملا علی القاریؒ اور علامہ آلوسیؒ وغیرہ اس روایت کو مرفوع ہی نقل کرتے ہیں۔ اور یہ مثبت بھی ہیں اور مبارکپوری صاحبؒ لکھتے ہیں کہ

فقول هولاء العارفين مقدم على من لم يعرف۔ (ابکار المنن ص۱۲۵) | سو ان جاننے والوں کی بات نہ جاننے والوں کی بات سے بہرحال مقدم ہے۔

اس لیے مبارکپوری صاحبؒ کے اعتراض کی یہ شق قطعاً باطل اور مردود ہے اور اسی طرح مؤلف خیر الکلام (ص ۲۷۳، ۲۷۴) کا اس کے جواب سے عاجز ہو کر اس کو مصادرہ علی المطلوب کہہ کر گلو خلاصی کرنا بے معنی بات ہے کیونکہ دعوٰے یہ ہے کہ عن جابرؓ کا جملہ مسند احمدؒ بن منیعؒ میں مذکور ہے اور دلیل یہ ہے کہ یہ مسلّم ثقات اس کو اسی طرح نقل کرتے ہیں۔ اگر مؤلف مذکور کا یہ خانہ ساز مصادرہ مضر ہے تو تمام کتب حدیث میں یہ جاری ہے کما لا یخفٰی تو پھر کوئی روایت صحیح نہیں ہو سکتی بھلا ایسے ناکام بہانوں سے صحیح حدیث ضعیف قرار دی جا سکتی ہے؟ معاذ اللہ تعالیٰ۔

دوسری شق کا جواب: جمہور اہل اسلام کے پاس قرآن کریم کی آیت اور حضرت ابو موسیٰ الاشعریؓ، حضرت ابو ہریرہؓ اور حضرت انسؓ بن مالک وغیرہ کی صحیح اور مرفوع حدیثیں موجود ہیں۔ لہٰذا اگر امام طحاویؒ وغیرہ ائمہ نے حضرت جابرؓ کی یہ روایت اپنے استدلال میں پیش نہیں کی۔ تو کیا بغیر اس روایت کے ان کی ضرورت اور حاجت پوری نہیں ہو سکتی تھی؟ اور کیا ان کے دعوے کی صرف یہی ایک حدیث دلیل رہ گئی تھی کہ بغیر اس کے بیان کرنے کے ان کا دعوٰی ناکام اور تشنہ رہتا؟ ہاں جہاں اور حدیثیں موجود ہیں۔ وہاں ان کی دلیل ایک یہ حدیث بھی ہے اور فرض کیجئے کہ ان حضرات کو مسند احمدؒ بن منیعؒ کی سند سے اس روایت کا علم ہی نہ تھا تو کیا اس سے یہ لازم آتا ہے کہ سرے سے یہ حدیث ہی نہ ہو؟ کسی حدیث کا کسی موقع پر بیان نہ کرنا اس کے عدم کی دلیل کیسے بن گئی؟

علاوہ ازیں امام ابن قدامہؒ ماردینیؒ، ابن ہمامؒ، ملا علی قاریؒ اور آلوسیؒ وغیرہ باقاعدہ اس روایت سے استدلال کرتے ہیں اور اس کو مرفوع اور موصول ہی سمجھتے ہیں اور اسی طرح اس کو نقل بھی کرتے ہیں۔

مؤلف خیر الکلام ص ۲۷۳ میں (وبنحوہ فی ص ۲۳۸) لکھتے ہیں کہ باقی رہا ارسال اور وصل کا اختلاف اس کے متعلق بیان ہو چکا ہے کہ راوی ایسے مختلف حالات کی بنا پر کبھی متصل بیان کر دیتے ہیں اور کبھی مرسل۔ یہ اختلاف کوئی مضر نہیں۔ ثقہ کی زیادتی اس جگہ قابل قبول ہے۔ انتہٰی اور یہی ہم کہتے ہیں۔

تیسری شق کا جواب: اگر مسند احمدؒ بن منیعؒ کے نسخہ میں جو حضرات محدثین کرامؒ کے نزدیک متداول کتاب تھی۔ کاتب نے عن جابرؓ کے الفاظ زیادہ کر دیے تھے تو نہ معلوم بخاری، مسلم، نسائی، ابو داؤد اور دیگر حدیث کی کتابوں میں کاتبوں نے کیا کچھ شگوفے کھلائے ہوں گے؟ اور اللہ تعالیٰ ہی بہتر جانتا ہے کہ انھوں نے حذف و اضافہ اور قطع و برید کر کے اصل مضمون کو کیا سے کیا کر دیا ہوگا؟ پھر حدیث کی کتابوں پر کیا اعتبار ہو سکتا ہے؟ اور شاید اسی بد اعتمادی کی وجہ سے بیشتر غیر مقلد حضرات (مثلاً عبد اللہ چکڑالوی، اسلم جیراجپوری، غلام احمد پرویز، ڈاکٹر احمد الدین وغیرہ) انکار حدیث کے فتنہ میں گرفتار اور مبتلا ہوتے ہیں۔ اور شاید تصحیح حدیث کی یہ شرط ہو کہ اگر مبارکپوری صاحبؒ اور ان کی جماعت کسی حدیث کو صحیح قرار دیں تو صحیح ہوگی۔ ورنہ اس کو ردی کی ٹوکری میں پھینک دیا جائے۔ العیاذ باللہ تعالیٰ۔

محترم جب سند کے تمام راوی بالاتفاق ثقہ اور ثبت ہیں۔ اور بظاہر اس میں کوئی علت قادحہ بھی نہیں اور موصول بھی ہے تو بلا وجہ محض ہوائے نفسانی کے لیے کاتب بیچارے پر کیوں ایسا سنگین الزام عائد کیا جاتا ہے؟ اور کیوں طے شدہ قواعدؔ اور اصول سے انحراف کیا جاتا ہے؟ فتح الباری کے حوالہ سے

---

[۱] مثلاً یہ کہ سند کے جملہ روات بالاتفاق ثقہ ہیں۔ سند موصول ہے۔ بظاہر اس میں کوئی علت قادحہ بھی نہیں پائی جاتی۔ ثقہ کی زیادت مقبول ہوتی ہے۔ موصول اور مرسل کے جھگڑے میں حدیث مرفوع ہی سمجھی جائیگی۔ مثبت کو نافی پر ترجیح ہوتی ہے، عدم علم عدم شے کی دلیل نہیں ہوتی۔ عارف کے قول کو جاہل کے قول پر ترجیح ہوتی ہے۔ اسقاط اور اور اج محض احتمال سے ثابت نہیں ہو سکتا وغیرہ وغیرہ یہ تمام اصول ایسے ہیں جو خود مبارکپوری صاحبؒ کے نزدیک بھی مسلم ہیں۔ مگر افسوس کہ عملی طور پر وہ سب سے گریز کرتے ہیں۔ فواا سفا۔

یہ بات نقل کی جا چکی ہے کہ ادراج و اسقاط محض احتمال سے ثابت نہیں ہو سکتا۔ اور قاضی شوکانیؒ لکھتے ہیں کہ ادراج مجرد دعوے سے ثابت نہیں ہو سکتا۔ (نیل الاوطار جلد ۱ ص ۳۵۱)

حضرات! یہ ہے مبارکپوری صاحب کا انصاف اور دیانت؟ اس سے بڑھ کر تعصب اور کیا ہو سکتا ہے؟

بصورت مرسل بھی یہ روایت حجت ہے:

اگر یہ بھی تسلیم کر لیا جائے کہ یہ روایت مرسل ہے، تب بھی جمہور کا احتجاج اس روایت سے صحیح ہو گا۔ مرسل کی حجیت کے بارے میں ہم پہلے کچھ بحث باحوالہ کر چکے ہیں۔ امام ترمذیؒ لکھتے ہیں کہ بعض اہل علم کے نزدیک حدیث مرسل بھی حجت ہے۔ (کتاب العلل جلد ۲ ص ۲۳۹) امام نوویؒ لکھتے ہیں کہ امام مالکؒ، ابو حنیفہؒ، امام احمدؒ اور اکثر فقہائے کرامؒ کا یہ مسلک ہے کہ حدیث مرسل بھی حجت ہے۔ (مقدمہ نووی ص ۱۷) علامہ جزائریؒ کا بیان ہے کہ علماء سابقین میں امام سفیان ثوریؒ، امام مالکؒ اور امام اوزاعیؒ وغیرہ مرسل حدیث کو بھی حجت سمجھتے تھے۔ (توجیہ النظر ص ۲۴۵ و الحطہ فی ذکر الصحاح الستۃ ص ۱۰۲ نواب صاحبؒ) اور نواب صاحبؒ لکھتے ہیں لیکن اعلال بارسال موجب ترک او نیست، زیرا کہ قبول مراسیل مذہب جمعے از فحول علماء اصول است۔ (دلیل الطالب ص ۳۲۵) اور ایسے مرسل کے حجت ہونے میں جس کی تائید کسی اور حدیث سے ہوتی ہو۔ گو وہ مرسل ہی کیوں نہ ہو۔ سب کا اتفاق ہے۔ چنانچہ امام بیہقیؒ، امام نوویؒ، حافظ ابن القیمؒ اور مبارکپوری صاحبؒ نے اس کی تصریح کی ہے۔ (کتاب القراۃ ص ۴۳ ، مقدمہ نووی ص ۱۷، زاد المعاد جلد ۱ ص ۱۰۵، ابکار المنن ص ۱۳۱) اور مبارکپوری صاحبؒ ایک مقام میں لکھتے ہیں اور مرسل معتضد کے حجت ہونے میں کوئی شبہ نہیں (تحقیق الکلام جلد ۱ ص ۹۱) اسی قاعدہ کو پیش نظر رکھتے ہوئے علامہ آلوسیؒ یہ جواب دیتے ہیں کہ اگر حضرت جابرؓ کی یہ روایت مرسل بھی ہو تب بھی مرسل حدیث اکثر ائمہؒ کے نزدیک حجت ہے تو ہمیں عمل کے لیے یہی کافی اور بس ہے۔ (روح المعانی جلد ۱ ص ۹۱)

یہ حکم تو عام مراسیل کا تھا۔ لیکن اگر کسی دلیل سے حضرت عبد اللہؓ بن شدادؓ کا صحابی ہونا ثابت ہو جائے تو ان کی روایت مراسیل صحابہؓ کے قسم کی ہو گی اور حضرات صحابہ کرامؓ کے مراسیل

بالاتفاق قابل قبول ہیں۔ بعض محققین کا بیان ہے کہ عبداللہؓ بن شدادؒ صحابی تھے۔ اس کا ثبوت یہ ہے کہ جو کتابیں صرف حضرات صحابہ کرامؓ کے حالات اور سوانح بیان کرنے کے لیے مخصوص ہیں۔ ان کا ذکر بھی ان کتابوں میں آتا ہے۔ (فصل الخطاب ص ۹۷) حافظ ابو عمرؒ بن عبد البرؒ الاستیعاب فی معرفۃ الاصحاب (جلد ا ص ۳۹۹) میں ان کا تذکرہ کرتے ہیں۔ تہذیب التہذیب جلد ۵ ص ۲۵۱ اور تقریب ص ۲۰۲) میں درج ہے۔ ولد علی عہد رسول اللہ علیہ وسلم کہ حضرت عبداللہؓ بن شدادؒ کی ولادت آں حضرت صلی اللہ تعالیٰ علیہ وآلہ وسلم کے عہد اور زمانہ میں ہوئی تھی۔ اور اسی طرح اسد الغابۃ فی معرفۃ الصحابۃؓ اور تجرید اسماء الصحابۃؓ میں ان کا ذکر ہے۔ اور حافظ ابن حجرؒ لکھتے ہیں عبد اللہؓ بن شدادؒ من صغار الصحابۃؓ۔ (فتح الباری جلد ۳ ص ۲۰۰، ۴ ص ۲۵۱) کہ عبداللہؓ بن شدادؒ نو عمر صحابہؓ میں شمار ہوتے ہیں۔ حافظ ابن حجرؒ لکھتے ہیں کہ جو صحابی آں حضرت صلی اللہ تعالیٰ علیہ وآلہ وسلم کی خدمت اقدس میں کافی عرصہ رہا ہو یا جس نے آپ کی معیت میں دشمنانِ اسلام سے جہاد کیا ہو یا جس نے آپ کے جھنڈے کے نیچے شہادت کا رتبہ پایا ہو۔ ایسے صحابی کا مرتبہ یقیناً اس صحابی سے زیادہ ہے جس نے آپ کی خدمت اقدس میں کافی وقت نہ گذارا ہو۔ یا جس نے آپ کی معیت میں دشمنانِ اسلام سے جنگ نہ کی ہو، یا جس کو آپ کی معیت میں شہادت نصیب نہ ہوئی ہو، یا جس نے آپ سے معمولی گفتگو کی ہو یا تھوڑی مسافت آپ کے ساتھ طے کی ہو۔ پھر آگے لکھتے ہیں:

او رآہ علی بعد او حال الطفولیۃ وان کان شرف الصحبۃ حاصلاً للجمیع ومن لیس لہٗ منہم سماع منہ فحدیثہٗ مرسل من حیث الروایۃ وھم مع ذلک معدودون فی الصحابۃ لما نالوہ من شرف الرؤیۃ انتہٰی۔

(شرح نخبۃ الفکر ص ۸۳)

اور اسی طرح ان کا درجہ اس صحابی سے زیادہ ہوگا جس نے آں حضرت صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کو دور سے دیکھا ہو یا جس نے بچپن میں آپؐ کو دیکھا ہو۔ اگرچہ صحابی ہونے کا شرف ان سب کو حاصل ہوگا۔ ان میں سے جس نے براہ راست آں حضرت صلی اللہ علیہ وسلم سے سماعت نہیں کی۔ اس کی حدیث مرسل ہوگی لیکن شرفِ صحبت کی بنا پر ان کا شمار بھی بہر صورت حضرات صحابہ کرامؓ ہی میں کیا جائے گا۔

اس سے معلوم ہوا کہ حضرات صحابہ کرامؓ کا دینی خدمات انجام دینے کی وجہ سے آپس میں یقیناً بہت تفاوت ہے، لیکن مع ہذا جنھوں نے عہد طفولیت اور بچپن کے زمانہ میں اپنی آنکھوں سے جناب رسول اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کو دیکھا ہے۔ ان کا شمار بھی صحابہؓ میں ہے اور اور وہ صغار صحابہؓ میں شامل ہیں اور چونکہ ان کی روایتیں براہِ راست جناب رسول خدا صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم سے نہیں ہوتیں بلکہ حضرات صحابہ کرامؓ سے ہوتی ہیں، اس لیے بعض محدثین کرامؒ نے ایسے صغار صحابہؓ کو کبار تابعینؒ میں شمار کر دیا ہے۔ وَلِكُلٍّ وِّجْهَةٌ اور ایسے صغار صحابہؓ کی روایات مراسیل ہوں گی۔ مؤلف خیر الکلام ص ۲۷۵ میں لکھتے ہیں کہ صحابیؓ کی مرسل اگرچہ بالاتفاق حجت ہے، مگر اس جگہ صحابہؓ سے وہی لوگ مراد ہیں جنھوں نے سن تمیز میں آں حضرت صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کو دیکھا...... الخ مگر یہ محض فرار کا ایک ناکام بہانہ ہے امام نوویؒ فرماتے ہیں کہ جمہور محدثینؒ کے نزدیک پانچ سال کا بچہ سن تمیز کو پہنچ جاتا ہے لیکن صحیح یہ ہے۔ (جو عبداللہؓ بن الزبیرؓ کے واقع سے ظاہر ہے) کہ چار سال سے کم عمر میں بھی تمیز حاصل ہو جاتی ہے۔ (شرح مسلم جلد ۱ ص ۲۸) اور حضرت عبداللہؓ بن شدادؓ جو صغار صحابہ میں شمار ہوتے ہیں تین چار سال سے کیا کم ہوں گے جب کہ انھوں نے آپ کی زیارت کی ہوگی۔

مراسیل حضرات صحابہ کرامؓ:

مراسیل صحابہؓ کے بارے میں تقریباً تمام علماء کرام متفق ہیں کہ وہ حجت ہیں۔ چنانچہ امام شافعیؒ فرماتے ہیں کہ مراسیل سے حجت صحیح نہیں ہے مگر حضرات صحابہ کرامؓ اور سعیدؒ بن المسیبؒ کے مراسیل حجت ہیں۔ (مقدمہ فتح الملہم ص ۳۴ عن الوجیز لابن برہانؒ) امام بیہقیؒ لکھتے ہیں کہ حضرات صحابہ کرامؓ کے مراسیل حجت ہیں۔ (شرح مسلم جلد ص ۲۸۲ و مقدمہ ص ۱۷) اور دوسرے مقام پر لکھتے ہیں کہ ہمارے نزدیک اور دیگر تمام علماء کے نزدیک صحابی کا مرسل حجت ہے۔ (شرح مہذب جلد ۴ ص ۲۸۳) اور علامہ سیوطیؒ تدریب الراوی ص ۶۶ میں تصریح کرتے ہیں کہ حضرات صحابہ کرامؓ کے مراسیل حجت ہیں اور التوضیح (نول کشور ص ۲۷۸) میں لکھا ہے فمرسل الصحابی مقبول بالاجماع کہ صحابی کا مرسل اجماعاً مقبول ہے۔ علامہ نیمویؒ لکھتے ہیں کہ صحابی کا مرسل حجت ہے (تعلیق الحسن جلد ۲ ص ۱۱۱) اور قاضی شوکانیؒ لکھتے ہیں کہ حضرات صحابہ کرامؓ کے مراسیل حدیث مسند کے حکم میں ہیں۔

(نیل الاوطار جلد اص ۲۴۱) نواب صاحبؒ لکھتے ہیں کہ و مراسیل صحابہؓ حجت است (دلیل الطالب ص ۳۸۹) اور دوسرے مقام پر لکھتے ہیں کہ مرسل صحابی محکوم بصحت است برمذہب صحیح۔ ایضاً ص ۸۹۶) اگر فریق ثانی اس قاعدہ کو تسلیم نہیں کرتا تو براہ کرم دیگر حضرات صحابہ کرامؓ کی مرسل روایات عموماً اور حضرت عائشہؓ کی بخاری شریف کی پہلی روایت (جس میں بدء الوحی کا ذکر ہے اور جوان کی ولادت سے بھی تقریباً پانچ سال پہلے کا واقعہ ہے) خصوصاً اور نیز حضرت ابن عمرؓ حضرت ابن عباسؓ اور حضرت انسؓ کی روایتیں جن میں ابتدائے اسلام کے احکام ہیں۔ کتابوں سے خارج کریں اور اگر حضرت عبد اللہؓ بن شدادؓ کو تابعی ہی تسلیم کر لیا جیسا کہ تقریب ص ۱۰۷ میں ہے کہ وہ کبار تابعینؒ اور ثقات و فقہاء میں تھے۔ تب بھی کوئی حرج نہیں ہے۔ چنانچہ امام بیہقیؒ فرماتے ہیں کہ

وکذلک مراسیل کبار التابعین اذا انضم الیہا ما یؤکدھا من عدالۃ رجال من ارسل منھم حدیثہ وشھرتھم وتجنبھم روایۃ الضعفاء والمجہولین۔ (کتاب القرأۃ ص ۱۴۳)

اور اسی طرح (جس طرح حضرات صحابہؓ کے مراسیل حجت ہیں) کبار تابعینؒ کے مراسیل بھی حجت ہیں جب کہ ان کے رواۃ میں عدالت اور شہرت موجود ہو اور کمزور اور مجہول رواۃ کی روایت سے اجتناب وغیرہ کی صفات شامل ہوں۔

اور امام شافعیؒ فرماتے ہیں کہ جو شخص غور و فکر اور قلت غفلت سے متصف ہو کر علمی دلائل پر نگاہ ڈالیگا تو وہ کبار تابعینؒ کے مراسیل کے علاوہ دیگر مراسیل سے منقبض ہو گا جس کے دلائل ظاہر ہیں۔ (الرسالۃ ص ۶۴ جو کتاب الام کی ساتویں جلد کے آخر منضم ہے)

الحاصل حضرت جابرؓ کی یہ روایت صحیح اور مرفوع ہے، اس کو مرسل بتلانے کی تمام دلیلیں بیکار اور لایعنی ہیں اور اگر بالفرض مرسل بھی ہو تب بھی جمہور کے نزدیک حدیث مرسل بھی حجت ہے۔ اور خاص طور پر کبار تابعینؒ کے مراسیل تو امام شافعیؒ اور امام بیہقیؒ کے نزدیک بھی حضرات صحابہ کرامؓ کے مراسیل کی طرح حجت ہیں اور حضرت عبد اللہؓ بن شدادؓ تو صغار صحابہؓ میں سے تھے جن کے مراسیل بالاتفاق حجت ہیں۔ خلاصہ امر یہ ہے کہ حضرات محدثین کرامؒ کے نزدیک کسی روایت کے صحیح اور حجت ہونے کے لیے کوئی قاعدہ اور ضابطہ ایسا نہیں ہے جو سو فیصدی اس روایت میں

نہ پایا جاتا ہو اگر باوجود اس کے یہ روایت مرفوع اور حجت نہیں ہے تو عالم اسباب میں صحت حدیث کے لیے کوئی اور معیار موجود نہیں ہے۔

دوسرا اعتراض: مولانا مبارک پوری صاحبؒ لکھتے ہیں کہ حافظ ابن حجرؒ تحریر فرماتے ہیں کہ

حدیث من کان لہٗ امام فقرأۃ الامام لہ قرأۃ من حدیث جابرؓ ولہٗ طرق عن جماعۃ من الصحابۃؓ وکلھا معلولۃ ... انتہٰی۔ (تلخیص الحبیر جلد ۱ ص ۸۵)

من کان لہٗ امام فقرأۃ الامام لہ قرأۃ کے الفاظ سے حدیث حضرت جابرؓ سے مروی ہے (جس کی متعدد اسانید بالکل صحیح ہیں) اور یہ حدیث حضرت جابرؓ کے علاوہ دیگر حضرات صحابہ کرامؓ کی ایک کافی جماعت سے بھی مروی ہے، لیکن وہ سب طرق معلول ہیں۔

مبارکپوری صاحب نے یہ عبارت تحقیق الکلام جلد ۱ ص ۱۳ اور ابکار المنن ص ۱۵۵ میں نقل کی ہے اور اس پر اعتراض کی بنیاد رکھی ہے۔

جواب: یہ روایت متعدد اسانید کے ساتھ حضرت جابرؓ سے مروی ہے۔ امام حاکمؒ نے علم اصول حدیث کی مشہور کتاب معرفت علوم الحدیث میں تینتیسویں ۳۳ نوع اس موضوع پر قائم کی ہے۔ ھذا النوع من ھذا العلم معرفۃ المشھور من الاحادیث المرویۃ عن رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم..... الخ پھر ان مشہور احادیث کے بعد یہ حدیث بھی بیان کی ہے و متہ من کان لہٗ امام فقرأۃ الامام لہ قرأۃ اور دیگر متعدد احادیث بھی ذکر کی ہیں پھر فرماتے ہیں فکل ھذہ الاحادیث مشھورۃ باسانیدھا وطرقھا.... الخ (معرفت علوم الحدیث طبع قاھرہ ص ۹۲) اس سے بھی ثابت ہوا کہ من کان لہ امام فقرأۃ الامام لہ قرأۃ کی حدیث نہ صرف یہ کہ مرفوع اور صحیح ہے بلکہ مشہور حدیث ہے محض تعصب مذہبی میں آکر اس کا انکار کرنا کس قدر ناانصافی ہے اور ایسے ٹھوس ثبوت اور علم ہی کی وجہ سے ہم حافظ ابن حجرؒ کی اس بات کو رد کرتے ہیں اور کم و بیش چالیس ۴۰ سندیں اس روایت کی تو اس ناکارہ اور کوتاہ علم کو بھی معلوم ہیں۔ وَفَوْقَ كُلِّ ذِي عِلْمٍ عَلِيمٌ اور ان میں ستائیس کے قریب فی الجملہ معلول ہیں ایک صحیح اور مرفوع سند آپ سن اور پڑھ چکے ہیں اور عنقریب چند ایک دیگر صحیح اسانید مع توثیق رواۃ ہم آپ سے عرض کریں گے۔ انشاء اللہ العزیز۔ باقی حافظ ابن حجرؒ کا یہ دعوٰی نہایت مجمل اور بے دلیل ہے اور آں حضرت صلی اللہ تعالیٰ علیہ وآلہ وسلم کی حدیث کی تصحیح یا تضعیف

بلا دلیل کون سنتا ہے ؟ بعض علماء کرام نے حافظ صاحب موصوف سے انتہائی عقیدت اور حسن ظنی کرتے ہوتے اس کی توجیہہ یہ بیان کی ہے کہ حافظ صاحب موصوفؒ کی عبارت میں دو چیزیں ہیں :

(۱) کہ یہ روایت حضرت جابرؓ سے مروی ہے۔

(۲) کہ یہ روایت حضرت جابرؓ کے علاوہ دیگر حضرات صحابہ کرامؓ سے بھی متعدد طرق کے ساتھ مروی ہے اور کلہا معلولۃ میں ھا کی ضمیر ان طرق کی طرف راجع ہے جو دیگر حضرات صحابہؓ کرام سے مروی ہیں اور ان کی عبارت لکنہ حدیث ضعیف عند الحافظ سے بھی یہی طرق مراد ہیں نہ کہ حضرت جابرؓ کی حدیث اور حضرت جابرؓ کی روایت مسکوت عنہا ہے اور یہ حافظ صاحبؒ کی عبارت کلہا معلولہ کی زد میں نہیں آتی اور گویا حافظ صاحب موصوفؒ نے ایک لطیف حیلہ کرتے ہوتے گول مول حکم صادر کر کے حضرت جابرؓ کی روایت سے گلو خلاصی کرنے کی کوشش فرمائی ہے، مگر ناکام ۔ اگر حافظ صاحب موصوفؒ کی مراد یہ ہو کہ دیگر حضرات صحابہ کرامؓ سے من وعن روایت کے ایسے ہی الفاظ مروی ہیں جو حضرت جابر رض سے مروی ہیں اور وہ طرق سب معلول ہیں ۔ تو شاید بظاہر یہ صحیح ہو اور اس صورت میں اس عبارت کی اس سے بہتر توجیہہ اور نہیں ہو سکتی اور اگر مراد یہ ہو کہ دیگر حضرات صحابہ کرامؓ سے جو روایتیں مروی ہیں گو ان کی روایت کے الفاظ تو یہ نہیں لیکن ان کا مفہوم اور مضمون اس سے ملتا جلتا ہے اور وہ تمام طرق معلول ہیں تو یہ قطعاً باطل ہے ۔ بطور نمونہ دیگر حضرات صحابہ کرامؓ کی بعض صحیح روایتیں نقل کر کے ان کے اس دعویٰ کے بطلان کو آشکارا کیا جاتے گا ۔ انشاء اللہ العزیز ۔ اس لیے آپ ان صحیح روایات کو دیکھ کر یہ کہتے ہوتے حافظ صاحبؒ کے ادھار سے نظر پھیر لیجئے اور یہ نقد وصول کر لیجئے کہ شنیدہ کے بود مانند دیدہ یا خُذْ مَا صَفَا وَدَعْ مَا کَدَرَ ۔

تیسرا اعتراض : امام بیہقیؒ اور مولانا مبارک پوری صاحبؒ وغیرہ لکھتے ہیں کہ حضرت جابرؓ کی اس حدیث میں قرآت سے ما زاد علی الفاتحہ کی قرآت مراد ہے اور اس کا قرینہ یہ ہے کہ ایک شخص نے ظہر یا عصر کی نماز میں سَبِّحِ اسْمَ رَبِّكَ الْأَعْلَىٰ کی قرآت کی تھی تو آپ نے اس موقع پر مقتدیوں کو قرآت سے منع کیا تھا ۔ (کتاب القرآۃ صـ۱۳۱ و تحقیق الکلام جلد ۲ صـ۱۲)

جواب : یہ روایت حضرت جابرؓ سے مروی ہے اور ان کی روایت میں قرأت کو مَازَادَ عَلَی الْفَاتِحَۃِ کی قرأت پر حمل کرنا توجیہ القول بمالا یرضٰی بہ قائلہ کا ارتکاب کرنا ہے کیونکہ حضرت جابرؓ راوی حدیث اس قرأت سے صرف سورۂ فاتحہ کی قرأت مراد لیتے ہیں۔ چنانچہ وہ ارشاد فرماتے ہیں[لہ] کہ

مَنْ صَلّٰی رَکْعَۃً لَمْ یَقْرَأْ فِیْھَا بِاُمِّ الْقُرْاٰنِ فَلَمْ یُصَلِّ اِلَّا وَرَاءَ الْاِمَامِ (موطا امام مالک ص۲۸ و ترمذی جلد ۱ ص۴۲) جس کسی نے نماز کی ایک رکعت بھی ایسی پڑھی جس میں اس نے سورۂ فاتحہ نہ پڑھی تو اس کی نماز ادا نہ ہوگی مگر ہاں امام کے پیچھے۔

اور یہ بات باقرار مبارکپوری صاحبؒ اپنے مقام پر آئے گی کہ راوی حدیث (خصوصاً جب کہ صحابی ہو) اپنی مروی حدیث کی مراد کو دوسروں سے زیادہ بہتر جانتا ہے لہٰذا حضرت جابرؓ کی اس صحیح روایت میں قرأت سے مازاد علی الفاتحہ کی قرأت مراد لینا قطعاً اور یقیناً باطل ہے، یہ یاد رہے کہ یہ روایت حضرت جابرؓ سے مرفوعاً بھی مروی ہے۔ چنانچہ نواب صدیق حسن خاں صاحبؒ لکھتے ہیں کہ در حدیث جابرؓ عن النبی صلی اللہ علیہ وسلم آمدہ کہ فرمودہ من صلّی رکعۃ لم یقرأ فیہا بام القراٰن فلم یصل الا وراء الامام رواہ الطحاوی فی معانی الآثار بسند متصل مرفوع ورواہ الترمذی موقوفاً وقال حسن صحیح ... اھ (ہدایۃ السائل ص۲۰۱) نواب صاحبؒ نے جو کچھ کہا بالکل صحیح کہا ہے کیونکہ یہ روایت طحاوی جلد ۱ ص۱۰۹ میں متصل اور مرفوع سند سے مروی ہے۔ سند یوں ہے بحرؒ بن نصرؒ (امام ابوحاتم رح فرماتے ہیں کہ وہ صدوق اور ثقہ تھے۔ امام ابن خزیمہؒ فرماتے ہیں کہ وہ ثقہ تھے مسلمہؒ بن قاسمؒ فرماتے ہیں کہ وہ ثقہ فاضل اور مشہور تھے۔ امانی الاحبار ج ۱ ص۳) قال حدثنا یحییٰؒ بن سلامؒ (امام بیہقیؒ فرماتے ہیں کہ وہ کثیر الوہم ہیں اور اس حدیث کے مرفوع بیان کرنے میں ان کا وہم ہے۔ (محصلہ کتاب القرأۃ ص ۱۱۰) بے شک ان پر بعض نے جرح کی ہے۔ امام دارقطنیؒ ان کی

لہ امام مالکؒ ابونعیم وہبؒ بن کیسانؒ سے روایت کرتے ہیں۔ وہ فرماتے ہیں کہ میں نے حضرت جابرؓ بن عبداللہؓ سے سنا۔ انھوں نے یہ ارشاد فرمایا ... الخ حضرت امام مالکؒ کا ترجمہ مقدمہ میں گزر چکا ہے اور حضرت جابرؓ جلیل القدر صحابی تھے۔ ابونعیم وہبؒ بن کیسانؒ کا ترجمہ سن لیجئے۔ امام نسائیؒ اور ابن معینؒ ان کو ثقہ کہتے ہیں۔ ابن سعدؒ ان کو ثقہ اور محدث کہتے ہیں عجلیؒ ان کو ثقہ اور تابعی کہتے ہیں۔ ابن حبانؒ ان کو ثقات میں لکھتے ہیں اور امام احمدؒ بھی ان کو ثقہ کہتے ہیں۔ (تہذیب التہذیب جلد ۱۱ ص ۱۶۶) امام ترمذیؒ لکھتے ہیں ھذا حدیث حسن صحیح (ا ص۴۲)

تضعیف کرتے ہیں اور امام ابن عدیؒ فرماتے ہیں کہ باوجود ان کے ضعیف ہونے کے ان کی حدیث لکھی جا سکتی ہے امام ابن حبان رحان کو ثقات میں لکھتے ہیں اور فرماتے ہیں ربما اخطأ امام ابو زرعہؒ فرماتے ہیں لا بأس بہ ربما یھم امام ابو حاتم رحان کو شیخ اور صدوق کہتے ہیں امام ابو نعیمؒ ان کو من الحفاظ ومن خیار خلق اللہ کہتے ہیں لسان المیزان ج ۶ ص ۲۶۰ وصلہ ۲۹ الغرض ان کی یہ حدیث حسن درجہ سے کسی طرح کم نہیں ہے قال حدثنا مالکؒ عن وھبؒ بن کیسانؒ عن جابرؓ بن عبد اللہؓ عن النبی صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم — لا الحدیث) لہٰذا مؤلف خیر الکلام کا (صدا۹۳ میں) یہ مطالبہ بھی پورا ہوگیا کہ حدیث قرأۃ الامام... الخ بصورت مرفوع زیر بحث ہے غرضیکہ یہ ارشاد مطلق اور صریح ہے اس کو محض لفظوں کی کرامت سے مقید کرنا اور مجمل قرار دینا جیسا کہ مؤلف مذکور نے صد۹۱۵ میں کیا ہے بالکل باطل ہے اور اسی طرح اس کو رکوع والی رکعت سے مقید کرنا بلا دلیل ہے۔ نماز صرف وہی رکعت نہیں بلکہ تمام رکعات نماز اور صلوٰۃ ہے اور امام موفق الدین ابن قدامہؒ اور علامہ شمس الدین الحنبلیؒ بھی اس روایت کو مرفوع روایت کرتے ہیں۔ چنانچہ لکھتے ہیں کہ رواہ الخلال عن جابر رضی ان النبی صلی اللہ علیہ وسلم قال کل صلوٰۃ لا یقرأ فیھا بام القرآن فھی خداج الا ان یکون وراء الامام (مغنی جلد ۱ ص ۴۰۶ واللفظ لہ وشرح مقنع جلد ۲ صلا) یعنی آنحضرت صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے فرمایا کہ جو نماز بھی سورۂ فاتحہ کے بغیر پڑھی جائے تو وہ ناقص ہوتی ہے مگر ہاں یہ کہ امام کے پیچھے ہو۔ باقی ظہر یا عصر کی نماز میں ایک شخص کا سبح اسم ربک الاعلیٰ کی قرأت کرنا تو اس حدیث کا سیاق ہی بالکل الگ اور جدا ہے۔ وہاں ان بعضکم خالجنیھا کے الفاظ موجود ہیں (دیکھئے مسلم جلد ص ۱۷۲) اس لیے خارجی اور بیرونی قرائن کو چھوڑنے کی بجائے خود حضرت جابرؓ کا بیان اور تفسیر زیادہ قابل قبول ہے اور ان کی مرضی کے خلاف اس روایت میں قرأت کو ما زاد علی الفاتحہ پر حمل کرنا انصاف کا خون کرنا ہے۔ علاوہ بریں حدیث نمبر ۱۲ میں حضرت جابر رضی کی مرفوع حدیث میں ام القرآن کا خاص لفظ موجود ہے جیسا کہ اپنے مقام پر آ رہے گا۔ ان شاء اللہ العزیز

چوتھا اعتراض: مبارک پوری صاحبؒ لکھتے ہیں کہ حضرت جابر رضؓ کی حدیث سُورۃ فاتحہ کے بارے میں نص صریح نہیں ہے۔ اور حضرت عبادہؓ بن الصامت کی روایت سُورۃ فاتحہ کے بارے میں نص صریح ہے لہٰذا حضرت عبادہؓ کی روایت کو ترجیح ہو گی۔ (تحقیق الکلام جلد ۲ ص ۱۱۱)

جواب: حضرت عبادہؓ الصامت کی روایت جو صحیح اور صریح ہے وہ صرف امام اور منفرد کے حق میں ہے۔ اس کا مقتدی سے کوئی تعلق نہیں ہے جیسا کہ بیان ہو گا۔ انشاء اللہ العزیز۔ اور جو روایت حضرت جابر رضؓ کی ہے، وہ مقتدی کے حق میں ہے۔ اور حضرت جابر رضؓ کی اپنی صریح اور صحیح روایت میں مذکور ہے کہ قرأت سے سُورۃ فاتحہ کی قرأت مراد ہے، علاوہ ازیں لفظ قرأۃ مصدر ہے جو مضاف ہے اور عربی کے طے شدہ قاعدہ کے لحاظ سے یہ سورۃ فاتحہ اور غیر فاتحہ ہر قسم کی قرأت کو شامل ہے۔ چنانچہ امیر یمانی رحؒ لکھتے ہیں کہ لان لفظ قرأۃ الامام اسم جنس مضاف یعمّ کل ما یقرأہ الامام (سبل السلام جلد ۱ ص ۲۹۲) بے شک لفظ قرأۃ الامام اسم جنس ہے جو مضاف ہے اور یہ ہر اس قرأت کو عام ہے جو امام پڑھتا ہو۔ اور نواب صاحبؒ لکھتے ہیں کہ زیرا کہ مصدر مضاف یکے از صیغ عموم باشد کما تقرر فی الاصول وقرأۃ الامام دریں جا مصدر مضاف واقع شدہ پس شامل جمیع قرأت امام باشد وایں عموم مخصوص است باحادیث صحیحہ مثل حدیث عبادہ رضؓ..... الخ (دلیل الطالب صفحہ ۲۹۲) لیکن شیخ الاسلام ابن تیمیہؒ وغیرہ کے حوالہ سے آئے گا کہ حضرت عبادہؓ کی خلف الامام کی قید سے کوئی روایت صحیح نہیں لہٰذا تخصیص کا سوال ہی پیدا نہیں ہوتا اور مؤلف خیر الکلام ایک مقام پر لکھتے ہیں کہ اگر چہ ان آثار میں فاتحہ کا ذکر نہیں بلکہ مطلق قرأت کا ذکر ہے اور قرأت فاتحہ ہی سے شروع ہوتی ہے جیسا کہ حدیث سے معلوم ہوتا ہے۔ (ترمذی جلد ۱ ص ۱۱۱) الخ اور حضرت جابر رضؓ کی روایت کو سُورۃ فاتحہ کے بارے میں غیر صریح کہنا ثابت شدہ حقائق سے چشم پوشی کرنا ہے۔ رہی حضرت عبادہ رضؓ کی خلف الامام کی قید اور مضمون سے روایت تو اپنے مقام پر پوری تفصیل آئیگی کہ ایک روایت بھی صحیح نہیں ہے۔ اندریں حالات حضرت جابر رضؓ کی حدیث کا حضرت عبادہ رضؓ کی حدیث سے تعارض قائم کر کے ثانی کو اول پر ترجیح دینا صرف تسکین قلب کا سامان ہے اور بس۔

پانچواں اعتراض: مبارک پوری صاحب لکھتے ہیں کہ حدیث من کان لہ امام فقرأۃ الامام سے تو نفس کفایت ہی معلوم ہوتی ہے۔ حالانکہ حنفیہ امام کے پیچھے قرأت کی ممنوعیت اور حرمت بھی ثابت کرتے ہیں۔ (بمعناہ تحقیق الکلام جلد ۲ ضئا)

جواب: قرأت خلف الامام کی ممنوعیت اور حرمت کے صرف حنفیہ ہی قائل نہیں، بلکہ جمہور اہل اسلام ان کے ساتھ ہیں خصوصاً جہری نمازوں میں جس کی پوری تحقیق گذر چکی ہے اور جمہور اہل اسلام عموماً اور حنفیہ نے خصوصاً یہ دعویٰ کب کیا ہے کہ ہم نفس کفایت، حرمت اور ممنوعیت وغیرہ سب کچھ اس ایک روایت ہی سے ثابت کرتے ہیں ؟ نفس کفایت اس روایت سے معلوم ہوگئی اور فریق ثانی کی یہ رٹ تو باطل ہوگئی کہ جو شخص امام کے پیچھے ہر رکعت میں سورۂ فاتحہ نہ پڑھے، اس کی نماز ناقص ہے کالعدم ہے بیکار ہے اور باطل ہے۔ باقی رہی ممنوعیت اور حرمت وغیرہ تو دیگر احادیث سے اور قرآن کریم کی نص فاستمعوا وانصتوا اور حدیث واذا قرأ فانصتوا وغیرہ سے ثابت ہے کیونکہ صیغۂ امر وجوب کے لیے ہوتا ہے اور خدا تعالیٰ اور اس کے رسول برحق صلی اللہ تعالیٰ علیہ وآلہ وسلم کے امر کی مخالفت حرام بھی ہے اور ممنوع بھی جیسا کہ پہلے نواب صاحبؒ کے حوالہ سے یہ بات ثابت کی جا چکی ہے۔

چھٹا اعتراض: مُبارکپوری صاحبؒ لکھتے ہیں کہ حضرت جابرؓ کی حدیث سے معلوم ہوتا ہے کہ نماز کی ہر رکعت میں سورۂ فاتحہ کا پڑھنا ضروری ہے اور اس کے بغیر نماز نہیں ہو سکتی حالانکہ احناف کہتے ہیں کہ اگر پچھلی دونوں رکعتوں میں سورۂ فاتحہ نہ پڑھی گئی ہو۔ تو نماز جائز ہے۔ تو حنفیہ کا عمل بھی حدیث جابرؓ پر نہ ہوا۔ (بمعناہ تحقیق الکلام جلد ۲ صئا۲۱)

جواب: مبارکپوری صاحبؒ نے اپنے اس دعویٰ کے اثبات کے لیے بعض فقہائے کرامؒ کی عبارتیں بھی نقل کی ہیں لیکن کیا مولانا کو یہ معلوم نہیں کہ جتنی حدیثیں آنحضرت صلی اللہ تعالیٰ علیہ وآلہ وسلم کی طرف منسوب کی جاتی ہیں۔ ان میں ہر ہر حدیث آپ کی فرمودہ نہیں ہے۔ اور نہ عملی طور پر آپ سے ثابت ہے، بلکہ ان میں بہت حدیثیں جعلی، خانہ ساز، ضعیف، شاذ، منکر اور معلول وغیرہ سبھی کچھ موجود ہیں۔ اسی طرح یہاں بھی آپ سمجھ سکتے ہیں کہ نہ تو فقہ حنفی

کی ہر ہر جزئی امام ابوحنیفہ رح کی فرمودہ ہے اور نہ ہر ہر جزئی قابل عمل ہے اور مجتہد کا مصیب اور مخطی ہونا اس پر مستزاد ہے۔ پھر بعض فقہاء رح کی غیر معصوم آرا کو حتمی اور ضروری سمجھ کر تمام احناف کا مسلک بتانا اور پھر اس پر اعتراض کی بنیاد رکھنا محض باطل اور مردود ہے۔ اور اگر بعض نے ایسا لکھا ہے تو اس کو سہو و نسیان پر حمل کرنے کا دروازہ بند نہیں ہو جاتا اور احکام عمد و سہو میں فرق مخفی نہیں ہے۔ (دیکھئے بدور الاہلہ صلا وغیرہ) لیکن مسئلہ زیر بحث میں تو حضرت امام ابوحنیفہ رح سے یہ روایت منقول ہے کہ پچھلی دونوں رکعتوں میں قرأت سورۃ فاتحہ ضروری ہے اور اسی روایت کو حافظ ابن ہمام رح نے پسند کیا اور ترجیح دی ہے (فصل الخطاب ص) اور حضرت شاہ صاحب رح تحریر فرماتے ہیں کہ حافظ ابن ہمام رح اور علامہ بدر الدین عینی رح (وغیرہ) نے ثم افعل ذلک فی صلوٰتک کلہا[1] کی حدیث سے پچھلی دونوں رکعتوں میں سورہ فاتحہ کے وجوب پر استدلال کیا ہے (فیض الباری جلد ۲ ص ۲۰۰) اور نیز علامہ سندھی حنفی رح (المتوفی ۱۱۴۰ھ) اسی حدیث سے ہر ایک رکعت میں وجوب سورۃ فاتحہ پر احتجاج کرتے ہیں (سندھی علی البخاری جلد ۱ ص ۹۵) اور اسی طرح دیگر محققین علماء احناف بھی پچھلی دونوں رکعتوں میں قرأت سورۃ فاتحہ کو ضروری سمجھتے ہیں۔ لہٰذا مبارکپوری صاحب رح کا قیاس ساقط الاعتبار ہے جلد علماء احناف پر یہ اعتراض تو ہرگز وارد نہیں ہو سکتا۔ البتہ مبارکپوری صاحب رح کا مقتدی کو اَللّٰهُمَّ اِنِّیْ وَجَّهْتُ وَجْهِیَ لِلَّذِیْ فَطَرَ السَّمٰوٰتِ ...... الآیۃ پڑھنے کا حکم دینا (دیکھئے ابکار المنن ص ۱۱۱ وغیرہ) یقیناً حدیث لا تقرؤا بشیء من القرآن کے مخالف ہے۔

ساتواں اعتراض: مبارکپوری صاحب رح وغیرہ کہتے ہیں کہ اس حدیث فقرأۃ الامام لہ میں لہٗ کی ضمیر حرف مَن کی طرف نہیں لوٹتی بلکہ یہ ضمیر امام کی طرف راجع ہے۔ اس صورت میں حدیث کا معنیٰ یہ ہوگا کہ جس شخص نے امام کی اقتدا کی۔ تو امام کی قرأت صرف امام کے لیے ہے یعنی مقتدی کو اپنی الگ اور جدا قرأت کرنا ہوگی۔ (بمعناہ تحقیق الکلام جلد ۲ ص ۱۱۶)

جواب: یہ اعتراض بزعم خود جواب محض بیہودہ اور لغو ہے: اولاً۔ اس لیے کہ سو فیصدی[2]

---

[1] یہ روایت بخاری جلد ۱ ص ۱۰۵، مسلم جلد ۱ ص ۱۷۰ اور نسائی جلد ۱ ص ۱۴۱ وغیرہ میں مروی ہے۔

[2] یہ قاعدہ ہدایت النحو ص ۲۷، کافیہ ص ۱۰، جامی ص ۹۰، مفصل ص ۱۰۱، رضی جلد ۱ ص ۹۲۔ متن متین ص ۹۱ سوال کابلی ص ۱۱۲ اور سوال باسولی وغیرہ نحو کی کتابوں میں بیان کیا گیا ہے۔

نحاۃ کا اس بات پر اتفاق اور اجماع ہے کہ جب جملہ خبر واقع ہو تو لابدی ہے کہ اس جملہ میں ربط پیدا کرنے والی کوئی چیز ہو مظہر ہو یا ضمیر جو مبتدا کی طرف راجع ہو، عام اس سے کہ مذکور ہو یا مقدر۔ اس حدیث میں من کان لہ امام، حرف مَن مبتدا ہے جو شرط کے معنی کو متضمن ہے اور جملہ فقراءۃ الامام لہ قراءۃ اس کی خبر ہے جو جزاء پر مشتمل ہے۔ اگر لہٗ کی ضمیر حرف مَن کی طرف راجع نہ ہو تو مولانا مبارکپوری صاحبؒ اور ان کے اتباع ہی یہ ارشاد فرمائیں کہ من کی طرف کونسی ضمیر راجع ہوگی یا ربط پیدا کرنے والی یہاں کیا چیز ہے؟ کیا علم نحو فریق ثانی سے اتنا مرعوب یا ان کا اتنا خیر خواہ ہے کہ اس کو یہاں اپنا عمل کرنے کی توفیق ہی نہیں اور نہ اس میں اس کی ہمت اور جرأت ہے۔

قارئین کرام! ملاحظہ فرمائیے کہ مبارکپوری صاحبؒ (مع اپنے اتباع کے) کیسے جگر اور دل کے مالک ہیں کہ حضرات محدثین کرامؒ کے تمام طے شدہ اصول اور ضوابط کو روندتے آئے ہیں جیسا کہ آپ پڑھ چکے ہیں اور ابھی ؎

ابتدائے عشق ہے روتا ہے کیا   آگے آگے دیکھئے ہوتا ہے کیا

اور ان کی یہ ستم ظریفی بھی دیکھئے کہ وہ کس بے جگری کے ساتھ گرامر اور نحو کے مسلمات کو بھی پامال کرتے جارہے ہیں جن کے تسلیم کرنے میں غیر مسلموں اور دہریوں کو بھی کبھی تامل نہیں ہوا۔ مؤلف خیر الکلام صفحہ ۴۹۵ میں لکھتے ہیں کہ بلکہ ضمیر مقدر بھی ہو سکتی ہے جیسے اَلۡمُؤۡمِنُوۡنَ یَدٌ بِھِمۡ … الخ

الجواب: بے شک مقدر بھی ہو سکتی ہے۔ مگر وہاں جہاں ظاہر اور مذکور نہ ہو یہاں مقدر ماننے کا کون سا داعیہ ہے جبکہ ضمیر ظاہر موجود ہے؟ باقی علامہ ابو الحسن حنفی سندیؒ کے حاشیہ ابن ماجہ صفحہ ۱/۲۵ کے حوالہ سے جو عبارت مؤلف خیر الکلام نے صفحہ ۴۹۲ میں اپنی تائید کے لیے نقل کی ہے۔ قِیۡلَ یَحۡتَمِلُ … الخ تو لفظ قیل سے علامہ موصوفؒ نے اس کی تمریض اور تضعیف کردی ہے کیونکہ عموماً یہ لفظ تمریض کے لیے آتا ہے نہ وہ اس تاویل پر راضی ہیں اور نہ یہ ان کا اپنا قول ہے جیسا کہ مؤلف خیر الکلام نے صفحہ ۴۹۲ میں یہ لکھ کر علامہ ابو الحسن حنفیؒ نے بھی ضمیر مقدر نکالی ہے راہ فرار اختیار کی ہے۔ اللہ تعالیٰ ہر ایک کو صحیح بات سمجھنے کا سلیقہ عطا فرمائے۔

وثانیاً۔ چونکہ فریق ثانی کا عامل بالحدیث ہونے کا دعویٰ ہے (اور ان کے زعم میں دوسرے لوگ جو ان سے اختلاف رائے رکھتے ہیں صرف فقہ اور اماموں کے قول سے احتجاج کیا کرتے

ہیں) اس لیے بطور نمونہ صرف چند حدیثیں پیش کی جاتی ہیں تاکہ اس خود ساختہ قاعدہ کے تحت ان کا مطلب ہمیں سمجھا دیا جائے:

(۱) من کان فی حاجۃ اخیہ کان اللہ فی حاجتہ (بخاری وغیرہ) آپ کے اس قاعدہ کے رُو سے اس کا معنی یہ ہوگا کہ اللہ تعالیٰ اپنی ہی حاجات پوری کرتا رہتا ہے۔ (العیاذ باللہ تعالیٰ)

(۲) من فرج عن مسلم کربۃ فرج اللہ عنہ (بخاری وغیرہ) آپ کے اس قاعدہ کے لحاظ سے معنی یہ ہوگا۔ اللہ تعالیٰ اپنی ذات سے مصائب دور کرتا ہے (عیاذاً باللہ تعالیٰ)

(۳) من بنی للہ مسجداً بنی اللہ لہٗ بیتاً فی الجنۃ (متفق علیہ) آپ کے گھر یلو ضابطہ کے لحاظ سے معنی یہ ہوگا کہ اللہ تعالیٰ اپنے لیے جنت میں گھر بناتا ہے۔ (نعوذ باللہ تعالیٰ) (من عادیٰ لی ولیا فقد بارزتہ بالحرب۔ (صحیحین) آپ کے خود ساختہ قانون کے لحاظ سے معنی یہ ہوگا کہ اللہ تعالیٰ اپنے نیک بندوں کو جنگ کرنے کا چیلنج کرتا ہے (معاذ اللہ تعالیٰ) اسی طرح من کان للہ کان اللہ لہٗ، ومن کان یؤمن باللہ والیوم الآخر فلیکرم ضیفہٗ اور من کنت مولاہ فعلی مولاہ وغیرہ وغیرہ سینکڑوں حدیثیں ایسی ہیں جن میں اس خانہ ساز قاعدہ کو جاری کرنے کے بعد نہ توحید باقی رہ سکتی ہے۔ اور نہ اللہ تعالیٰ کی ذات منزہ اور مبرا ثابت ہو سکتی ہے اور اسی طرح اسلام کے دیگر اہم مسائل کا ثابت کرنا مشکل ہو جاتا ہے۔ اور اس افصح العرب والعجم کی ذاتِ گرامی کی طرف ایسے مہمل احکام منسوب ہوتے ہیں جن کی فصاحت و بلاغت مسلّم چلی آتی ہے کہ نہ تو آج تک آپ کا اس فن میں کوئی نظیر پیدا ہوا اور نہ ہوگا۔ ع

بعد از خدا بزرگ توئی قصہ مختصر

آٹھواں اعتراض: بعض نہایت سطحی قسم کے دوست یہ کہہ دیا کرتے ہیں کہ اگر امام کی قراءت مقتدیوں کے لیے کافی ہے۔ تو مقتدیوں کو رکوع، سجود اور تشہد وغیرہ امور ادا کرنے اور تسبیحات پڑھنے کی بھی ضرورت نہ ہونی چاہیئے کیونکہ امام ہی سب کچھ کرتا رہے گا بلکہ لوگوں کو اپنے گھروں میں آرام سے بیٹھا رہنا چاہیئے۔ امام خود سب کچھ ادا کرتا رہیگا۔ (ایک صاحب)

جواب: امام مقتدی کی طرف سے صرف قراءت قرآن میں کفایت کرتا ہے جیسا کہ آیت واذا قرئ القرآن... الآیۃ۔ اور حدیث واذا قرأ الامام فانصتوا وغیرہ دلائل بسط اور تفصیل کے ساتھ

پہلے نقل کئے جاچکے ہیں اور نواب صاحبؒ کے حوالہ سے عرض کیا جاچکا ہے کہ مقتدی کو ممانعت صرف قرأت کی ہے اور حدیث میں اس کی تصریح موجود ہے کہ جب امام تکبیر کہے تو تم بھی کہو۔ جب وہ رکوع اور سجود وغیرہ کرے تو تم بھی کرو۔ ہاں مگر جب امام قرأت شروع کرے۔ تم خاموش رہو اس لیے باقی امور کو قرأت پر قیاس کرنا مع الفارق ہونے کے ساتھ نص کے مقابلہ میں ہے جو ہر طرح سے مردود ہے۔ بہر حال حضرت جابرؓ کی یہ مرفوع حدیث سنداً و معنیً بالکل صحیح ہے اور جمہور کی دلیل اور حجت ہے البتہ حقائق سے چشم پوشی کرنے کا کوئی جواب نہیں ہوسکتا۔

نواں اعتراض: مؤلف خیر الکلام لکھتے ہیں کہ اس حدیث کا مفہوم صرف اس قدر ہے کہ امام کی قرأت کا ثواب مقتدی کو ملتا ہے۔ مولانا عبد الحئیؒ لکھنوی فرماتے ہیں کہ امام کی قرأت کا مقتدی کے لیے حکمی قرأت ہونے کا یہ مطلب ہے کہ شارع نے مقتدی کو امام کی قرأت سے قاری کے حکم میں کیا ہے اور اس کو اس کا ثواب عطا کیا ہے (عمدۃ القاری جلد ا ص ۱۷۱) جیسا کہ حدیث میں آتا ہے کہ جو شخص مسجد میں بیٹھ کر نماز کا منتظر ہو وہ نماز میں ہوتا ہے پس ثابت ہوا کہ یہ حدیث قرأت خلف الامام کے منافی نہیں۔ اھ (محصلہ صہ ۴۹۱، صہ ۴۹۲)

الجواب: یہ سب کچھ قلتِ فہم کا نتیجہ ہے، مولانا عبد الحی رحمہ نے بحوالہ علامہ عینیؒ اس شبہ کا جواب دیا ہے کہ حسًّا اور ظاہرًا تو امام قرأت کرتا ہے پھر اس کی قرأت کو مقتدی کی قرأت کیوں قرار دیا گیا ہے۔ جواب یہ دیا کہ جتنا ثواب امام کو ملے گا شریعت نے اتنا ہی ثواب مقتدی کے لیے بیان کیا ہے کہ اگرچہ وہ خاموش بھی رہے گا۔ (جیسا کہ ماذاد علی الفاتحہ میں وہ خاموش رہتا ہے) تب بھی اس کو پورا ثواب ملے گا نہ یہ کہ وہ پیچھے پڑھتا بھی رہے جیسا کہ منتظر صلوٰۃ کو نماز کا ثواب ملتا ہے یہ مطلب تو ہرگز نہیں کہ وہ بیٹھا بھی رہے اور ساتھ ہی وہ رکوع و سجود وغیرہ کی حرکات بھی کرتا رہے یہ تو دو متضاد چیزیں ہیں یہ بھلا کیسے جمع ہوسکتی ہیں؟ ہاں جس طرح منتظر نماز کو اپنے وقت میں حکمی نماز کا ثواب ملتا ہے اور جب وہ دوسرے موقع پر نماز ادا کرے گا تو اس کو حقیقی نماز کا ثواب ملے گا۔ اسی طرح نمازی کو بحالت اقتداء حکمی قرأت کا ثواب ملتا ہے اور فراغت امام کے بعد جب مسبوق اپنی قرأت کرے گا یا وہ منفرد ہو کر نماز پڑھیگا تو اس کو حقیقی قرأت کا ثواب ملے گا۔ اگر یہ مطلب نہ لیا جائے تو حکمی نماز کے

ساتھ تشبیہ اور تنظیر درست نہیں ہے کیونکہ حقیقی اور حکمی نماز دو الگ الگ حالتوں میں ہوتی ہے۔ کما لا یخفی۔

بارھویں حدیث :

امام احمدؒ فرماتے ہیں کہ ہم سے اسودؒ بن عامرؒ نے بیان کیا۔ وہ کہتے ہیں کہ ہم سے حسنؒ بن صالحؒ[1] نے بیان کیا اور وہ ابوالزبیرؒ[2] سے روایت کرتے ہیں اور وہ حضرت جابرؓ[3] سے، وہ فرماتے ہیں کہ آں حضرت صلی اللہ تعالیٰ علیہ وآلہ وسلم نے فرمایا :

من کان لہٗ امام فقراءۃ الامام لہٗ قراءۃ — یعنی جس آدمی نے امام اقتداء کرلی ہو تو امام کی قرأت ہی مقتدی کی قرأت ہے۔

---

[1] علامہ ذہبیؒ ان کو الحافظ اور احدالاثبات لکھتے ہیں (تذکرۃ جلد ۱ ص ۳۲۵) امام ابن معینؒ ان کو لا باس بہ اور ابن مدینیؒ ان کو ثقہ اور ابو حاتمؒ ان کو صدوق اور صالح اور ابن سعدؒ ان کو صالح فی الحدیث کہتے ہیں۔ اور ابن حبانؒ ان کو ثقات میں لکھتے ہیں (تہذیب التہذیب جلد ۱ ص ۳۴۰) اور حافظ ابن حجرؒ ان کو ثقہ کہتے ہیں (تقریب ص ۳۸)

[2] علامہ ذہبیؒ ان کو الامام اور النقادہ لکھتے ہیں۔ ابو حاتمؒ ان کو ثقہ حافظ اور متقن کہتے ہیں (تذکرہ جلد ۱ ص ۲۰۱) امام احمدؒ ان کو ثقہ اور ابن معینؒ ان کو ثقہ اور مامون کہتے ہیں، امام ابو زرعہؒ ان کو متقن فقیہ عابد اور زاہد کہتے ہیں، ابن حبانؒ ان کو ثقات میں لکھتے ہیں، ابن سعدؒ ان کو فقیہ، حجت، صحیح الحدیث اور کثیر الحدیث کہتے ہیں۔ دارقطنیؒ ان کو ثقہ اور عابد کہتے ہیں (تہذیب التہذیب جلد ۲ ص ۲۸۵) حافظ ابن حجرؒ لکھتے ہیں کہ وہ ثقہ فقیہ اور عابد تھے (تقریب ص ۸۶)

[3] ابوالزبیر کا نام محمدؒ بن مسلم بن تدرسؒ تھا۔ علامہ ذہبیؒ ان کو الحافظ اور المکثر لکھتے ہیں۔ (تذکرہ جلد ۱ ص ۱۱۹) امام ابن معینؒ، نسائیؒ اور یحییٰ القطانؒ ان کو ثقہ کہتے ہیں، یعقوبؒ بن شیبہؒ ان کو ثقہ اور صدوق اور ابن مدینیؒ ان کو ثقہ اور ثبت اور ابن سعدؒ ان کو ثقہ اور کثیر الحدیث کہتے ہیں۔ ابن عدیؒ ان کو ثقہ کہتے ہیں۔ ابن حبانؒ ان کو ثقات میں لکھتے ہیں۔ محدث ساجیؒ کا بیان ہے کہ وہ احکام میں حجت تھے (تہذیب التہذیب جلد ۹ ص ۴۴۲) عطاءؒ بن ابی رباحؒ کا بیان ہے کہ جب ہم حضرت جابرؓ سے احادیث کی سماعت کر کے واپس آتے اور آپس میں مذاکرہ اور تکرار کرتے تو ابوالزبیرؒ حفظ روایات اور ان کی ادائیگی میں ہم سب سبقت لے جاتے تھے (ترمذی جلد ۲ ص ۲۴۰ و مسند دارمی ص ۴۹)

[4] یہ روایت مسند احمد جلد ۳ ص ۳۳۹، شرح مقنع الکبیر جلد ۱ ص ۱۱، فتح الملہم جلد ۲ ص ۲۴ اور بغیۃ الالمعی جلد ۲ ص ۱۰ وغیرہ کتابوں میں موجود ہے۔

اس حدیث کا مطلب اور مفہوم بھی بلکہ من و عن الفاظ بھی وہی ہیں جو پہلے گزر چکے ہیں اور یہ روایت سابق کی طرح اس بات پر صراحت کے ساتھ دلالت کرتی ہے کہ مقتدی کو امام کے پیچھے قرات کرنے کی قطعاً ضرورت نہیں ہے۔ اس روایت کے جملہ رواۃ ثقہ اور ثبت ہیں جیسا کہ آپ پڑھ چکے ہیں۔ اس سند پر فریق ثانی کی طرف سے کوئی اعتراض راقم کی نظر سے نہیں گذرا۔ زیادہ سے زیادہ یہ کہا جاسکتا ہے کہ ابو الزبیرؒ مدلس تھے اور وہ اس روایت کو عنعنہ سے روایت کرتے ہیں۔ لیکن یہ سوال باطل ہے۔

اوّلاً۔ اس لیے کہ حافظ ابن القیمؒ لکھتے ہیں کہ جمہور محدثین ابو الزبیرؒ کی معنعن حدیثوں کو صحیح سمجھتے ہیں (زاد المعاد جلد ۲ ص ۴۵)

وثانیاً۔ پہلے تو جہد النظر کے حوالہ سے نقل کیا جاچکا ہے کہ ابو الزبیرؒ کا شمار ان مدلسین میں ہے جن کی تدلیس کسی صورت میں مضر نہیں ہے۔ ایک سند یوں آتی ہے عن ابی الزبیر عن سعید بن جبیرؒ... الخ امام دارقطنیؒ لکھتے ہیں۔ ھذا اسناد صحیح (جلد ۱ ص ۱۲۳) امام دارقطنیؒ ان کی معنعن سند کو بھی صحیح کہتے ہیں۔

وثالثاً۔ حضرت عبد اللہ بن شدادؓ وغیرہ ان کے ثقہ متابع موجود ہیں۔ بہرحال یہ روایت متصل اور صحیح ہے، اس میں کوئی کلام نہیں ہوسکتا۔ چنانچہ حافظ شمس الدینؒ ابن قدامہؒ لکھتے ہیں۔

وھذا اسناد صحیح متصل رجالہ کلھم ثقات۔ کہ یہ سند صحیح اور متصل ہے اور اس کے تمام راوی ثقہ ہیں۔

(شرح مقنع للکبیر جلد ۲ ص ۱۱ برحاشیہ مغنی)

حافظ شمس الدینؒ کا ترجمہ پہلے نقل کیا جاچکا ہے اور علامہ ذہبیؒ ان کو الامام اور شیخ الاسلام لکھتے ہیں (تذکرہ جلد ۴ ص ۲۴۳) مؤلف خیر الکلام نے ص ۴۲۰ و ص ۴۸۱ میں دارقطنیؒ اور بیہقیؒ کی روایتوں کا سہارا لے کر حسنؒ بن صالحؒ اور ابو الزبیرؒ کے درمیان جابر جعفی کا واسطہ بتایا ہے مگر مسند احمد کی سند میں کوئی واسطہ نہیں اور یہ روایت صحیح اور متصل ہے جیسا کہ ابھی ابن قدامہؒ کے حوالہ سے عرض ہوچکا ہے۔

تیرھویں حدیث: امام ابن ابی شیبہؒ فرماتے ہیں کہ ہم سے مالکؒ بن اسمٰعیلؒ نے بیان کیا وہ حسنؒ

---

[1] علامہ ذہبیؒ ان کو الحافظ، عدیم النظیر، الثبت اور النحریر لکھتے ہیں (تذکرہ جلد ۴ ص ۴۵) حافظ ابن کثیرؒ لکھتے

باقی حاشیہ نمبر ا اور نمبر ۲ اگلے

بن صالحؒ سے روایت کرتے ہیں۔ وہ ابوالزبیرؒ سے اور وہ حضرت جابرؓ سے اور وہ آں حضرت صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم سے روایت کرتے ہیں۔ آپ نے فرمایا: کل من کان لہ امام فقرأتہ لہ قرأۃ۔

(الجوہر النقی جلد ۲ صہ ۱۵۹)

ہر وہ شخص جس نے امام کی اقتداء کرلی ہو تو امام کا پڑھنا اس کا پڑھنا ہے۔ اس روایت کے بھی تمام راوی ثقہ ہیں، علامہ ماردینیؒ فرماتے ہیں ھٰذا اسناد صحیح (الجوہر النقی) کہ یہ سند بالکل صحیح ہے۔

چودھویں حدیث: امام عبدالرحمٰنؒ بن حمیدؒ فرماتے ہیں کہ ہم سے ابو نعیمؒ نے بیان کیا، وہ فرماتے ہیں کہ ہم سے حسنؒ بن صالحؒ نے بیان کیا وہ ابوالزبیرؒ سے روایت کرتے ہیں اور وہ حضرت جابرؓ سے اور وہ آں حضرت صلی اللہ تعالیٰ علیہ وآلہ وسلم سے روایت کرتے ہیں، آپ نے فرمایا:

من کان لہ امام فقرأۃ الامام لہ قرأۃ — کہ جس کا امام قرأت کرتا ہو تو اس کے امام کی قرأت ہی اس مقتدی کی قرأت ہے۔

یہ روایت بھی صحیح ہے، علامہ آلوسیؒ اس کو علیٰ شرط مسلم صحیح کہتے ہیں (روح المعانی جلد ۹ صہ ۱۲۳)

(بقیہ حاشیہ پچھلا صفحہ و نمبر ۸ مکمل) ہیں کہ وہ احد الاعلام ومن ائمۃ الاسلام تھے اور فرماتے ہیں کہ انھوں نے مصنف نامی ایک کتاب لکھی ہے نہ ان سے پہلے کسی نے ایسی کتاب لکھی ہے اور نہ بعد (البدایہ جلد ۱۰ صہ ۳۱۵) حافظ ابن حجرؒ ان کو ثقہ اور حافظ لکھتے ہیں۔ (تقریب صہ ۲۱۳)

[۱] (پچھلا صفحہ) علامہ ذہبیؒ ان کو الحافظ اور الحجۃ لکھتے ہیں (تذکرۃ جلد ۱ ص ۳۶۴) حافظ ابن حجرؒ ان کو ثقہ اور متقن لکھتے ہیں (تقریب صہ ۲۴۴) امام نسائیؒ، عجلیؒ، ابو حاتمؒ اور یعقوبؒ بن شیبہؒ سب ان کو ثقہ کہتے ہیں، ابن حبانؒ اور ابن شاہینؒ ان کو ثقات میں لکھتے ہیں۔ عثمانؒ بن ابی شیبہؒ ان کو صدوق، ثبت، متقن اور امام الائمہ کہتے ہیں۔ (تہذیب التہذیب جلد ۱۰ صہ ۴) باقی رواۃ کی توثیق گذر چکی ہے۔

[۲] علامہ ذہبیؒ ان کو الامام اور الحافظ لکھتے ہیں اور فرماتے ہیں کہ کان من الائمۃ المتقات (تذکرہ جلد ۲ صہ ۱۰۴) ان کی وفات ۲۴۹ھ میں ہوئی ہے۔

[۳] ان کا نام فضلؒ بن دکینؒ تھا، علامہ ذہبیؒ ان کو الحافظ اور الثبت لکھتے ہیں۔ (تذکرہ ۱ ص ۳۴۳) حافظ ابن حجرؒ لکھتے ہیں کہ وہ ثقہ اور ثبت تھے (تقریب صہ ۳۱۰) باقی رواۃ کا ترجمہ پہلے گذر چکا ہے۔

[۴] یہ روایت الجوہر النقی جلد ۲ صہ ۱۵۹، فتح القدیر جلد ۱ صہ ۲۳۹، شرح نقایہ جلد ۱ صہ ۸۳ اور روح المعانی جلد ۹ صہ ۱۲۳ وغیرہ میں موجود ہے۔

اعتراض: مبارکپوری صاحبؒ لکھتے ہیں کہ مسند عبدؒ بن حمیدؒ کے قلمی نسخہ صـ۲۲ میں (جو مولانا شمس الحقؒ کے کتب خانہ میں موجود ہے) حسنؒ بن صالحؒ کے بعد جابر جعفی کا نام موجود ہے۔ اور جابر مذکور ضعیف تھا۔ کیونکہ بعینہ یہ روایت دارقطنی جلد ۱ صـ۱۲۲ اور کتاب القرأۃ صـ۱۰۰ میں مذکور ہے اور ان میں ایسا ہی لکھا ہے۔ لہٰذا یہ روایت کمزور ہے۔ (تحقیق الکلام جلد ۲ صـ۱۱۹)

جواب: نہ معلوم مبارکپوری صاحبؒ اتنے زود فراموش کیوں واقع ہوتے ہیں؟ — ع:

تمہیں عادت ہے بھول جانے کی

اگر کاتب کا قلم مسند احمدؒ بن منیعؒ کے نسخہ میں عن جابرؓ کا جملہ زیادہ لکھ سکتا ہے۔ تو کیا وجہ ہے کہ وہ عبدؒ بن حمیدؒ کے قلمی نسخہ میں جابر جعفی کا جملہ نہیں لکھ سکتا؟ وہ کوئی بڑا منطقی اور فلسفی قلم ہے۔ کہ بظاہر مطبوعہ نسخوں میں تو کام کرسکتا ہے لیکن زاویہ خمول میں پڑے ہوئے قلمی نسخہ میں مجبور ولاچار ہوکر رہ جاتا ہے؟ وہ قلم تھا یا کسی یونیورسٹی کا ماہر پروفیسر تھا؟ کیا بعید ہے کہ وہ قلم تقدیری ہو جو مبارکپوری صاحبؒ کی بگڑی ہوئی قسمت کو سنوارنے کے لیے پھر ایک مرتبہ چل پڑا ہو؟

حافظ شمس الدین ابن قدامہؒ کے حوالہ سے پہلے نقل کیا جاچکا ہے کہ وہ حسنؒ بن صالحؒ کی ابوالزبیرؒ سے روایت کو متصل بیان کرتے ہیں اور اس کی تصریح کرتے ہیں والحسن بن صالح ادرك ابا الزبير (جلد ۲ صـ۱) کہ حسنؒ بن صالحؒ نے ابوالزبیرؒ اور ان کے زمانہ کو پایا ہے۔ اور اصول حدیث کا یہ قاعدہ ہے (جیساکہ مسلم شریف کے مقدمہ وغیرہ میں بیان کیا گیا ہے) کہ جمہور محدثینؒ کے نزدیک اتصال سند کے لیے امکان لقار کافی ہے۔

حسنؒ بن صالحؒ کی ولادت ۱۰۰ھ میں ہوئی ہے اور ابوالزبیرؒ کی وفات ۱۲۸ھ میں (دیکھئے تذکرۃ الحفاظ جلد ۱ صـ۱۱۹ وغیرہ) اگر اٹھائیس سال کے اس طویل عرصہ کے اندر بھی امکان لقار ثابت نہیں ہوسکتا اور سند متصل نہیں ہوسکتی تو سرے سے فن روایت اور حدیث کا ہی انکار کردیجئے اور منکرین حدیث کی طرح یہ کہتے ہوئے حدیث سے سبکدوشی اختیار کرلیجئے کہ ۔

یہ اُمّت روایات میں کھو گئی

حقیقت خرافات میں کھو گئی

مؤلف خیر الکلام صـ۱۸۱ میں لکھتے ہیں کہ مگر حدیث کے فن کی بنیاد ہر جگہ امکان پر نہیں ہوتی اس

میں وقوع کو بھی دیکھا جاتا ہے ..... الخ

الجواب: یہی وہ غیر صحیح نظریہ ہے جس کو امام مسلمؒ نے صحیح کے مقدمہ میں پُرزور الفاظ سے رد کیا ہے اور اتصال سند کے لئے غیر مدلس میں امکانِ لقاء کو کافی سمجھا ہے اور یہی نظریہ جمہور محدثین کرامؒ نے اپنایا ہے۔ علاوہ ازیں خود مؤلف خیر الکلام صـ۲۲۳ میں لکھتے ہیں کہ کیونکہ صحتِ حدیث کے لیے صرف استاد اور شاگرد کی ملاقات کا ممکن ہونا کافی ہے۔ عدم ثبوت سے نفی لازم نہیں آتی۔ اھ بلفظہٖ اور یہی کچھ ہم کہنا چاہتے ہیں خوانخواہ دوسرے کی معقول بات کو توڑ مروڑ دینا کہاں کا انصاف ہے؟

علاوہ ازیں امام احمدؒ ابوبکرؒ بن ابی شیبہؒ شمس الدینؒ بن قدامہؒ حافظ مزیؒ[1] علامہ ماردینیؒ حافظ ابن ہمامؒ ملا علی قاریؒ اور علامہ آلوسیؒ وغیرہ یہ سند اسی طرح نقل کرتے ہیں عن حسنؒ بن صالحؒ عن ابی الزبیرؒ... الخ اور اس میں جابر جعفی کا ذکر تک نہیں کرتے۔ مگر شومئی قسمت کا کیا کہنا کہ ان کو نہ تو قلمی نسخہ دستیاب ہو سکا ہے اور نہ مہربان قلم مل سکا ہے۔ ورنہ ذرا سی جنبش ان کے لیے بھی کر ہی گذرتا ـــ ؏:

کلک ما نیز زبانے و بیانے دارد

رہا دارقطنی اور بیہقی کی سند میں حسنؒ بن صالحؒ اور ابو الزبیرؒ کے درمیان جابر جعفی کا واقع ہونا تو یہ اس پیش کردہ سند کے عدم اتصال کی دلیل نہیں ہو سکتی۔ ہو سکتا ہے کہ حسنؒ بن صالحؒ نے یہ روایت براہِ راست ابو الزبیرؒ سے بھی سُنی ہو۔ اور جابر جعفی سے بھی سنی ہو کسی وقت وہ ابو الزبیرؒ سے روایت بیان کرتے ہوں گے اور کسی وقت جابر جعفی سے یا یوں کہیئے کہ

---

[1] باقی حضرات کے حوالے اور ان کے تراجم آپ پہلے پڑھ چکے ہیں، حافظ مزیؒ نے اپنی کتاب اطراف میں یہ سند یوں ہی نقل کی ہے اور اس میں جابر جعفی کا ذکر نہیں ہے۔ (دیکھئے الجوہر النقی جلد ۲ صـ۱۵۹) علامہ ذہبیؒ لکھتے ہیں کہ جمال الدین ابو الحجاج یوسفؒ بن الزکی المزیؒ (المتوفی ۷۴۲ھ) العالم، الحبر، الحافظ، الاوحد، محدث الشام، ثقہ، حجت اور کثیر العلم تھے۔ نیز لکھتے ہیں کہ طبقات رجال اور معرفت روات میں کبھی کسی آنکھ نے ان کا نظیر نہیں دیکھا ہوگا (تذکرہ جلد ۴ ص ۲) علامہ ذہبیؒ اور حافظ ابن کثیرؒ کو ان سے شرف تلمذ حاصل ہے: ـــ ؏

ایں خانہ ہمہ آفتاب است

جب صحت حدیث کا خیال دامنگیر ہوتا ہوگا اسوقت ابو الزبیر کا طریق بیان کر دیتے ہونگے اور جب محض روایت پیش کرنا ہی مد نظر ہوتا ہوگا اس وقت وہ جابر جعفی کی سند زیادہ بیان کر دیتے ہونگے اور فن حدیث میں اسکی بکثرت مثالیں موجود ہیں اور علماء اصول اسکو اپنی اصطلاح میں المزید فی متصل الاسانید سے تعبیر کرتے ہیں چنانچہ حافظ ابن حجرؒ لکھتے ہیں کہ اگر بعض طرق میں راوی اور مروی عنہ کے درمیان زائد راوی آجاتے تو یہ اس کی دلیل نہیں کہ جس طریق میں زائد راوی کا تذکرہ نہیں ہوا۔ وہ منقطع ہو یا اس سے عدم لقاء ثابت ہو (دیکھئے شرح نخبۃ الفکر ص ۳۵ وغیرہ) حضرت مولانا محدث محمد حسن صاحب فیض پوریؒ لکھتے ہیں کہ ابو الزبیرؒ سے ذیل کے حضرات روایت کرتے ہیں۔ الحسنؒ بن صالحؒ جیسا کہ مسند احمد وغیرہ کا حوالہ ہم نے دیا اور ایوب السختیانیؒ بھی۔ (موطا امام محمد و کتاب القراۃ) اور عبداللہؒ بن لہیعہؒ بھی (کتاب القراۃ) اور الفضلؒ بن عطیہؒ (کتاب القراۃ) اور جابر جعفی اور لیثؒ بن ابی سلیمؒ بھی (طحاوی جلد ا ص ۱۲۹ و دارقطنی جلد ا ص ۱۲۳) (الدلیل المبین ص ۲۲۹) اگر مبارک پوری صاحبؒ اس پر بضد ہیں کہ کاتب صاحب کی غلطی ہی تسلیم کی جائے تو تب ہی دل کو تسکین ہو سکتی ہے ورنہ نہیں۔ تو لیجئے ہم ان کی اس ضد کو بھی مان لیتے ہیں۔ یہ کیوں نہیں ہو سکتا کہ اصل عبارت یوں ہو:

عن الحسن بن صالح و عن جابر الجعفی ... الخ مطلب یہ ہوا کہ ابو نعیمؒ نے حسنؒ بن صالحؒ اور جابر جعفی دونوں سے روایت کی ہو، لیکن کاتب سے قلمی نسخہ میں صرف حرف واؤ چھوٹ گیا ہو، کیونکہ واؤ کا کتابت میں چھوٹ جانا بہت آسان ہے۔ بہ نسبت اس کے کہ کسی دیانت دار کاتب کا قلم عن جابر زیادہ لکھدے۔ اگر کاتب کی غلطی کی توجیہ و تاویل ہی معتبر ہو سکتی ہے تو یوں کیوں نہ ہو جاتے؟ بلکہ ابن ماجہ ص ۶۱ کے بعض نسخوں میں اصل عبارت ہی اسی طرح ہے جس طرح ہم نے تحریر کی ہے۔ عن الحسن بن صالح و عن جابر ... الخ اور مولف خیر الکلام نے ص ۴۹۱ میں اس کو دبی زبان سے تسلیم کیا ہے۔

پندرھویں حدیث: امام محمدؒ فرماتے ہیں کہ ہم سے امام ابو حنیفہؒ نے بیان کیا، فرماتے ہیں کہ ہم سے موسیٰ بن ابی عائشہؒ نے بیان کیا۔ وہ عبداللہؒ بن شدادؓ سے روایت کرتے ہیں اور وہ حضرت جابرؓ سے، انھوں نے فرمایا کہ آنحضرت صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے ارشاد فرمایا: من کان له امام فقراۃ الامام له قراۃ (موطاء امام محمد ص ۹۸) کہ امام کا پڑھنا ہی مقتدی کو کافی ہے اور بس، اس حج

آگے قرأت نہیں ہے۔ یہ روایت کتاب الآثار لابی یوسف ص۲۳ اور طحاوی جلد ۱ ص۱۵۰ اور کتاب الآثار لمحمد ص۱۶ میں بھی ہے
مؤلف خیر الکلام ص۲۹۳ میں لکھا ہے کہ محدثین کہتے ہیں کہ اس میں امام ابوحنیفہؒ نے غلطی سے جابرؓ کا لفظ بڑھا دیا ہے۔

الجواب: امام ابوحنیفہؒ ثقہ اور ثبت ہیں اور دیگر ثقہ راوی بھی اس حدیث کو اسی طرح بیان کرتے ہیں، اس روایت کے صحیح ہونے میں کوئی شک نہیں ہے ہاں البتہ امام ابوحنیفہؒ اور ان کے تلامذہ سے تعصب اور عناد کا کوئی علاج نہیں ہے اور اس متعصبانہ انداز سے امام صاحبؒ کی جلالت اور حدیث کی صحت پر کوئی زد نہیں آتی۔

سولھویں حدیث: امام محمدؒ فرماتے ہیں کہ ہم سے اسرائیلؒ نے بیان کیا وہ کہتے ہیں کہ ہم سے موسیٰ بن ابی عائشہؒ نے بیان کیا۔ وہ عبداللہؓ بن شدادؓ سے روایت کرتے ہیں اور وہ فرماتے ہیں:

امّ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم فی العصر ۔ کہ آں حضرت صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے عصر کی نماز میں

قال فقرأ رجل خلفہ فغمزہ الذی یلیہ فلما ان صلی قال لم غمزتنی؟ قال کان رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم قدامك فکرھت ان تقرأ خلفہ فسمعہ النبی صلی اللہ علیہ وسلم فقال من کان لہ امام فان قرأۃ لہ قرأۃ ..... (موطا امام محمد ص۹۸)

امامت کرائی اور ایک شخص نے آپ کے پیچھے قرأت کی جو نمازی اس کے ساتھ کھڑا تھا اس نے اس کا بدن فرا دبا دیا تاکہ وہ قرأۃ سے باز آ جائے۔ جب نماز ادا ہو چکی تو اس نے کہا تم نے مجھے کیوں ٹھوکا اور دبا دیا تھا؟ منع کرنے والے نے کہا کہ چونکہ حضورؐ آگے قرأت کرتے تھے میں نے مناسب سمجھا کہ تم بھی قرأت کرو۔ آپ نے سنا تو ارشاد فرمایا کہ امام کا پڑھنا

مقتدی کا پڑھنا ہے

اس روایت کے تمام رواۃ کا ذکر پہلے ہو چکا ہے اور گو اس میں حضرت جابرؓ کا ذکر نہیں لیکن اس میں کوئی حرج نہیں ہے۔ اولاً۔ اس لیے کہ حضرت عبداللہؓ بن شدادؓ خود صغار صحابہؓ میں تھے۔ اور حضرات صحابہؓ کے مراسیل بالاتفاق حجت ہیں۔ وثانیاً۔ ویسے بھی کبار تابعینؒ کے مراسیل صحیح اور حجت ہیں جیسا کہ نقل کیا جا چکا ہے۔ وثالثاً۔ ہم نے یہ روایت پہلی روایت کی تائید میں پیش کی ہے اور مرسل معتضد کے

لہ امام محمدؒ: مؤلف خیر الکلام ص۲۵ میں لکھتے ہیں کہ علامہ ذہبیؒ فرماتے ہیں کہ امام نسائیؒ وغیرہ نے امام محمدؒ کو حافظے کی بنا پر کمزور قرار دیا ہے۔ (محصلہ)

جرح بلا تفسیر

الجواب: مؤلف خیر الکلام ص۴ میں لکھتے ہیں کہ جرح کرنے والا اگر متعنت اور متشدد ہو تو اس کی توثیق تو معتبر ہے مگر جرح نہیں پھر آگے لکھتے ہیں کہ متشددین میں ابوحاتمؒ نسائیؒ ابن معینؒ ابن قطانؒ کو شمار کرتے ہیں۔ بلفظہ۔ لہٰذا امام نسائیؒ کی جرح کا کوئی اعتبار نہیں اور امام محمدؒ ثقہ ہیں جیسا کہ ابتداء کتاب میں باحوالہ ان کی توثیق نقل کر دی گئی ہے۔

حجت ہونے میں کوئی شبہ نہیں ہے۔

مؤلف خیر الکلام صفحہ ۴۸۹ میں لکھتے ہیں کہ محدثین کا خیال ہے کہ یہ حدیث مرسل ہونے اور امام محمدؒ کی وجہ سے ضعیف ہے۔

الجواب: ہم باحوالہ عرض کر چکے ہیں کہ جمہور محدثین کے نزدیک مرسل صحیح ہے اور یہ بھی عرض کیا جا چکا ہے کہ امام محمدؒ ثقہ ہیں اور امام نسائیؒ متعنت ہیں۔ ان کی جرح کا اعتبار نہیں، امام ابن قدامہؒ فرماتے ہیں کہ

ولنا ما رواہ الامام احمد عن وکیع عن سفیان عن موسٰی بن ابی عائشۃ عن عبد اللہ بن شدادؓ قال قال رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم من کان لہ امام فان قرآۃ الامام لہ قرآۃ۔
(مغنی ابن قدامۃ جلد ا صفحہ ۵۶۵)

اور ہماری دلیل وہ حدیث ہے جو امام احمدؒ نے وکیعؒ سے روایت کی ہے اور وہ سفیانؒ سے اور وہ موسیٰؒ بن ابی عائشہؒ سے اور وہ حضرت عبد اللہؓ بن شدادؓ سے روایت کرتے ہیں وہ فرماتے ہیں کہ آں حضرت صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے فرمایا کہ جس کا امام ہو تو بے شک اس کے امام کی قرأت اسی کی قرأت ہے۔

یہ روایت بھی اپنے مفہوم کے لحاظ سے بالکل واضح ہے اور پہلے عرض کیا جا چکا ہے کہ حضرت عبد اللہؓ بن شدادؓ صحابی ہیں، لہٰذا ان کی روایت مرسل صحابی ہونے کے اعتبار سے مرفوع ہے اور اس میں امام محمدؒ بھی نہیں ہیں جن پر فریق ثانی ناک بھوں چڑھاتا ہے۔ امام وکیعؒ بن الجراح رح کو علامہ ذہبیؒ الامام الحافظ الثبت محدث العراق اور احد الائمۃ الاعلام لکھتے ہیں۔ (تذکرہ جلد ا صفحہ ۲۸۲) اور سفیان رح اس سند میں ثوری ہیں جن کا ترجمہ مقدمہ میں بیان ہو چکا ہے اور بقیہ رواۃ کے تراجم بھی پہلے عرض کیے جا چکے ہیں۔

ایک شاہد: امام بیہقیؒ فرماتے ہیں کہ ہم سے قاضی ابو عمروؒ بن حسینؒ بن محمدؒ بن ہیثمؒ نے بیان کیا، وہ فرماتے ہیں کہ ہم سے ابو الحسین عبد الواحدؒ بن حسن نیشاپوریؒ نے بیان کیا، وہ کہتے ہیں کہ ہم سے حسینؒ بن نعمان عسکریؒ نے بیان کیا۔ وہ کہتے ہیں کہ ہم سے عبد اللہؒ بن حمادؒ نے بیان کیا۔ وہ کہتے ہیں کہ ہم سے سلیمانؒ بن سلمہؒ نے بیان کیا۔ وہ محمدؒ بن اسحاق اندلسیؒ سے روایت کرتے ہیں۔ وہ کہتے ہیں کہ ہم سے مالکؒ بن انسؒ نے بیان کیا، وہ یحییٰؒ بن سعید انصاریؒ سے اور

وہ سعیدؒ بن المسیبؒ سے اور وہ حضرت نواسؓ بن سمعان سے روایت کرتے ہیں وہ فرماتے ہیں کہ

صلیت مع رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم صلوٰۃ الظہر وکان عن یمینی رجل من الانصار فقرأ خلف النبی صلی اللہ علیہ وسلم وعلی یساری رجل من مزینۃ یلعب بالحصیٰ فلما قضیٰ صلوٰتہ قال من قرأ خلفی؟ قال الانصاری انا یا رسول اللہ قال لا تفعل من کان لہ امام فقرأۃ الامام لہ قرأۃ۔ (کتاب القرأۃ ص۱۴۱)	میں نے آں حضرت صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کے پیچھے ظہر کی نماز پڑھی میرے دائیں پہلو میں ایک انصاری آپ کے پیچھے قرأت کر رہا تھا اور میرے بائیں پہلو میں قبیلہ مزینہ کا ایک شخص سنگریزوں سے کھیل رہا تھا۔ جب آپ نماز سے فارغ ہوئے تو فرمایا کس نے میرے پیچھے قرأت کی ہے؟ انصاری نے کہا کہ میں نے یا رسول اللہ! آپ نے فرمایا پھر ایسا نہ کرنا جو شخص امام کی اقتداء اختیار کرے تو امام کا پڑھنا ہی مقتدی کے لیے کافی ہے۔

امام بیہقیؒ فرماتے ہیں کہ اگر اس روایت کی سند میں محمدؒ بن اسحاق عکاشی ہے۔ تو وہ کذاب تھا ان کان ھو العکاشی... الخ کہتے ہیں واقعی عکاشی کذاب ہے لیکن سند میں اندلسیؒ کا ذکر ہے اگرچہ بعض نے عکاشی اور اندلسی کو ایک کہا ہے لیکن محدث ابن عدیؒ ان کو دو بتاتے ہیں اور فرماتے ہیں ھو رجل لا یعرف یعنی وہ مجہول اور مستور ہے اور حافظ ابن حجرؒ بھی دو ہی قرار دیتے ہیں۔ چنانچہ لکھتے ہیں کہ والراجح التفرقۃ (لسان جلد ۵ ص۷۶) کہ راجح بات یہ ہے کہ دونوں الگ الگ ہیں اور مؤلف خیر الکلام ایک مقام پر لکھتے ہیں کہ ان کے بعض راوی اگرچہ ضعیف ہیں مگر متابعت میں ذکر کرنے سے کوئی حرج نہیں ہے (ص۲۱۶) اور دوسری جگہ لکھتے ہیں کہ مستور کی روایت کو متابعت میں ذکر کرنے سے کوئی حرج نہیں ہے (ص۲۲۵) اور یہ روایت ہم نے بھی صرف تائید اور شاہد کے لیے پیش کی ہے تو اس میں کیا حرج ہے؟ بہر حال ہمارا استدلال اس روایت سے نہیں بلکہ محض شاہد کے طور پر ہم نے اس کو نقل کیا ہے۔

ان سابق پیش کردہ روایات سے معلوم ہوا کہ ظہر اور عصر کی قید کو صرف امام ابو حنیفہؒ ہی نہیں بیان کرتے بلکہ دوسرے ثقہ راوی بھی اس کو بیان اور نقل کرتے ہیں۔ اس شاہد کے علاوہ تین روایتیں بسند صحیح نقل کی جا چکی ہیں۔ جن میں ظہر یا عصر کی قید موجود ہے۔ اس شاہد کو چھوڑ کر بھی امام ابو حنیفہؒ

کے علاوہ اسرائیلؒ اور طلحہؒ (جو دونوں ثقہ اور ثبت راوی ہیں) اپنی روایت میں ظہر یا عصر کی نماز کا ذکر کرتے ہیں۔ لہٰذا جو حضرات ظہر وغیرہ کی قید بیان کرنے میں صرف امام ابو حنیفہؒ کو متفرد کہتے ہیں۔ ان کی تحقیق صحیح نہیں ہے۔

سترھویں حدیث: امام بیہقیؒ فرماتے ہیں کہ ہم سے حافظ ابو عبد اللہؒ نے بیان کیا وہ فرماتے ہیں کہ ہم سے حافظ ابو علیؒ نے بیان کیا۔ وہ فرماتے ہیں کہ ہم سے عبد اللہؒ بن سلیمانؒ بن الاشعثؒ نے بیان کیا۔ وہ فرماتے ہیں کہ ہم سے عبد الملکؒ بن شعیبؒ بن لیثؒ بن سعدؒ نے بیان کیا۔ وہ فرماتے ہیں کہ ہم سے عبد اللہؒ بن وہبؒ نے بیان کیا۔ وہ فرماتے ہیں کہ مجھ سے لیثؒ بن سعدؒ نے بیان کیا۔ وہ طلحہؒ سے روایت کرتے ہیں وہ موسیٰؒ بن ابی عائشہؒ سے، وہ عبد اللہؒ بن شدادؒ بن الہاد سے، وہ

۱؎ امام بیہقیؒ کا ترجمہ ص۱۱ میں اور حافظ ابو عبد اللہؒ اور حافظ ابو علیؒ کا باب اول میں مجاہدؒ بن جبرؒ کے اثر کے ذیل میں اور لیثؒ بن سعدؒ کا مقدمہ میں اور موسیٰؒ بن ابی عائشہؒ اور عبد اللہؒ بن شدادؒ کا عنقریب گذر چکا ہے۔ عبد اللہؒ بن اشعثؒ علامہ ذہبیؒ ان کو الحافظ اور الثقہ (میزان جلد ۲ ص۴۳) اور العلامۃ اور قدوۃ المحدثین اور الحافظ الکبیر لکھتے ہیں۔ (تذکرہ جلد ۲ ص۲۹۵) حافظ ابن حجرؒ لکھتے ہیں کہ وہ من کبار الحفاظ اور من ائمۃ الاعلام تھے (لسان جلد ۳ ص۲۹۵) محدث خلیلیؒ کا بیان ہے کہ وہ حافظ اور امام وقت اور متفق علیہ تھے (ایضاً ص۲۹۶) اور وہ امام ابو داؤدؒ صاحب سنن کے فرزند ارجمند تھے۔

۲؎ ابو حاتمؒ ان کو صدوق اور نسائیؒ ثقہ کہتے ہیں، ابن حبانؒ ان کو ثقات میں لکھتے ہیں، صحیح مسلم میں ان کی پچاس حدیثیں ہیں (تہذیب التہذیب جلد ۶ ص۳۹۸) حافظ ابن حجرؒ لکھتے ہیں کہ وہ ثقہ تھے (تقریب ص۲۲۵)

۳؎ علامہ ذہبیؒ لکھتے ہیں کہ وہ الامام، الحافظ، الفقیہ اور احد الائمۃ الاعلام تھے۔ ایک لاکھ حدیث ان سے مروی ہے (تذکرہ جلد ۱ ص۲۷۸) خلیلیؒ کا بیان ہے کہ وہ بالاتفاق ثقہ تھے۔ (تہذیب التہذیب جلد ۶ ص۷۲)

۴؎ امام احمدؒ ان کو لا بأس بہ، ابن مدینیؒ ان کو معروف، ابو زرعہؒ ان کو ثقہ اور ابو حاتمؒ ان کو صالح کہتے ہیں۔ امام لیثؒ ان کی تعریف کرتے تھے۔ ابن حبانؒ ان کو ثقات میں لکھتے ہیں (ایضاً جلد ۵ ص۱۲) حافظ ابن حجرؒ لکھتے ہیں کہ وہ ثقہ تھے (تقریب ص۱۸۱) اور تہذیب التہذیب وغیرہ میں تصریح ہے کہ لیثؒ بن سعدؒ نے اسی طلحہؒ سے روایت کی ہے روی عنہ اللیث ... الخ اور اس سند میں بھی لیثؒ بن سعدؒ، طلحہؒ سے روایت کرتے ہیں، یہ تک بندی نہیں جیسا کہ مؤلف خیر الکلام نے ص۲۹۵ میں یہ کہہ کر جان چھڑانے کی ناکام سعی کی ہے۔

ابو الولید سے اور وہ حضرت جابرؓ سے روایت کرتے ہیں۔ وہ فرماتے ہیں:

ان رجلاً صلی خلف النبی صلی اللہ علیہ وسلم فی الظہر او العصر یعنی یقرأ فاومی الیہ رجل فنہاہ فابی فلما انصرف قال اتنہانی ان اقرأ خلف النبی صلی اللہ علیہ وسلم فتذاکرا حتی سمع النبی صلی اللہ علیہ وسلم فقال رسول اللہ علیہ وسلم من صلی خلف امام فان قرأۃ الامام لہ قرأۃ۔
(کتاب القرأۃ ص ۱۰۲)

کہ ظہر یا عصر کی نماز میں ایک شخص نے آں حضرت صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کے پیچھے قرأت کی۔ اثنائے نماز میں ایک آدمی نے اشارہ سے اس کو قرأت سے منع کیا۔ لیکن وہ قرأت سے باز نہ آیا۔ جب نماز سے فارغ ہوئے تو قرأت کرنیوالے نے منع کرنے والے کو کہا کہ تم مجھے آں حضرت صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کے پیچھے قرأت سے کیوں روکتے ہو؟ دونوں آپس میں تکرار کر رہے تھے کہ آپ نے ان کی گفتگو سن لی اور ارشاد فرمایا کہ جو شخص امام کے پیچھے نماز پڑھتا ہو اس کو (الگ قرأت نہیں کرنی چاہیئے بلکہ) امام کی قرأت ہی اس کو کافی اور بس ہے۔

اور اس روایت کا ذکر اپنی سند کے ساتھ امام ابن قدامہؒ نے بھی کیا ہے مگر اس میں ظہر یا عصر کا ذکر نہیں اور آخر میں ہے:

فقال رسول صلی اللہ علیہ وسلم اذا کان لک امام یقرأ فان قراءتہ لک قرأۃ۔ (مغنی ج ۱ ص ۴۰۹)

کہ آں حضرت صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے فرمایا کہ جب تیرا امام قرأۃ کر رہا ہو تو اس کی قرأت ہی تیرے لیے کافی ہے۔

اس صحیح روایت میں ظہر یا عصر کی نماز کا ذکر ہے جو بالاتفاق سرّی نمازیں ہیں، اور آپ کے پیچھے قرأۃ کرنیوالا صرف ایک شخص تھا حالانکہ حضرات صحابہ کرامؓ جس طرح نماز اور جماعت کی پابندی کرتے وہ اور کس سے ہوسکتی ہے؟ اور ان میں سے ہر ایک کی یہی دلی خواہش ہوتی تھی کہ آں حضرت صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کی اقتداء میں نماز پڑھی جائے مگر باوجود اتنی بڑی جماعت کے کثیر التعداد حضرات صحابہؓ میں سرّی نمازیں آپ کے پیچھے قرأۃ کرنیوالا صرف ایک ہی شخص ملتا ہے اور باقی سب خاموش رہتے ہیں۔ لیکن آں حضرت صلی اللہ تعالیٰ علیہ وآلہ وسلم اس ایک شخص کی قرأت کو بھی گوارا نہیں فرماتے اور اس کو امام کے پیچھے قرأت کرنے سے منع کرتے ہیں۔ اگر امام کے پیچھے قرأت کرنے کی اجازت ہوتی خصوصاً سرّی نمازوں میں تو یقیناً آپ اس کی تائید فرماتے اور قرأت سے روکنے والے کو تنبیہ فرماتے اور اگر

امام کے پیچھے قرأت کی گنجائش ہوتی خاص کر سرّی نمازوں میں تو عین نماز کی حالت میں احسانِ صلوٰۃ سے صرفِ نظر کرتے ہوئے منع کرنے والے صحابی قرآت کرنے والے کو منع کرنے کی کبھی جرأت نہ کرتے۔ اور اگر سری نمازوں میں امام کے پیچھے قرآت کا استحباب یا جواز بھی ہوتا تو منع کرنیوالے کو آپ فرما دیتے کہ ایک جائز اور مستحب حکم کی وجہ سے تم نے نماز میں اپنی توجہ کیوں دوسری طرف مبذول کر دی تھی؟ اور دوسرے حضرات صحابہ کرامؓ بھی منع کرنیوالے کو یہ نہیں کہتے کہ بھائی تم نے اثنائے نماز میں بلاوجہ اس سے الجھنے کی کوشش کی ہے، یہ بھی تو اچھا کام ہی کر رہا تھا۔ اگر انصاف سے کام لیا جائے تو بغیر کسی خارجی قرینہ کے یہ روایت اس پر دلالت کرتی ہے کہ جہری نمازوں کا تو قصہ ہی چھوڑیئے ان میں بھلا امام کے پیچھے قرآت کی کب اجازت نکل سکتی ہے؟ سری نمازوں میں بھی امام کے پیچھے قرأۃ کرنا نہ تو جائز ہے اور نہ مستحب پھر ضروری کہاں سے ہوگا؟ اور چونکہ آں حضرت صلی اللہ تعالیٰ علیہ وآلہ وسلم نے مطلق قرأۃ سے منع کیا ہے۔ اس لیے اس کو محض اپنی رائے سے قرأۃ دون قرأۃ پر حمل کرنا باطل اور مردود ہوگا۔ اور یہ روایت حضرت جابرؓ سے مروی ہے، جو قرآت کا اوّلین اطلاق سورۂ فاتحہ اور ام الکتاب میں منحصر سمجھتے ہیں۔ لہٰذا قرآت کو ما زاد علی الفاتحہ پر حمل کرنا توجیہ القول بما لا یرضیٰ بہ قائلہ کا ارتکاب کرنا ہوگا، جو محض بے بنیاد اور بیکار ہے۔

پہلا اعتراض: امام بیہقیؒ فرماتے ہیں کہ اس روایت میں لیثؒ سے اوپر کی سند میں عبدالملکؒ بن شعیبؒ نے غلطی کی ہے ..... الخ (کتاب القرأۃ صد ۱۰۲ اور اسی کا ذکر مؤلف خیر الکلام نے صد ۲۸۳ میں کیا ہے۔)

جواب: جب یہ راوی بالاتفاق ثقہ ہیں اور با دلائل پہلے یہ بات نقل کی جا چکی ہے کہ ثقہ کی زیادت متن اور سند دونوں میں بالاجماع حجت ہے اور یہ بھی ثابت کیا جا چکا ہے کہ جب حدیث کے ارسال اور اتصال اور رفع و وقف کے بارے میں ثقہ رواۃ کا اختلاف ہو تو بالاتفاق وہ حدیث موصول اور مرفوع ہی متصور ہوگی اور ثقہ رواۃ کی حدیث صحیح ہوتی ہے اس لیے امام بیہقیؒ وغیرہ کا یہ خلافِ اصول اعتراض قابلِ التفات نہیں ہو سکتا

یہ حدیث بھی بہر حال موصول اور مرفوع ہی ہوگی۔

دوسرا اعتراض: امام بیہقیؒ اور امام دارقطنیؒ وغیرہ فرماتے ہیں کہ اس حدیث کی سند میں ابوالولید مجہول ہے تو یہ روایت کیسے صحیح ہو سکتی ہے؟ (کتاب القرأت ص۱۰۳ و دارقطنی جلد ۱ ص۱۲۳ اور مؤلف خیر الکلام ص ۲۸۳ میں لکھتے ہیں کہ اس کی سند میں ابوالولید مجہول ہے۔ لہٰذا یہ قابل اعتبار نہیں)

جواب: واقعی یہ اعتراض قدرے معقول سا ہے لیکن درحقیقت یہ بھی نہایت ہی سطحی ہے اور غلط فہمی کا نتیجہ ہے، کیونکہ ابوالولید کوئی الگ اور جداگانہ ہستی نہیں، بلکہ ابوالولید عبداللہؓ بن شدادؓ کی کنیت تھی۔ چنانچہ امام حاکمؒ لکھتے ہیں:

عبداللہؓ بن شدادؓ ھو بنفسہ ابوالولید ومن تہاون بمعرفۃ الاسامی اورثہ مثل ھذا الوھم۔

یعنی ابوالولید خود بعینہٖ عبداللہؓ بن شدادؓ تھے لیکن جن لوگوں نے رواۃ کے ناموں میں غفلت اور کوتاہی سے کام لیا ان کو ایسا وہم ہو جانا کچھ بعید نہیں ہے۔

پھر آگے تحریر فرماتے ہیں کہ

عبداللہؓ بن شدادؓ اصلہ مدینی وکنیتہ ابوالولید۔

عبداللہؓ بن شدادؓ دراصل مدنی تھے اور ابوالولید ان کی کنیت تھی۔

(معرفت علوم الحدیث، طبع قاہرہ ص۱۱۱)

۱؎ لطیفہ: امام بیہقیؒ لکھتے ہیں کہ بعض نے ایک طریق سے یہ روایت نقل کی ہے اور اس میں ابوالولید کا جملہ ساقط کر دیا ہے اور دوسرے طریق میں عبداللہؓ بن شدادؓ کا نام اڑا دیا ہے اور یہ مغالطہ دینے کی کوشش کی ہے کہ ابوالولید عبداللہؓ بن شدادؓ کی کنیت ہے، لیکن یہ انصاف سے بعید ہے۔ (کتاب القراۃ ص۱۰۳) امام حاکمؒ وغیرہ نے امام بیہقیؒ کا مغالطہ تو ایسا نکالا کہ ان کو شاید لب کشائی کی ہمت ہی نہ رہے۔ مگر خود انھوں نے سنن الکبریٰ جلد ۲ ص۱۵۹ میں ابوالولید کا جملہ ساقط کر دیا ہے اور پہلے نقل کیا جا چکا ہے کہ امام بیہقیؒ نے امام مسلم کی ایک عبارت میں مغالطہ دینے کی سعی فرمائی ہے۔ فسامحہ اللہ تعالیٰ بعموم فضلہ۔

علاوہ ازیں تاریخ بغدادی جلد ۹ ص ۴۷۴، جامع المسانید جلد ۱ ص ۳۲۵، کتاب الکنیٰ دولابی جلد ۲ ص ۱۴۳، تہذیب التہذیب جلد ۵ ص ۲۵۱، لسان المیزان جلد ۱ ص ۲۲۵، تقریب ص ۲۰۲ اور توجیہ النظر ص ۱۹۱ وغیرہ کتابوں میں اس کی تصریح موجود ہے کہ ابو الولید عبد اللہ بن شداد کی کنیت تھی۔ گویا اس لحاظ سے سند کی اصلی عبارت یوں تھی: عن عبد اللہ بن شداد ابی الولید ...الخ رواۃ میں سے کسی نے ابو الولید کو سابق سے الگ سمجھ کر ایک جدا ہستی اور مستقل راوی سمجھ لیا ہے اور اسی حقیقت کو امام بیہقیؒ اور دارقطنیؒ نہ پا سکے۔ عربی زبان میں کنیت نام سے پہلے بھی آتی ہے اور نام کے بعد بھی آسکتی ہے۔ مثلاً دیکھئے محمدؒ بن عبد الرحمٰنؒ ابو الاسود، محمدؒ بن المقاتلؒ ابو الحسن (صحیح بخاری جلد ۲ ص ۱۹۱ وغیرہ) اور یحییٰؒ بن یحییٰؒ ابو زکریا (بخاری جلد ۲ ص ۸۴۲ وغیرہ) وغیرہ وغیرہ اور جملہ ابو الولید اعادۂ جار کے ساتھ عبد اللہؒ بن شدادؒ سے بدل بھی ہو سکتا ہے۔ (حاشیہ شرح نخبۃ ص ۱۱۱)

مؤلف خیر الکلام کا صریح بہتان: جب ان ٹھوس حوالوں سے مؤلف مذکور کا سر چکرایا تو انھوں نے یہ لکھ مارا کہ پھر امام حاکمؒ تو غلطی کی نسبت امام ابو حنیفہؒ کی طرف کر رہے ہیں کہ وہ ابو الولید کو الگ سمجھ کر سند میں بڑھا رہے ہیں کیونکہ ان کو رواۃ کے اسامی کی معرفت نہیں ...الخ ص ۴۸۳) حالانکہ یہ امام حاکمؒ پر خالص بہتان ہے۔ امام حاکمؒ نے اوّل سے آخر تک اس عبارت میں کہیں اس کی تصریح نہیں کی کہ اس میں امام ابو حنیفہؒ نے غلطی کی ہے وہ تو ومن تہاون بمعرفۃ الاسامی اورثہ مثل ھذا الوھم کے عمومی الفاظ بول رہے ہیں کیونکہ مَن شرطیہ عموم کے لیے ہوتا ہے جیسا کہ بیان ہوگا، لیکن غیر مقلدین کے شیخ الحدیث کے نزدیک اس حرف مَن سے صرف امام ابو حنیفہؒ ہی مراد ہیں۔ اور ص ۴۸ میں مؤلف مذکور لکھتے ہیں کہ اسی بنا پر حاکم نے امام ابو حنیفہؒ پر اعتراض کیا ہے — اور آگے لکھتے ہیں کہ امام ابو حنیفہؒ کو مورد طعن قرار دیا ہے ....الخ امام حاکمؒ نے اس وہم کی نسبت قطعاً امام ابو حنیفہؒ کی طرف نہیں کی۔ وہ تو حرف من استعمال کر رہے ہیں جو غیر مقلدین حضرات کے شیخ الحدیث کے نزدیک عموم کے لیے نص قطعی ہے جیسا کہ اپنے مقام پر بیان ہوگا ان شاء اللہ تعالیٰ یہ ہے ان کی دیانت۔ فوا اسفا۔

اٹھارھویں حدیث: امام حاکمؒ فرماتے ہیں کہ ہم سے ابو احمد بکرؒ بن محمدؒ بن حمدانؒ الصیرفی نے بیان کیا۔ وہ فرماتے ہیں کہ ہم سے عبد الصمدؒ بن فضل البلخیؒ نے بیان کیا۔ وہ فرماتے ہیں کہ ہم سے مکیؒ بن ابراہیمؒ نے بیان کیا۔ وہ امام ابو حنیفہؒ سے روایت کرتے ہیں اور وہ موسیٰؒ بن ابی عائشہؒ سے اور وہ عبد اللہؒ بن شدادؒ بن الہاد سے اور وہ حضرت جابر رضی اللہ عنہ سے۔

ان رجلا قرأ خلف رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم فی الظہر او العصر فاومأ الیہ رجل فنہاہ فلما انصرف قال اتنہانی (الحدیث)

(بحوالہ روح المعانی جلد ۹ ص۱۳۴)

وہ فرماتے ہیں کہ ظہر یا عصر کی نماز میں ایک شخص آں حضرت صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کے پیچھے قرأت کر رہا تھا۔ نماز ہی کی حالت میں ایک شخص نے اشارہ سے اسے قرأت کرنے سے منع کیا مگر وہ باز نہ آیا۔ نماز کے بعد کہنے لگا تم مجھے قرأت سے منع کرتے ہو؟

یہ روایت امام ابو یوسفؒ کی کتاب الآثار ص۲۳ میں بھی ہے اس کے آخر میں ہے کہ آں حضرت صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے فرمایا کہ من صلی خلف امام فان قرأۃ الامام لہ قرأۃ۔

آگے روایت کا بعینہٖ وہی مضمون ہے جو پہلے گزر چکا ہے۔ پہلی روایت میں اصل مضمون اور اس کی تشریح دیکھ لیں۔ امام حاکمؒ مستدرک جلد ا ص۴۹۶، ۲ ص۲۴۲ وغیرہ میں ایک سند اس طرح پیش کرتے ہیں۔ اخبرنا بکرؒ بن محمدؒ بن حمدانؒ الصیرفی نا عبد الصمدؒ بن الفضل البلخیؒ نا مکیؒ بن ابراھیمؒ .... الخ اور فرماتے ہیں۔ صحیح ہے علامہ ذہبیؒ تلخیص المستدرک میں اس کے بارے میں صحیح کہتے ہوئے صحت کا فیصلہ صادر کرتے ہیں اور بقیہ رواۃ کا ترجمہ گذر چکا ہے۔ مؤلف خیر الکلام ص۴۸۸ میں لکھتے ہیں کہ اس حدیث کے جملہ راوی سوائے امام ابو حنیفہؒ کے ثقہ ہیں اور جابرؓ کے ذکر میں امام ابو حنیفہؒ کی طرف غلطی کی نسبت کی گئی ہے... الخ اور اس سے پہلے بحوالہ سنن الکبریٰ جلد ۲ ص۱۵۹ لکھتے ہیں کہ ایک جماعت نے امام ابو حنیفہؒ سے اسی طرح موصول بیان کی ہے اور عبد اللہؒ بن المبارکؒ نے ان سے مرسل بیان کی ہے۔ جابرؓ کا ذکر نہیں کیا اور یہی محفوظ ہے۔

الجواب: پہلے عرض کیا جا چکا ہے کہ امام ابو حنیفہؒ ثقہ اور ثبت تھے لہٰذا ان کی تضعیف بغیر تعصب کے اور کوئی حقیقت نہیں رکھتی اور حسب امام بیہقیؒ خود فرماتے ہیں کہ رواۃ کی ایک

خاصی جماعت اس روایت کو موصول بیان کرتی ہے اور اس میں حضرت جابرؓ کا ذکر ہے اور تنہا امام ابن مبارکؒ اس کو مرسل بیان کرتے ہیں تو جماعت کی روایت موصول ہی کیوں نہ محفوظ ہو جب کہ حقیقۃً وہ ہے بھی صحیح محفوظ اور موصول۔

انیسویں حدیث: امام حاکمؒ فرماتے ہیں کہ ہم سے حافظ ابو علیؒ نے بیان کیا۔ وہ فرماتے ہیں کہ ہم سے ابو یحییٰ زکریا[1] بن الحارثؒ نے بیان کیا وہ فرماتے کہ ہم سے محمدؒ بن ازہر سجزیؒ[2] نے بیان کیا وہ فرماتے ہیں کہ ہم سے خلف[3] بن ایوبؒ نے بیان کیا وہ فرماتے ہیں کہ ہم سے قاضی ابو یوسف[4]ؒ نے بیان کیا۔ وہ امام ابو حنیفہؒ سے روایت کرتے ہیں۔ وہ موسیٰؒ بن ابی عائشہؒ سے اور وہ عبداللہؒ بن شداد ابو الولیدؓ سے اور حضرت جابرؓ سے اور وہ آں حضرت صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم سے روایت کرتے ہیں۔ آپ نے ارشاد فرمایا:

من صلّٰی خلف امام فانّ قرأته له قراءة۔ کہ جو آدمی امام کے پیچھے نماز پڑھے سو اس کے امام کا پڑھنا مقتدی کا پڑھنا ہے۔ (اس کو الگ قرأت کی ضرورت نہیں) (معرفت علوم الحدیث ص ۷۷، طبع قاہرہ)

---

[1] علامہ عبدالقادر القرشیؒ لکھتے ہیں کہ الامام المکی الفقیہ احد مشائخ اصحاب ابی حنیفۃ فی عصرہ واحد العباد تھے۔ (الجواہر جلد ۱ ص ۲۴۵)

[2] علامہ عبدالقادر القرشیؒ لکھتے ہیں کہ وہ من آئمۃ اصحابنا الخراسانیین اور اصحاب طبقہ عالیہ میں تھے۔ (الجواہر المضیہ جلد ۲ ص ۳۱) اور فاضل لکھنویؒ نے ان کی بڑی تعریف کی ہے۔ (فوائد بہیہ ص ۱۴۰)

[3] محدث ابن حبانؒ ان کو ثقات میں لکھتے ہیں۔ علامہ خلیلیؒ ان کو صدوق اور مشہور کہتے ہیں۔ (تہذیب التہذیب جلد ۳ ص ۱۴۸) علامہ ذہبیؒ کا بیان ہے کہ وہ احد الفقہاء الاعلام، صاحب علم، عامل اور بڑے خدا پرست تھے (میزان جلد ۱ ص ۳۱۱)

[4] قاضی ابو یوسفؒ اور امام ابو حنیفہؒ کا ترجمہ مقدمہ میں نقل کیا جا چکا ہے اور دیگر رواۃ کے تراجم بھی بیان کر دیئے گئے ہیں۔

فائدہ: محدثین کرامؒ کی اصطلاح میں سند کے ایک راوی کے بدلنے سے روایت بدل جاتی ہے۔ اسی اصول کے پیش نظر ہم نے ان حدیثوں کا الگ الگ شمار کیا ہے۔ اس امر کو بخوبی ملحوظ رکھیں تاکہ غلط فہمی پیدا نہ ہو۔

یہ روایت بھی سند کے لحاظ سے بالکل صحیح ہے جیسا کہ آپ ملاحظہ کر چکے ہیں۔ علامہ ذہبیؒ ایک سند کو جس میں انا ابو یوسف القاضیؒ انا ابو حنیفہؒ ... الخ آتا ہے لکھتے ہیں: هٰذا اسناد متصل عال (تذکرہ جلد ۱ ص ۱۷۲) کہ یہ سند متصل اور بلند پایہ ہے اور مضمون و مفہوم کے اعتبار سے بھی یہ روایت واضح ہے جیسا کہ ظاہر ہے۔ مؤلف خیر الکلام سے رہا نہیں گیا۔ صفحہ ۴۹۰ میں لکھتے ہیں کہ یہ حدیث بھی امام ابو حنیفہؒ کی ہے ... الخ

الجواب: ہاں یہ روایت امام ابو حنیفہؒ سے مروی ہے جو ثقہ اور ثبت ہیں بغیر کسی متعصب کے کون ان کی روایت کو رد کر سکتا ہے؟ جن کی علمی تحقیق سے امام یحییٰ القطانؒ اور ابن معینؒ وغیرہ ائمہ جرح و تعدیل نے اپنے دامن بھرے اور ان کی تقلید کو اپنے گلے کا ہار بنایا ہے۔ دیکھئے طائفہ منصورہ اور مقام ابی حنیفہؒ وغیرہ۔ رہا مؤلف خیر الکلام کا ص ۴۹۰ میں بحوالہ تحقیق الکلام جلد ۱ ص ۱۳۹ یہ لکھنا کہ ابن عبد البرؒ نے لکھا ہے کہ وہ اہلحدیث کے ہاں سئ الحفظ ہیں اور علی بن المدینیؒ نے سخت ضعیف کہا ہے (محصلہ) تو یہ بے سود ہے خود مؤلف خیر الکلام ص ۴۳ الرفع والتکمیل ص ۴ کے حوالہ سے لکھتے ہیں کہ سئ الحفظ جرح غیر مفسر ہے جو قابل اعتبار نہیں (محصلہ) اور اسی صفحہ میں لکھتے ہیں کہ اگر تعدیل کرنے والے زیادہ ہوں تو ان کا اعتبار ہوگا۔ اور ہم مبسوط اور باحوالہ بحث عرض کر چکے ہیں کہ اکثر امت نے امام موصوفؒ کو ثقہ کہا ہے اور مؤلف خیر الکلام ص ۲۱ میں لکھتے ہیں کہ اور مبہم جرح توثیق کے بعد مقبول نہیں ہوتی۔ اور ص ۲۲ میں لکھتے ہیں کہ توثیق کے بعد جرح غیر مفسر معتبر نہیں ہوتی پس وہ قطعاً ثقہ ہے ... الخ اور یہی ہم کہنا چاہتے ہیں اور ان صحیح روایات سے بخوبی یہ اندازہ لگایا جا سکتا ہے کہ حضرت امام ابو حنیفہؒ کے علاوہ امام سفیان ثوریؒ، شریکؒ، طلحہؒ اور ابو الزبیرؒ وغیرہ اس روایت کو موصول بیان کرتے ہیں اور حضرت جابرؓ کا ہر روایت میں ذکر آتا ہے۔ اسی طرح امام ابو حنیفہ سے قاضی ابو یوسفؒ، مکی بن ابراہیمؒ اور محمد بن الحسنؒ وغیرہ بلکہ بقول امام بیہقیؒ محدثین کی ایک خاصی جماعت اس روایت کو موصول بیان کرتی ہے اور ظہر یا عصر کی قید بیان کرنے میں بھی امام ابو حنیفہؒ متفرد نہیں جیسا کہ آپ ملاحظہ کر چکے ہیں اور ہر ایک روایت کے ایک ایک راوی کی توثیق بھی عرض کر دی گئی ہے۔ اندریں حالات یہ دعویٰ کرنا کہ امام ابو حنیفہ اس میں متفرد ہیں یا ان کا کوئی شاگرد متفرد ہے، یا یہ روایتیں معلول ہیں۔ انصاف کا خون کرنا ہے۔ یہ

با حوالہ دلائل بھی دیکھیے اور مؤلف خیر الکلام کی ہوائی طفل تسلی بھی دیکھئے کہ خلاصۂ کلام یہ ہوا کہ یہ حدیث مرسل ہے اور مرسل ضعیف ہوتی ہے اور موصول بیان کرنے والے صرف امام ابوحنیفہؒ ہیں باقی رواۃ سب کے سب ضعیف یا مجہول ہیں... الخ لا حول ولا قوۃ الا باللہ۔

بیسویں روایت: امام[1] دارقطنیؒ فرماتے ہیں کہ ہم سے محمد[2] بن مخلدؒ نے بیان کیا۔ وہ فرماتے ہیں کہ ہم سے شعیب[3] بن ایوبؒ وغیرہ نے بیان کیا۔ وہ فرماتے ہیں کہ ہم سے زید[4] بن حبابؒ نے بیان وہ فرماتے ہیں کہ ہم سے معاویہ[5] بن صالحؒ نے بیان کیا، وہ فرماتے ہیں کہ ہم سے ابوالزاہریہؒ[6] نے بیان کیا، وہ کثیرؒ[7] بن مرۃؒ سے روایت کرتے ہیں اور وہ حضرت ابوالدرداءؓ سے۔ وہ فرماتے ہیں:

---

[1] علامہ ذہبیؒ ان کو الامام شیخ الاسلام اور حافظ زمان لکھتے ہیں (تذکرہ جلد ۳ ص ۱۸۲)

[2] حافظ ابن حجرؒ ان کو ثقہ مشہور اور اعلم اھل عصرہ لکھتے ہیں۔ (لسان المیزان جلد ۵ ص ۳۷۴)

[3] دارقطنیؒ کہتے ہیں کہ وہ ثقہ تھے، ابن حبانؒ ان کو ثقات میں لکھتے ہیں۔ امام حاکمؒ ان کو ثقہ اور زاہد لکھتے ہیں (تہذیب التہذیب جلد ۴ ص ۳۴۹)

[4] علامہ ذہبیؒ ان کو العابد الثقہ اور الصدوق لکھتے ہیں۔ (میزان جلد ۱ ص ۳۹۲ و تذکرہ جلد ۱ ص ۳۲۰)
علامہ خطیبؒ ان کو صاحب حدیث اور دانا محدث لکھتے ہیں۔ (بغدادی جلد ۸ ص ۴۴۲) امام ابن معینؒ علیؒ بن مدینیؒ عجلیؒ، ابوجعفر بستیؒ، احمدؒ بن صالحؒ، دارقطنیؒ، ابن ماکولاؒ اور یعقوبؒ بن شیبہؒ سب ان کو ثقہ کہتے ہیں، ابن حبانؒ اور ابن شاہینؒ ان کو ثقات میں لکھتے ہیں۔ ابن یونسؒ ان کو حسن الحدیث اور ابو حاتمؒ صدوق اور صالح کہتے ہیں (تہذیب التہذیب جلد ۳ ص ۴۰۳)

[5] ان کا ترجمہ باب اول میں حضرت ابن عباسؓ کے اثر کے ذیل میں گذر چکا ہے۔

[6] امام ابن معینؒ عجلیؒ، یعقوبؒ بن سفیانؒ اور نسائیؒ ان کو ثقہ کہتے ہیں۔ ابو حاتمؒ اور دارقطنیؒ لا بأس بہ اور ابن سعدؒ ان کو ثقہ اور کثیر الحدیث کہتے ہیں، ابن حبانؒ ثقات میں لکھتے ہیں۔ (ایضاً جلد ۲ ص ۲۱۵)

[7] علامہ ابن سعدؒ اور عجلیؒ ان کو ثقہ اور ابن خراشؒ صدوق کہتے ہیں، نسائیؒ لا بأس بہ کہتے ہیں اور ابن حبانؒ ثقات میں لکھتے ہیں (ایضاً جلد ۸ ص ۴۲۹) حافظ ذہبیؒ ان کو الفقیہ، امام عالم، عامل اور عالم اہل حمص لکھتے ہیں۔ (تذکرہ جلد ۱ ص ۴۹)

سُئل رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم افی کل صلوٰۃ قرآۃ قال نعم فقال رجل من الانصار وجبت ھٰذہ فقال لی رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم وکنت اقرب القوم الیہ ما اری الامام اذا ام القوم الا کفاھم۔

(دارقطنی جلد ۱ ص ۱۲۶)

کہ جناب رسول خدا صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم سے سوال کیا گیا کیا ہر نماز میں قرآۃ ہے؟ آپ نے فرمایا ہاں۔ ایک انصاریؓ نے کہا پھر تو قرأت ضروری ہو گئی؟ ابو الدرداءؓ فرماتے ہیں کہ میں تمام اہل مجلس میں جناب رسول خدا صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کے قریب تھا آپ نے مجھ سے خطاب کرتے ہوئے فرمایا میں یہی جانتا ہوں کہ امام کی قرأت مقتدیوں کو کافی ہے۔

یہ روایت مسند احمد جلد ۶ صفحہ ۴۴۸، نسائی جلد ۱ صفحہ ۱۰۱، کتاب القرآۃ ص ۱۱۸، سنن الکبریٰ جلد ۲ صفحہ ۱۶۲، طحاوی جلد ۱ صفحہ ۱۲۹ اور مجمع الزوائد جلد ۲ صفحہ ۱۱۰ وغیرہ کتابوں میں مذکور ہے، ہیثمیؒ فرماتے ہیں۔ (اسنادہ حسن) اس روایت میں حضرت ابو الدرداءؓ اس بات کی تصریح کرتے ہیں کہ یہ مسئلہ جناب رسول خدا صلی اللہ تعالیٰ علیہ وآلہ وسلم سے دریافت کیا گیا تھا۔ اور جواب بھی آپ ہی نے ارشاد فرمایا ہے اور حضرت ابو الدرداءؓ جلیل القدر صحابی تھے۔ اس لیے غیر رسول اور جناب رسول خدا صلی اللہ تعالیٰ علیہ وآلہ وسلم میں یقیناً فرق اور تمیز کرتے ہوں گے۔ اور اس کی بھی تصریح کرتے ہیں کہ میں سب سے زیادہ آپ کے قریب تھا۔ اور آپ نے خطاب کرتے وقت اور جواب دیتے وقت خاص طور پر میری طرف توجہ فرمائی تھی۔ اگر ایسے قوی اور اندرونی قرائن کے ہوتے ہوئے بھی یہ روایت مرفوع نہیں تو کونسی روایت علم حدیث میں مرفوع ہوگی؟ چونکہ اس روایت میں سرّی اور جہری کی کوئی قید مذکور نہیں ہے اس لیے یہ تمام نمازوں کو شامل ہے۔ مؤلف خیر الکلام کا یہ کہنا کہ وہ ما زاد یا جہر پر محمول ہے۔ (صفحہ ۲۴۱) بالکل مردود ہے کیونکہ بقول مؤلف مذکور قرأت سورۂ فاتحہ سے ہی شروع ہوتی ہے (کما مر) پھر اس کو ما زاد پر کون حمل کرنے دیتا ہے؟ اور روایت میں لفظ قرأت ہے جہر نہیں قرأۃ کو جہر پر حمل بالکل بے بنیاد ہے۔ اور ایسی رکیک اور دور از کار توجیہات کون سنتا ہے؟

اعتراض: امام نسائیؒ، دارقطنیؒ اور بیہقیؒ فرماتے ہیں کہ یہ روایت حضرت ابو الدرداءؓ پر موقوف ہے۔ زیدؒ بن حبابؒ نے اس حدیث کو مرفوع بیان کرنے میں غلطی کی ہے۔ (نسائی

جلد ۱ صفحہ ۱، دارقطنی جلد ۱ صفحہ ۱۲۶، کتاب القرأۃ صفحہ ۱۱ اور یہی باتیں مؤلف خیر الکلام نے دہرائی ہیں۔ ملاحظہ ہو صفحہ ۴۹۹ و صفحہ ۵ و صفحہ ۵۰) اور یہی کچھ ترجمان الحدیث ماہ دسمبر ۱۹۷۲ء صفحہ ۴۴ تا صفحہ ۴۶ اور ماہ جنوری ۱۹۷۳ء صفحہ ۲۲ تا صفحہ ۲۶ کہا گیا ہے کہ فلاں نے اس کو موقوف کہا اور فلاں اور فلاں نے۔

جواب: یہ اعتراض قطعاً باطل ہے: **اولاً** — اس لیے کہ زیدؒ بن حبابؒ بالاتفاق ثقہ ہیں۔ اور ثقہ راوی کی متن اور سند میں زیادت بالاجماع مقبول ہوتی ہے جس کی پوری تفصیل گذر چکی ہے۔ **وثانیاً** — یہ بھی بیان ہو چکا ہے کہ حدیث کے موقوف اور مرفوع ہونے کی صورت میں تمام محدثین کے نزدیک روایت موصول اور مرفوع ہی سمجھی جائے گی۔ **وثالثاً** — اگر تنہا زیدؒ بن حبابؒ ہی اس کو مرفوع روایت کرتے تب بھی یہ حدیث مرفوع ہی ہوتی، کیونکہ زیدؒ بن حبابؒ ثقہ تھے۔ حالانکہ ان کے علاوہ ابو صالحؒ کاتب لیثؒ (جن کا ترجمہ باب اوّل میں حضرت ابن عباسؓ کے اثر میں نقل کیا جا چکا ہے) بھی اس روایت کو مرفوع نقل کرتے ہیں۔ (دیکھئے سنن الکبریٰ جلد ۲ ص ۱۶۲ وغیرہ اور اس کی سند بھی صحیح ہے) جب یہ دونوں راوی ثقہ ہیں۔ اور اس روایت کو مرفوع بیان کرتے ہیں تو یہ حدیث محدثین کے طے شدہ قاعدہ کی رو سے مرفوع ہی ہوگی اور امام بیہقیؒ وغیرہ کی بلا دلیل اصول شکنی قابل التفات نہیں ہو سکتی اور نہ اس کو کوئی سننے کے لیے تیار ہے چونکہ یہ اکابر غلطی سے پہلے یہ نظریہ قائم کر چکے ہیں کہ قرأۃ خلف الامام کی اجازت ہے، اس لیے اس کے خلاف تمام روایات کو وہ خواہ مخواہ معلول ٹھہرانے کی کوشش کرتے ہیں۔ اگر خالی الذہن ہو کر پہلے جناب رسول خدا صلی اللہ تعالیٰ علیہ وآلہ وسلم کی احادیث کو ملاحظہ کر لیتے تو یقیناً ایسی رکیک اور بعید از انصاف تاویلات سے ہرگز کام نہ لیتے، فسامحھم اللہ تعالیٰ اور مولانا مبارکپوری صاحبؒ صاحبؒ کا تو معاملہ ہی عجیب ہے وہ امام سفیانؒ بن عُیینہؒ اور حضرات صحابہ کرامؓ کے صحیح آثار سے تو جناب رسول خدا صلی اللہ تعالیٰ علیہ وآلہ وسلم کی حدیث کو مقید کرنا گوارا نہیں کرتے مگر اس مقام پر جناب رسول خدا صلی اللہ تعالیٰ علیہ وآلہ وسلم کی مطلق حدیث کو محض اپنی ناقص عقل اور فہم نارسا کی زنجیروں میں جکڑنا چاہتے ہیں (دیکھئے ابکار المنن ص ۱۶۱)

اور لطف کی بات یہ ہے کہ یہ سب کچھ بلا دلیل کرتے ہیں :— ؎

لڑتے ہیں اور ہاتھ میں تلوار بھی نہیں

باقی جس روایت میں آتا ہے کہ حضرت ابو الدرداءؓ نے کثیر بن مُرّہ رح سے یہ کہا تھا جیسا کہ بعض کتابوں میں آتا ہے تو وہ اپنے مقام پر صحیح ہے جس کا مطلب یہ ہوگا کہ مرفوعاً بھی یہ روایت آئی ہے اور موقوفاً بھی جب مسئلہ بیان کرنا مقصود ہوگا تو اپنا قول بیان کر دیتے ہوں گے اور جب حدیث کا بیان کرنا ملحوظ ہوتا ہوگا تو مرفوعاً بیان کر دیتے ہوں گے کیونکہ ارسال اور رفع میں رواۃ کے حالات مختلف ہوتے ہیں جیسا کہ پہلے گذر چکا ہے۔

احسن الکلام پر بلا وجہ محض تعصب کی وجہ سے تنقید کرنے والے بزرگ علامہ عراقی رح کی ایک عبارت کا (جس کا ذکر ۲۷ میں ہو چکا ہے) حوالہ دے کر لکھتے ہیں۔ لیکن اگر یہ اختلاف ایک راوی کے تلامذہ میں ہے تو پھر ثقہ اور اوثق کے اصول پر اس کی تنقیح کی جائے گی۔ اگر دونوں اسناد ہمہ عیوب سے صاف ہوں گی تو پھر مزید قرائن کو ملحوظ رکھتے ہوئے فیصلہ کیا جائے گا جیسا کہ اس کی تفصیل ہم عرض کر آئے ہیں۔ (ترجمان الحدیث ص۲۱ ماہ جنوری ۱۹۷۵ء)۔

الجواب : پہلے بیان ہو چکا ہے کہ علامہ عراقی رح کے حوالہ سے صرف یہی ثابت ہوتا ہے کہ ثقہ راوی جب کسی وقت روایت موصول اور کسی وقت مرسل بیان کرے یا کسی وقت مرفوع اور کسی وقت موقوف بیان کرے تو اس کے بارے میں صحیح تر فیصلہ یہ ہے کہ وہ روایت موصول اور مرفوع ہی قرار دی جائے گی نہ کہ مرسل و موقوف۔ علامہ عراقی رح کی اس عبارت میں راوی کے تلامذہ میں ثقہ اور اوثق کی تنقیح کا کوئی تذکرہ نہیں اور امام نووی رح لکھتے ہیں کہ اگر بعض ثقہ اور ضابطہ راوی حدیث کو متصل اور بعض مرسل بیان کرتے ہوں یا بعض مرفوع اور بعض موقوف بیان کرتے ہوں یا ایک ہی راوی کسی وقت مرفوع بیان کرتا ہے اور کسی وقت مرسل یا موقوف بیان کرتا ہے تو اس کے متعلق صحیح بات جو محققین محدثین رح اور فقہاء اور ارباب اصول نے بیان کی ہے اور اسی کو علامہ خطیب بغدادی رح نے صحیح قرار دیا ہے یہ ہے :

ان الحکم لمن وصله او رفعه سواء کان المخالف له مثله او اکثر او احفظ لانه زیادة ثقة وهي مقبولة اھ (مقدمة شرح مسلم ص ۱۸)	کہ بے شک حکم اس کے موصول یا مرفوع ہونے کا دیا جائے گا۔ عام اس سے کہ اس کا مخالف اس جیسا ہو یا زیادہ ہو یا زیادہ حافظ ہو کیونکہ یہ زیادت ثقہ ہے جو بہرحال مقبول ہے۔

اس عبارت سے تین باتیں نمایاں طور پر ثابت ہیں:

(۱) اس صورت میں موصول اور مرفوع ہونے کا فیصلہ محقق محدثین رہ فقہاء رہ اور ارباب اصول کا ہے۔

(۲) ایک ہی ثقہ راوی سے یہ اختلاف ثابت ہو تب بھی یہی فیصلہ ہے یا ایک ہی راوی کے تلامذہ جدا جدا ہوں تب بھی یہی فیصلہ ہے۔

(۳) اس میں موصول اور مرفوع بیان کرنیوالے کے مقابلہ میں اکثر یا احفظ یا اوثق کا کوئی اعتبار نہیں کیونکہ یہ زیادت ثقہ ہے جو بہرحال مقبول ہے۔

اکیسویں[۲۱] حدیث: امام حاکم رح فرماتے ہیں کہ ہم سے ابو یحییٰ سمرقندی رح نے بیان کیا وہ کہتے ہیں کہ ہم سے محمدؒ بن نصر رح نے بیان کیا۔ وہ فرماتے ہیں کہ ہم سے احمدؒ بن عبد الرحمٰنؒ بن وہبؒ نے بیان کیا۔ وہ کہتے ہیں کہ ہم سے ہمارے چچا (عبد اللہؒ بن وہبؒ) نے بیان کیا۔ وہ کہتے ہیں کہ مجھ سے لیثؒ بن سعدؒ نے بیان کیا۔ وہ یعقوبؒ بن ابراہیم رح (امام ابو یوسفؒ) سے روایت کرتے ہیں اور وہ نعمانؒ بن ثابتؒ (امام ابو حنیفہ رحمۃ اللہ تعالیٰ علیہ) سے اور وہ موسیٰؒ بن ابی عائشہؒ سے اور وہ عبد اللہؓ بن شداد ابوالولیدؓ سے اور وہ حضرت جابرؓ بن عبد اللہؓ سے روایت کرتے ہیں۔ وہ فرماتے ہیں کہ آں حضرت صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے فرمایا:

من صلی خلف امام فان قرأة الامام له قرأة۔ (معرفت علوم الحدیث ص۱۳۳ و کتاب الآثار)	کہ جو شخص امام کے پیچھے (اس کی اقتداء میں نماز پڑھے تو اس کو امام کی قرآت ہی کافی اور بس ہے۔

---

[۱] چونکہ امام حاکمؒ نے اسی روایت کے سلسلے میں اسی صفحہ میں واضح طور پر یہ بیان کر دیا ہے کہ ابوالولید عبد اللہؓ بن شدادؓ ہی کی کنیت ہے اس لیے ہم نے عبد اللہؓ بن شداد ابوالولید رض لکھا ہے جیسا کہ پہلے با حوالہ عرض کیا جا چکا ہے مؤلف خیر الکلام کا ص۱۱۵ میں اس کو مغالطہ کہنا انصاف پر مبنی نہیں ہے کیونکہ جب ابوالولید عبد اللہؓ بن شدادؓ ہی کی کنیت ہے تو ایک ہی شخصیت ہے۔

اس سند کے اکثر رواۃ کے تراجم پہلے نقل کئے جا چکے ہیں اور بعض جلیل القدر اور نامور محدث تھے البتہ احمدؒ بن عبد الرحمنؒ بن وہبؒ کا ترجمہ سن لیجئے اگرچہ ابن عدیؒ کہتے ہیں کہ مصر کے اساتذہ اس کے ضعیف ہونے پر متفق ہیں اور ابن یونسؒ فرماتے ہیں کہ اس سے حجت قائم نہیں ہوتی۔ (میزان جلد ۱ صد ۵۵ بحوالہ خیر الکلام صد ۱۱۵) مگر جمہور محدثین کرامؒ ان کو ثقہ کہتے ہیں۔ محمدؒ بن عبد اللہؒ بن الحکمؒ ان کو ثقہ کہتے ہیں اور فرماتے ہیں کہ ہم نے ان کے بارے میں کوئی کلام اور جرح نہیں سنی، عبد الملکؒ ان کو ثقہ کہتے ہیں۔ امام ابو زرعہؒ ان کی تعریف کرتے تھے۔ ابو حاتمؒ ان کو صدوق کہتے ہیں۔ محدث عبدانؒ ان کو مستقیم الامر کہتے ہیں۔ ابن عدیؒ کا بیان ہے کہ محدثین کے نزدیک ان کی حدیثیں قابل برداشت ہیں۔ حافظ ابن حجرؒ لکھتے ہیں کہ امام احمدؒ بن حنبلؒ نے پہلے ان میں کلام کیا تھا۔ لیکن بعد از تحقیق اس سے رجوع کر لیا تھا۔ یہی وجہ ہے کہ امام ابن خزیمہؒ متقدمین میں سے اور امام ابن قطانؒ متاخرین میں سے ان کو ثقہ سمجھتے ہوئے ان پر کلی اعتماد کرتے تھے۔ (تہذیب التہذیب جلد ۱ ص ۵۴، ۵۵، ۵۶) یہ روایت بھی سند کے اعتبار سے صحیح اور مرفوع ہے۔

مؤلف خیر الکلام نے صفحہ ۱۱۵ میں اس کے جواب میں بھی وہی پرانا رونا رویا ہے کہ امام ابو حنیفہؒ ضعیف ہیں اور متفرد ہیں (محصلہ) جواب پہلے گذر چکا ہے اعادہ کی ضرورت نہیں ہے۔

حضرات! ہم نے متابعات اور شواہد کے علاوہ بیس حدیثیں صحیح اور مرفوع (با سند اور سند کے ایک ایک راوی کی توثیق کے ساتھ آپ سے) باحوالہ عرض کی ہیں۔ اور فریق ثانی کی طرف سے پیش کردہ سوالات کے مسکت جوابات بھی عرض کر دیے ہیں۔ اب ہم آخر میں آپکے سامنے چند اور حدیثیں بطور تائید عرض کرتے ہیں اور سند پوری نقل کر دیتے ہیں۔

بطور شاہد پہلی حدیث: امام بیہقیؒ فرماتے ہیں کہ ہم سے حافظ ابو عبد اللہؒ نے بیان کیا۔ وہ فرماتے ہیں کہ ہم سے ابو سعید محمدؒ بن جعفر رحؒ بن خصیب ہرویؒ نے اپنی کتاب سے بیان کیا۔ وہ فرماتے ہیں کہ ہم سے عبد اللہؒ بن محمود سعدی رحؒ نے بیان کیا۔ وہ کہتے ہیں کہ ہم سے

اسمٰعیل سدیؒ نے بیان کیا۔ وہ کہتے ہیں کہ ہم سے مالکؒ بن انسؒ نے بیان۔ وہ وہبؒ بن کیسانؒ سے اور وہ حضرت جابرؓ سے روایت کرتے ہیں وہ فرماتے ہیں کہ آں حضرت صلی اللہ تعالیٰ علیہ وآلہٖ وسلم نے ارشاد فرمایا کہ

کل صلوٰۃ لا یقرأ فیھا بام القراٰن فھی خداج الا وراء الامام۔ (کتاب القرأۃ ص۱۳۷)

ہر وہ نماز جس میں سورۂ فاتحہ نہ پڑھی گئی ہو تو وہ نماز ناقص اور نامکمل ہوتی ہے۔ ہاں مگر وہ نماز جو امام کے پیچھے پڑھی جائے۔

یہ روایت صاف بتلاتی ہے کہ امام کے پیچھے سورۂ فاتحہ اور ام القرآن پڑھنے کی بھی گنجائش نہیں ہے اور اسی کو فریق ثانی ضروری سمجھتا ہے۔ ہاں البتہ امام اور منفرد کی کوئی نماز بغیر سورۂ فاتحہ کے مکمل نہیں ہو سکتی جیسا کہ اس کی تصریح موجود ہے۔

اعتراض: امام بیہقیؒ فرماتے ہیں کہ اسمٰعیل سدیؒ کا دوسرا شاگرد مسریؒ بن خزیمہؒ اس روایت کو حضرت جابرؓ سے موقوف روایت کرتا ہے۔ اس لیے یہ عبداللہؒ بن محمود سعدیؒ کی غلطی ہے کہ وہ اس کو مرفوع بیان کرتے ہیں اور یہی بات مؤلف خیر الکلام نے دہرائی ہے۔ (ملاحظہ ہو ص ۵۰۴ و ۵۰۵)

الجواب: عبداللہؒ بن محمود سعدیؒ کو علامہ ذہبیؒ، الحافظ، الثقہ اور صوبہ مرو کا محدث لکھتے ہیں (تذکرہ جلد ۲ ص۲۵۶) امام حاکمؒ ان کو ثقہ اور مامون کہتے ہیں، محدث خلیلیؒ ان کو الحافظ اور عالم فن حدیث کہتے ہیں (ایضاً جلد ۲ ص۲۵۶) کیوں نہ ہو کہ حافظ اور ثقہ راوی کی زیادت کو تسلیم کر لیا جائے۔ اور اصول شکنی کا ارتکاب نہ کیا جائے، کہ نہ ہینگ لگے نہ پھٹکڑی، اور یہی امر قرین قیاس اور انصاف ہے۔

مؤلف خیر الکلام نے ص۵۰۵ میں لکھا ہے کہ اس کے ثقہ ہونے سے حدیث کا صحیح ہونا ضروری نہیں اھ یعنی محض اس لیے کہ مؤلف صاحب اور ان کی جماعت اس کو تسلیم کرنے کے لیے تیار نہیں۔ ہاں محمدؒ بن اسحاقؒ جیسا کوئی ضعیف راوی ہوتا تو وہ ضرور مان لیتے اور پھر حدیث صحیح ہو جاتی، باقی امام مالکؒ کا یہ فرمانا کہ اس کی ٹانگ پکڑ دو یہ اس کے مرفوع ہونے کی نفی یا انکار کی قطعی دلیل نہیں ہے طحاوی کی شرح میں جذوًا برجلہ

کا نسخہ بھی ہے (حاشیہ طحاوی جلد ا ص ۱۰۱) یعنی ان کی بات مان لو اور ان کے نقشِ قدم پر چلو اور اس کے پیشِ نظر خذوا بجلہ کا مطلب بھی یہ ہو سکتا ہے۔ اس اعتبار سے امام مالکؒ کی تصدیق ہو گی۔ واللہ تعالیٰ اعلم۔

دوسری حدیث: امام بیہقیؒ فرماتے ہیں کہ ہم سے حافظ ابو عبد اللہؒ نے بیان کیا، وہ فرماتے ہیں کہ مجھ سے ابو عبد اللہ حسینؒ بن محمدؒ ہروی نے بیان کیا۔ وہ کہتے ہیں کہ ہم سے ابو بکر احمدؒ بن محمدؒ بن عمرؒ نے بیان کیا۔ وہ کہتے ہیں کہ ہم سے ابو عبد الرحمٰن محمدؒ بن احمد تمیمیؒ نے بیان کیا۔ وہ کہتے ہیں کہ ہم سے ابو محمد سویدؒ بن سعیدؒ نے زبانی بیان کیا۔ وہ کہتے ہیں کہ ہم سے علیؒ بن مسہرؒ نے بیان کیا۔ وہ عبید اللہؒ بن عمرؒ سے اور وہ نافعؒ سے اور وہ حضرت عبد اللہؓ بن عمرؓ اور وہ آں حضرت صلی اللہ تعالیٰ علیہ وآلہ وسلم سے روایت کرتے ہیں کہ آپ نے فرمایا: من کان لہ امام فقرأۃ الامام لہ قرأۃ (کتاب القرأۃ ص ۱۲۵) کہ امام کا پڑھنا مقتدی کا پڑھنا ہے۔ یہ حدیث بھی اپنے مفہوم کے لحاظ سے واضح ہے اور حضرت ابن عمرؓ سے مرفوعاً مروی ہے۔

اعتراض: امام بیہقیؒ فرماتے ہیں کہ یہ حدیث حضرت ابن عمرؓ سے موقوف مروی ہے یہ ابو محمد سویدؒ بن سعیدؒ کی غلطی ہے کہ اس روایت کو مرفوع بیان کرتے ہیں۔

جواب: علامہ ذہبیؒ سویدؒ بن سعیدؒ کو صاحبِ حدیث اور صاحبِ حفظ کہتے ہیں۔ امام مسلمؒ نے ان سے احتجاج کیا ہے۔ ابو حاتمؒ ان کو صدوق اور کثیر التدلیس (لیکن اس روایت میں وہ حدثنا سے تحدیث کرتے ہیں) کہتے ہیں بغویؒ ان کا شمار حفاظِ حدیث میں کرتے ہیں۔ صالح جزرہؒ ان کو صدوق اور دارقطنیؒ ان کو ثقہ کہتے ہیں (میزان جلد ا ص ۴۳۳) محدث عجلیؒ ان کو ثقہ کہتے ہیں۔ مسلمہؒ بن قاسمؒ کا بیان ہے کہ وہ ڈبل ثقہ تھے۔ امام احمدؒ ان کو صالح یا ثقہ کہتے ہیں۔ میمونیؒ امام احمدؒ سے نقل کرتے ہیں کہ مجھے ان میں کسی کا کلام اور جرح معلوم نہیں۔ امام ابو داؤدؒ ان کی صدوق ولا بأس بہ سے توثیق نقل کرتے ہیں (تہذیب التہذیب جلد ۴ ص ۲۷۵) جزریؒ کہتے ہیں کہ وہ ثقہ ہیں اور امام مسلمؒ نے صحیح میں ان سے احتجاج کیا ہے۔ (حصن حصین ص ۱۱۴ باب ماء زمزم لما شرب لہ) اس لیے ضابطہ کے لحاظ سے یہ زیادت بھی صحیح ہو گی اور یہ امام مسلمؒ کی شرط پر صحیح ہے۔

مؤلف خیر الکلام نے ص۵۰ میں بعض کتب رجال سے سویدؒ بن سعید پر جرحی کلمات نقل کر کے آگے لکھا ہے پس نتیجہ یہ نکلا کہ یہ حدیث قطعاً جھوٹ ہے۔ اس کا مطلب یہ ہوا کہ جن ائمہ نے ان کی توثیق کی ہے جیسے کہ اوپر باحوالہ گزر چکی ہے وہ غلط ہے یا اور کیا امام مسلمؒ نے صحیح مسلم میں جھوٹے راوی سے احتجاج کیا ہے؟ علاوہ ازیں علامہ خطیب بغدادیؒ اپنی سند کے ساتھ الی خارجۃ بن عبدۃ نا خارجۃ عن ایوب عن نافع عن ابن عمرؓ قال قال رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم من کان لہ امام فقرأۃ الامام لہ قرأۃ روایت کرتے ہیں۔

(ملاحظہ ہو تاریخ جلد ۱ ص ۲۳۳)

جس کے راوی اس مذکور سند کے متابع ہیں اور بزعم مؤلف خیر الکلام وغیرہ اگر کچھ سقم بھی اس میں ہے تو دوسری سند سے پورا ہو جاتا ہے۔ علاوہ ازیں اس امر سے اختلاف تو نہیں کیا جا سکتا کہ بعض محدثینؒ نے اس پر جرح کی ہے اور جمہور اس کی توثیق کرتے ہیں اور مختلف فیہ ہونے کی وجہ سے اس کی حدیث حسن تو ضرور ہے خود مؤلف مذکور لکھتے ہیں کہ مختلف فیہ آدمی حدیث حسن ہوتی ہے۔ (خیر الکلام ص۲۲۵) مگر اس حدیث کو قطعاً جھوٹ کہنا خالص اور سفید جھوٹ ہے۔

تیسری حدیث: امام بیہقیؒ فرماتے ہیں کہ ہم سے حافظ ابو عبد اللہؒ نے بیان کیا۔ وہ فرماتے ہیں کہ مجھ سے ابو العباس بالویہ بن محمدؒ بن بالویہ مرزبانیؒ نے بیان کیا۔ وہ فرماتے ہیں کہ ہم سے عمرو بن زرارہؒ نے بیان کیا۔ وہ کہتے ہیں کہ ہم سے اسمٰعیلؒ بن ابراہیمؒ نے بیان کیا۔ وہ علیؒ بن کیسانؒ سے اور وہ ابن ابی ملیکہؒ سے اور وہ حضرت ابن عباسؓ سے روایت کرتے ہیں اور وہ جناب رسول خدا صلی اللہ تعالیٰ وآلہ وسلم سے روایت کرتے ہیں۔ آپ نے فرمایا:

کل صلوٰۃ لا یقرأ فیہا بفاتحۃ الکتاب فلا صلوٰۃ لہ الا وراء الامام۔ (کتاب القرأۃ ص ۱۳۷)

یعنی ہر وہ نماز جس میں نمازی سورۂ فاتحہ نہ پڑھے تو اس کی نماز ادا نہ ہوگی۔ ہاں مگر امام کے پیچھے بغیر سورۂ فاتحہ پڑھے بھی نماز صحیح ہے۔

یہ روایت بھی اپنے مدلول کے لحاظ سے بالکل عیاں ہے اور حضرت ابن عباسؓ سے مرفوعاً مروی ہے۔

اعتراض: امام بیہقیؒ اپنے استاد کے حوالہ سے یہ نقل کرتے ہیں کہ علیؒ بن کیسانؒ کا نام

ہم نے صرف اسی سند میں سُنا ہے۔

الجواب: حافظ ابن حجرؒ نے علیؒ بن کیسانؒ کا نہایت مختصر ترجمہ یوں قائم کیا ہے وھو علی بن سلیمان بن کیسان الکیسانی رح (تھذیب التھذیب جلد ۷ ص ۳۴۵) اور محدث فیض پوریؒ فرماتے ہیں کہ ابن ابی حاتم رح نے ان کو صالح الحدیث ما اری بحدیثه بأسا کہا ہے (لسان ج ص ۲۳۲) لہٰذا ان کی حدیث حسن یا صحیح ہے (الدلیل المبین ص ۱۵۱) اور اگر بالفرض یہ مستور بھی ہو تب بھی مولف خیر الکلام کہتے ہیں کہ مستور بلکہ ضعیف کی روایت متابعت میں پیش کی جا سکتی ہے جیسا کہ باحوالہ پہلے عرض کیا جا چکا ہے۔

چوتھی حدیث: امام بیہقی رح فرماتے ہیں کہ ہم سے حافظ ابو عبداللہ رح نے بیان کیا۔ وہ فرماتے ہیں کہ ہم سے ابو حامد احمدؒ بن محمدؒ بن قاسم سرخسیؒ نے بیان کیا۔ وہ کہتے ہیں کہ ہم سے احمدؒ بن عبدالرحمٰن سرخسیؒ نے بیان کیا۔ وہ فرماتے ہیں کہ ہم سے اسمٰعیلؒ بن فضل رح نے بیان کیا۔ وہ فرماتے ہیں کہ ہم سے عیسیٰؒ بن جعفر رح نے بیان کیا۔ وہ فرماتے ہیں کہ ہم سے سفیان ثوریؒ نے بیان کیا۔ وہ اعمش رح سے اور وہ حکم رح سے اور وہ عبدالرحمٰنؒ بن ابی لیلیٰؒ سے اور وہ حضرت بلال رض سے روایت کرتے ہیں۔ وہ فرماتے ہیں:

امرنی رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم ان لا أقرأ خلف الامام	کہ آں حضرت صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے مجھے یہ حکم دیا کہ میں امام کے پیچھے قرأت نہ کروں۔

(کتاب القرأۃ ص ۱۲۹)

چونکہ قرأت خلف الامام کا مسئلہ اپنے ایجابی یا سلبی پہلو کے اعتبار سے کسی صحابیؓ سے مخصوص نہ تھا اس لیے حضرت بلال رض کو کسی خاص مصلحت کے پیش نظر آپ نے خطاب کیا ہوگا۔ ورنہ حکم سب کے لیے عام ہے۔

اعتراض: امام بیہقی رح فرماتے ہیں کہ عیسیٰؒ بن جعفر رح تو ثقہ اور ثبت تھے۔ اس لیے اس میں غلطی اسماعیلؒ بن فضل رح کی ہوگی کہ اس سند میں سفیان ثوریؒ کا ذکر ہے اور وہ اس سے بری ہیں اگر ان سے روایت ہوتی تو اس کے بارے میں اختلاف نہ ہوتا، اسمٰعیلؒ بن فضل رح اگر سچا ہے تو اس کی غلطی ہے۔ جھوٹا ہے تو اس کا افترا ہے۔ (کتاب القرأۃ ص ۱۲۹ بحوالہ خیر الکلام ص ۵۱۰ محصلہ)

الجواب : حدیث کو باطل ٹھہرانے کا یہ نرالا قاعدہ امام بیہقی رحمہ نے تجویز فرمایا ہے۔ کیا قرآت خلف الامام کی روایت کے امام ثوری مجاز نہیں؟ یا ان کی کسی دیگر روایت میں اختلاف نہیں ہوا؟ اس سے سند اور حدیث پر کیا اثر پڑتا ہے؟ ہاں یہ بات کہی جا سکتی ہے کہ اسمٰعیل بن فضل کا حال معلوم نہیں یہ اصول کی بات ہے، مگر مؤلف خیر الکلام کے بیان کے مطابق مستور اور ضعیف کی حدیث بطور تائید و متابعت پیش ہو سکتی ہے اس میں کوئی ہرج نہیں۔ اور اصول کے لحاظ سے شاہد و متابع کا بھی کوئی فرق نہیں۔

قارئین کرام! اس مضمون کی کم و بیش ستائیس سندیں راقم الحروف کے بیاض میں ابھی اور موجود ہیں اور حقیقت یہ ہے کہ ان میں ہر ایک سند فریق ثانی کی اجازت یا وجوب قرآت سورۃ فاتحہ خلف الامام کی روایتوں سے اگر زیادہ قوی اور صحیح نہیں تو یقین کیجئے کہ ان سے کسی طرح بھی کم نہیں ہے۔ مگر چونکہ ہمیں آپ سے ابھی بہت کچھ عرض کرنا ہے اس لیے سر دست ان پیش کردہ احادیث پر ہی ہم اکتفا کرتے ہیں اور ان سے ایک حقیقت پسند انسان بخوبی یہ اندازہ لگا سکتا ہے کہ امام کے پیچھے قرآت نہ کرنیوالے کیا بے دلیل ہیں؟ اور کیا ان کے پاس جناب رسولِ خدا صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کی صحیح حدیثیں موجود نہیں؟ اور کیا جن کتابوں کے حوالے درج کیے گئے ہیں وہ اس دنیا میں موجود نہیں؟ اور کیا ان میں سورۂ فاتحہ اور ام القرآن وام الکتاب کی تصریح موجود نہیں؟ اور کیا یہ روایتیں صحاح ستہ وما وافق بہا میں نہیں پائی جاتیں؟ اور کیا یہ کتابیں دنیا کے اسلامی کتب خانوں میں موجود نہیں؟ اور کیا ان حدیثوں میں کوئی حدیث صحیح اور مرفوع نہیں؟ اور کیا ان تمام دلائل کو پیش نظر رکھتے ہوئے جمہور اہلِ اسلام (جو امام کے پیچھے سورۂ فاتحہ اور دیگر کسی قسم کی قرآت کے قائل نہیں ہیں) نماز جیسی اہم اور بنیادی عبادت سے سبکدوش ہو سکتے ہیں یا نہیں؟ یا ان کی نماز بھی ناقص کالعدم بیکار اور محض باطل ہے؟ ان میں سے ایک ایک دعوٰے کا براہین کے ساتھ اثبات کیا جا چکا ہے اور فریق ثانی کے جملہ بے بنیاد دعاوی کا دلائل سے بطلان ثابت کیا گیا ہے، جیسا کہ آپ دیکھ چکے ہیں۔ الغرض حضرت ابو موسیٰ الاشعریؓ، حضرت ابو ہریرہؓ، حضرت انس رضؓ بن مالک، حضرت عبداللہؓ بن بحینہؓ، حضرت عبداللہؓ بن مسعود، حضرت ابو بکرۃؓ، حضرت ابن عباسؓ، حضرت عائشہؓ

حضرت جابرؓ بن عبداللہؓ، حضرت عبداللہؓ بن شدادؓ، حضرت نواسؓ بن سمعانؓ، حضرت عبداللہؓ بن عمروؓ، حضرت بلالؓ اور حضرت ابوالدرداءؓ کی اکثر روایتیں صحیح اور مرفوع ہیں اور حضرت ابوموسٰی الاشعریؓ کی حدیث کے علاوہ حضرت ابوہریرہؓ اور حضرت جابرؓ اور حضرت ابن عباسؓ کی مرفوع روایتوں میں سورۃ فاتحہ کا خاص لفظ موجود ہے جیسا کہ آپ ملاحظہ فرما چکے ہیں۔ اور آپ یہ بھی ملاحظہ فرما چکے ہیں کہ فریق ثانی کے نزدیک بھی پیش کردہ احادیث کے تقریباً جملہ رواۃ کی ثقاہت، عدالت، امامت اور اتقان مسلّم ہے، محض کسی کے تفرد پر گرفت کی گئی ہے تو کسی کی تدلیس پر کسی کی تخلیط پر اور کسی کے تغیر یسیر پر اور کہیں مرفوع اور موصول روایت کو اصول شکنی کرتے ہوئے موقوف اور مرسل قرار دیا گیا ہے اور کہیں راوی حدیث کی مرضی کے خلاف بلکہ خود مرفوع حدیث کے خلاف حدیث کا مطلب لیا گیا ہے اور ان تمام خلاف قاعدہ باتوں کے علاوہ محض اپنی مرضی سے مطلق قرآت کو مقید کرنے کی ناکام سعی کی گئی ہے اور ایسی ایسی کمزور اور رکیک و ضعیف اور بعید از قیاس و انصاف تاویلات اور توجیہات اختیار کی گئی ہیں کہ فن اصول حدیث بھی ان سے نالاں ہے۔ اور حافظ ابن حجرؒ کے اس دعوے کی حقیقت بھی آپ دیکھ چکے ہیں کہ من کان لہٗ ...... الخ کے تمام طرق معلول ہیں۔

قارئین کرام! ذرا ان راویوں کا ان راویوں سے تقابل کر لینا جن کی روایتوں سے فریق ثانی نے استدلال کیا ہے کیونکہ ــــ ع : وبضدھا تتبین الاشیاء

ہم دوسرے باب کو یہاں ختم کرتے ہیں اور تیسرا باب شروع کرتے ہیں۔ واللہ المستعان وھو نعم المعین۔

اہلِ اسلام سے یہ بات مخفی نہیں ہے کہ قرآن کریم اور حدیث شریف کے بعد دینی مسائل میں جن حضرات کی طرف نگاہیں اُٹھ سکتی ہیں۔ وہ شمع نبوت کے پروانے اور فیض رسالت سے مستفید حضرات صحابہ کرامؓ کی مخلص جماعت ہی ہو سکتی ہے اور ان کے بعد حضرات تابعینؒ کا دور ہے کیونکہ یہی وہ حضرات ہیں جو خیر القرون کے درخشندہ ستارے تھے، جن کی سعی بلیغ کی بدولت دنیا کے کفر و شرک میں روشنی پھیلی، بدعات و رسوم کا خاتمہ ہوا۔ جہالت و تاریکی دنیا سے مٹی اور علم و عرفان کی بارش سے دلوں کی دنیا میں ایمان و بصیرت کی شادابی پیدا ہوئی۔ نیز یہ بات بھی مخفی نہیں کہ حضرات صحابہ کرامؓ شرف صحبت کی برکت سے سب کے سب عادل، ثقہ، متقی، خدا پرست اور پاکباز تھے۔ لیکن فہم قرآن اور تدبر حدیث میں سب برابر نہ تھے۔ اس لحاظ سے ان کے آپس میں مختلف درجات اور متفاوت مراتب تھے۔ چنانچہ امام مسروقؒ (المتوفی ۶۳ھ جواد ماجد الفقیہ اور احد از اعلام تھے تذکرہ جلد ۱ صفحہ ۲۶) فرماتے ہیں کہ میں نے حضرات صحابہ کرامؓ سے فیض صحبت اٹھایا تو میں نے دیکھا کہ ان سب کا علم چھ بزرگوں کی طرف لوٹتا ہے، حضرت عمرؓ، حضرت علیؓ، حضرت عبد اللہؓ بن مسعود، حضرت معاذؓ بن جبل، حضرت ابو الدرداءؓ اور حضرت زیدؓ بن ثابت، پھر میں نے ان چھ بزرگوں سے شرف صحبت حاصل کیا تو دیکھا کہ ان سب کا علم

حضرت علیؓ اور حضرت عبداللہؓ بن مسعود پر ختم ہو گیا ہے (طبقات ابن سعد جلد ۲ صـ۲۵، تذکرۃ الحفاظ جلد ۱ ص ۲۴ و مقدمہ ابن الصلاح ص ۲۶۲ مع شرح العراقیؒ) امام حاکمؒ نے بھی امام مسروقؒ سے یہ روایت نقل کی ہے، اس میں انھوں نے حضرت علیؓ، حضرت ابن مسعودؓ اور حضرت ابیؓ بن کعب، حضرت معاذؓ بن جبل، حضرت زیدؓ بن ثابت، حضرت ابوالدرداءؓ، اور حضرت ابوموسٰی الاشعریؓ کا نام لیا ہے (مستدرک جلد ۳ صـ۴۶۵ سکت عنہ الحاکمؒ والذہبیؒ) امام شعبیؒ (المتوفی ۱۰۳ھ) جو امام حافظ، فقیہ، متقن اور علامۃ التابعین تھے۔ تذکرہ جلد ۱ صـ۷۶) کا بیان ہے کہ جناب رسول خدا صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کے حضرات صحابہؓ میں دینی مسائل میں فیصلہ کرنیوالے چھ حضرات تھے۔ تین مدینہ طیبہ میں اور ان کے نام یہ ہیں: حضرت عمرؓ، حضرت ابیؓ بن کعب اور حضرت زیدؓ بن ثابت اور تین کوفہ میں، ان کے اسماء یہ ہیں: حضرت علیؓ، حضرت ابن مسعودؓ اور حضرت ابوموسٰی الاشعریؓ (مستدرک جلد ۳ ص ۴۶۵ وسکتا عنہ)

مولانا مبارک پوری صاحبؒ لکھتے ہیں کہ دینی مسائل کی ترویج اور اشاعت کے لحاظ سے صحابہ کرامؓ کے تین طبقات تھے، پہلا طبقہ وہ ہے جس سے مسائل تو رائج ہوئے ہیں مگر کم۔ اور دوسرا طبقہ متوسط رہا ہے اور تیسرا طبقہ وہ ہے جن سے دین کی بہت زیادہ اشاعت اور ترویج ہوئی ہے۔ ان میں حضرت عمرؓ، حضرت علیؓ، حضرت ابن مسعودؓ، حضرت عائشہؓ، حضرت زیدؓ بن ثابت، حضرت ابن عباسؓ اور حضرت ابن عمرؓ خاص طور پر قابل ذکر ہیں۔ (تحفۃ الاحوذی جلد ۱ ص ۱۱) نواب صدیق حسن خاں صاحبؒ لکھتے ہیں کہ جن حضرات صحابہ کرامؓ سے دین، علم اور فقہ کی اشاعت ہوئی ہے ان میں حضرت ابن مسعودؓ، حضرت زیدؓ بن ثابت، حضرت ابن عباسؓ اور حضرت ابن عمرؓ پیش پیش تھے۔ (الجنۃ فی الاسوۃ الحسنۃ بالسنۃ صـ۵)۔

الحمد للہ تعالیٰ کہ ان حضرات میں بیشتر وہ ہیں جو امام کے پیچھے قرأت کے قائل نہ تھے۔

وفاؤں کے ہزاروں دے چکے ہیں امتحاں اب تک
مگر وہ ہیں کہ اس پر بھی ہیں ہم سے بدگماں اب تک

حضرت ابوموسٰی الاشعریؓ وغیرہ کی صحیح اور مرفوع حدیثیں عرض کی جا چکی ہیں، اسی طرح

حضرت ابوالدرداءؓ کی صحیح اور مرفوع روایت بھی پیش کی جاچکی ہے اور اس کے موقوف تسلیم کرنے میں تو فریق ثانی کو بھی کسی طرح کا کوئی تامل نہیں ہے۔ مؤلف خیر الکلام کا صـ۵۲۵ میں یہ کہنا کہ یہ ان کا اپنا خیال تھا اور رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کے قول کے مقابلہ میں خیال پر اڑے رہنا ٹھیک نہیں ہوتا، اس لیے انھوں نے اس پہلے قول سے رجوع کیا۔ بالکل ایک بے بنیاد دعوٰے ہے۔ کسی صحیح روایت سے ان کا رجوع ثابت نہیں۔ لفظوں کے ہوائی قلعہ سے کچھ نہیں بنتا اور اس کے خلاف جو روایت ان سے آتی ہے اس کا ذکر جلد دوم میں آئے گا۔ انشاءاللہ العزیز۔ اب اس کے بعد بعض حضرات صحابہ کرام رضا اور تابعین رہ و اتباع تابعینؒ کی بعض روایتیں اور آثار سُن لیجئے:

اثر حضرت عبداللہؓ بن عمرؓ (المتوفی ۷۴ھ) امام مالکؒ نافعؒ سے روایت کرتے ہیں۔ وہ فرماتے ہیں:

ان عبد اللّٰہؓ بن عمرؓ کان اذا سئل ھل یقرأ احد خلف الامام قال اذا صلّی احدکم خلف الامام فحسبه قرأة الامام واذا صلّی وحده فلیقرأ وکان ابن عمرؓ لا یقرأ خلف الامام۔	کہ حضرت عبداللہؓ بن عمرؓ سے جب یہ سوال کیا جاتا تھا کہ کیا امام کے پیچھے کوئی نمازی قرأت کرسکتا ہے؟ تو وہ اس کے جواب میں ارشاد فرمایا کرتے تھے کہ جب کوئی آدمی امام کی اقتدار کرچکے تو اس کو امام کی قرأت ہی کافی ہے اور جب کوئی اکیلا نماز پڑھے تو اس کو قرأت کرنی چاہئے اور ابن عمرؓ امام کے پیچھے قرأت نہیں کیا کرتے تھے
(موطا امام مالکؒ صـ۲۹ و دارقطنی جلد۱ صـ۱۵۱ وغیرہ)	

امام مالکؒ کا ترجمہ مقدمہ میں نقل کیا جاچکا ہے۔ نافعؒ الامام اور العلم تھے۔ (تذکرہ جلد۱ صـ۹۲) امام بخاریؒ کا بیان ہے کہ اصح الاسانید یہ ہے مالکؒ عن نافعؒ ابن عمرؓ (ایضاً) اس سے زیادہ قوی سند فن حدیث میں تقریباً محال ہے، حضرت عبداللہؓ بن عمرؓ جلیل القدر صحابی تھے۔ علامہ ذہبیؒ لکھتے ہیں کہ وہ الفقیہ اور احد الاعلام فی العلم والعمل تھے۔ وہ اپنی علمی اور عملی قابلیت کی بنا پر خلافت اور حکومت کے

مستحق تھے۔ (ایضاً جلد ۱ ص۳۵) بہر حال یہ روایت صحیح ہے اور قاسمؒ بن محمدؒ فرماتے ہیں کہ

کان ابن عمرؓ لا یقرأ خلف الامام جہر — عبد اللہؓ بن عمرؓ امام کے پیچھے قرأت نہیں کیا کرتے

اولم یجہر۔ (کتاب القرأۃ ص ۱۳۹) — تھے۔ امام جہر سے پڑھتا یا آہستہ (وہ خاموش رہتے تھے)

اور میر صاحبؒ کو بھی اقرار ہے کہ موطا کی مسند روایت صحیح ہوتی ہے۔ مؤلف خیر الکلام

ص۵۲ میں لکھتے ہیں کہ یہ اثر صحیح ہے۔

اعتراض: مبارکپوری صاحبؒ سے جب اس کی سند پر کلام کرنے کی جرأت بھی نہ ہو سکی

اور چونکہ حضرت ابن عمرؓ حدیث رفع یدین کے راوی تھے۔ اس لیے اس روایت کو اپنے حال پر

چھوڑ کر آگے نکلنا بھی گوارا نہ ہو سکا۔ تو زمین و آسمان کے قلابے ملانے کی ٹھان لی۔ چنانچہ لکھتے

ہیں کہ حضرت ابن عمرؓ کے اس اثر کا حضرت عمرؓ کے اثر سے (جو دارقطنی جلد ۱ ص۱۲۱ وغیرہ میں ہے)

تعارض ہے کہ انھوں نے امام کے پیچھے قرأت کرنے کی اجازت دی تھی اور چونکہ حضرت عمرؓ

اپنے بیٹے ابن عمرؓ سے سنت کے زیادہ بڑے عالم تھے (کاش کہ مبارکپوری صاحبؒ اپنے اس خود ساختہ

قاعدہ پر ہی قائم رہتے تو بھی ایک بات تھی۔ صفدر) اس لیے حضرت عمرؓ کے اثر کو ابن عمرؓ کے اثر

پر ترجیح ہوگی۔ (ابکار المنن ص۱۹۵)

جواب: اگر تعارض کا یہی مفہوم ہے تو کہا جا سکتا ہے کہ حضرت عمرؓ سے لاکھوں بلکہ

کروڑوں درجے آں حضرت صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم سنت کے زیادہ عالم تھے۔ اس لئے جب

آپ نے امام کے پیچھے قرأت سے منع کیا ہے، تو حضرت عمرؓ کے اثر پر آپ کے ارشاد

کو بہر حال ترجیح ہوگی، حضرت عمرؓ کا ایک اثر عنقریب ترک قرأت خلف الامام پر ذکر ہوگا

اور جس اثر کا مبارکپوری صاحبؒ نے حوالہ دیا ہے تو اس کی حقیقت بھی اپنے مقام پر

واضح ہوگی۔ تعجب ہے کہ مبارکپوری صاحبؒ کا وجود بھی اجتماع نقیضین سے کسی طرح

کم نہیں تھا۔ یہاں تو یہ لکھ کر وقت پاس کرنے کی ناکام کوشش کی ہے۔ اور دوسرے

مقام پر لکھتے ہیں کہ حضرت عمرؓ کا اپنے بیٹے ابن عمرؓ سے مجرد اعلم بالسنۃ ہونا اس کا مقتضی

نہیں کہ حضرت عمرؓ کے اثر کو ابن عمرؓ کے اثر پر ترجیح دی جا سکے۔ (ابکار المنن ص۲۲۱)

شاید مولانا مبارکپوری صاحبؒ کو جلدی سے پینترا بدلنے کا خاص لطف محسوس ہوتا

ہوگا۔ اور وہ ایسی رکیک اور بعید از قیاس توجیہ کر کے دل میں خوشی مناتے ہوں گے کہ

ع : کہ مقابلہ تو دلِ ناتواں نے خوب کیا

مؤلف خیر الکلام نے اس صحیح اثر کا تقابل ان آثار سے کیا ہے جو کتاب القراۃ ص۱۴۲ اور ص۴۵ میں حضرت ابن عمرؓ سے اس کے خلاف آئے ہیں اور مؤلف مذکور لکھتے ہیں کہ یہ اثر بھی صحیح ہے اس پر مفصل بحث گذر چکی ہے (ص۵۲) اور یہ بحث انھوں نے ص۴۲۲ میں کی ہے۔ کہتے ہیں کہ ان آثار میں سے ایک اثر کی سند میں ابوجعفرؒ رازی عیسیٰ بن ماہان ہیں جو متکلم فیہ ہے مگر حافظ ابن حجرؒ نے لکھا ہے صدوق ہے اور ایک کا راوی یحییٰ بکاءؒ ہے وہ ضعیف ہے مگر ابن سعدؒ نے کہا ہے انشاء اللہ ثقہ ہے۔ الخ

الجواب: جب ہمارا پیش کردہ اثر آپ کے اقرار سے بھی صحیح ہے تو اس کے مقابلہ میں ضعیف راویوں کی روایتیں لے کر تنکوں کا پل بنانا کہاں کا انصاف ہے؟ بس صحیح لے لیں اور ضعیف کو چھوڑ دیں یہ دونوں راوی نرے متکلم فیہ نہیں بلکہ بہت زیادہ کمزور ہیں پھر کس قدر افسوس ہے کہ آپ ان کے اثر کو بھی صحیح کہہ رہے ہیں پھر صراحت و ابہام وغیرہ کی وجہ سے ترجیح دینا نری شعبدہ بازی ہے۔ صحیح اثر اور ضعیف کا کیا تقابل؟

اثر حضرت جابر بن عبداللہؓ (المتوفی ۷۸ھ) ان کا اثر بسند صحیح حدیث نمبر ۸ کے ذیل میں نقل کیا جا چکا ہے کہ وہ امام کے پیچھے سورۂ فاتحہ کی قرأت کے قائل نہ تھے۔ مؤلف خیر الکلام لکھتے ہیں کہ یہ اثر صحیح ہے (ص۵۱۹) مؤلف خیر الکلام لکھتے ہیں کہ حضرت جابرؓ صرف رکوع والی رکعت کو بدون فاتحہ صحیح سمجھتے تھے اور یہ روایت اسی پر محمول ہے اور اصول فقہ حنفیہ کی رُو سے مستثنیٰ میں کوئی حکم ثابت نہیں ہوتا لہٰذا مقتدی کے لیے اس سے وہ کوئی حکم ثابت نہیں کر سکتے (محصلہ ص۵۲۱)

الجواب: حرف مَنْ مؤلف مذکور کے نزدیک ویسے عام ہے اور ہمارے نزدیک بھی یہاں شرطیہ ہونے کی وجہ سے عام ہے اور رکعۃً نکرہ ہے اور ساتھ موصوفہ اور خود مؤلف مذکور کے نزدیک نکرہ موصوفہ عام ہوتا ہے۔ (ملاحظہ ہو ص۸۳) پھر اس تخصیص کو کون مانتا ہے؟ غرضیکہ حضرت جابرؓ ہر رکعت میں اور ہر ایسے نمازی کے لیے جو مقتدی ہو یہ حکم بیان

فرماتے ہیں اور مؤلف مذکور کا یہ لکھنا کہ اصول فقہ حنفیہ میں مستثنیٰ میں کوئی حکم نہیں ہوتا بالکل بے خبری پر مبنی ہے کیونکہ یہ بعض اصولیوں کا مسلک ہے۔ توضیح صد ۲۹۵ سے صد ۲۹۵ تک اس پر مبسوط بحث موجود ہے کہ استثناء میں حکم نفی سے اثبات اور اثبات سے نفی ہوتا ہے لہٰذا یہاں مقتدی کے لیے نفی فاتحہ کا حکم بطریق منطوق ثابت ہے جیسے کلمۂ توحید میں الا اللہ ثابت ہے۔ مبارکپوری صاحبؒ نے یزید فقیرؒ کے اثر سے اس کا معارضہ کیا ہے مگر اس کی پوری تفصیل اپنے مقام پر آئے گی۔ انشاء اللہ العزیز۔ علامہ ذہبیؒ لکھتے ہیں کہ حضرت جابرؓ بلند پایہ فقیہ اور مدینہ طیبہ کے مفتی تھے۔ اور آنحضرت صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم سے انھوں نے بہت سے مفید علوم حاصل کیے تھے۔ (تذکرہ ۱ صفحہ ۴) اگر سورۂ فاتحہ کے بغیر مقتدیوں کی نماز نہیں ہوتی، تو حضرت جابرؓ کو مرکز توحید و سنت کا مفتی کیسے انتخاب کر لیا گیا تھا، جو اس کے مخالف اور منکر تھے۔

اثر حضرت زیدؓ بن ثابت (المتوفی ۴۵ھ) امام نسائیؒ فرماتے ہیں کہ ہم سے علیؒ[1] بن حجرؒ نے بیان کیا۔ وہ کہتے ہیں کہ ہم سے اسمٰعیلؒ[2] بن جعفرؒ نے بیان کیا۔ وہ یزیدؒ[3] بن خصیفہؒ سے اور وہ یزیدؒ[4] بن عبداللہؒ بن قسیطؒ سے اور وہ عطاءؒ[5] بن یسارؒ سے روایت کرتے ہیں۔ وہ فرماتے ہیں کہ میں نے حضرت زیدؓ بن ثابت سے دریافت کیا؟ کیا امام کے ساتھ قرأت کی جا سکتی ہے؟

---

[1] علامہ ذہبیؒ ان کو الحافظ الکبیر اور نسائیؒ ثقہ و مامون اور حافظ اور خطیبؒ ان کو صادق متقن اور حافظ کہتے ہیں۔ (تذکرہ جلد ۲ صد ۳۳)

[2] علامہ ذہبیؒ ان کو الامام، العالم اور الثقہ لکھتے ہیں۔ (ایضاً جلد ۱ صد ۲۳۱)

[3] امام احمدؒ، ابو حاتمؒ اور نسائیؒ ان کو ثقہ، ابن معینؒ ان کو ثقہ و حجت۔ ابن سعدؒ ان کو ثبت اور کثیر الحدیث اور حافظ ابن حجرؒ ان کو ثقہ اور مامون کہتے ہیں۔ (تہذیب التہذیب جلد ۱۱ صفحہ ۳۴۰)

[4] ابن معینؒ ان کو لا بأس بہ، نسائیؒ ان کو ثقہ، ابن عدیؒ ان کو مشہور، ابراہیمؒ بن سعدؒ ان کو فقیہ اور ثقہ اور کثیر الحدیث اور ابن عبدالبرؒ ان کو ثقۃ من الثقات کہتے ہیں۔ (ایضاً صد ۳۴۲)

[5] علامہ ذہبیؒ ان کو ابو محمد الہلالی اور الفقیہ کہتے ہیں اور فرماتے ہیں کہ وہ ثقہ اور جلیل اور علم کا ظرف تھے۔ (تذکرہ جلد ۱ صفحہ ۸۰)

قال لا قرأۃ مع الامام فی شیئٍ۔ — انھوں نے جواب ارشاد فرمایا کہ امام کے ساتھ کسی
(نسائی جلد ۱ ص۱۱۱ مسلم جلد ۱ ص۲۱۵، ابو عوانہ — نماز میں کوئی قرأت نہیں کی جا سکتی۔
جلد ۲ ص۱۸۱، طحاوی ا ص۱۲۲)

حضرت زید رضی اللہ عنہ بن ثابت کا یہ بسند صحیح اثر اس امر کی واضح دلیل ہے کہ امام کے ساتھ مقتدی کو کسی نماز میں کسی قسم کی قرأت کرنے کا حق نہیں ہے اور ان ایک روایت یوں ہے: من قرأ خلف الامام فلا صلوٰۃ لہ (موطا امام محمد ص۱۰۰ و کتاب القرأۃ ص۱۳۷) کہ جس نے امام کے پیچھے قرأۃ کی تو اس کی نماز نہیں ہوتی۔ امام طحاوی رحمہ اللہ فرماتے ہیں کہ ہم سے یونس بن رح عبد الاعلیٰ رح نے بیان کیا وہ کہتے ہیں کہ ہم سے عبد اللہ بن وہب نے بیان کیا وہ حیوۃ بن شریح سے اور وہ بکر بن عمرو سے اور وہ عبید اللہ بن مقسم رح سے روایت کرتے ہیں۔ وہ فرماتے ہیں کہ میں نے قرأت خلف الامام کے بارے میں:

انہ سال عبد اللہ رض بن عمر رض و زید رض بن ثابت وجابر رض بن عبد اللہ رض فقالوا لا تقرؤا خلف الامام فی شیئٍ من الصلوٰۃ۔ (طحاوی جلد ا ص۱۲۹ وزیلعی جلد ۲ ص۱۲ واسنادہ صحیح) — حضرت عبد اللہ بن عمر رض، حضرت زید رض بن ثابت اور حضرت جابر رض سے سوال کیا۔ ان سب نے فرمایا کہ امام کے پیچھے تمام نمازوں میں کوئی قرأت نہ کرو۔

نواب صدیق حسن خان صاحب لکھتے ہیں کہ وزید رض بن ثابت گفتہ لا قرأۃ مع الامام فی شیئٍ رواہ مسلم وعن جابر رض بمعناہ وھو قول علی رض وابن مسعود رض وکثیر من الصحابۃ (ھدایۃ السائل ص۱۹۳) اور امام بخاری رح فرماتے ہیں کہ حضرت ابن مسعود رض، حضرت زید رض بن ثابت اور حضرت ابن عمر رض امام کے پیچھے قرأت کے قائل نہ تھے۔ (جزء القرأۃ ص۳) علامہ ذہبی رح لکھتے ہیں کہ حضرت زید رض بن ثابت کاتب وحی تھے۔ اور قرآن کریم کے جمع

لہ امام طحاوی رح کا ذکر آگے آئے گا، ابن وہب کا ترجمہ حدیث نمبر ۱ میں گذر چکا ہے۔ یونس بن عبد الاعلیٰ رح کو امام ابو حاتم رح اور نسائی رح ثقہ کہتے ہیں۔ علی بن الحسن رح اور مسلمہ رح بن قاسم رح ان کو حافظ حدیث کہتے ہیں۔ ابن حبان رح ثقات میں لکھتے ہیں (تہذیب التہذیب جلد ۱۱ ص۴۴۰) حیوۃ بن شریح رح الامام القدوۃ شیخ دیار المصریۃ اور کبیر الشان تھے (تذکرہ جلد ۱ ص۱۷۱) بکر بن عمرو رح کو ابو حاتم رح شیخ اور ابن یونس رح صاحب عبادت (باقی اگلے صفحہ پر دیکھئے)

کرنے کی خدمت ان کے سپرد کی گئی تھی، حضرت عمرؓ جب حج وغیرہ کے لیے تشریف لے جاتے تو ان کو اپنا نائب اور خلیفہ مقرر کر کے جاتے تھے۔ (تذکرہ جلد ۱ صفحہ ۲۹) اور نواب صاحبؒ کے بیان سے معلوم ہوا کہ امام کے پیچھے ترکِ قرآت بعض یا چند حضرات صحابہ کرام رضا کا عمل اور فتویٰ نہ تھا بلکہ اس مسلک پر حضرات صحابہ کرام رض کی بھاری اکثریت تھی۔ وکثیر من الصحابۃ۔

اعتراض: امام بیہقی رح، امام نووی رح اور مبارکپوری صاحبؒ وغیرہ نے اس اثر کی یہ تاویل کی ہے کہ اس اثر میں قرآت سے مراد ما زاد علی الفاتحۃ کی قرآت ہے یا قرآت سے جہر مراد ہے (بیہقی جلد ۲ صفحہ ۱۶۳، شرح مسلم جلد ۱ صفحہ ۲۱۵ وابکار المنن صفحہ ۱۹۶)

جواب: یہ تاویل قطعاً باطل ہے کیونکہ اگر قرآن کریم اور کسی صحیح حدیث سے امام کے پیچھے قرآت کرنے کی اجازت ثابت ہوتی تو تطبیق کے لیے یہ تاویل اختیار کی جاسکتی تھی۔ حالانکہ قرآن کریم اور صحیح و مرفوع حدیثوں سے یہ ثابت کیا جا چکا ہے کہ امام کے پیچھے عام قرآت تو کیا جائز ہوتی سورۃ فاتحہ اور ام القرآن پڑھنے کی بھی اجازت نہیں ہے، باقی حضرت عبادہ رضا بن الصامت وغیرہ کی روایتوں کا ذکر بسط اور تفصیل کے ساتھ اپنے مقام پر آئے گا۔ کہ خلف الامام کی قید کے ساتھ کوئی روایت صحیح نہیں ہے۔ اور جو حدیثیں صحیح ہیں۔ وہ صرف امام اور منفرد کے حق میں ہیں، فریق ثانی کی یہ ستم ظریفی بھی قابلِ داد ہے کہ ایک طرف تو لا صلوٰۃ الخ کی روایتوں میں نکرہ پر لائے نفی جنس کو داخل سمجھ کر کے اتنی تعمیم مراد لی جاتی ہے کہ اس کے مقابلہ میں دنیا کے اسلامی کتب خانوں کی کسی کتاب سے کوئی دلیل نہیں پیش کی جاسکتی اور دوسری طرف لا قرأۃ مع الامام فی شیئ اور لا یقرأ خلف الامام فی شیئ من الصلوٰۃ کو ایسا مقید کیا جاتا ہے کہ باوجودیکہ سورۃ فاتحہ ام القرآن اور قرآن عظیم ہے، مگر اس کی قرآت پر نہ تو لا نفی جنس اثر انداز ہو سکتا ہے۔ اور نہ لفظ شیئ اور یہ عجیب تر بات ہے کہ لا صلوٰۃ الخ میں نفی کمال تو مراد نہیں لی جاسکتی مگر یہاں لا قرأۃ مع الامام فی شیئ میں نفس قرآت سے جہر مراد ہو سکتی ہے۔ سُبحان اللہ تعالیٰ! اور ان تینوں حضرات رضا سے بیک وقت سوال ہوتا ہے اور وہ اس کی اجازت نہیں

(بقیہ پچھلا صفحہ) وفضیلت اور دارقطنی رح معتبر کہتے ہیں اور ابن حبانؒ ثقات میں لکھتے ہیں اور یہ صحاح ستہ کے رجال میں ہیں۔ (تہذیب التہذیب جلد ۱ صفحہ ۴۸۶) اور عبید اللہؒ بن مقسم ثقہ اور ثبت تھے (تقریب صفحہ ۲۵۲)

دیتے کہ امام کے پیچھے کسی قسم کی کوئی قرأت کی جا سکے۔ اور ان میں حضرت جابرؓ بھی ہیں، جو بہانگ دُہل قرأت سے ام القرآن کی قرأت مراد لیتے ہیں، بہرحال ان حضرات کی یہ تاویل قواعد اور اصول کے نیز صحیح احادیث کے خلاف ہوتے ہوئے۔ بعید از انصاف ہے، جو کسی طرح توجہ کی مستحق نہیں ہے اور صحیح اور مرفوع حدیثوں اور خود حضرت جابرؓ کے قول صریح کے مقابلہ میں یہ تاویل اس کی زیادہ مستحق ہے کہ ـــ ؎

اُٹھا کر پھینک دو باہر گلی میں

اثر حضرت عبداللہؓ بن مسعود: امام ابوبکرؒ بن ابی شیبہؒ فرماتے ہیں کہ ہم سے ابوالاحوصؒ[1] نے بیان کیا۔ وہ منصورؒ سے اور وہ ابو وائلؒ سے روایت کرتے ہیں۔ وہ فرماتے ہیں کہ ایک شخص نے حضرت عبداللہؓ بن مسعود سے دریافت کیا:

اقرأ خلف الامام فقال ان فی الصلوٰۃ شغلا وسیکفیك قرأۃ الامام (الجوھر النقی جلد ۱ ص ۱۷۰)	کیا میں امام کے پیچھے قرأت کر سکتا ہوں، حضرت عبداللہؓ نے فرمایا کہ نماز میں امام قرأت میں مشغول ہے اور تجھے امام کی قرأت ہی کافی ہو جائے گی۔

اس روایت کے تمام راوی ثقہ ہیں چنانچہ علامہ ہیثمیؒ کہتے ہیں و رجالہ موثقون ـــ (مجمع الزوائد جلد ۲ صفحہ ۱۱۰) کہ اس کے تمام راوی ثقہ ہیں اور مؤلف خیر الکلام صفحہ ۱۵۷ میں لکھتے ہیں کہ صحیح ہے۔ اور کہتے ہیں کہ اثر مطلق ہے، اس میں فاتحہ کا بالخصوص ذکر نہیں... الخ

الجواب: مطلق کی نفی سے مقید کی نفی خود بخود ہو جاتی ہے اور اس کے مقابلہ میں نہ تو ان کا کوئی اثر صحیح ہے اور نہ ام الکتاب کی تصریح ہے پھر کیوں اس صحیح اثر کو رد کیا جاتا ہے؟ اس کے صحیح نہ ہونے کی بحث جلد دوم میں آئے گی۔ انشاء اللہ العزیز۔ علاوہ ازیں اس کو مطلق (کہ فاتحہ کو نہ شامل نہ ہو) کہنا بھی درست نہیں کیونکہ ایک روایت

---

[1] امام ابوبکرؒ بن ابی شیبہؒ کا ترجمہ حدیث نمبر ۱۳ میں اور منصورؒ و ابو وائلؒ کا باب اوّل میں حضرت ابن مسعودؓ کے اثر کے ذیل میں نقل کیا جا چکا ہے۔ ابوالاحوصؒ کا نام سلامؒ بن سلیمؒ تھا۔ علامہ ذہبیؒ ان کو الحافظ اور احد الثقات لکھتے ہیں۔ (تذکرہ جلد ۱ صفحہ ۲۳۰)

میں یوں تصریح آتی ہے جو بطور تائید پیش کی جارہی ہے۔

ان ابن مسعود رضؓ کان لا یقرأ خلف الامام فیما یجھر فیہ وفیما یخافت فیہ فی الاولیین ولا فی الاخریین و اذا صلّٰی وحدہٗ قرأ فی الاولیین بفاتحۃ الکتاب وسورۃ... الخ (موطا امام محمد ص ۹۶)	کہ عبد اللہؓ ابن مسعود امام کے پیچھے نہ جہری نماز میں قرآۃ کرتے تھے اور نہ سرّی نماز میں نہ پہلی دو رکعتوں میں اور نہ پچھلی دو رکعتوں میں اور جب اکیلے نماز پڑھتے تھے تو پہلی دو نوں رکعتوں میں سورۃ فاتحہ بھی پڑھتے اور دیگر کوئی اور سورت بھی۔

ان کی اس مفصل روایت سے معلوم ہوا کہ قرآت میں فاتحہ خصوصیت سے شامل ہے۔

اس کی سند یوں ہے: محمدؒ بن ابانؒ بن صالح القرشیؒ (اس پر محدثین کرام رحؒ نے کلام کیا ہے، مگر مؤلف خیر الکلام وغیرہ کی صریح عبارات عرض کی جاچکی ہیں کہ تائید اور متابعت میں ضعیف حدیث بھی پیش کی جاسکتی ہے۔ لہٰذا اس کو تائید اور متابعت میں پیش کرنے میں کوئی حرج نہیں ہے)

عن حماد رحؒ عن ابراھیم رحؒ عن علقمۃ بن قیس رحؒ ان عبد اللہ بن مسعود رضؓ... الخ

باقی تمام راوی ثقہ ہیں اور علقمہ بن قیسؒ کے اثر میں ان کے تراجم آرہے ہیں۔ امام بیہقیؒ نے حضرت ابن مسعود رضؓ کا ایک اثر یوں نقل کیا ہے

لأن اعضّ علی جمر الغضا احبّ الیّ من ان اقرأ خلف الامام۔ (کتاب القرأۃ ص ۱۱۶)	یعنی یہ کہ میں جنڈ درخت کے جلتے کوئلوں کو منہ میں پکڑوں مجھے اس سے زیادہ پسند ہے کہ امام کے پیچھے قرآت کروں اور پڑھوں ـــ (اور ظاہر ہے کہ قرآت فاتحہ ہی سے شروع ہوتی ہے)

دوسری سند: امام بیہقیؒ فرماتے ہیں کہ ہم سے حافظ ابو عبد اللہ رحؒ اور ابو سعید رحؒ بن ابی عمروؒ نے بیان کیا۔ وہ دونوں فرماتے ہیں کہ ہم سے ابو العباس محمدؒ بن یعقوبؒ نے بیان

---

[1] حافظ ابو عبد اللہ رحؒ اور شعبہ رحؒ کا ترجمہ باب اوّل میں حضرت مجاہد رحؒ کے اثر کے ذیل اور ابن مہدی رحؒ کا سعیدؒ بن المسیبؒ کے اثر کے تحت اور ثوریؒ کا مقدمہ میں گذر چکا ہے۔ ابو العباسؒ کو علامہ ذہبی الامام الثقۃ محدث المشرق لکھتے ہیں (ایضاً ۳ ص ۳۰)

کیا۔ وہ فرماتے ہیں کہ ہم سے ہارونؒ رح بن سلیمان رح نے بیان کیا۔ وہ فرماتے ہیں کہ ہم سے عبدالرحمٰن رح بن مہدیؒ نے بیان کیا وہ سفیان (ثوریؒ) سے اور شعبہ رح سے روایت کرتے ہیں وہ دونوں منصورؒ سے اور وہ ابو وائل رح سے کہ ایک شخص نے حضرت عبداللہ رضہ بن مسعود سے سوال کیا :

عن القراءة خلف الامام فقال انصت للقرآن فان فی الصلوٰۃ شغلاً وسیکفیك ذلك الامام۔
(سنن الکبریٰ جلد ۲ ص۱۶۰)

کہ کیا امام کے پیچھے قرأت کی جا سکتی ہے ؟ حضرت عبداللہ رضہ نے فرمایا کہ قرآن کے لیے خاموش رہو۔ امام نماز کے اندر قرأت میں مشغول ہے۔ اور تجھے امام کی قرأت کافی ہے۔

حضرت ابن مسعود رضہ کے ان صحیح آثار سے معلوم ہوا کہ وہ تمام نمازوں میں امام کے پیچھے قرأت کے قائل نہ تھے، ان کا ترجمہ اور جناب رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وآلہٖ وسلم کا ان پر کلی اعتماد باب اوّل میں وضاحت اور صراحت سے گذر چکا ہے۔

اعتراض: امام بیہقیؒ کہتے ہیں : (۱) حضرت ابن مسعود رضہ نے انصات کا حکم دیا ہے اور انصات جہری نمازوں میں ہو سکتا ہے۔

(۲) علقمہؒ کا بیان ہے کہ میں نے نماز میں حضرت ابن مسعود رضہ کو قُلْ رَّبِّ زِدْنِیْ عِلْمًا پڑھتے سنا۔ اس سے معلوم ہوتا ہے کہ وہ قرأت کے قائل تھے۔

(۳) عبداللہؒ بن زیاد اسدیؒ کا بیان ہے کہ میں نے ظہر اور عصر کی نماز میں ابن مسعود رضہ سے قرأت سنی ہے۔ (سنن الکبریٰ وکتاب القرأۃ)

جواب: امام بیہقی رح کے اعتراض کی جملہ شقیں مردود ہیں علی الترتیب جواب سن لیجئے (۱) حضرت ابن مسعود رضہ تمام سری اور جہری نمازوں میں امام کے پیچھے قرأت کے قائل نہ تھے اور یہ تمام حضرات فقہاءؒ اور محدثین رح کے نزدیک مشہور و معروف ہے۔ (التعلیق الحسن جلد ۱ ص ۸۲) انصات کی پوری تحقیق باب اوّل میں آیت کے ذیل میں عرض کی جا چکی ہے اور فریقِ ثانی کا

۱؎ یہ امام ابوالعباس رح کے جلیل القدر شیخ اور مشہور محدث تھے (دیکھئے تذکرہ جلد ۳ صـ۳۱) علامہ ذہبیؒ ان کی سند کو صحیح سمجھتے ہیں (ایضاً جلد ۱ صـ۳۰۲)

شبہ اور مغالطہ بھی نکال دیا گیا ہے وہاں ہی ملاحظہ کر لیں، اعادہ کی ضرورت نہیں ہے۔

(۲) امام بیہقی رح نے اس قول کی کوئی سند نقل نہیں کی اور خود امام بیہقی رح کا ارشاد ہے، ہمیں اللہ تعالیٰ نے اس بات کا ہرگز مکلف نہیں ٹھہرایا کہ ہم اپنا دین مجہول نامعتبر اور غیر معلوم راویوں سے اخذ کریں۔ (کتاب القرأۃ ص۱۲ طبع دہلی) علاوہ بریں اس روایت میں اس کا کوئی ذکر نہیں کہ ابن مسعود رح نے امام کے پیچھے یہ آیت پڑھی تھی۔ اور اس کا بھی کوئی ذکر نہیں کہ قیام کی حالت میں پڑھی تھی۔ کیوں یہ ممکن نہیں کہ سجدہ یا تشہد وغیرہ میں بطور دعا یہ آیت پڑھی ہو۔ اور مزید برآں اس آیت سے اُم القرآن اور فاتحۃ الکتاب کے خاص لفظ پر استدلال کیسے صحیح ہو سکتا ہے ؟

(۳) عبداللہ رح بن زیاد اسدی رح کی روایت پر روایۃً اور درایۃً کلام اپنے موقع پر عرض کیا جائیگا۔ انشاء اللہ العزیز۔

تیسری سند: حضرت ابن مسعود رض سے تیسری سند کے ساتھ یہ الفاظ مروی ہیں:

قال انصت للقرأۃ فان فی الصلوۃ شغلا و سیکفیک ذالک الامام (طحاوی جلد ۱ ص۱۲۹ مجمع الزوائد جلد ۲ ص۱۱۰، کتاب القرأۃ ص۱۱۱ موطا امام محمد ص۹۹، فتاوی ابن تیمیۃ ۲ ص۱۴۵ و آثار السنن جلد ۱ ص۸۹ وغیرہ۔

فرمایا قرأت کے لیے خاموش رہو کیونکہ نماز میں امام قرأۃ میں مشغول رہتا ہے اور وہی امام تمہارے لیے کافی ہے۔ (تمہیں الگ قرأت کرنے کی ضرورت نہیں ہے۔)

اعتراض: مبارکپوری صاحب رح لکھتے ہیں: (۱) سند میں وہیب رح بن خالد ہے، حافظ ابن حجر رح لکھتے ہیں کہ وہ ثقہ اور ثبت تھا۔ لکنہ تغیر قلیلا بآخرہ (تقریب ص۳۶۸) آخر عمر میں تھوڑا سا تغیر ان کے حافظہ میں آچکا تھا۔

(۲) اس اثر کی سند میں نصر رح بن مرزوق ہے اور مجھے اس کا ترجمہ نہیں مل سکا۔

(۳) اس میں خصیف رح واقع ہے نہ معلوم وہ کون اور کیسا تھا؟ (ابکار المنن ص۱۹۵)

جواب: یہ تمام شقیں باطل ہیں: (۱) ثقہ اور ثبت راوی کا تغیر یسیر اور قلیل مضر نہیں ہے جیسا کہ گذر چکا ہے۔

(۲) خصیبؒ سے خصیبؒ بن ناصح رح مراد ہیں۔ امام ابوزرعہ رح فرماتے ہیں ما بہ بأس ان شاء اللہ اور ابن حبان رح ان کو ثقات میں لکھتے ہیں (تہذیب جلد ۳ صفحہ ۱۴۳)

(۳) نصرؒ بن مرزوق رح کا ترجمہ اگر مبارک پوری صاحبؒ کو نہیں ملا تو کیا حرج ہے ۔ علامہ ہیثمیؒ فرماتے ہیں رجالہ موثقون (مجمع الزوائد جلد ۲ص ۱۸۵) اس کے تمام راوی ثقہ ہیں اور علامہ نیموی رح لکھتے ہیں کہ اس کی سند صحیح ہے (آثار السنن جلد ۲ص ۵۹) اور باقرار مبارکپوری صاحبؒ نہ جاننے والوں پر جاننے والوں کو ترجیح ہوا کرتی ہے۔ قاضی شوکانیؒ لکھتے ہیں ومن علم حجۃ علی من لم یعلم (نیل الاوطار جلد ۱ص ۳۴۲) کہ جاننے والا نہ جاننے والے پر حجت ہے، یعنی جاننے والے کی بات نہ جاننے والے کی بات پر راجح ہوگی۔ حضرت عبداللہؓ بن مسعودؓ کی بعض صحیح روایتیں باب اول میں نقل کی جا چکی ہیں اور متعدد سندیں ان سے اور بھی مروی ہیں۔ مگر ہمارا مقصد تمام روایات و آثار کا استیعاب نہیں صرف اپنے دعوٰی کو روشن کرنا ہے۔

اثر حضرت عبداللہ رضؓ بن عباس رضؓ: امام طحاویؒ[۱] رح فرماتے ہیں کہ ہم سے

[۱] امام طحاویؒ ابوجعفر احمد بن محمدؒ بن سلامہ الحنفیؒ (المتوفی ۳۲۱ھ) علامہ ذہبی رح لکھتے ہیں کہ وہ الامام العلامہ اور الحافظ تھے اور انھوں نے بہترین کتابیں لکھی ہیں، محدث ابن یونسؒ کا بیان ہے کہ وہ ثقہ، ثبت فقیہ اور بڑے عقلمند تھے۔ اور انھوں نے اپنے بعد کوئی اپنا نظیر نہیں چھوڑا۔ (تذکرہ جلد ۳ ص ۲۸) مسلمہؒ بن قاسم رح کا بیان ہے کہ وہ ثقہ جلیل القدر، فقیہ البدن اور علماء کے اختلافات کے جاننے میں بڑی مہارت رکھتے تھے (لسان المیزان جلد ۱ص ۲۷۶) حافظ ابو عمرؒ بن عبد البرؒ کا بیان ہے کہ وہ تمام فقہاء کے مذاہب پر گہری نگاہ رکھنے والے تھے۔ (الجواہر المضیۃ جلد ۱ ص ۱۰۳) امام ابن ندیم رح فرماتے ہیں کہ وکان اوحد اھل زمانہ علمًا و زھدًا (الفہرست لابن ندیمؒ ص ۳۰۰) کہ وہ اپنے زمانہ میں علم و زہد میں یکتا تھے اور حافظ ابن القیمؒ لکھتے ہیں: امام الحنفیۃ فی وقتہ فی الحدیث والفقہ ومعرفۃ اقوال السلف۔ اھ (اجتماع جیوش الاسلامیۃ ص ۹۶) کہ وہ اپنے وقت میں حدیث فقہ اور معرفت اقوال سلفؒ میں احناف کے امام تھے۔

ابراہیم[۱] رح بن ابی داؤدؒ نے بیان کیا وہ کہتے ہیں کہ ہم سے ابو صالح[۲] عبدالغفارؒ بن داؤد الحرانیؒ نے بیان کیا، وہ کہتے ہیں کہ ہم سے حمادؒ[۳] بن سلمہؒ نے بیان کیا۔ وہ ابوجمرہ[۴] رح سے روایت کرتے ہیں کہ میں نے حضرت عبداللہ رضؓ بن عباس رضؓ سے سوال کیا۔

اقرأ والامام بین یدی قال لا۔ یعنی کیا امام کے پیچھے قرأت کرسکتا ہوں ؟ حضرت ابن عباس رضؓ نے ارشاد فرمایا۔ ہرگز نہیں۔

(طحاوی جلد ۱ ص ۱۲۹ والجوھر النقی جلد ۲ ص ۱۷۱ و آثار السنن جلد ۱ ص ۸۹ وغیرہ)

اس صحیح روایت میں سری اور جہری کی کوئی قید موجود نہیں ہے۔ اس لیے یہ تمام نمازوں کو شامل ہے اور یہی حضرت ابن عباس رضؓ کا مسلک تھا۔

اعتراض: مبارک پوری صاحبؒ لکھتے ہیں:

(۱) حمادؒ بن سلمہؒ کا آخر عمر میں حافظہ کچھ خراب ہوگیا تھا۔

(۲) غیر از حضرت ابن عباسؓ سے اجازت قرآت خلف الامام کی روایت نقل کرتے ہیں اور اس کی سند بالکل بے غبار ہے۔ (ابکار المنن ص ۱۹۶)

جواب: یہ اعتراض بھی باطل ہے: (۱) تغیر یسیر کا محقق حکم پہلے لکھا جاچکا ہے اور حمادؒ بن سلمہؒ کا ترجمہ بھی نقل کیا جاچکا ہے کہ امام احمدؒ وغیرہ فرماتے ہیں کہ جو شخص حمادؒ بن

---

[۱] حافظ ابن حجرؒ ان کو من الحفاظ المکثرین لکھتے ہیں (لسان المیزان جلد ۱ ص ۲۵) کہ وہ حفاظ حدیث میں شمار ہوتے ہیں جن سے بکثرت حدیثیں مروی ہیں۔ علامہ یاقوت حموی رح فرماتے ہیں کہ ۲۷۰ھ میں ان کی وفات ہوئی ہے اور وہ ثقہ اور حفاظ حدیث میں تھے۔ محدث ابن یونس رح ان کو ثقہ اور من حفاظ الحدیث کہتے ہیں۔ علامہ سمعانی رح بھی ان کو ثقہ اور من حفاظ الحدیث کہتے ہیں اور امام ابن عساکرؒ بھی ان کو ثقہ من حفاظ الحدیث کی صفت سے یاد کرتے ہیں۔ (امانی الاحبار جلد ۱ ص ۲)

[۲] وہ ثقہ اور فقیہہ تھے۔ (تقریب ص ۲۴۳)

[۳] ان کی توثیق باب اول میں سعید رح بن المسیب رح کے اثر کے تحت نقل ہوچکی ہے۔

[۴] ان کا نام نصر رح بن عمران رح تھا جو ثقہ اور ثبت تھے (تقریب ص ۳۷۳) حضرت ابن عباسؓ جلیل القدر صحابی ہیں۔

سلمہؒ پر اعتراض کرنا چاہتا ہے تو اس کو اس کے اسلام میں متہم سمجھو۔ اصل الفاظ یہ ہیں فاتھمہ علی الاسلام۔ اور نواب صاحبؒ لکھتے ہیں کہ گو کہ حمادؒ بن سلمہؒ امام است تفرد شخص ما و امام کہ در مرویش مانعی از اصول نبود مضر نیست۔ (بدور الاہلہ ص۲۳)

(۲) یہ اپنے مقام پر عرض کیا جائے گا کہ عیزارؒ کی روایت میں کوئی غبار ہے یا نہیں؟

علاوہ بریں حضرت ابن عباسؓ کی بسند صحیح دو روایتیں باب اول میں نقل کی جا چکی ہیں۔

ایک اور روایت: حضرت عکرمہؒ[1] فرماتے ہیں کہ حضرت عبداللہؓ بن عباسؓ سے سوال کیا گیا۔

قیل له ان ناسا یقرؤن فی الظهر والعصر فقال لو کان لی علیهم سبیل لقلعت السنتهم ان رسول الله صلی الله علیه وسلم قرأ فکانت قرأته لنا قراءة وسکوته لنا سکوتا۔ (طحاوی جلد ۱ ص۱۲۱)

کہ کچھ لوگ ظہر اور عصر کی نماز میں قرأت کرتے ہیں کیا یہ درست ہے؟ حضرت ابن عباسؓ نے فرمایا۔ اگر میرا ان پر بس چلتا تو میں ان کی زبانیں کھینچ لیتا۔ کیونکہ آں حضرت صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے قرأت کی ہمیں بھی قرأت کرنی چاہئے اور آپ نے سکوت اختیار کیا ہمیں بھی سکوت کرنا چاہیے۔

اس اثر میں اگرچہ خلف الامام کی قید مذکور نہیں ہے۔ لیکن بادنیٰ تامل یہ بات بخوبی معلوم ہو سکتی ہے کہ امام اور منفرد کو تو بالاتفاق قرأت کرنا ضروری ہے۔ پھر یہ معلوم حضرت ابن عباسؓ جیسے

---

[1] اس اثر کی سند کے راوی یہ ہیں: (۱) امام طحاویؒ (۲) ابن مرزوقؒ ان کا نام ابراہیمؒ بن مرزوقؒ تھا۔ امام نسائیؒ ان کو صالح اور لا بأس بہ کہتے ہیں دارقطنیؒ ان کو ثقہ مخطی کہتے ہیں۔ ابن یونسؒ کہتے ہیں کہ وہ ثقہ اور ثبت تھے۔ ابن ابی حاتمؒ کہتے ہیں کہ وہ ثقہ اور صدوق تھے۔ ابن حبانؒ ان کو ثقات میں لکھتے ہیں اور سعیدؒ بن عثمانؒ کہتے ہیں کہ وہ ثقہ تھے۔ (تہذیب التہذیب جلد ۱ ص۱۶۳ محصلہ)

(۳) وہبؒ بن جریرؒ ثقہ تھے (تقریب ص۳۸۸) (۴) جریرؒ بن حازمؒ ثقہ تھے۔ (ایضاً ص۶۶)

(۵) ابو یزید مدنیؒ، ابو حاتمؒ، امام احمدؒ اور ابو داؤدؒ ان پر اعتماد کرتے تھے، ابن معینؒ ان کو ثقہ کہتے ہیں (تہذیب التہذیب جلد ۱۲ ص۲۷۰) حافظ ابن حجرؒ ان کو مقبول کہتے ہیں (تقریب ص۴۳۲) (۶) عکرمہؒ ثقہ تھے (ایضاً ص۲۹۸) (۷) حضرت عبداللہؓ بن عباسؓ صحابی ہیں۔

ترجمان القرآن اور حبر الامۃ ان لوگوں کی زبانیں کھینچنے کے لیے کیوں آمادہ ہو گئے تھے؟ اگر ان کے بس اور قدرت میں ہوتا تو ضرور اپنا ارادہ پورا کر گذرتے، ناچار یہ تسلیم کرنا پڑے گا کہ یہ لوگ امام کے پیچھے قرآت کرتے تھے اور حضرت ابن عباسؓ نے ان کی اس مذموم حرکت سے انتہائی نفرت کی اور یہ بھی مت بھولئے کہ پڑھنے والے ظہر اور عصر کی نمازیں پڑھتے تھے جو بالاجماع سرّی نمازیں ہیں اور یہ ممکن تھا کہ قرآت مازاد علی الفاتحہ کی قرآت پر حمل کر لیا جاتا، مگر اس کو کیا کیا جائے کہ حضرت ابن عباسؓ امام کے پیچھے مطلقاً قرآت کے قائل نہ تھے، اور گذر چکا ہے کہ حضرت ابن عباسؓ کی مرفوع روایت میں امام کے پیچھے خاص لفظ فاتحۃ الکتاب کے پڑھنے کی ممانعت آئی ہے۔ اور یہ بھی درست نہیں ہو سکتا کہ قرآت کو جہر پر حمل کر لیا جائے، اس لیے کہ قرآت کا تقابل سکوت سے کیا گیا ہے اور سکوت کے معنیٰ آپ پہلے وضاحت کے ساتھ پڑھ چکے ہیں، بہرکیف خود اس اثر کے اندر ایسے قرائن موجود ہیں، جو اس امر کو متعین کر دیتے ہیں کہ یہ بحالتِ اقتدا امام کے پیچھے قرآت کرتے تھے جس پر حضرت ابن عباسؓ طیش میں آ کر یہ ارشاد فرماتے ہیں۔ باقی اثر کے اس حصہ کا مطلب کہ آں حضرت صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے قرآت کی اور ہمارے لیے آپ کی اقتدا ضروری ہے اور آپ نے سکوت بھی کیا۔ اور ہمارے لیے سکوت میں بھی آپ کی پیروی لازمی ہے۔ تو اس کی پوری بحث سکوت کے ذیل میں کی جا چکی ہے کہ آں حضرت صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے بحالتِ امامت قرآت کی اور بحالتِ اقتدا سکوت اختیار کیا۔ یا یہ مطلب ہو کہ آں حضرت صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم ہمارے امام تھے۔ اور آپ کی قرآت ہم سب مقتدیوں کی قرآت تھی۔ اور آپ کا پچھلی دونوں رکعتوں میں سورۃ فاتحہ کے بعد کی قرآت کو ترک کر کے اس سے سکوت اختیار کرنا ہمارے لیے کافی ہوتا تھا تو اس لحاظ سے حدیث من کان لہ امام فقرأۃ الامام لہ قرأۃ کی گویا یہ اثر تفسیر اور تشریح ہو گا۔ اس حصہ کا یہ مطلب ہو یا کوئی اور ہو ہمارا استدلال واضح ہے اور اس پر موقوف نہیں ہے۔ مؤلف خیر الکلام نے ص۱۳۱ میں ہمارے اس مطلب کو "ایک قسم کی تحریف معنوی ہے" سے تعبیر کیا ہے اور دلیل یہ بیان

کی کہ بخاری ۱ صلا کی روایت میں ابن عباسؓ سے آتا ہے قرأ النبی صلی اللہ علیہ وسلم فیما امر وسکت فیما امر... الخ امام بخاریؒ نے اس سے جہر مراد لی ہے اور اس پر باب الجھر بقرأۃ صلوٰۃ الصبح قائم کیا ہے اور پھر ص۳۱۹ اور ص۳۲۰ میں لکھتے ہیں کہ امام اسمٰعیلیؒ اور حافظ ابن حجرؒ یہ مطلب لیتے ہیں کہ ابن عباسؓ کو سری نمازوں میں قرأت کا شک تھا اور بعض روایتوں میں ہے کہ وہ نفی کرتے تھے مگر آخر میں قائل ہو گئے تھے لہٰذا اس سے مراد یا تو جہر ہے یا ان کا پہلا نظریہ ہے اور بعض حنفیہ کا مطلب قطعاً غلط ہے (محصلہ)

الجواب: مگر ہم نے استدلال بخاری کی روایت سے نہیں کیا بلکہ طحاوی کی روایت سے کیا ہے جس کے الفاظ اور ہیں اور اس میں تفصیل ہے اور ظہر اور عصر کی قید موجود ہے وہاں اگر یہ ثابت ہو جائے کہ وہ پہلے قرأت میں شک یا انکار کرتے تھے تو بات قدرے معقول ہے مگر اس کا صحیح ثبوت درکار ہے اور در صورت صحت امام بخاریؒ کی روایت کا یہ مطلب لیا جا سکتا ہے مگر ان سے سری نمازوں میں قرأت اور ترک القرأۃ خلف الامام کی روایتیں بالکل صحیح ہیں اور دوسری روایتیں اس پایہ کی نہیں ہیں اس لیے ان کے آئینہ میں ان صحیح روایات کا مطلب لینا غلط ہے۔

اثر حضرات خلفاء راشدینؓ: امام عبدالرزاق رح فرماتے ہیں کہ ہم سے موسیٰ بن عقبہ[1] نے بیان کیا وہ فرماتے ہیں:

ان ابا بکرؓ وعمرؓ وعثمانؓ کانوا ینھون عن القرأۃ خلف الامام (بحوالہ عمدۃ القاری جلد ۳ ص۶۶ و اعلاء السنن جلد ۴ ص۸۵)

کہ حضرت ابوبکرؓ (المتوفی ۱۳ھ) اور حضرت عمرؓ (المتوفی ۲۳ھ) اور حضرت عثمانؓ (المتوفی ۳۵ھ) امام کے پیچھے قرأت کرنے سے منع کرتے تھے۔

امام عبدالرزاق رح اپنے مصنف میں داؤد بن قیس[2] سے روایت کرتے ہیں اور وہ

---

[1] ثقہ اور حافظ تھے۔ (تقریب ص ۲۴۰)

[2] ثقہ اور فقیہ تھے (تقریب ۳۹۸) ثبت اور کثیر الحدیث تھے (تہذیب التہذیب ج۳ ص۱۹۹) حجت اور صغار تابعینؒ میں تھے (میزان الاعتدال جلد ۳ ص ۲۱۴)

[3] امام شافعیؒ ان کو ثقہ اور حافظ کہتے ہیں امام احمد رح، ابوزرعہ رح، نسائی رح، ابوحاتم رح (باقی اگلے صفحہ پر)

محمدؒ بن عجلانؒ سے روایت کرتے ہیں۔ وہ فرماتے ہیں :

قال علیؓ من قرأ مع الامام فلیس علی الفطرۃ۔	کہ حضرت علیؓ (المتوفی ۴۰ھ) نے فرمایا کہ جس شخص نے امام کے ساتھ قرآت کی تو وہ فطرت پر نہیں ہے۔
(بحوالہ الجوہر النقی جلد ۲ صفحہ ۱۶۹)	

اور دارقطنی جلد ا ص ۱۲۹ کی روایت یوں ہے :

من قرأ خلف الامام فقد اخطأ الفطرۃ۔	کہ جس نے امام کے پیچھے قرآت کی اس نے فطرت کو کھودیا۔

امام محمدؒ فرماتے ہیں کہ ہم سے داؤد بن قیسؒ نے بیان کیا۔ وہ فرماتے ہیں کہ ہم سے محمدؒ بن عجلانؒ نے بیان کیا۔ وہ فرماتے ہیں :

ان عمرؓ بن الخطاب قال لیت فی فم الذی یقرأ خلف الامام حجرًا	کہ حضرت عمرؓ بن الخطاب نے فرمایا۔ کاش جو شخص امام کے پیچھے قرآت کرتا ہے اس کے منہ میں پتھر ڈالے جائیں۔
(موطا امام محمد ص ۹۸)	

اور حافظ ابو عمرؒ بن عبدالبرؒ لکھتے ہیں کہ :

ثبت عن علیؓ وسعدؓ وزیدؓ بن ثابت انہ قال لا قرأۃ مع الامام لا فیما اسر ولا فیما جھر	حضرت علیؓ اور حضرت سعدؓ اور حضرت زیدؓ بن ثابت سے یہ بات ثابت ہو چکی ہے۔ انھوں نے فرمایا کہ امام کے ساتھ نہ سرّی نمازوں میں قرآت کیجا سکتی ہے اور نہ جہری نمازوں میں۔
(بحوالہ الجوہر النقی جلد ۲ ص ۱۶۹)	

حضرت علیؓ سے ایک دوسری روایت یوں مروی ہے، جو صرف متابعت کے طور پر نقل کی جاتی ہے :

من قرأ خلف الامام فلیس علی الفطرۃ۔	کہ جس شخص نے امام کے پیچھے قرآت کی وہ فطرت پر

(بقیہ حاشیہ پچھلا صفحہ) ابن سعدؒ، ابن مدینیؒ اور ساجیؒ سب ان کو ثقہ کہتے ہیں۔ ابن معینؒ ان کو صالح الحدیث کہتے ہیں، ابن حبانؒ ثقات میں لکھتے ہیں۔ (تہذیب التہذیب جلد ۳ ص ۱۹۸)

[۲] ان کا ترجمہ باب دوم حدیث نمبر ۲ میں نقل کیا جا چکا ہے۔

(طحاوی جلد ۱ ص ۱۲۹ و منتخب کنز العمال[۱] ص ۱۸۵) ہیں۔

اور گو موسیٰؒ بن عقبہؒ اور محمدؒ بن عجلانؒ کی روایتیں مرسل ہیں لیکن جمہور ائمہؒ کے نزدیک حدیث مرسل بھی حجت ہے جس کی تحقیق پہلے گذر چکی ہے۔ یہی اعتراض مؤلف خیر الکلام نے ص ۱۴۲ میں کیا ہے کہ یہ دونوں اثر ضعیف ہیں کیونکہ یہ دونوں مذکور راوی صغار تابعینؒ میں ہیں۔ حضرت عمرؓ سے ان کی لقاء ثابت نہیں ہے۔ (محصلہ) ہم بھی ان کو مرسل مانتے ہیں، مگر معتضد ہے جو حجت ہے اور مرسل معتضد کے حجت ہونے میں تو کوئی شبہ نہیں اور یہ ایک دوسرے کے اعتضاد کے لیے کافی ہیں اور دوسری حدیثیں اس پر مستزاد ہیں، حضرت علیؓ کی دوسری روایت میں ابن ابی لیلیٰ رح اور مختار بن ابی لیلیٰ رح کمزور راور ضعیف ہیں۔ اور اسی وجہ سے مبارکپوری صاحبؒ نے اس پر اعتراض کیا ہے (دیکھئے تحقیق الکلام جلد ۲ ص ۲۰۹) مگر ہم نے اس سے استدلال نہیں کیا۔ بلکہ اس کو محض متابعت میں نقل کیا ہے، اور بقول مؤلف خیر الکلام ان میں بعض راوی اگرچہ ضعیف ہیں مگر متابعت میں ذکر کرنے سے کوئی ہرج نہیں ہے۔ ص ۳۴۱) حضرات خلفاء راشدین رضا اور حضرت سعدؓ بن ابی وقاص، ایسے جلیل القدر اور بلند مرتبہ صحابہؓ کی دینی خدمات اور دیگر علمی اور عملی فضائل کا کون انکار کر سکتا ہے؟ ہاں البتہ کوڑ مغز اور خیرہ چشم کی بات ہی الگ ہے۔ یہ وہی اکابر ہیں جن کو دنیا میں حضرت محمد رسول اللہ تعالیٰ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کی زبان فیض ترجمان سے جنتی ہونے کی بشارت اور خوشخبری مل چکی ہے اور اللہ تعالیٰ نے ان کو مومن کا خطاب عنایت فرما کر ابدی رضا کا پروانہ دے دیا ہے۔

حضرت ابوہریرہ رضا (المتوفی ۵۸ھ) اور حضرت عائشہ رضا (المتوفاۃ ۵۷ھ) کا اثر:

امام بیہقی رح فرماتے ہیں کہ ہم سے حافظ ابوعبداللہ رح نے بیان کیا۔ وہ کہتے ہیں کہ مجھ سے ابویحییٰ سمرقندیؒ[۱] رح نے بالمشافہ بیان کیا۔ وہ فرماتے ہیں کہ ہم سے محمد رح بن نصرؒ[۲] نے بیان کیا، وہ فرماتے

---

[۱] ان کا نام محمدؒ بن اسحاق سمرقندیؒ ہے، جلیل القدر محدث اور فقیہ تھے۔ علامہ ذہبیؒ نے (تذکرہ جلد ۲ میں ص ۲۰۱) ان کا نام ذکر کیا ہے

[۲] علامہ ذہبی رح لکھتے ہیں کہ وہ الامام شیخ الاسلام اور الفقیہ تھے۔ (تذکرہ جلد ۲ ص ۲۰۱) حافظ ابن حجرؒ لکھتے ہیں کہ وہ الفقیہ اور الحافظ تھے۔ (تہذیب التہذیب ۹ ص ۴۸۹) ابن حبانؒ ان کو احد الائمۃ فی الدنیا کہتے ہیں

(ازالہ ص ۹۱۴)

ہیں کہ ہم سے محمدؒ بن یحییٰؒ نے بیان کیا۔ وہ کہتے ہیں کہ ہم سے محمدؒ بن یوسفؒ نے بیان کیا وہ فرماتے ہیں کہ ہم سے عاصمؒ نے بیان کیا، وہ ابو صالح ذکوانؒ سے روایت کرتے ہیں اور وہ حضرت عائشہؓ اور حضرت ابو ہریرہؓ سے روایت کرتے ہیں:

انهما كانا يامران بالقراءة وراء الامام اذا لم يجهر۔ (سنن الکبریٰ جلد ۲ ص ۱۷۱)

کہ حضرت عائشہؓ اور حضرت ابو ہریرہؓ دونوں اس بات کا حکم دیتے تھے کہ جب امام جہر سے قرأت نہ کرتا ہو تو اس کے پیچھے قرأت کرنی چاہیے۔

دوسری سند: امام بیہقیؒ فرماتے ہیں کہ ہم سے احمدؒ بن محمدؒ بن الحارثؒ نے بیان کیا وہ فرماتے ہیں کہ ہم سے ابو محمدؒ بن حیانؒ نے بیان کیا۔ وہ کہتے ہیں کہ ہم سے محمدؒ بن عبد اللہؒ بن رستہؒ نے بیان کیا۔ وہ فرماتے ہیں کہ ہم سے شیبانؒ بن فروخؒ نے بیان کیا وہ کہتے ہیں کہ ہم سے

---

۱ علامہ ذہبیؒ ان کو الامام شیخ الاسلام اور حافظ نیشاپور لکھتے ہیں (تذکرہ ۲ ص ۱۸۱) ابو حاتمؒ ان کو امام اہل زمانہ اور ابو بکرؒ بن زیادؒ ان کو امیر المومنین فی الحدیث کہتے ہیں (ایضاً ص ۱۰۱) حافظ ابن حجرؒ ان کو الحافظ لکھتے ہیں۔ (تہذیب التہذیب ۹ ص ۵۱۱)

۲ علامہ ذہبیؒ ان کو الحافظ، العابد اور شیخ الشام لکھتے ہیں، امام بخاریؒ ان کو افضل اہل زمانہ کہتے ہیں۔ (تذکرہ جلد ۱ ص ۳۲۱) امام عجلیؒ اور نسائیؒ ان کو ثقہ کہتے ہیں، ابو حاتمؒ ان کو صدوق اور ثقہ کہتے ہیں۔ (تہذیب التہذیب ۹ ص ۵۳۶)

۳ عاصمؒ بن بہدلہؒ اگرچہ بعض محدثین نے خطاء، اضطراب اور وہم کی وجہ سے ان میں کلام کیا ہے لیکن جمہور ان کو ثقہ کہتے ہیں چنانچہ امام احمدؒ، علامہ ابن سعدؒ، عجلیؒ اور ابو زرعہؒ ان کو ثقہ کہتے ہیں، ابن معینؒ ثقہ اور لا بأس به، نسائیؒ لیس به بأس اور یعقوبؒ بن سفیانؒ ان کو ثقہ کہتے ہیں۔ ابو حاتمؒ ان کو صداقت شعار اور صالح الحدیث کہتے ہیں۔ بزارؒ کا بیان ہے کہ مجھے کوئی ایسا محدث معلوم نہیں جو ان سے روایت نہ کرتا ہو۔ امام یحییٰؒ ان کو امام اعمشؒ کا ہم پایہ کہتے ہیں، ابن حبانؒ اور ابن شاہینؒ ان کو ثقات میں لکھتے ہیں (تہذیب التہذیب جلد ۵ ص ۳۹) علامہ ذہبیؒ ان کو حسن الحدیث لکھتے ہیں (میزان جلد ۲ ص ۵) امام حاکمؒ اور حافظ ابن کثیرؒ عاصمؒ بن بہدلہؒ کی سند کو جید اور قوی کہتے ہیں (ابن کثیر جلد ۴ ص ۵۲۶)

(باقی اگلے صفحہ پر)

عکرمہؒ بن زہیرؒ نے بیان کیا۔ وہ فرماتے ہیں کہ ہم سے عاصمؒ بن بہدلہ نے بیان کیا۔ وہ ابو صالحؒ سے اور وہ حضرت ابو ہریرہؓ اور حضرت عائشہؓ سے روایت کرتے ہیں:

انهما کانا یأمران بالقرأة خلف الامام فی الظهر والعصر فی الرکعتین الاولیین بفاتحة الکتاب وشیٔ من القرآن وکانت عائشةؓ تقرأ فی الاخریین بفاتحة الکتاب۔

(سنن الکبریٰ جلد ۲ ص۱۷۱)

کہ وہ دونوں ظہر اور عصر کی نماز میں امام کے پیچھے قرأت کرنے کا حکم دیتے تھے اور دونوں فرماتے تھے کہ پہلی دونوں رکعتوں میں سورۃ فاتحہ اور اس کے ساتھ کچھ اور بھی پڑھنا چاہیے اور حضرت عائشہؓ ظہر اور عصر کی پچھلی دونوں رکعتوں میں صرف سورۃ فاتحہ پڑھا کرتی تھیں۔

ان روایتوں سے معلوم ہوا کہ حضرت عائشہؓ اور حضرت ابو ہریرہؓ جہری نمازوں میں امام کے پیچھے قرأۃ کے قائل نہ تھے۔ صرف ظہر اور عصر کی سرّی نمازوں میں وہ امام کے پیچھے قرأۃ کے قائل اور اس پر عامل تھے۔ اور وہ دونوں پہلی رکعتوں میں سورۃ فاتحہ کے علاوہ وشیٔ من القرآن کی قرأت کے بھی قائل تھے۔ اور فریق ثانی اس کا قائل نہیں ہے اور اس روایت سے ظاہر ہوتا ہے کہ ظہر اور عصر کی پچھلی دونوں رکعتوں میں امام کے پیچھے حضرت ابو ہریرہ رضؓ قرأت سورۃ فاتحہ کے قائل نہ تھے۔ ہاں حضرت عائشہؓ صدیقہ کا اس پر عمل تھا۔ حضرت عائشہؓ اور حضرت ابو ہریرہ رضؓ کا حضرات صحابہ کرام رضؓ میں اور خاص طور پر فن روایت میں جو مقام اور رتبہ ہے اور دین کی جتنی خدمات ان سے سرانجام ہوتی ہیں وہ کس سے مخفی ہیں؟

مبارکپوری صاحبؒ نے عاصم رحؒ بن بہدلہؒ کی وجہ سے اس روایت پر کلام کیا ہے۔ (دیکھئے تحقیق الکلام جلد ۲ ص۹۵) لیکن مولانا اپنے گریبان میں منہ ڈال کر ان کا موازنہ ذرہ محمدؐ بن

(بقیہ حاشیہ پچھلا صفحہ) علامہ ذہبیؒ عاصمؒ بن بہدلہؒ کی روایت کو صحیح کہتے ہیں۔ (مستدرک جلد ۳ صفحہ ۲۱۶)

لہ امام احمد رحؒ ان کو ثقہ اور علامہ ذہبیؒ ان کو من اجل الناس وا وثقهم لکھتے ہیں (تذکرہ جلد ۱ ص ۸۳) اصول حدیث اور محدثین کی تصریح کے مطابق یہ حدیث حسن جید قوی اور صحیح ہے۔

اسحاق رحؒ وغیرہ سے کر دیکھیں۔ مؤلف خیر الکلام ص ۵۱۸ میں لکھتے ہیں کہ یہ اثر بھی بظاہر صحیح ہے مگر اس میں ممانعت کا ذکر نہیں اور یہ اثر جہری نماز کی نفی میں صریح نہیں۔

الجواب: ممانعت کا نہ سہی جہری نمازوں میں ترکِ قرآت کا ذکر تو ہے اور اذا لم یجھر شرط اور قید ہے اور صراحت کیا ہوتی ہے؟ اور ترکِ قرآت خلف الامام کی وجہ سے بطلانِ نماز کی رٹ تو باطل ہوتی۔

حضرات! قارئین کرام! ابھی حضرات صحابہؓ کرام کے بہت سے آثار پیش کیے[1]

[1] امام ابن قدامہؒ نے کئی سندات کے ساتھ حضرت علیؓ، حضرت ابن عباسؓ، حضرت ابن مسعودؓ، حضرت ابو سعیدؓ، حضرت زیدؓ بن ثابت، حضرت عقبہؓ بن عامر، حضرت جابرؓ، حضرت ابن عمرؓ اور حذیفہؓ کی روایتیں نقل کی ہیں (مغنی ابن قدامہؒ جلد ۱ ص ۵۶۲) اور حافظ ابو عمرؒ بن عبد البرؒ کے حوالے سے حضرت علیؓ، حضرت سعدؓ اور حضرت زیدؓ بن ثابت کے نام نقل کیے جا چکے ہیں۔ اور امام بخاریؒ لکھتے ہیں کہ حضرت ابن مسعودؓ، حضرت زیدؓ بن ثابت اور حضرت ابن عمرؓ امام کے پیچھے قرآۃ کے قائل نہ تھے (جزء القرآۃ ص ۳) اور علامہ عینیؒ نے مانعین قرآت خلف الامام میں حضرت ابوبکرؓ، حضرت عمرؓ، حضرت عثمانؓ، حضرت علیؓ، حضرت عبد الرحمٰنؓ بن عوف، حضرت سعدؓ بن ابی وقاص، حضرت عبد اللہؓ بن مسعود، حضرت زیدؓ بن ثابت اور حضرت ابن عباسؓ کا ذکر بھی کیا ہے اور اس پر ایک روایت بھی وہ نقل کرتے ہیں (عمدۃ القاری جلد ۳ ص ۶۷) نیز علامہ عینیؒ اور ملا علی القاریؒ لکھتے ہیں کہ اسّی حضرات صحابہ کرامؓ سے امام کے پیچھے قرآت کی ممانعت کا ثبوت ملتا ہے۔ (عمدۃ القاری جلد ۳ ص ۶۸ اور شرح نقایہ جلد ۱ ص ۸۳) بلکہ امام شعبیؒ نے تو یہاں تک فرمایا ہے: قال ادرکت سبعین بدریا کلھم یمنعون المقتدی عن القرأۃ خلف الامام (روح المعانی جلد ۹ ص ۱۳۵) کہ میں نے ستّر عدد بدری حضرات صحابہ کرامؓ کو دیکھا ہے کہ وہ سب مقتدی کو امام کے پیچھے قرآت کرنے سے منع کرتے تھے اور صاحب ہدایہ نے جلد ۱ ص ۱ میں تو اجماع صحابہؓ کا دعویٰ کیا ہے، حافظ ابن عبد البرؒ اور شیخ الاسلام ابن تیمیہؒ وغیرہ کی ان عبارتوں کو پیش نظر رکھتے ہوئے جو باب اوّل میں نقل کی جا چکی ہیں (کہ آیت کا شان نزول بالاجماع خلف الامام کا مسئلہ ہے، اور جہری نمازوں میں امام کے پیچھے قرآت کرنا منکر شاذ اور مخالف اجماع ہے) (باقی اگلے صفحہ پر)

جا سکتے ہیں مگر ہمارا مقصد ان کا استیعاب نہیں ہے بلکہ ہم نے عمداً صرف ان حضرات صحابہ کرامؓ کے جن پر زیادہ تر علم حدیث فقہ اور دین موقوف ہے۔ (مثلاً حضرات خلفائے راشدینؓ، حضرت ابن عمرؓ، حضرت جابرؓ، حضرت ابن مسعودؓ، حضرت ابن عباسؓ، حضرت زیدؓ بن ثابت اور حضرت عائشہؓ وغیرہم) صحیح آثار صرف بطور نمونہ عرض کیے ہیں۔ اس سے معلوم ہو جاتا ہے کہ جمہور اہل اسلام کا دامن قرآن کریم صحیح اور مرفوع احادیث کے علاوہ حضرات صحابہ کرامؓ کی کیسی باعظمت چٹانوں سے وابستہ ہے اور آخر میں ہم صرف ایک ہی اثر نقل کر کے حضرات صحابہ کرامؓ کے ان پیش کردہ آثار پر اکتفا کرتے ہیں۔ وفیہا کفایۃ لمن لہٗ ھدایۃ۔

اثر حضرت سعدؓ (المتوفی ۵۵ھ) امام بخاریؒ لکھتے ہیں کہ داؤدؒ بن قیسؒ نے ابن نجادؒ سے روایت کی ہے جو حضرت سعدؓ بن ابی وقاص کی اولاد میں تھے اور وہ حضرت سعدؓ سے روایت کرتے ہیں۔ وہ فرماتے ہیں:

وددت ان الذی یقرأ خلف الامام فی فیہ جمرۃ (جزء القرأۃ صلا و موطا امام محمدؒ ص) کہ میں اس کو پسند کرتا ہوں کہ جو شخص امام کے پیچھے قرأت کرتا ہو، اس کے منہ میں آگ کی چنگاری[1] ڈال دوں۔

(بقیہ حاشیہ پچھلا صفحہ) صاحب ہدایہؒ کا یہ دعویٰ مبنی بر انصاف معلوم ہوتا ہے اور محض تعصب ہی پر اس کو محمول کر لینا قرین قیاس نہیں ہے (واللہ تعالیٰ اعلم بالصواب)۔

[1] یہ سخت الفاظ صرف حضرت سعدؓ ہی سے منقول نہیں بلکہ دوسرے حضرات صحابہ کرامؓ وغیرہم سے بھی اسی طرح کے تہدیدی الفاظ مروی ہیں۔ حضرت عمرؓ فرماتے ہیں کہ جو شخص امام کے پیچھے قرأت کرتا ہے اس کے منہ میں پتھر ڈالنا چاہیے (موطا امام محمد ص۹۸ منتخب کنز ص۱۸۶ والجوہر النقی ج۱ ص۱۶۹، طحاوی ج۱ ص۱۲۹) اور ایک روایت میں نتن (بدبودار چیز) اور ایک میں رضف (گرم پتھر) کے الفاظ آئے ہیں (جزء القرأۃ ص۱۱ وغیرہ) حضرت انسؓ فرماتے ہیں کہ امام کے پیچھے قرأۃ کرنیوالے کے منہ میں آگ بھر دی جائے (زیلعی جلد۲ ص۱۹) اور حضرت اسودؒ تابعی کہتے ہیں کہ جو شخص امام کے پیچھے قرأت کرتا ہے، اس کے منہ میں مٹی ڈالی جائے (الجوہر النقی جلد۱ ص۱۶۹) اور حضرت علقمہؒ تابعی سے مٹی اور رضف دونوں الفاظ منقول ہیں (الجوہر النقی جلد۲ ص۱۶۹) اور حضرت زیدؓ بن ثابت فرماتے ہیں کہ امام (باقی اگلے صفحہ پر)

اعتراض: امام بخاریؒ فرماتے ہیں کہ یہ روایت صحیح نہیں ہے: (۱) ابن بجادؒ مجہول ہے۔ (۲) آگ کی چنگاری اللہ تعالیٰ کا عذاب ہے اور انسانوں کو ایسی سزا دینے کی صحیح حدیث میں نہی آئی ہے (بخاری جلد ۱ ص ۴۲۳ وغیرہ)
(۳) حماد کہتے ہیں کہ مجھے یہ پسند ہے کہ امام کے پیچھے قرأت کرنیوالے کا منہ شکر سے بھر دیا جائے۔

جواب: حضرت امام بخاریؒ کا یہ اعتراض تمام شقوں کے ساتھ مخدوش ہے ، ترتیب وار ہر ایک شق کا جواب ملاحظہ کریں: (۱) ابن بجادؒ کی جہالت کا دعویٰ کر کے اس اثر سے اغماض کرنا صحیح نہیں ہے کیونکہ امام حاکمؒ تحریر فرماتے ہیں:

وولد سعدؓ بن ابی وقاص الیٰ ستة خمسین ومأتین فیهم فقهاء وائمه وثقات و حفاظ۔ (معرفت علوم الحدیث ص۳)	کہ حضرت سعدؓ بن ابی وقاص کی اولاد میں ۲۵۰ھ تک بڑے بڑے فقیہ، امام ثقہ اور حافظ پیدا ہوتے رہے ہیں۔

اور امام بخاریؒ کی وفات ۲۵۶ھ میں ہوئی ہے۔ اس لیے ابن بجادؒ (جو حضرت سعدؓ بن ابی وقاص کی اولاد میں تھے) کی جہالت کو بہانہ بنا کر اس اثر کو رد کرنا صحیح نہیں ہے کیونکہ امام حاکمؒ کی عبارت کے پیش نظر ابن بجادؒ ثقہ حافظ اور امام تھے۔ علامہ عینیؒ عبد الرزاقؒ بن ہمامؒ کے طریق سے روایت نقل کرتے ہیں:

عن داؤدؒ بن قیسؒ عن محمدؒ بن بجادؒ (بکسر الباء الموحدة وتخفیف الجیم) عن موسیٰؒ بن سعدؓ	کہ داؤدؒ بن قیسؒ محمدؒ بن بجادؒ سے روایت کرتے ہیں اور وہ موسیٰؒ بن سعدؓ سے روایت کرتے ہیں

(بقیہ حاشیہ پچھلا صفحہ) کے پیچھے قرأت کرنیوالے کی نماز ہی سرے سے نہیں ہوتی (موطا امام محمد ص۱۰۱) اگرچہ ان میں بعض آثار کمزور ہیں، مگر کچھ صحیح بھی ہیں اور یہ سب مل ملا کر اس امر کی غمازی کرتے ہیں کہ ان کی بھی کچھ نہ کچھ اصل ضرور ہے، اگر نص قرآنی اور صحیح و مرفوع احادیث اور جمہور ائمہؒ کا اس بات پر اتفاق نہ ہوتا کہ امام کے پیچھے قرأت صحیح نہیں ہے تو یہ الفاظ یقیناً غلو اور زیادتی پر محمول ہو سکتے تھے مگر سابق ابواب کو پیش نظر رکھنے کے بعد قرآن کریم اور صحیح حدیث کی مخالفت کرنیوالے کے حق میں یہ الفاظ زیادہ سنگین نہیں ہیں۔ ہاں البتہ ان دلائل سے جو شخص ناواقف ہو اور یہ ناواقفی بھی محض دیانت پر مبنی ہو تو اس کے لیے مزید احتیاط کی ضرورت ہے بخصوص وہ حضرات جو دنیا سے رخصت ہو چکے ہیں اور جن کی نگاہوں سے اس طرح یکجا جمع کئے ہوئے دلائل نہیں گذر سکے مگر یہ سب دلائل دیکھ کر ضد کرنیوالے کے لیے یہ الفاظ بالکل مناسب ہیں۔

بن ابی وقاص قال ذکر لی ان سعدؓ بن وقاص قال وددت ان الذی یقرأ خلف الامام فی فیہ حجر (عمدۃ القاری جلد ۳ ص۶۷)

کہ انھوں نے حضرت سعدؓ سے روایت کی انھوں نے فرمایا کہ میں پسند کرتا ہوں کہ جو شخص امام کے پیچھے قراۃ کرتا ہے اس کے منہ میں پتھر ڈالا جائے۔

اس سے معلوم ہوا کہ بعض وُلد سعدؓ سے مراد موسیٰؒ بن سعدؓ ہیں۔ محدث مولانا محمد حسن صاحب فیض پوریؒ فرماتے ہیں کہ

رجال اسنادہ ثقات

اس روایت کی سند کے راوی ثقہ ہیں۔

(الدلیل المبین ص۳۲)

لہٰذا مولف خیر الکلام کا عثمانؒ بن عبدالرحمٰن وقاصیؒ کے متروک اور جھوٹا ہونے سے اس مذکور سند کے ضعف پر استدلال کرنا (ملاحظہ ہو ص ۵۲۳) باطل ہے کیونکہ یہ مذکورہ روایت صحیح اور اس کی سند کے رواۃ ثقہ ہیں جن میں ابن بجادؒ بھی ہیں اور اغلب ہے کہ جزء القراۃ میں ابن بجادؒ ہی کا ابن نجادؒ بنا ہوا ہے۔ حضرت شاہ ولی اللہ صاحبؒ فرماتے ہیں کہ جس مسئلہ میں جمہور صحابہ کرامؓ کے دو یا تین قول ہوں تو ان سب پر اہلِ علم کے کسی نہ کسی طائفہ نے عمل کیا ہے۔

وآیۃ ذٰلک ان تظھر فی مثل الموطاء وجامع عبدالرزاقؒ روایا تھا اھ (حجۃ اللہ جلد ا ص۱۴۱ طبع مصر)

اور اس کی علامت یہ ہے کہ ان کی روایتیں، موطا اور جامع عبدالرزاقؒ میں بیان ہوئی ہوں۔

اس سے معلوم ہوا کہ وہ اقوال صحابہ کرامؓ جو موطأ اور جامع عبدالرزاق میں ہوں وہ مستند اور قابل اعتبار ہیں۔

(۲) قلعوں، سواری کے جانوروں اور انسانوں کو جلانے کے بارے حضرات صحابہ کرامؓ میں صاف اختلاف ہے ایک گروہ جواز کا اور دوسرا عدمِ جواز کا قائل ہے۔ (فتح الباری ج۶ ص۱۵۱) حافظ ابن حجرؒ نے جلانے کی حدیثوں کے منسوخ ہونے کا دعویٰ بھی کیا ہے۔ (فتح الباری ج۶ ص۱۲۶ و ج۶ ص۱۵۱) لیکن یہ بھی لکھا ہے کہ حضرت ابوبکرؓ نے حضراتِ صحابہ کرامؓ کی موجودگی میں باغیوں کو آگ میں جلایا تھا اور حضرت خالدؓ بن الولید نے بھی مرتدین

کو جلایا تھا، اور آگے لکھا: واکثر علماء المدینۃ یجیزون الخ (فتح الباری ج۲ ص۱۴۵) اس سے معلوم ہوا کہ نسخ کا مسئلہ اتفاقی نہیں اغلب ہے کہ حضرت سعدؓ بھی جواز کے قائل تھے ان حضرات کا استدلال ان احادیث سے ہے جن میں ود دت سے بڑھ کر لقد ھممت (کہ میں البتہ قصد اور ارادہ کر چکا ہوں) کے الفاظ آئے ہیں مثلاً آنحضرت صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے فرمایا کہ میں پختہ ارادہ کر چکا ہوں کہ جو لوگ جماعت کے ساتھ نماز نہیں پڑھتے۔ ان کو گھروں کے اندر بند کر کے آگ میں جلا دوں (بخاری ج۱ ص۸۹ و مسلم ج۱ ص۲۳۲) نیز آپ نے فرمایا کہ جو لوگ جمعہ کی نماز میں شریک نہیں ہوتے ہیں ان کو گھروں میں بند کر کے آگ میں جلانے کا ارادہ کر چکا ہوں۔ (مسلم ج۱ ص۲۳۲ و مشکوٰۃ ج۱ ص۱۲۱) اور آپ نے فرمایا کہ اگر گھروں میں عورتیں اور بچے نہ ہوتے، تو میں اپنا ارادہ پورا کر لیتا (مسند احمد ص— وابوداؤد طیالسی ص۳۱۰) حضرت سعدؓ نے تو خلاف شرع کام کرنے والوں کے لیے صرف آگ کے عذاب کی آرزو کی ہے لیکن جناب رحمۃ للعالمین صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم تو مجرموں کو آگ میں جلانے کا قصد تک فرما چکے تھے اور اگر عورتوں اور بچوں کا سوال سامنے نہ آتا تو آپ یقیناً اپنا ارادہ پورا کر گزرتے کیا یہ روایتیں امام بخاریؒ کے نزدیک صحیح نہیں ہیں؟ اور کیا یہ حدیثیں امام بخاری رحمہ اللہ تعالیٰ کے اس قاعدہ کے لحاظ سے لا تعذبوا بعذاب اللہ کی حدیث کے خلاف ہیں؟ اگر نہیں تو امید قوی ہے کہ حضرت سعدؓ کا اثر بھی مخالف نہ ہوگا، بلکہ اس کو بطریق اَولیٰ مخالف نہ ہونا چاہیئے۔

ع: — "مانتے جس کو نہ تھے لیجئے پہنچے وہاں"

(۳) امام بخاریؒ نے حمادؒ کے قول کی سند بیان نہیں کی تو ایسی بے سند بات کا کیا اعتبار ہے؟ علاوہ ازیں اگر حمادؒ کے قول کی سند بھی مل جائے، تب بھی قرآن کریم صحیح احادیث اور آثار صحابہؓ کے مقابلہ میں حمادؒ کے قول کی کیا وقعت ہے؟ خود امام بخاریؒ لکھتے ہیں کہ جب ایک چیز آنحضرت صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم اور آپ کے حضرات صحابہ کرامؓ سے ثابت ہو جائے تو اسود رحمہ وغیرہ کی بات کیسے حجت ہو سکتی ہے؟ (جزء القرآۃ، ص۱۱) سچ ہے نگارخانہ میں طوطی کی کون سنتا ہے؟

مؤلف خیر الکلام لکھتے ہیں کہ جو چیز منع ہوتی ہے اس کی تمنا بھی منع ہوتی ہے آپ کی تمنا نہی سے پہلے کی ہے اس کے بعد آپ نے منع کیا قرآن کریم میں ہے: لَا تَتَمَنَّوْا مَا فَضَّلَ اللّٰهُ ... الخ ص۵۲۲

الجواب: بے شک جو چیز منع ہوتی ہے اس کی تمنا بھی منع ہوتی ہے لیکن

جن حضرات کے نزدیک آگ میں جلانا جائز ہے ان کے نزدیک اس کی تمنا بھی جائز ہے۔ باقی قرآنِ کریم میں تمنائے عذاب کی نہی نہیں ہے اس میں حسد سے منع کیا گیا ہے وآں چیزے دیگر است۔

لطیفہ: اگر حضرت حمادؒ کے اس قول کو صحیح بھی تسلیم کر لیا جائے کہ امام کے پیچھے قرأت کرنے والے کا ــــــ (ملئ فوہ سکرا) منہ شکر سے بھر دیا جائے تو بھی اس سے حضرت امام بخاریؒ کو کوئی فائدہ نہیں ہوگا۔ اس لیے کہ اگر عین نماز کی حالت میں قاری کا منہ شکر سے بھرنا مراد ہے تو بیچارہ قرأت تو کیا کرے گا۔ جہر کے ساتھ آمین بھی نہیں کہہ سکیگا یک نہ شد دو شد، بلکہ وہ تو آہستہ آمین کہنے سے بھی رہا اور شکر بھی حضرت حمادؒ نے تھوڑی تجویز نہیں کی بلکہ اچھی خاصی تجویز کی ہے جس سے (ملئ فوہ سکرا) اس کا منہ خوب بھر سکے، کیا بعید ہے کہ حمادؒ نے امام کے پیچھے قرأت کی بندش کا یہ طریقہ ایجاد کیا ہو مگر امام بخاریؒ اس کی سطحی مٹھاس کو دیکھ کر ان کو اپنا ہمنوا سمجھ بیٹھے ہوں، مشہور ہے کہ گڑ سے مخالف کو جلدی قابو کیا جا سکتا ہے اور اگر امام کے پیچھے قرأت کرنے والے کا خارج از نماز شکر سے منہ بھرنا مراد ہے تو اس نازک دور میں دوسری اشیاء خوردنی کی طرح شکر کے لیے بھی لوگ سرگرداں پھر رہے ہیں۔ فریق ثانی حضرت حمادؒ کے اس قول کا اعلان کر دے، پھر قدرت خدا کا تماشا دیکھئے کہ جماعت کی تعداد کیسے بڑھتی اور اس کو کیسے ترقی حاصل ہوتی ہے؟ بلکہ ہمیں تو یقین ہے کہ عوام تو کیا اچھے خاصے محدث بھی حضرت

ابو سعید الخدریؓ کی مرفوع حدیث ان احق ما اخذ تم علیہ اجرا کتاب اللہ (او کما قال) سے اس شکر خوری پر استدلال کرتے نظر آئیں گے اور حمادؒ کے زمانہ کی شکر سے اس ترقی یافتہ دور کی شکر بدرجہا زیادہ سفید اور عمدہ ہے اور بہت ممکن ہے کہ جو لوگ فریق ثانی سے فرعی مسائل میں قدرے دور ہیں (مثلاً پٹھان وغیرہ) اور چائے کے اشد عادی ہیں اور کھانڈ اور شکر نہ ملنے کی وجہ سے پریشان ہیں ، اس شکری اعلان کے بعد فریق ثانی کے حلقہ بگوش ہو جائیں اور بیماروں کو تو یونانی قدحوں پر قدحے پینے کے لیے شکر مل جائیگی۔ غرضیکہ اس اعلان کے بعد سورۃ فاتحہ کی برکت سے ہر کس و ناکس کو اس کا سورۃ الشفاء اور سورۃ

السوال وغیرہ ہونا آسانی سے سمجھ آسکتا ہے اور اس کی برکت سے ہمیں تو فتح حاصل ہے ہی، فریق ثانی کو بھی بڑی فتح اور کامرانی حاصل ہو گی۔ الغرض امام بخاریؒ نے امام کے پیچھے قرأت کرنے والے کے لیے شکر تجویز فرمائی اور عین نماز کی حالت میں جیسا کہ ان ظاہری الفاظ سے متبادر ہوتا ہے مگر یہ خیال نہ کیا کہ گھر کس کا پورا ہو رہا ہے؟ سچ ہے —

ع :— میری تعمیر میں مضمر ہے اک صورت خرابی کی

حضرات! حضرات صحابہ کرامؓ کے ان مختصر سے آثار کے بعد مشتے نمونہ از خروارے کے طور پر بعض حضرات تابعینؒ و اتباع تابعینؒ وغیرہم کے کچھ آثار آپ کے سامنے عرض کیے جاتے ہیں تاکہ آپ کو حضرات تابعینؒ وغیرہم کا نظریہ بھی بسلسلۂ قرأت خلف الامام معلوم ہو سکے اور اختصاراً نقل سند کے بعد ہم رواۃ کی توثیق بھی عرض کریں گے اور فریق ثانی کی طرف سے پیش کردہ اعتراضات کے جوابات بھی عرض کر دیے جائیں گے۔

اثر علقمہؒ[1] بن قیسؒ (المتوفی ۶۱ھ) امام محمدؒ فرماتے ہیں کہ ہم سے امام ابو حنیفہؒ نے بیان کیا وہ فرماتے ہیں کہ ہم سے حمادؒ[2] نے بیان کیا۔ وہ ابراہیم نخعیؒ[3] سے روایت کرتے ہیں وہ فرماتے ہیں کہ

---

[1] علامہ ذہبیؒ ان کو امام بارع لکھتے ہیں (تذکرہ جلد ۱ ص ۴۱) امام نوویؒ ان کو صاحب کمال فقیہ لکھتے ہیں (تہذیب الاسماء جلد ۱ ص ۳۴۲) علامہ ابن سعدؒ ان کو کثیر الحدیث لکھتے ہیں (طبقات ابن سعد جلد ۶ ص ۹۲) ابو ظبیانؒ کا بیان ہے کہ میں نے متعدد حضرات صحابہ کرامؓ کو علقمہؒ سے مسائل پوچھتے اور استفسار کرتے دیکھا ہے (تہذیب التہذیب جلد ۷ ص ۲۷۶)

[2] حمادؒ بن ابی سلیمانؒ، امام مسلمؒ اور دیگر محدثینؒ نے ان سے احتجاج کیا ہے (الجواہر المضیۃ جلد ۱ ص ۲۲۱) امام احمدؒ ان کی تعریف کرتے تھے اور ان کو قابل اعتبار سمجھتے تھے۔ امام معمرؒ کا بیان ہے کہ میں نے امام زہریؒ، حمادؒ اور قتادہؒ سے بڑھ کر دین کی سمجھ رکھنے والا کوئی نہیں دیکھا۔ امام ابن معینؒ، عجلیؒ اور نسائیؒ ان کو ثقہ کہتے ہیں، ابو حاتمؒ ان کو صدوق اور مستقیم کہتے ہیں۔ ابن عدیؒ (لا بأس بہ) کہتے ہوئے ان کی توثیق کرتے ہیں۔ (تہذیب التہذیب جلد ۳ ص ۱۶ و ۱۷)

[3] ان کا ترجمہ مقدمہ میں نقل کیا جا چکا ہے۔

ما قرأ علقمة بن قيس قط فيما يجهر فيه ولا فيما لا يجهر فيه ولا الركعتين الاخريين ام القرآن ولا غيرها خلف الامام۔
(بحوالہ تعلیق الحسن جلد ۱ ص ۹۰)

علقمہؒ بن قیسؒ نے امام کے پیچھے کبھی کسی نماز میں قراۃ نہیں کی نہ جہری نمازوں میں اور نہ سری میں (نہ پہلی رکعتوں میں اور نہ پچھلی رکعتوں میں)، نہ سورۂ فاتحہ اور نہ کوئی سورت امام کے پیچھے وہ کچھ بھی نہیں پڑھتے تھے۔

اور یہ اثر اپنے مفہوم کے اعتبار سے بالکل واضح ہے کہ حضرت علقمہؒ امام کے پیچھے کسی نماز میں کوئی قراۃ نہیں کیا کرتے تھے۔

اعتراض: مبارکپوری صاحبؒ لکھتے ہیں کہ اوّلاً۔۔۔ اگرچہ حمادؒ ثقہ تھے مگر مدلس اور مختلط تھے۔ وثانیاً۔۔۔ ابراہیم نخعیؒ کی علقمہؒ سے ملاقات ثابت نہیں ہے۔ لہٰذا یہ روایت صحیح نہیں ہے۔ (ابکار المنن ص ۱۹۱)

جواب: جب حمادؒ ثقہ ہیں تو اس روایت میں اختلاط سے کوئی فرق نہیں پڑیگا کیونکہ محدثینؒ نے اس امر کی تصریح کی ہے کہ انکو اختلاط کا عارضہ آخر میں لاحق ہوا تھا اور ابراہیم نخعیؒ کی روایتوں میں وہ خطا نہیں کرتے تھے (تہذیب التہذیب ج ۳ ص ۱۷) خود مبارکپوری صاحبؒ لکھتے ہیں کہ ابراہیم نخعیؒ اور سفیانؒ اور ان کے طبقہ کے مدلسین کی تدلیس مضر نہیں ہے۔ علامہ ذہبیؒ اور حافظ ابن حجرؒ لکھتے ہیں کہ ابراہیم نخعیؒ نے علقمہ سے سماعت کی ہے۔ (تذکرہ جلد ۱ ص ۷۰ و تہذیب التہذیب جلد ۱ ص ۱۷۷) اس لیے مبارکپوری صاحبؒ کا یہ دعویٰ کرنا کہ ابراہیم نخعیؒ نے علقمہؒ سے ملاقات نہیں کی مردود ہے۔ علاوہ بریں اگر یہ بھی تسلیم کر لیا جائے کہ ابراہیم نخعیؒ کی ملاقات علقمہؒ سے نہیں ہوئی تو یہ روایت مرسل ہو گی۔ اور امام دارقطنیؒ، امام طحاویؒ، حافظ ابن قیمؒ اور حافظ ابن حجرؒ وغیرہ اس کی تصریح کرتے ہیں کہ ابراہیم نخعیؒ کی مرسل روایتیں بھی حجت اور صحیح ہیں۔ (دارقطنی جلد ۲ ص ۳۱۱، طحاوی جلد ۱ ص ۱۳۳، زاد المعاد جلد ۴ ص ۲۵۲ و درایہ ص ۱۱) اور امام بیہقیؒ تحریر فرماتے ہیں کہ مرسلات ابراہیم صحیحۃ الا حدیث تاجر البحرین[1]۔ (سنن الکبریٰ جلد ۱ ص ۱۴۸)

---

[1] یاد رہے کہ یہ روایت صرف مرسل ہی نہیں بلکہ مسند اور مرفوع بھی ہے۔ چنانچہ حضرت عبداللہؓ بن مسعود فرماتے ہیں کہ آنحضرت صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کے پاس ایک شخص آیا اس نے کہا کہ حضرت! میں بحرین کے علاقہ میں تجارت کے لیے جانا چاہتا ہوں۔ آپ نے فرمایا کہ دو رکعت نماز پڑھو۔ (رواہ الطبرانی فی الکبیر ورجالہ موثقون مجمع الزوائد جلد ۲ ص ۲۸۳)

کہ تاجر بحرین کے مضمون والی روایت کے علاوہ ابراہیمؒ کی تمام مرسل روایتیں صحیح ہیں، بہر حال یہ روایت فن روایت اور محدثین کے اصول کے ماتحت بالکل صحیح اور حجت ہے۔

اثر عمروؒ بن میمونؒ (المتوفی سنہ ۷۴ھ) وغیرہ ابوبکرؒ بن ابی شیبہؒ فرماتے ہیں ہم سے یزیدؒ بن ہارونؒ نے بیان کیا، وہ اشعثؒ سے اور وہ مالکؒ بن عمارہؒ سے روایت کرتے ہیں، وہ فرماتے ہیں کہ میں نے حضرت عبداللہؓ بن مسعود کے اصحابؓ اور تلامذہ سے جن میں خصوصیت سے عمروؒ بن میمونؒ قابل ذکر ہیں۔ امام کے پیچھے قرآۃ کرنے سے متعلق سوال کیا۔ کالھو یقول او یقرأ خلف الامام (تعلیق الحسن جلد ۱ صفحہ ۹۰) تو ان سب نے جواب یہ دیا کہ امام کے پیچھے قرأت نہیں کرنی چاہئے، محقق نیمویؒ نے فرمایا تھا کہ مجھے مالکؒ بن عمارہؒ کا ترجمہ نہیں مل سکا، مبارکپوری صاحبؒ لکھتے ہیں کہ تو اس اثر کا پیش کرنا بے سود ہے۔ (ابکار المنن صفحہ ۱۶۵) مگر ہم ثابت کر چکے ہیں کہ یہ مالکؒ بن عامرؒ ہیں جو ثقہ اور ثبت تھے اور یہ اثر بھی صحیح ہے، حضرت علیؓ جب کوفہ تشریف لے گئے تو آپ نے ارشاد فرمایا کہ

---

[1] علامہ ذہبیؒ ان کو الحافظ اور الامام لکھتے ہیں (تذکرہ جلد ۱ صفحہ ۹۱)

[2] ان کا ترجمہ گذر چکا ہے۔ [3] وہ ثقہ متقن اور عابد تھے (تقریب صفحہ ۱۲۰)

[4] اشعثؒ بن ابی الشعثاءؒ، امام ابن معینؒ، ابوحاتمؒ، نسائیؒ، ابوداؤدؒ اور بزارؒ سب ان کو ثقہ کہتے ہیں، عجلیؒ ان کو شیوخ کوفہ اور ثقات میں لکھتے ہیں اور ابن حبانؒ اور ابن شاہینؒ ان کو ثقات میں لکھتے ہیں۔ تہذیب التہذیب جلد ۱ صفحہ ۳۵۵) حافظ ابن حجرؒ ان کو ثقہ کہتے ہیں (تقریب صفحہ ۴۱)

[5] یہ مالکؒ بن عمارہؒ نہیں بلکہ مالکؒ بن عامرؒ ہیں جو اشعثؒ سے روایت کرتے ہیں (دیکھئے تہذیب التہذیب جلد ۱ ص ۳۵۵ وغیرہ) علامہ ذہبیؒ ان کو صاحب ابن مسعودؓ قدیم الموت اور ثقہ لکھتے ہیں، (میزان جلد ۱ صفحہ ۳) امام ابن معینؒ، ابوداؤدؒ اور ابن سعدؒ ان کو ثقہ کہتے ہیں، ابن حبانؒ ثقات میں لکھتے ہیں (تہذیب التہذیب جلد ۱۲ صفحہ ۱۹۱) حافظ ابن حجرؒ ان کو ثقہ لکھتے ہیں (تقریب صفحہ ۴۲۲) ابو عطیہؒ ان کی کنیت تھی بخاری ۲ صفحہ ۶۵ اور ترمذی جلد ۱ ص ۸۸ میں ان کا ذکر ہے۔

[6] نواب صاحبؒ نے اصحاب علیؓ اور عبداللہؓ میں سے اٹھائیس کے نام بتلائے ہیں جو جلیل القدر محدث اور امام تھے۔ (الجنہ صفحہ ۶)

اصحاب عبد اللہؓ سرج ھذہ القریۃ (طبقات ابن سعد جلد ۶ صـ۲) عبد اللہؓ بن مسعودؓ کے اصحاب اس شہر کے روشن چراغ ہیں اور آپ ملاحظہ کر چکے ہیں کہ اصحاب عبد اللہؓ سب کے سب امام کے پیچھے قرأت کے قائل نہ تھے اور یہی فتویٰ دیا کرتے تھے۔

اثر اسودؒ بن یزیدؒ[1] (المتوفی ۷۵ھ) ابو بکرؒ بن ابی شیبہؒ فرماتے ہیں ہم سے ابن علیہؒ[2] نے بیان کیا۔ وہ ایوبؒ[3] اور ابن ابی عروبہؒ سے روایت کرتے ہیں، وہ دونوں ابو معشرؒ[4] سے وہ ابراہیم نخعیؒ سے اور وہ اسودؒ بن یزیدؒ سے۔

قال لان اعض جمرۃ احب الیّ من ان اقرأ خلف الامام اعلم انہ یقرأ۔ (آثار السنن جلد ۱ ص۷۸)

انھوں نے فرمایا کہ میں اس بات کو زیادہ پسند کرتا ہوں کہ اپنے منہ میں آگ کی چنگاری ڈال لوں بجائے اس کے کہ میں امام کے پیچھے قرأت کروں جبکہ مجھے علم ہے کہ وہ پڑھتا ہے۔

یہ روایت بھی اپنے مدلول میں واضح ہے۔ مبارکپوری صاحبؒ نے ابراہیم نخعیؒ کی تدلیس کا بہانہ کیا ہے۔ (ابکار وغیرہ) مگر بے سود ہے کیونکہ یہ بات ثابت کی جا چکی ہے کہ

---

[1] علامہ ذہبیؒ ان کو امام فقیہ، زاہد، عابد اور کوفہ کا امام لکھتے ہیں (تذکرہ جلد ۱ ص۴۳) امام نوویؒ لکھتے ہیں کہ ان کی توثیق اور جلالت شان پر سب کا اتفاق ہے (تہذیب الاسماء جلد ۱ ص۱۲۲) محدث ابن حبانؒ ان کو فقیہ کہتے ہیں (تہذیب التہذیب جلد ۱ ص۳۴۲) حافظ ابن کثیرؒ ان کو من کبار التابعین اور من اعیان اصحاب ابن مسعودؓ اور من کبار اھل الکوفۃ لکھتے ہیں (البدایہ والنہایہ جلد ۹ ص۱۲)

[2] ان کا نام اسمٰعیل بن ابراہیمؒ بن مقسمؒ تھا، جو ثقہ اور حافظ تھے۔

[3] ایوبؒ کا ترجمہ باب اول میں حضرت ابن مسعودؓ کے اثر کے تحت اور ابن ابی عروبہؒ کا باب دوم حدیث ۱ کے ذیل میں گذر چکا ہے۔

[4] ابو معشرؒ کا نام زیادؒ بن کلیبؒ تھا۔ محدث عجلیؒ، نسائیؒ، ابن مدینیؒ اور ابو جعفر بستیؒ سب ان کو ثقہ کہتے ہیں، ابن حبانؒ ان کو حفاظ متقنین میں لکھتے ہیں (تہذیب التہذیب جلد ۳ ص ۳۸۳)

ابراہیم نخعیؒ اس طبقہ کے مدلس تھے جن کی تدلیس مضر نہیں ہے اور ان کی جملہ روایتیں (علاوہ ایک روایت تاجر بحرین کے) حجت ہیں، چنانچہ علامہ ذہبیؒ لکھتے ہیں: قلت استقر الامر علی ان ابراھیم حجۃ (میزان الاعتدال جلد ۱ ص۳۵) میں کہتا ہوں یہ طے شدہ بات ہے کہ ابراہیم حجت تھے۔

دوسری سند: ابوبکرؒ بن ابی شیبہؒ، ہشیمؒ[۱] سے روایت کرتے ہیں، وہ فرماتے ہیں کہ ہم سے اسمٰعیلؒ[۲] بن ابی خالدؒ نے بیان کیا۔ وہ وبرہؒ[۳] سے روایت کرتے ہیں اور وہ حضرت اسودؒ بن یزیدؒ سے وہ فرماتے ہیں قال وددت ان الذی یقرأ خلف الامام ملیٔ فاہ ترابا (تعلیق الحسن جلد ۱ ص۹۰) کہ میں اس کو پسند کرتا ہوں کہ امام کے پیچھے قرأت کرنے والے کا منہ مٹی سے بھر دیا جائے۔

تیسری سند: عبدالرزاقؒ[۴] بن ہمامؒ اپنے مصنف میں سفیان ثوریؒ سے روایت کرتے ہیں اور وہ امام اعمشؒ سے اور وہ ابراہیم نخعیؒ سے اور وہ اسودؒ بن یزیدؒ سے وہ فرماتے ہیں کہ

قال وددت ان الذی یقرأ خلف الامام ملیٔ فوہ ترابا (الجوہر النقی جلد ۲ ص۱۶۹) میں اس کو پسند کرتا ہوں کہ جو شخص امام کے پیچھے قرأۃ کرتا ہے اس کا منہ مٹی سے بھر دیا جائے۔

---

[۱] ہشیم بن بشیرؒ ثقہ اور ثبت لیکن کثیر التدلیس تھے (تقریب ص۳۸۱) مگر اس روایت میں وہ تحدیث کرتے ہیں۔

[۲] امام ابن مہدیؒ، ابن معینؒ، نسائیؒ اور عجلیؒ ان کو ثقہ کہتے ہیں، ابن عمار موصلیؒ ان کو حجت اور یعقوبؒ بن سفیانؒ ان کو ثقہ اور ثبت کہتے ہیں۔ ابوحاتمؒ، یعقوبؒ بن شیبہؒ، ابن حبانؒ اور ابن عیینہؒ ان کو ثقہ، ثبت اور حافظ کہتے ہیں۔ (تہذیب التہذیب جلد ۱ ص۲۹۱)

[۳] وبرہ بن عبدالرحمٰنؒ امام ابوزرعہؒ، ابن معینؒ اور عجلیؒ ان کو ثقہ کہتے ہیں۔ ابن حبانؒ ان کو ثقات میں لکھتے ہیں (ایضاً جلد ۱۱ ص۱۱۱)

[۴] عبدالرزاقؒ بن ہمامؒ کا ترجمہ اثر حضرت علیؓ میں اور سفیان ثوریؒ کا مقدمہ میں نقل کیا جا چکا ہے۔ بقیہ رواۃ کا ترجمہ بھی گذر چکا ہے۔ امام اعمشؒ ثقہ اور حافظ تھے (تقریب ص۱۴۰) البتہ مدلس تھے لیکن حضرت قتادہؒ کی بحث ملاحظہ کر لیجئے کہ ان کی تدلیس بھی مضر نہیں ہے۔

غالباً حضرت اسودؒ کے یہی وہ الفاظ ہیں، جن پر حضرت امام بخاریؒ بہت ناراض ہوئے ہیں (دیکھئے جزء القراۃ صلا)

اثر سوید بن غفلہ (المتوفی سنہ ۸۰ھ) ابوبکرؒ بن ابی شیبہؒ فرماتے ہیں کہ ہم سے فضلؒ بن دکینؒ نے بیان کیا۔ وہ زہیرؒ سے روایت کرتے ہیں، وہ ولیدؒ بن قیسؒ سے روایت کرتے ہیں، وہ فرماتے ہیں کہ میں نے حضرت سویدؒ بن غفلہ سے سوال کیا۔ اقرأ خلف الامام فی الظہر والعصر قال لا (تعلیق الحسن جلد ا صـ۹) کیا میں ظہر اور عصر کی نماز میں امام کے پیچھے قرأت کر سکتا ہوں؟ فرمایا نہیں، اس اثر سے یہ ثابت ہوتا ہے کہ سائل کو دوسری نمازوں کے بارے میں تو یہ علم تھا کہ ان میں امام کے پیچھے قرأت صحیح نہیں ہے۔ لیکن اس کو صرف ظہر اور عصر کی نماز میں قرأۃ خلف الامام کے بارے میں تردد تھا۔ سو حضرت سویدؓ نے اس کا یہ مغالطہ بھی نکال دیا ہے۔

اعتراض: مبارکپوری صاحب لکھتے ہیں کہ سند میں ولیدؒ بن قیس تجیبی ہے۔ اور حافظ ابن حجرؒ انکو مقبول لکھتے ہیں (تقریب صـ۳۸۶) اور علامہ نیمویؒ نے حبل المتین میں لکھا ہے کہ جس راوی کے متعلق حافظ ابن حجرؒ مقبول لکھتے ہیں وہ کمزور ہوتا ہے۔ لہٰذا یہ اثر کمزور ہے (ابکار المنن صـ۱۴۲) جواب: حبل المتین ہمارے پیش نظر نہیں ہے۔ نہ معلوم محقق

۱؎ علامہ ذہبیؒ لکھتے ہیں کہ ثقہ بلند مرتبہ عابد، زاہد، قانع بالیسیر اور کبیر الشان تھے (تذکرہ جلد ا صـ۴۸) امام ابن معینؒ اور عجلیؒ ان کو ثقہ کہتے ہیں، محدث ابن قانعؒ تو ان کو صحابہؓ میں شمار کرتے ہیں (تہذیب التہذیب ۴ صـ۲۷۸) حافظ ابن کثیرؒ نقل کرتے ہیں کہ حضرت سویدؓ بن غفلہ نے فرمایا کہ میں آں حضرت صلی اللہ تعالیٰ علیہ وآلہ وسلم کا ہم عمر ہوں کیونکہ میری ولادت بھی عام فیل میں ہوئی ہے اور امام بیہقیؒ ان سے یہ نقل کرتے ہیں کہ میں آں حضرت صلی اللہ تعالیٰ علیہ وآلہ وسلم سے صرف دو سال عمر میں چھوٹا ہوں (البدایہ والنہایہ جلد ۹ ص ۲۶۲)

۲؎ ابوبکر بن ابی شیبہؒ اور فضلؒ بن دکینؒ کا ترجمہ گذر چکا ہے۔

۳؎ زہیرؒ بن معاویہؒ ثقہ اور ثبت تھے (تقریب صـ۱۱۸)

۴؎ ولیدؒ بن قیس سکونی امام ابن معینؒ ان کو ثقہ کہتے ہیں۔ امام نسائیؒ ان کی تعریف کرتے ہیں۔ ابن حبانؒ ان کو ثقات میں لکھتے ہیں (تہذیب التہذیب جلد ۱۱ صـ۱۴۷) حافظ ابن حجرؒ لکھتے ہیں کہ وہ ثقہ تھے (تقریب صـ۳۸۶)

نیموی[۱] یہ کس راوی اور کس موقع اور محل کے لئے لکھا ہو سکتا ہے کہ انھوں نے اس راوی کے متعلق لکھا ہو، جس کو دیگر محدثین کمزور بتاتے ہوں اور صرف حافظ ابن حجرؒ ہی اس کو مقبول کہتے ہوں اور ولیدؒ بن قیسؒ کو تو دیگر محدثینؒ بھی ثقہ کہتے ہیں۔ علاوہ بریں مبارکپوری صاحبؒ کو یہ مغالطہ ہوا ہے۔ یہ راوی ولیدؒ بن قیس تجیبیؒ نہیں جن کو حافظ ابن حجرؒ مقبول لکھتے ہیں (اور محدث عجلیؒ تابعی اور ثقہ لکھتے ہیں۔ اور ابن حبانؒ ان کو ثقات میں لکھتے ہیں تہذیب التہذیب جلد ۱۱ ص ۱۴۹) بلکہ یہ ولیدؒ بن قیس سکونیؒ ہیں جو زہیرؒ سے روایت کرتے ہیں (دیکھئے تہذیب التہذیب ۱۱ ص ۱۴۶)

ع ہے" میں الزام ان کو دیتا تھا قصور اپنا نکل آیا"

اثر نافع[۲] بن جبیرؒ (المتوفی سنہ ۹۹ھ) امام مالکؒ یزید[۳] بن رومانؒ سے روایت کرتے ہیں اور وہ نافعؒ بن جبیرؒ سے کان یقرأ خلف الامام فیما لا یجھر فیہ الامام (موطا امام مالک ص ۲۹)

---

[۱] محقق نیمویؒ کا نام ظہیر احسن ابو الخیر کنیت اور شوق تخلص تھا۔ آپ مولانا علامہ محمد عبد الحیؒ لکھنوی (المتوفی سنہ ۱۳۰۴ھ) کے شاگرد رشید تھے، بڑے پایہ کے محدث اور فقیہ تھے، فن اسماء الرجال پر گہری نظر رکھتے تھے، اور خداداد ذہانت اور فطانت میں قاضی شوکانیؒ سے بھی انکا پایہ بہت بلند تھا۔ مگر افسوس کہ ناپائیدار زندگی نے ساتھ نہ دیا اور ان کی قابلیت کے پورے جوہر ابھی اچھی طرح اجاگر نہ ہوئے تھے کہ ۱۷ رمضان سنہ ۱۳۲۲ھ میں اللہ تعالیٰ کو پیارے ہو گئے۔ آپ کی مشہور کتاب آثار السنن (مع حاشیہ تعلیق الحسن) کو علماء بڑی قدر کی نگاہ سے دیکھتے ہیں۔ اور فریق ثانی کی نگاہوں میں وہ کانٹے کی طرح کھٹکتی ہے، مولانا مبارکپوری صاحبؒ نے ابکار المنن لکھ کر اپنی جماعت کو یہ باور کرانے کی کوشش کی ہے کہ یہ آثار السنن کا جواب ہے، مگر وہ بری طرح اس میں ناکام رہے ہیں، فریق ثانی کے چیدہ چیدہ علماء کو بلکہ خود مبارکپوری صاحبؒ کو بھی اس کا گہرا احساس تھا اور ہر سلیم الطبع آدمی اس ٹھوس نظریہ کا یقیناً احساس کر سکتا ہے ولیس الخبر کالمعاینۃ۔

[۲] امام نوویؒ لکھتے ہیں کہ نافعؒ بن جبیرؒ امام اور فاضل تھے۔ ان کی توثیق اور جلالت شان پر سب کا اتفاق ہے (تہذیب الاسماء جلد ۱ ص ۱۲۲) ابن خراشؒ کہتے ہیں کہ وہ ثقہ، مشہور اور امام تھے۔ وہ مدینہ طیبہ کے صاحب افتاء علماء میں سے تھے اور ان کے فتاویٰ معتبر سمجھے جاتے تھے (تہذیب التہذیب جلد ۱۰ ص ۴۰۵) حافظ ابن کثیرؒ ان کو من الثقات النبلاء اور من ائمۃ الاجلاء لکھتے ہیں (البدایہ والنہایہ جلد ۹ صـ ۲۰۵)

[۳] حضرت امام مالکؒ کا ترجمہ مقدمہ میں گذر چکا ہے۔ (باقی حاشیہ اگلے صفحہ پر دیکھئے)

کہ وہ امام کے پیچھے صرف ان نمازوں میں قرأت کرتے تھے جن میں امام جہر سے قرأت نہیں کرتا تھا۔ اگر ہر نماز اور ہر رکعت میں امام کے پیچھے قرأت سورہ فاتحہ ضروری ہوتی۔ تو حضرت نافعؒ بن جبیرؒ سب نمازوں میں امام کے پیچھے قرآۃ کیا کرتے، مگر وہ صرف سرّی نمازوں میں قرأت کرتے تھے۔ اور کیا بعید ہے کہ امام مالکؒ وغیرہ کی طرح وہ بھی استحباب کے قائل ہوں اگر وہ وجوب کے بھی قائل ہوں۔ تب بھی فریق ثانی کی جہری نمازوں میں بطلان نماز کی رٹ تو غلط ہو جائیگی۔ وعلیٰ ہٰذا القیاس ہم جتنے آثار نقل کریں گے، جن میں صرف جہری نمازوں میں امام کے پیچھے ترک قرأت کا ثبوت ہوگا۔ ان سے ہمارا مدعا بھی محض یہ ہے کہ فریق ثانی کا عموی نظریہ صحیح نہیں ہے اور بس گو ان میں سرّی نمازوں کے اندر قرأت کا ثبوت بھی ہوگا، استحبابی طور پر ہو یا وجوبی طور پر بہرحال ہمارا مطلب اور مدعا واضح ہے۔

اثر سعیدؒ بن المسیبؒ (المتوفی ۹۴ھ) ابوبکرؒ بن ابی شیبہؒ فرماتے ہیں کہ ہم سے وکیعؒ نے بیان کیا۔ وہ ہشامؒ دستوائیؒ سے اور وہ حضرت سعیدؒ بن المسیبؒ سے روایت کرتے ہیں۔ انھوں نے فرمایا: انصت للامام (آثار السنن جلد ۱ ص۹) یعنی امام کے پیچھے بالکل خاموشی اختیار کرو، اور قرأت نہ کیا کرو۔ حضرت سعیدؒ بن المسیبؒ کا ایک اثر باب اول میں نقل کیا جا چکا ہے اور یہ اثر بھی اپنے معنوی اعتبار سے واضح ہے۔

اعتراض: مبارکپوری صاحبؒ لکھتے ہیں کہ اولاً ـــــ اس اثر کی سند میں قتادہؒ مدلس ہیں، جو عنعنہ سے روایت کرتے ہیں۔ ثانیاً ـــــ امام بخاریؒ تحریر فرماتے ہیں کہ سعیدؒ بن المسیبؒ، عروہؒ، شعبیؒ، عبیداللہؒ بن عبداللہؒ نافعؒ بن جبیرؒ، ابوالملیحؒ، قاسمؒ بن محمدؒ، ابومجلزؒ، مکحولؒ، مالکؒ بن عونؒ اور سعیدؒ بن ابی عروبہؒ قرأت خلف الامام کے قائل تھے۔ (جزء القرآۃ ص۱۱) لہٰذا یہ اثر حجت نہیں ہوسکتا (ابکار المنن وغیرہ)

(بقیہ حاشیہ پچھلا صفحہ) یزیدؒ بن رومانؒ کو امام نسائیؒ اور ابن معینؒ ثقہ کہتے ہیں۔ علامہ ابن حبانؒ ان کو ثقات میں لکھتے ہیں۔ علامہ ابن سعدؒ ان کو عالم، کثیر الحدیث اور ثقہ کہتے ہیں (تہذیب ۱۱ ص۳۲۵)

لہ ہشام دستوائیؒ ثقہ اور ثبت تھے (تقریب ص۳۶۸) حضرت سعیدؒ بن المسیبؒ کا ترجمہ باب اول میں اور قتادہؒ وکیعؒ اور ابوبکرؒ بن ابی شیبہؒ کا باب ثانی میں نقل ہو چکا ہے۔ وہاں ہی ملاحظہ کرلیں۔

جواب: حضرت قتادہؒ کی تدلیس کا مفصل جواب پہلے دیا جا چکا ہے اور حضرت سعیدؒ بن المسیبؒ کے بسند صحیح وہ اثر ہم پہلے عرض کر چکے ہیں اور امام بخاریؒ نے اپنے استدلال میں ان کے اثر کی کوئی سند نقل نہیں کی اور بے سند باتیں حجت نہیں ہو سکتیں۔ اور حضرت عروہؒ بن زبیرؒ نافعؒ بن جبیرؓ اور قاسمؒ بن محمدؒ وغیرہ کو مطلقاً مجوزین قرأت خلف الامام میں شمار کرنا باطل ہے بعض کے آثار اس کے خلاف نقل کیے جا چکے ہیں اور بعض کے عرض کر دیئے جائیں گے۔ اور بقیہ آثار کی اسانید پر آثار خصوم میں بحث کی جائیگی۔ انشاءاللہ العزیز

اثر سعیدؒ بن جبیرؓ[1] (المتوفی ۹۴ھ) ابو بکرؒ بن ابی شیبہؒ فرماتے ہیں کہ ہم سے ہشیمؒ نے بیان کیا۔ وہ ابو بشرؒ[2] سے روایت کرتے ہیں۔ وہ فرماتے ہیں کہ میں نے حضرت سعیدؒ بن جبیرؓ سے سوال کیا۔

عن القرأۃ خلف الامام قال لیس خلف الامام قرأۃ۔

کیا امام کے پیچھے قرأت کی جا سکتی ہے؟ فرمایا کہ امام کے پیچھے کسی قسم کی کوئی قرأت نہیں کی جا سکتی۔

(تعلیق الحسن جلد ۱ ص ۹۰)

اعتراض: مبارک پوری صاحبؒ لکھتے ہیں کہ اولاً ـــــ ہشیمؒ مدلس تھے۔ اور عنعنہ سے روایت کرتے ہیں و ثانیاً ـــــ حضرت سعیدؒ بن جبیرؓ سکتات امام میں قرأت کے قائل تھے (جزء القرأۃ ص ۵۵) اس لیے یہ اثر قابل احتجاج نہیں ہو سکتا ـــــ

(ابکار المنن ص ۱۴۷ وغیرہ)

جواب: یہ بالکل صحیح ہے کہ ہشیمؒ کثیر التدلیس تھے، لیکن حضرت امام بخاریؒ اور علامہ ذہبیؒ ان کی معنعن حدیث سے استدلال کرتے ہیں (دیکھئے صحیح بخاریؒ جلد ۱ ص ۱۰۰ و تذکرہ ج ۱ ص ۲۴۷ وغیرہ) اس سے معلوم ہوتا ہے کہ ان کی تدلیس بھی مضر نہیں ہے، مزید تائید کے لیے

---

[1] علامہ ذہبیؒ لکھتے ہیں کہ وہ علماء اعلام میں تھے (تذکرہ جلد ۱ ص ۹۵) امام نوویؒ کا بیان ہے کہ وہ تابعینؒ کے ائمہ کبار میں تھے۔ تفسیر، حدیث، فقہ، عبادت اور زہد و ورع اور جملہ کمالات میں وہ کبار ائمہ اور سرگروہ تابعینؒ میں تھے۔ (تہذیب الاسماء جلد ۱ ص ۲۱۶)

[2] ابو بشرؒ کا نام جعفرؒ بن ایاسؒ تھا اور وہ ثقہ تھے (تقریب ص ۵۶) ہشیمؒ کا ترجمہ پہلے گذر چکا ہے۔

ایک اور روایت سُن لیجئے امام ابن جریرؒ عبداللہؒ بن مبارکؒ کے طریق سے روایت کرتے ہیں اور وہ بقیہؒ بن ولیدؒ سے، وہ کہتے ہیں کہ میں نے ثابتؒ بن عجلانؒ سے سنا۔ وہ فرماتے ہیں کہ میں نے حضرت سعیدؒ بن جبیرؓ سے سنا۔ انھوں نے فرمایا کہ آیت واذا قرئ القرآن ... الآیہ خطبہ، جمعہ اور جہری نمازوں میں امام کے پیچھے قرأت کی ممانعت کے بارے میں نازل ہوئی ہے۔ (تفسیر ابن کثیر جلد ۲ ص ۲۸۱) اور سعیدؒ بن جبیرؒ کے سکتات والے اثر کا جواب باب اوّل اعتراض ۱۱ کے جواب میں دیکھ لیں کہ نہایت کمزور اور ضعیف ہے۔

اثر عروہؒ[1] بن زبیرؓ (المتوفی ۹۴ھ) امام مالکؒ ہشامؒ بن عروہؒ اور وہ اپنے والد عروہؒ بن زبیرؓ سے روایت کرتے ہیں:

انه كان يقرأ خلف الامام اذا لم يجهر فيه الامام بالقرأة (موطا امام مالك ص۲۹ وكتاب القرأة ص۱۰)

کہ وہ امام کے پیچھے صرف ان نمازوں میں قرأت کیا کرتے تھے جن میں امام جہر سے قرأت نہیں کیا کرتا تھا۔

اثر ابراہیم نخعیؒ (المتوفی ۹۶ھ) ابوبکرؒ بن ابی شیبہؒ فرماتے ہیں کہ ہم سے ابوخالد الاحمرؒ[3] نے بیان کیا وہ اعمشؒ[2] سے اور وہ حضرت ابراہیم نخعیؒ سے روایت کرتے ہیں کہ انھوں نے فرمایا:

---

[1] امام نوویؒ لکھتے ہیں کہ ان کے مناقب بے شمار ہیں، ان کی جلالت علوئے مرتبت اور وفور علم پر سب کا اتفاق ہے فقہ میں ان کو اتنا کمال حاصل تھا کہ مدینہ منورہ کے سات مشہور فقہاء میں سے ایک فقیہ مانے جاتے تھے (تہذیب الاسماء جلد ۱ ص ۳۳۱) علامہ ذہبیؒ ان کو الامام اور عالم مدینہ لکھتے ہیں (تذکرہ جلد ۱ ص ۵۸) علامہ ابن سعدؒ ان کو ثقہ ثبت کثیر الحدیث فقیہ اور بلند قدر لکھتے ہیں (طبقات ابن سعد جلد ۵ ص ۱۳۳) ان کا علمی کمال اس قدر مسلّم تھا کہ بڑے بڑے حضرات صحابہ کرامؓ مسائل میں ان کی طرف رجوع کرتے تھے (البدایہ والنہایہ ۹ ص ۱۰۱) اس کمال کے باوجود اس قدر محتاط تھے کہ کوئی مسئلہ محض اپنی رائے سے نہ بیان کرتے تھے (تہذیب التہذیب جلد ۷ ص ۱۸۳)

[2] علامہ ذہبیؒ ان کو الامام، الحافظ، الحجۃ الفقیہ لکھتے ہیں (تذکرہ ۱ ص ۱۳۶)

[3] خالد الاحمر کا ترجمہ باب دوم حدیث ۲ میں اور ابراہیم نخعیؒ کا مقدمہ میں اور امام اعمشؓ کا حضرت اسودؒ ...

اقل ما احدث الناس القرأة خلف الامام وكانوا لا يقرأون (الجوهر النقی جلد ۲ صفحہ ۱۶۹)
یعنی لوگوں نے امام کے پیچھے قرأت کرنے کی بدعت ایجاد کی ہے۔ اور وہ (یعنی حضرات صحابہ کرامؓ و تابعینؒ) امام کے پیچھے قرأت نہیں کیا کرتے تھے۔

اور یہی مضمون بعینہٖ شمس الدین ابن قدامہؒ نے بھی نقل کیا ہے۔ (شرح مقنع جلد ۲ صفحہ ۱۲)

امام ابن قدامہؒ نقل کرتے ہیں کہ حضرت ابراہیمؒ نے فرمایا کہ لوگوں نے امام کے پیچھے قرأت کرنے کی بدعت مختار کے زمانے میں نکالی، کیونکہ وہ لوگوں کو دن کی نمازیں تو پڑھا دیا کرتا تھا۔ مگر رات کی نمازیں نہیں پڑھاتا تھا (اور حاکم ہونے کے باعث ناچار لوگوں کو اس کے پیچھے نمازیں پڑھنی پڑتی تھیں اس لیے) اس سے بدظن ہو کر لوگوں نے اس کے پیچھے قرأت شروع کر دی (مغنی ابن قدامہ جلد ۱ صفحہ ۵۶۲) اگر یہ نقل صحیح ہے تو امام کے پیچھے قرأت کرنے کے بدعت ہونے کا اس سے بڑھ کر اور کیا ثبوت مل سکتا ہے؟ تسلیم کرنے والے کے لیے یہ دلائل بڑے مضبوط اور ٹھوس ہیں البتہ نہ ماننے والے کا کوئی علاج نہیں۔

اثر قاسمؒ بن محمدؒ (المتوفی ۱۰۶ھ) امام مالکؒ یحییٰؒ بن سعیدؒ اور امام ربیعہؒ بن عبدالرحمنؒ

[۱] علامہ ذہبیؒ کا بیان ہے کہ قاسمؒ بن محمدؒ الامام القدوہ اور الفقیہ تھے (تذکرہ جلد ۱ صفحہ ۹۰) علامہ ابن سعدؒ لکھتے ہیں کہ وہ رفیع المنزلت و عالی مرتبت فقیہ امام اور بڑے حافظ حدیث تھے اور متورع تھے (طبقات جلد ۵ صفحہ ۱۴۳) امام نوویؒ لکھتے ہیں کہ وہ بڑے جلیل القدر تابعی ہیں۔ ان کی جلالت توثیق اور امامت پر سب کا اتفاق ہے (تہذیب الاسماء جلد ۱ صفحہ ۵۵) حافظ ابن کثیرؒ لکھتے ہیں کہ وہ احد الفقہاء المشہورین اور افضل اہلِ مدینہ اور اعلم اہلِ زمانہ تھے (البدایہ والنہایہ جلد ۹ صفحہ ۲۵) امام مالکؒ فرماتے تھے کہ قاسمؒ اس امت کے فقہاء میں تھے (تہذیب التہذیب جلد ۸ صفحہ ۳۳۴) ابوالزنادؒ کہتے ہیں کہ میں نے قاسمؒ سے زیادہ سنت کا عالم اور فقیہ نہیں دیکھا (تذکرہ جلد ۱ صفحہ ۹۱)

[۲] علامہ ذہبیؒ ان کو الحافظ، شیخ الاسلام، عالم اور قاضی المدینہ لکھتے ہیں (ایضاً صفحہ ۱۲۸)

[۳] علامہ ذہبیؒ لکھتے ہیں کہ وہ امام، حافظ، فقیہ اور مجتہد تھے۔ علامہ خطیبؒ کا بیان ہے کہ وہ فقیہ، عالم اور حافظ فقہ اور حدیث تھے (ایضاً جلد ۱ صفحہ ۱۴۸)

سے روایت کرتے ہیں اور وہ دونوں حضرت قاسمؒ بن محمدؒ سے کہ وہ کان یقرأ خلف الامام فیما لا یجھر فیہ الامام بالقرآۃ (موطا امام مالک ص۲۹) صرف ان نمازوں میں امام کے پیچھے قرأت کیا کرتے تھے جن میں امام جہر سے قرأت نہیں کرتا تھا۔ یہ اثر بھی جہری نمازوں میں ترک القرأت خلف الامام کے بارے میں بالکل روشن اور واضح ہے۔

امام اوزاعیؒ (المتوفی ۱۵۷ھ) بھی امام کے پیچھے قرأت کے قائل نہ تھے۔ جیسا کہ امام ابن قدامہؒ کے حوالہ سے نقل کیا جا چکا ہے اور شیخ الاسلام ابن تیمیہؒ کے فتاوی سے معلوم ہوتا ہے کہ وہ سری نمازوں میں امام کے پیچھے قرأت کے قائل تھے لیکن صرف استحباب کے طور پر چنانچہ وہ تحریر فرماتے ہیں:

ومذھب طائفۃ کالاوزاعیؒ وغیرہ من الشامیین یقرأھا استحبابا وھو اختیار جدنا انتھی (فتاوی جلد ۲ ص۱۴۶)

اور ایک گروہ کا یہ مسلک ہے جیسے امام اوزاعیؒ اور ان کے علاوہ دوسرے شام میں رہنے والے علماء کہ سورۂ فاتحہ کا پڑھنا صرف استحباب کے درجہ میں ہے اور اسی مسلک کو ہمارے دادا جان[1] نے اختیار کیا۔

کیا بعید ہے کہ حضرت عبادہؓ بن الصامت اور حضرت مکحولؒ وغیرہ شامی علماء اور ائمہ وغیرہ من الشامیین کی مد میں شامل ہوں اور امام کے پیچھے قرأت سورۂ فاتحہ کے صرف استحباب کے قائل ہوں، آخر شیخ الاسلامؒ کی بات ہے اور اس کی مزید تشریح اپنے مقام پر آئے گی۔ امام اوزاعیؒ کا ترجمہ مقدمہ میں نقل کیا جا چکا ہے۔

امام سفیان ثوریؒ (المتوفی ۱۶۱ھ) بھی سری اور جہری کسی نماز میں امام کے پیچھے کسی قسم کی قرأت کے قائل نہ تھے (جیسا کہ تفسیر معالم التنزیل جلد ۳ ص۱۲۶ اور تحفۃ الاحوذی جلد ۱ ص۲۵۷ وغیرہ میں اس کی تصریح موجود ہے) اور امام سفیان ثوریؒ کا ترجمہ مقدمہ میں نقل کیا جا چکا ہے۔

---

[1] علامہ ذہبیؒ ان کو الامام المجتہد شیخ الاسلام اور احد الاعلام لکھتے ہیں (تذکرہ جلد ۴ ص۲۷۰) مجد الدین لقب، عبد السلام نام اور ابو البرکات کنیت تھی (دیکھئے الجنۃ ص۳۸ فی الاسوۃ الحسنۃ بالسنۃ)

امام لیثؒ بن سعدؒ (المتوفی ۱۷۵ھ) کا مسلک بھی ترک القرأۃ خلف الامام تھا جیسا کہ مغنی ابن قدامہؒ کے حوالہ سے مقدمہ میں نقل کیا جا چکا ہے۔ حضرت مولانا السید العلامہ، بحر العلوم، سید الحفاظ محمد انور شاہؒ (المتوفی ۱۳۵۲ھ) تحریر فرماتے ہیں کہ ان کا مسلک بھی امام کے پیچھے ترکِ قراۃ ہی تھا جیسا کہ حافظ ابو عمرؒ بن عبد البرؒ نے استذکار میں لکھا ہے اور وجوب کا مسلک تو ہرگز نہ تھا جیسا کہ شیخ الاسلامؒ نے (فتاویٰ جلد ۲ ص ۴۲) میں لکھا ہے (فصل الخطاب ص ۸) امام لیث ابن سعدؒ کا ترجمہ بھی مقدمہ میں گزر چکا ہے۔

امام عبد اللہؒ بن المبارکؒ (المتوفی ۱۸۱ھ) امام بخاریؒ فرماتے ہیں کہ ابو وائلؒ حضرت ابن مسعودؓ سے روایت کرتے ہیں کہ امام کے پیچھے قرأت نہ کیا کرو، بلکہ خاموش رہا کرو۔ ابن مبارکؒ فرماتے ہیں کہ اس سے معلوم ہوا کہ جہری نمازوں میں امام کے پیچھے قرأت نہ کرنی چاہیئے کیونکہ انصات جہری نمازوں میں ہی ہو سکتا ہے (جزء القرأۃ ص ۸) اور جہری نمازوں میں ان کا محقق مسلک امام کے پیچھے ترک القرأۃ ہی تھا (معالم التنزیل جلد ۳ ص ۲۶۴، روح المعانی جلد ۹ ص ۱۳۵ اور تحفۃ الاحوذی جلد ۱ ص ۲۵۷ وغیرہ میں اس کی تصریح کی گئی ہے) اور تبییض الصحیفہ مصنفہ علامہ سیوطیؒ جو اپنے وقت کے سب سے بڑے حافظ تھے۔ (تحفۃ الاحوذی جلد ۱ ص ۲۱۲) کے حوالہ سے یہ بات نقل کی جا چکی ہے کہ امام عبد اللہؒ بن المبارکؒ نے فرمایا کہ جس مسئلہ پر حضرت امام ابو حنیفہؒ اور امام سفیان ثوریؒ مجتمع ہو جائیں تو وہی میرا مسلک ہوگا اور چونکہ یہ دونوں بزرگ سرّی نمازوں میں بھی امام کے پیچھے قرأت کے قائل نہ تھے۔ اس لیے یہی مذہب امام ابن مبارکؒ کا ہوگا۔

امام عبد اللہؒ بن وہبؒ (المتوفی ۱۹۷ھ) حضرت شاہ صاحبؒ لکھتے ہیں کہ امام ابن وہبؒ کا مسلک بھی امام ابن عیینہؒ کی طرح امام کے پیچھے ترکِ قرأت ہی ہے (فصل الخطاب ص ۹) اور محدث مولانا محمد زکریا صاحب اس کی تصریح کرتے ہیں کہ امام ابن وہبؒ اور علامہ اشہبؒ وغیرہ مالکی علماء کا یہی مسلک تھا کہ امام کے پیچھے قرأت نہیں کرنی چاہیئے

(اوجز المسالک جلد ۱ ص ۲۳۹) اور امام ابن وہبؒ کا ترجمہ حدیث ۱۷۱ کے ذیل میں نقل کیا جا چکا

امام سفیانؒ بن عیینہ (المتوفی ۱۹۸ھ) امام ابوداؤدؒ[1] فرماتے ہیں کہ ہم سے قتیبہؒ[2] بن سعیدؒ اور ابن ابی السرحؒ نے بیان کیا، وہ دونوں حضرت سفیانؒ بن عیینہؒ سے روایت کرتے ہیں کہ انھوں نے حضرت عبادہؓ بن الصامت کی مرفوع حدیث (لا صلوٰۃ لمن لم یقرأ بفاتحۃ الکتاب فصاعدًا او کما قال) کا یہ مطلب بیان کیا لمن یصلی وحدہ (ابوداؤد جلد ۱ ص۱۱۹) یعنی جو شخص تنہا نماز پڑھتا ہو تو اس کو سورۂ فاتحہ کی قرأت کرنی ہوگی، اور یہ حدیث مقتدی کو شامل نہیں ہے، مطلب ظاہر ہے کہ امام کے پیچھے قرأت نہیں کی جاسکتی امام ابن عیینہؒ کا ترجمہ بھی مقدمہ میں نقل کیا جاچکا ہے اور ابن ابی السرحؒ کا ترجمہ باب دوم حدیث ۲۱ میں نقل ہوچکا ہے۔

امام اسحاقؒ بن راہویہ (المتوفی ۲۳۸ھ) امام بغویؒ علامہ آلوسیؒ اور مبارکپوری صاحبؒ لکھتے ہیں کہ امام موصوف جہری نمازوں میں امام کے پیچھے قرأت کے قائل نہ تھے (معالم التنزیل جلد ۲ ص ۲۲۴، روح المعانی جلد ۹ ص ۱۳۵ اور تحفۃ الاحوذی جلد ۱ ص ۲۵۷) امام موصوفؒ کا ترجمہ مقدمہ میں نقل کیا جاچکا ہے۔

قارئین کرام! ہم نے بعض حضرات تابعینؒ و اتباع تابعینؒ کے آثار باب اول میں (مثلاً حضرت محمدؒ بن کعبؒ، مجاہدؒ بن جبیرؒ، حسن بصریؒ، ابوعالیہ الریاحیؒ اور امام زہریؒ وغیرہ کے آثار) اور بعض دیگر اکابر علماء امت اور حضرات ائمہ اربعہؒ کے اقوال مقدمہ میں پوری تفصیل کے ساتھ عرض کردیے ہیں اور گو ان کے علاوہ ابھی بہت سے آثار اور اقوال اس مضمون کے موجود ہیں۔ لیکن چونکہ ان حضرات کے مسلک کے سمجھنے میں فریق ثانی کو ایک نمایاں غلط فہمی ہوئی ہے۔ اس لیے ہم نے خصوصیت کے ساتھ ان کے نام پیش کیے ہیں، ورنہ مقدمہ میں اجماع نقل کیا جاچکا ہے اور اس کے بعد مزید کسی اور صراحت اور وضاحت اور تشریح کی ضرورت باقی نہیں رہتی۔

وفیہ کفایۃ لمن لہ ہدایۃ۔

---

[1] امام ابوداؤدؒ صاحب سنن (المتوفی ۲۷۵ھ) علامہ ذہبیؒ لکھتے ہیں کہ وہ الامام، الثبت اور سید الحفاظ تھے (تذکرہ جلد ۲ ص۱۵۲)

[2] قتیبہؒ بن سعیدؒ کو علامہ ذہبیؒ الشیخ، الحافظ اور محدث خراسان لکھتے ہیں (تذکرہ جلد ۲ ص۳)

حضرات! آپ ملاحظہ کر چکے ہیں کہ آیت واذا قرئ القرآن ... الآیۃ کا شانِ نزول صحیح روایات اور اجماع امت سے قرأۃ خلف الامام کا مسئلہ ہے اور اکیس عدد صحیح اور مرفوع روایات سے امام کے پیچھے قرأت کی ممانعت اس کتاب میں ثابت کی جا چکی ہے۔ اور آں حضرت صلی اللہ تعالیٰ علیہ وآلہ وسلم کا آخری عمل بھی اس کی تائید کرتا ہے اور متعدد صحیح اور مرفوع حدیثوں سے خاص فاتحہ کا لفظ بھی نقل کیا جا چکا ہے اور فریقِ ثانی کی ہر طرح سے منہ مانگی مرادیں بھی پوری کی جا چکی ہیں اور حضرات صحابہ کرامؓ کی وہ جماعت جن سے باقرار فریقِ ثانی، دین، علم فقہ اور حدیث مروی اور منقول ہے۔ وہ بھی امام کے پیچھے قرأت کے قائل نہیں تھے۔ اور جلیل القدر حضرات تابعینؒ و اتباع تابعینؒ اور دیگر بڑے بڑے حضرات محدثینؒ اور فقہاءؒ بھی امام کے پیچھے قرأت کے قائل نہ تھے اور جہری نمازوں میں تو امام کے پیچھے قرأۃ کو مخالف قرآن شاذ منکر اور اجماع کے خلاف سمجھتے تھے، جیسا کہ شیخ الاسلامؒ کے حوالہ سے نقل کیا جا چکا ہے اور جو سری نمازوں میں امام کے پیچھے قائل بھی تھے۔ وہ بھی صرف استحباب کے درجہ میں اور آپ یہ بھی دیکھ چکے ہیں کہ مانعین قرأۃ خلف الامام صرف احناف ہی نہیں ——— (جس طرح کہ فریقِ ثانی نے تمام دنیا کے حنفی حضرات کو کھلا اور انعامی چیلنج دے کر یہ مغالطہ دینے کی ناکام کوشش کی ہے کہ یہ صرف احناف کا قول اور ان کا مسلک ہے) بلکہ جمہور اہل اسلام اور فقہاءؒ و محدثینؒ کا یہ محقق مسلک ہے اور فریقِ ثانی نے غلطی کی وجہ سے صرف احناف کے معتبر علماء مفتی محمد کفایت اللہ صاحبؒ، مولانا حسین احمد صاحب مدنیؒ، اور مولانا شبیر احمد صاحبؒ کی خدمت میں چیلنج پیش کر کے یہ سمجھنے یا سمجھانے کی بالکل ناکام سعی کی ہے کہ یہ مسئلہ صرف ان کا ہے اور آپ یہ بھی دیکھ چکے ہیں کہ پیش کردہ روایات میں کم و بیش پچانوے ۹۵ فی صدی روات وہ ہیں، جو ثقہ، ثبت، حافظ اور حجت ہونے کے علاوہ بخاری اور مسلم کے مرکزی روات ہیں اور تقریباً پانچ فی صدی وہ راوی ہیں جن میں بعض حضرات محدثین کرامؒ نے کلام کیا ہے، لیکن ان کو بھی نوے ۹۰ فی صدی اور جمہور محدثینؒ ثقہ کہتے ہیں اور ان کی روایتوں کو صحیح، حسن، صالح، جیّد اور قوی کہتے ہیں، جیسا کہ آپ دیکھ چکے ہیں اور لطف کی بات یہ ہے کہ ان روات کی (بغیر تین چار کے حالانکہ جمہور محدثینؒ کے نزدیک وہ بھی ثقہ ہیں) ثقاہت اور عدالت فریقِ ثانی کے

نزدیک بھی مُسلّم ہے۔ صرف ان پر تدلیس تخلیط تغیر یسیر وہم اور تفرد وغیرہ کے معمولی الزامات لگائے گئے ہیں یا مرفوع کو موقوف اور موصول کو مرسل کہنے کی بے جا سعی کی گئی ہے اور یا محض اپنی مرضی یا معمولی سے شبہ کی بنا پر مطلق قرأت کو مقید کرنے کی بعید از انصاف کاوشش کی گئی ہے، اب ذرا فریق ثانی کی پیش کردہ روایات اور ان کے رواۃ اور رجال کا حال بھی دیکھ لینا تاکہ آپ کو معلوم ہو جائے کہ فریق ثانی کتنے پانی میں ہے۔ ان تمام پیش کردہ دلائل کو سامنے رکھ کر میں فریق ثانی کے اہلِ علم طبقہ سے نہایت مؤدبانہ اور مبنی بر انصاف مطالبہ بلکہ دردمندانہ اپیل کرتا ہوں کہ وہ حق کا ساتھ دے اور تعصب اور غلو سے کام نہ لے اور اگر وہ کسی خاص مصلحت کے پیش نظر اپنی پارٹی کا ساتھ نہ چھوڑ سکے یا نہ چھوڑنا چاہے تو اس چیلنج بازی سے باز آجائے اور یہ الفاظ اور نظریہ واپس لے لے کہ

جو شخص امام کے پیچھے ہر رکعت میں سُورہ فاتحہ نہ پڑھے۔ اس کی نماز ناقص ہے، کالعدم ہے، بیکار ہے اور باطل ہے (انتہٰی بلفظہٖ دیکھئے فصل الخطاب ص۵۔ جس میں تمام دنیا کے علمائے احناف کو کھلا چیلنج دیا گیا ہے)

اس سے قبل کہ باب چہارم شروع کیا جائے یہ کہہ دینا نہایت ضروری سمجھتا ہوں (اور سخن ہائے گفتنی میں بھی عرض کیا جا چکا ہے) کہ ہر مقام پر حضرات محدثین کرامؒ اور فقہائے عظامؒ کے ناموں کے قبل، امام، علامہ، محدث، فقیہ یا حضرت وغیرہ کے توصیفی القاب نہیں لکھے جا سکے۔ اس لیے کہ ان کے نام بار بار آتے رہتے ہیں، ورنہ نہ صرف یہ کہ مجھے ان سے عشق اور محبت ہے، بلکہ ان کے نام لینے کو موجب نزولِ رحمتِ خداوندی سمجھتا ہوں۔ کیونکہ انہیں کی کاوشش اور سعی کی بدولت قرآنِ کریم اور حدیث شریف ہم تک پہنچی ہے اور اللہ تعالیٰ کی ذاتِ گرامی اور آں حضرت صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کی عظیم الشان ہستی تک ہماری رسائی کا عالم اسباب میں یہی اکابر بہترین ذریعہ اور وسیلہ ہیں اور جہاں ان اکابر سے (خصوصاً حضرت امام بخاریؒ اور امام بیہقیؒ وغیرہ) علمی اور تحقیقی رسّہ کشی کی گئی ہے، تو حاشا و کلا ثم حاشا و کلا کہ اس سے ان کی تذلیل اور تحقیر مراد نہیں کیونکہ ان کی تذلیل کو بفحوائے حدیث من عادٰی لی ولیا فقد بارزنہ بالحرب۔ اللہ

تعالیٰ کی ذات سے اعلانِ جنگ کے مترادف سمجھتا ہوں۔ (العیاذ باللہ تعالیٰ) بلکہ جہاں بھی ان اکابر سے اختلاف کیا گیا ہے۔ وہ صرف ان کی پیش کردہ دلیل کی خامی بتلانا مقصود ہے، وکل احد یؤخذ عنہ ویترک الا قول رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم۔ ایک بات اور خصوصی طور پر قابلِ ذکر ہے، وہ یہ کہ راقم الحروف نے فریقِ ثانی کی طرف سے پیش کردہ اعتراضات کے مفہوم کو اختصاراً اپنی عبارت میں پیش کیا ہے، مگر صرف بعض مواقع پر الفاظ بھی انھیں کے ہیں جہاں انتہیٰ بلفظہٖ یا بلفظہٖ وغیرہ لکھ کر اشارہ کر دیا ہے۔ ہاں البتہ ان کی کتابوں کے حوالے ضرور درج کر دیے گئے ہیں تاکہ مزید تسلّی اور اطمینان کے لیے اصل کتاب کی طرف بآسانی مراجعت کی جاسکے۔ مجھے اپنی علمی بے بضاعتی کا علم ہے۔ معصومیت کا دعوے کب ہو سکتا ہے؟ اور حضرات انبیاء کرام علیہم الصلوٰۃ والسلام کے بغیر معصوم ہے کون؟ و العصمۃ بید اللہ تعالیٰ وحدہٗ۔

چوتھا باب

قرآن کریم، صحیح احادیث، آثار حضرات صحابہ کرامؓ، تابعینؒ واتباع تابعینؒ وغیرہم سے بلکہ جمہور امت سے یہ بات ثابت کی جاچکی ہے کہ امام کے پیچھے قرأت کرنا صحیح نہیں ہے اور جہری نمازوں میں تو مخالف اجماع اور شاذ و منکر ہے۔ قرآن کریم، حدیث شریف اور اجماع امت کے بعد کسی اور دلیل کی نہ گنجایش ہے اور نہ ضرورت، لیکن ہم محض تکمیلِ فائدہ کے لیے نہایت اختصار سے چند عقلی ترجیحی اور قیاسی دلائل بھی اس باب میں عرض کردیتے ہیں تاکہ اصولِ فقہ کی رُو سے قرآن کریم[1]، حدیث شریف[2]، اجماعِ[3] امت اور قیاس[4] کے جملہ دلائل سے آپ کو جمہور اہلِ اسلام کا محقق مسئلہ معلوم ہوجائے کہ امام کے پیچھے مقتدیوں کو سورۂ فاتحہ وغیرہ کسی قسم کی قرأت کرنا درست اور صحیح نہیں ہے۔

پہلی دلیل: علامہ[1] حازمیؒ (المتوفی ۵۸۴ھ) لکھتے ہیں کہ اگر ایک طرف کی حدیث ظاہر

---

[1] ابوبکر محمدؒ بن موسیٰؒ بن عثمان الشافعیؒ علامہ ذہبیؒ لکھتے ہیں کہ وہ الامام، الحافظ، البارع اور النسابہ تھے، نیز لکھتے ہیں کہ وہ ثقہ، حجت، نبیل، زاہد، عابد، متورع اور من الائمۃ الحفاظ تھے (تذکرہ جلد ۴ صـ۱۵۱) اور علامہ تاج الدین السبکیؒ (المتوفی ۷۷۱ھ) ان کو امام متقن اور مبرز لکھتے ہیں (طبقات الشافعیہ، جلد ۴ صـ۱۸۹)

قرآن کے موافق ہو، اور دوسرے طرف کی ایسی نہ ہو، تو وہ حدیث قابلِ اخذ اور حجت ہوگی جو ظاہر قرآن کے موافق ہوگی۔ (کتاب الاعتبار ص۱۱) امام کے پیچھے ترکِ قرأت کی روایتیں نہ صرف یہ کہ ظاہر قرآن کے مطابق ہیں، بلکہ آیت واذا قرئ القرآن ... الآیۃ کا شانِ نزول ہی بالاجماع مسئلہ خلف الامام ہے، جس کی پوری تشریح باب اوّل میں عرض کی جا چکی ہے اور فریقِ ثانی کی طرف سے پیش کردہ روایات کی تائید میں قرآن کریم کی کوئی آیت موجود نہیں ہے، لہٰذا جمہور کے مسلک کو ترجیح ہوگی۔ مؤلف خیر الکلام نے ص۵۲۹ اور ص۵۳۱ میں اس کا جو جواب دیا ہے وہ بالکل غیر متعلق ہے۔ اوّلاً — اس لیے کہ انصات و استماع قرأت فی السّر کے منافی ہیں۔ کما مرّ وثانیاً — خلف الامام کی قید سے روایت نہ صحیح ہے اور نہ مشہور پھر اس سے تخصیص کیسی؟ وثالثاً — اختلاف نفسِ وجوب فاتحہ کا نہیں ہے جس کے لیے انھوں نے تین آیتیں پیش کی ہیں۔ (جو اصل مسئلہ سے بھی غیر متعلق ہیں) بلکہ اختلاف وجوب یا ترک فاتحہ خلف الامام میں ہے اور مقتدی کے لیے بحالتِ قرأتِ امام جواز اور اباحت قرأت کے لیے کوئی آیت موجود نہیں ہے محض کشید ہے بخلاف ترکِ قرأۃ خلف الامام کے کہ اس پر بالاجماع آیت واذا قرئ القرآن ... الآیۃ دلیل ہے۔

دوسری دلیل: علامہ موصوفؒ لکھتے ہیں کہ اگر ایک جانب کی حدیث پر اکثر امت کا عمل ہو اور دوسری جانب اتنا عمل نہ ہو تو اس روایت کو ترجیح ہوگی، جس پر جمہور امت کا اتفاق ہوگا۔ (ایضاً ص۱۱) اور امام کے پیچھے قرأت کے ترک کرنے کا مسئلہ جمہور امت کے اقوال اور عبارات سے آپ معلوم کر چکے ہیں۔ اس اعتبار سے بھی مانعین قرأت خلف الامام کی احادیث اور مسلک کو ترجیح ہوگی۔ مؤلف خیر الکلام ص ۵۳۱ میں اس کا جو جواب دیتے ہیں وہ بالکل ناکام ہے کیونکہ عام کی تخصیص اور مطلق کی تقیید اور تطبیق و ترجیح کا سوال وہاں پیدا ہوتا ہے جہاں دونوں دلیلیں مساوی ہوں اور یہاں ایسا نہیں ہے کیونکہ خلف الامام کی قید سے کوئی روایت صحیح نہیں ہے اور نزاع محض فاتحہ کے ایجاب کا نہیں جس کی حدیث صحیح ہے بلکہ فاتحہ برائے مقتدی میں نزاع ہے اور آیت انصات قطعی ہے وہ بھلا حضرت ابوہریرہؓ کی ضعیف حدیث سے کیونکر منسوخ ہو سکتی ہے؟ اور بعد و دسے چند حضرات صحابہ کرامؓ کے بغیر باقی تمام حضرات قرنِ اوّل میں خلف الامام

قراۃ کے منکر تھے اور بعد کے لوگوں کی اکثریت کا تو مؤلف مذکور کو بھی دبی زبان سے اقرار ہے اور قرأۃ خلف الامام سے منع کرنیوالے بے شمار حضرات صحابہؓ اور تابعینؒ تھے بلکہ وہ تو منہ میں پتھر اور مٹی ڈالنے پر بھی اتر سے ہوئے تھے اور احناف کا مذہب باحوالہ گذر چکا ہے کہ منع قرأۃ خلف الامام ہے۔ اس لیے ترک القرأۃ خلف الامام جمہور کا مسلک ہونا واضح ہے۔ لا شك فيه۔

تیسری دلیل: علامہ موصوفؒ لکھتے ہیں کہ اگر ایک طرف آں حضرت صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کی قولی حدیث کے ساتھ آپ کا عمل بھی موجود ہو۔ اور دوسری طرف صرف آپ کا قول ہو تو آپ کی اس حدیث کو ترجیح ہوگی جس پر آپ کا قول اور فعل دونوں موجود ہوں۔ (کتاب الاعتبار ص ۱۱) اور باب دوم میں آپ کی بہت سی قولی صحیح اور مرفوع حدیثوں کے علاوہ حدیث ۲۰ میں آپؐ کا آخری عمل بھی پیش کیا جا چکا ہے کہ آپنے بظاہر ساری سورۃ فاتحہ ترک کی اور آپ کے سامنے حضرت ابوبکرۃؓ کی عملی اور فعلی حدیث بھی نقل کی جا چکی ہے۔ اور ایسی کوئی روایت بسندِ صحیح نہیں پیش کی جاسکتی کہ آپ نے اقتداء کی حالت میں امام کے پیچھے سورۃ فاتحہ کی قرأت کی ہے۔ ومن ادعی فعلیہ البیان دیدہ باید؛ اگر قرأت خلف الامام کی روایتیں صحیح بھی ہوں تب بھی ان کو ترجیح نہیں دی جاسکتی حالانکہ ان میں ایک بھی صحیح نہیں ہے۔ اس میں بھی مؤلف خیر الکلام نے ص ۲۱۵ میں کلام کیا ہے مگر معقول نہیں کیونکہ باحوالہ ثابت کیا جا چکا ہے کہ آپ پہلے مقتدی تھے۔ پھر آپ نے امامت اختیار کی اور بالاجماع اور باقرار مؤلف مذکور قرأت سورۃ فاتحہ سے شروع ہوتی ہے اور وہی آپ سے چھوٹ گئی تھی اور بایں ہمہ نماز ہوگئی، قرأت سے نماز مراد لینا بے دلیل ہے اور یہ ترک فاتحہ کلاً یا بعضاً عذر کی وجہ سے نہ تھا بلکہ اقتداء کی وجہ سے تھا۔

چوتھی دلیل: علامہ موصوفؒ لکھتے ہیں کہ اگر ایک طرف کی روایت قیاس کے موافق ہو اور دوسری قیاس کے موافق نہ ہو تو اس روایت کو ترجیح ہوگی جو قیاس کے مطابق ہوگی (کتاب الاعتبار ص ۱۱) اور امام کے پیچھے قرأت ترک کرنا قیاس کے مطابق ہے، اور فریق ثانی کا بھی اس امر پر اتفاق ہے کہ ما زاد علی الفاتحۃ کی قرأت اور اسی

طرح مقتدیوں کو جہر بالقراۃ کرنے کی اجازت نہیں ہے۔ کیونکہ ماذا د علی الفاتحۃ کی قرأت اور جہر سے پڑھنا امام کا فریضہ ہے تو اس پر سورۃ فاتحہ کی قرأت کو قیاس کر لیں۔ ہاں اگر کسی صحیح سند کے ساتھ امام کے پیچھے مقتدیوں کو قرأت کرنے کی اجازت ہوتی تو الگ بات تھی۔ اس صورت میں قیاس نص کے مقابلہ میں باطل ہوتا۔ مگر خلف الامام کی ایک روایت بھی صحیح نہیں ہے، جیسا کہ بیان ہوگا۔ مؤلف خیر الکلام کا فاتحہ کو نماز کی صحت کے لیے شرط قرار دینا اور قرآن کی قرأت کو رکن قرار دینا بجا ہے مگر مقتدی کے لیے دونوں شرط نہیں اور نزاع صرف اس میں ہے اور ماذاد کو بالاجماع عدم رکن قرار دینا غیر مسلّم ہے قرأت کے سلسلے میں فاتحہ اور ماذاد کا ایک ہی حکم ہے امام اور منفرد کے لیے دونوں ہیں اور اور مقتدی کے لیے دونوں نہیں۔ اس لیے ترک قراۃ للمقتدی ہی قیاس کے مطابق ہے۔

پانچویں دلیل: اگر ایک طرف کی حدیث مُحرّم اور دوسری طرف کی مُبیح ہو تو مُحرّم کو ترجیح ہوگی۔ چنانچہ نواب صدیق حسن خاں صاحبؒ لکھتے ہیں کہ حظر مقدم باشد بر جانب اباحت (بدور الاہلہ ص ۱۸) اور یہ گذر چکا ہے کہ اللہ تعالیٰ نے اور آں حضرت صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے فاستمعوالہ وانصتوا اور واذا قرأ فانصتوا وغیرہ امر کے الفاظ سے مقتدیوں کو قرأت سے منع کیا ہے اور خدا تعالیٰ اور اس کے برحق رسول صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کے حکم اور امر کا خلاف کرنا یقیناً حرام ہے۔ اور حضرات صحابہ کرامؓ اور تابعینؒ کے جو تہدیدی الفاظ نقل ہو چکے ہیں (کہ امام کے پیچھے قرأت کرنے والے کے منہ میں چنگاری ہو، خاک ہو، نتن ہوں، پتھر ہوں وغیرہ وغیرہ) وہ اس پر مستزاد ہیں۔ اس لیے مُحرّم کو مُبیح پر ترجیح ہوگی۔ اور اس لحاظ سے بھی جمہور کی دلیل کا پلہ بھاری رہے گا۔ مؤلف خیر الکلام کا ایجاب فاتحہ خلف الامام کا دعویٰ کرکے اور ترک قرأت کو تحریم سے تعبیر کرکے ترجیح دینا مردود ہے کیونکہ ایجاب فاتحہ خلف الامام کی جب سرے سے کوئی حدیث ہی صحیح نہیں تو پھر راجح و مرجوح کا کیا سوال؟ اور قرآن کریم و حدیث شریف سے ثابت ہے، کہ مقتدی کو خلف الامام استماع و انصات کا وجوبی حکم ہے پھر تحریم کہاں سے ہے؟

چھٹی دلیل: اس امر پر تمام محدثینؒ اور فقہاءؒ کا اتفاق ہے جن میں خصوصیت سے حضرت امام بخاریؒ اور امام بیہقیؒ قابل ذکر ہیں کہ امام کا سُترہ مقتدیوں کو کافی ہے اور ان کو الگ سُترے

کی ضرورت نہیں ہے (دیکھئے بخاری جلد ۱ ص ۱۰۷ اور سنن الکبریٰ جلد ۲ ص ۳۵۷) جب وہی امام، نماز اور مقتدی جمع ہیں تو امام کی قرأت مقتدیوں کو کیوں کافی نہیں ہے؟ جب کہ ما سوا علی الفاتحۃ کی قرأت میں سب کے نزدیک امام کفایت کرتا ہے۔ مؤلف خیر الکلام کا یہ کہنا کہ سترہ نماز کے ارکان اور شرائط سے نہیں قرأۃ نماز کے ارکان سے ہے.... الخ صحیح نہیں ہے کیونکہ جیسے سترہ رکن نہیں اسی طرح مقتدی کے لیے قرأت بھی رکن نہیں مطلق نماز کا جھگڑا نہیں بات مقتدی کی ہو رہی ہے اور جیسے سترہ آگے ہونے کی وجہ سے بقول مؤلف خیر الکلام بمنزلہ کعبہ ہے اور سب کے لیے ایک ہی کعبہ کافی ہے تو اسی طرح امام بھی سب کے آگے ہوتا ہے اور قرأت میں سب کی کفایت کرتا ہے۔ لہٰذا امام کی قرأت اور سترہ سب کے لیے کافی ہے۔

ساتویں دلیل: صاحب امر کے آخری قول و فعل سے بظاہر یہی متبادر ہو سکتا ہے کہ پہلا قول اور فعل منسوخ قرار دیا جائے۔ اور اس سے کیا کم ہو سکتا ہے کہ اگر آخری عمل ناسخ نہ ہو۔ تب بھی ترجیح تو اس کو بہر حال ہوگی جیسا کہ حضرت امام بخاریؒ نے ایک مقام پر ارشاد فرمایا ہے وانما یؤخذ بالآخر فالآخر من فعل النبی صلی اللہ علیہ وسلم (بخاری جلد ۱ ص ۹۵)

---

[1] شیخ الاسلام ابن تیمیہؒ لکھتے ہیں: الامام یحمل عن المأمومین السھو وکذا القرأۃ عند الجمھور (منہاج السنۃ جلد ۳ ص ۱۹) امام سہو میں اور جمہور کے نزدیک قرأت میں مقتدیوں کی طرف سے کافی ہوتا ہے۔ اور حضرت عبد اللہ رضؓ بن عباسؓ نے ایک جنازہ پر بلند آواز سے قرأت کی۔ پھر ارشاد فرمایا: وانما جھرت لاعلمکم انھا سنۃ والامام کفاھا (منتقی ص ۲۶۴) میں نے جہراً اس لیے قرأت کی ہے تاکہ تمہیں اس کا سنت ہونا معلوم ہو جائے ورنہ امام کی قرأت کافی ہے۔ اور حضرت شاہ صاحبؒ لکھتے ہیں کہ حدیث آتی ہے لا صلوٰۃ الا بخطبۃ کہ خطبے بغیر نماز نہیں ہو سکتی، حالانکہ فریق ثانی بھی متفق ہے کہ خطبہ پڑھنا صرف امام کا کام ہے۔ (فیض الباری جلد ۲ ص ۷۷) بہر حال جب امام ما سوا علی الفاتحۃ، سترہ، سہو اور خطبہ وغیرہ میں کفایت کرتا ہے۔ اور لطف یہ ہے کہ باقرار فریق ثانی تو قرأت میں بھی یقیناً وہ کفایت کر سکتا ہے۔

یعنی آں حضرت صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کا سب سے آخری فعل ہی قابلِ عمل ہوگا۔ اور آپ پڑھ چکے ہیں کہ آں حضرت صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے آخری نماز میں باقرار قاضی شوکانی رح پوری سورۃ فاتحہ بحالت اقتداء ترک کی مگر آپ کی نماز صحیح ہو گئی اور آپ کے آخری فعل کے حجت ہونے میں کیا شک ہو سکتا ہے۔

مؤلف خیر الکلام کا حضور علیہ السلام کی ابتداءً اقتداء کا اور پھر ترک فاتحہ کلاً یا بعضاً کا انکار کرنا بالکل مکابرہ ہے جب یہ روایات سے ثابت ہے کہ امر تو انکار کا کیا معنیٰ ؟ باقی نماز میں قیام وقعود اور نیابت وغیرہ میں عذر تو شریعت نے خود بتایا ہے مگر قرأت اور ترک قرأت میں عذر اور غیر عذر کا کوئی فرق نہیں کیا اس لیے قرأت یا ترک قرأت کو دیگر امور پر قیاس کرنا جیسا کہ مؤلف خیر الکلام نے کیا ہے قیاس مع الفارق ہے جو قابلِ سماعت نہیں ہے۔

آٹھویں دلیل : آں حضرت صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے ارشاد فرمایا کہ الامام ضامن[1] امام ضامن اور کفیل ہے ضامن اور کفیل جب قرض وغیرہ ادا کر دے تو اصل مقروض سبکدوش ہو جائے گا۔ آں حضرت صلی اللہ علیہ وسلم نے متعدد حضرات صحابہ کرامؓ کے ابتداءً اس لیے جنازے نہیں پڑھائے تھے کہ وہ مقروض تھے اور ان کے پاس قرض کی ادائیگی کا کوئی ذریعہ نہ تھا۔ اور جب ان کے قرض کو ان حضرات صحابہ کرامؓ نے اپنے ذمہ لے لیا جو زندہ تھے۔ اور ان کے کفیل اور ضامن بن گئے تو آپ نے اصل کو بری الذمہ سمجھتے ہوئے ان کا جنازہ پڑھا دیا۔

---

[1] یہ روایت حضرت ابوہریرہؓ سے مروی ہے وہ فرماتے ہیں کہ آنحضرت صلی اللہ تعالیٰ علیہ وآلہ وسلم نے ارشاد فرمایا: الامام ضامن امام مقتدیوں کا ضامن اور کفیل ہے۔ یہ روایت ابوداؤد جلد ۱ صـ۸۴، ترمذی جلد ۱ صـ۳۰، معجم صغیر طبرانی ص ۱۲۳، اور مسند احمد جلد ۲ صـ۴۱۹ وغیرہ میں موجود ہے۔ صاحب تنقیح کہتے ہیں کہ مسند احمد کی روایت علی شرط مسلم صحیح ہے اور علامہ زیلعیؒ فرماتے ہیں کہ یہ سند صحیح ہے (نصب الرایہ جلد ۱ صـ۵۸) علامہ ہیثمیؒ لکھتے ہیں کہ بزارؒ نے یہ روایت بیان کی ہے، ورجاله کلهم موثقون (مجمع الزوائد جلد ۲ صـ۲) اس کے تمام راوی ثقہ ہیں اور یہ روایت حضرت ابوامامہ باہلیؓ سے بھی مروی ہے کہ آں حضرت صلی اللہ تعالیٰ علیہ وآلہ وسلم نے فرمایا: الامام ضامن (الحدیث) علامہ ہیثمیؒ لکھتے ہیں کہ امام احمدؒ نے اور طبرانیؒ نے معجم کبیر میں یہ روایت بیان کی ہے ورجاله موثقون طبرانی کے سب راوی ثقہ ہیں (مجمع الزوائد جلد ۲ صـ۲)

(دیکھیے بخاری ومسلم وغیرہ) باقی باریک فقہی تدقیقات کا یہ مقام نہیں ہے ہم ان کو یہاں نہیں چھیڑتے۔ لہٰذا جب امام سورۂ فاتحہ کی قرآت کرے تو مقتدیوں کو کافی ہوگی جیسے کہ ما زاد علی الفاتحۃ کی قرآت بالاتفاق مقتدیوں سے ساقط ہے اور امام کی قرآت ہی کفایت کرتی ہے۔ مؤلف خیر الکلام صفحہ ۵۲۵ میں لکھتے ہیں کہ اگر ایک شخص کا بہت سے آدمیوں نے سو سو روپیہ ادا کرنا ہو تو یہ نہیں ہو سکتا کہ ایک شخص کفیل ان سب کی اور اپنی طرف سے ایک سو روپے دے کر سب کی ذمہ داری سے بری ہو جاتے ۔۔۔۔ الخ

الجواب: مگر یہ سب کچھ ان کی قلتِ فہم کا نتیجہ ہے کیونکہ یہاں ایک آدمی کا بہت سے آدمیوں نے نہیں دینا بلکہ کئی آدمیوں پر صرف سو روپیہ ہے اور اس کو کفیل ادا کر رہا ہے۔ کیونکہ قرآت جماعت کی نماز میں صرف ایک ہے اور ما زاد علی الفاتحۃ میں تو فریقِ ثانی کو بھی مسلّم ہے کہ امام اور کفیل سب کی طرف سے ادا کر رہا ہے۔ منفرد ہوتے تو ان کو خود پڑھنی ہوتی، لیکن یہاں بحث تو مقتدی کی ہو رہی ہے اور اس پر سرے سے قرآت ہی نہیں جو ہے وہ امام ادا کر رہا ہے۔

نویں دلیل: امام طحاویؒ نے ترکِ قرآت خلف الامام پر متعدد مرفوع حدیثیں اور آثار حضرات صحابہ کرام رضی اللہ عنہم و تابعینؒ وغیرہم نقل کرنے کے بعد اپنی عادت کے مطابق نظرِ فقہی اور عقلی دلیل یوں بیان کی ہے۔ اگر کوئی شخص رکوع کی حالت میں امام کے ساتھ شریک ہو جائے اور سورۂ فاتحہ اس سے کلیتہً چھوٹ چکی ہو تو جمہور اہلِ اسلام کے نزدیک (جس کی تحقیق اپنے مقام پر آئیگی۔ اور دو مرفوع روایتیں اور متعدد حضرات صحابہ کرامؓ کے اقوال پہلے نقل بھی ہو چکے ہیں) اس کی وہ رکعت بالکل صحیح اور درست ہے۔ اگر تکبیر تحریمہ اور قیام (جس میں کم از کم تکبیر تحریمہ ادا ہو سکتا ہو) کی طرح مقتدی پر سورۂ فاتحہ بھی پڑھنی لازم اور فرض اور رکن ہوتی تو جیسے تکبیر تحریمہ اور قیام اس سے ساقط نہیں ہوتے اسی طرح اس پر سورہ فاتحہ کا پڑھنا بھی فرض ہوتا اور بغیر اس کے اس کی نماز نہ ہو سکتی۔ حالانکہ جمہور کے نزدیک اس کی یہ رکعت بالکل صحیح ہے۔ اس سے معلوم ہوا کہ مقتدی پر سورۂ فاتحہ کا پڑھنا ضروری نہیں ہے۔ وہو المطلوب (محصلہ طحاوی جلد ۱ صفحہ ۱۲۸) تو لف خیر الکلام کہتے ہیں کہ رکوع میں ملنے سے رکعت کا ہو جانا ان احادیث کے منافی نہیں جن میں آتا ہے کہ نماز میں ایک بار فاتحہ پڑھنی چاہیے جیسا کہ ہدایہ اور فتح الباری کے حوالہ سے گذر چکا ہے۔ ہاں ان احادیث کے منافی ہے

جن میں ہر ہر رکعت میں فاتحہ کا ذکر آتا ہے اس صورت کو خاص کر لیا جائے گا یا عذر شرعی پر محمول ہوگا۔ (محصلہ ص ۱۳۶ھ)

الجواب: جس طرح یہ صورت رکوع والی رکعت کے منافی نہیں، اسی طرح یہ ان احادیث کے عین مطابق ہے جن میں قرأت صرف امام کا فریضہ بتلایا گیا ہے باقی مقتدی کے لیے ہر ہر رکعت میں بلکہ کسی بھی رکعت میں قرأت کا سوال ہی پیدا نہیں ہوتا، اس لیے نہ تو یہاں منافاۃ کا سوال ہے اور نہ تخصیص اور عذر شرعی پر حمل کرنے کی ضرورت پیش آتی ہے۔

دسویں دلیل: بحر العلوم، حجۃ الاسلام اور شیخ الاسلام حضرت مولانا محمد قاسم نانوتوی رح (المتوفی ۱۲۹۷ھ) بانی دار العلوم دیوبند نے عقلی رنگ میں یہ مسئلہ یوں سمجھانے کی کوشش کی ہے کہ ہر چیز کا صرف ایک طول اور ایک ہی عرض ہوتا ہے۔ سو باعتبار طول کے ایک رکعت ایک نماز ہے اور ہر رکعت میں سورۃ فاتحہ کا پڑھنا ضروری ہے۔ اور باعتبار عرض کے امام اور مقتدی کی نماز ایک ہے۔ تو یہاں بھی ایک ہی سورۂ فاتحہ کافی ہوگی جس کو امام ادا کر رہا ہے۔ اور اگر امام اور مقتدی کے لیے الگ الگ اور جدا جدا سورۂ فاتحہ ضروری ہو تو اس سے یہ لازم آئے گا کہ ایک چیز کے لیے ایک سے زیادہ عرض ثابت ہو اور یہ اصول موضوعہ کے خلاف ہے (توثیق الکلام ص۹، تبغییر) مؤلف خیر الکلام لکھتے ہیں کہ ہر رکن چونکہ امام اور مقتدی کو الگ الگ ادا کرنا پڑتا ہے پس قرأت بھی ہر ایک کو الگ الگ ادا کرنی چاہیے۔ (بلفظہ ص ۱۳۹ھ)

الجواب: جب قرأت مقتدی کے لیے رکن ہی نہیں تو اس کے لیے الگ پڑھنے کا کیا سوال؟ مقتدی کا رکن تو صرف استماع و انصات ہے جس کو وہ ادا کر رہا ہے۔ یہی وجہ ہے کہ ما زاد علی الفاتحۃ کی قرأت آپ حضرات کے نزدیک بھی مقتدی پر نہیں ہے۔

گیارھویں دلیل: مولانا موصوف فرماتے ہیں کہ بسلسلہ قرأت امام اور مقتدی کی مثال ایسی سمجھ لیں جیسے سواری اور مسافر، مسافر کا کام صرف یہ ہے کہ وہ گاڑی، موٹر، بس، جہاز اور ٹانگہ وغیرہ میں اطمینان سے سوار ہو کر بیٹھ جائے۔ گاڑی وغیرہ حرکت کرے گی تو مسافر کی مسافت خود بخود طے ہوتی جائے گی اور مسافر کو ساتھ ساتھ دوڑنے کی ضرورت نہیں ہے۔ بالذات حرکت گاڑی کی ہے مگر بالعرض مسافر کی۔ اور باوجودیکہ مسافر آرام کے ساتھ گاڑی وغیرہ میں

بیٹھا رہتا ہے۔ یہ کہنا صحیح ہے اور کوئی اس کا انکار نہیں کر سکتا کہ مسافر نے اتنا راستہ طے کیا ہے۔ اسی طرح امام جو بمنزلہ گاڑی کے ہے قرأت کرتا جائے گا اور یہی قرأت مقتدی کو کافی ہوگی (توثیق الکلام صلا، صلا تبخیص) مولانا کا یہ فرمانا بالکل صحیح ہے کیونکہ ما زاد علی الفاتحۃ کی قرأت میں فریق ثانی بھی متفق ہے کہ امام کی قرأت مقتدیوں کو کافی ہے اور اگر سورۂ فاتحہ کی قرأۃ مقتدیوں کو کافی نہ ہو تو اس مثال کے پیش نظر مطلب یہ ہوگا کہ ایک دو اسٹیشن تک مسافر گاڑی کے ساتھ ساتھ بھاگتا چلا جائے اور پھر گاڑی میں بیٹھ جائے۔ جہاں تک گاڑی کا تعلق ہے اس کا سفر خود بخود طے ہوتا جائے گا۔ لیکن طبعی، شرعی اور دیگر ضروریات میں خود کوشش اور کاوش کرنی پڑیگی۔ اور بغیر اپنی ہمت اور حرکت کے دیگر ضرورتیں پوری نہیں ہوں گی۔ مشہور ہے کہ حرکت ہی میں برکت ہوتی ہے۔ اسی طرح جب گاڑی کی مسافت طے ہو جائے گی تو اپنے گاؤں محلہ اور گھر تک پہنچنے کے لیے خود عمل کی ضرورت ہے، اس لیے امام بمنزلہ گاڑی تو ہے لیکن صرف قرأت کی مسافت میں باقی رکوع وسجود، تسبیح وتشہد وغیرہ میں مقتدی کو خود ہی کچھ کرنا ہوگا۔ مؤلف خیر الکلام کا امام کی نماز کو حقیقت اور مقتدی کی نماز کو مجاز سمجھ کر جواب میں دونوں کی نماز کو حقیقتہً سے تعبیر کرنا اور اور اس پر جواب کی بنیاد رکھنا بالکل غلط ہے نماز تو امام اور مقتدی دونوں کی حقیقتہً ہے، ہاں قرأت میں فرق ہے، امام حقیقی قرأت کرتا ہے اور مقتدی کی قرأت حکمی ہے اور ہم نے کتاب میں اس کی تصریح کر دی تھی کہ اس لیے امام بمنزلہ گاڑی تو ہے لیکن صرف قرأت کی مسافت میں ...الخ لہٰذا مؤلف مذکور کا ہماری عبارت سے مقتدی کی نماز کو مجاز سمجھنا غلط ہے۔

بارھویں دلیل: شمس العلماء مؤرخ اسلام علامہ شبلی نعمانی رح (المتوفی ۱۳۳۲ھ) نے حضرت امام ابو حنیفہ رح کے حالات میں ایک واقعہ نقل کیا ہے (جس کا خلاصہ راقم کی عبارت میں یہ ہے) کہ چند آدمی مل کر[1] مسئلہ خلف الامام پر امام صاحب رح سے بحث کرنے آئے، آپ نے فرمایا کہ میں

---

[1] یہ واقعہ مناقب موفق جلد ۱ صلا وصلا میں مذکور ہے ان جماعۃ من اھل المدینۃ جاؤا الی ابی حنیفۃ رح لینا ظروہ فی القرأۃ خلف الامام الخ اور اسی طرح مناقب کردری جلد ۱ صلا میں بھی ہے اور نواب صاحب رح بھی اس واقعہ کو تسلیم کرتے ہیں چنانچہ لکھتے ہیں۔ وحکایتے کہ از امام اعظم در بارۂ الزام خصم باختیار یکی برائے مناظرہ از میان جماعتہ و بودن الزام او الزام جماعتہ نقل کردہ اند (باقی اگلے صفحہ پر)

اکیلا اتنے آدمیوں سے کیسے بحث کر سکتا ہوں؟ ایک آدمی کو اپنا وکیل اور مختار بنا لو کہ اس کی فتح تمھاری فتح اور اس کی شکست تمھاری شکست متصور ہو، چنانچہ وہ سب اس پر راضی ہو گئے اور اپنا ایک وکیل انھوں نے انتخاب کر لیا جب وکیل نے بحث شروع کی۔ تو حضرت امام صاحبؒ نے فرمایا کہ مسئلہ تو حل ہو چکا ہے۔ وہ بولا کیسے؟ امام صاحبؒ نے فرمایا کہ جب تم اکیلے سب کی طرف سے وکیل ہو کر گفت گو کر رہے ہو اور تمھاری بات ان سب کی بات سمجھی جاتی ہے تو اسی طرح امام کی قرآت سب مقتدیوں کی قرآت سمجھی جائیگی وہ سب شکست تسلیم کرتے ہوئے لاجواب ہو کر چلے گئے۔ (سیرت النعمان ا صلا)

مبارک پوری صاحبؒ نے اس پر یہ اعتراض کیا ہے کہ امام صاحبؒ کی طرف اس واقعہ کی نسبت غلط ہے۔ کیونکہ امام جب وکیل ہے تو قیام، رکوع، سجود، تشہد اور سلام وغیرہ جملہ امور میں امام کو وکیل ہونا چاہیے۔ (بمعناہ تحقیق الکلام جلد ۲ ص) لیکن مبارکپوری صاحبؒ کا یہ اعتراض محض ہیچ اور باطل ہے۔ اس کی پوری تشریح گذر چکی ہے کہ امام مقتدیوں کا وکیل صرف قرأتِ قرآن میں ہے، باقی امور میں ان کا وکیل نہیں ہے اور اس کو ایسا سمجھ لیں جیسے بادشاہ کے حضور میں ایک وفد اپنی معروضات پیش کرنے کے لیے حاضر ہو۔ گفت گو تو صرف وفد کا وکیل اور پارٹی لیڈر ہی کرے گا۔ لیکن ارکان وفد کی طرف سے پارٹی لیڈر کی تائید بھی ضروری ہے، قرأتِ قرآنِ کریم کو اصل معروضات اور تسبیحات و تشہد وغیرہ کو اس کی تائید سمجھ لیجئے۔

نواب صاحبؒ کی یہ عبارت نقل کی جا چکی ہے کہ منہی عنہ نزد قرآت امام ہمہ قرآت قرآنِ کریم است فقط (دلیل الطالب ص۲۹۴) اور دوسرے مقام پر لکھتے ہیں کہ وقول نبویؐ اذا قرأ فانصتوا وقول من کان لہ امام فقرأۃ الامام لہ قرأۃ دال است برآنکہ امام متحمل قرآت است از سامع (بدور الاہلہ ص ۵۱) اس لیے مبارک پوری صاحبؒ کا یہ اعتراض

(باقی پچھلا صفحہ) لطیفۂ شاعرانہ ومجرد تجویز عقلی بیش نیست در مقام استدلال و احتجاج بنصوص قابل التفات نمی تواند شد اھ (ہدایۃ السائل ص ۲۰۲) ہم نے بھی اس واقعہ کو قرآن و حدیث کے دلائل کی مد میں پیش نہیں کیا بلکہ عقلی دلائل میں نقل کر کے نواب صاحبؒ کی عقلی تجویز کی تائید کی ہے۔

سراسر باطل ہے۔ اور حضرت امام ابو حنیفہؒ کا ارشاد سو فی صدی صحیح ہے۔ مؤلف خیر الکلام ص ۵۳۷ میں لکھتے ہیں کہ امام وکیل نہیں بلکہ مقتدیٰ ہے اور ہر نمازی صرف اپنے لیے نماز پڑھتا ہے اور ہر نمازی رب سے باتیں کرتا ہے اور مناجات صرف فاتحہ پڑھنے میں ہوتی ہے اور فاتحہ فرض ہے اور دعا ہے اور یہ امام اور مقتدی دونوں پر لازم ہے۔ (محصلہ)

الجواب: جب صحیح حدیث میں الامام ضامن آتا ہے تو اس کی کفالت اور ضمانت کا انکار کون سنتا ہے؟ وہ مقتدیٰ بھی ہے اور کفیل بھی ہے۔ مقتدیٰ تمام ارکان و افعال میں ہے اور کفیل صرف قرأت میں ہے اور نمازی نماز خدا تعالیٰ کے لیے پڑھتا ہے جس کا ثواب نمازی کو ملتا ہے اور بے شک نمازی اللہ تعالیٰ سے مناجات کرتا ہے مگر وہ مناجات صرف ثناء اور تسبیحات وغیرہ ہی میں ہے قرأت میں تو اس کو صرف انصات و استماع کا حکم ہے جیسا کہ اس کے دلائل گذر چکے ہیں اور مناجات کو صرف فاتحہ میں بند کر دینا عقلاً اور نقلاً باطل ہے۔ سارا قرآن کریم اللہ تعالیٰ سے مناجات ہے اور سب تسبیحات اس سے سرگوشی ہے اور اول سے آخر تک نماز اس سے ہم کلامی ہے۔ باقی امور میں اصالتہً مقتدی خود عمل کرتا ہے اور قرأۃ میں اس کا امام وکالتہً سرگوشی کرتا ہے اور فاتحہ صرف امام پر لازم ہے۔ مقتدی کا فریضہ صرف انصات و استماع ہے، مقتدی پر فاتحہ فرض نہیں ہے۔ فاتحہ دعاء ہے، لیکن مقتدی حکماً دعا خواں ہے اور آمین سے اس کی تصدیق کرتا ہے۔

حضرات! ابھی ترجیحی، عقلی اور قیاسی دلائل اور بھی پیش کیے جا سکتے ہیں مگر ہمارا مقصد دلائل کا استقصاء اور استیعاب نہیں ہے، بلکہ عامۃ المسلمین کو یہ بتلانا مقصود ہے کہ ترک القرأۃ خلف الامام صرف احناف ہی کا مسلک نہیں ہے بلکہ جمہور اہل اسلام کا مسلک ہے اور جمہور اپنے اس محقق مسلک پر قرآن کریم، صحیح احادیث، آثار حضرات صحابہ کرامؓ، تابعینؒ و اتباع تابعینؒ وغیرہم اور اجماع امت اور قیاس سے ٹھوس وزنی اور صحیح معیاری دلائل اور براہین پیش کرتے ہیں اور وہ ہرگز بلا دلیل نہیں ہیں جیسا کہ

آپ ملاحظہ فرما چکے ہیں۔ اب ہم بطور تبرک اس باب کو قرآن کریم کی ایک آیت کے ایک حصہ پر ختم کرتے ہیں، جیسا کہ پہلا باب بھی قرآن کریم کی آیت ہی سے شروع ہوا تھا۔ کہ اوّل بآخر نسبتے دارد۔ اِنَّ عِدَّةَ الشُّهُوْدِ عِنْدَ اللّٰهِ اِثْنَا عَشَرَ شَهْرًا۔ اور آخر میں نہایت اخلاص اور دلسوزی کے ساتھ فریق ثانی سے استدعا ہے کہ وہ اپنے اس غلو آمیز نظریہ سے باز آجائے۔ کہ جو شخص امام کے پیچھے ہر رکعت میں سورۂ فاتحہ نہ پڑھے۔ اس کی نماز ناقص ہے، کالعدم ہے، بیکار ہے اور باطل ہے۔ اِس پوری کتاب کو پیش نظر رکھ کر انصاف سے فرمائیں کہ کس کس کی نماز باطل، کالعدم، بیکار اور ناقص ہوگی؟ غور تو کیجئے کہ جمہور امت کی نمازوں پر یہ حکم لگانا کیسی کھلی گستاخی اور بے ادبی ہے۔ اور گویا اس اعلان کے مطابق جمہور امت نماز پڑھتے ہوئے بھی بے نماز ہی ٹھہرے اور تارک صلوٰۃ کے بارے میں جو حدیثیں وارد ہوئی ہیں وہ کس مسلمان سے مخفی ہو سکتی ہیں؟ فریق ثانی نے احناف کے مقتدر علماء حضرت مفتی محمد کفایت اللہ صاحبؒ و حضرت شیخ الاسلام مولانا شبیر احمد عثمانی رہ اور حضرت شیخ العرب والعجم مولانا حسین احمد صاحب مدنی رہ کی خدمت میں یہ اعلان پیش کیا ہے، جیسا کہ ان کا دعویٰ ہے۔ راقم الحروف، دارالعلوم دیوبند کا خوشہ چین اور ان اکابر کے فضالہ علم اور پس خوردہ سے فیضیاب ہوا ہے۔ اس لیے اس حقیر پر یہ لازم تھا کہ اپنے محسن اکابر کا مسلک بیان کرتا اور ان سے سوءِ ظن کو دور کرتا۔ نیز فقیر فروعی مسائل میں اپنے اکابر کی طرح حنفی ہے۔ اس لیے فریق ثانی کا یہ مطالبہ بھی پورا ہو جاتا ہے۔ مگر آج تک ہمارے کسی حنفی بھائی کو یہ توفیق نہ ہوئی۔ کہ وہ امام کے پیچھے سورۂ فاتحہ نہ پڑھنے کی ایک ہی صحیح صریح مرفوع حدیث پیش کر کے انعام لے (بلفظہٖ فصل الخطاب صہ) اور انعام کی بابت وہ یوں لکھتے ہیں اور مخالفین کو ایک ہزار روپے کا انعامی کھلا چیلنج دیا ہے (بلفظہٖ فصل الخطاب صہ) اب فریق ثانی کو دیانتہً از خود ہی یہ انعام دے دینا چاہئے۔ ورنہ اگر ہم چاہیں تو قانونی اور آئینی طور پر لے سکتے ہیں اور انھیں دینا پڑے گا۔ اور اس سے کیا کم ہے کہ ــــ ع:

شادم کہ از رقیباں دامن کشاں گذشتی

حضرات! آپ دیکھ چکے کہ ہمارا مسلک کیا ہے اور اس کے دلائل کیا ہیں؟ ــــ ع

قیاس کن ز گلستانِ من بہار مرا

آخری التماس۔ مجھے اس کا پورا احساس ہے کہ جس طرح جمہور اہلِ اسلام کے دلائل اور براہین پیش کرنے کا صحیح حق تھا، میں ادا نہیں کر سکا۔ اہلِ علم حضرات سے التماس اور التجاء ہے کہ وہ مجھے میری کوتاہیوں اور لغزشوں پر مطلع فرماتے رہیں۔ کیونکہ ایک ز عمر آدمی ہے جس کو اپنی بے بضاعتی اور کم علمی کا بھی پورا احساس اور اقرار ہو۔ اور ایسے اہم مسئلہ میں جس میں حضرت امام بخاریؒ اور حضرت امام بیہقیؒ وغیرہ ائمہ حدیث اور فرسانِ علم نے خامہ فرسائی کی ہو، لغزشوں کا صادر ہو جانا کچھ بعید نہیں ہے اور اللہ تعالیٰ سے نہایت اخلاص اور صدق دل سے دعا ہے کہ وہ حقیر کو جملہ جسمانی و روحانی، ظاہری اور باطنی بیماریوں سے محفوظ رکھے۔ اور کتاب اللہ اور سنتِ رسول صلی اللہ تعالیٰ علیہ وآلہ وسلم پر عمل کرنے کی توفیق عطا فرمائے۔ اور حضرات صحابہ کرامؓ، محدثینؒ اور فقہاءؒ اور جمہور اہلِ اسلام کی محبت اور اطاعت کا صحیح جذبہ عطا فرمائے جن کا ذکر موجبِ رحمتِ خداوندی ہے ؂

پلینے میں آگیا کہاں لپٹی ہیں آڑ کے مستیاں\
اتنی ہے تُند مے یہاں مست ہوں اور پی نہیں

جلد دوم میں فریقِ ثانی کے پیش کردہ دلائل کا جائزہ لیا جائے گا کہ ان کی حقیقت کیا ہے؟

وصلی اللہ تعالیٰ علیٰ خیر خلقہ محمد وعلیٰ آلہ واصحابہ ومتبعیہ اجمعین۔

ابوالزاہد محمد سرفراز خاں صفدر\
خطیب جامع گکھڑ، ضلع گوجرانوالہ\
۳ رمضان المبارک ۱۳۷۴ھ بمطابق\
۲۵ اپریل ۱۹۵۵ء

احسن الکلام
فی
ترک القراءۃ خلف الإمام
شیخ الحدیث حضرۃ مولانا محمد سرفراز خان صاحب
ناشر
مکتبہ صفدریہ
نزد مدرسہ نصرۃ العلوم گھنٹہ گھر
گوجرانوالہ، پاکستان

لَا صَلٰوۃَ لِمَنْ لَّمْ یَقْرَأْ بِفَاتِحَۃِ الْکِتَابِ فَصَاعِدًا (حدیث شریف)

جس شخص نے سورہ فاتحہ اور اس کے ساتھ قرآن کریم کا کوئی اور بھی حصہ نہ پڑھا تو اس کی نماز نہ ہوگی (حدیث رسولؐ)

اَحْسَنُ الْکَلَام

فی

ترک القرأۃ خلف الامام

جلد دوم

"جس میں امام کے پیچھے سورۂ فاتحہ پڑھنے کو رکن اور ضروری ٹھہرانے والے فریق کے پیش کردہ نقلی اور عقلی دلائل پر روایۃً و درایۃً سیر حاصل کلام کیا گیا ہے۔ اور یہ امر واضح تر براہین سے ثابت کیا گیا ہے۔ کہ حضرت عبادہؓ بن الصامت وغیرہ کی اس روایت کے علاوہ جس میں فصاعدًا، ما تیسر اور ما زاد کی زیادت ہے اِلَّا وَرَاءَ الْاِمَامِ کی استثناء بھی مذکور ہے اور کوئی روایت صحیح نہیں ہے، خصوصًا وہ روایات جن میں خلف الامام کی قید اور اِلَّا بفاتحۃ الکتاب کی استثناء موجود ہے وہ تمام ضعیف کمزور اور معلول ہیں نیز حضرات صحابہ کرامؓ اور تابعینؒ وغیرہم کے آثار کا پس منظر بھی آشکارا کیا گیا ہے اور مؤلف خیر الکلام کے اعتراضات کا تانا بانا بھی پیش نظر رکھا گیا ہے۔"

تالیف

ابو الزاہد محمد سرفراز خان صفدر، گوجرانوالہ

فہرست مضامین احسن الکلام (جلد دوم)

پیش لفظ

"احسن الکلام" کے حصہ اوّل میں جمہور اہل اسلام کے اس دعویٰ کو قرآن کریم، صحیح احادیث، آثار حضرات صحابہ کرامؓ و تابعینؒ اور دیگر فقہاءؒ اور محدثینؒ کے اقوال سے نیز بعض عقلی و ترجیحی اور قیاسی دلائل سے نہایت وضاحت کے ساتھ مبرہن کیا گیا ہے کہ مقتدیوں کو امام کے پیچھے کسی قسم کی قرأت کرنی جائز نہیں ہے اور متعدد صحیح احادیث اور آثار صحابہ کرامؓ سے ام القرآن اور فاتحۃ الکتاب کے خاص الفاظ بھی عرض کر دیئے گئے ہیں اور یہ بھی واشگاف کیا گیا ہے کہ امام کے پیچھے قرأت کرنا صحیح نہیں ہے اور یہ کہ جہری نمازوں میں تو امام کے پیچھے قرأت کرنا شاذ، منکر اور خلاف اجماع ہے۔ اب اس حصہ میں فریق ثانی کی طرف سے پیش کردہ استدلالات اور دلائل کا معیار اور ان کا پس منظر عرض کرنا ہے اور انصاف و دیانت سے یہ بات بعید ہے کہ ہم اُنکے دلائل سے چشم پوشی کرتے ہوئے آگے نکل جائیں اور ان کو ہدیہ قارئین کرام نہ کریں، بلکہ اُن کی طرف سے بطور وکیل اور بہی خواہ کے جو حدیث (اگرچہ انھوں نے پیش نہیں کی لیکن) ان کی دلیل بن سکتی ہے اس کو بھی نقل کر دیا گیا ہے، اور اُن کے تمام پیش کردہ دلائل اور براہین کے صحیح محامل عرض کر دیئے گئے ہیں اور حوالے بھی ساتھ ہی نقل کر دیئے گئے ہیں تاکہ ایک طرف ان کو اصل عبارت اور مضمون کی طرف مراجعت کرنا دشوار نہ ہو اور دوسری طرف شاید " الانسان عبد الاحسان " پر نگاہ کرتے ہوئے وہ کچھ نرم بھی ہو جائیں اور ساری دنیا کو چیلنج نہ کرتے پھریں۔ ۔

٦

مری ضد سے ہوا ہے مہرباں دوست

مرے احساں ہیں دشمن پہ ہزاروں

چونکہ فریق ثانی کا دعویٰ بڑا سنگین ہے اس لیے اگر ہم سے کسی دلیل کی گرفت میں کوئی سختی ہوگی تو معذور تصور کیجیے کیونکہ البادی اظلم ما لم یتعد المظلوم کے پیش نظر ہم مظلوم ہیں اور ان لصاحب الحق مقالا ارشاد نبوی ہی تو ہے۔ اور یہ بھی مشہور ہے کہ عوض معاوضہ گلہ ندارد اور حتی الوسع اس پرخطر وادی سے دامن بچا کر نکلنے کی کوشش کی جائے گی۔ والعصمۃ بید اللہ تعالیٰ وحدہ

پہلا باب

فریق ثانی کا یہ دعویٰ ہے کہ جو شخص امام کے پیچھے ہر رکعت میں سورۂ فاتحہ نہ پڑھے اس کی نماز ناقص ہے کالعدم ہے، بیکار ہے اور باطل ہے۔ انصاف اور دیانت کا تقاضا تو یہ تھا کہ جیسے ہم نے حضرات صحابہ کرامؓ اور تابعینؒ سے متعدد صحیح روایتیں پیش کی ہیں کہ آیت واذا قرئ القرآن الآیۃ کا شان نزول نماز ہے اور اس پر اجماع بھی ہے اسی طرح فریق ثانی بھی کم از کم کسی ایک ہی صحابی سے بسند صحیح یہ روایت نقل کر دیتا کہ فلاں آیت کا شانِ نزول یہ ہے کہ امام کے پیچھے قرأت کرنا صحیح بلکہ ضروری اور واجب ہے اور خاص طور پر سورۂ فاتحہ کا پڑھنا لازمی ہے اور اس کے بغیر اس کی نماز کالعدم ہے بیکار ہے، اور باطل ہے مگر یقین کیجئے کہ دنیا کے کسی اسلامی کتب خانہ میں کوئی ایسی اسلامی کتاب موجود ہی نہیں ہے جس میں کسی صحابی سے صحیح اور متصل سند کے ساتھ یہ روایت موجود ہو کہ فلاں آیت اس بارے میں نازل ہوئی ہے کہ امام کے پیچھے مقتدیوں پر سورۂ فاتحہ کی قرأت ضروری ہے ورنہ نماز باطل اور کالعدم ہوگی یہ ہے ھل من مبارز یبارزنی کا صحیح مقام، مگر نہ معلوم فریق ثانی اس سے کیوں اغماض کر جاتا ہے کیا ہے کوئی خوش نصیب اور زندہ دل غیر مقلد بھائی جو یہ مطالبہ پورا کرے اور جیسے ہم نے حضرت عبداللہؓ بن مسعود اور حضرت عبداللہؓ بن عباسؓ جیسے مفسر قرآن صحابہؓ سے صحیح اسانید کے ساتھ آیت کا شانِ نزول بیان کیا ہے ایسا ہی وہ بھی کسی ایک صحابی سے آیت کا شانِ نزول نقل کر دے (دیدہ باید) باقی انعامی چیلنج کا رعب تو راقم الحروف کثیر العیال اور مفلوک الحال آدمی ہے۔ نہ مال ہے اور نہ لاف و گزاف اور ڈھینگیں مارنے کی عادت ہے۔ دلائل آپ کے سامنے ہیں جو بیان کر دیئے گئے ہیں۔ لیکن بایں ہمہ کہ ایسی کوئی آیت فریق ثانی پیش نہیں کر سکتا جس کا حضرات صحابہ کرامؓ

اور تابعینؒ سے صحیح اور متصل سند کے ساتھ شانِ نزول یہ ثابت ہو چکا ہو کہ امام کے پیچھے سورۂ فاتحہ کی قرأت ضروری ہے پھر بھی مجوزین قرأت خلف الامام نے قرآن کریم کی آیات سے اس مدعٰی پر استدلال و احتجاج کرنے کی ناکام سعی کی ہے۔ ہم ان کے قرآنی استدلالات نقل کر کے ان کا صحیح محل عرض کرتے ہیں اور فریق ثانی کی خامی بھی عرض کر دیتے ہیں تاکہ مسئلہ زیرِ بحث کا کوئی پہلو تشنہ نہ رہے اور حق بات بھی سامنے آجائے۔

پہلی آیت: حضرت امام بیہقیؒ فرماتے ہیں کہ ہر نمازی اپنے لیے نماز پڑھتا ہے اور قرأت نماز کا ایک حصہ ہے یہ کیسے ہو سکتا ہے کہ بعض نماز تو خود مقتدی ادا کرے اور بعض (یعنی قرأۃ سورۂ فاتحہ) اس کا امام ادا کرے حالانکہ اللہ تعالیٰ کا ارشاد ہے اَنْ لَّیْسَ لِلْاِنْسَانِ اِلَّا مَا سَعٰی (پ۲۷ سورۂ نجم رکوع ۲) اور یہ کہ آدمی کو وہی ملتا ہے جو اس نے کمایا۔

اور اسی طرح ایک اور مقام پر ارشاد ہوتا ہے لِتُجْزٰی کُلُّ نَفْسٍ بِمَا تَسْعٰی (پ۱۶، سورۃ طٰهٰ رکوع ۱) تاکہ بدلہ لے ہر شخص کو جو اس نے کمایا ہے۔

اس سے معلوم ہوا کہ امام کی قرأت صرف اس کے لیے ہے اور مقتدی کو الگ سورۂ فاتحہ پڑھنی ہوگی۔ (محصلہ کتاب القرأۃ ص۵۷/۱۴) اور یہی کچھ تھوڑے بہت تغیر کے ساتھ خیر الکلام ص۹۱ میں کہا گیا ہے۔

جواب: یہ استدلال محض باطل ہے اولاً اس لیے کہ کسی صحابی یا تابعی سے بسندِ صحیح ثابت نہیں کہ ان آیتوں کا شانِ نزول قرأۃ خلف الامام کا مسئلہ ہے اور خاص طور پر سورۂ فاتحہ کا پڑھنا ان سے ثابت ہے اور نہ ان آیتوں میں سورۂ فاتحہ اور قرأت کا اور امام و مقتدی کا کوئی لفظ ہی موجود ہے اس لیے دعویٰ کا دلیل سے معمولی سا تعلق بھی نہیں ہے، بلاشک قرآن کریم کی کوئی آیت اور حکم شانِ نزول پر بند نہیں اور قرآن کریم قیامت تک اقوامِ عالم کے لیے دستور ہے لیکن اگر کسی مسئلہ کے استدلال پر کوئی ایسی آیت پیش کی جائے جس سے نہ تو حضرات صحابہ کرامؓ نے وہ مسئلہ سمجھا ہو اور نہ تابعینؒ نے اور نہ وہ مسئلہ اس کا شانِ نزول ہو تو یقیناً وہ کشید ہوگا۔ مؤلف خیر الکلام اس نقطہ کو نہیں سمجھے یا بالکل پی گئے ہیں۔ وثانیاً پہلے تو قرأت کا فریضہ صرف امام پر ہے مقتدی پر نہیں اور اگر تسلیم بھی کر لیا جائے جیسا کہ بقول مؤلف خیر الکلام فیض الباری کی ایک عبارت سے معلوم ہوتا ہے کہ مقتدی پر بھی قرأت ہے لیکن امام اس کا متحمل ہے تو کیا امام بیہقیؒ وغیرہ کے نزدیک امام کا سترہ اور سہو وغیرہ مقتدیوں کو کافی نہیں ہے؟ یہ کہنا کہ اسی طرح جماعت کی

صورت میں امام کے آگے سُترہ کا کفایت کرنا اس لیے نہیں کہ امام کا سُترہ مقتدی کو کفایت کرتا ہے بلکہ اصل بات یہ ہے کہ جیسے استقبال کعبہ مقتدی کا فعل ہے اور وہ ہر نمازی سے مطلوب ہے اسی طرح نمازی کے آگے سُترہ کا ہونا ہر نمازی سے مطلوب ہے اگر ایک نمازی ہو تو اس کے آگے ہو اگر جماعت نماز پڑھے تو امام کے آگے ہو جیسے کعبہ ایک ہے اور سب کا ہے اسی طرح سُترہ اگرچہ ایک ہے مگر سب کا ہے نہ خاص امام کا نہ خاص مقتدی کا ۱ھ (خیر الکلام ص۶۵ محصلہ) ان کے لیے سودمند نہیں بلکہ نری رفع الوقتی ہے۔ اوّلاً تو اس لیے کہ سترة الامام سترة لمن خلفه (بخاری جلد۱ ص۷۱) ایک مسلّمہ قاعدہ ہے پھر اس کا انکار کون تسلیم کرتا ہے وثانیاً بعینہٖ یہی دلیل بسلسلہ قرأت ہماری طرف سے سمجھیے کہ منفرد ہو تو اس پر قرأت لازم ہے جماعت کی نماز ہو تو امام کی قرأت مقتدی کے لیے ہے جیسے کعبہ ایک ہے اور سب کا ہے اسی طرح قرأت بھی ایک ہے مگر سب کی ہے نہ خاص امام کی نہ خاص مقتدی کی جیسے مذکورہ دلیل میں باوجودیکہ سُترہ امام کے آگے ہے مگر سب کا ہے اسی طرح قرأت بھی بظاہر امام کر رہا ہے مگر سب کی ہے جیسے نمازی سے مطلوب یہ ہے کہ سترہ اس کے آگے کی جانب ہو یہ مطلوب نہیں کہ ہر نمازی اس کو گاڑے اسی طرح قرأت میں بھی یہی مطلوب ہے کہ آگے امام قرأت کرے اور مقتدی سُنیں نہ یہ کہ سب مقتدی قرأت کریں۔ اور کیا جہری نمازوں میں امام کا جہر مقتدیوں کو کافی نہیں ہے؟ اور کیا ما زاد علی الفاتحہ میں امام کی قرأت مقتدیوں کو کفایت نہیں کرتی؟ دوسری باتوں[ل] میں نیابت اور کفالت کا مسئلہ تو الگ رہا نفس نماز میں یہ آیتیں امام بیہقیؒ کے مخالف پڑتی

[ل] بیماری اور عجز کے وقت حج کے سلسلے میں نیابت فدین اللہ احق بالقضاء کے تحت جمہور کا مسلک ہے اور من مات وعلیہ صوم صام عنہ ولیہ پر فریق ثانی کا خاصا اصرار ہے وعلی ہٰذا نکاح اور طلاق وغیرہ میں وکالت ونیابت امام بیہقیؒ کے قاعدہ کے خلاف پڑتی ہے اور مالی طور پر ایصال ثواب میں تمام اہل السنت کا اتفاق ہے (دیکھیے نووی ج۱ ص۳۲۴ وشرح فقہ اکبر ص۱۱۵) اور منکرین حدیث کا ایصال ثواب کے انکار پر ان آیتوں کو پیش کرنا صحیح نہیں ہے کیونکہ میت نے اپنی زندگی میں کوشش کر کے علم حاصل کیا، شادی کی اور اولاد پیدا ہوئی، کمزوروں کی اعانت کی اچھے اخلاق سے برتاؤ کر کے لوگوں کو اپنا گرویدہ بنا لیا اسکی وفات کے بعد لوگوں نے اسکو ایصال ثواب کیا تو اسکو اپنی ہی کوشش کا ثمرہ اور پھل ملا وان لیس للانسان الا ما سعیٰ لہٰذا یہ آیتیں ایصال ثواب کی دلیل میں ہرگز انکار کی رد دیکھیے کتاب الروح ص۱۵۸ للحافظ ابن القیمؒ وشرح عقیدة الطحاوی ص۳۸۲ وغیرہ اور جن سطحی قسم کے لوگوں نے اس آیت کریمہ کو ایصال ثواب کے انکار کے لیے حجت گردانا ہے انکو معلوم ہونا چاہیئے کہ یہ تو قرآن کے خلاف جاتا ہے لیکن ہر بات میں فہم اور تسلیم شرط ہے جو فہم سے محروم ہو اور تسلیم کے لیے آمادہ نہ ہو اس کو بھلا دلائل سے کیا فائدہ حاصل ہو سکتا ہے!

ہیں، مؤلف خیر الکلام کا یہ کہنا کہ ماذاد علی الفاتحہ اور جہر مقتدی پر ہے ہی نہیں یہ امام کا فریضہ ہے۔ (محصلہ ص۴۶) ہمیں مضر نہیں کیونکہ ہم بھی یہی کہتے ہیں کہ قرأۃ امام کا فریضہ ہے مقتدی کا فریضہ صرف استماع و انصات ہے۔ رہا ان آیتوں کا مطلب تو بالکل واضح ہے کہ توحید و رسالت اور معاد وغیرہ کے بنیادی عقیدوں اور اصولی امور میں جہاں کسی دوسرے کی نیابت اور وکالت کام نہیں آسکتی وہاں ہر ایک کو اپنا عقیدہ اور عمل ہی کام آئے گا وَاَنْ لَّيْسَ لِلْاِنْسَانِ اِلَّا مَا سَعٰى اور جہاں نیابت اور وکالت درست ہے، تو وہاں بھی اصل اور مؤکل کی محنت اور مشقت کارفرما ہے کہ اس نے اپنا نائب اور وکیل مقرر اور انتخاب کیا ہے اور اس کو اپنی ہی کوشش اور سعی کا نتیجہ ملتا ہے عام اس سے کہ اس کی سعی بالواسطہ ہو یا بلا واسطہ وہ اس کا موجد ہو یا عامل، داعی ہو یا سبب، علت سب کی ایک ہے۔

دوسری آیت:۔ امام بیہقیؒ اور مولانا عبدالصمد صاحب پشاوریؒ وغیرہ فرماتے ہیں کہ اللہ تعالیٰ کا ارشاد ہے

وَاذْكُرْ رَّبَّكَ فِيْ نَفْسِكَ تَضَرُّعًا وَّخِيْفَةً وَّ دُوْنَ الْجَهْرِ مِنَ الْقَوْلِ بِالْغُدُوِّ وَالْاٰصَالِ وَلَا تَكُنْ مِّنَ الْغٰفِلِيْنَ (پ۹، اعراف، ۲۴)

اور یاد کرتا رہ اپنے رب کو اپنے دل میں گڑگڑاتا ہوا اور ڈرتا ہوا اور ایسی آواز سے جو کہ پکار کر بولنے سے کم ہو صبح کے وقت اور شام کے وقت اور مت رہ بے خبر۔

ان اکابر کا کہنا ہے کہ یہ آیت امام اور مقتدی کو نیز جہری اور سرّی تمام نمازوں کو شامل ہے اور سورۂ فاتحہ وغیر فاتحہ کی قرأت کو عام ہے اس سے ثابت ہوا کہ مقتدی کو امام کے پیچھے سورۂ فاتحہ کی اپنے دل میں آہستہ آہستہ قرأت کرنا صحیح ہے اور امام بیہقیؒ اپنی سند کے ساتھ یہی مطلب اس آیت کا حضرت زیدؒ بن اسلمؒ سے نقل کرتے ہیں اور فرماتے ہیں کہ وہ علماء تابعینؒ میں بڑے پایہ کے مفسر تھے۔ (محصلہ کتاب القرأۃ ص۸۲ و اعلام الاعلام ص۱۹۰) اور حافظ ابن تیمیہؒ نے سرّی نمازوں میں امام کے پیچھے قرأت کے جواز میں یہ آیت پیش کی ہے (ملاحظہ ہو فتاوی ص۱۴۹/۲) اور مؤلف خیر الکلام نے بھی اس استدلال کا ذکر کیا ہے۔ (ملاحظہ ہو خیر الکلام ص۶۹)

جواب:۔ اس آیت سے امام کے پیچھے قرأت سورۂ فاتحہ پر استدلال کرنا باطل ہے اوّلاً اگر واقعی اس آیت سے یہ مسئلہ ثابت ہوتا تو آنحضرت صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم اور حضرات صحابہ کرامؓ اور جمہور سلف و خلفؒ پر یہ مطلب ہرگز مخفی نہ رہتا چونکہ یہ تفسیر صحیح حدیث اور حضرت ابن مسعودؓ اور ابن عباسؓ کی صحیح تفسیر کے (جس کا حوالہ کے ساتھ ذکر جلد اوّل میں ہو چکا ہے) مخالف ہے اس لیے

یہ قابلِ قبول نہیں ہے لہذا اس کی صحت میں کلام ہے۔ وثانیاً نہ اس آیت میں امام کا لفظ ہے اور نہ مقتدی کا نہ قرأت کا اور نہ سورۂ فاتحہ کا مطلق ذکر کر خود ساختہ قیود میں جکڑنا کیوں کر صحیح ہو سکتا ہے؟ علاوہ ازیں اگر آیت کا عموم ملحوظ رکھا جائے تو کیا فریقِ ثانی سورۂ فاتحہ کے علاوہ کسی اور قرأت کو مقتدی کے لیے تسلیم کرے گا؟ اگر نہیں تو کیوں؟ جو جواب وہ غیر سورۂ فاتحہ کا دے گا۔ فہو جوابنا عن الفاتحۃ اور امام سیوطیؒ نے نتیجۃ الفکر میں لکھا ہے کہ اس آیت میں ذکر سے قلبی ذکر مراد ہے زبان سے پڑھنا مراد ہی نہیں (کذا فی الدلیل المبین ص۳۶) لہذا یہ ہمیں مضر نہیں ہے کما لا یخفی۔ وثالثاً اگر واقعی یہ آیت نماز کے بارے میں ہے تو اس سے صرف امام مراد ہوگا نہ کہ مقتدی کیونکہ اذکر اور ربک ولا تکن میں مفرد صیغے اس پر دلالت کرتے ہیں اور اس سے پہلی آیت فاستمعوا لہ وانصتوا اور لعلکم ترحمون میں مقتدیوں کو خطاب ہے کیونکہ یہ تمام جمع کے صیغے ہیں جو تقابل کی صورت میں بیان ہوتے ہیں محض مفرد ہی نہیں جس سے جمع بھی مراد ہو سکتی ہے جس طرح دکو تکری میں ہے جس سے مؤلف خیر الکلام کو مغالطہ ہوا ہے اور مطلب یہ ہوگا کہ امام کو سری نماز وں میں اپنے دل میں قرأت کرنی چاہیئے اور مقتدیوں کو استماع اور انصات کرنا ہوگا اور پہلے عرض کیا جا چکا ہے کہ استماع اور ہے اور سماع اور، بلکہ قرآن کریم کی ایک دوسری آیت اور صحیح حدیث اس مطلب کی تائید کرتی ہے اور وہ یہ کہ آنحضرت صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم ابتداء میں حضرات صحابہ کرامؓ کو بلند آواز سے قرأت کر کے نماز پڑھایا کرتے تھے مشرکوں نے آپ کو اور قرآن کریم و جبرئیل علیہ السلام کو سب و شتم کا نشانہ بنالیا، آپ نے بحالتِ امامت اتنی آہستہ قرأت شروع کر دی کہ مقتدی نہیں سن سکتے تھے اللہ تعالیٰ کا یہ حکم نازل ہوا۔

وَلَا تَجْهَرْ بِصَلَاتِكَ وَلَا تُخَافِتْ بِهَا — اور مت پکار کر پڑھ اپنی نماز اور نہ چپکے پڑھ اور ڈھونڈھ
وَابْتَغِ بَيْنَ ذَٰلِكَ سَبِيلًا (پ۱۵، بنی اسرائیل ۱۲) — اس کے بیچ میں راہ۔

اور انہیں کتابوں میں اس آیت کا مفہوم اعتدال فی الدعاء بھی مذکور ہے (بخاری جلد ۲ ص۶۸۶ و مسلم جلد ۱ ص۱۸۳ و ابوعوانہ جلد ۲ ص۱۲۳) ورابعاً حافظ ابن کثیرؒ کے حوالہ سے پہلے یہ نقل کیا جا چکا ہے کہ مقتدیوں کے لیے اس آیت سے قرأت کرنے کا اثبات (بعید منافٍ للانصات المامور بہ (تفسیر ابن کثیر جلد ۲ ص۲۸۲) بعید ہے اور انصات کے بالکل مخالف

ہے جس کا مقتدیوں کو حکم ہے بہر حال اس آیت سے مقتدیوں کے لیے نفسِ قرأت پر استدلال کرنا
انصاف سے بعید اور حکمِ خداوندی کے سراسر مخالف ہے چہ جائیکہ سورۂ فاتحہ کی قرأت کا حکم اس سے
مقتدیوں کے لیے ثابت ہو سکے۔ مؤلف خیر الکلام نے ص۹۹ میں بحوالہ تفسیر نیشاپوری یہ لکھا ہے کہ
آہستہ پڑھنا انصات کے منافی نہیں، لیکن ہم پہلے باحوالہ کتب لغت عرض کر چکے ہیں کہ آہستہ
پڑھنا بھی استماع و انصات کے بالکل منافی ہے، رہی حضرت زیدؓ بن اسلمؓ کی تفسیر تو وہ درایۃً اور روایۃً
قابلِ توجہ نہیں ہے درایۃً تو آپ حافظ ابن کثیرؒ کے حوالہ سے سن ہی چکے ہیں اور خود حضرت زیدؓ بن
اسلمؓ سے قرأت خلف الامام کی ممانعت کی تفسیر منقول ہے چنانچہ امام ابن قدامہؒ لکھتے ہیں۔ وقال
زیدؓ بن اسلمؒ والوالعالیۃؒ کانوا یقرؤن خلف الامام فنزلت واذا قرئ القراٰن الاٰیۃ
(مغنی جلد ۱ ص۶۰۱) زیدؓ بن اسلمؒ اور ابوالعالیہؒ فرماتے ہیں کہ لوگ امام کے پیچھے قرأت کرتے تھے اس پر
یہ آیت واذا قرئ القراٰن الاٰیۃ نازل ہوئی۔ اور روایۃً بھی یہ صحیح نہیں ہے کیونکہ اس روایت
کی سند میں عبدالعزیزؒ بن محمدؒ ہے گو وہ ثقہ ہے لیکن ابوزرعہؒ اس کو سیٔ الحفظ سے اور امام احمدؒ اور
ابن حبانؒ اس کو یخطی سے اور ابن سعدؒ ان کو یغلط سے اور ساجیؒ ان کو کثیر الوھم
سے تعبیر کرتے ہیں (تہذیب التہذیب جلد ۶، ص۳۵۴) کیا معلوم کہ حضرت زیدؓ بن اسلمؒ نے
اس آیت کی کیا تفسیر بیان کی تھی اور راوی مذکور کی غلطی اور وہم سے وہ کیا سے کیا ہو گئی ہے۔ مؤلف
خیر الکلام ص۷ میں لکھتے ہیں کہ یہ جرحیں بھی بلاسند ہونے کی بنا پر مردود ہیں الخ مگر یہ محض ان کی
دفع الوقتی ہے امام ابوزرعہؒ، امام احمدؒ، امام ابن حبانؒ وغیرہ کیا ائمہ جرح و تعدیل نہیں؟ اور معتبر کتب
رجال میں ان کے اقوال کیا بلاسند ہیں؟ جب سیٔ الحفظ وغیرہ کی جرح امام ابوحنیفہؒ وغیرہ پر
ہو تو وہ مؤلف مذکور کے نزدیک معتبر ہو اور یہاں مردود ہو آخر اس کی وجہ کیا ہے؟ اور ائمہ جرح کے
اقوال کے مقابلہ میں الٹکل پچو باتیں کون سنتا ہے؟ باقی آیت کا مطلب بالکل عیاں ہے جو
مطلقاً اللہ تعالیٰ کے ذکر، یاد اور دعا پر مشتمل ہے جیسا کہ دوسرے مقام پر ارشاد ہوتا ہے اُدْعُوْا رَبَّکُمْ
تَضَرُّعًا وَّخُفْیَۃً۔ (پ، اعراف ۷) پکارو اپنے رب کو گڑگڑا کر اور چپکے چپکے اور ایک مقام پر
یوں ارشاد ہوتا ہے۔ تَدْعُوْنَہٗ تَضَرُّعًا وَّخُفْیَۃً ۚ (پ، انعام ۸) پکارتے ہو تم اس
کو گڑگڑا کر اور چپکے چپکے، اور شیخ الاسلام ابن تیمیہؒ خود بنفس نفیس تحریر فرماتے ہیں کہ دعا میں سنت

طریقہ یہ ہے کہ آہستہ دعا کی جائے جیسا کہ اللہ تعالیٰ کا ارشاد ہے۔ وَاذْكُرْ رَّبَّكَ فِي نَفْسِكَ الآیۃ (فتاویٰ جلد ۱ صـ۱۳۶) خلاصۂ امر یہ ہے کہ اس آیت کو مقتدیوں کی قرأت (خصوصاً قرأت فاتحہ) پر دلیل بنانا اندرونی اور بیرونی عقلی اور نقلی تمام دلائل کے سراسر مخالف ہے۔ الغرض اس سے مراد ذکر اور دعا ہے گو خطاب آنحضرت صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کو ہے مگر حکم امت کو ہے گفتہ آید در حدیث دیگراں۔

تیسری آیت:- مولوی محمد صادق صاحب (خطیب جامع اہلحدیث قلعہ دیدار سنگھ ضلع گوجرانوالہ لکھتے ہیں کہ اللہ تعالیٰ کا ارشاد ہے وَلَا تَزِرُ وَازِرَةٌ وِّزْرَ أُخْرَىٰ (پ۱۵۔ بنی اسرائیل ۲۰) اور کسی پر نہیں پڑتا بوجھ دوسرے کا۔

اس آیت سے ثابت ہوا کہ امام کی قرأت سورۃ فاتحہ مقتدیوں کو کفایت نہیں کر سکتی کیونکہ ایک آدمی کا بوجھ دوسرا کیسے اٹھا سکتا ہے؟ (بحوالہ ازالہ بسترص۵۸ مؤلفہ جناب مولانا قاضی نور محمد صاحب رحمہ اللہ تعالیٰ المتوفی ۲۲ محرم ۱۳۸۲ھ)۔

جواب:- یہ استدلال بھی نہایت کمزور ہے اولاً حضرت مولانا قاضی نور محمد صاحبؒ تحریر فرماتے ہیں کہ شریعت کی اصطلاح میں کسی شئے کو جو از قبیل عبادت ہو وزر ہرگز نہیں کہا جاتا اگر کہیں قرآن اور حدیث میں وزر کا لفظ کسی عبادت پر اطلاق کیا گیا ہو تو پیش کریں ورنہ (سورۃ) فاتحہ کو وزر بنانے سے شرمائیں (ملخطا ازالہ بسترص۶۲) وثانیاً کیا سورۃ فاتحہ ہی وزر ہے یا ما زاد علی الفاتحہ قرآن کریم کی ایک سو تیرہ سورتیں بھی وزر ہیں تو صرف فاتحہ کی تخصیص کیوں کی گئی ہے؟ اور ان میں امام کیوں کفایت کر جاتا ہے؟ اور اگر وہ وزر نہیں تو کس منطق کے رو سے وثالثاً جہری نمازوں میں جہر اور سترہ وغیرہ وزر کو امام کیوں اٹھا لیتا ہے کیا ان میں وزر والا فلسفہ اپنا کام نہیں کرتا؟ عجیب بات ہے کہ جناب رسول خدا صلی اللہ تعالیٰ علیہ وآلہ وسلم تو فرماتے ہیں کہ مجھے اللہ تعالیٰ نے ایسی سورت (فاتحہ) عطا کی ہے کہ نہ تو تورات وانجیل اور زبور میں ایسی سورت نازل ہوئی ہے اور نہ قرآن کریم میں اس کی مثال موجود ہے۔ (مشکوٰۃ جلد ۱ صـ۱۸۷ و موطا امام مالک صـ۲۹ وترمذی جلد ۲ صـ۱۱۲ وقال صحیح) آنحضرت صلی اللہ تعالیٰ علیہ وآلہ وسلم تو اس سورت کو نعمت عظمیٰ بتلاتے ہیں مگر مدعیان عمل بالحدیث اس کو وزر سے

تعبیر کرتے ہیں فوا اسفا۔ آیت کریمہ کا مفہوم بالکل ظاہر ہے کہ ہر آدمی صرف اپنا ہی بوجھ اٹھائیگا خواہ وہ اس عمل کا موجد ہو یا مُروّج عامل بالواسطہ ہو یا بلا واسطہ اپنے ہی کئے کا پھل پائے گا اور وہ مغوی اور مُضل جو دوسروں کے گناہوں کو اپنے پیٹے ڈالنے کا مدعی ہے اس کو عدالت عالیہ اور سچی سرکار سے گویا یہ خطاب ہوگا۔ ع تجھ کو پرائی کیا پڑی اپنی نبیڑ تو۔ ہاں مگر اغوا اور اضلال چونکہ اس کا اپنا عمل ہے لہٰذا اس کا بوجھ اس پر ضرور پڑے گا اور گمراہ کنندہ پر اپنے کئے کا ضرور پھل پائیگا وہ بری الذمہ نہیں ہوسکیگا۔

الغرض امام کے پیچھے مقتدیوں کے لیے قرأتِ سورۃ فاتحہ کا اس آیت سے اثبات تحریف قرآن کریم کے مترادف ہے۔ (العیاذ باللہ تعالیٰ)

چوتھی آیت:۔ مولانا محمد اسمٰعیل صاحبؒ (خطیب جامع مسجد اہل حدیث گوجرانوالہ) فرماتے ہیں اللہ تعالیٰ کا ارشاد ہے۔ وَمَنْ أَعْرَضَ عَنْ ذِكْرِي فَإِنَّ لَهُ مَعِيشَةً ضَنْكًا وَنَحْشُرُهُ يَوْمَ الْقِيَامَةِ أَعْمَىٰ (پ۱۶ سورۃ طٰہٰ۔ رکوع ۷) اور جس شخص نے منہ پھیرا میرے ذکر اور یاد سے تو اس کو ملتی ہے گذران تنگی کی اور لائیں گے ہم اس کو قیامت کے دن اندھا۔

مولانا فرماتے ہیں کہ اس آیت میں ذکر سے مراد امام کے پیچھے سورۃ فاتحہ کا پڑھنا ہے اور جو شخص اس سے اعراض کرتا ہے وہ عذابِ خداوندی کا شکار ہوگا۔ (محسلہ اخبار تنظیم ص۶ کالم ۳ مجریہ ۱۰ ستمبر ۱۹۳۳ء ماخوذ از برہان ساطع ص۳۱)

جواب:۔ فریق ثانی کا وتیرہ ہی عجیب ہے آیت وَإِذَا قُرِئَ الْقُرْآنُ کا شان نزول صحیح روایات اور اجماع امت سے خلف الامام کا مسئلہ ہے۔ مگر وہ آیت ان کے نزدیک کافروں کے بارے میں نازل ہوئی ہے اور یہ آیت جو بالاتفاق کفار منافقین اور عصاۃ کے بارے میں نازل ہوئی ہے اس کو وہ مسلمانوں کے بارے میں بتاتے ہیں۔ بعض مفسرین کرام نے اس کا یہ مطلب بیان کیا ہے۔ کہ معیشۃ ضنکاً کے یہ معنی ہیں کہ زندگی میں خیر اور بھلائی داخل نہ ہوسکے گویا خیر کو اپنے اندر لینے سے تنگ ہوگئی ہے اور اکثر مفسرینؒ یہ فرماتے ہیں کہ اللہ تعالیٰ کے ذکر اور قرآن کریم سے اعراض کرنے والے کافروں اور نافرنوں کو اگرچہ مال، اولاد اور دنیا کی ترقی حاصل ہوجاتی ہے۔ لیکن زندگی کا وہ سکون جو خدا تعالیٰ کے احکام ماننے سے ہوتا ہے اس سے وہ یکسر خالی اور محروم ہوتے ہیں اور اس دنیائے خاک و گل میں حقیقی امن اور تسلی ہی ان لوگوں کو نصیب ہوتی ہے۔ جو

اللہ تعالیٰ کی یاد سے اپنے دِل کو معمور رکھتے ہیں سچ ہے اللہ تعالیٰ کے ذکر سے دِل مطمئن ہو سکتے ہیں۔ الا بذکر اللہ تطمئن القلوب اور آنحضرت صلی اللہ تعالیٰ علیہ وآلہ وسلّم نے معیشۃ ضنکاً کی تفسیر عذاب قبر سے کی ہے چنانچہ حضرت ابو سعید الخدریؓ سے مروی ہے کہ آنحضرت صلی اللہ تعالیٰ علیہ وآلہ وسلّم نے ارشاد فرمایا معیشۃ ضنکاً قال عذاب القبر (مستدرک جلد ۲ صلا۳۸۱ قال الحاکمؒ والذہبیؒ علی شرط مسلم) کہ اس آیت میں معیشۃ ضنک سے عذاب قبر مراد ہے۔ اور امام بزارؒ نے بھی حضرت ابوہریرہؓ سے مرفوعاً یہ روایت نقل کی ہے حافظ ابن کثیرؒ فرماتے ہیں باسناد جید (جلد ۳ صلا۱۶۹) کہ اس کی سند جید اور عمدہ ہے اب مولانا صاحب ہی ازراہِ بزرگی ارشاد فرمائیں کہ کیا اُن تمام حضرات کو عذاب قبر ہو گا جن کے حوالے پوری تفصیل کے ساتھ جلد اول میں بیان ہو چکے ہیں جو قرأت خلف الامام کے قائل نہ تھے؟ اور کیا عذاب قبر مشرکوں، کافروں، منافقوں اور گنہگاروں کو ہو گا یا قرآن کریم اور صحیح احادیث پر عمل کرنے والوں کو جن کا دامنِ تحقیق اکثر حضرات صحابہؓ و تابعینؒ اور جمہور فقہاءؒ اور محدثینؒ کی معیت سے بھی وابستہ ہے؟ اگر استدلال اسی کا نام ہے تو کیوں نہیں کہا جا سکتا کہ واذا قرئ القرآن الآیۃ اللہ تعالیٰ کا ذکر اور اس کا حکم ہے اور فریق ثانی اس سے اعراض کرتا ہے لہٰذا ان کی منطق کی رُو سے وہ معیشۃ ضنک کے مستحق ہیں بلکہ یہ مطلب زیادہ صحیح ہو گا کیونکہ اس کا مطلب ہی صحیح روایات اور اجماع امت سے مسئلہ عدم قرأت خلف الامام ثابت ہو چکا ہے اور من اعرض عن ذکری الآیۃ کا یہ مطلب کہ اس سے امام کے پیچھے سورۂ فاتحہ سے اعراض کرنا ہے نہ تو جناب رسول خدا صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلّم سے اور نہ حضرات صحابہ کرامؓ سے بلکہ کسی بھی معتبر اور مستند مفسرؒ سے یہ ثابت نہیں ہے پھر کیونکہ اس سے قرأت خلف الامام کی اور خصوصاً امام کے پیچھے سورۂ فاتحہ کی اجازت ثابت ہے۔ مؤلف خیر الکلام نے صلا۵۸ میں فاقرؤا ما تیسر الآیۃ سے بھی اپنے دعویٰ پر استدلال کیا ہے مگر ہم نے جلد اول میں باحوالہ بحث عرض کر دی ہے کہ یہ آیت ہی نماز تہجد سے متعلق ہے نہ کہ مسئلہ خلف الامام سے حضرات! اسی قسم کی بعض اور آیات بھی فریق ثانی نے اپنے اس دعوے کے اثبات پر پیش کی ہیں مگر اُن کو وہ کسی طرح بھی مفید نہیں ہو سکتیں بخلاف اس کے ہم نے محض حضرات صحابہ کرامؓ سے نہیں بلکہ اُن حضرات صحابہ کرامؓ سے جن کا فن تفسیر میں مقام حضرات خلفاء راشدینؓ سے

بھی بڑھا ہوا ہے صحیح اسانید کے ساتھ ایک آیت کا مطلب اور شان نزول پیش کیا ہے اور حدیث تابعینؒ وجمہور مفسرینؒ سے بلکہ اجماع امت سے بھی آیت کی تفسیر نقل کی جا چکی ہے اور فریق ثانی صحابی چھوڑ کسی تابعی سے بھی بسند صحیح کسی آیت کا مطلب نہیں پیش کر سکا صرف تفسیر بالرائے اور سینہ زوری سے کام لیتا ہے۔

فالی اللہ تعالیٰ المشتکیٰ۔

دُوسرا باب

اس باب میں وہ مرفوع روایات اور احادیث پیش کی جاتی ہیں جن سے فریق ثانی نے مقتدی کے لیے امام کے پیچھے ہر رکعت میں سورۂ فاتحہ کے پڑھنے کا وجوب ثابت کیا ہے اور ہم ان پر روایۃً اور درایۃً سنداً اور معنیً کلام کریں گے اور یہ واضح کریں گے کہ ان کا یہ دعویٰ اور اس کی دلیل کہاں تک اور کیسے ان کو مفید ہے؟ اور دعویٰ و دلیل کی مطابقت کیا ہے؟

پہلی روایت: حضرت عبادہؓ بن الصامت کا بیان ہے کہ آنحضرت صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے ارشاد فرمایا۔ لاصلوٰۃ لمن لم یقرأ بفاتحۃ الکتاب (بخاری جلد ۱ صفحہ ۱۰۴ و مسلم جلد ۱ صفحہ ۱۶۹) کہ جس نے سورۂ فاتحہ نہ پڑھی اس کی نماز نہیں ہوتی۔ چونکہ اس روایت میں مقتدی اور خلف الامام کی کوئی قید مذکور نہیں اس لیے فریق ثانی کو اس حدیث سے استدلال کرنے میں علوم آلی خارجی قرائن اور حضرات محدثین کرامؒ کے مفروض اجماع ایسے خوش کن الفاظ سے مدد لینے کی ضرورت محسوس ہوئی ہے چنانچہ مبارکپوری صاحبؒ لکھتے ہیں کہ لفظ مَن عام ہے جس میں امام منفرد اور مقتدی سب داخل ہیں (ابکار المنن صفحہ ۲۰ تحقیق الکلام جلد ۱ صفحہ ۱۱ و تحفۃ الاحوذی جلد ۱ صفحہ ۲۵۷) اور مولانا محمد ابراہیم صاحب میرؒ لکھتے ہیں کہ غرض تمام محدثین بالاتفاق اس حدیث کو ہر نماز اور ہر نمازی پر شامل

لہ یہ روایت نسائی جلد ۱ صفحہ ۱۰۵، ابوعوانہ جلد ۲ صفحہ ۱۲۴، دارمی صفحہ ۱۴۳، ابوداؤد جلد ۱ صفحہ ۱۱۹، ترمذی جلد ۱ صفحہ ۳۴، ابن ماجہ صفحہ ۶۰، دارقطنی جلد ۱ صفحہ ۱۲۲، سنن الکبریٰ جلد ۲ صفحہ ۶۱، جزء القراءۃ صفحہ ۲۰، کتاب القراءۃ صفحہ ۹، کتاب الاعتبار صفحہ ۹۸ اور مشکوٰۃ جلد ۱ صفحہ ۷۸ وغیرہ کتابوں میں موجود ہے یہ روایت متعدد حضرات صحابہ کرامؓ سے بسند صحیح مروی ہے مثلاً حضرت ابن عمرؓ اور حضرت جابرؓ سے صحیح سند سے مرفوعاً مروی ہے لاصلوٰۃ لمن لم یقرأ بفاتحۃ الکتاب (کتاب القراءۃ صفحہ ۳۳ کلاھما بطریق اسحاقؒ بن بنان البغدادیؒ۔ وغیرہ)

کہتے ہیں۔ (تفسیر واضح البیان ص۲۴۲) اور مؤلف خیر الکلام لکھتے ہیں کہ یہ حدیث عام ہے اس میں کسی نماز کی تخصیص نہیں امام یا منفرد کا کوئی ذکر نہیں ہے جیسے یہ حدیث امام یا منفرد کو شامل ہے اسی طرح مقتدی کو بھی شامل ہے الخ (ص۴۲)

جواب اوّل:۔ بلاشبہ سند کے لحاظ سے یہ روایت صحیح ہے لیکن اس روایت سے فریق ثانی کا استدلال صحیح نہیں ہے کیونکہ دعویٰ خاص اور دلیل عام ہے (تقریب تام نہیں نری منطقی اصطلاح ہی ملحوظ نہیں کیونکہ) نہ اس میں مقتدی کی قید موجود ہے اور نہ خلف الامام کی اور جب تک دعویٰ اور دلیل میں مطابقت نہ ہو کسی بالانصاف عدالت میں ایسا دعویٰ ہرگز مسموع نہیں ہو سکتا۔ رہا حرف مَن سے استدلال تو وہ بھی قابل التفات نہیں ہے اس لیے کہ فریق ثانی جب تک یہ نہ ثابت کر دے کہ حرف مَن تعمیم میں نص قطعی ہے اور کبھی کسی مقام میں تخصیص کے لیے مستعمل نہیں ہوا تو پھر ان کا دعویٰ ایک حد تک صحیح ہو سکتا ہے مگر یقین کیجیے کہ اس کا اثبات کارے دارد یہ صحیح ہے کہ بعض اوقات حرف مَن عموم کے لیے آتا ہے لیکن بسا اوقات اس میں تخصیص بھی مراد ہو سکتی ہے۔ نہایت اختصار کے ساتھ ہم بعض حوالے درج کرتے ہیں ملاحظہ کریں۔

۱۔ اللہ تعالیٰ ارشاد فرماتا ہے۔ وَيَسْتَغْفِرُونَ لِمَنْ فِي الْأَرْضِ (پ۲۵ شوریٰ۔۱) کہ فرشتے زمین پر بسنے والوں کے لیے طلب مغفرت کرتے ہیں۔ اس آیت میں حرف مَن ہے اور ظاہر ہے کہ زمین پر سب بسنے والوں کے لئے فرشتے دعا مغفرت نہیں کرتے بلکہ مومنوں کے لیے طلب استغفار کرتے ہیں جیسا کہ دوسرے مقام پر ارشاد ہوتا ہے وَيَسْتَغْفِرُونَ لِلَّذِينَ آمَنُوا (پ۲۴ مومن) کہ فرشتے صرف مومنوں کے لیے مغفرت کی دعا کرتے ہیں نہ یہ کہ ہندوؤں، سکھوں، یہودیوں اور نصرانیوں اور دیگر مشرک قوموں کے لیے خواہ وہ انسانوں میں ہوں یا جنوں میں تو یہاں حرف مَن تخصیص کے لیے آیا ہے۔

۲۔ اللہ تعالیٰ ارشاد فرماتا ہے۔ ءَأَمِنْتُمْ مَنْ فِي السَّمَاءِ أَنْ يَخْسِفَ بِكُمُ الْأَرْضَ الآية (پ۲۹، ملک، ۲) کیا تم نڈر ہو چکے ہو اُس سے جو آسمان میں ہے اس سے کہ دھنسا دے تم کو زمین میں یہاں بھی حرف مَن ہے اور اس سے مراد صرف اللہ کی ذات ہے نہ کہ ہر ایک مَن فی السماء اور قرآن کریم صحیح احادیث اور اجماع سے یہ بات ثابت ہے کہ آسمانوں میں فرشتے اور ارواح حضرات

انبیاء علیہم السلام اور حضرت عیسٰی علیہ السلام جسدِ عنصری کے ساتھ بلکہ تمام دیگر مومنوں کی روحیں آسمانوں پر موجود ہیں اور ایک صحیح روایت سے معلوم ہوتا ہے کہ حضرت آدم علیہ السلام کی وہ اولاد جو اہل النار سے ہے پہلے آسمان پر حضرت آدم علیہ السلام کی بائیں جانب موجود ہے (بخاری ص۵۰ ج۱ مسلم ج۱ ص۹۲ والبو عوانہ جلد ۱ ص۱۳۳) اور آسمان پر کوئی چپہ ایسا نہیں جہاں کوئی نہ کوئی فرشتہ عبادت اور سجدہ میں مشغول نہ ہو (مستدرک جلد ۴ ص۵۴۴ قال الحاکمؒ والذہبیؒ علی شرطہما)

۳۔ اللہ تعالٰی کا ارشاد ہے اَمْ اَمِنْتُمْ مَّنْ فِی السَّمَآءِ اَنْ یُّرْسِلَ عَلَیْکُمْ حَاصِبًا (پ۲۹، ملک ۲۰) کیا نڈر ہو چکے ہو تم اُس سے جو آسمان میں ہے اس سے کہ برسائے تمہارے اُوپر پتھروں کا مینہ اس آیت میں بھی حرف مَن ہے مگر مراد صرف اللہ تعالٰی کی ذات ہے۔

۴۔ آنحضرت صلی اللہ تعالٰی علیہ وسلم ارشاد فرماتے ہیں انما ھلک من کان قبلکم (الحدیث) بخاری جلد ۲ ص۱۰۰۳) کہ تم سے پہلے لوگ صرف اس لیے ہلاک ہوئے ہیں کہ احکام خداوندی میں امیر و غریب اور اعلیٰ و ادنیٰ کا فرق کرتے تھے۔ اس حدیث میں حرف من ہے مگر مراد صرف بعض قومیں ہیں نہ کہ حضرات انبیاء عظام اور ان کے مومن ساتھی (علیہم الصلوٰۃ والسلام)

۵۔ آنحضرت صلی اللہ تعالٰی علیہ وآلہٖ وسلم نے فرمایا لتتبعنّ سنن من کان قبلکم (الحدیث) (بخاری ص۱۰۸۸ ج۲ ومسلم ص۳۳۹ ج۲) تم پہلے لوگوں کی (جو یہود اور نصاریٰ ہیں جیسا کہ اسی حدیث میں اس کی تصریح ہے) اتباع کرو گے جو تمہاری گمراہی کا موجب بنے گی اس میں بھی حرف من ہے اور اس سے مراد بعض قومیں ہیں نہ کہ حضرات انبیاء کرام علیہم السلام کیونکہ ان کی اتباع کا تو آپ کو حکم ہے فَبِھُدٰھُمُ اقْتَدِہْ (پ۷۔ انعام) سو آپ ان پیغمبروں کی (جن میں اٹھارہ کے صراحۃً نام لیے گئے ہیں اور باقی حضرات کا اجمالاً ذکر ہوا ہے) اقتداء کیجئے اور آپ کی وساطت سے آپ کی تمام امت کو ان کی اتباع اور اقتداء کا حکم دیا گیا ہے۔

۶۔ آنحضرت صلی اللہ تعالٰی علیہ وسلم نے ارشاد فرمایا کہ طاعون اللہ تعالٰی کا ایک عذاب ہے رجس ارسل علی من قبلکم (بخاری جلد ۱ ص۴۹۴ ومسلم جلد ۲ ص۲۲۸) جو تم سے پہلے لوگوں پر نازل کیا گیا ہے اس حدیث میں بھی حرف من ہے حالانکہ یہ عذاب صرف بعض مجرموں پر نازل کیا گیا تھا نہ کہ پیغمبروں اور مومنوں پر علیہم الصلوٰۃ والسلام۔

۷۔ آنحضرت صلی اللہ تعالیٰ علیہ وآلہ وسلم نے ارشاد فرمایا کہ عصر کی نماز تم سے پہلے لوگوں پر پیش کی گئی مگر انہوں نے پرواہ نہ کی۔ عرضت علی من قبلکم (مسلم جلد ۱ صـ۲۷۵) حالانکہ حضرات انبیاء عظام علیہم السلام اور ان کے پیروکار اس جرم سے مبرا تھے۔

۸۔ آنحضرت صلی اللہ تعالیٰ علیہ وآلہ وسلم نے ارشاد فرمایا کہ جو زمین پر بسنے والوں پر رحم نہیں کرتے لا یرحمہ من فی السماء (الترغیب والترہیب جلد ۳ صـ۱۵۵ بندقی) ان پر آسمان والا رحم نہیں کرے گا، یہاں بھی حرف من ہے اور مراد صرف اللہ تعالیٰ کی ذات ہے۔

۹۔ آنحضرت صلی اللہ تعالیٰ علیہ وآلہ وسلم نے ارشاد فرمایا کہ اللہ تعالیٰ قیامت کے دن فرشتوں کو اور نیک بندوں کو ارشاد فرمائیں گے اخرجوا من النار من ذکرنی یوماً (مشکوٰۃ جلد ۲ صـ۴۵۶ و مستدرک ۱ صـ۷۰) جن لوگوں نے مجھے ایک دن بھی یاد کیا ہے۔ ان کو دوزخ سے نکال لو اس حدیث میں بھی حرف من ہے لیکن اس سے مراد صرف اہل توحید ہیں گو کتنے ہی گنہگار ہوں نہ کہ کافر اور مشرک حالانکہ وہ بھی خدا کا نام تو لیتے ہیں، اللہ تعالیٰ کا ارشاد ہے اگر آپ ان سے سوال کریں تمہیں کس نے پیدا کیا ہے لیقولن اللہ تو ضرور کہیں گے کہ اللہ تعالیٰ نے کتب حدیث میں سینکڑوں مثالیں ایسی موجود ہیں جن سے بخوبی یہ امر واضح ہو جاتا ہے کہ حرف من تخصیص کے لیے بھی استعمال کیا جاتا ہے، ہم نے صرف بطور مثال کے چند نمونے عرض کیے ہیں، اب آپ علمائے عربیت کی چند عبارتیں ملاحظہ کریں۔

۱۔ علامہ زمخشریؒ آیت ۱ کی تفسیر میں لکھتے ہیں کہ حرف من تعمیم کے لیے نہیں بلکہ جنس[1] کے لیے اور جنسیت کل افراد میں بھی متحقق ہو سکتی ہے اور بعض میں بھی لیکن اس مقام میں بعض یعنی اہل ایمان مراد ہیں، کیونکہ اللہ تعالیٰ کے فرشتے کافروں کے لیے دعائے مغفرت نہیں کرتے۔

---

[1] مؤلف خیر الکلام نے ان عبارات کا جو یہ مطلب بیان کیا ہے کہ ان حضرات کے نزدیک حرف من وضع تو عموم کے لیے ہے اور اس مقام پر خصوص کے معنی پر اس کی دلالت ہے اور وضع و دلالت میں فرق ہے (محصلہ ۸۵/۸۹) تو یہ ایک ناکام بہانہ ہے کیونکہ علامہ زمخشریؒ وغیرہ اس کی تصریح کرتے ہیں کہ حرف من تعمیم کے لیے نہیں بلکہ جنس کے لیے ہے تو پھر بیکار مطلب کو کون مانتا ہے؟ اور اگر دلالت کے لحاظ سے خصوص آیا ہے تب بھی استعمال کے لحاظ سے عموم میں نص قطعی تو نہ رہا وھو المطلوب۔ اور پھر علامہ سید شریف جرجانیؒ کی صریح اور واضح عبارت کا کیا جواب ہے جس میں وہ تصریح فرماتے ہیں کہ یہ عموم کیلئے وضع ہی نہیں بلکہ جنس کے لیے وضع ہیں۔

(تفسیر کشاف جلد ۳ ص۹۳)

۲۔ امام رازیؒ لکھتے ہیں کہ حرف مَن لا یفید العموم یہاں عموم کا فائدہ نہیں دیتا بلکہ اس سے بعض مراد ہیں (جو اہل ایمان ہیں) (تفسیر کبیر جلد، ص۲۳۹)

۳۔ علامہ آلوسیؒ لکھتے ہیں کہ حرف مَن یہاں جنس کے لیے ہے نہ کہ عموم کیلئے (روح المعانی ص ۱۲۹/۱۴)

۴۔ امام ابوبکر رازیؒ بھی اسی کے قریب قریب الفاظ لکھتے ہیں (احکام القرآن ص ۲۳۹/۲)

۵۔ ملا احمد صاحبؒ تحریر فرماتے ہیں ما و من یحتملان العموم والخصوص واصلهما العموم (نور الانوار ص۵۸) کہ حرف مَا اور مَن عموم اور خصوص دونوں کا احتمال رکھتے ہیں۔ اصل اگرچہ ان دونوں کا عموم ہے۔

مطلب واضح ہے کہ اگرچہ اصل میں دونوں عموم کے لیے ہیں لیکن استعمال کے لحاظ سے دونوں عموم کے لیے نص قطعی نہیں کہ ان میں تخصیص نہ آ سکے بلکہ استعمال میں عموم وخصوص دونوں کا برابر احتمال رکھتے ہیں اور ص۸۱ میں لکھتے ہیں۔ وکلمة من لیست بمحكمة في العموم الخ کہ کلمہ مَن عموم میں محکم اور نص قطعی نہیں ہے۔

۶۔ امام اہل عربیت علامہ سید شریف جرجانیؒ (المتوفی ۸۱۶ھ) تحریر فرماتے ہیں (الموصولات لم توضع للعموم بل هي للجنس يحتمل العموم والخصوص (شرح مواقف جلد ۲ ص۲۵۸ طبع مصر و ص۲۳۳ طبع نولکشور) کہ جملہ موصولات (جن میں مَا و مَن داخل ہیں) عموم کے لیے موضوع ہی نہیں بلکہ ان میں عموم وخصوص دونوں کا احتمال ہے اور ابوبکر محمدؒ بن احمد السرخسیؒ (المتوفی ۴۹۰ھ) لکھتے ہیں ومن هذا القسم كلمة من فانها كلمة مبهمة وهي عبارة عن ذات من يعقل وهي تحتمل الخصوص والعموم الخ (اصول سرخسیؒ جلد ۱ ص۱۵۵ طبع مصر) کہ اسی قسم سے کلمہ مَن بھی ہے کہ وہ مبہم اور مجمل ہے اور وہ عقل والی شخصیت پر دلالت کرتا ہے اور خصوص وعموم دونوں کا احتمال رکھتا ہے اور اصول فقہ کی مشہور کتاب التوضیح والتلویح ص۱۵۹ میں بھی اس کی تصریح ہے کہ کلمہ مَن خصوص اور عموم دونوں کے لیے آتا ہے۔

قارئین کرام! آپ قرآن کریم، صحیح احادیث اور ائمہ تفسیر اور علماء عربیت کی واضح عبارات سے یہ معلوم کر چکے ہیں کہ حرف مَن تعمیم کے لیے نص قطعی نہیں ہے اور اسی پر فریق ثانی کے استدلال

کی عمارت قائم تھی جو اس بحث کے بعد پیوند زمین ہو جاتی ہے کیونکہ حرف مِنْ تخصیص کے لیے بھی
آتا ہے اور ادب عربی کے ساتھ تعلق رکھنے والے حضرات بخوبی جانتے ہیں کہ بہت کم ایسے مقامات
ہوں گے جہاں اندرونی اور بیرونی قرائن سے حرف مِن سے حقیقی تعمیم مراد لی جائے۔ حضرت شاہ ولی اللہ
نے تو یہاں تک دعویٰ کیا ہے (اور قرائن و شواہد کی روشنی میں ان کا دعویٰ بیجا نہیں ہے)
الاصل فی العمومات التخصیص بما یناسب المقام (تفہیمات الٰہیہ ج۱ ص۲۵)
کہ عمومات میں قاعدہ اور اصل یہی ہے کہ ان میں مقام اور محل کے مناسب تخصیص مراد لی جائے
گی۔ قاضی شوکانیؒ لکھتے ہیں کہ عام کو مطلقاً خاص پر حمل کیا جائے گا، امام شافعیؒ اور دیگر ائمہ اصول
کا یہی مسلک ہے وھو الحق (نیل جلد ۱ ص۱۹۵) مبارکپوری صاحبؒ بحوالہ قاضی شوکانیؒ لکھتے
ہیں کہ مطلق کو مقید پر اور عام کو خاص پر حمل کرنا واجب ہے اور یہی قوی ترین مذہب ہے (تحفۃ الاحوذی
جلد۲ ص۹۳) اور نواب صاحبؒ بھی ایک جگہ لکھتے ہیں کہ درحقیقت از باب تخصیص است
(افادۃ الشیوخ ص۹۵) اور مؤلف خیر الکلام لکھتے ہیں کہ خاص عام پر اور مقید مطلق پر مقدم ہوتا ہے (ص۵۲)

ان تمام حوالوں اور دلائل کو پیش نظر رکھتے ہوئے یہ بات واضح ہو جاتی ہے کہ میر صاحبؒ
کا ہر نماز میں لفظ ہر پر اور مبارکپوری صاحبؒ اور مؤلف خیر الکلام کا حرف من پر اپنے استدلال
کی بنیاد رکھنا باطل ہے اور اس سے امام، مقتدی، منفرد اور ہر نمازی ہی مراد لینا صحیح نہیں ہے
بلکہ اس سے صرف امام اور صرف منفرد مراد لینا بھی یقیناً صحیح ہے۔ مؤلف خیر الکلام نے ان
ٹھوس اور صریح حوالوں سے انتہائی ناراض اور تنگدل ہو کر بلکہ گھبرا کر جو مخلص تلاش کیا وہ یہ ہے

۱۔ مؤلف احسن الکلام نے یہ تو تسلیم کر لیا ہے کہ یہ حدیث صحیح ہے مگر اپنی طرف سے یہ
اعتراض کیا ہے کہ حدیث عام ہے یعنی مقتدی، امام اور منفرد سب کو شامل ہے اس میں خاص
مقتدی کا ذکر نہیں اور نہ خلف الامام کا ذکر ہے۔

۲۔ دوسرے لفظوں میں ان کا یہ مطلب ہوا کہ یہ حدیث لغو اور بیجا ہے کیونکہ اس میں حکم
عام ہے نہ منفرد کا ذکر ہے نہ امام کا اور نہ مقتدی کا۔

۳۔ حنفیوں کی معتبر کتاب حسامی میں ہے کہ عام کا حکم یہ ہے کہ جتنے افراد کو وہ لفظ شامل ہو
ان تمام کو عام کا حکم قطعی اور یقینی طور پر شامل ہوتا ہے خاص و عام میں کوئی فرق نہیں اور یہی ہمارا

مذہب ہے۔

۴۔ حنفیوں کی بہترین کتاب توضیح میں ہے کہ ہمارے اور امام شافعیؒ کے نزدیک عام جمیع افراد میں حکم واجب کرتا ہے یعنی عام کے حجت ہونے میں حنفی اور شافعی متفق ہیں۔

۵۔ توضیح میں ہے کہ عام کے حجت ہونے پر امت کا اجماع ہے اس کی دلیل یہ ہے کہ صحابہؓ اور غیر صحابہؓ سے عمومات سے استدلال کرنا ثابت اور مشہور و معروف ہے۔

۶۔ حرف مَنْ کی دلالت عموم پر قطعی ہے کیونکہ من عموم کے لیے موضوع ہے اور بدون قرینہ لفظ اپنے اصل معنی پر قطعاً دلالت کرتا ہے۔

۷۔ مؤلف "احسن الکلام" نے جو حوالے نقل کئے ہیں ان تمام سے صرف یہ بات ثابت ہوتی ہے کہ حرف مَنْ میں بسا اوقات تخصیص بھی مراد ہوسکتی ہے اور اصل میں مَنْ عام ہے مگر یہ بات ثابت نہیں ہوتی کہ لفظ مَنْ عام و خاص دونوں کے لیے موضوع ہے یا دونوں اس میں اصل ہیں۔

۸۔ مؤلف احسن الکلام کی اس جگہ روش مرزائیوں کی سی ہے کہ وہ لَا نَبِیَّ بَعْدِیْ کی حدیث میں جمیع افراد کی نفی مراد نہیں لیتے حالانکہ اس میں ہر قسم کی نبوت کی نفی ہے۔

۹۔ قاضی شوکانیؒ فرماتے ہیں کہ جمہور کا مذہب ہے کہ عموم کے لیے ایسے الفاظ ہیں جو اس کے لیے حقیقۃً موضوع ہیں وہ اسماء شرط اور اسماء استفہام اور اسماء موصولات ہیں (ارشاد الفحول ص۱۰۱)

۱۰۔ جو لوگ کہتے ہیں کہ مَنْ جنس کے لیے موضوع ہے ان کے نزدیک بھی یہاں عام ہونا چاہیئے کیونکہ صفت عام ہے "منار" اور "نور الانوار ص۷۵" میں ہے اگر کوئی شخص یہ کہے مَنْ شَاءَ مِنْ عبیدی العتق فھو حُرٌّ فَشَاؤُا عتقوا (جو شخص کہے میرے غلاموں میں سے جو آزاد ہونا چاہے وہ آزاد ہے اگر وہ چاہیں گے تو آزاد ہو جائیں گے الخ) (محصلہ خیر الکلام از ص۷۵ تا ص۸۰)

الجواب:۔ ترتیب وار ہر ایک شق کا جواب ملاحظہ فرمائیں۔

۱۔ راقم نے یہ ہرگز نہیں کہا کہ یہ حدیث عام ہے اور یہ امام و منفرد اور مقتدی سب کو شامل ہے جیسا کہ مؤلف خیر الکلام نے غلط بیانی سے کام لیا ہے۔ راقم تو اس حدیث کو عام مانتا ہی نہیں بلکہ یہ کہتا ہے کہ یہ امام و منفرد کے ساتھ خاص ہے اور اسی لیے حرف مَنْ کی تخصیص کی باحوالہ بحث درج کی ہے کہ وہ عموم میں محکم اور نص نہیں ہے راقم نے تو یہ لکھا ہے کہ اس روایت سے فریق ثانی کا

استدلال صحیح نہیں ہے کیونکہ دعوے خاص اور دلیل عام ہے نہ اس میں مقتدی کی قید موجود ہے اور نہ خلف الامام کی الخ اور دلیل کو بھی اس لیے عام کہا کہ فریق ثانی اس کو عام کہتا ہے اور یہ لفظ عام بھی صرف الزامی طور پہ استعمال کیا گیا ہے۔ اللہ تعالیٰ مؤلف خیر الکلام کو حدیث کے عام ہونے اور مقام استدلال میں دلیل کے عام ہونے کے واضح فرق کو سمجھنے کی توفیق بخشے گا

ایں دعا از من واز جملہ جہاں آمین باد

۳- یہ بھی خوب کہی کہ حدیث لغو اور بیکار ہے (معاذ اللہ تعالیٰ) اپنے ناخواندہ حواریوں کو بہکانے کا کیا نرالا ڈھنگ ہے۔ راقم جب چلا چلا کر یہ کہتا ہے کہ اس حدیث کا مصداق ہی صرف امام اور منفرد ہیں اندرونی اور بیرونی ٹھوس دلائل سے مقتدی اس میں داخل نہیں تو انصاف سے فرمایئے (بشرطیکہ فریق ثانی انصاف کی قدر کرتا ہو) کہ راقم کے نزدیک یہ حدیث لغو اور بیکار کیونکر ہوئی؟ اور راقم نے یہ کب تسلیم کیا ہے کہ اس میں حکم عام ہے جس پر مؤلف "خیر الکلام" نے بلاوجہ حاشیہ آرائی کی ہے۔

۴- حسامی کا حوالہ مؤلف مذکور کو مفید نہیں کیونکہ نزاع اس میں نہیں کہ عام اپنے افراد کو قطعی طور پر شامل ہے یا نہیں؛ بلکہ نزاع اس میں ہے کہ حرف مَنْ عموم کے لیے موضوع ہے یا جنس اور ابہام کے لیے موضوع ہے؟ جب کسی لفظ کو عام تسلیم کر لیا جائے تو اس کا اپنے افراد پر شمول قطعی ہوگا مگر حرف مَنْ ایسا نہیں۔

۵ و ۶- توضیح وتلویح" کے حوالے بھی مؤلف خیر الکلام کو سودمند نہیں ہیں کیونکہ نہ تو عام کے حجت ہونے میں اختلاف ہے اور نہ لفظ عام کے اپنے جمیع افراد میں حکم واجب کرنے میں یہ دونوں باتیں محل نزاع سے خارج ہیں۔ نزاع صرف اسی میں ہے کہ حرف مَنْ عموم میں محکم اور قطعی ہے یا نہیں؟

۷- ہم باحوالہ عرض کر چکے ہیں کہ حرف مَنْ عموم میں محکم اور قطعی نہیں بلکہ یہ مبہم ہے اور موصولات عموم کے لیے موضوع نہیں ہیں اور حافظ ابن ہمامؒ اپنی دقیق کتاب میں تحریر فرماتے ہیں۔

هل الصيغ من اسماء الشرط والاستفهام والموصولات والمحلى والمنفية والجمع باللام والاضافة موضوعة للعموم على الخصوص او مجاز فيه او مشتركة	کیا اسماء شرط، استفہام، موصولات، محلی منفی جمع بلام اور اضافات کے صیغے علی الخصوص عموم کے لیے موضوع ہیں؟ یا اس میں مجاز ہیں؟ یا مشترک ہیں؟ اس میں اختلاف ہے۔ امام ابوالحسن اشعریؒ نے قاضی ابوبکر

وتوقف الاشعری مرّۃً کالقاضی و   الباقلانیؒ کی طرح کبھی تو توقف کیا اور کبھی اشتراک
مرّۃً بالاشتراک اھ۔ (التحریر ۹۵ طبع مصر)   کے قائل ہوئے۔

ملاحظہ کیجیے کہ علم عربیت کے پہاڑ اور ماہر امام بھی موصولات وغیرہ کے بارے میں حتمی طور پر یہ کہنے سے قاصر ہیں کہ وہ قطعاً عموم کے لیے موضوع ہیں۔ کوئی تو عموم کے لیے ان کی وضع کو مجازی کہتے ہیں اور کوئی اشتراک اور توقف کے قائل ہیں پھر بھلا مؤلف خیر الکلام کے اس دعویٰ کو کون سنتا اور مانتا ہے کہ مَنْ عموم کے لیے موضوع ہے جب عموم کے لیے وضع ہی نہیں اور کم از کم ائمہ عربیت کا اس میں شدید اور قوی اختلاف ہے تو حرف مَنْ کی عموم میں قطعیت کا دعویٰ باطل ہے اور جب قطعی طور پر اس کا معنی عموم ہے ہی نہیں تو قرینہ اور غیر قرینہ کا کیا سوال؟ جس کے پیچھے مؤلف خیر الکلام پڑے ہوئے ہیں اور خصوص کے لیے قرینہ کے طالب ہیں۔

۷۔ جب مؤلف خیر الکلام کو اس کا اقرار ہے کہ حرف مَنْ میں لبا اوقات تخصیص بھی مراد ہو سکتی ہے تو انہیں کے اس اقرار کے موافق یہاں حرف مَنْ سے خاص مراد ہے یعنی امام اور منفرد تاکہ دیگر صحیح اور صریح دلائل سے تعارض بھی نہ ہو اور فصاعداً کی زیادت بھی برمحل ثابت ہے۔

۸۔ مؤلف خیر الکلام کا رویہ بھی رافضیوں سے کسی طرح کم نہیں کہ وہ دیگر تمام نصوص سے اغماض کر کے محض سینہ زوری سے تِبْیَانًا لِّکُلِّ شَیْءٍ میں لفظ کل کے عموم پر اصرار کر کے اپنے ائمہ کے لیے مَاکَانَ وَمَایَکُوْنُ کا علم غیب ثابت کرنے پر کمر بستہ ہیں (ملاحظہ ہو اصول کافی جلد ۱ صلا) باقی حدیث لانبی بعدی نکرہ نفی کے نیچے داخل ہے جس کا حکم واضح ہے۔

۹۔ قاضی شوکانیؒ کا یہ دعویٰ کہ جمہور کے نزدیک موصولات وغیرہ عموم کے لیے وضع ہیں مسموع نہیں کیونکہ ہم باحوالہ عرض کر چکے ہیں کہ یہ عموم کے لیے موضوع ہی نہیں اور ائمہ فن کا اس میں خاصا اختلاف ہے علاوہ ازیں تلویح صـ۱۶۷ میں اس کی تصریح ہے کہ حرف مَنْ کی چار قسمیں ہیں شرطیہ، استفہامیہ، موصولہ اور موصوفہ پہلی دونوں قسموں میں وہ عموم کے لیے اور دوسری دونوں قسموں میں (یعنی موصولہ اور موصوفہ ہونے کی صورت میں) عموم اور خصوص دونوں کیلئے استعمال ہوتا ہے اور حدیث زیر بحث میں حرف مَنْ نہ شرطیہ ہے اور نہ استفہامیہ جیسا کہ مخفی نہیں ہے لہٰذا اگر حرف مَنْ اپنی پہلی دو قسموں کے اعتبار سے عام بھی ہو تو جمہور کا یہ ارشاد بجا ہے لیکن

حدیث مذکور میں مَنْ یا موصول ہے یا موصوف اور اس میں عموم وخصوص دونوں مراد ہو سکتی ہے اور یہاں صحیح اور ٹھوس دلیل کے پیش نظر خصوص مراد ہے اور اس عبارت سے بھی واضح ہو گیا کہ مطلق حرف مَنْ عموم کے لیے وضع نہیں اس کی بعض اقسام عموم کے لیے ہیں اور بعض خصوص کے لیے اس لحاظ سے بھی وہ علی الاطلاق عموم میں نص اور محکم نہ رہا اور یہی ہم کہتے ہیں۔

۱۰. نورالانوار کے حوالہ میں جو عموم آیا ہے تو بلاشبہ وہ درست ہے ایک تو اس لیے کہ اس میں حرف مَنْ شرطیہ ہے اور ابھی گذر چکا ہے کہ وہ استعمال میں عام ہوتا ہے اور دوسرے یہاں مشیئت کے فعل کی اسناد مِنْ عِبَادِی میں جمع کی طرف کی گئی ہے اور وہ عام ہے اور مِنْ بیانیہ ہے بخلاف حدیث مذکور کے کہ اس میں یَقْرَأْ فعل کی اسناد حرف مَنْ کی طرف ہے جو موصول یا موصوف ہونے کی وجہ سے عموم وخصوص دونوں کے لیے ہوتا ہے اور یہاں خصوص کے لیے آیا ہے جس کی مفصل بحث کتاب میں مذکور ہے غرض کہ نہ تو یہاں حرف مَنْ عام ہے اور نہ اس کی صفت عام ہے جیسا کہ مؤلف خیر الکلام کو دھوکہ ہوا ہے اور اگر بالفرض عام بھی ہو تو بھی فصاعداً وغیرہ کے قرینہ سے اس سے خاص منفرد ہی لیا جا سکتا ہے چنانچہ خود مؤلف خیر الکلامؒ نے ایک جگہ لکھا ہے کہ پس یہ زیادہ قرین قیاس ہے کہ جو حدیث عام ہے، اس سے مراد بھی خاص مقتدی ہی لیا جائے۔ انتہی بلفظہٖ ص۲۱۰) تو یہاں اس عام سے خاص منفرد لینے میں کیا رکاوٹ ہے؟ مؤلف خیر الکلام نے ص۸۳ میں بحوالہ نورالانوار ص۹۷ یہ لکھا ہے کہ اگر نکرہ کی صفت عام ہو تو عام ہو جاتا ہے اھ مگر یہ قاعدہ تمام احناف کے ہاں مسلّم نہیں ہے، اس پر ارباب اصول نے خاصی بحث کی ہے۔ توضیح وتلویح وغیرہ میں اس پر سیر حاصل بحث موجود ہے۔ اور علامہ تفتازانیؒ لکھتے ہیں کہ۔

والقول بعموم النكرة الموصوفة مما قدح فيه كثير من العلماء الحنفية اھ

نکرہ موصوفہ کے عموم میں بہت سے علماء حنفیہؒ نے کلام کیا ہے۔

(التلویح ص۹۶)

مؤلف مذکور اور ان کی جماعت پر لازم ہے کہ وہ صرف نورالانوار ہی کو نہ دیکھا کریں کیونکہ وہ تو برائے درس طلبہ بڑی مختصر سی کتاب ہے اس میں تمام تفاصیل موجود نہیں ہوتیں دیگر اصول کی کتابوں کو بھی اگر بن پڑے تو (اگرچہ ہیں تو وہ دقیق اور مشکل ہی) پڑھا کریں تاکہ حقیقت

منکشف ہو جائے۔

جواب دوم:۔ جب یہ بات پایہ ثبوت کو پہنچ چکی ہے کہ حرف مَن عموم میں نص قطعی نہیں تو اب دیکھنا یہ ہے کہ یہ حدیث کس کے حق میں ہے؟ امام اور منفرد کے بارے میں یا مقتدی کے حق میں؟ سو اس سے بہتر طریقہ اور کیا ہو سکتا ہے کہ ہم اسی حدیث کے تمام طُرق پر ایک طائرانہ نگاہ ڈالیں شاید کہ کوئی سراغ مل جائے چنانچہ یہ بات زبانِ زد خلائق ہے جو یندہ یابندہ، جب ہم نے دیکھا تو اسی حدیث میں یہ زیادت بھی مل گئی۔ لاصلوٰۃ لمن لم یقرأ بفاتحۃ الکتاب فصاعداً کہ جس شخص نے سورۂ فاتحہ اور اس سے زیادہ کچھ اور نہ پڑھا تو اس کی نماز نہ ہوگی اگر فریق ثانی کے نزدیک مقتدی کے لیے سورۂ فاتحہ اور فصاعداً اس کے ساتھ کچھ اور بھی پڑھنا جائز ہے تو یہ حکم مقتدی کو بھی شامل ہے، ورنہ یہ حدیث صرف اور صرف اس شخص کے بارے میں ہوگی۔ جس کو سورۂ فاتحہ کے ساتھ فصاعداً کچھ اور بھی پڑھنا ضروری ہے اور وہ صرف امام یا صرف منفرد ہے اس سے مقتدی ہرگز مراد نہیں کیونکہ فریق ثانی کے نزدیک بھی مقتدی کو سورۂ فاتحہ کے علاوہ اور کچھ بھی پڑھنا جائز نہیں ہے تو اس فصاعداً کی زیادت نے یہ بات متعین کر دی ہے کہ حرف مَن سے مراد امام یا منفرد ہے مقتدی اس سے یقیناً خارج ہے۔ یہ زیادت بطریق امام معمرؒ صحیح مسلم جلد ۱ صفحہ ۱۶۹ ج ۱ و ابو عوانہ صفحہ ۱۲۴ ج ۲ اور نسائی جلد ۱ صفحہ ۱۰۵ وغیرہ میں بسند صحیح مروی ہے صحیح مسلم اور ابو عوانہ کی سند کے صحیح ہونے میں تو کوئی کلام نہیں ہو سکتا نسائیؒ کے روات یہ ہیں۔

(۱) سویدؒ بن نصرؒ امام نسائیؒ ان کو ثقہ کہتے ہیں ابن حبانؒ ان کو ثقات میں لکھتے ہیں اور ان کو متقن لکھتے ہیں مسلمؒ ان کو ثقہ کہتے ہیں (تہذیب التہذیب جلد ۴ صفحہ ۲۸۰) (۲) عبداللہؒ بن مبارکؒ ان کا ترجمہ جلد اول کے مقدمہ میں گذر چکا ہے (۳) امام معمرؒ بن راشدؒ ان کا ترجمہ بھی جلد اوّل باب اوّل میں گذر چکا ہے۔ (۴) امام زہریؒ ان کا ترجمہ بھی جلد اوّل کے مقدمہ میں گذر چکا ہے (۵) حضرت محمودؓ بن الربیع آنحضرت صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلّم کی وفات کے وقت ان کی عمر پانچ سال کی تھی ابن حبان ان کو صحابہؓ میں لکھتے ہیں ابو حاتم کا بیان ہے کہ انہوں نے جناب رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وآلہٖ وسلّم کو دیکھا ہے لیکن صحبت حاصل نہیں کر سکے، امام عجلیؒ ان کو ثقہ اور من کبار التابعین کہتے ہیں اور یہ حضرت عبادہؓ بن الصامت کے داماد تھے۔

(تہذیب التہذیب جلد ۱ ص ۱۱۳) (۶) حضرت عبادہؓ بن الصامت جلیل القدر صحابی تھے آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم کی رضاعی خالہ حضرت ام حرامؓ بنت ملحان ان کے نکاح میں تھیں ۔ (دیکھئے حاشیہ بخاری جلد ۱ ص ۳۹۱ وغیرہ)

اعتراض ۱: فصاعداً کی اس زیادت کے سلسلہ میں جو اعتراضات اس ناچیز کی نگاہ سے گذرے ہیں یہ ہیں (۱) فصاعداً کی زیادت نقل کرنے میں امام معمرؒ متفرد ہیں (جزء القرأۃ ص ۲ کتاب القرأۃ ص ۱ تلخیص الحبیر ص ۸۷ تعلیق المغنی جلد ۱ ص ۱۲۲ تحقیق الکلام جلد ۲ ص ۳۲ وابکار المنن ص ۱۲۲ اور مؤلف خیر الکلام نے بھی امام بخاریؒ کے حوالے سے اس کو شاذ کہا ہے ص ۸۷) (۲) اگر یہ زیادت صحیح بھی ہو تب بھی اس سے ما زاد علی الفاتحہ کا وجوب ثابت نہیں ہوگا ۔ اور اس حدیث میں فصاعداً کی زیادت اس لیے بیان کی گئی ہے تاکہ یہ وہم دور ہو جائے کہ شاید صرف فاتحہ ہی پڑھنی چاہیئے جیسے تقطع الید فی ربع دینار فصاعداً میں ہے (جزء القرأۃ ص ۳ فتح الباری جلد ۲ ص ۱۹۳ وتحقیق الکلام وابکار المنن وغیرہ) (۳) مبارکپوری صاحبؒ لکھتے ہیں کہ حضرت عبد اللہؓ بن عباسؓ سے مروی ہے کہ آنحضرت صلی اللہ تعالیٰ علیہ وآلہ وسلم نے ایک مرتبہ دو رکعت نماز پڑھائی اور ان میں سورۂ فاتحہ ہی پڑھی (فتح الباری جلد ۲ ص ۲۰۲ ۔ کتاب القرأۃ ص ۸ ومسند احمد جلد ۱ ص ۲۴۳ وغیرہ) اگر ما زاد واجب ہوتا تو آپ کیا ما زاد اور فصاعداً کو ترک کرتے لہذا فصاعداً واجب نہ ہوا (تحقیق الکلام جلد ۱ ص ۸۲) (۴) موصوفؒ لکھتے ہیں کہ حضرت ابو ہریرہؓ سے روایت ہے کہ سورۂ فاتحہ سب نمازوں میں کافی ہے اگر زیادہ ہو جائے تو بہتر ہے (کتاب القرأۃ ص ۸) معلوم ہوا کہ ما زاد علی الفاتحہ واجب نہیں ہے (تحقیق الکلام جلد ۱ ص ۱۰۱) (۵) موصوفؒ لکھتے ہیں کہ حافظ ابن حجرؒ نے اس پر اجماع نقل کیا ہے کہ ما زاد علی الفاتحہ واجب نہیں ہے (فتح الباری جلد ۲ ص ۲۰۲) اور یہ نقل اجماع اس بات کی دلیل ہے کہ ما زاد علی الفاتحہ واجب نہیں ہے (تحقیق الکلام ج ۱ ص ۲) (۶) امام بیہقیؒ لکھتے ہیں کہ آنحضرت صلی اللہ تعالیٰ علیہ وآلہ وسلم نے ارشاد فرمایا ام القرآن عوض من غیرھا ولیس غیرھا عوض منھا (کتاب القرأۃ ص ۹ ومستدرک جلد ۱ ص ۲۳۸) کہ سورۂ فاتحہ باقی تمام سورتوں کا عوض ہے لیکن اس کے علاوہ کوئی اور سورت اس کا عوض نہیں

ہوسکتی لہذا سورۂ فاتحہ کا پڑھنا ہی کافی ہے اور فصاعداً کی حاجت نہ ہوگی کیونکہ ع
کل الصید فی جوف الفرأ یہ ہیں وہ اعتراضات جو فصاعداً کی زیادت کو رد کرنے یا
غیر ضروری ٹھہرانے کے لیے کیے گئے ہیں۔

جواب:۔ ان جملہ اکابر اور حضرات نے فصاعداً کی زیادت کے سلسلے میں جو اعتراض کیے
ہیں ٹھوس دلائل اور واضح براہین کی بنا پر وہ باطل اور بے بنیاد ہیں علی الترتیب شق وار
سب کے جوابات سن لیجیے۔

۱۔ ان اکابر کا یہ دعویٰ کہ فصاعداً کی زیادت بیان کرنے میں معمرؒ منفرد ہیں خود ان کے قواعد
اور مسلّمات کے خلاف ہے۔ اولاً اس لیے کہ معمرؒ بالاتفاق ثقہ، ثبت اور حجت ہیں اور ثقہ کی زیادت
بالاتفاق قابلِ قبول ہوتی ہے جس کی پوری تفصیل پہلے گذر چکی ہے۔ پھر یہ خلاف اصول دعوے
کون سنتا ہے کہ معمرؒ کا تفرد مضر ہے وثانیاً امام زہری کے تمام تلامذہ میں معمرؒ زیادہ قابلِ اعتماد
اور (اثبت الناس فی الزھری) ہیں جیسا کہ عرض کیا جا چکا ہے اس لیے قاعدہ اور ضابطہ
کے پیشِ نظر معمرؒ کی یہ زیادت صحیح اور معتبر ہے اور جن راویوں نے یہ زیادت نقل نہیں کی اصل
قصور ان کا ہے وثالثاً فصاعداً کی زیادت دیگر ثقہ راویوں سے بھی مروی ہے چنانچہ یہی
فصاعداً کی زیادت سفیانؒ بن عیینہؒ سے بسند[1] صحیح مروی ہے (ابوداؤد جلد ۱ ص۱۱۹)
علاوہ ازیں فصاعداً کی زیادت امام اوزاعیؒ اور شعیبؒ بن ابی حمزہؒ سے بھی مروی ہے (کتاب
القرأۃ ص۱۱) امام اوزاعیؒ کا ترجمہ نقل کیا جا چکا ہے اور شعیبؒ بخاری و مسلم کے مرکزی راوی ہیں حافظ
ابن حجرؒ لکھتے ہیں کہ وہ ثقہ اور عابد تھے (تقریب ص۱۴۹) مؤلف خیر الکلام لکھتے ہیں کہ اس کی سند
میں احمدؒ بن ہارون مستملی ہے۔ ذہبیؒ فرماتے ہیں کہ ثقہ راویوں سے منکر روایتیں بیان کرتا ہے (ص۸۸)

---

[1] سند کے راوی یہ ہیں قتیبہؒ بن سعیدؒ و ابن السرحؒ، سفیانؒ بن عیینہؒ، امام زہریؒ، محمودؒ بن ربیع، حضرت عبادہؓ، ان تمام کی توثیق
اپنے اپنے موقع پر نقل کی جا چکی ہے اور ان میں ہر ایک ثقہ اور ثبت ہے مؤلف خیر الکلام نے یہ بیکار بہانہ کیا ہے کہ امام ابوداؤدؒ
قتیبہؒ اور ابن سرحؒ کے طریق سے یہ زیادت نقل کرتے ہیں مگر دوسری کتابوں میں قتیبہؒ کی یہ زیادت نہیں لہذا ابن سرحؒ متفرد
ہیں (محصلہ ص۸۸) مگر یہ کوئی جواب نہیں کیونکہ دوسری کتابوں میں نہیں تو نہ سہی ابوداؤد میں تو بسند صحیح دونوں سے مروی ہے

الجواب :- خود مؤلف مذکور کے قلم سے وہ ایک مقام پر لکھتے ہیں کہ ان کے بعض راوی اگرچہ ضعیف ہیں مگر متابعت میں ذکر کرنے سے کوئی حرج نہیں ہے بلفظہٖ (خیر الکلام ص۲۱۶) اور یہی فصاعداً کی زیادت عبد الرحمٰنؒ بن اسحاق مدنیؒ سے بھی مروی ہے (کتاب القرأۃ ص۱۱ و فصل الخطاب ص۴۲) اور جلد اول باب دوم حدیث ۲ میں ان کا ترجمہ نقل کیا جا چکا ہے اور ان کے علاوہ یہی فصاعداً کی زیادت صالحؒ بن کیسانؒ سے بھی منقول ہے (عمدۃ القاری جلد ۳ ص۱۹) اور صالحؒ بن کیسانؒ ثبت اور فقیہ تھے (تقریب ص۱۴۹) مؤلف خیر الکلام لکھتے ہیں کہ علامہ عینیؒ نے حوالہ نہیں دیا (محصلہ ص۵۵) الجواب :- اگر اس میں کچھ کمزوری بھی ہوئی تب بھی متابعت میں پیش کرنے میں کوئی حرج نہیں ہے۔ اور خود مؤلف مذکور اس کے قائل ہیں کما مرّ۔

آپ نے دیکھ لیا کہ فصاعداً کی زیادت کو امام معمرؒ، امام سفیانؒ بن عیینہؒ، امام اوزاعیؒ، امام شعیبؒ بن ابی حمزہؒ، امام عبد الرحمٰنؒ بن اسحاق مدنیؒ اور امام صالحؒ بن کیسانؒ جیسے جلیل القدر ائمہ حدیث اور ثقات و حفاظ نقل کرتے ہیں مگر فریق ثانی کا یہ پادر ہوا دعویٰ ہے کہ اس زیادت کے نقل کرنے میں معمرؒ متفرد ہیں اور دوسرے ثقات ان کی مخالفت کرتے ہیں فوا اسفا۔ فصاعداً کے بجائے حضرت ابو سعید الخدریؓ سے مرفوع روایت میں ما تیسّر کی زیادت بھی مروی ہے (ابو داؤد جلد ۱ ص۱۱۸ مسند احمد جلد ۳ ص۴۵ سنن الکبریٰ جلد ۲ ص۶۰ اور معرفت علوم الحدیث ص۹۴ وغیرہ) حافظ ابن حجرؒ لکھتے ہیں کہ اس کی سند قوی ہے (فتح الباری جلد ۲ ص۲۰۲) اور دوسرے مقام پر لکھتے ہیں کہ اسنادہ صحیح (تلخیص الحبیر ص۸۶) امام نوویؒ لکھتے ہیں کہ ما تیسّر کی زیادت بخاری اور مسلم کی شرط پر صحیح ہے (شرح المہذب جلد ۳ ص۳۲۹) قاضی شوکانیؒ امام ابن سید الناسؒ سے (جو الشیخ العلامۃ، المحدث، الحافظ، الادیب اور البارع تھے۔ تذکرہ جلد ۴ ص۲۸۵) نقل کرتے ہیں کہ اسنادہ صحیح و رجالہ ثقات۔ (نیل الاوطار جلد ۲ ص۲۰۱) اس کی سند صحیح اور اس کے راوی ثقہ ہیں۔ نواب صاحبؒ بھی اس زیادت کی تصحیح نقل کرتے ہیں (فتح البیان جلد ۳ ص۳۲۷) مولانا شمس الحق صاحبؒ لکھتے ہیں کہ حافظ ابن حجرؒ، امام ابن حبانؒ اور علامہ ابن سید الناسؒ وغیرہ اس کی تصحیح کرتے ہیں۔ (عون المعبود جلد ۱ ص۳۰۰) حضرت ابوہریرہؓ فرماتے ہیں کہ مجھے آنحضرت صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم

نے حکم دیا کہ جا کر لوگوں میں یہ اعلان کرو کہ ان لا صلوٰۃ الا بقراۃ فاتحۃ الکتاب وما تیسّر (موارد الظمآن ص۱۲۶)

حضرات! فنِ روایت میں اس سے بڑھ کر کسی روایت کی صحت ناممکن ہے فصاعداً اور ما تیسّر کے علاوہ ما زاد کی زیادت بھی مروی ہے (جزء القراۃ ص۱۳، کتاب القراۃ ص۱۲، مستدرک جلد ۱ ص۲۳۹ اور سنن الکبریٰ جلد ۲ ص۳۷ وغیرہ) رہا مبارکپوری صاحب کا یہ اعتراض کہ اس میں جعفرؒ بن میمونؒ ضعیف ہے (تحقیق الکلام جلد ۱ ص۳۳ جلد ۱ ص۳۳ و ابکار المنن ص۱۲۲) تو یہ کوئی وقعت نہیں رکھتا امام حاکمؒ ان کو بصرہ کے ثقات میں لکھتے ہیں۔ علامہ ذہبیؒ لکھتے ہیں کہ یہ حدیث صحیح ہے اور جعفرؒ ثقہ ہیں (مستدرک مع التلخیص جلد ۱ ص۲۳۹) ابن معینؒ ان کو ثقہ اور صالح الحدیث کہتے ہیں۔ دارقطنیؒ ان کو معتبر کہتے ہیں۔ ابن عدیؒ کہتے ہیں کہ ان کی کوئی روایت منکر نہیں ہے ابن حبانؒ اور ابن شاہینؒ ان کو ثقات میں لکھتے ہیں (میزان جلد ۱ ص۱۹۴ و تہذیب التہذیب جلد ۲ ص۱۰۹)۔ فصاعداً، ما تیسّر اور ما زاد کے علاوہ اور بھی متعدد الفاظ ایسے ہیں جو ما زاد علی الفاتحۃ کی اصلیت پر وضاحت سے دلالت کرتے ہیں اندریں حالات اس زیادت کا انکار کرنا تعصب کے علاوہ سراسر اصول شکنی اور مسلّمات کی خلاف ورزی ہے جو قطعاً قابلِ قبول نہیں۔

لہ ایک روایت میں وسورۃ معھا کی زیادت ہے (ترمذی جلد ۱ ص۳۲ و ابن ماجہ ص۶۱) اور ایک روایت میں وآیتین وثلاث کی زیادت ہے (جزء القراۃ ص۱۳) ایک روایت میں والسورۃ کی زیادت ہے (زیلعی جلد ۱ ص۳۶۳) ایک روایت میں وثلاث آیات فصاعداً کی زیادت ہے (نصب الرایہ جلد ۱ ص۳۶۵) ایک روایت میں وآیتین من القرآن کی زیادت ہے (مجمع الزوائد جلد ۲ ص۱۱۰) ایک روایت میں ثم اقرأ بما شئت کی زیادت ہے (مسند احمد جلد ۴ ص۳۴۰) ایک روایت میں وبما شاء اللہ ان تقرأ کی زیادت ہے (ابوداؤد جلد ۱ ص۱۲۲) ایک روایت میں وشیٔ معھا کی زیادت ہے۔ (کتاب القراۃ ص۱۳) ایک روایت میں ثم قراءت بما معک من القرآن کی زیادت ہے (کتاب القراۃ ص۱۳) اور ایک روایت میں معھا غیرھا کی زیادت ہے (ایضاً) اور ایک روایت میں بفاتحۃ الکتاب وشیٔ فھی خداج کے الفاظ ہیں (ایضاً ص۱۴) اور ایک روایت میں الا بفاتحۃ الکتاب فما فوق ذٰلک کے الفاظ ہیں (ایضاً ص۱۵) اور اسی قسم کے الفاظ کتب حدیث میں اور بھی موجود ہیں مگر ہم نے ثبت کے لیے ہم انہیں پر اکتفا کرتے ہیں۔

۲- فریق ثانی کا یہ کہنا کہ ماذاد علی الفاتحۃ کا وجوب اور اس کی رکنیت مسلّم نہیں ہے یہ بھی محض اپنے دل کو عارضی تسکین پہنچانے کا سامان ہے اور ان کا ماذاد علی الفاتحۃ کے وجوب سے انکار کرنا باطل ہے۔ اولاً اس لیے کہ جب آنحضرت صلی اللہ تعالیٰ علیہ وآلہٖ وسلم نے لا صلوٰۃ کے عمومی الفاظ کے تحت سورۃ فاتحہ اور فصاعداً (وما تیسّر اور ما زاد) کا حکم دیا ہے تو جیسے سورۃ فاتحہ واجب ہے اسی طرح فصاعداً اور ما زاد علی الفاتحۃ بھی واجب ہے اور بلا کسی صحیح منقول یا معقول دلیل کے فصاعداً کے وجوب کا انکار کون تسلیم کرتا ہے؟ وثانیاً حضرت ابو سعید الخدریؓ کے حوالہ سے مرفوع اور صحیح حدیث (جس کی تصحیح پر امام نوویؒ ابن سید الناسؒ حافظ ابن حجرؒ قاضی شوکانیؒ اور نواب صاحبؒ وغیرہ سب متفق ہیں) پہلے نقل کی جا چکی ہے اس کے پورے الفاظ یوں ہیں امرنا رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم ان نقرأ بفاتحۃ الکتاب وما تیسر آنحضرت صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے ہمیں یہ حکم دیا کہ ہم سورۃ فاتحہ اور اس کے علاوہ کچھ اور بھی جو آسانی سے پڑھا جا سکے پڑھا کریں۔ اس روایت سے معلوم ہوا کہ جس طرح آپ نے سورۃ فاتحہ پڑھنے کا حکم دیا ہے اسی طرح آپ نے ما تیسّر کی قرأت کا بھی حکم دیا ہے اگر آپ کے حکم اور امر سے بھی وجوب ثابت نہیں ہوتا تو کس کے حکم سے ثابت ہوگا؟ وثالثاً مشہور مسئ الصلوٰۃ کی حدیث میں یہ الفاظ بھی موجود ہیں جو آنحضرت صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے ارشاد فرمائے ثم اقرأ بام القرآن ثم اقرأ بما شئت (مسند احمد وابن حبان، سبل السلام جلد ۱ ص۱۳۷) پھر تم سورۃ فاتحہ پڑھو اور پھر اس کے بعد تم قرآن کا جو حصہ چاہو پڑھو اور ابوداؤد (جلد ۱ ص۱۲۵) میں بسند صحیح یہ روایت ان الفاظ سے مروی ہے ثم اقرأ بام القرآن وبما شاء اللہ ان تقرأ پھر تم سورۃ فاتحہ اور اس کے ساتھ کچھ اور بھی جو اللہ کو منظور ہو پڑھو۔ ان روایتوں میں آپ نے ما زاد علی الفاتحۃ کی قرأت کا امر کے صیغہ (اقرأ) سے حکم دیا ہے اور اس کی پوری تحقیق پہلے ہو چکی ہے کہ امر وجوب کے لیے ہوتا اور حافظ ابن حجرؒ اسی حدیث کی شرح میں لکھتے ہیں کہ امر وجوب کے لیے ہے۔ (فتح الباری جلد ۲ ص۲۲۲) جناب رسول خدا صلی اللہ تعالیٰ علیہ وآلہٖ وسلم کے صحیح اور صریح امر اور حکم کو اپنی مرضی اور خواہش سے رد کر دینا کہاں کا انصاف ہے؟ ان دلائل سے معلوم ہوا کہ سورۃ فاتحہ کے علاوہ ما زاد علی الفاتحۃ کی قرأت یا بالفاظ دیگر ضم السورۃ مع الفاتحۃ

بھی واجب ہے رہا اس حدیث میں فصاعداً کی زیادت کو تقطع الید فی ربع الدینار فصاعداً
ذکر چور کا ہاتھ ربع دینار اور اس سے زیادہ میں قطع کرنا چاہیئے) پر قیاس کرنا تو قیاس مع الفارق اور باطل
ہے۔ اولاً اس لیے کہ محض عبادت کو محض عقوبت پر قیاس کرنا غلط ہے کیونکہ سورۃ فاتحہ اور اس کے
بعد کسی بھی سورۃ کا پڑھنا بالاتفاق عبادت اور کار ثواب ہے، اور ربع دینار یا اس سے زیادہ میں قطع ید
کی سزا انکال اور عقوبت ہے، اور دونوں میں زمین و آسمان کا فرق ہے، پھر ایک کو دوسرے پر قیاس
کرنا چہ معنی وارد؟ مؤلف خیر الکلام کہتے ہیں کہ یہ قیاس نہیں بلکہ ایک مثال دے کر فصاعداً والی
ترکیب کا مفہوم واضح کرنا ہے الخ (صـ ۱۳۳) کیا اس مثال کے لیے کتب حدیث کے ذخیرہ میں قطع
سرقہ والی حدیث ہی مثال کے لیے دستیاب ہوئی ہے اور کوئی چیز موجود نہیں؟ اور جو لوگ
عبادت کو عقوبت پر قیاس بھی کرتے ہیں وہ کب تمام دنیا کو چیلنج کرتے ہیں؟ اور کب دوسرے
فریق کے عمل کو باطل بیکار اور کالعدم قرار دیتے ہیں؟ وثانیاً چوری کے سلسلہ میں تو صرف فصاعداً
کا لفظ مذکور ہے اور یہاں فصاعداً۔ ماتیسر اور ماذاد وغیرہ دیگر بے شمار الفاظ وارد ہیں
جیسا کہ آپ بعض کا مطالعہ کر چکے ہیں اس میں نرا فصاعداً ہی نہیں تاکہ آسانی کے ساتھ اس کو
اس پر قیاس کر لیا جائے۔ مؤلف خیر الکلام اس سے یوں گلو خلاصی کرتے ہیں کہ ہماری بحث عبادۃؓ کی
حدیث میں ہے دوسری احادیث زیر بحث نہیں (صـ ۱۳۳) الجواب:۔ آخر کیوں نہیں؟ کیا وہ اس
باب کی حدیثیں نہیں ہیں؟ بات واضح ہے کہ چونکہ وہ صحیح بھی ہیں اور ان میں حرف واو کے ساتھ
(جو مغائرت کے لیے ہوتا ہے) وماتیسر وغیرہ آیا ہے جن کو مؤلف مذکور کا معدہ ہضم نہیں کر
سکتا اس لیے وہ زیر بحث نہیں وثالثاً اگر اس قیاس کو صحیح بھی تسلیم کر لیا جائے تب بھی یہ ہمیں
مضر نہیں ہے کیونکہ جیسے ربع دینار ادنیٰ نصاب ہے جس میں ہاتھ کاٹا جاتا ہے اور فصاعداً
میں بطریق اولیٰ کاٹا جائے گا، اسی طرح سورۃ فاتحہ اقل درجہ کا واجب ہے اور ماذاد علی الفاتحۃ
کامل اور مکمل واجب ہوگا۔ ورابعاً جب اصل مقیس علیہ ربع دینار ہی حنفیہ وغیرہ کے نزدیک مختلف
فیہ ہے تو اس پر قیاس کرنے کا کیا مطلب؟ وخامساً یہ طے شدہ قاعدہ ہے کہ نص کی موجودگی
میں قیاس باطل ہے۔ اور جمہور کی طرف سے مقتدی پر فاتحہ کے نہ ہونے کی صحیح اور صریح حدیثیں پیش
کی جا چکی ہیں جو اس مسئلہ میں نص ہیں۔ مؤلف خیر الکلام نے لفظ فصاعداً پر ضرورت سے زیادہ

لاطائل بحث کی ہے جس میں کام کی بات ایک بھی نہیں اس لیے ہم قارئین کرام کے ذہن کو پریشان نہیں کرتے

۳۔ حضرت عبداللہ بن عباسؓ کے طریق سے جو روایت پیش کی گئی ہے وہ نہایت ہی کمزور اور ضعیف ہے، کیونکہ اس کی سند میں حنظلہ سدوسیؒ نامی راوی ہے۔ امام بخاریؒ فرماتے ہیں کہ امام یحییٰ القطانؒ نے فرمایا کہ میں نے عمداً اس کو ترک کر دیا تھا اور بعد کو وہ مختلط بھی ہو گیا تھا (ضعفاء صغیرؒ) امام نسائیؒ لکھتے ہیں کہ وہ ضعیف تھے (ضعفاء صغیر امام نسائی ص۱۴) امام احمدؒ اس کو منکر الحدیث اور ابن معینؒ اس کو لیس بشئی کہتے ہیں (میزان الاعتدال جلد ا ص۲۹۲ والجوہر النقی جلد ۲ ص۹۱) محدث میمونیؒ، امام ابو عبداللہؒ سے اس کی تضعیف نقل کرتے ہیں۔ ابو حاتمؒ اس کو لیس بالقوی کہتے ہیں۔ ابن حبانؒ اس کو ضعفاء میں لکھتے ہیں اور کہتے ہیں کہ وہ ایسے مختلط ہو چکے تھے کہ ان کی اگلی اور پچھلی سب روایتیں خلط ملط ہو چکی تھیں کہ ان میں تمیز نہیں ہو سکتی (تہذیب التہذیب جلد ۳ ص۶۲) یہ ہے وہ روایت جس سے مبارکپوری صاحبؒ فصاعداً، ماتیسّر اور ما زاد وغیرہ کی صحیح زیادت کو رد کرتے ہیں تعجب اور حیرت ہے اس انصاف پر حضرت ابو ہریرہؓ سے بھی ایک روایت مروی ہے وہ فرماتے ہیں کہ ایک شخص آیا اور اس نے آنحضرت صلی اللہ تعالےٰ علیہ وسلم سے سوال کیا یارسول اللہ ارأیت ان لم یکن معی الا ام القرآن قال ھی حسبک ھی السبع المثانی (کتاب القرأة ص) یارسول اللہ یہ فرمایئے کہ اگر مجھے سورۃ فاتحہ کے علاوہ اور کوئی سورت یاد نہ ہو تو میں کیا کروں؟ آپ نے فرمایا یہی تجھے کافی ہے کیونکہ یہ سبع مثانی ہے لیکن اس کی سند میں ابراہیمؒ بن فضل مدنیؒ ہے امام احمدؒ اور ترمذیؒ اس کو ضعیف الحدیث کہتے ہیں ابن معینؒ کہتے ہیں لیس حدیثہ بشئی امام بخاریؒ اس کو منکر الحدیث اور ابو حاتمؒ ضعیف الحدیث اور منکر الحدیث کہتے ہیں ابو زرعہؒ اس کو ضعیف کہتے ہیں نسائیؒ اس کو لیس بثقہ اور منکر الحدیث کہتے ہیں ابو احمد حاکمؒ کہتے ہیں کہ وہ محدثین کے نزدیک قوی نہیں ہے، دار قطنیؒ اور ازدیؒ اس کو متروک کہتے ہیں۔ (تہذیب التہذیب جلد ا ص۱۵۱) الغرض ما زاد علی الفاتحۃ کی نفی پر صریح، صحیح اور مرفوع روایت موجود نہیں ہے بخلاف اس کے ما زاد، ماتیسّر اور فصاعداً کی روایتیں بالاتفاق صحیح صریح اور مرفوع ہیں پھر ان کا انکار محض تعصب ہے۔

۴۔ مبارکپوری صاحبؒ نے کفایت سورۂ فاتحہ پر حضرت ابوہریرہؓ کی جو روایت پیش کی ہے۔ وہ ان کے لیے ہرگز مفید مطلب نہیں ہو سکتی۔ کیونکہ یہ حضرت ابوہریرہؓ پر موقوف ہے اور کسی مرفوع اور صحیح روایت میں اس قسم کے الفاظ منقول نہیں ہیں (دیکھئے فتح الملہم جلد ۲ صـ۳۱ وغیرہ) اور موقوفات صحابہؓ کے بارے میں فریق ثانی کا مسلک نقل کیا جا چکا ہے کہ در موقوفات صحابہؓ حجت نیست اگرچہ بصحت سند و ثابت شود۔ ثانیاً یہ تو ان موقوفات کا حکم ہے جو بظاہر آنحضرت صلی اللہ تعالیٰ علیہ وآلہ وسلم کے ارشاد کے مخالف نہ ہوں اور یہاں تو یہ قول فصاعداً، ماتیسر اور مازاد کے مخالف ہے پھر یہ کیسے حجت ہو گا؟ بجائے اس کے کہ خود اس موقوف اثر کا کوئی مناسب اور صحیح محمل بیان کیا جائے اس کو مرفوع حدیث کے مقابلہ میں پیش کرنا عجیب تر بات ہے۔

۵۔ حافظ ابن حجرؒ لکھتے ہیں کہ امام قرطبیؒ اور ابن حبانؒ وغیرہ نے یہ دعوی کیا ہے کہ ما زاد علی الفاتحۃ کی قرأت بالاجماع نہیں ہے لیکن حافظ موصوفؒ ان پر گرفت کرتے ہوئے لکھتے ہیں فیہ نظر لثبوتہ عن بعض الصحابۃؓ ومن بعدھم (فتح الباری جلد ۲ صـ۲۴۳) اجماع کا دعوی محل غور ہے کیونکہ بعض حضرات صحابہ کرامؓ اور بعد کے سلفؒ سے مازاد کا وجوب بھی ثابت ہے اور حافظ ابن القیمؒ بفاتحۃ الکتاب میں حرف با کے تعدیہ سے استدلال کرتے ہوئے لکھتے ہیں کہ وھذا لا یعطی الاقتصار علیھا بل یشعر بقرأۃ غیرھا معھا (بدائع الفوائد جلد ۴ صـ۲۶) اس سے صرف سورۂ فاتحہ پر اقتصار ہی ثابت نہیں بلکہ غیر فاتحہ کی قرأت پر بھی یہ دال ہے۔ اور قاضی شوکانیؒ اس مسئلہ پر بحث کرتے ہوئے تحریر فرماتے ہیں کہ:-

وھذہ الاحادیث لا تقصر عن الدلالۃ علی وجوب قرآن مع الفاتحۃ الی ان قال وقد ذھب الی ایجاب قرآن مع الفاتحۃ عمرؓ وابنہ عبداللہؓ وعثمان بن ابی العاص والھادی و القاسم والمؤید باللہؒ الی ان قال والظاھر ماذھبوا الیہ من ایجاب شئ من القرآن

اور یہ حدیثیں (جن میں فصاعداً، ماتیسر اور مازاد کی زیادت موجود ہے) اس حکم پر دلالت کرنے سے قاصر نہیں ہیں کہ سورۂ فاتحہ کے ساتھ قرآن کا کوئی اور حصہ بھی واجب ہے چنانچہ حضرت عمرؓ، حضرت ابن عمرؓ، حضرت عثمانؓ بن ابی العاص ہادی، قاسم اور مؤید باللہ کا بھی مسلک ہے اور ان احادیث کے پیش نظر بظاہر ان کا

(نیل الاوطار جلد ۲ ص۲۳۱) یہ مسلک صحیح ہے کہ سورۂ فاتحہ کے علاوہ قرآن کریم کا کوئی اور حصہ بھی واجب ہونا چاہیئے۔

حضرت مولانا شیخ الاسلام شبیر احمد صاحب عثمانیؒ لکھتے ہیں کہ

ولهذا اوجب الحنفية قرأة الفاتحة وضم السورة اليها قال فى البحر وهما واجبتان للمواظبة ۔ (فتح الملهم جلد ۲ ص۳۰)

ان احادیث کو مد نظر رکھ کر فقہاء احنافؒ نے سورۂ فاتحہ اور اس کے ساتھ کسی اور سورت (خواہ چھوٹی سورت ہی ہو) کے وجوب پر استدلال کیا ہے۔ صاحب البحر الرائق کہتے ہیں کہ چونکہ آپؐ نے ان پر مواظبت کی ہے۔ لہذا سورۂ فاتحہ اور اس کے علاوہ کوئی اور سورۃ دونوں واجب ہیں ۔

حضرت امام ابوحنیفہؒ کا بھی یہی مسلک ہے (فتح الملہم جلد ۲ ص۲۹) اور ابن کنانہ مالکیؒ کا بھی یہی مسلک ہے (حاشیہ نسائی جلد ۱ ص۱۰۵) اور امیر یمانیؒ حدیث مسئ الصلوٰۃ کی شرح میں لکھتے ہیں کہ فتجب الفاتحة فى كل ركعة وتجب قرأة ما شاء معها فى كل ركعة اھ (سبل السلام جلد ۱ ص۱۲۸) کہ ہر رکعت میں اس کے ساتھ جتنی قرأت نمازی چاہے وہ بھی واجب ہے، اور حضرت مولانا سید محمد انور شاہ صاحبؒ تحریر فرماتے ہیں ۔

ووجوب السورة قول عند المالكية والحنابلة (فصل الخطاب ص۱۰۱) یعنی سورۂ فاتحہ کے ساتھ کسی اور سورت کا ملانا اور اس کو واجب قرار دینا مالکیوں اور حنبلیوں کا بھی ایک قول ہے، بلکہ حضرت امام شافعیؒ کی ایک عبارت سے بھی ما زاد على الفاتحة کا وجوب ہی مترشح ہوتا ہے چنانچہ وہ لکھتے ہیں کہ :-

وهو قد يحتمل ان يكون الفرض على من احسن القرأة قرأة ام القرآن وآية واكثر ۔ (کتاب الام جلد ۱ ص۸۹)

اور اس میں یہ بھی احتمال ہے کہ جو شخص قرآن کریم کی اچھی طرح قرأت کر سکتا ہو اس پر سورۂ فاتحہ اور ایک آیت اور اس سے زیادہ کی قرأت بھی فرض ہو ۔

اگر اتنی خدا کی دلیل کے مکمل جانے کے بعد بھی اجماع باقی رہتا ہے تو وہ کوئی عجیب سخت جان اجماع ہوگا۔ امام نوویؒ لکھتے ہیں کہ وضوء اور غسل میں پانی استعمال کرنے کی کوئی حد اور

مقدار متعین نہیں ہے اور اس پر اجماع ہے (شرح مسلم جلد ا ص۱۷۰) مبارکپوری صاحبؒ
ان پر گرفت کرتے ہوئے لکھتے ہیں فی دعوی الاجماع کلام کہ اجماع کے دعویٰ کرنے میں کلام ہے
کیونکہ ابن شعبان مالکیؒ اور محمدؒ بن الحسنؒ اس سے اختلاف کرتے ہیں (تحفۃ الاحوذی جلد ا ص۱۱)
امام ابن حزمؒ ایک مسئلہ پر بحث کرتے ہوئے لکھتے ہیں کہ اس میں اجماع کا دعویٰ صحیح نہیں ہے کیونکہ
حضرت عطاءؒ، عمرؒ بن عبدالعزیزؒ، حسنؒ، زہریؒ، ابوسلمہؒ بن عبدالرحمٰنؒ اور سلیمانؒ بن یسارؒ اس سے اختلاف
کرتے ہیں و اُفٍّ لکل اجماع یخرج عنہ ھؤلاء (محلی جلد ۷ ص۳۷۸) اور حیف ہے اُس
اجماع پر جس سے یہ بزرگ خارج ہوں۔

قارئین کرام! آپ نے ملاحظہ کر لیا کہ فریق ثانی فصاعدا، ماتیسر اور ما زاد کی صحیح زیادت
سے کیسے پہلو تہی کرتا ہے اور عدم وجوب ما زاد علی الفاتحۃ پر کیسی روایات سے استدلال کرتا ہے
اور اجماع کے خوش کن الفاظ کے ہوائی قلعہ میں کیسے بچاؤ کا انتظام کرتا ہے مگر یہ سب کچھ کرتے ہوئے
وہ اہلحدیث اور اُن کے مخالف تمام صرف اہل الرائے ہیں۔ افسوس اور صد افسوس ہے ایسے تعصب
پر۔ مؤلف خیر الکلام نے اس سے یہ مخلص تلاش کیا ہے کہ ان روایات میں مقدار کا ذکر نہیں اور واجب میں
تعیین لازمی ہوتی ہے (محصلہ ص۱۶۲) الجواب: ہر واجب میں تعیین غیر مسلّم ہے اصول فقہ کی کتابوں (مثلاً
التحریر ص۲۱۱ اور مسلّم الثبوت ص۲۹ وغیرہ) میں اس کی تصریح موجود ہے کہ واجب میں کبھی تخییر بھی ہوتی ہے جس کو
واجب مخیّر کہتے ہیں جیسے قسم کے کفارہ میں متعدد اشیاء میں سے جو چاہے کرے اور جنایات حج میں
بعض صورتوں میں دم (یعنی قربانی) لازم ہے ادنیٰ بکری وغیرہ ہے اور اعلیٰ کی کوئی مقدار متعین نہیں اونٹ
ہو یا گائے وغیرہ اور یہاں عند البعض ادنیٰ تین آیتیں اور عند البعض ایک آیت طویلہ ہے زیادہ کی کوئی
حد نہیں علاوہ ازیں ابھی امیر یمانیؒ وغیرہ کے حوالہ سے عرض کیا گیا ہے کہ وہ سورۃ فاتحہ کی قراۃ کے سوا
اور قراۃ کو بھی واجب کہتے ہیں جو نمازی کی مرضی پر ہے ماشاء معہا اھ۔

۴۔ ام القرآن عوض عن غیرھا الخ کی روایت سے ما زاد علی الفاتحۃ کی نفی پر استدلال کرنا صحیح نہیں ہے۔ اولاً اس لیے کہ اس کی سند میں
محمد بن خلاد ہے علامہ ذہبیؒ لکھتے ہیں لا یدری من ھو (میزان جلد ۳ ص۵۳) معلوم نہیں
کہ وہ کون اور کیسا تھا۔ ابو سعید بن یونسؒ ان کو صاحب مناکیر بتلاتے ہیں (ایضاً) امام دارقطنیؒ کا بیان
ہے کہ ام القرآن عوض عن غیرھا الخ کے الفاظ بیان کرنے میں محمد بن خلاد متفرد ہے صحیح الفاظ

وہی ہیں جو امام زہریؒ وغیرہ نے بیان کیے ہیں لا تجزئ صلاۃ لا یقرأ فیھا بام القرآن۔
(میزان الاعتدال جلد ۱ صـ۱۲۲) حافظ ابن حجرؒ لکھتے ہیں کہ اگرچہ محدث عجلیؒ اور ابن حبانؒ نے
ان کی توثیق کی ہے لیکن معنا امر القرآن الخ میں محمد بن خلادؒ نے غلطی کی ہے اور نقل بالمعنی کا ارتکاب
کیا ہے صحیح الفاظ وہی ہیں جو لا صلوٰۃ الا بفاتحۃ الکتاب سے مروی ہیں کیونکہ جمہور محدثینؒ
جن میں حضرت امام احمدؒ ابن ابی شیبہؒ اسحاقؒ بن راہویہؒ ابن ابی عمرؒ، عمرو الناقدؒ معمرؒ، صالحؒ بن کیسانؒ
اوزاعیؒ اور یونسؒ بن یزیدؒ خاص طور پر قابل ذکر ہیں اس حدیث کو لا صلوٰۃ لمن یقرأ بفاتحۃ الکتاب
کے الفاظ ہی سے نقل کرتے ہیں (لسان المیزان جلد ۵ صـ۱۵۶) وثانیاً اگر یہ روایت انہیں الفاظ کے
ساتھ صحیح بھی ہو تب بھی ما زاد علی الفاتحۃ کی نفی پر اس سے استدلال صحیح نہیں ہے اس لیے
کہ اس میں نہ خلف الامام کی قید ہے اور نہ مقتدی کی تصریح ہے لہٰذا یہ امام اور منفرد کے حق میں ہوگی
اور اپنی بعض خصوصیات کی وجہ سے سورۃ فاتحہ کی جگہ کوئی اور سورت قائم نہیں ہو سکتی جیسا کہ
محققین احنافؒ کا مسلک ہے اور اس کے وجوب پر تو تمام کا اتفاق ہے اور مطلب واضح ہے کہ سورۃ فاتحہ
باقی تمام سورتوں کی عوض ہے مگر اس کی جگہ کوئی اور سورت قائم نہیں ہو سکتی اس کو نفی ما زاد سے
کیا تعلق ہے؟ اسی طرح ایک روایت ان الفاظ سے مروی ہے لا تجزئ صلوٰۃ لا یقرأ
الرجل فیھا فاتحۃ الکتاب (کتاب القرأۃ صـ۹) لیکن حافظ ابن حجرؒ اور صاحب تعلیق المغنی
(جلد ۲ صـ۱۲۲ میں) اس کی تصریح کرتے ہیں رواہ جماعۃ بلفظ لا صلوٰۃ لمن لم یقرأ
وھو الصحیح وکان زیاد رواہ بالمعنی۔ (فتح الباری) کہ محدثینؒ کی جماعت اس روایت
کو لا صلوٰۃ لمن یقرأ کے الفاظ سے روایت کرتی ہے یہ زیادؒ بن ایوبؒ کی غلطی ہے کہ انہوں
نے روایت بالمعنی کا ارتکاب کر کے اس کا مطلب بدل دیا ہے اور حافظ ابن حجرؒ لکھتے ہیں کہ
اشبہؒ اور زیادؒ بن ایوبؒ کی روایت منقولۃ بالمعنی (لسان جلد ۵ صـ۱۵۶) منقول بالمعنی
ہے۔ پہلے تو مثال کے طور پر ہم یہ سنا کرتے تھے کہ بعض لوگ لَا تَقْرَبُوا الصَّلٰوۃَ کے قائل
ہوتے ہیں اور آگے نہیں پڑھا کرتے مگر اب تو اپنے ماتھے پر لگی ہوئی آنکھوں کے ساتھ ایسا
فرقہ بھی دیکھ لیا ہے جو کبھی تو واذا قرأ فانصتوا کی صحیح زیادت کو کھا جاتا ہے۔ اور کبھی
فصاعدًا۔ ما تیسر اور ما زاد کی صحیح زیادت کو ہضم کر جاتا ہے اور کبھی الا وراء الامام

کی استثناء کو ہڑپ کر جاتا ہے اور اس زیادت کو اُڑا کر ساری دنیا کے مسلمانوں کو یہ چیلنج کرتا ہے کہ تمہاری نماز باطل ہے بیکار ہے اور کالعدم ہے۔ تعجب اور حیرت ہے اس دیانت پر سو فیصدی محدثین کا اتفاق پہلے نقل کیا جا چکا ہے کہ زیادت جو ثقہ راوی سے منقول ہو وہ واجب القبول ہوتی ہے اور حافظ ابن حجرؒ بھی الاخذ بالزائد فالزائد کا ضابطہ بیان کرتے ہیں (فتح الباری جلد ۲ صفحہ ۲۲) اور اس زیادت کو بیان کرنے والے بالاتفاق ثقہ، ثبت اور حجت بلکہ اثبت الناس فی فلاں کا مصداق ہیں مگر باوجود اس کے فریق ثانی تمام طے شدہ اصول و ضوابط کو پامال کرتا ہوا صرف اپنی ضد پر قائم ہے اعاذنا اللہ تعالیٰ منہ۔

جواب سوم: جب یہ بات قطعی طور پر ثابت ہو چکی ہے کہ حرف مَن عموم میں نص قطعی نہیں ہے اور یہ بات بھی پایۂ ثبوت کو پہنچ چکی ہے کہ اسی روایت میں صحیح اسانید کے ساتھ جناب رسول خدا صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم سے فصاعدًا، ماتیسّر اور ما زاد کی زیادت بھی مروی ہے جس کا مطلب یہ ہے کہ جس شخص نے سورۂ فاتحہ اور اس کے ساتھ قرآن کریم کے کسی اور حصہ کی قرأت نہ کی تو اس کی نماز نہ ہوگی اور گو مقتدی کے لیے سورۂ فاتحہ کی قرأت کا پڑھنا اور نہ پڑھنا محل نزاع ہے لیکن اس بات پر سب کا اتفاق ہے کہ ما زاد علی الفاتحۃ کی قرأت مقتدی کے لیے جائز نہیں اس لیے اس حدیث کا صحیح اور حقیقی مصداق صرف امام یا منفرد ہے کیونکہ سورۂ فاتحہ کے ساتھ قرآن کریم کے کسی اور حصہ کا پڑھنا صرف امام اور منفرد کے لیے ہی ضروری ہے مقتدی پر اس روایت کے مشتمل نہ ہونے کے لیے فصاعدًا ماتیسّر اور ما زاد کی زیادت نہ صرف کافی ہے بلکہ نص صریح ہے اور اس حدیث کا امام پر مشتمل ہونا اتفاقی امر ہے البتہ بعض حضرات صحابہ کرامؓ اور دیگر ائمہ حدیثؒ کے بیان سے یہ بات صاف آشکارا ہوتی ہے کہ اس حدیث کا اصلی مصداق صرف منفرد اور اکیلا ہے اور ضمنی طور پر امام بھی اس میں داخل ہے لوجود العلۃ۔ ہاں مگر مقتدی اس سے بہر حال خارج ہے۔ چنانچہ حضرت جابرؓ بن عبد اللہؓ فرماتے ہیں کہ حدیث لا صلوٰۃ لمن یقرأ بفاتحۃ الکتاب فصاعدًا منفرد کے حق میں وارد ہوتی ہے (مؤطا امام مالکؒ صفحہ ۲۸ و ترمذی جلد ۱ صفحہ ۴۲ وقال ھذا حدیث حسن صحیح) اور حضرت عبد اللہؓ بن عمرؓ فرماتے ہیں کہ یہ حکم منفرد کے لیے ہے (مؤطا امام مالک صفحہ ۲۹) امام احمدؒ بن حنبلؒ فرماتے ہیں

کہ یہ حکم منفرد کے لیے ہے۔ (ترمذی جلد ۱ صفحہ ۴۲) امام سفیانؒ بن عیینہؒ فرماتے ہیں کہ یہ حکم منفرد کے لیے ہے (ابو داؤد جلد ۱ صفحہ ۱۱۹) اور امام اسمٰعیلیؒ (المتوفی ۳۷۱ھ) جو الامام، الحافظ الثبت، شیخ الاسلام اور کبیر الشافعیہ تھے (تذکرہ جلد ۳ صفحہ ۱۴۹) امام حاکمؒ کہتے ہیں کہ وہ شیخ المحدثین والفقہاء تھے (ایضاً صفحہ ۱۵۰) خطیب تبریزیؒ لکھتے ہیں کہ وہ الامام اور الحافظ تھے (اکمال صفحہ ۶۲۸) فرماتے ہیں کہ یہ حدیث منفرد کے بارے میں ہے (بذل المجہود جلد ۲ صفحہ ۵۲) امام موفق الدینؒ ابن قدامہ الحنبلیؒ فرماتے ہیں کہ:۔

فاما حديث عبادةؓ الصحيح فهو محمول على غير المأموم وكذلك حديث ابي هريرةؓ الخ (مغنی جلد ۱ صفحہ ۵۶۶ طبع لولاق)	حضرت عبادہؓ کی جو حدیث صحیح ہے تو وہ غیر مقتدی پر محمول ہے اور اسی طرح حضرت ابو ہریرہؓ کی روایت بھی غیر مقتدی پر محمول ہے۔

حضرت ابو ہریرہؓ کی حدیث آگے دوسری حدیث کے عنوان سے آرہی ہے اور امام شمس الدینؒ فرماتے ہیں کہ:۔

فالحديث الاول الصحيح محمول على غير المأموم وكذا حديث ابي هريرةؓ اھ (شرح مقنع للكبير جلد ۲ صفحہ ۱۲)	وہ مقتدی کے علاوہ دوسروں پر محمول ہے اور اسی طرح حضرت ابو ہریرہؓ کی روایت بھی غیر مقتدی کے حق میں ہے۔

فصاعدًا، ما تیسّر اور ما زاد کی زیادت کے پیش نظر ان اکابر کا یہ ارشاد سو فیصدی صحیح ہے جس میں شک نہیں ہو سکتا۔ مؤلف خیر الکلام کہتے ہیں کہ حضرت جابرؓ اور حضرت ابن عمرؓ کی یہ بات نہایت کمزور ہے کیونکہ وہ اس حدیث کے راوی نہیں ہیں بخلاف حضرت عبادہؓ کے کہ وہ اس کے راوی ہیں، باقی امام احمدؒ اور سفیانؒ کے قول سے اس کو منفرد پر کوئی محمول کرے تو اس کی مرضی دوسرے کے لیے حجت نہیں (محصلہ صفحہ ۱۳۵)

الجواب:۔ حضرت عبادہؓ کی روایت بقید خلف الامام ہے ہی ضعیف جیسا کہ انشاء اللہ تعالیٰ آئے گا جس کا کوئی اعتبار نہیں بخلاف حضرت جابرؓ وغیرہ کی حدیث کے جو بالکل صحیح ہے اور حرف مَن کی تخصیص کا (بشرطیکہ عام ہو) یہ واضح قرینہ ہے اور اسی لیے حضرت امام احمدؒ وغیرہ نے اس روایت کو غیر مقتدی کے لیے کہا ہے جو مبنی بر دلیل ہے، نری مرضی کا سوال نہیں

کیونکہ اسی حدیث میں فصاعداً اور مَاتَیَسَّرَ وغیرہ کی زیادت بھی تو موجود ہے جو غیر مقتدی کے بارے میں ایک گونہ نص ہے۔

اعتراض:۔ مبارکپوری صاحبؒ لکھتے ہیں کہ جناب رسول خدا صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلّم کے قول کی تخصیص کتاب اور سنت سے ہی ہو سکتی ہے امام احمدؒ اور سفیانؒ بن عیینہؒ کے قول سے نہیں ہو سکتی (ابکار المنن)

جواب:۔ مبارکپوری صاحب نے کیسی دُور اندیشی کا ثبوت دیا ہے کہ حضرت جابرؓ اور حضرت ابن عمرؓ کا نام تک نہیں لیا اور صرف امام احمدؒ اور ابن عیینہؒ کا نام لے کر دفع الوقتی کی ناکام کوشش کی ہے لیکن موصوفؒ کا یہ اعتراض بھی باطل ہے اوّلاً اس لیے کہ حرفِ مَن کی تخصیص کتاب اللہ اور سنت رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلّم ہی سے کی گئی ہے اور علماء عربیت کے حوالے اس پر مستزاد ہیں وثانیاً اگر اس حدیث میں منفرد وغیرہ کی تخصیص کی گئی ہے تو جناب رسول خدا صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلّم کے صحیح ارشاد فصاعداً، مَاتَیَسَّرَ اور فما زاد وغیرہ کی زیادت کی بناء پر نہ کہ صرف امام احمدؒ اور ابن عیینہؒ وغیرہ کے قول سے ان کا اگر کوئی قصور ہے تو صرف یہ کہ انہوں نے اس کو بیان کیوں کیا ہے؟ وثالثاً ضرورت تو نہیں مگر مبارکپوری صاحب کا مغالطہ بھی نکالنا ہے کہ عام کی تخصیص کتاب اور سنت کے علاوہ کسی اور چیز سے بھی ہو سکتی ہے یا نہیں؟ قاضی شوکانیؒ جو علامہ زمن اور مجتہد مطلق تھے (تقصار ص۸۲) لکھتے ہیں فدل ذلک علی ان العموم یخص بالقیاس (نیل الاوطار جلد ۴ ص۵) اس سے معلوم ہوا کہ عموم کی تخصیص قیاس سے بھی صحیح ہے امام ابن دقیق العیدؒ (المتوفی ۷۰۲ھ جو الامام الفقیہ المجتہد، المحدث، الحافظ، العلامۃ اور شیخ الاسلام تھے (تذکرہ جلد ۴ ص۲۶۲) فرماتے ہیں کہ جب تخصیص کی وجہ ظاہر ہو تو بلا اختلاف احد کے قیاس اور رائے سے بھی عموم کی تخصیص جائز ہے (بحوالہ فیض الباری جلد ۲ ص۱۲۷) علامہ جزائریؒ لکھتے ہیں کہ تمام علماء اسلام کا اس بات پر اتفاق ہے کہ عموم کی تخصیص دلالت عقلی اور قیاس سے بھی جائز ہے (توجیہ النظر ص۱۰۷) اور حافظ ابن کثیرؒ لکھتے ہیں۔

لان القیاس مقدم علی العموم کما حضرات ائمہ اربعہؒ اور جمہور اہل اسلام کے نزدیک

ھو مذھب ائمۃ الاربعۃ والجمھور قیاس عموم سے مقدم ہے۔

(تفسیر ابن کثیر جلد ۲ ص۹)

مولانا ظفر احمد صاحب تھانویؒ لکھتے ہیں کہ خبر واحد کی تخصیص جب عقل، عرف اور قیاس سے جائز ہے۔ جیسا کہ فن اصول کی یہ طے شدہ اور مبرہن حقیقت ہے تو صحابی کے قول سے خبر واحد کی بطریق اولیٰ تخصیص جائز ہوگی (اعلاء السنن جلد ۸ ص۵۳) اور اصول فقہ کی کتابوں میں اس پر مستقل بحث موجود ہے کہ عموم کی تخصیص عقل، حس اور عادت وغیرہ سے جائز اور صحیح ہے (مثلاً دیکھئے توضیح و تلویح ص۱۱۸ وغیرہ)

مؤلف "خیر الکلام" لکھتے ہیں کہ مطلق کے بعض افراد کی تقیید موقع اور محل کے اعتبار سے جائز ہے (ص۲۸۳) نہ معلوم مبارکپوری صاحبؒ کس سادگی سے عموم کی تخصیص کے لیے کتاب و سنت کی دلیل کا مطالبہ کرتے ہیں؟ حالانکہ اس روایت میں عموم کی تخصیص محض قیاس سے نہیں کی گئی بلکہ کتاب اللہ اور صحیح احادیث سے بلکہ خود اسی روایت میں جناب رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کے صحیح ارشاد سے تخصیص کی گئی ہے، تاکہ مبارکپوری صاحبؒ ناراض نہ ہو جائیں الحاصل اس روایت میں فصاعداً، ما تیسّر اور ما زاد وغیرہ کی زیادت کے مدنظر رکھنے سے یہ بات واضح سے واضح تر ہو جاتی ہے کہ اس حدیث کا مصداق ہرگز ہرگز مقتدی نہیں ہے اور مقتدی کو امام کے پیچھے بغیر استماع اور انصات کے کوئی چارہ نہیں ہے ہاں جو جماعت نظریہ بدلنے میں ہتک شان سمجھے تو اس کا کوئی علاج نہیں ہے۔

جواب چہارم:۔ جمہور اہل اسلام کا اس بات پر اتفاق ہے کہ اگر کوئی شخص رکوع کی حالت میں امام کے ساتھ نماز میں شریک ہوا تو اگرچہ اس نے خود سورۂ فاتحہ نہیں پڑھی اور نہ امام سے سنی ہے لیکن اس کی وہ رکعت اور نماز صحیح ہے چنانچہ امام شافعیؒ لکھتے ہیں کہ رکوع کی حالت میں جس نے امام کو پا لیا اس کی وہ رکعت صحیح ہو جاتی ہے۔ (کتاب الام جلد ۱ ص۱۸)
شیخ الاسلام ابن تیمیہؒ لکھتے ہیں کہ جس نے امام کے ساتھ رکوع پا لیا اس کی وہ رکعت ہو گئی (منہاج السنۃ جلد ۴ ص۵) امام نوویؒ لکھتے ہیں کہ جو شخص امام کو رکوع میں پا لے اس کی وہ رکعت سورۂ فاتحہ پڑھے بغیر بھی جائز ہے (شرح مسلم جلد ۱ ص۱۳۵ و مثلہ فی شرح

المہذب جلد ۳ ص۳۲۶) حافظ ابن عبد البرؒ لکھتے ہیں کہ جمہور فقہاءؒ کا اس بات پر کلی اتفاق ہے کہ جس شخص نے امام کو رکوع کی حالت میں پا لیا ہو اور سورۂ فاتحہ نہ پڑھی ہو تو اس کی وہ رکعت اور نماز صحیح ہے، امام مالکؒ اور امام شافعیؒ، امام ابو حنیفہؒ، امام ثوریؒ، امام اوزاعیؒ، امام ابو ثورؒ، امام احمدؒ بن حنبلؒ اور امام اسحاقؒ بن راہویہؒ (وغیرہ) کا یہی مسلک ہے اور حضرات صحابہ کرامؓ میں حضرت علیؓ، حضرت ابن مسعودؓ، حضرت زیدؓ بن ثابت اور حضرت ابن عمرؓ کا یہی مسلک ہے اور ہم نے تمہید میں ان کی جملہ اسانید درج کر دی ہیں (بحوالہ امام الکلام ص۶ و اوجز المسالک جلد ۱ ص۲۴۰ و اعلاء السنن جلد ۴ ص۳۲۹) نواب صاحبؒ لکھتے ہیں کہ جمہور کا یہی مسلک ہے کہ جس نے رکوع میں امام کو پا لیا ہو۔ تو اس کی وہ رکعت صحیح ہے۔ (بدور الاھلہ ص۶۵ و دلیل الطالب ص۲۴۳) مولانا شمس الحق صاحب عظیم آبادیؒ لکھتے ہیں کہ قاضی شوکانی صاحبؒ نے (نیل الاوطار جلد ۲ ص۱۱۳ میں) پہلے یہ لکھا تھا کہ مُدرِک رکوع کی وہ رکعت شمار نہ ہو گی لیکن بعد کو جمہور کے مسلک کی طرف رجوع کر لیا چنانچہ انہوں نے اپنے فتح الربانی میں اس کی تصریح کی ہے کہ امام کے ساتھ رکوع میں مل جانے والے کی وہ رکعت بالکل صحیح ہے (عون المعبود جلد ۱ ص۳۳۴) مبارک پوری صاحبؒ حدیث میں من صلی رکعۃ لم یقرأ فیھا (الحدیث) کی تحقیق میں لکھتے ہیں کہ اس سے مُراد وہ رکعت ہو سکتی ہے جس میں مقتدی نے امام کو بحالت رکوع پا لیا ہو اور خود قرآت نہ کی ہو اس کی وہ رکعت جائز اور صحیح ہو گی۔ (تحفۃ الاحوذی جلد ۱ ص۲۶۱) مؤلف "خیر الکلام" لکھتے ہیں کہ اسی طرح اگر رکوع والی حالت میں رکعت کا صحیح ہونا دلائل سے ثابت ہو جائے (جو ٹھوس حوالوں سے یقیناً ثابت ہے صفدر) تو اس کی تخصیص کر لی جائے گی نہ یہ کہ اس کو رد کر اعتراض کیا جائے گا۔ بلفظہ ص۱۲۶ ہم تو پہلے ہی سے اس حدیث کی تخصیص کے قائل ہیں لیجئے اب مؤلف مذکور بھی تخصیص کو مان رہے ہیں البتہ اعتراض کے لفظ سے ذرا گھبراتے ہیں، اور اسی صفحہ میں اس سے پہلے لکھتے ہیں کہ اور اس حدیث سے صرف ایک بار فاتحہ کا واجب ہونا ثابت ہوتا ہے، اگر کوئی شخص رکوع میں رکعت کے جواز کا قائل ہے تو اس سے اس حدیث کی مخالفت لازم نہیں آتی اھ

الجواب: بس اسی طرح اگر کوئی شخص صرف منفرد کے لیے فاتحہ پڑھنے کا قائل ہو تو اس سے اس حدیث کی عین مطابقت پیدا ہوتی ہے کیونکہ یہ حدیث ہی لمن یصلی وحدہٗ

کے بارے میں ہے، اگر اس حدیث سے ہر رکعت میں صرف ایک بار فاتحہ کا ثبوت ہے تو حدیث مسئ الصلوٰۃ سے ہر رکعت میں سورۂ فاتحہ کا ثبوت ہے۔ چنانچہ امیر یمانیؒ اس کے فوائد میں لکھتے ہیں کہ فتجب الفاتحۃ فی کل رکعۃ اھ (سبل السلام جلد ۱ صفحہ ۲۴۵) حضرات! انصاف کے ساتھ آپ ایک طرف حضرات محدثین کرامؒ کی ان تصریحات کو ملاحظہ کیجیے اور دوسری طرف فریق ثانی کا یہ دعوےٰ دیکھیے کہ غرض تمام محدثین بالاتفاق اس حدیث کو ہر نماز اور ہر نمازی پر شامل کہتے ہیں۔ اور یہ کہ جو شخص امام کے پیچھے ہر رکعت میں سورۃ فاتحہ نہ پڑھے اس کی نماز ناقص ہے کالعدم ہے بیکار ہے اور باطل ہے۔ کہ یہ کہاں تک مبنی بر انصاف ہے۔ افسوس اور حیرت ہے اس تحقیق پر مولانا میر صاحبؒ ہی فرمائیں کہ کیا حضرت جابرؓ، حضرت ابن عمرؓ، حضرت ابن مسعودؓ، حضرت زید بن ثابتؓ، اور حضرت ابن عباسؓ وغیرہ حضرات صحابہ کرامؓ اور امام مالکؒ، امام احمدؒ، امام ابو حنیفہؒ، امام شافعیؒ، امام ابن عیینہؒ، حافظ اسمٰعیلیؒ، حافظ ابن عبد البرؒ، امام موفق الدینؒ ابن قدامہؒ، شیخ الاسلام ابن تیمیہؒ اور حافظ ابن القیمؒ، وغیرہ وغیرہ (جن کی پوری تشریح جلد اوّل میں عرض کی جا چکی ہے) آپ کے نزدیک محدث نہیں ہیں؟ اور کیا ان میں بعض جہری نمازوں کو اور بعض مقتدی کو اور اکثر مدرک رکوع کو اس حدیث سے کتاب وسنت کے دلائل سے مستثنیٰ نہیں کرتے؟ تعجب ہے میر صاحبؒ کی دیدہ دلیری پر کہ وہ کس بے احتیاطی سے یہ دعوےٰ کرتے ہیں کہ غرض تمام محدثین بالاتفاق اس حدیث کو ہر نماز اور ہر نمازی پر شامل کہتے ہیں مولانا خود ہی از راہ بزرگی اور انصاف فرمائیں کہ ایک شخص مادر زاد گونگا ہے وہ نماز تو ادا کر سکتا ہے لیکن دوسری قرأۃ کی طرح وہ سورۂ فاتحہ کی قرأۃ سے بھی عاجز ہے کیا اس کی نماز ہو جائے گی؟ اگر نہ ہوگی تو کس دلیل سے؟ اور اگر ہو جائے گی تو آپ کے قاعدہ کے مطابق یہ روایت تو ہر نمازی کو شامل ہے وہ گونگا کیسے مستثنیٰ قرار پایا؟ اس گونگے کو بھی جانے دیجیے یہ بتلایئے کہ سو سال کا بوڑھا کافر مسلمان ہوتا ہے نہ حافظہ ساتھ دیتا ہے اور نہ زبان وہ نماز کے ظاہری ارکان تو ادا کر سکتا ہے مگر سورۂ فاتحہ یاد نہیں کر سکتا کیا اس کی نماز جائز ہے اگر ہے تو یہ خود اور اس کی نماز ہر نماز اور ہر نمازی کی زنجیروں سے کیسے خارج تصور ہوں گے؟ حضرت عبد اللہؓ بن ابی اوفیٰؓ فرماتے ہیں کہ آنحضرت صلی اللہ تعالیٰ علیہ وآلہٖ وسلم کی خدمت میں ایک شخص آیا اور کہنے لگا حضرت میں قرآن کریم کا کوئی بھی حصہ یاد کرنے کی طاقت نہیں رکھتا مجھے کوئی ایسی چیز ارشاد فرمایئے جو اس کے قائم مقام ہو آپ نے

ارشاد فرمایا تم یہ پڑھا کرو سُبْحَانَ اللّٰہِ وَالْحَمْدُ لِلّٰہِ وَلَآ اِلٰہَ اِلَّا اللّٰہُ وَاللّٰہُ اَکْبَرُ وَلَاحَوْلَ وَلَا قُوَّۃَ اِلَّا بِاللّٰہِ الْعَلِیِّ الْعَظِیْمِ (الحدیث) (رواہ ابوداؤد واحمد والنسائی وصححہ ابن حبان والدار قطنی والحاکم سبل السلام جلد اص ۲۹۷) امیر یمانی صاحب لکھتے ہیں کہ یہ حدیث اس امر کی دلیل ہے کہ یہ اذکار قرأت کے قائمقام ہیں خواہ سورۃ فاتحہ کی قرأت ہو یا قرآن کریم کے کسی اور حصہ کی اور یہ حکم اس شخص کے لیے ہوگا جو قرأت پر قادر نہ ہو اور بظاہر یہ روایت صاف بتاتی ہے کہ ایسے شخص پر قرآن کریم کا سیکھنا واجب نہیں ہے تاکہ وہ اس کو نماز میں پڑھ سکے کیونکہ میں طاقت نہیں رکھتا کا مطلب یہی ہے کہ میں اب قرآن کریم کا کوئی حصہ یاد نہیں کر سکتا معہذا آنحضرت صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے اس کو قرآن کریم کا کوئی حصہ یاد کرنے کا حکم نہیں دیا اور ان کلمات کی تلقین فرمائی ہے حالانکہ جو شخص یہ الفاظ یاد کر سکتا ہے وہ سورۃ فاتحہ بھی یاد کر سکتا ہے اگر سورۃ فاتحہ وغیرہ کا سیکھنا واجب ہوتا تو آپ ضرور اس کا حکم دیتے ۔ (سبل السلام جلد ا ص ۲۵۱) لیجئے ایک غیر مقلد عالم صاحب نے ساری نمازوں کے لیے ایسے شخص کو چھٹی دے دی ہے جو سورۃ فاتحہ پر قادر نہیں ہے کہ

این گناہیست کہ در شہر شما نیز کنند

مؤلف خیر الکلام کہتے ہیں کہ ایسا مقتدی معذور ہے اور عذر کا حکم الگ ہے جیسے منفرد گونگا جس پر احناف کے نزدیک بھی قرأت فرض ہے مگر عذر کی وجہ سے مستثنیٰ ہے (محصلہ ص ۱۲۷)

الجواب :۔ ہمارے نزدیک تو یہ حدیث عام نہیں لیکن مؤلف خیر الکلام اس کو عام تسلیم کر کے معذور کو اس سے مستثنیٰ کرتے ہیں تو یہ حدیث ہر نمازی کو شامل تو نہ ہوئی عموم کی رٹ تو ٹوٹی عام مخصوص البعض قطعی نہیں رہتا اور مقتدی بھی جمہور کے نزدیک شرعی طور پر معذور ہے کہ اس کو امام کے پیچھے قرأت کرنے کی ممانعت ہے ۔

امام نوویؒ لکھتے ہیں کہ جو شخص سورۃ فاتحہ نہیں پڑھ سکتا اور اس کے لیے اس کا سیکھنا بھی ممکن نہ ہو تو اس کے علاوہ کوئی اور سورت ہی وہ پڑھ لیا کرے ۔ (شرح مسلم جلد ا ص ۱۶۹) حافظ ابن حجرؒ لکھتے ہیں جس کو سورۃ فاتحہ یاد ہو اس کے لیے فاتحہ متعین ہے اگر وہ یاد نہیں تو قرآن کریم کا کوئی حصہ لازم

ملے اور موارد الظمآن ص ۱۲۹ م

ہے وہ بھی نہ ہو تو ذکر پڑھ لینا کافی ہے (فتح الباری جلد ۲ صفحہ ۱۹۳) اب آپ خود میر صاحبؒ کی
سُن لیجئے وہ خود لکھتے ہیں کہ جسے فاتحہ یاد نہ ہو وہ کسی اور مقام سے پڑھ لے اور اگر دیگر مقام سے بھی
یاد نہیں تو تحمید، تکبیر، تہلیل پڑھے الخ بلفظہ پھر آگے لکھتے ہیں، سورۃ فاتحہ اس شخص پر لازم ہے جو اُسے
بخوبی پڑھ سکے لیکن جو بخوبی نہ پڑھ سکتا ہو وہ جہاں سے چاہے قرأت کر سکتا ہے (بلفظہ تفسیر
واضح البیان صفحہ ۲۴۶ و صفحہ ۴۴۲) دیکھئے مولانا خود ہر نمازی اور ہر نماز کی تخصیص کر کے جمہور کے زمرہ
میں شامل ہو گئے ہیں ؎ یہ بھی لگا کے خون شہیدوں میں مل گیا۔

تمام محدثین بالاتفاق الخ کا قصہ تو رہا اپنی جگہ کیا میر صاحبؒ خود بھی محدث ہیں یا نہیں ؟
دیکھئے کیا لب کشائی فرماتے ہیں؟ جمہور محدثین نے تو مدرکِ رکوع کو اس حدیث سے (حضرت ابو بکرہؓ
وغیرہ کی صحیح روایت سے جس کا ذکر پہلے ہو چکا ہے) مخصوص کیا ہے حضرت امام بخاریؒ وغیرہ نے
اس بات پر اصرار کیا ہے کہ مدرکِ رکوع کو مدرکِ رکعت تصور نہیں کیا جائیگا یہ بات بڑی ناانصافی پر مبنی ہوگی کہ
ہم ان کی پیش کردہ دلیل اور اس کا پس منظر آپ سے عرض نہ کریں، حضرت امام بخاریؒ کوئی صحیح مرفوع
اور صریح روایت اس دعویٰ پر پیش کرنے سے سو فیصدی قاصر رہے ہیں کہ جس نے رکوع کی حالت
میں امام کو پالیا اس کی وہ رکعت شمار نہ ہوگی بخلاف اس کے ہم نے حضرت ابو بکرہؓ کی صحیح، صریح
اور مرفوع روایت سے جو حسن کے درجہ سے فروتر نہ ہوگی اور دیگر بعض آثار حضرات صحابہ کرامؓ سے
اس مسئلہ کو پہلے مبرہن کر دیا ہے اعادہ کی ضرورت نہیں ہے، امام بخاریؒ کا استدلال ملاحظہ ہو، امام
بخاریؒ فرماتے ہیں کہ ہم سے معقلؒ بن مالکؒ نے بیان کیا وہ کہتے ہیں کہ ہم سے ابو عوانہؒ نے بیان کیا وہ
محمدؒ بن اسحاقؒ سے روایت کرتے ہیں وہ عبدالرحمٰنؒ بن اعرجؒ سے اور وہ حضرت ابو ہریرہؓ سے انہوں
نے فرمایا قال اذا ادرکت القوم رکوعاً لم تعتد بتلك الرکعة (جزء القرأۃ صفحہ ۵۹) کہ جب
تم جماعت کے ساتھ اس حالت میں شریک ہو کہ وہ رکوع میں جا چکے ہو تو تمہاری اس رکعت
کا اعتبار نہ ہوگا۔ لیکن اس روایت سے استدلال مخدوش ہے اوّلاً اس لیے کہ معقل بن مالک
کو علامہ ابو الفتح ازدیؒ متروک کہتے ہیں۔ (میزان جلد ۳ صفحہ ۱۸۵ و تہذیب التہذیب جلد ۱۰
صفحہ ۲۳۴) وثانیاً اس کی سند میں محمدؒ بن اسحاقؒ ہے جس پر پوری جرح (اور کلام) اپنے مقام پر بیان
کی جائے گی وثالثاً ابن اسحاقؒ مدلس ہے اور عنعنہ سے روایت کرتا ہے جو قابلِ التفات

نہیں ہے و ثانیاً یہ روایت حضرت ابو ہریرہؓ پر موقوف ہے اور موقوف روایت کو حضرت ابو بکرہؓ وغیرہ کی مرفوع حدیث (جو آنحضرت صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم سے ثابت ہے) کے مقابلہ میں کون سنتا ہے؟ اور مرفوع اور صحیح روایت کے مقابلہ میں ایسی ضعیف کمزور اور موقوف روایت حجت کیسے ہو سکتی ہے؟ و ثالثاً حضرت ابو ہریرہؓ کا خود اپنا فتویٰ یہ ہے کہ مدرک رکوع مدرک رکعت ہے (دیکھئے سنن الکبریٰ جلد ۲ صفحہ ۹۰ وغیرہ) اندریں حالات حضرت امام بخاریؒ کا اس سے استدلال کرنا بڑی عجیب بات ہے اگر ہمارے جیسا کوئی تہی مایہ ایسا استدلال کرتا تو اور بات تھی۔ کیونکہ ؎

دیوانے روز حشر کو پوچھے نہ جائیں گے خالی ہے سرنوشت ہمارے حساب سے

اسی طرح ایک دوسری سند سے حضرت ابو ہریرہؓ کا موقوف اثر امام بخاریؒ نے نقل کیا ہے (جزء القراءۃ صفحہ ۲۰) لیکن اس کی سند میں بھی محمدؒ بن اسحاقؒ ہے اسی مضمون کا ایک اثر انہوں نے حضرت ابو سعید الخدریؓ سے بھی نقل کیا ہے (ایضاً) اور اس کے الفاظ یہ ہیں، لا یرکع احدھم حتی یقرأ بام القرآن یعنی سورۃ فاتحہ پڑھنے سے پہلے کسی کو رکوع نہیں کرنا چاہیئے۔ مگر یہ روایت بھی ان کو چنداں مفید نہیں ہے اوّلاً اس میں بعض متکلم فیہ راوی ہیں و ثانیاً یہ بھی موقوف ہے اور ثالثاً اس میں مقتدی اور خلف الامام کا کوئی ذکر نہیں ہے جیسا کہ ظاہر ہے اور منفرد پر یہ بہر حال یہ لازم ہے کہ پہلے سورۃ فاتحہ پڑھے اور پھر وہ رکوع کرے اس کا کون منکر ہے؟ امام بخاریؒ مجاہدؒ سے نقل کرتے ہیں کہ جب سورۃ فاتحہ بھول جائے تو اس رکعت کا کوئی اعتبار نہیں ہے۔ (جزء القراءۃ صفحہ ۱۳) لیکن ایک تو اس میں لیثؒ ہے جو کمزور اور ضعیف ہے (دارقطنی جلد ۱ صفحہ ۱۲۶) پھر ہے بھی یہ مجاہدؒ کا قول۔ الغرض کتب حدیث میں کوئی صحیح صریح اور مرفوع روایت موجود نہیں ہے جس سے یہ ثابت ہو کہ رکوع میں امام کے ساتھ شامل ہونے والے کی وہ رکعت قابل اعتبار نہیں ہے بخلاف اس کے صحیح اور مرفوع حدیث اور جمہور اہل اسلام کی معیت سے ان حضرات کا دامن تحقیق وابستہ ہے جن کی نماز کو فریق ثانی بیکار، ناقص، کالعدم، اور باطل کہتا ہے حیف بر حیف ہے ایسے تعصب اور عناد پر۔

جواب پنجم:۔ جب قطعی دلائل سے یہ ثابت ہو چکا ہے کہ حرف مَن عموم میں نص قطعی نہیں ہے اور یہ کہ اسی حدیث کے بعض صحیح اور مرفوع طرق میں فصاعداً ما تیسّر اور ما زاد

کی زیادت بھی موجود ہے اور یہ زیادت اس کو متعین کر دیتی ہے کہ یہ روایت مقتدی سے متعلق نہیں ہے بلکہ منفرد وغیرہ کے حق میں ہے اور یہ کہ حضرت جابرؓ، حضرت ابن عمرؓ، امام احمدؒ بن حنبلؒ، امام سفیانؒ بن عیینہؒ، حافظ اسمٰعیلیؒ، امام موفق الدینؒ ابن قدامہؒ اور علامہ شمس الدین الحنبلیؒ وغیرہ اس روایت کا مصداق منفرد بیان کرتے ہیں اور یہ کہ جمہور اہل اسلام اور حضرات ائمہ اربعہؒ وغیرہا مدرک رکوع کو اس حدیث کے عموم سے مستثنیٰ کرتے ہیں اور یہ کہ گونگا یا وہ شخص جو مدت العمر سورۂ فاتحہ یاد نہیں کر سکتا یا کچھ عرصہ اس کو یاد نہیں ہو سکتی اور معذور وہ نماز ادا کرتا ہے۔ تو ایسا شخص بھی باتفاق فریق ثانی اس حدیث کے عموم سے خارج ہے۔ ان تمام اندرونی اور بیرونی قرائن اور دلائل کی موجودگی میں ہر نمازی پر اور ہر نماز میں اس سے سورۂ فاتحہ کے ہر رکعت میں واجب اور رکن ہونے پر استدلال کرنا نہایت حیرت اور تعجب کی بات ہے۔ خیر یہ سب باتیں عرض کی جا چکی ہیں نمبر ۱۸ میں جو بات کہنے کی ہے وہ یہ ہے کہ حضرات محدثین کرامؒ کا ایک ضابطہ ہے اور جس کو فریق ثانی بڑی شد و مد سے بیان کرتا ہے چنانچہ قاضی شوکانیؒ صاحب لکھتے ہیں و راوی الحدیث اعرف بالمراد من غیرہ (نیل الاوطار جلد ۱ ص۲۵۶) حدیث کا راوی اپنی مروی حدیث کا مطلب دوسروں سے زیادہ بہتر جانتا ہے اور نواب صاحبؒ لکھتے ہیں ان تفسیر الراوی ارجح من تفسیر غیرہ (عون الباری جلد ۱ ص۲۷ علی النیل) راوی کی تفسیر دوسروں کی تفسیر سے راجح تر ہے اور مبارکپوری صاحبؒ لکھتے ہیں۔ وقد تقرر ان راوی الحدیث ادری بمراد الحدیث من غیرہ (تحفۃ الاحوذی جلد ۱ ص۲۵۷) یہ بات طے شدہ ہے کہ حدیث کا راوی اپنی مروی حدیث کی مراد کو دوسروں سے زیادہ بہتر سمجھتا ہے اور دوسرے مقام پر لکھتے ہیں ومذھب الشافعی ومحققی الاصولیین ان تفسیر الراوی مقدم اذا لم یخالف الظاھر قالہ النوویؒ (تحفۃ الاحوذی جلد ۲ ص۲۳۵) کہ حضرت امام شافعیؒ اور محقق اصولیوں کا یہ مذہب ہے کہ راوی کی تفسیر جب کہ ظاہر کے خلاف نہ ہو دوسروں کی تفسیر سے مقدم ہوگی جیسا کہ امام نوویؒ نے کہا ہے، اس قاعدہ کو سامنے رکھ کر جب ہم حضرت عبادہؓ بن الصامت وغیرہ کی وہ صحیح حدیثیں جن میں حرف فَصَاعِدًا مذکور ہے، دیکھتے ہیں تو اُن کے مختلف طرق اور اسانید میں ہمیں یہ مرکزی راوی نظر آتے ہیں۔ امام ابوبکرؒ بن ابی شیبہؒ، امام سفیانؒ بن عیینہؒ، امام زہریؒ

امام اسحاق بن راہویہؒ، امام عبداللہ بن وہبؒ، امام مالکؒ بن انسؒ، امام احمدؒ بن حنبلؒ، امام عبدالرزاقؒ بن ہمامؒ، امام معمرؒ بن راشدؒ، امام اوزاعیؒ، اور حضرت امام شافعیؒ وغیرہ اور یہ تمام اکابر حرف من کے عموم کے قائل نہیں ہیں کوئی اس حدیث سے صرف منفرد مراد لیتا ہے اور کوئی منفرد اور امام دونوں اور کوئی امام کے پیچھے سری اور جہری سب نمازوں کو مستثنیٰ قرار دیتا ہے اور کوئی جہری نمازوں کو اس سے خارج کرتا ہے اور مدرک رکوع وغیرہ تو سب کے نزدیک مستثنیٰ ہے اور لطف کی بات یہ ہے کہ حضرت محمودؓ بن ربیع جو صغار صحابہؓ میں تھے اور اس حدیث کے راوی ہیں مگر وہ بھی قرأۃ خلف الامام کے قائل نہیں تھے جس کی پوری تفصیل اپنے مقام پر آئے گی انشاء اللہ تعالیٰ اور لطف بالائے لطف یہ ہے کہ حضرت عبادہؓ بن الصامت بھی وجوب قرأۃ خلف الامام کے قائل نہ تھے جیسا کہ ذکر ہوگا اور ایک اور بات بھی قابل غور ہے وہ یہ کہ مشہور محدث امام اعمشؒ فرماتے ہیں۔ انتم الاطباء ونحن الصیادلۃ (کتاب العلم جلد ۲ صا۱۳۱) اے فقہاء کے گروہ تم طبیب ہو اور ہم پنساری ہیں۔ امام سیوطیؒ اس کی تفسیر کرتے ہیں کہ اگرچہ پنساری کے پاس مختلف قسم کی جڑی بوٹیاں ہوتی ہیں مگر وہ یہ نہیں جانتا کہ کس کام آتی ہیں؟ طبیب اور حکیم ہی ان کی خاصیت اور مزاج سے واقف ہو سکتا ہے اسی طرح حضرات محدثین کرام کے حافظہ میں اگرچہ بے شمار حدیثیں محفوظ ہوتی ہیں لیکن وہ ان سے استنباط مسائل کا طریقہ نہیں جانتے بلکہ یہ کام حضرات فقہاء کرامؒ کا ہے (محصلہ مسالک الحنفاء ص۵۵) اور امام سفیانؒ بن عیینہؒ لکھتے ہیں کہ فقہاءؒ کی بات کو تسلیم کرنا ہی دین کی سلامتی ہے (الجواہر المضیۃ جلد ۱ ص۱۷) امام ترمذیؒ ایک مقام پر لکھتے ہیں وکذلک قال الفقہاء وھم اعلم بمعانی الحدیث (جلد ۱ ص۱۱۸) کہ فقہاء نے اس حدیث کا یہ معنیٰ بیان کیا ہے اور وہی حدیث کا مطلب زیادہ بہتر سمجھتے ہیں اور امام احمدؒ بن حنبلؒ فرماتے ہیں ما اقل الفقہ فی اھل الحدیث (طبقات البویعلی ص۲۲۰) فقہ اور سمجھ کی باتوں سے اہل حدیث کو کوئی سروکار نہیں ہے، امام حاکمؒ اور علامہ حازمیؒ لکھتے ہیں کہ اس حدیث کو جس کو فقہاءؒ روایت کرتے ہیں اس حدیث پر ترجیح ہوگی جس کو محدثینؒ نقل کرتے ہیں (معرفت علوم الحدیث ص۱۱ وکتاب الاعتبار ص۱۵) اور یہ اکابر جن کے اسامی نقل کیے گئے ہیں بلا اختلاف مسلم فقیہ تھے، اس لیے راوی

حدیث ہونے کے علاوہ ان کی فقاہت کی وجہ سے بھی ان کا بیان کردہ مطلب اور معنیٰ قابل ترجیح ہوگا
الغرض تمام اندرونی اور بیرونی شہادتیں اس امر کو بلاشک وشبہ متعین کردیتی ہیں کہ حضرت عبادۃؓ وغیرہ
کی اس روایت کو جس میں حرف مَن ہے مقتدی سے کوئی تعلق نہیں ہے اور نہ فریق ثانی کا اس سے
استدلال و احتجاج صحیح ہوسکتا ہے۔

قارئین کرام! ابھی متعدد صحیح جوابات اس روایت کے جو جمہور کی طرف سے پیش کیے گئے
ہیں باقی ہیں مگر سلسلۂ کلام دراز سے دراز تر ہوتا جارہا ہے اس لیے ہم ان کو قلم انداز کرتے ہیں تاکہ آپ
اکتا نہ جائیں، ہاں البتہ ادب اور احترام کو ملحوظ رکھتے ہوئے صرف ایک جواب اور عرض کرتے ہیں اور
فریق ثانی سے انصاف کی توقع رکھتے ہیں۔

جواب ششم:۔ اگر فریق ثانی خواہ مخواہ اس پر اصرار کرتا ہے کہ حضرت عبادۃؓ بن الصامت کی یہ
روایت مقتدی کے حق میں بھی عام ہے تو اس کو چاہیے کہ امام کے پیچھے بآواز بلند اور جہر سے قرأت کیا
کرے کیونکہ حضرت عبادۃؓ جہر سے قرأت کرتے تھے۔ چنانچہ امیر یمانی صاحبؒ حدیث فَلَا
تَقْرَءُوْا بِشَیْءٍ مِنَ الْقُرْاٰنِ اِذَا جَهَرْتُ اِلَّا بِاُمِّ الْقُرْاٰنِ (کہ جب میں جہر سے قرأت کیا کروں
تو تم قرآن کریم کا کوئی حصہ میرے پیچھے نہ پڑھا کرو، مگر سورۂ فاتحہ) کی شرح میں لکھتے ہیں۔

فهذا عبادةؓ راوی الحدیث قرأ بها جهراً خلف الامام لانه فهم من کلامه صلی اللّٰه علیه وسلم انه یقرأ بها خلف الامام جهراً وان نازعه (سبل السلام جلد ا ص۲۴)

حضرت عبادۃؓ بن الصامتؓ نے جو اس روایت کے راوی ہیں امام کے پیچھے بلند آواز سے سورۂ فاتحہ پڑھی اس لیے کہ انہوں نے آنحضرت صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کے ارشاد سے یہی سمجھا تھا کہ امام کے پیچھے بلند آواز سے سورۂ فاتحہ پڑھی جا سکتی ہے، اگرچہ امام کے ساتھ منازعت اور کھٹا پاکی ہی کیوں نہ ہو۔

اور یہ روایت فریق ثانی کے نزدیک صحیح ہے۔ امام دارقطنیؒ لکھتے ہیں کہ ھذا اسناد حسن
ورجاله ثقات کلهم (جلد ا ص۱۲۱) اور یہی معنیٰ بھی ایک غیر مقلد عالم صاحبؒ نے بیان
کیا ہے اس لیے ان کو امام کے پیچھے خوب زور وشور کے ساتھ ام القرآن کی قرأت کرنی چاہیے

اگرچہ کھلے طور پر منازعت اور مخالجت بھی ہوتی ہے اگر حضرت عبادۃؓ بن الصامت کی اس روایت پر ان کا عمل نہیں ہے اور ترک جہر کرتے ہوئے بھی ان کی نماز جائز اور صحیح ہے اور ان کے اہل حدیث ہونے میں کوئی شک نہیں ہے تو دوسروں سے یہ انوکھا مطالبہ کیسے صحیح ہے؟ اور ان کی نماز کیوں ناقص، بیکار، کالعدم اور باطل ہے؟ آنچہ بر خود مپسندی بر دیگراں مپسند، ہم اس حدیث کے انہیں جوابات پر اکتفا کرتے ہوئے آگے چلتے ہیں گو ابھی بہت سی باتیں کہنے کی باقی ہیں وفیہ کفایۃ لمن لہ ھدایۃ۔ مؤلف خیر الکلام نے اس کا یہ جواب دیا ہے کہ حضرت عبادۃؓ نے فاتحہ آہستہ پڑھی تھی مگر بعض علماء نے جہر کا لفظ اس لیے بولا ہے کہ محمودؓ نے جو حضرت عبادۃؓ کے ساتھ کھڑے تھے سن لیا تھا الخ (ص۱۷۰) الجواب:۔ یہ نری دفع الوقتی ہے کیونکہ عبارت میں قرأ بہا جھراً کے الفاظ ہیں پھر اس کا یہ مطلب کیونکر صحیح ہو سکتا ہے کہ فاتحہ آہستہ پڑھی؟ اور یہ قرأت صرف پہلو میں حضرت محمودؓ ہی نے سنی بلکہ یہ امام نے بھی سنی اس لیے کہ امیر یمانیؒ وان نازعہ کا جملہ بول رہے ہیں کہ اگرچہ امام کے ساتھ منازعت اور رسہ کشی ہوتی ہے حضرت عبادۃؓ کے نزدیک مقتدی جہراً فاتحہ پڑھ سکتا ہے۔

دوسری روایت:۔ ابو السائبؒ (جو ہشامؓ بن زہرہؓ کے غلام تھے) فرماتے ہیں کہ میں نے حضرت ابو ہریرہؓ سے سنا کہ آنحضرت صلی اللہ تعالیٰ علیہ وآلہ وسلم نے فرمایا۔

من صلّٰی صلوٰۃ لم یقرأ فیھا بام القرآن فھی خداج ھی خداج غیر تمام	کہ جس نے نماز پڑھی اور اس میں سورۃ فاتحہ نہ پڑھی تو اس کی نماز ناقص ہے، ناقص ہے، ناقص ہے وہ تام نہ ہوگی

لہ حضرت ہشامؓ بن عامرؓ بھی امام کے پیچھے جہر سے قرأت کیا کرتے تھے (دیکھئے مجمع الزوائد جلد۲ ص۱۱۱) علامہ ہیثمیؒ فرماتے ہیں رجالہ موثقون کہ اس روایت کے سب راوی ثقہ ہیں۔ حضرت ہشامؓ کو علامہ ذہبیؒ صحابہؓ میں ذکر کرتے ہیں اور ان کے والد بھی صحابی تھے جو غزوہ احد میں شہید ہوئے (تجرید اسماء الصحابۃ ج۲ ص۱۲۹)

ﮯ حافظ ابن حجرؒ لکھتے ہیں کہ ان کا نام عبد اللہؓ تھا اور وہ الانصاری اور المدنی ہونے کے ساتھ قبیلہ جہینہ سے تعلق رکھتے تھے (تہذیب التہذیب جلد۱۲ ص۱۰۳) لیکن صاحب کشف المغطیٰ کہتے ہیں کہ شاید وہ دراصل شیراز (ایران) کے رہنے والے تھے (اوجز المسالک جلد۱ ص۲۴۲)

فقلت لابی ھریرۃ انی اکون وراء الامام قال فغمز ذراعی فقال اقرأ بہا فی نفسک یا فارسی۔ (مسلم جلد ۱ ص۱۶۹)

ابوالسائبؒ کہتے ہیں۔ میں نے حضرت ابوہریرہؓ سے دریافت کیا حضرت! میں جب امام کے پیچھے ہوں تو کیا کروں۔ تو انہوں نے میرا بازو دبا کر جواب دیا اے فارسی (اور عجمی) اپنے دل میں پڑھ لیا کر۔

فریق ثانی امام کے پیچھے سورۃ فاتحہ کے وجوب اور اس کی رکنیت پر اس روایت کو نص سمجھتا ہے۔

جواب :۔ فریق ثانی کا اس روایت سے استدلال ان امور پر موقوف ہے (۱) حرف مَنْ عموم کے لیے ہے (۲) جس چیز پر لفظ خداج کا اطلاق ہو وہ کالعدم ہوتی ہے (۳) لفظ غیر تمام رکنیت پر دلالت کرتا ہے (۴) اقرأ بہا فی نفسک حتمی اور قطعی طور پر آہستہ پڑھنے پر دلالت کرتا ہے۔ یہ وہ چار اصولی نقطے ہیں جن پر ہمیں بحث کرنی ہے پوری توجہ اور دلجمعی کے ساتھ غور کریں۔ اس سے قبل کہ ہم ترتیب وار ان شقوں کا جواب دیں۔ یہ عرض کرنا ضروری سمجھتے ہیں کہ ذرا فریق ثانی کی طرف سے پیش کردہ روایتوں کے راویوں کا جمہور کی طرف سے پیش کردہ روایتوں اور ان کے راویوں کا اجمالی طور پر تقابل کر دیکھیں۔ فریق ثانی نے قتادہؒ، سلیمان تیمیؒ، ابواسحاق السبیعیؒ، اسرائیلؒ، یونسؒ اور امام زہریؒ

ؔلہ علامہ ابوالولید الباجیؒ (المتوفی ۴۹۴ھ) کہتے ہیں کہ ابوالسائبؒ کے سوال کرنے کا سبب یہ تھا وھذا اعتراض من ابی السائب علی العموم بالعمل الشائع عندہ وما شاھدہ من الائمۃ فی ترک القرأۃ وراء الامام (بحوالہ اوجز المسالک جلد ۱ ص۱۰۲) کہ انہوں نے جب بڑے بڑے اماموں کو اور دیگر اکثریت کو امام کے پیچھے ترک قرأۃ پر عامل پایا تو عموم الفاظ کے پیش نظر حضرت ابوہریرۃؓ پر یہ اعتراض کیا۔ عہ وقال ابن القیمؒ فی تھذیب سنن ابی داؤد جلد ۱ ص۳۹۲) اقرأ بہا فی نفسک وھذا مطلق لیس فیہ بیان ان یقرأ بہا حال الجہر ولعلہ قال لہ یقرأ بہا فی السر والسکتات ولو کان عاما فھذا رای لہ خالفہ فیہ غیرہ من من الصحابۃؓ والاخذ بروایتہم اولیٰ اھ۔ حافظ ابن القیمؒ فرماتے ہیں کہ اس میں اس کا ذکر نہیں کہ حالت جہر میں پڑھے اور ممکن ہے کہ انہوں نے سری نمازوں اور سکتات میں پڑھنے کا حکم دیا ہو اور اگر یہ عام ہے تو یہ ان کی اپنی روایت اور دیگر حضرات صحابہؓ کے مسلک کے خلاف ہے لہذا ان کی روایت ان کی رائے سے زیادہ بہتر ہے۔

ؔ۲ یہ روایت ابوعوانہ جلد ۲ ص۱۲۹، ابوداؤد جلد ۱ ص۱۱۹ موطا امام مالک ص۲۹، ترمذی جلد ۱ ص۳۴، ابن ماجہ ص۶۱، طیالسی ص۳۴۳، جزء القرأۃ ص۱۶ اور کتاب الاعتبار ص۹۹ وغیرہ کتابوں میں موجود ہے۔

جیسے ثقہ ثبت اور حجت راویوں پر محض تخلیط، تفرد، تدلیس اور ارسال وغیرہ کے ایسے الزام عائد کئے ہیں جو اصول حدیث کے رُو سے مردود ہیں جیسا کہ آپ دیکھ چکے ہیں اور انہوں نے امام معمرؒ، سفیانؒ بن عیینہؒ امام اوزاعیؒ، شعیبؒ بن ابی حمزہؒ، عبدالرحمٰنؒ بن اسحاق مدنیؒ اور صالحؒ بن کیسانؒ جیسے جلیل القدر ائمہ ثقات اور حفاظ کی صحیح اسانید سے مروی زیادت فصاعداً کو ٹھکرا دیا ہے اور وہ بھی محض اپنی مرضی سے بلا دلیل، اس روایت کے صحیح الفاظ یہ تھے۔ کل صلوٰۃ لا یقرأ فیہا بام الکتاب فہی خداج الا صلوٰۃ خلف امام کہ ہر وہ نماز جو سورۃ فاتحہ کے بغیر پڑھی جائے وہ ناقص ہے، ہاں مگر وہ نماز جو امام کے پیچھے پڑھی جائے اور یہ استثنا، الا صلوٰۃ خلف امام علاؒء بن عبدالرحمٰنؒ کی غلطی سے چھوٹ گئی ہے جس کی پوری تفصیل پہلے عرض کی جا چکی ہے اور یہ بھی نقل کیا جا چکا ہے کہ امام ابن معینؒ کہتے ہیں کہ ان کی حدیث حجت نہیں ہے، ابن عدیؒ کہتے ہیں کہ وہ قوی نہ تھے ابو حاتمؒ کہتے ہیں کہ ان کی بعض حدیثیں منکر ہیں ابو زرعہؒ کہتے ہیں کہ وہ زیادہ قوی نہ تھے، ابو داؤدؒ فرماتے ہیں کہ محدثین صیام شعبان کی روایت کو ان کی منکر روایتوں میں شمار کرتے ہیں اور حافظ ابو عمرؒ بن عبدالبرؒ لکھتے ہیں کہ:-

العلاء لیس بالمتین عندھم وقد انفرد بھذا الحدیث لیس یوجد الا لہ ولا تروی الفاظۃ عن احد سواہ۔ واللہ اعلم
(کتاب الانصاف ص۳۲)

علاءؒ بن عبدالرحمٰنؒ محدثینؒ کے نزدیک چنداں قابل اعتبار نہیں ہیں اور اس حدیث کو بیان کرنے میں متفرد ہیں ان کے بغیر کسی اور سے یہ الفاظ مروی نہیں ہیں۔ اور یہ صرف انہیں سے مروی ہیں۔

پس یہ روایت بلا شبہ شاذ ہے کہ ضعیف راوی تمام ثقات کی روایت کے خلاف کرتا ہے امت مسلمہ کا ایسی روایتوں کی صحت پر اجماع منعقد نہیں ہوا اور نہ آج تک جمہور نے ان کو قبول کیا ہے جیسا کہ مؤلف خیر الکلام کا غلط دعوےٰ ہے۔ فریق ثانی کا انصاف ملاحظہ کیجئے کہ ثقہ ثبت اور حجت راویوں کی روایتیں تو ان کے نزدیک صحیح نہیں ہیں لیکن جس روایت کو کمزور

---

[1] مؤلف خیر الکلام نے ارسال وانقطاع وغیرہ کا رونا پھر رویا ہے (ملاحظہ ہو ص۱۴۳ و ص۱۴۴) مگر ہم ان کا باحوالہ مفصل جواب پہلے عرض کر چکے ہیں اعادہ کی ضرورت نہیں ہے۔

اور ضعیف راوی بیان کرتا ہو اور بقول حافظ ابن عبدالبرؒ اس کے بغیر ان الفاظ کو خدا کی دنیا میں کوئی ایک راوی بھی بیان کرنے والا نہ ہو تو وہ ان کے نزدیک حجت ہے، اور اس کے خلاف کرنیوالوں کی نماز بیکار، ناقص، کالعدم اور باطل ہے۔ فوا اسفا ترجمان الحدیث صفحہ ۲۷ تا ۲۹ ماہ جولائی ۱۹۷۳ء میں اس کا خوب رونا رویا ہے کہ مؤلف احسن الکلام ایک طرف تو بخاری و مسلم کو صحیح مانتے ہیں اور دوسری طرف مسلم کے راوی پر کلام کرتے ہیں اور یہ ان کا مذہبی تعصب ہے اور تضاد بیانی ہے (محصلہ)

الجواب :۔ یہ سبق ہم نے آپ حضرات ہی سے سیکھا ہے کہ حضرت قتادہؒ اور سلیمان تیمیؒ وغیرہ جو ثقہ اور ثبت اور بخاری اور مسلم کے مرکزی راوی ہیں مگر آپ حضرات نے باوجود ان کے ثقہ متابع ہونے کے ان کو معاف نہیں کیا حالانکہ صحیحین کی صحت آپ حضرات کے ہاں بھی برائے نام مُسلّم ہے سچ ہے ؎ این گناہ ہیست کہ در شہر شما نیز کنند۔ تو اگر ہم نے ٹھوس حوالوں کے ساتھ العلاءؒ بن عبدالرحمنؒ کی غلطی واضح کر دی ہے تو کیا جرم کیا ہے! اور جہاں حضرات محدثین کرامؒ نے العلاءؒ کی کسی روایت کو صحیح کہا ہوگا تو یقین جانئے کہ وہاں ان کے مقابلہ میں خالد الطحانؒ جیسا ثقہ اور ثبت راوی ہرگز کوئی نہ ہوگا اس بات کو بھی ضرور ذہن مبارک میں رکھئے۔ اور یہ بات بھی ملحوظ خاطر رہے کہ اس حدیث کا جو حصہ مرفوع ہے اس میں بیان وراء الامام کے الفاظ موجود نہیں ہیں یہ الفاظ صرف اس حصہ میں ہیں جو حضرت ابوہریرہؓ کا موقوف قول اور فتوٰی ہے۔ اور پہلے عرض کیا جا چکا ہے کہ فریق ثانی کا یہ نظریہ ہے کہ در موقوفات صحابہؓ حجت نیست اگرچہ بصحت رسد، اور آنحضرت صلی اللہ تعالیٰ علیہ وآلہٖ وسلم کے ارشاد کے مقابلہ میں تو کسی کا قول پیش ہی نہیں کیا جا سکتا۔ چنانچہ ایک مقام پر امام بیہقیؒ لکھتے ہیں کہ بھلا حضرت علیؓ جناب رسول خدا صلے اللہ تعالیٰ علیہ وآلہٖ وسلم کے خلاف کوئی بات کہہ سکتے ہیں؟ اور اگر آپ کے خلاف ان سے کوئی سند صحیح بھی ہو تب بھی حضورؐ کی بات ان پر اور دوسروں پر حجت ہے اور آنحضرت صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کے ارشاد کے ہوتے ہوئے کسی امتی کے قول کو کیسے حجت قرار دیا جا سکتا ہے۔؟ (سنن الکبرٰی جلد ۲ صفحہ ۱۷۳) آپ ترتیب وار جوابات سنئے۔

۱۔ حرف مَنْ کے عموم میں نص قطعی نہ ہونے پر سیر حاصل بحث پہلے کی جا چکی ہے اعادہ کی ضرورت نہیں ہے وہاں ہی ملاحظہ کر لیں، اور امام موفق الدینؒ ابن قدامہؒ اور علامہ شمس الدین الحنبلیؒ

کے حوالہ سے عرض کیا گیا ہے کہ حضرت عبادہؓ کی سابق حدیث کی طرح حضرت ابوہریرہؓ کی یہ حدیث بھی منفرد سے متعلق ہے۔

۲۔ لفظ خداج سے وجوب اور رکنیت پر استدلال کرنا صحیح نہیں ہے، چنانچہ بعض مرفوع حدیثیں نقل کی جاتی ہیں۔

آنحضرت صلی اللہ تعالیٰ علیہ وآلہٖ وسلم نے ارشاد فرمایا۔

الصلوٰۃ مثنیٰ مثنیٰ وتشھد فی کل رکعتین وتبأس وتمسکن وتقنع یدیک وتقل اللّٰھم فمن لم یفعل فھی خداج	نماز کی دو دو رکعتیں ہیں اور ہر دو رکعتوں میں تشہد ہے اور اپنی عاجزی فقر اور احتیاج کا اقرار کرنا ہے اور دونوں ہاتھ اٹھا کر یا اللہ یا اللہ کہو جس نے ایسا نہ کیا تو اس کی نماز ناقص اور خداج ہوگی۔

ظاہر ہے کہ نفس نماز تو عاجزی، تمسکن ہاتھ اٹھانے اور اللھم اللھم وغیرہ کہنے کے بغیر بھی بالاتفاق جائز ہے اور فریق ثانی کے نزدیک نماز وتر کی دو رکعتوں کے بعد تشہد بھی نہیں ہے حالانکہ اس حدیث میں ایسا نہ کرنے والے کی نماز پر خداج کا اطلاق ہوا ہے اگر خداج رکنیت کو چاہتا ہے تو ایسا کیوں فرمایا ہے اور فریق ثانی لفظ کل کے عموم سے بھی استدلال کرتا ہے جس کا ذکر عنقریب کیا جائے گا۔ انشاء اللہ العزیز۔

اعتراض:۔ مبارکپوری صاحبؒ لکھتے ہیں کہ اس روایت میں عبد اللہؒ بن نافعؒ بن عمیاءؒ راوی کمزور ہے، ابن حجرؒ لکھتے ہیں کہ وہ مجہول ہے (تقریب ص۲۱۸) علاوہ بریں امام لیثؒ بن سعدؒ لفظ خداج کے بجائے کذا وکذا کے الفاظ نقل کرتے ہیں، اور امام شعبہؒ لفظ خداج نقل کرتے ہیں اور امام بخاریؒ لیثؒ بن سعدؒ کی تصویب کرتے ہیں (بمعناہ تحقیق الکلام جلد ۱ ص۴۵)

جواب:۔ یہ ٹھیک ہے کہ بعض حضرات محدثین کرامؒ نے ان کو مجہول کہا ہے اور بعض

---

[۱] یہ روایت ترمذی جلد ۱ ص۵۱، ابوداؤد جلد ۱ ص۱۸۲، ابن ماجہ ص۹۵، مسند احمد جلد ۱ ص۲۱۱ جلد ۴ ص۱۶۷، طیالسی ص۱۹۵، سنن الکبریٰ جلد ۲ ص۴۸۸، نیل الاوطار جلد ۲ ص۲۳۶ اور التاج الجامع للاصول جلد ۱ ص۱۸۲ وغیرہ کتابوں میں ہے۔

تے ان کی حدیث کی صحت کا بھی انکار کیا ہے مگر امام ابو حاتمؒ اس حدیث کی تحسین کرتے ہیں ۔ (کتاب العلل جلد ۱ صفحہ ۱۳۲) اور غایۃ المغلوبی جلد ۱ ص ۲۰ میں لکھا ہے بسند صحیح کہ اس کی سند صحیح ہے ۔ اور مبارکپوری صاحبؒ لکھتے ہیں کہ اگر کسی راوی پر جہالت کا الزام ہو اور ابن حبانؒ اس کو ثقات میں بیان کر دیں تو اس کی جہالت رفع ہو جاتی ہے (ابکار المنن ص ۱۳۱) اور ان کو ابن حبانؒ بھی ثقات میں بتلاتے ہیں (تہذیب التہذیب جلد ۶ ص ۱۵۱) تو ان کے مسلّم قاعدہ کے مطابق یہ روایت صحیح ہے ۔ رہا امام لیثؒ بن سعدؒ کا قصہ تو وہ بھی سن لیجئے امام لیثؒ بن سعدؒ بھی اس روایت کو لفظ خداج سے روایت کرتے ہیں (دیکھئے سنن الکبریٰ جلد ۲ ص ۴۸۸ وغیرہ) اور لیثؒ بن سعدؒ کے ایک شاگرد عبد اللہؒ کے علاوہ باقی سب لفظ خداج ہی سے اس روایت کو نقل کرتے ہیں ، اس روایت سے یہ بھی ثابت ہوگیا کہ ہر دو رکعتوں کے بعد تشہد ضروری ہے ، لہذا وتروں کا بھی یہی حکم ہوگا اور فریق ثانی کا انکار باطل ہے خصوصاً جب کہ لفظ کل کے عموم کے بھی منکر ہیں پھر وہ وتشہد فی کل رکعتین کا کیونکر انکار کرتے یا کر سکتے ہیں ؟ مگر اس کو کیا کہا جائے کہ وہ اپنی رائے کو نہیں چھوڑ سکتے ۔ اس میں شبہ نہیں اور صریح صحیح و مرفوع روایتوں میں اس کی بڑی تشدید آئی ہے کہ رکوع وغیرہ میں امام سے پہلے مقتدی کو سر اٹھانے کی گنجائش اور اجازت نہیں ہے مگر ایسا کرنا رکن شکنی نہیں ہے جس سے کہ سے نماز ہی نہ ہو سکے آنحضرت صلی اللہ تعالیٰ علیہ وآلہ وسلمؐ نے ایک شخص کو جس نے آپ سے قبل ہی سر رکوع سے اٹھا لیا تھا ۔ خطاب کرتے ہوئے یہ ارشاد فرمایا اتقوا خداج الصلوٰۃ ۔ (مسند احمد جلد ۳ ص ۴۹۳) کہ تم ناقص (اور خداج) نماز سے بچو اس حدیث میں بھی غیر رکن پر لفظ خداج کا اطلاق ہوا ہے مؤلف خیر الکلام لکھتے ہیں کہ ان احادیث میں خداج کا معنیٰ نقصان وصفی کے لیے کیا گیا ہے اور یہ مجازی معنیٰ ہے اور فاتحہ کو حنفی بھی واجب کہتے ہیں (محصلہ ص ۱۶۱) الجواب : حضرت ابو ہریرہؓ کی حدیث میں بھی نقصان وصفی ہی مراد لیں کیونکہ وہاں بھی قوی قرائن موجود ہیں اور خود حضرت ابو ہریرہؓ کی روایت بھی ایک قرینہ ہے جو آثار صحابہؓ میں گذر چکی ہے کہ وہ جہری نمازوں میں قرأت خلف الامام کے قائل نہ تھے اور حنفیوں کے نزدیک مقتدی پر فاتحہ واجب ہی نہیں ہے اور بحث اسی میں ہے منفرد اور امام کی بات نہیں ہو رہی ۔

۳- جیسے لفظ خداج کا اطلاق ایسے موقع اور محل پر ہوا ہے جو رکن نہیں اسی طرح لفظ غیر تمام بھی غیر رکن کے ترک پر بولا گیا ہے۔ آنحضرت صلی اللہ تعالیٰ علیہ وآلہ وسلّم نے ارشاد فرمایا اقامة الصف من تمام الصلوٰة (بخاری جلد ۱ ص۱۰۰) کہ صف کو سیدھا کرنا نماز کے اتمام میں داخل ہے۔ فان تسویة الصفوف من تمام الصلوٰة (مسلم جلد ۱ ص۱۸۲ و مسند احمد جلد ۳ ص۱۷۷) کہ بلاشک صفوں کا درست کرنا اتمام صلوٰة سے ہے اور اسی قسم کے الفاظ مسند طیالسی ص۲۶۶ وغیرہ میں مروی ہیں، یہ ٹھیک ہے کہ صفوں کی درستگی کا بڑا اہتمام کیا گیا ہے اور آنحضرت صلی اللہ تعالیٰ علیہ وآلہ وسلّم اس کا خاص لحاظ فرمایا کرتے تھے لیکن تسویہ صفوف آخر رکن صلوٰة بھی تو نہیں ہے کہ اس کے بغیر مطلقاً نماز ہی صحیح نہ ہو اسی طرح ایک روایت میں یوں ارشاد ہوا ہے۔ لا تتم صلوٰة احدکم حتی یسبغ الوضوء (دارقطنی جلد ۱ ص۳۵) تم میں کسی کی نماز مکمل نہیں ہو سکتی تاوقتیکہ وہ وضوء کی تکمیل نہ کرے ظاہر ہے کہ اسباغ وضوء میں تین تین بار دھونا اور اطالہ وغیرہ کرنا پڑتا ہے۔ اور یہ نماز کے لیے ضروری نہیں ہے، ایک دفعہ وضوء کرنا کافی ہے اور دو مرتبہ کامل وضوء ہے اور تین مرتبہ کا اکمل جیسا کہ حضرات محدثین کرامؒ نے باب الوضوء مرة مرة، باب الوضوء مرتین مرتین اور باب الوضوء ثلاثا ثلاثا قائم کرکے اور ان کے تحت مرفوع قولی اور فعلی حدیثیں درج کرکے یہ بات واضح کردی ہے، اس حدیث میں بھی غیر رکن پر لا تتم کے الفاظ اطلاق کیے گئے ہیں، ایک حدیث میں آتا ہے کہ آنحضرت صلی اللہ تعالیٰ علیہ وآلہ وسلّم نے ارشاد فرمایا۔ من تمام الصلوٰة، الصلوٰة فی النعلین (مجمع الزوائد جلد ۲ ص۵۴) کہ نماز کا اتمام اور اس کی تکمیل یہ ہے کہ جوتوں میں نماز پڑھی جائے اگر من تمام الصلوٰة یا غیر تمام وغیرہ الفاظ رکنیت کو چاہتے ہیں تو جوتوں میں نماز پڑھنا بھی رکن ہونا چاہیئے، اور حافظ ابن تیمیہؒ لکھتے ہیں غیر تمام تفسیر لقوله علیه السلام وهذا اللفظ لا یقتضی الرکنیة (فتاوی ص۲۹) کہ غیر تمام کا جملہ آنحضرت صلی اللہ تعالیٰ علیہ وآلہ وسلّم کے ارشاد (خداج) کی تفسیر ہے لیکن یہ لفظ رکنیت کو نہیں چاہتا، امام ابن دقیق العیدؒ ایک مقام پر اس کی تشریح کرتے ہوئے لکھتے ہیں۔ تمام الشئ امر زائد علی وجود حقیقته (احکام الاحکام جلد ۱ ص۱۹۵) کہ اصل شے کی حقیقت سے تمام کا مفہوم زائد ہے، اس کو یوں سمجھیئے کہ لنگڑا اپاہج اور اندھا وغیرہ بھی تو

آخر انسان ہے ان نقائص کی وجہ سے اس کی انسانیت کا انکار تو ہرگز نہیں ہو سکتا، ہاں البتہ اگر یہ اعضاء بھی صحیح ہوتے تو وہ کامل اور مکمل انسان کہلاتا۔ آپ ملاحظہ کر چکے کہ لفظ خداج کی طرح غیر تمام کا جملہ بھی رکنیت کو نہیں چاہتا اور اس پر فریق ثانی کے استدلال کی عمارت قائم تھی۔

۴۔ قراۃ فی النفس کے معنی عربی قواعد کے لحاظ سے زبان کے ساتھ آہستہ پڑھنے کے علاوہ اپنے دل ہی دل میں تدبر اور غور کرنے اور منفرد اور اکیلے ہو کر پڑھنے کے بھی آتے ہیں اور جب تک یہ دو معنی اور بھی موجود ہیں تو فریق ثانی کا قطعی اور حتمی طور پر یہ دعویٰ کیسے مسموع ہو سکتا ہے کہ قرأت فی النفس سے آہستہ زبان کے ساتھ پڑھنا ہی مراد ہے یہ کیوں نہیں ہو سکتا کہ حضرت ابوہریرہؓ کے اس موقوف اثر اور فتوے کا مطلب یہ ہو کہ اے سائل جب تم امام کے پیچھے اقتداء کر چکے ہو تو اپنے دل ہی دل میں سورۃ فاتحہ کا تدبر اور غور کیا کرو اقرأ بہا فی نفسک اور زبان کو حرکت تک نہ دینا۔ اس روایت کا یہی مطلب حافظ المغرب امام ابن عبد البرؒ نے بیان کیا ہے اور اس کا بھی قوی احتمال ہے اور یا یہ معنی ہو کہ اے سائل تم نے امام کے پیچھے سورۃ فاتحہ پڑھنے کا سوال کیا ہے لیکن اقرأ بہا فی نفسک جب تم اکیلے اور منفرد ہوا کرو تو اس وقت سورۃ فاتحہ پڑھا کرو گو اس اعتبار سے اسلوب حکیم کے پیش نظر حضرت ابوہریرہؓ نے سائل کو یہ بتایا کہ جب تم منفرد اور اکیلے ہوتے ہو تو اس وقت سورۃ فاتحہ پڑھا کرو۔ امام کے پیچھے سورۃ فاتحہ پڑھنے کی گنجائش نہیں ہے اس کا بھی قوی احتمال ہے اور اگر اس کو آپ معنی اور مطلب کہنے پر آمادہ نہیں تو صحیح احادیث کے ساتھ تطبیق دینے کی ایک جائز تاویل ہی کر لیجئے، امام نوویؒ حضرت ابوہریرہؓ ہی کے ایک موقوف اثر کے بارے میں جو ایک مرفوع حدیث کے مخالف ہے لکھتے ہیں۔ متاول او مردود (شرح مسلم جلد ۲ صفحہ ۲۶۵) اس کی کوئی مناسب تاویل کر لی جائے گی یا اس کو رد کر دیا جائے گا پہلے تو اس اثر میں علاءؒ بن عبد الرحمٰنؒ موجود ہے جس کا حال آپ سن چکے ہیں پھر یہ ابوہریرہؓ پر موقوف ہے اگر یہ اثر صحیح بھی ہو تب بھی مرفوع روایت کے مقابلہ میں قابل التفات نہیں ہے اور اس کا ایک صحیح محمل بیان کر کے صحیح روایات کے ساتھ منطبق کرنا یہ تو انتہائی خوش عقیدتی اور حسن ظنی ہے قراۃ فی النفس تدبر کے معنی میں آتا ہے آنحضرت صلی اللہ تعالیٰ علیہ وآلہ وسلم نے ارشاد فرمایا یؤم القوم اقرأھم لکتاب اللہ (مسلم جلد ۱ صفحہ ۲۳۶ ابوداؤد جلد ۱ صفحہ ۹۳ ترمذی جلد ۱ صفحہ ۳۲)

قوم کا امام وہی ہو جو بڑا عالم کتاب اللہ ہو۔ امام نوویؒ اقرأ کا معنیٰ افقہ بھی نقل کرتے ہیں اصل عبارت
یوں ہے واجابوا عن الحدیث بان الاقرأ من الصحابۃ کان ھو الافقہ اھ (نووی ص۲۳۶)
اور انہوں نے حدیث کا یہ جواب دیا ہے کہ حضرات صحابہ کرامؓ میں جو اقرأ ہوتا تھا وہی افقہ
ہوتا تھا یعنی جو شخص قرآن کریم کا سب سے بڑا عالم اور اس کے معانی پر غور اور فکر و تدبّر کرنے والا ہو تو وہی
شخص قوم کا امام ہونا چاہیئے اور اگر علم قرأت اور تجوید پر بھی اس کی گہری نگاہ ہو تو نورٌ علیٰ نور۔ اور
صاحب تاج العروس اس کا معنیٰ کرتے ہیں اقرأ اصحابہ واتقن للقرآن واحفظ کروہ شخص امام
ہو جو دوسروں سے زیادہ معیاری عبور اور تدبر کرنے والا اور الفاظ و معانی کا حافظ ہو۔ حضرت ابن عباسؓ
فرماتے ہیں اذا قرأتھا فی نفسک لم یکتبا ما (نہایہ جلد ۴ ص۲۶) جب تم دل میں
پڑھتے ہو تو وہ دونوں فرشتے اس کو نہیں لکھتے، دل میں پڑھنے کا مطلب جس کو کرام کاتبین بھی نہ
لکھیں غور کر لے اور تدبر کرنے کے علاوہ اور کیا ہو سکتا ہے؟ حضرت ابو سعید الخدریؓ سے روایت
ہے کہ آنحضرت صلی اللہ تعالیٰ علیہ وآلہ وسلّم نے ارشاد فرمایا جب تم میں سے کوئی شخص نماز پڑھ
رہا ہو اور شیطان اس کے دل میں یہ وسوسہ ڈالے کہ تمہارا وضو ٹوٹ چکا ہے تو محض اس وسوسہ
کی بنا پر نماز نہ چھوڑ دینا بلکہ یہ کہہ دیا کرو کَذَبْتَ اے شیطان تم جھوٹ بک رہے ہو مگر یہ کہنا
فی نفسہٖ ہو امام ابن حبانؒ نے اپنی صحیح میں فی نفسہٖ کی زیادت روایت کی ہے (بلوغ المرام ص۱۶)
سوچئے کہ بحالت نماز دل میں شیطان لعین کو یہ کہنا کہ تم جھوٹ بکتے ہو میرا وضو نہیں ٹوٹا بغیر تدبر
اور غور کے اور کیا ہو سکتا ہے؟ مشہور تابعیؒ حضرت قتادہؒ فرماتے ہیں اذا طلّق فی نفسہٖ فلیس
بشیئٍ (بخاری جلد ۲ ص۷۹۲) جب کوئی شخص اپنے دل میں طلاق دے تو اس کا کوئی اعتبار نہیں
ہے طلاق فی النفس کا مطلب بغیر تدبر اور غور کے اور کیا ہو سکتا ہے زبان سے طلاق کا لفظ کہنے
سے گو مسخرہ پن سے کیوں نہ ہو طلاق واقع ہو جاتی ہے حضرت عمرؓ نے ایک مشورہ کے موقع
پر یہ ارشاد فرمایا تھا وکنت زوّرت مقالۃ (بخاری جلد ۲ ص۱۰۱۰) میں نے اپنے دل میں ایک
مقالہ تیار کیا تھا، ظاہر ہے کہ قلبی مقالہ تدبر اور غور کے سوا اور کیا ہو سکتا ہے؟ حضرات ائمہ متکلمین
نے کلام لفظی اور کلام نفسی پر روشنی ڈالی ہے اور اس پر متفق ہیں کہ کلام نفسی پر بھی کلام کا اطلاق صحیح
ہے بلکہ حقیقت شناسی سے کام لیا جائے تو اصل کلام ہی دل کا کلام ہے۔

؎ ان الکلام لفی الفؤاد وانما　　جعل اللسان علی الفؤاد دلیلاً

بے شک کلام تو درحقیقت دل ہی کا کلام ہے ، زبان تو صرف اس کلام کو ظاہر کرنے کا ایک ذریعہ ہے ۔

ان تمام اقتباسات سے یہ امر واضح ہو جاتا ہے کہ دل کے اندر غور اور تدبر و فکر کرنے پر بھی قرأت ، قول ، مقالہ اور کلام وغیرہ کا اطلاق جائز اور صحیح ہے اور اس کا انکار کرنا باطل ہے ۔ مؤلف خیر الکلام نے امام بیہقیؒ کے حوالہ سے جو یہ لکھا ہے کہ دل میں تدبر کرنے پر بالاجماع قرأت کا اطلاق نہیں ہوتا (محصلہ ۱۵۲) تو یہ قابل قبول نہیں اس لیے کہ ہم حضرت ابن عباسؓ اور امام ابن عبد البرؒ وغیرہ کے حوالہ سے عرض کر چکے ہیں کہ دل کے تدبر پر بھی قرأت کا اطلاق ہوتا ہے محض بے دلیل خوش کن لفظ اجماع سے کچھ نہیں بنتا ۔ فریق ثانی ہی ازراہ کرم یہ فرمائے کہ ایک شخص کسی کتاب یا اخبار وغیرہ کو دل ہی دل میں پڑھتا ہے اور زبان کو حرکت تک نہیں دیتا کیا یہ کہنا صحیح ہے کہ اس نے کتاب اور اخبار کی قرأۃ کی ہے ؟ اگر جواب اثبات میں ہے اور یقیناً اثبات ہی میں ہونا چاہیئے تو اس غور اور تدبر پر قرأۃ فی النفس کا اطلاق کیسے صحیح ہوا ؟ رہا حضرت امام بیہقیؒ ، امام نوویؒ اور مبارکپوری صاحبؒ وغیرہ کا یہ اعتراض کہ اگر دل میں تدبر اور غور کرنے پر قرأت کا اطلاق صحیح ہے تو جنبی وغیرہ جب دل میں قرآن کریم پر تدبر کرتا ہے تو وہ گنہگار کیوں نہیں ہوتا حالانکہ زبان کے ساتھ پڑھنا اس کے لیے جائز نہیں ہے (کتاب القرأۃ ص ۱۷ ، نووی جلد ۱ ص ۱۷ تحقیق الکلام جلد ۲ ص ۴۲) تو یہ ایک سطحی قسم کا سوال اور مغالطہ ہے ، کیونکہ جنبی کے لیے تلفظ اور زبان سے پڑھنا جائز نہیں ہے ۔ جیسا کہ دل میں طلاق دینے سے طلاق واقع نہیں ہوتی بلکہ اس کے لیے تکلم اور تلفظ شرط ہے یہ نہیں کہ دل میں طلاق کے تدبر پر طلاق فی النفس کا اطلاق ہی صحیح نہیں ہے ؟ بہر حال یہ ایک ناقابل انکار حقیقت ہے ، کہ دل کے اندر غور اور تدبر کرنے پر قرأت ، مقالہ اور قول کا اطلاق صحیح ہے آخر حضرات مفسرین کرامؒ کے ایک معتد بہ گروہ نے حضرت یوسف علیہ السلام کے اس ارشاد کہ قَالَ بَلْ اَنْتُمْ شَرٌّ مَّكَانًا ۔ اپنے جی میں حضرت یوسف علیہ السلام نے فرمایا بلکہ تم بدتر ہو درجہ میں یہی مطلب تو بیان کیا ہے کہ انہوں نے یہ بات اپنے دل میں کہی اور سیاق و سباق سے یہی تفسیر قرین قیاس معلوم ہوتی ہے گو دوسری تفسیر کا بھی احتمال ہے ، جب یہ ثابت ہو گیا کہ

دل میں غور و فکر اور تدبر پھر بھی قرأت فی النفس کا اطلاق صحیح ہے تو اس احتمال کی موجودگی میں فریق ثانی کا استدلال صحیح نہیں ہو سکتا، قاضی شوکانیؒ فرماتے ہیں ومع الاحتمال یسقط الاستدلال (نیل الاوطار جلد ا ص۱۹۰) احتمال کے ہوتے ہوئے استدلال ساقط الاعتبار ہے یعنی ایسا احتمال جو ناشئ عن دلیل ہو محض احتمال سے استدلال پر کوئی زد نہیں پڑتی (غیث الغمام ص۴۶) اور یہاں احتمال ناشئ عن دلیل ہی ہے کما لا یخفی۔ یہاں تک جو بحث ہوئی وہ اس امر کی تھی کہ اس حدیث کا مطلب حافظ ابن عبد البرؒ وغیرہ نے یہ بیان کیا ہے کہ اقرأ بہا فی نفسك کا معنیٰ ہے دل میں اس پر غور و فکر اور تدبر کرنا ہے، اور قواعد شرعیہ سے اس کا ثبوت موجود ہے جو عرض کر دیا گیا ہے اب آپ اقرأ بہا فی نفسك کا دوسرا معنیٰ بھی سن لیں کہ فی نفس کے معنیٰ اکیلے اور منفرد کے بھی آتے ہیں چند نظائر اور نقول عرض ہیں غور کریں اللہ تعالیٰ آنحضرت صلی اللہ تعالیٰ علیہ وآلہ وسلم کو ارشاد فرماتا ہے کہ آپ جب ان (خاص قسم کے) لوگوں کو وعظ کریں تو قُلْ لَّهُمْ فِيْٓ اَنْفُسِهِمْ قَوْلًا بَلِيْغًا (پ۵، نساء) آپ ان میں سے ہر ایک ایک اور اکیلے اکیلے کو انتہائی بلیغ بات کہدیجئے اس آیت میں فی نفس کا معنیٰ امام عربیت علامہ زمخشریؒ نے تفسیر کشاف جلد ۲ ص۳۷۵ میں اور امام رازیؒ نے تفسیر کبیر جلد ۳ ص۲۷۰) میں اور اسی طرح دوسرے بعض مفسرین نے جن میں قاضی بیضاویؒ اور صاحب روح المعانیؒ وغیرہ شامل ہیں یہی معنیٰ کئے ہیں اور اسی طرح کا معنیٰ حضرت عبد اللہؓ بن عباسؓ سے بھی منقول ہے (دیکھئے فتح الملہم جلد ۲ ص۲۸ وغیرہ) ایک حدیث قدسی میں آنحضرت صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم اللہ تعالیٰ جل شانہٗ سے روایت کرتے ہیں کہ اللہ تعالیٰ نے فرمایا۔

فان ذکرنی فی نفسہ ذکرتہ فی نفسی وان ذکرنی فی ملاءٍ ذکرتہ فی ملاءٍ خیر منہم الحدیث (بخاری جلد ۲ ص۱۱۰۱ مسلم جلد ۲ ص۳۴۳ ، مسند احمد جلد ۲ ص۴۳۵)	میرا کوئی بندہ جب مجھے تنہائی میں یاد کرتا ہے تو میں بھی اس کو تنہائی میں یاد کرتا ہوں اور جب وہ مجھے کسی جماعت میں یاد کرتا ہے تو میں اس جماعت سے بہتر جماعت میں اس کو یاد کرتا ہوں۔

اس حدیث میں فی نفسہٖ تنہا اور اکیلے کے معنیٰ میں ہے کیونکہ اس کا تقابل فی ملاءٍ جماعت سے کیا گیا ہے اور کنز العمال جلد ا ص۲۱۰ میں فی نفسہٖ کے بجائے خالیاً

(اکیلا اور منفرد) کا لفظ آیا ہے جو صراحت سے اس مفہوم کو ادا کرتا ہے اور قاموس میں فی نفس کے معنیٰ اکیلے کے بیان کئے گئے ہیں (فصل الخطاب صـ۲۷) اور فنِ نحو کی کتابوں میں اسم فعل اور حرف کی جو تعریف کی گئی ہے اس سے کون طالب علم ناواقف ہو سکتا ہے؟ اسم وہ کلمہ ہے جو فی نفسہٖ اپنے معنیٰ پر دلالت کرے اور ضم ضمیمہ کا محتاج نہ ہو فعل وہ کلمہ ہے جو فی نفسہٖ اپنا معنیٰ دے اور ضم ضمیمہ کا مفتقر نہ ہو لیکن ماضی وحال اور استقبال میں سے کوئی زمانہ اس میں پایا جائے اور حرف وہ کلمہ ہے جو فی نفسہٖ اپنا معنیٰ ادا نہ کر سکے بلکہ اسم اور فعل سے مل کر اپنا مفہوم ادا کرے، ان مواقع میں فی نفسہٖ کا معنیٰ اکیلا اور منفرد ہی ہے کہ اسم و فعل اکیلے اور تنہا اپنا معنیٰ دیتے ہیں مگر حرف اکیلا معنیٰ نہیں ادا کرتا عرفِ عام میں بھی فی نفسہٖ کا معنیٰ اکیلے اور منفرد کے آتے ہیں کیا لوگ یہ نہیں کہا کرتے فلاں شخص فی نفسہٖ بڑا شریف (یا بُرا) ہے یعنی اگر اس کو اس کے رفقاء جماعت، سوسائٹی اور گرد و پیش کے ماحول سے الگ کر کے اکیلا دیکھا جائے تو بڑا شریف (یا بُرا) ہے۔ جب قرآن کریم، صحیح حدیث، ائمہ لغت و تفسیر اور علمِ نحو بلکہ عرفِ عام سے یہ ثابت ہے کہ فی نفس کے معنیٰ اکیلے اور منفرد کے بھی آتے ہیں تو حضرت ابو ہریرہؓ کے اس موقوف اثر کا یہ معنیٰ کیوں نہ ہو جائے کہ اقرأ بھا فی نفسک جب تم اکیلے اور منفرد ہوا کرو تو اس وقت سورۂ فاتحہ پڑھا کرو، تاکہ نہ تو جناب رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کی صحیح اور صریح و مرفوع حدیثوں سے اس کا تعارض پیدا ہو اور نہ مخالفت لازم آئے، شاید ایسے ہی موقع کے لیے یہ کہا گیا ہے کہ نہ ہینگ لگے نہ پھٹکڑی، آخر حضرت ابو ہریرہؓ نے ابو السائبؒ کا بازو (فغمز ذراعی) بلا وجہ تھوڑا ہی دبایا تھا جواب کوئی مخصوص ہی ہو گا ؎

اور ہوں گے جو سہیں ان کی جفائیں بے محل
ہم کسی کا غمزۂ بے جا اٹھا سکتے نہیں

قارئین کرام! حضرت ابو ہریرہؓ کی اس روایت کا پس منظر آپ ملاحظہ کر چکے ہیں، زیادہ مناسب معلوم ہوتا ہے کہ ہم لفظ خداج کی مناسبت سے وہ جملہ روایتیں جو ہماری نظر سے گذری ہیں یہیں ہی نقل کر کے ان پر روایتی اور درایتی کلام کرتے جائیں اور پھر حدیث تمریتین کا ذکر کریں۔

احادیث خداج اور مخدجہ کی بحث

حضرت عائشہؓ سے روایت ہے کہ آنحضرت صلی اللہ تعالیٰ علیہ وآلہ وسلم نے ارشاد فرمایا

کل صلوٰۃ لا یقرأ فیھا بفاتحۃ الکتاب وشئ فھی خداج (کتاب القراۃ ص۳۱)

جس نماز میں سورۃ فاتحہ اور اس کے ساتھ کچھ اور نہ پڑھا جائے تو وہ نماز خداج اور ناقص ہوگی۔

جواب :- اس روایت سے استدلال صحیح نہیں ہے اولاً اس لئے کہ اس کی سند میں جبارۃ بن المغلسؒ راوی ہے۔ امام بخاریؒ فرماتے ہیں کہ وہ مضطرب الحدیث تھا امام ابن معینؒ اس کو کذاب کہتے ہیں۔ (میزان الاعتدال جلد ۱ ص۱۷۹) امام احمدؒ فرماتے ہیں کہ اس کی حدیثیں بعض جعلی اور موضوع بھی ہیں، ابوزرعہؒ نے ان سے روایت ترک کر دی تھی، ابن سعدؒ اس کو ضعیف کہتے ہیں، ابوداؤدؒ نے اس سے ترک روایت کا یہ عذر پیش کیا ہے کہ وہ صاحب مناکیر تھا محدث بزارؒ اس کو کثیر الخطا کہتے ہیں ابن حبانؒ کا بیان ہے کہ وہ اسانید میں ہیر پھیر کر دیا کرتا تھا اور اس کی حدیث سے احتجاج صحیح نہیں ہے، دارقطنیؒ اس کو متروک کہتے ہیں (تہذیب التہذیب جلد ۲ ص۵۸) دوسرا راوی اس سند کا شبیب بن شیبہؒ ہے امام یحییٰؒ اس کو لیس بثقۃ اور امام نسائیؒ و دارقطنیؒ اس کو ضعیف کہتے ہیں، امام ابوحاتمؒ اور ابوزرعہؒ اس کو لیس بالقوی اور ابوداؤدؒ اس کو لیس بشئ کہتے ہیں (میزان جلد ۱ ص۱۴۴) وثانیاً اس میں خلف الامام کا کوئی ذکر نہیں ہے اور لفظ کل کی بحث عنقریب آرہی ہے وثالثاً اس میں وشئ کی زیادت بھی موجود ہے مگر فریق ثانی اس کا قائل نہیں ہے ورابعاً بسند صحیح وحسن حضرت عائشہؓ سے ایک روایت پہلے عرض کی جاچکی ہے کہ وہ جہری نمازوں میں امام کے پیچھے قرأۃ سورۃ فاتحہ کی قائل نہ تھیں، اگر یہ روایت ان کے نزدیک صحیح ہوتی تو ہرگز اس کے خلاف نہ کرتیں، حضرت عائشہؓ سے ایک روایت مرفوعاً ان الفاظ سے مروی ہے کل صلوٰۃ لا یقرأ فیھا بام القرآن فھی خداج فھی خداج (مجمع الزوائد جلد ۲ ص۱۱۱ وکتاب القراۃ ص۳۱) ہر وہ نماز جس میں سورۃ فاتحہ نہ پڑھی جائے وہ ناقص ہے، ناقص ہے، لیکن اس کی سند میں عبداللہؒ بن لہیعہؒ ہے، امام مسلمؒ فرماتے ہیں کہ امام ابن مہدیؒ اور یحییٰؒ بن سعیدؒ اور وکیعؒ نے ان سے روایت بالکل ترک کر دی تھی ابواحمد حاکمؒ ان کو ذاہب الحدیث کہتے ہیں، ابن حبانؒ ان کی روایت کو

واجب الترک کہتے ہیں۔ اور ابن سعدؒ کہتے ہیں کہ وہ ضعیف ہے، ابُو زرعہؒ کا بیان ہے کہ وہ صاحب ضبط نہ تھے، امام نسائیؒ اُن کو لیس بثقہ کہتے ہیں، ابُو حاتمؒ کہتے ہیں کہ اُن کی روایت حجت نہیں ہو سکتی، ابن قتیبہؒ ان کی تضعیف کرتے ہیں علامہ خطیبؒ کہتے ہیں کہ وہ تساہل کی وجہ سے کثرت مناکیر کا شکار ہوگئے تھے، ابن معینؒ کہتے ہیں کہ ان کی حدیث سے احتجاج صحیح نہیں ہے۔

(تہذیب التہذیب جلد ۵ ص ۳۷۵-۳۷۶ محصلہ) امام ترمذیؒ کہتے ہیں کہ وہ ضعیف ہے جلد ۱ ص ۲) حضرت عائشہؓ کی ایک مرفوع روایت ان الفاظ سے مروی ہے کل صلوٰۃ لا یقرأ فیھا بام الکتاب فھی خداج (ابن ماجہ ص ۶۱ و کتاب القرأۃ ص ۳۱) ہر وہ نماز جس میں سورۂ فاتحہ نہ پڑھی گئی ہو وہ ناقص ہوگی۔

لیکن اس کی سند میں محمد بن اسحاقؒ ہے جس کا ذکر عنقریب کیا جائے گا نیز وہ عنعنہ بھی کرتا ہے اور جزء القرأۃ (ص ۲) میں بھی حضرت عائشہؓ سے مرفوعاً یوں مروی ہے کل صلوٰۃ لا یقرأ فیھا فھی خداج اور اس کی سند میں بھی محمد ابن اسحاقؒ ہے اور متن میں فاتحہ کی تعیین نہیں ہے۔

حضرت عبداللہؓ بن عمرؓ سے مرفوعاً روایت ہے من صلّی صلوٰۃ لم یقرأ فیھا بام القرآن فھی خداج غیر تمام (کتاب القرأۃ ص ۳۳ و توجیہ النظر ص ۲۷۲) جس نے نماز پڑھی اور اس میں سورۂ فاتحہ نہ پڑھی تو اس کی نماز ناقص اور نامکمل ہوگی، لیکن اس روایت میں ایک راوی محمدؒ بن حمیر ہے اگرچہ جمہور محدثین کرامؒ اس کی توثیق کرتے ہیں لیکن امام ابُو حاتمؒ فرماتے ہیں کہ ان کی حدیث لکھی جا سکتی ہے اس سے احتجاج صحیح نہیں ہے فسویؒ کہتے ہیں کہ وہ قوی نہ تھا علامہ ذہبیؒ انکو صاحب غرائب اور افراد کہتے ہیں (میزان ص ۴۵) حافظ ابن حجرؒ بھی امام یعقوبؒ بن سفیان الفسویؒ سے یہی قول نقل کرتے ہیں کہ وہ قوی نہیں ہے۔ (تہذیب التہذیب ص ۱۳۵ ج ۹) دوسرا راوی اس سند کا عبداللہ بن عمر العمریؒ ہے، امام یحییٰؒ ان سے روایت نہیں لیتے تھے، امام نسائیؒ انکو لیس بالقوی کہتے ہیں۔

ابن مدینیؒ ان کو ضعیف کہتے ہیں، ابن حبانؒ کا بیان ہے کہ وہ کثرت خطار کی وجہ سے قابل ترک تھے (میزان الاعتدال جلد ۲ ص ۵۵) حافظ ابن حجرؒ لکھتے ہیں کہ وہ ضعیف ہے (تقریب ص ۲۰۸) تیسرا راوی اس کڑی کا اسمٰعیل بن عیاشؒ ہے، امام مسلمؒ لکھتے ہیں کہ ان کی کوئی روایت قابل حجت نہیں ہے معروف راویوں سے ہو یا مجہول سے (جلد ۱ ص ۱۸) لیکن محدث دحیمؒ وغیرہ نے یہ

فیصلہ درج کیا ہے کہ اسمٰعیلؒ مذکور کی ہر وہ روایت جو اہل مدینہ سے ہو ضعیف اور کمزور ہوتی ہے (میزان جلد ۱ صفحہ ۱۱۳ و تہذیب التہذیب جلد ۱ صفحہ ۳۲۴) اور یہ روایت بھی عبداللہ بن عمر مدنیؒ سے ہے۔ دوسری سند میں اگرچہ عبدالرحیمؒ بن سلیمانؒ، اسمٰعیلؒ مذکور کا متابع ہے اور وہ خود ثقہ ہے مگر اس کی سند کمزور ہے لہذا اس کی متابعت کالعدم ہے۔

حضرت عبداللہؓ بن عمرو بن العاص سے مرفوعاً روایت ہے کل صلوٰۃ لا یقرأ فیھا بام القرآن فھی خداج خداج (مجمع الزوائد جلد ۲ صفحہ ۱۱۱) ہر وہ نماز جس میں سورۂ فاتحہ نہ پڑھی جائے وہ ناقص ہے، ناقص ہے، ناقص ہے لیکن اس کی سند میں سعید بن سلیمان النشیطی ہے، امام ابو زرعہؒ کہتے ہیں کہ ہم اللہ تعالیٰ سے سلامت کے خواہاں ہیں وہ قوی نہیں ہے۔ (مجمع الزوائد ج۲ ص۱۱۱) ابو حاتمؒ کہتے ہیں کہ اس میں کلام اور نظر ہے، ابو داؤدؒ کہتے ہیں کہ میں اس سے روایت کرنے کے لیے تیار نہیں ہوں دارقطنیؒ کہتے ہیں کہ محدثینؒ اس میں کلام کرتے ہیں۔ (تہذیب التہذیب جلد ۴ صفحہ ۴۴/۴۵) حضرت عبداللہؓ بن عمروؓ سے مرفوعاً ایک روایت یوں مروی ہے کل صلوٰۃ لا یقرأ فیھا بفاتحۃ الکتاب فھی خداج (ابن ماجہ صفحہ ۶۱) ہر وہ نماز جس میں سورۂ فاتحہ نہ پڑھی جائے وہ ناقص، ناقص ہے لیکن اس کی سند یوں ہے عن عمرؒو بن شعیبؒ عن ابیہ عن جدہ اور جلد اوّل بحث سکتات امام میں اس پر سیر حاصل بحث گذر چکی ہے، اعادہ کی ضرورت نہیں ہے وہاں ہی ملاحظہ کر لیں حضرت عبداللہؓ بن عمروؓ سے مرفوعاً ایک روایت اس طرح مروی ہے کل صلوٰۃ لا یقرأ فیھا بفاتحۃ الکتاب فھی خداج (کتاب القراۃ صفحہ ۳۲) جس نماز میں سورۂ فاتحہ نہ پڑھی جائے وہ ناقص ہے لیکن اس کی سند میں ایک راوی عبدالوہابؒ بن عطاءؒ ہے، امام ساجیؒ اور ابو حاتمؒ کہتے ہیں لیس بالقوی عندھم محدثین کے نزدیک یہ قوی نہیں ہے، امام نسائیؒ ان کو لیس بالقوی کہتے ہیں امام احمدؒ ان کو ضعیف الحدیث کہتے ہیں، امام بزارؒ کہتے ہیں لیس بالقوی، امام ابن حبانؒ ان کی ایک روایت کو موضوع اور جعلی بتاتے ہیں (تہذیب التہذیب جلد ۶ صفحہ ۴۵۱/۴۵۲) دوسرا راوی اس سند کا محمد بن اسحاقؒ ہے جس کا ذکر عنقریب آئے گا (انشاء اللہ تعالیٰ) اور تیسرا راوی (بلکہ کڑی) عمروؒ بن شعیبؒ عن ابیہ عن جدہٖ ہے جس کا ذکر ہو چکا ہے ان کی ایک روایت مرفوعاً یوں ہے

كل صلوٰة لا يقرأ فيها بام القرآن فهي خداج (کتاب القرأة ص ۶۹) اس کی سند میں عمروؒ بن شعیبؒ الخ کے علاوہ ابوالصلت هروی ہے، امام ساجیؒ، نسائیؒ، ابوزرعہؒ، ابوحاتمؒ اس کو ضعیف لکھتے ہیں مسلمہؒ اور ابن طاہرؒ اس کو کذاب کہتے ہیں، دارقطنیؒ اور عقیلیؒ اس کو رافضی خبیث کہتے ہیں (تہذیب جلد ۶ ص ۳۲۲) حضرت عبداللہؓ بن عمروؓ کی ایک مرفوع روایت یوں ہے كل صلوٰة لا يقرأ فيها بفاتحة الكتاب فهي مخدجة مخدجة مخدجة (کتاب القرأة ص ۳۲) جس نماز میں سورۂ فاتحہ نہ پڑھی گئی وہ ناقص ہے، ناقص ہے، ناقص ہے لیکن اس میں عمروؒ بن شعیبؒ عن ابیہؒ عن جدہؒ واقع ہے اور علاوہ بریں اس سند کا ایک راوی عاصم احولؒ ہے امام احمد ان کو لیس بالقوی اور ضعیف الحدیث کہتے ہیں امام نسائیؒ کا بیان ہے کہ وہ قوی نہ تھے، محدث حمیدؒ بن اسودؒ اس کو کمزور اور ضعیف کہتے ہیں (میزان جلد ۲ ص ۸ و تہذیب التہذیب جلد ۵ ص ۴۲) امام ابوحاتمؒ کہتے ہیں کہ یہ حدیث منکر ہے (توجیہ النظر ص ۲۷۵) مبارکپوری صاحبؒ لکھتے ہیں کہ منکر وہ حدیث ہے جس میں ضعیف اور کمزور راوی متفرد ہو (تحفۃ الاحوذی ج ۲ ص ۶) پس یہ جرح مبہم نہیں بلکہ مفسر ہے مؤلف "خیر الکلام" کا اس کو مبہم کہہ کر ٹال دینا غیر مقبول ہے ان کی ایک روایت ان الفاظ سے بھی مروی ہے کہ سورۂ فاتحہ سکتات امام میں پڑھنی چاہیئے ورنہ نماز خارج غیر تمام ہوگی (کتاب القرأة ص ۵۴-۵۵) اس میں بھی عمروؒ بن شعیبؒ واقع ہے اور دوسرا راوی محمدؒ بن عبداللہؒ بن عبیدؒ بن عمیرؒ ہے سکتات امام کی بحث دیکھیئے۔ اس پر باحوالہ جرح وہاں نقل کردی گئی ہے۔

حضرت ابوہریرہؓ سے مرفوعاً مروی ہے الركعتين اللتين لا يقرأ فيهما خداج فقال رجل يا رسول الله ارأيت ان لم يكن معي الا ام القران قال هي حسبك هي السبع المثاني (کتاب القرأة ص ۸) وہ دو رکعتیں جن میں قرأت نہ کی جائے وہ ناقص ہوں گی ایک شخص نے دریافت کیا یارسول اللہ یہ فرمایئے کہ اگر مجھے صرف سورۂ فاتحہ ہی یاد ہو؟ آپ نے فرمایا تجھے یہی کافی ہے کیونکہ یہ سبع مثانی ہے اس کی سند میں ابراہیمؒ بن فضلؒ ہے امام نسائیؒ کہتے ہیں وہ متروک ہے (ضعفاء ص ۳۶) علامہ ذہبیؒ امام ابن معینؒ امام احمدؒ ابوزرعہؒ اور دیگر محدثینؒ اس کو ضعیف الحدیث کہتے ہیں، ترمذیؒ کہتے ہیں اور یحییٰ کہتے ہیں کہ وہ ضعیف الحدیث

سے ابُواحمد الحاکمؒ کا بیان ہے کہ وہ قوی نہیں ابن حبانؒ ان کو کثیر الخطا کہتے ہیں، ازدیؒ اور دارقطنیؒ اس کو متروک کہتے ہیں (تہذیب التہذیب جلد ا ص۱۵) حافظ ابن حجر لکھتے ہیں متروک، ۔ (تقریب ص۲) علاوہ ازیں حسبک صرف کفایت پر دال ہے مگر فریق ثانی اس کی رکنیت اور وجوب کا مدعی ہے، حضرت ابوہریرہؓ کی ایک موقوف روایت یوں ہے اقرأوا اذا سکتوا و اسکتوا اذا قرأوا فان الصلوٰۃ الخدجۃ التی لا قراءۃ فیہا (کتاب القرأۃ ص۶۶) تم قرأت کیا کرو جب امام خاموش ہوں اور جب وہ پڑھیں تو تم خاموش رہو کیونکہ جس نماز میں قرأت نہ ہو وہ ناقص ہے، اس روایت میں باوجود موقوف ہونے کے سورۃ فاتحہ کا ذکر نہیں ہے علاوہ بریں اس میں اسحاق بن عبداللہؒ بن ابی فروہؒ ہے امام علی بن المدینیؒ اس کو منکر الحدیث کہتے ہیں، ابن عمارؒ اس کو ضعیف اور ذاہب الحدیث کہتے ہیں ابوزرعہؒ، ابوحاتمؒ نسائیؒ، دارقطنیؒ اور برقانیؒ اس کو متروک الحدیث کہتے ہیں۔ ابن خزیمہؒ کہتے ہیں اس کی حدیث سے احتجاج صحیح نہیں ہے خلیلیؒ کا بیان ہے کہ وہ محدثین کے نزدیک بہت زیادہ ضعف ہے، امام مالکؒ اور شافعیؒ نے اس کو متروک قرار دیا ہے بزارؒ، ابن جارودؒ، عقیلیؒ، دولابیؒ، ابوالعربؒ، ساجیؒ ابوحاتمؒ، ابن حبانؒ اور ابن شاہینؒ سب اس کو ضعیف کہتے ہیں۔ (تہذیب التہذیب جلد ا ص۲۴۱، ۲۴۲)

حضرت ابوامامہؓ مرفوعاً روایت کرتے ہیں من لم یقرأ خلف الامام فصلاتہ خداج۔ (کتاب ص۳۵ القرأۃ وتحقیق الکلام جلد ا ص۹۵) جس نے امام کے پیچھے قرأت نہ کی تو اس کی نماز ناقص ہوگی اس کی سند میں سلیمانؒ بن سلمہ حمصیؒ ہے امام ابوحاتمؒ کہتے ہیں کہ وہ متروک ہے ابن جنیدؒ کا بیان ہے کہ وہ جھوٹا ہے نسائیؒ اس کو لیس بشئی کہتے ہیں ابن عدیؒ کا بیان ہے کہ اس کی بے شمار حدیثیں منکر ہیں خطیبؒ کہتے ہیں کہ مشہور بالضعف یعنی ہم بدنام اگر ہوں گے تو کیا نام نہ ہوگا (میزان جلد ا ص۴۱۶ ولسان جلد ۳ ص۹۳) علاوہ بریں اس میں سورۃ فاتحہ کا ذکر بھی نہیں ہے۔

ایک دیہاتی گنوار (رجل من اھل بادیۃ) اپنے والد سے مرفوعاً روایت کرتا ہے جو آنحضرت صلی اللہ تعالیٰ علیہ وآلہ وسلم کا قیدی تھا کل صلوٰۃ لا یقرأ فیہا فاتحۃ الکتاب

فھی خداج لم تقبل (کتاب القرأۃ ص۳۵ و تحقیق الکلام جلد ۱ ص۹۵) ہر وہ نماز جس میں سورۃ فاتحہ نہ پڑھی گئی ہو تو وہ ناقص ہوگی اور قابلِ قبول نہ ہوگی۔ مجمع الزوائد جلد ۲ ص۱۱۲ میں بھی یہ روایت ہے لیکن اس میں خداج کا لفظ نہیں ہے اس روایت میں یہ دیہاتی گنوار خود کون اور کیسا تھا؟ اور اس کا باپ کون تھا اور کیسا تھا؟ فن رجال اس سے خاموش ہے علامہ ہیثمیؒ لکھتے ہیں فیہ رجل لم یسمّ اس میں مجہول راوی ہیں، آنحضرت صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کے قیدی اکثر کافر ہوتے تھے نہ معلوم یہ قیدی کس حالت میں تھا؟ اور کون تھا؟

حضرت عمرانؓ آنحضرت صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم سے روایت کرتے ہیں کہ آپؐ نے ارشاد فرمایا من لم یقرأ بام الکتاب خلف الامام فصلاتہ خداج (کتاب القرأۃ و مجمع الزوائد جلد ۲ ص۱۱۱) کہ جس شخص نے امام کے پیچھے سورۃ فاتحہ نہ پڑھی تو اس کی نماز ناقص ہوگی، اس روایت کی سند میں عبدالرحمٰنؒ بن سوارؒ وغیرہ مجہول راوی موجود ہیں جن کا کتب رجال سے کوئی پتہ نہیں چلتا علامہ ہیثمیؒ لکھتے ہیں فی اسنادہ جماعۃ لا اعرفھم (مجمع الزوائد جلد ۲ ص۱۱۱) کہ اس کی سند میں مجہول راویوں کا ایک گروہ ہے جن کا مجھے علم نہیں ہے۔

حضرت جابرؓ بن عبداللہؓ مرفوعاً روایت کرتے ہیں کل صلوٰۃ لا یقرأ فیھا بام القرآن فھی خداج الا ان یکون وراء الامام (دارقطنی جلد ۱ ص۱۲۴) ہر وہ نماز جس میں سورۃ فاتحہ نہ پڑھی جائے وہ ناقص ہوگی ہاں مگر وہ نماز جو امام کے پیچھے ہو، امام دارقطنیؒ لکھتے ہیں کہ اس کی سند میں یحییٰؒ بن سلامؒ ہے جو ضعیف ہے، اور یہ حدیث موقوف ہے (جلد ۱ ص۱۲۴) علاوہ بریں اس روایت میں الا ان یکون وراء الامام کی استثناء بھی ہے جو فریق ثانی کو سراسر مخالفت پڑتی ہے خداج کی بعض روایات پہ جلد اول کی بحث سکتات امام میں کلام کیا جا چکا ہے وہاں ہی ملاحظہ کر لیں اعادہ کی ضرورت نہیں ہے۔

قارئین کرام! یہ ہیں خداج کی وہ ضعیف، کمزور، معلل، منکر، متروک اور لیست مجھتہ حدیثیں جن کے بل بوتے پر فریق ثانی نے تمام دنیا کے علماء احناف کو کھلا انعامی چیلنج کیا ہے کہ جو شخص امام کے پیچھے ہر رکعت میں سورۃ فاتحہ نہ پڑھے اس کی نماز ناقص ہے، کالعدم ہے،

بیکار ہے اور باطل ہے (بلفظہٖ) اور ازراہِ انصاف اور دیانت اس پر غور نہ کیا کہ جو جماعت اور فریق قرآن کریم، صحیح احادیث، صحیح آثارِ حضرات صحابہؓ اور اکثر سلف و خلف (اور جہری نمازوں میں تو بقول شیخ الاسلام ابن تیمیہؒ جو شخص امام کے پیچھے قرأت کرتا ہے وہ قرآن، حدیث اور اجماع کا مخالف اور منکر ہے) کے خلاف چلتا ہے کہیں انہیں کی نمازیں خراب نہ ہوتی ہوں، دُنیا کو چیلنج دینے سے قبل ٹھنڈے دل سے سوچنے کا پہلو یہ تھا سے

اے چشم اشکبار ذرا دیکھنے تو سہی ہوتا ہے جو خراب وہ میرا ہی گھر نہ ہو

تصویر کا دُوسرا رُخ

آپ نے ملاحظہ کر لیا کہ خداج مخدجۃ اور فخدجۃ کی روایات کا روایتی پہلو کیا ہے؟ اور ان کی اسانید کیسی ہیں؟ اور ان کے راویوں کا کیا پایہ اور درجہ ہے؟

حضرات! اصل روایت یوں نہیں ہے جس طرح ان کمزور اور ضعیف راویوں نے نقل کی ہے اور استثناء ہضم کر گئے ہیں، اصل حدیث کے الفاظ یوں ہیں (اس مضمون کی بیسیوں سے زائد حدیثیں پیش کی جا سکتی ہیں مگر سرِ دست ہم صرف چار روایتیں عرض کرتے ہیں)

پہلی روایت :- کل صلوٰۃ لا یقرأ فیھا بام القراٰن فھی خداج الّا صلوٰۃ خلف امام (کتاب القرأۃ ص۳۵) ہر وہ نماز جس میں سورۂ فاتحہ نہ پڑھی جائے وہ ناقص ہوگی مگر ہاں جو امام کے پیچھے پڑھی جائے، اس روایت کا ایک ایک راوی ثقہ ہے جیسا کہ جلد اول باب دوم میں عرض ہو چکا ہے اور الّا صلوٰۃ خلف امام کی زیادت کو بیان کرنے والے خالدؒ بن عبد اللہ الطحانیؒ ہیں جو بالاتفاق ثقہ، ثبت، حافظ اور الامام تھے، دوسری روایت یوں ہے کل صلوٰۃ لا یقرأ فیھا بام القراٰن فھی خداج الّا وراء الامام (کتاب القرأۃ ص۱۱) ہر وہ نماز جس میں سورۂ فاتحہ نہ پڑھی جائے وہ ناقص ہوگی مگر ہاں وہ نماز جو امام کے پیچھے پڑھی جائے اس کی سند بھی صحیح ہے اور اس زیادت کو عبد اللہ بن محمود سعدیؒ نقل کرتے ہیں جو ثقہ اور حافظ تھے جس کی پوری تفصیل پہلی جلد میں نقل کی جا چکی ہے۔ تیسری روایت یوں ہے کل صلوٰۃ لا یقرأ فیھا بفاتحۃ الکتاب فلا صلوٰۃ لہ الّا وراء الامام (کتاب القرأۃ ص۱۳۶) ہر وہ نماز جس میں سورۂ فاتحہ نہ پڑھی جائے وہ ناقص ہوگی مگر امام کے پیچھے اس روایت میں اس زیادت کو علیؒ بن کیسانؒ نے بیان کیا ہے اور

یہ باقی روایتوں کی تائید میں پیش کی جا رہی ہے۔ چوتھی روایت حضرت جابرؓ کے حوالے سے ابھی نقل کی جا چکی ہے جس میں اِلَّا وراء الامام کی استثنا موجود ہے، یہ روایت کتاب القراءۃ ص۱۱۷ اور دارقطنی جلد اص۱۲۴ میں ہے۔ دارقطنیؒ کہتے ہیں کہ یحییٰ بن سلامؒ ضعیف ہے اور بیہقیؒ کہتے ہیں کہ اس میں یحییٰ بن سلام کا وہم ہے۔ یہ ٹھیک ہے کہ وہم اور خطا سے کوئی راوی نہیں بچ سکتا اگر یحییٰؒ بن سلامؒ کو بھی کبھی وہم اور خطا سے دوچار ہونا پڑا ہے تو اس میں تعجب کی بات کون سی ہے؟ لیکن ذرا اس راوی کا خراج ولے راویوں سے تقابل تو کر دیکھیں؟ ابن عدیؒ کا بیان ہے کہ ان کی حدیث لکھی جا سکتی ہے، ابن حبانؒ ان کو ثقات میں لکھتے ہیں ابوزرعہؒ ان کی لا بأس بہ لکھتے ہوئے توثیق کرتے ہیں، ابوحاتمؒ ان کو شیخ اور صدوق کہتے ہیں ابوالعربؒ کہتے ہیں کہ وہ مفسرؒ اور وكان من الحفاظ ومن خيار خلق الله (لسان الميزان جلد ۲ ص۲۶۱) حفاظِ حدیث میں اور اللہ تعالیٰ کے چنے ہوئے بندوں میں تھے اگر فریق ثانی کے نزدیک محض اس وجہ سے کہ یہ اِلَّا ان يكون وراء الامام کی استثنا نقل کرتے ہیں ضعیف ہیں تو یہ نہایت ہی تعجب اور حیرت وافسوس کی بات ہے، بلکہ ہم فریق ثانی سے معاملہ فہم اور اصحاب علم اور طبقات رواۃ اور رجال پر عمیق اور گہری نگاہ رکھنے والے حضرات کو دعوتِ فکر دیتے ہیں کہ وہ جن جن راویوں نے اِلَّا وراء الامام یا اِلَّا خلف الامام وغیرہ کی زیادت نقل کی ہے، ان کا ان راویوں سے موازنہ اور تقابل کر دیکھیں جو اس استثنا کو شیر مادر سمجھ کر ہضم کر بیٹھے ہیں مگر افسوس ہے کہ پھر بھی ان کی حدیثیں قابل اعتبار ہیں اور یہ زیادت نقل کرنے والے باوجود ثقہ، حافظ اور ثبت ہونے کے قابل ملامت ہیں فوا اسفا۔

لفظ کُل کی تحقیق

بعض روایات میں (کُلّ صلوٰۃ الخ) لفظ کُل آیا ہے اور بہت سی روایات میں مقتدی کا یا خلف الامام کا ذکر نہیں ہے اور فریق ثانی کی طرف سے لفظ کُل کے عموم کو لے کر ان سے استدلال کرنے کی ناکام کوشش کی گئی ہے، بایں طور کہ گو ان روایتوں میں صراحت کے ساتھ مقتدی پہ سورۃ فاتحہ کی قراءت نہیں سمجھی جاتی لیکن لفظ کُل عام ہے جس سے ہر نماز مراد ہوگی، مقتدی کی نماز ہو یا منفرد کی اگرچہ اصولی طور پہ ہمارے ذمہ اس کی تحقیق ضروری نہیں ہے کیونکہ

سند کے لحاظ سے ایسی کوئی روایت صحیح نہیں ہے جس میں مقتدی پر سورہ فاتحہ کا پڑھنا ضروری ہو حرف
منّ کی بحث آپ پڑھ چکے ہیں اور لفظ خداج وغیرہ کے ساتھ جو روایتیں مروی ہیں وہ کمزور اور ضعیف
ہیں جیسا کہ آپ پڑھ چکے ہیں اور سند کے لحاظ سے خداج وغیرہ کی جو جو روایتیں زیادہ صحیح ہیں ان میں
ثقات حفاظ اور ائمہ سے الّا ان یکون وراء الامام اور الّا وراء الامام کی زیادت بھی مروی ہے
جب اس زیادت اور استثناء کے بغیر خداج اور کل کے الفاظ سے پیش کی گئی کوئی روایت
صحیح نہیں ہے تو اصولی طور پر معنوی اور روایتی کلام کرنے کی ضرورت بھی نہیں ہے مگر ہم صرف
تکمیل کتاب اور افادۂ طلبہ کے لیے چند اقتباسات درج کرتے ہیں جن سے یہ بتلانا مقصود ہے
کہ گو لفظ کل اپنے لغوی مفہوم کے لحاظ سے عام ہے لیکن استعمال میں کُل اور بعض کے لیے اور عموم
و خصوص کے لیے برابر آ رہا ہے اور اگر وہ عموم و استغراق حقیقی کے لیے آتا ہے تو موقع اور محل
اور داخلی و خارجی قرینہ کا محتاج ہوتا ہے اور اگر کہیں اضافی استغراق اور بعضیت کے لیے مستعمل
ہوتا ہے تب بھی قرینہ سے مستغنی نہیں ہو سکتا چند اقتباسات ہدیہ کیے جاتے ہیں بغور ملاحظہ کریں۔

۱۔ اللہ تعالیٰ حضرت ابراہیم علیہ السلام کو ایک خاص موقع پر ارشاد فرماتا ہے۔ ثُمَّ اجْعَلْ عَلٰى كُلِّ جَبَلٍ مِّنْهُنَّ جُزْءًا (پ ۳ ۳۰) کہ ان کوفتہ چڑیوں کی ایک ایک جزو ہر پہاڑ پر رکھ دیں۔ ظاہر امر ہے کہ علیٰ کل جبل سے روئے زمین کے چھوٹے بڑے اور قریب و بعید کے سب پہاڑ مراد نہیں ہیں اور نہ حضرت ابراہیم علیہ السلام کو ہمالیہ اور نانگا پربت وغیرہ کی چوٹیوں پر کوفتہ چڑیوں کی بوٹیاں بلکہ قیمہ رکھنے کا مکلّف ٹھہرایا گیا تھا اس موقع پر بھی کل جبل سے بعض مراد ہیں جو بالکل قریب ہوں گے۔

۲۔ اللہ تعالیٰ کا ارشاد ہے کہ ہم نے کفر و شرک اور دیگر معاصی کا ارتکاب کرنے والی قوموں پر بطور تنبیہ بعض آفاقی اور انفسی تکلیفیں مسلط کیں تاکہ وہ اپنی حرکات سے باز آ جائیں جب انہوں نے اثر پذیری کا ثبوت نہ دیا فَتَحْنَا عَلَيْهِمْ اَبْوَابَ كُلِّ شَيْءٍ (پ انعام۔ ۵) تو ہم نے ان پر ہر قسم کے دروازے کھول دیے قطعی بات ہے کہ بعض نعمتوں کے دروازے اُن پر کھولے گئے ہوں گے نہ یہ کہ نبوت، رسالت اور مقبولیت و رضا وغیرہ کے دروازے بھی ان پر کھول دیے گئے تھے۔

۳۔ اللہ تعالیٰ مکہ مکرمہ اور وادئ غیر ذی زرع کی مقبولیت کا ذکر یوں ارشاد فرماتا ہے
یُجْبٰٓی اِلَیْہِ ثَمَرٰتُ کُلِّ شَیْءٍ (پ۲۰ رکوع ۹) ہر قسم کے میوے وہاں پہنچائے جاتے ہیں،
آج کل کے اس دور ترقی میں بھی جب کہ مختلف طرق سے میوے خشک کر لیے جاتے ہیں اور
سیر و سیاحت و نقل و حرکت کے اسباب فراوانی سے موجود ہیں، سال کے بارہ مہینے مکہ مکرمہ میں
جا کر دیکھ لیجئے کیا ہر قسم کے میوے وہاں پہنچتے ہیں، بلکہ بعض میووں کے نام تک سے اہل مکہ واقف
نہ ہوں گے یہی کہا جائے گا کہ اس بے آب و گیاہ زمین میں ان کی روزی کا یہ سامان کیا گیا کہ بعض چیزیں
بعض اکناف سے پہنچائے جاتے ہیں۔

۴۔ حضرت ہود علیہ السلام کی مجرم قوم پر اللہ تعالیٰ نے بادِ صرصر اور تیز و تند ہوا کے جھونکے
بھیجے تُدَمِّرُ کُلَّ شَیْءٍ (پ۲۶، احقاف ۳) جو ہر چیز کو ہلاک کر گئے، اور یہ بالکل عیاں ہے
کہ زمین و آسمان وغیرہ کے علاوہ حضرت ہود علیہ السلام اور ان کے مومن ساتھی بھی تباہ نہ ہوئے تھے۔

۵۔ تورات کے بارے میں اللہ تعالیٰ کا ارشاد ہے:۔ تَفْصِیْلًا لِّکُلِّ شَیْءٍ (پ۹، اعراف ۱۷)
کہ اس میں ہر چیز کی تفصیل موجود ہے، یہ بات آشکارا ہے کہ نہ تو واقعۃً تورات میں ہر چیز کی تفصیل
موجود تھی کہ زمین کا ایک ایک ذرہ اس میں درج ہوتا اور نہ تو علوم و معارف کے لحاظ سے وہ سب
احکام اس میں درج تھے جو قرآن کریم میں موجود ہیں ورنہ قرآن کریم کی تورات پر فوقیت اور
مزیت کیا ہو گی۔

۶۔ اسی طرح اللہ تعالیٰ کا قرآن کریم کے بارے میں ارشاد ہوتا ہے۔ تَفْصِیْلًا لِّکُلِّ
شَیْءٍ اور تِبْیَانًا لِّکُلِّ شَیْءٍ کہ قرآن کریم ہر چیز کی تفصیل اور ہر چیز کا واضح بیان ہے
یہ بالکل ٹھیک ہے کہ قرآن کریم میں عقائد و اعمال، اخلاق و معاملات وغیرہ کے اصول اور قوانین
وضاحت اور صراحت کے ساتھ درج ہیں لیکن نماز کی جملہ رکعات، زکوٰۃ کا نصاب، حج، طواف
اور سعی وغیرہ وغیرہ کی تفصیل اور بیان قرآن میں نہیں ہے بلکہ یہ قرآن کی شرح اور اس کی تفسیر
حدیث شریف میں درج ہے اور صحیح حدیث بھی ویسے ہی مُنزل من اللہ ہے جیسے قرآن کریم۔

۷۔ حضرت سلیمان علیہ السلام اللہ تعالیٰ کے انعامات کو پیش نظر رکھ کر تحدیث بالنعمۃ کے
طور پر فرماتے ہیں وَاُوْتِیْنَا مِنْ کُلِّ شَیْءٍ (پ۱۹، نمل ۲) اور ہمیں ہر چیز دی گئی ہے۔ یہ

صحیح ہے کہ نبوت و رسالت، خلافت و سلطنت اور دیگر جو ساز و سامان ان کی شان کے لائق تھا وہ ان کو عطا کیا گیا تھا لیکن بے شمار اشیاء کے علاوہ نہ تو ان کو قرآن کریم عطا ہوا تھا اور نہ جناب رسول خدا صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کی جلالت شان اور ختم نبوت اور نہ آپ کے حضرات صحابہ کرامؓ انکو عطا ہوئے تھے؟

۸۔ ذوالقرنین کے بارے میں اللہ تعالیٰ ارشاد فرماتا ہے۔ اٰتَيْنٰهُ مِنْ كُلِّ شَيْءٍ سَبَبًا (پ ۱۶، کہف) ہم نے اس کو ہر قسم کا سامان دیا تھا۔ یہ واشگاف بات ہے کہ وہی سامان ان کو ملا ہوگا جو ان کے حال اور شان کے مناسب ہوگا نہ یہ کہ آج کل زمانہ سائنس کے آلات، واسلحہ اور ہلاکت خیز اٹیم بم اور ہائیڈروجن بم وغیرہ بھی ان کو ملے تھے۔

۹۔ ملکہ سبا (بلقیس) کے بارے میں ارشاد ہوتا ہے وَاُوْتِيَتْ مِنْ كُلِّ شَيْءٍ (پ ۱۹ سورۃ نمل، ۲) کہ ہر چیز اس کو عطا کر دی گئی تھی۔ اس کو بہت کچھ ملا ہوگا مگر نبوت و رسالت اور ملک سلیمان علیہ السلام تو ہرگز نہیں ملا تھا۔ بلکہ علامہ ذہبیؒ تو لکھتے ہیں کہ کیا بلقیس کو مخصوص مردانہ عضو اور داڑھی بھی مل گئی تھی؟ (تذکرہ جلد ۲ صفحہ ۲۵۴) قرآن کریم کے ان اقتباسات سے یہ امر واضح ہو جاتا ہے کہ لفظ کل ہمیشہ اور ہر مقام پر کُلّ ہی کے معنی میں نہیں آتا بلکہ عموم اضافی اور بعض کے لیے بھی آتا ہے ممکن ہے کسی کوتاہ فہم کو یہ وہم پیدا ہو جائے کہ آخر میں پیش کردہ مقامات میں لفظ کُلّ پر حرف مِنْ داخل ہے جو بعض کے لیے آتا ہے لہذا بعضیت تو حرف مِنْ سے ثابت ہوتی نہ کہ لفظ کل سے، سو اس کا جواب یہ ہے کہ جو لوگ لفظ کُل کو ہمیشہ اور ہر مقام میں عموم کے لیے نص قطعی سمجھتے ہیں ان کو حرف مِنْ کا بہانہ بھی مفید نہیں ہوگا کیونکہ اس صورت میں مِنْ كُلِّ شَيْءٍ کا معنیٰ یہ ہوگا کہ ہر چیز سے کچھ اور بعض ان کو عطا ہوا ہو۔ کیا یہ صحیح ہوگا کہ دنیا میں جتنے بھی مرد گذرے ہیں یا موجود ہیں ہر ایک کی ڈاڑھی اور ہر ایک کی مونچھوں سے بلقیس کو کچھ حصہ عطا ہوا تھا؟ اور کیا یہ صحیح ہوگا کہ حضرت سلیمان علیہ السلام کو سورۃ فاتحہ میں سے اور سورۃ بقرہ میں سے وعلیٰ ہذا القیاس قرآن کریم کی جملہ سورتوں میں سے کچھ کچھ ملا تھا؟ کون اس جھمیلے میں پڑے، بہت سی چیزیں گننے کی بھی نہیں ہیں سمجھدار خود سمجھ سکتے ہیں کہ ہر چیز سے کچھ اور بعض ملنے کا مفہوم کہاں تک صحیح ہے اور اس سے کیا کچھ مراد نہیں لی جا سکتی؟ اب آپ دو تین حدیثیں بھی ملاحظہ کر لیں۔

۱۔ اس مضمون کی ایک روایت آتی ہے کہ ایک مرتبہ ایسی سخت اور زیادہ بارش ہوئی کہ حضت
کُلَّ شَیْءٍ (بخاری جلد ۱ صـ۱۳۷ وغیرہ) اُس نے ہر چیز کو بیخ و بن سے اکھاڑ دیا کافی نقصان ہوا
ہوگا لیکن آنحضرت صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کی ذات گرامی اور حضرات صحابہ کرامؓ و دیگر انسان اور جاندار
بلکہ مدینہ طیبہ کے مکانات اور مسجد نبوی وغیرہ اس تباہی اور بربادی سے یقیناً محفوظ رہے تھے۔

۲۔ حضرت ابو سعید الخدریؓ کا بیان ہے کہ ایک موقع پر ہم ایک قوم کے مہمان بنے مگر ان
لوگوں نے ہماری ضیافت وغیرہ کی مطلقاً پرواہ نہ کی، خدا تعالیٰ کی قدرت کہ ان میں سے ایک بڑے
سردار کو کوئی زہریلی چیز ڈس گئی، انھوں نے اس پر جھاڑ پھونک کی ہر ممکن کوشش کی لیکن کوئی فائدہ نہ
ہوا۔ فَسَعَوْا لَہٗ بِکُلِّ شَیْءٍ (بخاری ج۱ صـ۳۰۴) وہ مجبور ہو کر ہمارے پاس آئے کہ تم میں کوئی جھاڑ پھونک
(دم) کرنے والا ہے ہم نے کہا ہے چنانچہ اُن سے کچھ بکریاں لیکر (جو تیس تھیں بخاری ج۲ صـ۸۴۹) بات طے ہوئی اُس پر سورۃ
فاتحہ پڑھ کر پھونکی گئی تو باذن اللہ تعالیٰ وہ بالکل تندرست ہو گیا (الخ ملخصاً) ان صحابہ کرامؓ کو آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم نے ایک سریہ (چھاپہ مار دستہ)
کی صورت میں ایک فوجی مہم پر بھیجا تھا جس میں تیس سوار تھے (دارقطنی ج۱ صـ۳۱۵) اُن لوگوں نے اپنے سردار کو بچانے کے لیے ہر امکانی کوشش کی ہوگی
لیکن سورۃ فاتحہ نہ اُن کے پاس تھی اور نہ انہوں نے پڑھی کیونکہ ان کا یہ گروہ کافر و مشرک تھے اور کل شیءؓ کا ایک فرد سورۃ فاتحہ بھی ہے۔

۳۔ ایک حدیث اس مضمون کی آتی ہے کہ آنحضرت صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے کان
یصومہ، کلہ (ترمذی جلد ۱ صـ۹۲ وغیرہ) یعنی سارے ماہ شعبان کے روزے
رکھتے تھے، امام ترمذیؒ نقل کرتے ہیں کہ دوسری احادیث کے پیش نظر حضرت امام عبد اللہؒ
ابن مبارکؒ نے اس حدیث کا یہ مطلب بیان کیا ہے کہ لفظ کُل سے مراد یہاں اکثر ہے یعنی آپ نے
سارے ماہ شعبان کے روزے نہیں رکھے بلکہ اکثر ماہ کے روزے رکھے ہیں۔ اس قسم کی حدیثیں اگر
نقل کی جائیں تو یقیناً آپ اکتا جائیں گے ہم انہیں پر اکتفاء کرتے ہیں، امام سرخسیؒ لکھتے ہیں۔
وکلمۃ کل وھی تحتمل الخصوص نحو کلمۃ من اھ (اصول سرخسی جلد ۱ صـ۱۵۸)
کہ کُلّ کا لفظ حرف مَنْ کی طرح خصوص کا احتمال رکھتا ہے علامہ محمد طاہرؒ اور علامہ زبیدیؒ لکھتے ہیں کہ۔

قد یستعمل کل الموضوع للاحاطۃ بمعنی البعض (مجمع البحار جلد ۳ صـ۲۲۷ وتاج العروس جلد ۸ صـ۱۰۰)

لفظ کل جو احاطہ اور شمول کے لیے موضوع ہے کبھی کبھی بعض کے لیے بھی استعمال کیا جاتا ہے

اور مشہور لغوی علامہ فیروز آبادیؒ لکھتے ہیں کہ :-

وقد جاء بمعنی بعض ضد ۔ (القاموس جلد ۴ ص۲۵) — لفظ کل کبھی بعض کے معنیٰ میں آتا ہے جو اضداد میں سے ہے ۔

اور علامہ زبیدیؒ تحریر فرماتے ہیں کہ

وقد جاء استعماله بمعنی بعض ۔ (تاج العروس جلد ۸ ص۱۰۱) — کل کا استعمال کبھی بعض پر بھی ہوتا ہے اور یہ اضداد میں سے ہے ۔

اس سے صاف طور پر معلوم ہوا کہ لفظ کُلّ اگرچہ وضع تو احاطہ اور شمول کے لیے ہے مگر اس کا استعمال کُلّ اور بعض دونوں ضدوں پر ہوتا رہتا ہے اور مشہور مفسر علامہ خازنؒ لکھتے ہیں کہ

لفظة كل لا تقتضی الشمول والاحاطة — لفظ کُلّ شمول اور احاطہ کو نہیں چاہتا ۔ (تفسیر خازن جلد ۱ ص۲۸۶)

اور مُلّا جیونؒ لکھتے ہیں کہ

وكلمة كل يحتمل الخصوص (نور الانوار ص۴) — کہ کلمہ کُلّ خصوص کا احتمال رکھتا ہے ۔

اور فریق ثانی کو بھی اس کا اقرار ہے کہ لفظ کُل اکثر کے معنیٰ میں مستعمل ہوتا ہے ومثلہ قول القائل

ان الشواُ علیه طری ۔ کل ذالك يفعل الوصی

(پرچہ اہلحدیث یکم ذوقعدہ س۱۳۷۴ھ)

اور مبارکپوری صاحبؒ لکھتے ہیں ۔ والمراد بالكل الاكثر وهو مجاز قليل الاستعمال (تحفة الاحوذی جلد ۲ ص۵۱) کہ لفظ کُل سے مُراد (یہاں) اکثر ہے اور لفظ کل کا اکثر کے معنیٰ میں استعمال مجازی ہے اور کم استعمال ہوتا ہے اتنی بات تو مبارکپوری صاحب کو بھی مسلّم ہے کہ لفظ کُل سے کسی موقع اور محل پر مجازاً اکثر کا معنیٰ بھی مراد لی جاسکتی ہے اور عموم کے معنیٰ میں یہ نص قطعی نہیں ہے لیکن اس کا اقرار کرتے ہوئے بھی ساتھ قلیل الاستعمال کا پیوند جوڑتے ہیں ۔ ہم نے چند مواقع قرآن کریم اور حدیث شریف سے صرف بطور نمونہ عرض کئے ہیں ۔ اور اگر اس کے باوجود بھی یہ قلیل الاستعمال اور شاذ ہے تو شاید مبارکپوری صاحب اور ان کے اتباع کا قلیل الاستعمال اور کثیر الاستعمال الفاظ کے لیے قاعدہ اور اصطلاح ہی جدا ہوگی ۔

ع — رکھ لیا ہے نام اس کا آسماں تحریر میں

مؤلف خیر الکلام لکھتے ہیں کہ ان مثالوں میں یہ لفظ مجازی طور پر بعض کے لیے مستعمل ہے نہ یہ کہ اس کے اصلی اور حقیقی معنی ہی بدوں قرینہ یہ ہیں (محصلہ ص۲۰۳)

الجواب:۔ ہم نے بھی تو یہی کہا ہے کہ لفظ کل اصل میں شمول اور احاطہ کے لیے ہے مگر استعمال کے لحاظ سے عموم وخصوص دونوں کا احتمال رکھتا ہے اور خصوص کی مثالیں یہ ہیں اس لیے کلمہ کل یہاں خصوص کے لیے ہے جہاں یہ صفت ہو جیسے کلھم جو الملائکۃ کی صفت ہے تو وہاں عموم کے لیے ہے وہاں تخصیص کا احتمال بند ہے لہذا نور الانوار کا حوالہ مؤلف مذکور کو مفید نہیں ہے اور زیر بحث حدیث میں لفظ کل صفت نہیں ہے اس لیے خصوص کے لیے ہے۔

تیسری روایت:۔ جلد اوّل بحث سکتات امام میں فریق ثانی کی بعض روایات پر کلام ہو چکا ہے اور بحث خداج میں متعدد حدیثیں نقل کر کے ان پر مبسوط جرح عرض کی جا چکی ہے گو کہنے کو اس روایت کا درجہ تیسرا ہے مگر حقیقت میں اس کا نمبر پندرہ سولہ سے کم نہ ہوگا ہم نے محض سہولت کی بنا پر نمبر شماری کا یہ سلسلہ اختیار کیا ہے، محمدؒ بن اسحاقؒ مکحولؒ سے روایت کرتے ہیں اور وہ محمودؓ بن ربیع سے اور وہ حضرت عبادہؓ بن الصامتؓ سے وہ فرماتے ہیں۔

کنا خلف رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم فی صلوٰۃ الفجر فقرأ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم فثقلت علیہ القراءۃ فلما فرغ قال لعلکم تقرؤن خلف امامکم قلنا نعم ھذا یا رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم قال لا تفعلوا الا بفاتحۃ الکتاب فانہ لا صلوٰۃ لمن لم یقرأ بھا۔ (ابوداؤد جلد ۱ ص۱۱۹)	کہ صبح کے وقت ہم آنحضرت صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کے پیچھے نماز پڑھ رہے تھے اور آپ قراءت کر رہے تھے آپ پر قراءت ثقیل ہو گئی، جب آپ فارغ ہوئے تو فرمایا شاید تم امام کے پیچھے قراءت کرتے ہو؟ ہم نے عرض کیا یا رسول اللہ ہم جلدی جلدی پڑھتے ہیں۔ آپ نے فرمایا کہ صرف سورۃ فاتحہ پڑھا کرو کیونکہ اس کے بغیر نماز نہیں ہوتی اور کچھ بھی نہ پڑھو۔

یہ روایت اسی پیش کردہ سند کے ساتھ ترمذی جلد ۱ ص۴۱، دارقطنی ص۱۲۱، مستدرک جلد ۱ ص۲۳۸، جزء القراءۃ ص۱۴، کتاب القراءۃ ص۳۶، معجم صغیر ص۱۲۳ للطبرانیؒ اور سنن الکبریٰ

جلد ۲ صفحہ ۱۶۴ وغیرہ میں موجود ہے اور نسائی جلد ا صفحہ ۱۰۶ کی سند یوں ہے عن نافع بن محمود بن ربیعہ عن عبادۃ بن الصامت الخ اور ابوداؤد جلد ا صفحہ ۱۱۹ کی ایک سند یوں ہے عن مکحول عن نافع بن محمود بن ربیع الخ اور دارقطنی جلد ا صفحہ ۱۲۱ وسنن الکبری جلد ۲ صفحہ ۱۶۴ وصفحہ ۱۶۵/۲ میں بھی یوں ہی سند موجود ہے۔ اس حدیث کی سند کے مرکزی رواۃ یہی ہیں جن کا ذکر ہوا ہے کسی سند میں سب اکٹھے آجاتے ہیں اور کسی میں ان کی اکثریت اور کسی سند میں ان میں سے کوئی نہ کوئی آجاتا ہے۔

جواب:۔ فریق ثانی کا اس روایت سے استدلال کرنا صحیح نہیں ہے اور چونکہ یہ روایت ان کے دعوے کے لیے صریح دلیل ہے کیونکہ اس میں خلف الامام اور سورۃ فاتحہ کی خاص قید موجود ہے اور شاید اسی صریح روایت کے سہارے پر انہوں نے تمام دنیا کے احناف کو کھلا چیلنج کیا ہے اور غالباً ان کا یہ دعوے کہ جو شخص امام کے پیچھے ہر رکعت میں سورۃ فاتحہ نہ پڑھے اس کی نماز ناقص ہے کالعدم ہے، بیکار ہے اور باطل ہے (ملفظہ) اس حدیث اور اس مضمون کی دوسری حدیثوں پر مبنی ہے اس لیے ہمیں اس پر قدرے تفصیل سے کلام کرنے کی اجازت دے دیجئے تاکہ دودھ کا دودھ اور پانی کا پانی سامنے آجائے ہم نے جو باتیں اس حدیث کے سلسلہ میں عرض کرنی ہیں وہ یہ ہوں گی۔

۱۔ محمد بن اسحاق پر کلام۔ (۲) مکحول کا معیاری ثقہ نہ ہونا اور نیز اس کا مدلس ہونا اور یہ کہ نہ تو ان سے کسی صحیح سند سے تحدیث ثابت ہے اور نہ کوئی ثقہ متابع موجود ہے جس کی سند بھی صحیح ہو (۳) نافع بن محمود مجہول ہے (۴) روایت میں اضطراب موجود ہے (۵) یہ روایت موقوف ہے مرفوع نہیں ہے (۶) الا بام القرآن کی استثنا ضعیف ہے (۷) لفظ خلف الامام مدرج ہے (۸) بنا بر صحت خلف الامام کا معنی کیا ہے؟ آسانی اور سہولت کے لیے ہم ان آٹھ شقوں کو جواب تصور کرتے ہیں۔ لہذا آٹھ جواب آپ ملاحظہ فرمالیں۔

پہلا جواب:۔ محمد بن اسحاق کو گو تاریخ اور مغازی کا امام سمجھا جاتا ہے لیکن محدثین اور ارباب جرح و تعدیل کا تقریباً پچانوے فیصدی گروہ اس بات پر متفق ہے کہ روایت حدیث میں اور خاص طور پر سنن اور احکام میں ان کی روایت کسی طرح بھی حجت نہیں ہو سکتی اور اس لحاظ سے ان کی روایت کا وجود اور عدم بالکل برابر ہے، تصریحات ملاحظہ کریں۔

امام نسائیؒ فرماتے ہیں کہ وہ قوی نہیں ہے (ضعفاء صغیر ص۵۲) ابو حاتمؒ کہتے ہیں کہ وہ ضعیف ہے (کتاب العلل جلد ا ص۴۲۳) ابن نمیرؒ یہ کہنے کے بعد بھی کہ جب وہ معروف راویوں سے روایت کرے تو حسن الحدیث اور صدوق ہے یہ بھی تصریح فرماتے ہیں اور کہتے ہیں کہ وہ مجہول رواۃ سے باطل روایات نقل کرتا ہے (بغدادی جلد ا ص۲۲۷) دارقطنیؒ کہتے ہیں کہ اس سے احتجاج صحیح نہیں ہے۔ (ایضاً جلد ا ص۲۳۲) سلیمان تیمیؒ کہتے ہیں کہ وہ کذاب ہے ہشامؒ بن عروہؒ کہتے ہیں کہ وہ کذاب ہے امام جرح و تعدیل یحییٰ قطانؒ کہتے ہیں کہ میں اس بات کی گواہی دیتا ہوں کہ وہ کذاب ہے (میزان جلد ۳ ص۲۱) وہیبؒ بن خالدؒ اس کو کاذب اور جھوٹا کہتے ہیں (تہذیب التہذیب جلد ۹ ص۴۵) امام مالکؒ فرماتے ہیں کہ وہ دجالوں میں ایک دجال تھا (میزان جلد ۳ ص۲۱ و تہذیب التہذیب جلد ۹ ص۴۱) نیز امام امام مالکؒ نے اس کو کذاب کہا ہے (بغدادی جلد ا ص۲۲۳) جریرؒ بن عبدالحمیدؒ کا بیان ہے کہ میرا یہ خیال نہ تھا کہ میں اس زمانہ تک زندہ رہوں گا جس میں لوگ محمد بن اسحاقؒ سے احادیث کی سماعت کریں گے (تہذیب التہذیب جلد ۹ ص۴۰) ابوزرعہؒ کا بیان ہے کہ بھلا ابن اسحاقؒ کے بارے میں بھی کوئی صحیح نظریہ قائم کیا جا سکتا ہے؟ وہ تو محض ہیچ تھا (توجیہ النظر ص۲۸۰) امام بیہقیؒ فرماتے ہیں کہ محدثین اور

لہ تقریب النواوی میں ہے واذا قالوا متروک الحدیث او واہیہ او کذاب فہو ساقط لا یکتب حدیثہ (ص۲۳۳) کہ جب محدثین کسی راوی کے بارے میں متروک الحدیث یا واہی الحدیث یا کذاب کہتے ہیں تو وہ ساقط الاعتبار ہوتا ہے اس کی روایت لکھی بھی نہیں جا سکتی اور اس کی شرح تدریب الراوی میں لکھا ہے کہ ولا یعتبر بہ ولا یستشہد (ص۲۳۳) ایسے راوی کی حدیث کو اعتبار و متابعت اور شاہد کے لیے بھی پیش نہیں کیا جا سکتا لیکن افسوس ہے کہ فریق مخالف نہ صرف یہ کہ اس سے استدلال کرتا ہے بلکہ اس کے بل بوتے پر مسلمانوں کی اکثریت کی نماز کو باطل، بیکار اور کالعدم قرار دینے کا ادھار کھائے بیٹھا ہے۔ ترجمان الحدیث ماہ ستمبر ۷۲ء از ص۲۱ تا ص۲۳ وغیرہ میں محمد بن اسحاقؒ کی توثیق پر ادھر ادھر کے چند حوالے نقل کر کے خاصا زور صرف کیا ہے لیکن ائمہ جرح و تعدیل کی اس کڑی جرح کا کہ محمد بن اسحاقؒ کذاب ہے کوئی جواب نہیں دے سکے اور نہ اس کا جواب دے سکتے ہیں کہ احکام و سنن میں ان کی روایت حجت نہیں ہے باقی جن حضرات نے ان کو صدوق اور حسن الحدیث وغیرہ لکھا ہے تو وہ تاریخ اور مغازی وغیرہ سے متعلق ہے نہ کہ بنیادی احکام اور سنن وغیرہ سے۔

حفاظ حدیث ابن اسحاقؒ کے تفردات سے گریز کرتے ہیں (سنن الکبریٰ بحوالہ الجوھر النقی جلد ۱ صفحہ ۱۵۵) علامہ ماردینیؒ لکھتے ہیں کہ ابن اسحاقؒ میں محدثینؒ کے نزدیک مشہور کلام ہے (الجوہر النقی صفحہ ۱۵۵ ج ۲) عبداللہؒ فرماتے ہیں کہ میرے والد امام احمدؒ بن حنبلؒ لم یکن یحتج بہ فی السنن (بغدادی جلد ۱ صفحہ ۲۳۰ وتھذیب التھذیب جلد ۹ صفحہ ۴۳) سنن اور احکام میں وہ ان سے احتجاج نہیں کرتے تھے حنبلؒ بن اسحاقؒ کا بیان ہے کہ امام احمدؒ بن حنبلؒ نے فرمایا ابن اسحاق لیس بحجۃ (بغدادی جلد ۱ صفحہ ۲۳۰ وتھذیب التھذیب جلد ۹ صفحہ ۴۴) ابن اسحاقؒ حجت نہیں ہے، ایوبؒ بن اسحاقؒ کا بیان ہے کہ میں نے امام احمدؒ سے دریافت کیا ابن اسحاقؒ جب کسی حدیث کے بیان کرنے میں متفرد ہو تو اس کی حدیث حجت ہوگی؟ قال لا واللہ (بغدادی جلد ۱ صفحہ ۲۳۰) فرمایا بخدا ہرگز نہیں ابن ابی خیثمہؒ کا بیان ہے کہ ابن معینؒ نے اس کو لیس بذالک، ضعیف اور لیس بالقوی کہا میمونیؒ کا بیان ہے کہ ابن معینؒ نے اس کو ضعیف کہا ہے (بغدادی جلد ۱ صفحہ ۲۳۱ وتھذیب التھذیب جلد ۹ صفحہ ۴۴) علیؒ بن المدینیؒ کا بیان ہے لم یضعفہ عندی الا روایتہ عن اھل الکتاب (تھذیب جلد ۹ صفحہ ۴۵) میرے نزدیک ابن اسحاقؒ کو صرف اس بات نے ضعیف کر دیا ہے کہ وہ یہود اور نصاریٰ سے روایتیں لے کر بیان کرتا ہے۔ مشہور اور قدیم مؤرخ علامہ ابوالفرج محمدؒ بن اسحاقؒ بن ندیمؒ (المتوفی ۳۸۵ھ) اپنی کتاب الفہرست میں محمدؒ بن اسحاقؒ کے بارے میں لکھتے ہیں کہ۔

مطعون علیہ غیر مرضی الطریقۃ الی ان قال وکان یحمل عن الیھود والنصاریٰ ویسمیھم فی کتبہ اھل العلم الاول و اصحاب الحدیث یضعفونہ ویتھمونہ اھ (الفہرست لابن الندیم صفحہ ۱۳۲ طبع مصر)

اس پر طعن کیا گیا ہے اور اس کا طریقہ ناپسندیدہ تھا (پھر آگے فرمایا کیونکہ) وہ یہود اور نصاریٰ سے روایات لیتا تھا اور اپنی کتابوں میں ان کو پہلے علم والے کہا کرتا تھا اور اہل حدیث اس کو ضعیف کہتے ہیں اور اس کو متہم قرار دیتے ہیں۔

امام ترمذیؒ لکھتے ہیں کہ بعض محدثینؒ نے ان کے حافظہ کی خرابی کی وجہ سے اس میں کلام کیا ہے (کتاب العلل جلد ۲ صفحہ ۲۳۷) امام نوویؒ لکھتے ہیں کہ جو راوی صحیح کی شرطوں کے مطابق نہیں ہیں ان میں ایک محمدؒ بن اسحاق بھی ہے (مقدمہ نووی صفحہ ۱۶) علامہ ذہبیؒ لکھتے ہیں کہ ابن اسحاقؒ

کی روایت درجۂ صحت سے گری ہوئی ہے اور حلال وحرام میں اس سے احتجاج درست نہیں ہے (تذکرہ جلد ۱ ص۱۶۳) حافظ ابن حجرؒ لکھتے ہیں ابن اسحاقؒ احکام کی روایات میں حجت نہیں ہے۔ خصوصاً جب کہ منفرد ہو اور جب کوئی ثقہ راوی اس کے خلاف روایت کرتا ہو تو ابن اسحاقؒ کی روایت قابل توجہ ہی نہیں ہو سکتی (درایہ ص۱۹۱) حافظ ابن القیمؒ لکھتے ہیں کہ امام احمدؒ نے ابن اسحاق کی روایت کو منکر کہا ہے اور اس کو ضعیف بتایا ہے (زاد المعاد جلد ۱ ص۱۴۳) علامہ منذریؒ اور حافظ سخاویؒ لکھتے ہیں کہ امام احمدؒ نے فرمایا مغازی میں ابن اسحاقؒ کی روایات تو لکھی جا سکتی ہیں لیکن جب حلال وحرام کا مسئلہ ہو تو اس میں ایسے ایسے راوی (یعنی ثقہ اور ثبت) درکار ہیں (الترغیب والترهیب جلد ۴ ص۲۱ و فتح المغیث ص۱۲۱) قاضی شوکانیؒ لکھتے ہیں کہ ابن اسحاقؒ لیس بحجة لا سیما اذا عنعن (نیل الاوطار جلد ۱ ص۲۳۴) ابن اسحاقؒ کی روایت حجت نہیں ہے خصوصاً جب کہ وہ عنعنہ سے روایت کرتا ہو نواب صدیق حسن خان صاحبؒ ایک حدیث کی تحقیق میں لکھتے ہیں کہ در سندش نیز ہماں محمد اسحاقؒ است و محمد بن اسحاق حجت نیست (دلیل الطالب ص۲۳۹) حضرت مولانا شیخ الہند محمودؒ الحسن صاحبؒ (المتوفی ۱۳۳۹ھ) نے ایضاح الادلۃ ص۷۵ میں ابن اسحاقؒ پر سیر حاصل کلام کیا ہے اور ان تمام رکیک اور ضعیف تاویلوں کے دندان شکن جوابات دیئے ہیں جو اس کو ثقہ قرار دینے کے لیے اختیار کی گئی ہیں طلبہ ضرور اس کا مطالعہ کریں۔ آپ ملاحظہ کر چکے ہیں کہ شاید ہی جرح کا کوئی ادنیٰ سے اعلیٰ تک ایسا لفظ ملے گا جو جمہور محدثینؒ اور ارباب جرح و تعدیل نے محمد بن اسحاقؒ کے بارے میں نہ کہا ہو مصنف احمد بن اسحاقؒ فریق ثانی کے نزدیک ثقہ ہے اور حضرت امام ابو حنیفہؒ اور ان کے تلامذہ ضعیف ہیں (ربنا فدالاهلة ص۲۳۵) فوا اسفا۔ حافظ ابن حجرؒ نے نہایت ضعیف اور رکیک تاویلیں کرنے کی بے جا سعی کی ہے تاکہ ابن اسحاقؒ کو قابل اعتبار بنانے کی کوشش کامیاب ہو سکے مثلاً یہ کہ سلیمان تیمیؒ ائمہ جرح و تعدیل میں نہ تھے اور امام مالکؒ نے اپنے الفاظ سے رجوع کر لیا تھا وغیرہ وغیرہ مگر یہ سب کوشش بیکار اور کالعدم ہے۔ اگر بالفرض سلیمان تیمیؒ ائمہ جرح و تعدیل میں نہ تھے تو کیا ہشامؒ بن عروہؒ، امام الجرح والتعدیل یحییٰ بن القطانؒ، وہیبؒ بن خالدؒ، امام احمدؒ بن حنبلؒ، یحییٰ بن معینؒ، علی بن المدینیؒ، جریرؒ بن عبد الحمیدؒ، امام نسائیؒ، خطیبؒ، ابن نمیرؒ، دارقطنیؒ، ابو زرعہؒ اور علامہ ذہبیؒ وغیرہ بھی ائمہ جرح و تعدیل میں نہیں ہیں؟ اور کیا ان سب نے ان

جرحی الزامات سے رجوع کر لیا ہے ؟ باقی امام مالکؒ کا رجوع کرنا بھی محض دعویٰ ہی دعویٰ ہے خطیبؒ لکھتے ہیں اما کلام مالکؒ فی ابن اسحاقؒ فمشہور غیر خاف علی احد من اھل العلم بالحدیث (بغدادی جلد ۱ ص۲۲۴) امام مالکؒ نے ابن اسحاقؒ میں کلام کیا ہے وہ کسی بھی ایسے شخص سے مخفی نہیں ہے جس کو فن حدیث کا علم حاصل ہے۔ امام ابن الجوزی الحنبلیؒ (المتوفی ۵۹۷ھ) اپنی کتاب الموضوعات میں لکھتے ہیں کہ۔

اما محمد بن اسحاق فمجروح شہد بکذبہ مالک وسلیمان التیمی ووھیب بن خالد وھشام بن عروۃ ویحیی بن سعید وقال ابن المدینی یحدث عن المجھولین باحادیث باطلۃ (نصب الرایہ جلد ۲ ص۱۵)

بہر حال محمدؒ بن اسحاقؒ مجروح ہے اس کے جھوٹا ہونے کی امام مالکؒ سلیمان تیمیؒ، وہیبؒ بن خالدؒ ہشامؒ بن عروہؒ اور یحییٰؒ بن سعید القطانؒ نے گواہی دی ہے، اور امام ابن المدینیؒ فرماتے ہیں کہ وہ مجہول راویوں سے باطل حدیثیں بیان کرتا ہے۔

اس سے ثابت ہوا کہ اس شدید قسم کی مفسر جرح سے رجوع کا ثبوت امام ابن جوزیؒ کے علم میں نہیں ہے اور امام بیہقیؒ لکھتے ہیں کہ:۔

وکان مالکؒ بن انسؒ لا یرضاہ ویحیی بن سعید القطان لا یروی عنہ ویحیی بن معین یقول لیس ھو بحجۃ واحمد بن حنبل یقول یکتب عنہ ھذہ الاحادیث اعنی المغازی فاذا جاء الحلال والحرام اردنا قوما ھکذا یرید اقوی منہ فاذا کان لا یحتج بہ فی الحلال والحرام فاولی ان لا یحتج بہ فی صفات اللہ سبحانہ وتعالےٰ وانما نقموا علیہ فی روایتہ عن اھل الکتاب ثم عن متعقاء الناس وتدلیس اسامیھم فاذا روی عن ثقۃ وبیّن

امام مالکؒ اس کو (بوجہ روایت) پسند نہیں کرتے تھے اور یحییٰؒ بن سعید القطانؒ اس سے روایت نہیں لیتے تھے اور ابن معینؒ فرماتے ہیں کہ وہ حجت نہیں اور امام احمدؒ فرماتے ہیں کہ اس سے مغازی کی حدیثیں تو لکھی جا سکتی ہیں لیکن حلال وحرام کی روایتوں میں ہم قوی راویوں کو تلاش کریں گے پس جب حلال وحرام میں ابن اسحاقؒ کی روایت حجت نہیں تو صفات اللہ تعالیٰ میں بطریق اولیٰ اس کی روایت حجت نہیں ہو سکتی اور محدثینؒ نے اس پر جو عیب لگایا ہے وہ یہ ہے کہ وہ اہل کتاب سے روایت کرتا ہے اور ضعیف قسم کے لوگوں سے بھی روایت

سماعه منه فجماعة من الائمة لم يروا به بأسا اھ
(کتاب الاسماء والصفات ص۲۹۷)

کرتا ہے اور ان کے ناموں میں تدلیس سے کام لیتا ہے پس جب وہ ثقہ سے روایت کرے اور سماع کی تصریح بھی کرے تو ائمہؒ کی ایک جماعت اس میں مضائقہ نہیں سمجھتی۔

اس سے معلوم ہوا کہ امام احمدؒ نے ابن اسحاقؒ کو جو حسن الحدیث کہا ہے تو مغازی وغیرہ کی حدیثوں سے متعلق کہا ہے نہ کہ احکام اور حلال وحرام کی حدیثوں کے بارے میں اور علامہ ذہبیؒ نے سفیانؒ بن حسینؒ کے ترجمہ میں نقل کیا ہے کہ لا یحتج به کمحمد بن اسحاقؒ یعنی محمد بن اسحاق کی طرح اس سے بھی احتجاج درست نہیں ہے اور کتاب العلو میں اس کو صاحب مناکیر وغرائب بتایا ہے ائمہ جرح وتعدیل نے ان میں جو کلام کیا ہے وہ فن روایت کے رُو سے ہے اور محض دیانۃً ہے اس کو حالت عصر پر حمل کرنا جیسا کہ مؤلف خیر الکلام نے ص۱۹۵ میں کیا ہے صرف زعم کہانی ہے اور ص۱۹۹ و ص۲۰۰ میں بحوالہ تحفۃ الاحوذی جلد۱ ص۲۵۳ وغیرہ رجوع کے لیے جو قصہ نقل کیا ہے اس سے ان کا صراحۃً رجوع ہرگز ثابت نہیں ہوتا محض کشید ہے ہاں بعد کے محدثینؒ نے اپنے ظن اور تخمینہ سے رجوع پر حمل کیا ہے۔ مگر یہ ان کی اپنی صوابدید ہے مؤلف خیر الکلام کا ص۲۱۱ میں امام مالکؒ اور یحییٰؒ بن سعیدؒ کی جرح کو مفسر قرار دینا اور باقی حضرات کی جرح کو مبہم کہہ کر گلو خلاصی کرنا محض تسکین قلب کا سامان ہے غرضیکہ ان تمام حضرات کی جرح مفسر کڑی اور شدید ہے اور کسی کا تاریخی طور پر صراحت کے ساتھ رجوع ثابت نہیں ہے مؤلف خیر الکلام کا ص۲۱۲ میں یہ لکھنا کہ محمدؒ بن اسحاقؒ پر ایک الزام اہل کتاب سے روایت لینا بھی ہے حالانکہ اہلِ کتاب سے روایات لینا کوئی جرم نہیں تو اُن کی بے خبری اور غفلت کی واضح دلیل ہے کہ وہ مطلقاً اہل کتاب کی روایت کو جائز سمجھتے ہیں۔ حضرت شاہ ولی اللہ صاحبؒ تو یہ لکھتے ہیں کہ:۔

اقول الرواية عن اهل الكتاب تجوز فيما سبيله سبيل الاعتبار وحيث يكون الامن عن الاختلاط في شرائع الدين ولا تجوز فيما سوى ذالك۔
(حجة الله البالغة جلد۱ ص۱۴۱)

میں کہتا ہوں کہ اہل کتاب سے روایت ایسے معاملات میں جہاں عبرت مقصود ہو اور جہاں دین کے احکام میں اختلاط واقع نہ ہوتا ہو درست ہے، اور اس کے علاوہ ان سے روایت جائز نہیں ہے۔

اور اسی لیے امام المدینیؒ نے اس کو ضعیف کہا ہے کہ وہ اہل کتاب سے روایت کرتا ہے جیسا کہ تہذیب التہذیب کے حوالہ سے پہلے عرض کیا جا چکا ہے مؤلف خیر الکلام نے جن بعض ائمہؒ کی بسلسلہ ابن اسحاقؒ توثیق نقل کی ہے تو وہ مسلّم ہے مگر وہ صرف تاریخ اور مغازی وغیرہ کے بارے میں نہ کہ صفات اللہ، حلال و حرام، احکام اور سنن کے بارے میں اور مغازی میں وہ ثقہ بھی ہیں اور امام بھی اس میں نزاع نہیں ہے اور بلاشک حافظ ابن ہمامؒ اور علامہ عینیؒ وغیرہ نے محمدؒ بن اسحاقؒ کی توثیق کی ہے مگر ائمہ جرح و تعدیل کی کڑی اور سنگین جرح کے مقابلہ میں ان کی توثیق مسلّم نہیں ہے۔ فریق ثانی کے شیخ الکل مولانا سید نذیر حسین صاحب دہلویؒ (المتوفی ۱۳۲۰ھ) لکھتے ہیں کہ۔ اور ضعیف کہنا غزالیؒ کا اور رزبانیؒ کا اور دبوسیؒ کا اور صاحب ہدایہؒ کا اور شیخ ابن الہمامؒ کا اور بعضے مالکیوں کا حدیث کو ضعیف نہیں کر دیتا کیونکہ یہ لوگ مقلدین ہیں ائمہ جرح و تعدیل میں سے نہیں ہیں الیٰ ان قال اب رہا ضعیف کہنا ابن عبد البرؒ کا اور ابوداؤدؒ کا اور علیؒ بن المدینیؒ کا، سو البتہ جرح ان کا پایہ اعتبار میں ہے لیکن اگر با بیان سبب اور بادلیل ہو تو معتبر ہے ورنہ بے بیان سبب ان کا جرح بھی مقبول نہیں ہونے کا الخ (معیار الحق ص۲۴۲) اور مولانا محمد عبد اللہ صاحب روپڑیؒ (المتوفی ۔۔۔ھ) لکھتے ہیں کہ جرح تعدیل تاریخ کی قسم سے ہے اور تاریخ اُس وقت کے لوگوں کی معتبر ہوتی ہے پچھلے لوگ نقال ہوتے ہیں اس لیے پہلے لوگوں کے خلاف کسی کی جرح تعدیل کا اعتبار نہیں اس کے لیے مقدمہ ابن الصلاحؒ کا مطالعہ مفید رہے گا۔ انشاء اللہ (مودودیت اور احادیث نبویہ ص۔۔) رہا محمدؒ بن اسحاقؒ کا مدلس ہونا تو یہ سب کے نزدیک مسلّم ہے چنانچہ علامہ ہیثمیؒ، حافظ ابن حجرؒ، قاضی شوکانیؒ، نواب صدیق حسن خانؒ، مولانا شمس الحق عظیم آبادیؒ اور مبارکپوری صاحبؒ وغیرہ کو اس کا صاف اقرار ہے۔ دیکھئے مجمع الزوائد جلد ۱ ص۱۵ و تقریب ص۳۱۳، نیل الاوطار جلد ۲ ص۴۳، دلیل الطالب ص۲۳۹، تعلیق المغنی جلد ۱ ص۱۳۰، ابکار المنن ص۴۵ و تحفۃ الاحوذی جلد ۱ ص۲۹۱)

اعتراض:۔ مبارکپوری صاحبؒ لکھتے ہیں کہ محمد بن اسحاقؒ ثقہ ہے اور دلائل یہ ہیں۔

(۱) امام بخاریؒ اس کو ثقہ کہتے ہیں (۲) امام شعبہؒ اس کو امیر المحدثین کہتے ہیں (۳) ابن مدینیؒ اور احمدؒ بن حنبلؒ وغیرہ اس کو ثقہ کہتے ہیں (۴) اگر یہ ثقہ نہیں تو احناف اذانؒ، قطع تحرقہ اور تعجیل افطار میں ابن اسحاقؒ کی روایتوں سے احتجاج کیوں کرتے ہیں (تحقیق الکلام جلد ۱ ص۹۱ محصلہ)

جواب:۔ مبارکپوری صاحبؒ کے یہ جملہ اعذار بار دہونے کے سبب مطلقاً قابل التفات نہیں ہیں ہر شق کا جواب سنئے (۱) ایسے کذاب اور دجال راوی کے بارے میں امام بخاریؒ وغیرہ کی رائے کیا وقعت رکھتی ہے؟ خصوصاً جب کہ امام بخاریؒ نے ابن اسحاقؒ کا زمانہ نہیں پایا اور ہشامؒ بن عروہؒ امام مالکؒ اور یحییٰ القطانؒ وغیرہ اس کا زمانہ پانے والے انتہائی سنگین الزام اس پر عائد کرتے ہیں اور یہ بڑے محتاط اور عارف باسباب الجرح بھی ہیں۔ علاوہ بریں اگر واقعی محمدؒ بن اسحاقؒ ثقہ ہے تو حضرت امام بخاریؒ نے باوجود اشد ضرورت کے صحیح بخاری میں اس سے احتجاج کیوں نہیں کیا؟ ؎

کچھ تو ہے جس کی پردہ داری ہے۔

بہ حضرت امام بخاریؒ وغیرہ کی ذاتی رائے ہے حق وہی ہے جو جمہور نے کہا ہے چنانچہ نواب صاحب ایک مقام پر لکھتے ہیں جمہور اہل اسلام کے نزدیک ایسی حدیث سے جو حسن ہو احتجاج صحیح ہے لیکن امام بخاریؒ حدیث حسن سے احتجاج کے قائل نہیں ہیں آگے نواب صاحب لکھتے ہیں والحق ما قاله الجمهور (دلیل الطالب ص۸۹۲) حق بات صرف وہی ہے جو جمہور نے کہی ہے قاضی شوکانیؒ نے بھی امام بخاریؒ اور ابن العربیؒ کا یہ مسلک نقل کر کے آگے لکھا ہے والحق ما قاله الجمهور (نیل الاوطار جلد۱ ص۲۲) کہ حق وہی ہے جو جمہور نے کہا ہے (۲) امام شعبہؒ کی بات اگر محمدؒ بن اسحاق کے بارے میں حجت ہے تو جابر جعفی (جو قراۃ خلف الامام ہی کی ایک روایت کا راوی ہے مگر ہم نے اس سے احتجاج نہیں کیا) کے بارے میں کیوں حجت نہیں ہے؟ امام شعبہؒ ان کو بھی ثقہ کہتے ہیں (کتاب القراۃ ص۵۱ ، میزان جلد۱ ص۱۷۶ ، تہذیب جلد۲ ص۴۷ و توجیہ النظر ص۲۹۱ وغیرہ) علاوہ بریں مبارک پوری صاحبؒ کے نزدیک امیر المحدثین ہونے سے توثیق کیسے لازم آتی ہے؟ مبارکپوری صاحبؒ تو لکھتے ہیں کہ علامہ تاج الدین سبکیؒ نے ابوطاہر فقیہؒ کو گو شیخ ، ادیب ، عارف اور امام المحدثین والفقہاء لکھا ہے۔ قلت لا دلالة فی هذا علی کونه ثقة قابلاً للاحتجاج (تحفۃ الاحوذی جلد۲ ص۳) لیکن میں کہتا ہوں کہ امام المحدثین والفقہاء ہونے سے یہ کیسے لازم آیا کہ وہ ثقہ اور قابل احتجاج بھی تھے ، محقق نیمویؒ نے ابو عبداللہ فنجویہ دینوریؒ کو کبار محدثین میں لکھا ہے مبارکپوری صاحبؒ ان پر گرفت کرتے ہوئے لکھتے ہیں۔

فان مجرد کونه من کبار المحدثین لا یستلزم — ان کے صرف کبار محدثین میں ہونے سے یہ کیسے لازم

کوئی ثقہ (انتہیٰ بلفظہٖ تحفۃ الاحوذی جلد ۲ ص ۳۵) آیا کہ وہ ثقہ بھی تھے ؟

مبارک پوری صاحبؒ ہی ازراہِ بزرگی و انصاف فرمائیں کہ جن کے بارے میں جرح کا ایک لفظ بھی موجود نہ ہو اور علامہ تاج الدین سبکیؒ وغیرہ جیسے امام اور ثقہ عالم ان کو امام المحدثین اور کبار المحدثین لکھیں مگر معہذا ان کی ثقاہت ثابت نہ ہو سکے اور محمد بن اسحاقؒ کو ائمہ جرح و تعدیل کذاب اور دجال تک کہتے ہوں تو اس کے (بقول امام شعبہؒ) امیر المحدثین ہونے سے اس کی ثقاہت کیسے ثابت ہو سکتی ہے ؟ ؎

ٹھوکریں مت کھائیے چلئے سنبھل کر دیکھ کر چال سب چلتے ہیں لیکن بندہ پرور دیکھ کر

(۳) امام ابن مدینیؒ اور امام احمدؒ بن حنبلؒ وغیرہ کو مطلقاً ابن اسحاقؒ کے موثقین میں شامل کرنا انتہائی غفلت اور طبقات رواۃ سے بے خبری پر مبنی ہے باحوالہ ان کے اقوال نقل کئے جا چکے ہیں کہ یہ بھی ابن اسحاقؒ کو مجروح اور ضعیف قرار دیتے ہیں لہذا ان کا ذکر مطلقاً معدلین میں جہالت پر مبنی ہے امام نوویؒ فرماتے ہیں کہ اگر جرح و تعدیل کا تعارض ہو اور جارح امر خفی پر مطلع ہو چکا ہو جس کی اطلاع معدل کو نہیں تو جرح تعدیل پر مقدم ہے اور یہی محققین اور جمہور کا مختار ہے (شرح مسلم ج ۱ ص ۱۷) اور نیز وہ لکھتے ہیں کہ فانھم متفقون علی انہ لا یحتج بالضعیف فی الاحکام (ایضاً) یعنی محدثین کرامؒ اس بات پر متفق ہیں کہ ضعیف راوی سے احکام میں احتجاج و استدلال کرنا درست نہیں ہے اور ابن اسحاقؒ پر جرح مفسر اور با بیان سبب ہے اور یہ روایت احکام شرعیہ میں سے ایک حکم سے متعلق ہے اور پھر فریق ثانی احناف کی نماز کو بیکار باطل اور کالعدم قرار دے کر اعاذ اللہ تعالیٰ ان کو فی السقر پہنچانے کا ادھار کھائے بیٹھا ہے اور چیلنج دیتا ہے اندریں حالات ابن اسحاقؒ کی روایت کی کیا وقعت ہے ؟

(۴) علماء احناف نے اذان، قطع سرقہ اور تعجیل افطار وغیرہ کے بارے میں اگر محمد بن اسحاقؒ سے استدلال کیا ہے تو کیا صرف استدلال ہی کیا ہے یا فریق ثانی کو مباہلہ اور مفسدین عمل ہونے کا چیلنج بھی کیا ہے ؟ اور کیا محمدؒ بن اسحاقؒ کی روایات کو لے کر تمام روئے زمین کے غیر مقلدوں پر اشتہاری رعب بھی قائم کرنے کی کوشش کی ہے ؟ اور کیا یہ کہا ہے کہ فریق ثانی کا فلاں فلاں عمل ناقص اور بیکار باطل اور کالعدم ہے ؟ اگر محمد بن اسحاقؒ جیسے ضعیف اور کمزور راوی کی روایت کو احناف نے دلیل بنا کر ایسا کیا ہے تو خطا کی ہے اور کیا احناف نے محمدؒ بن اسحاقؒ کی روایت کو نص قرآنی اور

صحیح احادیث کے خلاف حجت سمجھا ہے؟ اگر احناف نے اس کی روایت کو کسی موقع پر بطور حجت بھی پیش کیا ہو تو یقین جانئے کہ تمام روئے زمین کے غیر مقلدین کو للکارا اور کھلا چیلنج بھی ہر گز نہ کیا ہوگا اور نہ حلفیہ طور پر ان کو بے عمل کہا ہوگا؟ انصاف شرط ہے باقی جو حدیثیں مبارکپوری صاحب نے ہماری دلیلیں تصور کر لی ہیں ان کی کوتاہ فہمی ہے ہم سے پوچھئے کہ ان مسائل میں ہمارے پاس کون سی حدیثیں موجود ہیں پھر آپ کو کچھ کہنے کا حق ہے۔ ؎

یہ کاوشیں بے سبب ہیں کیسی کدورتوں کی کچھ انتہا بھی　　زبان رکھتے ہیں ہم بھی آخر کبھی تو پوچھو سوال کیا ہے

مسئلہ اذان :- علماء احناف کی یہ تحقیق ہے کہ اذان بھی دوہرے کلمات پر مشتمل ہے اور اقامت بھی بالفاظ دیگر اذان میں ترجیع نہیں اور اقامت و تکبیر میں ایتار نہیں ہے بطور نمونہ چند حدیثیں ملاحظہ ہوں۔

پہلی حدیث :- امام ابو عوانہؒ فرماتے ہیں کہ ہم سے عمرؒ بن شبہؒ نے بیان کیا وہ کہتے ہیں کہ ہم سے عبد الصمدؒ بن عبد الوارثؒ نے بیان کیا وہ کہتے ہیں کہ ہم سے شعبہؒ نے بیان کیا وہ مغیرہؒ سے اور وہ شعبیؒ سے اور وہ حضرت عبد اللہؓ بن زید انصاری سے روایت کرتے ہیں وہ فرماتے ہیں۔

سمعت اذان رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم فکان اذانہ واقامتہ مثنیٰ مثنیٰ (ابو عوانہ جلد ۱ ص۳۳۱)

میں نے جناب رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وآلہ وسلم کی اذان سنی آپ کی اذان اور آپ کی اقامت دوہرے دوہرے کلمات پر مشتمل تھی۔

آنحضرت صلی اللہ تعالیٰ علیہ وآلہ وسلم کی اذان اور تکبیر سے آپ کے مؤذن اور مکبر کی اذان واقامت مراد ہے کیونکہ آپ نے خود کبھی اذان نہیں کہی حضرت عبد اللہؓ بن زید انصاری جلیل القدر صحابی ہیں امام شعبہؒ، مغیرہؒ بن مقسمؒ اور شعبیؒ کا ذکر جلد اول میں ہو چکا ہے کہ وہ سب ثقہ ثبت اور حجت تھے، عمرؒ بن شبہؒ کو امام دارقطنیؒ، خطیبؒ، مرزبانیؒ، اور مسلمہ ثقہ کہتے ہیں محمدؒ بن سہلؒ اور ابو حاتمؒ ان کو صدوق کہتے ہیں ابن حبانؒ ان کو ثقات میں لکھتے ہیں (تہذیب التہذیب جلد ۷ ص۴۶۰) عبد الصمدؒ بن عبد الوارثؒ کو ابن نمیرؒ اور ابن قانعؒ ثقہ کہتے ہیں، ابن سعدؒ ان کو ثقہ اور حاکمؒ ان کو ثقہ اور مامون کہتے ہیں، ابن مدینیؒ کہتے ہیں کہ شعبہؒ کی روایت میں وہ ثبت تھے ابن حبانؒ ان کو ثقات میں لکھتے ہیں (ایضاً جلد ۶ ص۳۲۷) حافظ ابن حجرؒ لکھتے ہیں ثبت فی شعبۃ۔

(تقریب صنہ ۲۲) یہ روایت بھی امام شعبہ ہی سے ہے ۔

دوسری حدیث :۔ عبدالرزاقؒ فرماتے ہیں کہ ہم سے معمرؒ نے بیان کیا وہ حمادؒ سے اور وہ ابراہیمؒ سے اور وہ اسودؒ بن یزیدؒ سے روایت کرتے ہیں وہ فرماتے ہیں کہ حضرت بلالؓ جو آنحضرت صلی اللہ تعالیٰ علیہ وآلہٖ وسلم کے مؤذن تھے، کان یثنی الاذان ویثنی الاقامۃ (طحاوی صہ ۸۰ وزیلعی جلد ا صہ ۲۶۹) وہ اذان اور اقامت دوہری دوہری کہا کرتے تھے اس روایت کے تمام راوی ثقہ ہیں اور پہلے مختلف مقامات میں ان کے تراجم نقل کیے جا چکے ہیں البتہ امام ابن جوزیؒ وغیرہ نے یہ اعتراض کیا ہے کہ اسودؒ بن یزیدؒ کی حضرت بلالؓ سے سماعت ثابت نہیں ہے لیکن ان کا یہ اعتراض غلط ہے علامہ ذہبیؒ لکھتے ہیں کہ اسودؒ بن یزیدؒ کی حضرت معاذؓ، حضرت ابن مسعودؓ، حضرت حذیفہؓ اور حضرت بلالؓ سے سماعت ثابت ہے (تذکرہ جلد ا صہ ۴۸) ۔

تیسری حدیث :۔ حضرت عبداللہؓ بن زید کی روایت میں یہ آتا ہے کہ آنحضرت صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کے سامنے مؤذن نے فاذن مثنیٰ واقام مثنیٰ (مصنف ابن ابی شیبہ جلد ا صہ ۱۳۶ طحاوی جلد ا صہ ۸۰ سنن الکبریٰ جلد ا صہ ۴۲۰ محلی جلد ۳ صہ ۱۵۸) اذان بھی دوہری دوہری کہی اور اقامت بھی دوہری دوہری کہی علامہ ابن حزمؒ لکھتے ہیں ھذا اسناد فی غایۃ الصحۃ (جلد ۳ صہ ۱۵۸) کہ یہ سند اعلیٰ درجہ کی صحیح ہے ۔

چوتھی حدیث :۔ عبدالرحمٰنؒ بن ابی لیلیٰؒ عبداللہؓ بن زید سے روایت کرتے ہیں کہ آنحضرت صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کے سامنے فاذن مثنیٰ مثنیٰ ثم قعد ثم اقام مثنیٰ مثنیٰ (سنن الکبریٰ جلد ا صہ ۴۲۱) مؤذن نے دوہری دوہری اذان کہی پھر بیٹھ گیا پھر اٹھ کر دوہرے دوہرے کلمات سے اقامت اور تکبیر کہی اس کے بھی تمام راوی ثقہ ہیں، امام بیہقیؒ نے اس پر یہ اعتراض کیا ہے کہ عبدالرحمٰنؒ بن ابی لیلیٰؒ کی ملاقات عبداللہؓ بن زید سے نہیں ہوئی مگر یہ اعتراض باطل ہے کیونکہ خطیب بغدادیؒ وغیرہ لکھتے ہیں کہ عبدالرحمٰنؒ بن ابی لیلیٰؒ ثقہ تابعی تھے اور ۱۷ھ میں ان کی ولادت ہوئی ہے ۔ (بغدادی جلد ۱۰ صہ ۱۹۹) اور عبداللہؓ بن زید کی وفات جمہور کے نزدیک ۳۲ھ میں ہوئی ہے ۔ (تہذیب جلد ۵ صہ ۲۲۴) پندرہ سال کے اس عرصہ میں امکان لقا یقینی ہے (الجوہر النقی فی الرد علی البیہقی جلد ا صہ ۴۲۱) اور جمہور کے نزدیک اتصال سند کے لیے امکان لقا ہی شرط ہے، دیکھئے صحیح مسلم شریف

کا مقدمہ۔ مؤلف خیر الکلام لکھتے ہیں کہ کیونکہ صحت حدیث کے لیے صرف استاد اور شاگرد کی ملاقات کا ممکن ہونا کافی ہے عدم ثبوت سے نفی لازم نہیں آتی بلفظہٖ ص ۳۴۲)

پانچویں حدیث :۔ ایک حدیث کے الفاظ یہ ہیں کہ جس اذان (اور اقامت) کا آنحضرت صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے اجراء فرمایا الاذان مثنی مثنی والاقامۃ مثنی مثنی۔ اس اذان اور اقامت کے الفاظ دوہرے دوہرے تھے۔ حافظ ابن حجرؒ لکھتے ہیں اسنادہ صحیح (درایہ ص) کہ اس روایت کی سند صحیح ہے۔

چھٹی حدیث :۔ حضرت ابوجحیفہؓ فرماتے ہیں کہ آنحضرت صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کے سامنے اذن بلالؓ للنبی صلی اللہ علیہ وسلم مثنی مثنی واقام مثل ذلک (مجمع الزوائد جلد ا ص ۳۳۰ ورواتہ ثقات) حضرت بلالؓ نے جو اذان کہی اس کے کلمات دوہرے دوہرے تھے اور اقامت بھی اسی طرح تھی۔

ساتویں حدیث :۔ حضرت بلالؓ مؤذن جناب رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کی اذان اور اقامت کے الفاظ مرتین مرتین دوہرے دوہرے ہوتے تھے (الجوہر النقی جلد ا ص ۴۲۵) اس کے تمام راوی ثقہ اور ثبت ہیں اور جلد اول میں ان کے تراجم نقل ہو چکے ہیں، یہ تمام روایات صحیح ہیں اور ان میں کسی کی سند میں محمدؒ بن اسحاقؒ موجود نہیں ہے مگر مبارکپوری صاحب سوءِ فہم کی وجہ سے یہ سمجھے بیٹھے ہیں کہ احناف کا استدلال ابوداؤد وغیرہ کی اس روایت سے ہے جس کی سند میں محمد بن اسحاق ہے، باقی اس باب کی مختلف روایات کی تطبیق اور ترجیح کا یہ مقام نہیں ہے۔

نصاب سرقہ کا مسئلہ :۔ تمام اہل اسلام کا اس امر پر اتفاق ہے کہ چور کا ہاتھ نص قرآنی کے تحت قطع کیا جائے گا لیکن کتنی مالیت کی چوری ہو تو ہاتھ کاٹا جائے گا؟ اس میں حافظ ابن حجرؒ نے فتح الباری میں بیس۲۰ مذاہب نقل کیے ہیں حضرت امام ابوحنیفہؒ کی تحقیق یہ ہے کہ قطع ید کا ادنیٰ نصاب دس درہم ہے (ہاتھ کی قیمت جب کہ وہ امین تھا بہت کافی تھی مگر جب اس نے خیانت کا ارتکاب کیا تو کوڑی کے مول ذلیل ہو گیا لما کانت امینۃ کانت ثمینۃ فلما خانت ھانت)

آج اس دور تہذیب و تمدن میں جب کسی اعلیٰ حاکم کے خلاف ناکام ارادہ قتل کی سزا سزائے موت ہو سکتی ہے تو بالفعل خدا تعالیٰ کی نافرمانی کرنے والے اور قانون شکن کا ہاتھ کیوں نہیں کاٹا جا سکتا اگر

علماء احناف نے محمدؒ بن اسحاقؒ کی روایت سے اس باب میں استدلال کیا ہے تو فریق ثانی کو کب مباہلہ کا چیلنج کیا ہے؟ یا کب ان کے عمل کو باطل اور کالعدم قرار دیا ہے؟ یا کب تمام دنیا کے باشندوں کو للکار کر اپنی پر اشتہاری رعب قائم کیا ہے؟ باوجود اس کے کہ بالاتفاق میدان جہاد اور قحط سالی وغیرہ کے موقع پر چور کا ہاتھ نہیں کاٹا جاتا۔ ہم پھر بھی یہ پیشکش کرتے ہیں کہ فریق ثانی ربع دینار کے نصاب کو ہی حکومت وقت سے اجرا کرے ہم ان کے ساتھ ہیں آخر باطل اور غیر معصوم قانون کے بجائے حضرت محمد صلی اللہ تعالیٰ علیہ وآلہٖ وسلم کی حدیث ہی پر تو عمل ہوگا۔ لیکن مبارکپوری صاحبؒ نے اس مقام پر بھی ٹھوکر کھائی ہے۔ احناف کا استدلال اس روایت سے ہے ملاحظہ کیجئے۔

امام نسائیؒ فرماتے ہیں کہ ہم سے محمدؒ بن بشارؒ نے بیان کیا وہ عبدالرحمٰنؒ سے روایت کرتے ہیں وہ فرماتے ہیں کہ ہم سے سفیانؒ نے بیان کیا وہ منصورؒ سے وہ مجاہدؒ سے اور وہ حضرت ایمنؓ سے روایت کرتے ہیں قال لم تکن تقطع الید علی عہد رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم الا فی ثمن المجن وقیمتہ دینار (نسائی جلد ۲ صفحہ ۲۲۵) وہ فرماتے ہیں کہ آنحضرت صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کے زمانہ میں ڈھال کی قیمت میں ہاتھ کاٹا جاتا تھا اور ڈھال کی قیمت ایک دینار ہوتی تھی۔ حضرت ایمنؓ صحابی ہیں اور بقیہ جملہ رواۃ محمدؒ بن بشارؒ، عبدالرحمٰنؒ بن مہدیؒ، امام سفیانؒ، منصورؒ اور مجاہدؒ کے تراجم جلد اول میں اپنے اپنے موقع پر عرض کئے گئے ہیں کہ تمام ثقہ ثبت اور حجت تھے، امام نسائیؒ فرماتے ہیں کہ ہم سے ہارونؒ بن عبداللہؒ نے بیان کیا وہ فرماتے ہیں کہ ہم سے اسودؒ بن عامرؒ نے بیان کیا وہ فرماتے ہیں کہ ہم سے حسنؒ بن حیؒ نے بیان کیا وہ منصورؒ سے اور وہ حکمؒ سے اور وہ عطاءؒ اور مجاہدؒ سے روایت کرتے ہیں اور وہ دونوں حضرت ایمنؓ سے وہ فرماتے ہیں۔

یقطع السارق فی ثمن المجن وکان ثمن المجن علی عہد رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم دینارا او عشرۃ دراھم (نسائی جلد ۲ صفحہ ۲۲۵)	کہ چور کا ہاتھ ڈھال کی قیمت اور مالیت کے سرقہ مال میں کاٹا جاتا ہے اور آنحضرت صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کے زمانہ مبارک میں ڈھال کی قیمت ایک دینار یا دس درہم ہوتی تھی

لہ دیکھئے ابوداؤد صفحہ ۲۴۹ ج ۲ دارمی صفحہ ۳۰۱ اعلام الموقعین صفحہ ۹ ج ۳ اور الطبقات فی الاسوۃ الحسنۃ بالسنۃ صفحہ ۱۲ وغیرہ

ہارونؒ بن عبداللہؒ (ثقہ تھے ص۳۷۰) امام نسائیؒ فرماتے ہیں وہ ثقہ تھے ابن حبانؒ ان کو ثقات میں لکھتے ہیں (تہذیب التہذیب ص۹/۱۱) اور حکمؒ بن عتیبہؒ بھی ثقہ اور ثبت تھے (تذکرہ ص۱۱۱/۱) اور باقی سب روات ثقہ اور ثبت ہیں اور جلد اوّل میں حسنؒ بن صالحؒ بن حیؒ وغیرہ کے تراجم نقل کیے جا چکے ہیں۔

امام نسائیؒ فرماتے ہیں کہ ہم سے محمودؒ بن غیلانؒ نے بیان کیا وہ کہتے ہیں کہ ہم سے معاویہؒ (ابن ہشامؒ) نے بیان کیا وہ سفیانؒ (ثوری) سے اور وہ منصورؒ (بن معتمرؒ) سے اور وہ مجاہدؒ سے اور وہ عطاءؒ سے اور وہ حضرت ایمنؓ سے روایت کرتے ہیں۔ قال لم یقطع النبی صلی اللہ تعالی علیہ وسلم السارق الا فی ثمن المجن وثمن المجن یومئذ دینار (نسائی ص۲۲۵/۲۹)

وہ فرماتے ہیں کہ آنحضرت صلی اللہ تعالیٰ علیہ وآلہ وسلم نے ڈھال کی قیمت سے کم چوری کے مال میں چور کا ہاتھ نہیں کاٹا اور ڈھال کی قیمت اس زمانہ میں ایک دینار تھی محمودؒ بن غیلانؒ کو امام نسائیؒ اور مسلمہؒ ثقہ کہتے ہیں ابن حبانؒ ان کو ثقات میں لکھتے ہیں (تہذیب جلد ۱۰ ص۶۵) حافظ ابن حجرؒ لکھتے ہیں کہ وہ ثقہ تھے (تقریب ص۴۴۳) معاویہؒ بن ہشامؒ کو ابو حاتمؒ اور ساجیؒ صدوق کہتے ہیں ابوداؤدؒ ان کو ثقہ کہتے ہیں ابن حبانؒ اور ابن شاہینؒ ان کو ثقات میں لکھتے ہیں ابن سعدؒ ان کو صدوق اور کثیر الحدیث کہتے ہیں (تہذیب ص۲۱۸/۱۰) کسی نے ان کے متعلق یہ کہا تھا کہ وہ متروک ہیں علامہ ذہبیؒ فرماتے ہیں۔ قلت ھذا اخطاء منك ماترکہ احد (میزان جلد ۳ ص۱۸۱) میں کہتا ہوں اے قائل تیرا یہ قول سراسر خطا ہے ان کو کسی نے ترک نہیں کیا عطاؒ بن ابی رباحؒ ثقہ فقیہ اور فاضل تھے (تقریب ص۲۶۴) بقیہ روات کا تذکرہ پہلے ہو چکا ہے یہ ہیں وہ صحیح احادیث جن سے علمائے احناف نے ادنیٰ نصاب سرقہ کے بارے میں (جس میں چور کا ہاتھ کاٹا جاتا ہے) استدلال کیا ہے اور ان میں سے کوئی سند ایسی نہیں جس میں محمد بن اسحاقؒ ہو۔ اور یہ روایت دارقطنی جلد ۲ ص۳۶۹ سنن الکبریٰ جلد ۸ ص۲۵۷ مستدرک جلد ۴ ص۳۷۹ اور طحاوی جلد ۲ ص۹۳ وغیرہ حدیث کی کتابوں میں موجود ہے۔ امام نسائیؒ اور امام بیہقیؒ وغیرہ نے یہ کہا ہے کہ ایمنؓ صحابی نہیں ہیں لہٰذا ان کی روایت مرسل ہوگی لیکن یہ اعتراض بے کار ہے اولاً اگر مرسل بھی ہو تب بھی جمہور محدثینؒ کے نزدیک حجت ہے اس پر جلد اول میں سیر حاصل بحث کی جا چکی ہے وثانیاً محمد بن اسحاقؒ (فریق ثانی کے امیر المحدثینؒ) اور علامہ ابن سعدؒ، حافظ ابوالقاسم بغویؒ، محدث ابونعیمؒ

حافظ ابن مندہؒ حافظ ابن قانعؒ اور امام ابن عبد البرؒ وغیرہ سب ان کو صحابی کہتے ہیں (زیلعی جلد ۴ صفحہ ۴۵) علامہ ذہبیؒ بھی ان کا شمار صحابہؓ میں کرتے ہیں اور لکھتے ہیں کہ یہ آنحضرت صلی اللہ تعالیٰ علیہ وآلہ وسلم کی حاضنہ (جس نے آپؐ کی بچپن میں پرورش کی تھی) حضرت اُمّ ایمنؓ کے صاحبزادے تھے (تجرید اسماء الصحابۃ جلد ا صفحہ ۴۳) ابن اسحاقؒ کا یہ بیان ہے کہ غزوہ حنین میں ان کی شہادت ہو چکی تھی لیکن یہ صحیح نہیں ہے۔ امام طحاویؒ فرماتے ہیں کہ یہ آنحضرت صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کے بعد عرصہ تک زندہ رہے ہیں (الجوہر النقی جلد ۸ صفحہ ۲۵۸ علی السنن) حافظ ابن کثیرؒ لکھتے ہیں کہ عطاءؒ کی ایمنؓ سے روایت اگر مدلس نہ ہو تو اس بات کی واضح دلیل ہے کہ ایمنؓ آنحضرت صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کے بعد عرصہ تک زندہ رہے ہیں (البدایہ جلد ۵ صفحہ ۳۱۳) الحاصل حضرات محدثین کرامؒ کے قواعد کے لحاظ سے اس روایت کے صحیح اور حجت ہونے میں کوئی شبہ نہیں ہے ہاں البتہ نہ ماننے والے کے منوانے کا ہمارے پاس کوئی ذریعہ نہیں ہے امام طبرانیؒ (اپنے معجم وسط میں) محمدؒ بن نوحؒ بن حربؒ سے اور وہ خالدؒ بن مہرانؒ سے اور وہ ابو المطیعؒ سے اور وہ قاسمؒ بن عبد الرحمٰنؒ سے اور وہ اپنے والد عبد الرحمٰنؒ سے اور وہ حضرت عبد اللہؓ بن مسعودؓ سے روایت کرتے ہیں، وہ فرماتے ہیں:۔

عن النبی صلی اللہ علیہ وسلم قال لا قطع الا فی عشرۃ دراھم (نصب الرایہ صفحہ ۳۵۹)	کہ آنحضرت صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے فرمایا دس درہم سے کم میں چور کا ہاتھ نہیں کاٹا جا سکتا۔

امام طبرانیؒ وغیرہ نے اس پر یہ اعتراض کیا ہے کہ اس روایت کو بیان کرنے میں ابو المطیعؒ متفرد ہے اور وہ کمزور تھا لیکن مولانا شمس الحق صاحب عظیم آبادیؒ لکھتے ہیں کہ امام محمدؒ بن الحسنؒ (جو بقول امام دارقطنیؒ ثقات اور حفاظ میں تھے) اس روایت کے بیان کرنے میں ابو المطیعؒ کے متابع ہیں (تعلیق المغنی صفحہ ۲۶۹/۲)

یہ روایت امام دارقطنیؒ (صفحہ ۲۶۹/۲) وغیرہ نے بھی بیان کی ہے، بہر حال احناف کا مسلک اس میں بھی قوی ہے۔

تعجیل افطار کا مسئلہ:۔ تعجیل افطار جمہور اہل اسلام کا مسلک ہے احناف کا اس مسئلہ میں کسی سے کوئی اختلاف نہیں ہے اور جمہور حضرت سہلؓ بن سعدؓ کی مرفوع اور صحیح روایت پیش کرتے ہیں۔

قال لا یزال الناس بخیر ما عجلوا الفطر (بخاری جلد ا صفحہ ۲۶۳ و مسلم جلد ا صفحہ ۳۵۰)

کہ امت اس وقت تک بھلائی سے موصوف رہے گی جب تک روزہ افطار کرنے میں جلدی کرے گی، نہ اس روایت میں ابن اسحاقؒ ہے اور نہ اس کی صحت میں کلام ہو سکتا ہے کیونکہ یہ متفق علیہ

حدیث ہے۔ مبارکپوری صاحبؒ نے بلا وجہ ابن اسحاقؒ کی روایت کی آڑ لی ہے۔

محمدؒ بن اسحاقؒ کی تحدیث اور متابعت

حضرات محدثین کرامؒ کا یہ قاعدہ اور اصول ہے اگر ثقہ راوی ہو اور اس پر صرف تدلیس کا الزام عائد کیا گیا ہو تو اس کی تحدیث سے یا کسی اور ثقہ راوی کی متابعت سے یہ الزام رفع ہو جائے گا۔ اسی طرح اگر کسی راوی میں معمولی ضعف اور کمزوری ہو اور کوئی ثقہ یا قریب بہ ثقہ راوی اس کی متابعت کرے تو اس کی روایت تعدد طرق کی وجہ سے حسن لغیرہ کے درجہ کو پہنچ سکتی ہے۔ فریق ثانی نے محمدؒ بن اسحاقؒ سے متعلق اس قاعدہ سے فائدہ اٹھانے کی کوشش کی ہے مگر بالکل بے سود ہے چنانچہ مولانا شمس الحق صاحبؒ اور مبارکپوری صاحبؒ وغیرہ نے یہ کہا ہے کہ محمدؒ بن اسحاقؒ نے تحدیث کی ہے۔ (دار قطنی جلد ۱ ص۱۲۱ وسنن الکبری جلد ۲ ص۱۶۴ ومسند احمد جلد ۵ ص۳۲۲) لہذا اس کی روایت قابل قبول ہو سکتی ہے (تعلیق المغنی جلد ۱ ص۱۲۰ وتحقیق الکلام ج۱ ص۵۸) اگر محمدؒ بن اسحاقؒ ثقہ ہوتا اور اس پر صرف تدلیس کا الزام ہوتا تو پھر یہ بات صحیح تھی کہ اس کی تحدیث سے تدلیس کا شبہ جاتا رہتا مگر وہ تو پرلے درجہ کا ضعیف کمزور اور متروک ہے لہذا وہ تحدیث بھی کرتا ہے اس کی روایت کو کون سنتا ہے؟ وعلی ھذا القیاس اگر اس میں معمولی کمزوری اور ضعف ہوتا اور اس کا کوئی ثقہ متابع موجود ہوتا اور اس کی سند بھی صحیح ہوتی تو الگ بات تھی مگر آپ سن چکے ہیں کہ ائمہ جرح وتعدیل نے جرح کے انتہائی اور سنگین الفاظ (کذاب ودجال وغیرہ) اس کے حق میں استعمال کئے ہیں اور ان ائمہؒ کی اکثریت اس بات پر متفق ہے کہ ابن اسحاقؒ کی روایات حلال و حرام احکام وسنن میں تو مطلقاً قابل قبول ہی نہیں ہیں اس لیے اس کی متابعت کا سرے سے سوال ہی پیدا نہیں ہوتا مع ہذا آپ ان روایات پر اور ان کے سند کے رواۃ پر سرسری نگاہ ڈال لیجئے تاکہ آپ کو یہ بھی معلوم ہو جائے کہ محمدؒ بن اسحاقؒ کے متابع اور جن سندات سے متابعت ثابت کی جاتی ہے ان میں کیسے کیسے شیر خفتہ ہیں؟ ؎

ہر بیشہ گماں مبر کہ خالی است | شاید کہ پلنگ خفتہ باشد

متابعت کی پہلی روایت

امام بیہقیؒ اپنی سند سے بطریق عبید اللہؒ بن سعیدؒ بن کثیرؒ بن عفیرؒ روایت کرتے ہیں اور وہ ابراہیمؒ

بن ابی یحییٰؒ سے اور وہ یزیدؒ بن یزیدؒ بن جابرؒ سے اور وہ مکحولؒ سے الخ روایت کرتے ہیں (کتاب القرأۃ ص۴۳)
حدیث کا مضمون وہی ہے جو پہلے گذر چکا ہے اس سند میں یزیدؒ بن یزیدؒ محمدؒ بن اسحاقؒ کا متابع ہے اگرچہ
بعض محدثینؒ اس میں کلام کرتے ہیں لیکن زیادہ تر اس کی توثیق کے قائل ہیں۔ اس میں عبید اللہؒ
بن سعیدؒ بن کثیرؒ بھی ہیں جن میں امام ابن حبانؒ اور محدث ابن عدیؒ کلام کرتے ہیں۔ (لسان
ج ۲ ص۱۶۷ و ج ۴ ص۱۰۱) اور دوسرا راوی اس میں ابراہیم بن ابی یحییٰ ہے۔
علامہ ذہبیؒ ان کو احد الضعفاء کہتے ہیں یحییٰؒ ابن سعیدؒ کا بیان ہے کہ میں نے امام مالکؒ سے سوال
کیا کیا وہ حدیث میں ثقہ ہے؟ امام مالکؒ نے فرمایا کہ حدیث میں تو کیا ثقہ ہوتا دین میں بھی قابل اعتبار
نہ تھا۔ قطانؒ کہتے ہیں کہ وہ کذاب تھا امام احمدؒ فرماتے ہیں کہ محدثینؒ نے اس سے روایت ترک کر دی
ہے اور وہ ایسی بے بنیاد روایتیں کیا کرتا تھا جن کی کوئی اصل نہیں ہوتی۔ امام بخاریؒ فرماتے ہیں کہ امام
ابن مبارکؒ اور دیگر محدثین نے اس سے روایت ترک کر دی تھی۔ ابن معینؒ کہتے ہیں کہ وہ کذاب
اور رافضی تھا۔ علیؒ بن مدینیؒ کہتے ہیں وہ کذاب تھا۔ امام نسائیؒ اور دارقطنیؒ اس کو متروک کہتے ہیں
(میزان الاعتدال جلد ا ص۲۷) اس سند سے فریق ثانی محمدؒ بن اسحاقؒ کی متابعت ثابت کرتا ہے افسوس
اور تعجب ہے۔

دوسری روایت :۔ اسی مضمون کی ایک روایت امام دارقطنیؒ اور امام بیہقیؒ نے نقل کی ہے اور
اس میں زبیدیؒ کو محمد بن اسحاقؒ کا متابع بتلایا ہے (دارقطنی ج ا ص۱۲۱ و کتاب القرأۃ ص۵۹) لیکن
سند کی مدار بقیہؒ پر ہے، امام عبد اللہؒ بن مبارکؒ فرماتے ہیں کہ بقیہؒ بن ولیدؒ صدوق تو تھا مگر ہر کہ دمہ
سے روایت کر لیا کرتا تھا۔ ابن عیینہؒ فرماتے ہیں کہ احکام میں اس کی کوئی روایت نہیں قبول کی جا
سکتی ہاں فضائل کا باب الگ ہے ابو حاتمؒ کہتے ہیں کہ اس سے احتجاج صحیح نہیں ہے ابو
مسہر غسانیؒ کہتے ہیں کہ بقیہؒ کی حدیثیں صحیح نہیں ہوتیں ان سے بہر حال اجتناب کرنا چاہیئے امام
بیہقیؒ کہتے ہیں کہ تمام محدثینؒ کا اتفاق ہے کہ بقیہؒ حجت نہیں ہے عبد الحقؒ کہتے ہیں کہ اس سے
احتجاج صحیح نہیں ہے (میزان جلد ا ص۱۵۴ و تہذیب التہذیب جلد ا ص۴۷۴) نواب صاحبؒ
لکھتے ہیں کہ در دوسے جماعتے سخن کردہ (بدور الاھلۃ ص۲۹) امام دارقطنیؒ ایک مقام پر لکھتے ہیں کہ
متابعت کی اس روایت کی دار و مدار سالمؒ بن نوحؒ پر ہے جو کمزور ہے پھر اس کی متابعت کا کیا اعتبار

ہے؟ (جلد ا صہ ۱۲۵) اور مبارکپوری صاحبؒ لکھتے ہیں کہ بے شک حسنؒ بن عمارہؒ نے ابوحنیفہؒ کی متابعت کی ہے لیکن اس کی متابعت کالعدم ہے کیونکہ یہ متروک ہیں (بلفظہ تحقیق الکلام جلد ۲ صہ ۱۳۱) فریق ثانی کے نزدیک حضرت امام ابوحنیفہؒ کی متابعت میں تو حسنؒ بن عمارہؒ کی روایت کالعدم ہے مگر افسوس ہے کہ محمدؒ بن اسحاقؒ ایسے کذاب و دجال کی متابعت ایسے راویوں کی سند سے جو محدثین کے نزدیک قابل احتجاج ہی نہیں ہیں بالکل صحیح ہے فوا اسفا علاوہ بریں امام دارقطنیؒ اور امام بیہقیؒ اس کو مرسل کہتے ہیں اور ہمارے نزدیک بلکہ جمہور محدثین کے نزدیک مرسل حجت ہے جس کی بحث جلد اوّل میں گذر چکی ہے لیکن فریق ثانی کے نزدیک مرسل حجت نہیں ہے امام بخاریؒ لکھتے ہیں کہ مرسل سے حجت درست نہیں ہے (جزء القراۃ صہ ۱) امام بیہقیؒ لکھتے ہیں وھو ضعیف من حیث انہ مرسل (کتاب القراۃ صہ ۱۳۱) نواب صاحبؒ لکھتے ہیں و مرسل از قسم ضعیف است (دلیل الطالب صہ ۲۹۳) دوسری جگہ لکھتے ہیں و مرسل حجت نیست (بدور الاہلہ صہ ۹) اور مبارکپوریؒ صاحب لکھتے ہیں۔ والمرسل وان کان حجۃ عند الحنفیۃ لکن المحقق انہ لیس بحجۃ (تحفۃ الاحوذی جلد ا صہ ۳۶۵) احناف مرسل کو حجت کہتے ہیں لیکن حق یہ ہے کہ مرسل حجت نہیں ہے۔ پھر یہ روایت ان کے نزدیک کیسے صحیح اور قابل حجت ہو سکتی ہے؟ مؤلف خیر الکلام لکھتے ہیں کہ محقق مذہب محدثین کے ہاں یہی ہے کہ مرسل حجت نہیں ہوتی الخ (صہ ۲۴۸)

تیسری روایت :۔ مبارکپوری صاحبؒ کتاب القراۃ صہ ۹۰ کے حوالہ سے نقل کرتے ہیں کہ ملک شام کے ثقہ راوی محمدؒ بن اسحاقؒ کے متابع ہیں (تحقیق الکلام جلد ا صہ ۹۵ و ابکار المنن صہ ۱۲۸) لیکن اس سند میں ایک راوی محمدؒ بن ابی السریؒ ہے اعلاء السنن جلد ۴ صہ ۹۶ میں اس کا نام محمدؒ بن متوکلؒ نقل کیا گیا ہے اور علامہ ذہبیؒ فرماتے ہیں کہ اس کی چند حدیثیں ہیں جو منکر خیال کی جاتی ہیں۔ (میزان جلد ۳ صہ ۱۲۸) ابوحاتمؒ انکو لین الحدیث کہتے ہیں ابن عدیؒ ان کو کثیر الغلط کہتے ہیں اور مسلمہؒ بن قاسمؒ ان کی توثیق کرتے ہوئے بھی ان کو کثیر الوہم کہتے ہیں ابن وضاحؒ ان کو کثیر الحفظ اور کثیر الغلط کہتے ہیں (تہذیب التہذیب جلد ۹ صہ ۴۲۵) دوسرا راوی اس سند کا علاءؒ بن الحارثؒ ہے امام ابوداؤدؒ کہتے ہیں کہ اس کا حافظہ متغیر ہو چکا تھا امام بخاریؒ اس کو منکر الحدیث کہتے ہیں (میزان جلد ۲ صہ ۲۱۰) علامہ ذہبیؒ لکھتے ہیں کہ جس راوی کو امام بخاریؒ منکر الحدیث کہتے ہوں

اس سے احتجاج جائز نہیں ہے حوالہ پہلے نقل کیا جا چکا ہے تیسرا راوی اس سند کا احمدؒ بن عمیرؒ بن جوصاؒ ہے علامہ ذہبیؒ فرماتے ہیں کہ اس کی چند حدیثیں غریب ہیں ، دارقطنیؒ کہتے ہیں کہ یہ قوی نہیں حمزہ کنانیؒ نے اس سے بالکل روایت ترک کر دی تھی (میزان جلد ۱ صفحہ ۵۹) محدث زبیرؒ بن عبدالواحدؒ اس کو ضعیف سمجھتے تھے (لسان جلد ۱ صفحہ ۲۴۰) مؤلف خیر الکلام نے صفحہ ۲۱۶ میں اس کا یہ ناکام جواب دیا ہے کہ یہ جرحیں مبہم ہیں پھر آگے ان رواۃ کے بارے بعض توصیفی کلمات نقل کئے ہیں الجواب اصول حدیث میں اس امر کی صراحت ہے کہ کثیر الغلط، کثیر الوہم ہونا جرح مفسّر ہے۔ اور ایسے راوی کی حدیث مردود روایتوں میں شامل ہے اور امام بخاریؒ کا منکر الحدیث کہنا تو اپنی جگہ مستقل شدید جرح ہے۔

چوتھی روایت :- امام دارقطنیؒ، حاکمؒ اور بیہقیؒ ایک روایت نقل کرتے ہیں جس میں سعیدؒ بن عبدالعزیز تنوخیؒ کو محمدؒ بن اسحاقؒ کا متابع کیا گیا ہے۔ (دارقطنیؒ جلد ۱ صفحہ ۱۲۱، مستدرک جلد ۱ صفحہ ۲۳۸۔ سنن الکبریٰ صفحہ ۱۶۵ جلد ۲) لیکن اس سند کی مدار ولیدؒ بن مسلمؒ پر ہے، امام احمدؒ اس کو کثیر الخطأ کہتے ہیں امام ابن معینؒ فرماتے ہیں کہ وہ ابوالسفرؒ سے روایتیں لیا کرتا تھا اور ابوالسفرؒ کذاب تھا ابومسہرؒ کہتے ہیں کہ وہ امام اوزاعیؒ کی روایتیں کذابین سے لیا کرتا تھا۔ دارقطنیؒ کا بیان ہے کہ وہ ضعیف اور کمزور راویوں کے نام ساقط کر دیتا تھا اور اوزاعیؒ وغیرہ کے نام ساتھ جوڑ دیتا تھا ابوداؤدؒ کہتے ہیں کہ دس حدیثیں اس نے ایسی بیان کی ہیں جن کی کوئی اصل نہیں ہے۔ امام احمدؒ فرماتے ہیں کہ اسکی مسموع و غیر مسموع تمام روایتیں خلط ملط ہو چکی تھیں اور بہت سی روایتیں اس کی منکر ہیں۔ (تہذیب التہذیب جلد ۱۱ صفحہ ۱۵۴/۱۵۵) مؤلف خیر الکلام نے یہ کہا کہ امام زہریؒ اور ابن جریجؒ کی روایت میں اس پر جرح ہے اور یہاں سعیدؒ سے روایت کر رہا ہے اور بعض ائمہؒ نے اس کی توثیق اور توصیف کی ہے (محصلہ صفحہ ۲۱۸، ۲۱۹) الجواب :- امام احمدؒ وغیرہ نے تصریح فرما دی ہے کہ اسکی روایتیں خلط ملط ہو چکی تھیں مسموع و غیر مسموع میں کوئی تمیز نہیں تو پھر حدثنا اور سعیدؒ وغیرہ کی آڑ لینا بالکل بے سود ہے۔

پانچویں روایت : دارقطنی صفحہ ۱۲۱ جلد ۱، بیہقی صفحہ ۱۶۴ جلد ۲ اور تلخیص الحبیر صفحہ ۸۵ وغیرہ میں زیدؒ بن واقدؒ کو محمدؒ بن اسحقؒ کا متابع بتایا ہے لیکن اس کی ایک سند میں الہیثمؒ بن حمیدؒ وغیرہ بعض محدثین کے نزدیک متکلم فیہ راوی ہیں علاوہ بریں اس میں عن مکحولؒ عن نافعؒ ... الخ ہے اور ان دونوں کے

عنقریب کلام آرہا ہے اور دوسری سند میں محمدؒ بن مبارکؒ ہے علامہ ذہبیؒ لکھتے ہیں احادیثہ تستنکر (بحوالۂ تہذیب جلد ۹ صلا۴۲۴) کہ اس سے منکر روایتیں بھی مروی ہیں اور ایک تیسری سند میں یحییٰ بن عبداللہؒ بن الضحاکؒ ہے (یہ دونوں سندیں دارقطنی جلد ۱ صلا۱۲۵ میں موجود ہیں) امام ابوحاتمؒ اسے ساقط الاحتجاج کہتے ہیں، ابن عدیؒ کہتے ہیں اثر الضعف علی حدیثہ بیّنٌ۔ ضعف اور کمزوری کا نشان اس کی حدیث پر بالکل آشکارا ہے محدث خلیلیؒ بھی ان پر محدثین کا طعن نقل کرتے ہیں (تہذیب التہذیب جلد ۱۱ صلا۲۴۲) مؤلف خیر الکلام نے لکھا ہے کہ اس کی جرح مسلّم ہے مگر متابعت میں کوئی حرج نہیں (صلا۲۲۱) یہ ہے فریق ثانی کے وکیل اعظم اور محدث جلیل کا استدلال ؛ سبحان اللہ تعالیٰ ثقہ راویوں کی حدیث تو ان کے نزدیک مسلّم نہیں جیساکہ جلد اوّل میں مفصل عرض کیا گیا ہے اور ضعیف حجت ہیں، رہا امام دارقطنیؒ کا اس سند کو حسن کہنا اور روات کی توثیق کرنا تو لاحاصل ہے، امام دارقطنیؒ کا قاعدہ ہی جدا ہے جو آگے آرہا ہے انشاء اللہ تعالیٰ۔

قارئین کرام! آپ نے ائمہ جرح و تعدیل کی زبانی محمدؒ بن اسحاقؒ کا رتبہ اور درجہ بھی ملاحظہ کر لیا کہ وہ اس کو کذاب اور دجال وغیرہ کہتے ہیں اور جو راوی اس کی متابعت میں پیش کئے گئے ہیں اور جو جو سندیں اس کی متابعات کی ہیں ان میں بھی کذاب، متروک، منکر الحدیث لا یجوز بہ الاحتجاج۔ ساقط الاعتبار، ضعیف، کمزور اور غیر معتبر راوی ہیں جن کی کوئی روایت فی نفسہ معتبر نہیں ہو سکتی چہ جائیکہ نص قرآنی اور صحیح اور مرفوع احادیث کے مقابلہ میں قبول کی جاسکے حاشا وکلا ثم حاشا وکلا۔

دوسرا جواب :- اس روایت میں ایک راوی مکحولؒ بھی ہیں یہ معیاری ثقہ بھی نہ تھے نیز مدلس بھی ہیں امام حاکمؒ لکھتے ہیں :- ان عامۃ حدیث مکحول عن الصحابۃ حوالۃ (معرفت علوم الحدیث صلا۱۱۱) کہ مکحولؒ کی حضرات صحابہؓ کرام سے اکثر حدیثیں صرف تدلیس و ارسال کے حوالہ نظر ہیں، علامہ ذہبیؒ لکھتے ہیں کہ مکحولؒ حضرت ابیؓ بن کعب، حضرت عبادہؓ بن الصامت، حضرت عائشہؓ اور دیگر کبار سے بکثرت ارسال اور تدلیس کرتے تھے (تذکرہ جلد ۱ صلا۱۰۱) علامہ ابن سعدؒ فرماتے ہیں کہ محدثین کی ایک جماعت نے مکحولؒ کی تضعیف کی ہے اور وہ صاحب تدلیس بھی تھے (میزان جلد ۳ صلا۱۹۸) حافظ ابن حجرؒ لکھتے ہیں کہ مکحولؒ نے دیگر حضرات صحابہ کرام رضی

سے عموماً اور حضرت عبادہؓ سے خصوصاً کوئی حدیث نہیں سنی وہ محض تدلیس سے کام لیتے ہیں (تہذیب التہذیب جلد ۱۰ صفحہ ۲۹۲) امام ابو حاتمؒ کہتے ہیں کہ وہ لیس بالمتین چنداں قابل اعتبار نہ تھے اور باوجود اس کے مدلس بھی تھے (قانون الموضوعات صفحہ ۲۹۵) مبارکپوری صاحبؒ بھی ان کو مدلس لکھتے ہیں (ابکار المنن صفحہ ۱۷۷) اور نواب صاحبؒ لکھتے ہیں ومن اقسام الضعیف المدلس (دلیل الطالب صفحہ ۸۸۲) کہ مدلس روایت ضعیف روایتوں میں شمار ہوتی ہے اور مبارکپوری صاحبؒ لکھتے ہیں وعنعنة المدلس غیر مقبولة (ابکار المنن صفحہ ۲۲۵) اور دوسرے مقام پر لکھتے ہیں اور عنعنہ مدلس کا مقبول نہیں (بلفظہ تحقیق الکلام جلد ۲ صفحہ ۲۲۵) یہ بھی مت بھولیے کہ کسی قابل اعتبار سند سے مکحولؒ کی محمودؓ بن ربیع سے سماعت اور تحدیث ثابت نہیں ہے۔
(بغیۃ الالمعی جلد ۲ صفحہ ۱۱)

مؤلف خیر الکلام لکھتے ہیں کہ مکحولؒ کبار صحابہؓ سے ارسال کرتے تھے اور یہاں محمودؓ بن ربیع صغار صحابہؓ میں ہیں اور تدلیس سے اصطلاحی مراد نہیں اور امکان لقاء کے بعد معاملہ رفع ہو جاتا ہے (محصلہ صفحہ ۲۲۲/۲۲۳) الجواب: بھلا ان لایعنی باتوں کو کون تسلیم کرتا ہے امام حاکمؒ کبار کی کوئی قید نہیں لگاتے مطلق حضرات صحابہؓ کا ذکر کرتے ہیں اور مکحولؒ اصطلاحی مدلس ہیں اسی کتاب المدلسین میں اسکا ذکر ہے جس میں قتادہؒ کا ذکر ہے اور تیسرے درجہ کا مدلس لکھا ہے امکان لقاء کافی ہوتا ہے مگر مدلس کے لیے یہ قاعدہ ہرگز نہیں ہے اور مؤلف مذکور نے ان کی جو توثیق نقل کی ہے وہ بے سود ہے ہم نے معیاری ثقہ کا لفظ بولا ہے فریق ثانی کے لیے نہایت شرم کی بات ہے کہ وہ قتادہؒ وغیرہ ثقہ حافظ اور ثبت راویوں کی تدلیس کو تو قبول نہیں کرتا مگر ضعیف کمزور اور لیس بالمتین کی تدلیس سے قطع نظر کر جاتا ہے، فریق ثانی نے مکحولؒ کی تدلیس کا جواب دیتے ہوئے جو کچھ کہا ہے یا ان کی متابعت میں جو روایتیں اور راوی اور جو سندیں پیش کی ہیں اجمالاً ان کا ذکر بھی سن لیجیے۔ امام بیہقیؒ نے احمدؒ بن عمیرؒ بن جوصاؒ کے طریق سے موسیٰؒ بن سہل رملیؒ سے یہ نقل کیا ہے کہ مکحولؒ کی محمودؓ بن ربیع سے سماعت ثابت ہے۔ (کتاب القراءۃ صفحہ ۴۳) اور ایک مقام پر لکھتے ہیں کہ اس روایت سے ثابت ہو سکتا ہے کہ مکحولؒ کی محمودؓ بن ربیع سے سماعت ہوئی تھی (ایضاً صفحہ ۴۹) لیکن یہ تمام باتیں بے بنیاد ہیں کیونکہ پہلے نقل کیا جا چکا ہے کہ احمدؒ بن عمیرؒ بن جوصاؒ کمزور اور

ضعیف ہے، اس کی سند کیونکر قابلِ حجت ہو سکتی ہے؟ علاوہ ازیں امام بخاریؒ لکھتے ہیں کہ مکحولؒ، حرام بن حکیمؒ اور رجاءؒ بن حیوۃؒ میں سے کسی نے محمودؒ بن ربیع سے سماع کا ذکر نہیں کیا (جزء القراءۃ ص۲۹)

مکحولؒ کی متابعت میں پہلی روایت:

مبارکپوری صاحبؒ لکھتے ہیں کہ عبداللہؓ بن عمروؓ بن الحارثؓ (جن کی روایت دار قطنی جلد ۱ ص۱۲۱، مستدرک جلد ۱ ص۲۳۹ اور کتاب القراءۃ ص۴۱ وغیرہ میں موجود ہے) مکحولؒ کے متابع ہیں (ابکار المنن ص۱۲۴) لیکن یہ متابعت بھی کالعدم ہے کیونکہ اس کی سند میں ایک راوی معاویہؒ بن یحییٰ ہے۔ امام بخاریؒ اس کی تضعیف کرتے ہیں (ضعفاء صغیر ص۲۹) نسائیؒ فرماتے ہیں کہ وہ ضعیف الحدیث تھا (ضعفاء صغیر نسائیؒ ص۵۲) حافظ ابن حجرؒ کہتے ہیں کہ وہ ضعیف ہے (تقریب ص۳۵۸) دارقطنیؒ اس کو ضعیف کہتے ہیں (ص ۱۲۱) ابن معینؒ اس کو لیس بشیء کہتے ہیں امام ابو زرعہؒ کہتے ہیں کہ اس کی حدیثیں معلول ہیں (میزان الاعتدال ص۱۸۱) جوزقانیؒ اس کو ذاہب الحدیث اور ابو حاتمؒ، ابو داؤدؒ اور ابو علی نیشاپوریؒ اس کو ضعیف کہتے ہیں ابن عدیؒ کا بیان ہے کہ اس کی حدیثوں میں کلام ہے، ساجیؒ اس کو ضعیف الحدیث اور بزارؒ اس کو لین الحدیث کہتے ہیں امام احمدؒ کہتے ہیں کہ ہم نے اس کو ترک کر دیا تھا (تہذیب التہذیب جلد ۱۰ ص۲۱۹) دوسرا راوی اس کا اسحاقؒ بن ابی فروہؒ ہے۔ امام بخاریؒ لکھتے ہیں کہ محدثینؒ نے اس کو ترک کر دیا ہے (ضعفاء ص۴) نسائیؒ اس کو متروک الحدیث کہتے ہیں (ضعفاء ص۲۱) علامہ ذہبیؒ اس کو ہالک اور تباہ شدہ لکھتے ہیں (تلخیص المستدرک جلد ۱ ص۲۳۹) حافظ ابن حجرؒ اس کو متروک لکھتے ہیں (تقریب ص۳۰) اور دوسرے مقام پر لکھتے ہیں کہ تمام محدثینؒ نے اس سے احتجاج ترک کر دیا تھا (تہذیب جلد ۱ ص۹۰) دارقطنیؒ لکھتے ہیں کہ وہ ضعیف ہے (جلد ۱ ص۱۲۱) بیہقیؒ لکھتے ہیں کہ وہ قابلِ احتجاج نہیں ہے (سنن الکبریٰ جلد ۶ ص۲۲) علامہ ذہبیؒ لکھتے ہیں۔ ولم ارا حدا مشاہ (میزان جلد ۱ ص۹۰) مجھے معلوم نہیں کہ کسی ایک محدث نے بھی اس کی حدیث قبول کی ہو اور تیسرا راوی عبداللہؓ بن عمروؓ بن الحارثؓ (جو مکحولؒ کا متابع بیان کیا جاتا ہے) خود مجہول ہے (تقریب ص۲۰۹) یہ ہے فریق ثانی کا معیار استدلال افسوس صد افسوس، مؤلف خیر الکلام نے ص۲۲۵ میں عبداللہؓ بن عمروؓ بن الحارثؓ کو مجہول تسلیم کر کے یہ جواب دیا ہے کہ مستور کی روایت کو متابعت میں ذکر کرنے سے کوئی حرج نہیں۔ مگر سند کے

باقی راویوں کو بالکل پی گئے ہیں۔

دوسری روایت :۔ مبارکپوری صاحبؒ کتاب القرأة ص۴۸ کے حوالہ سے ایک روایت نقل کرتے ہیں جس میں شعیبؒ بن ابی حمزہؒ کو مکحولؒ کا متابع بیان کیا ہے (ابکار المنن ص۱۲۵) بلاشک یہ متابع ثقہ اور ثبت ہیں لیکن سند میں ایک تو اسحاقؒ بن ابی فروہؒ ہے جس کا ذکرِ خیر ابھی ہو چکا ہے اور دوسرا راوی اس سند کا عمروؒ بن عثمانؒ ہے ابوحاتمؒ کہتے ہیں کہ محدثین اس میں کلام کرتے ہیں اور یہ منکر حدیثیں روایت کرتا ہے ابن حبانؒ کہتے ہیں کہ بسا اوقات وہ حدیث میں خطاء کرتا ہے۔ امام نسائیؒ اور ازدیؒ اس کو متروک الحدیث کہتے ہیں (تہذیب التہذیب جلد ۸ ص۷۷) اور ایک اور سند ہے جس میں محمدؒ بن حمیرؒ ہے جس کا تذکرہ بحث خداج میں ہو چکا ہے کہ وہ قابلِ احتجاج نہیں ہے اور ایک سند میں ابوعبدالرحمٰن محمدؒ بن الحسین سلمیؒ ہے یہ صوفیوں کے لیے حدیثیں وضع کیا کرتا تھا۔ علامہ ذہبیؒ لکھتے ہیں کہ محدثین اس میں کلام کرتے ہیں اور یہ قابلِ اعتماد نہیں ہے (میزان جلد ۳ ص۴۶)

تیسری روایت :۔ مبارکپوری صاحبؒ لکھتے ہیں کنز العمال جلد ۴ ص۲۰۸ اور کتاب القرأة ص۴۷ میں عن الزہریؒ عن محمودؓ بن الربیع الخ کی سند میں امام زہریؒ مکحولؒ کے متابع ہیں۔ (تحقیق الکلام جلد ۱ ص۹۴) لیکن قطع نظر اس سے کہ اس کی سند کیسی ہے یہ بھی ان کو مفید نہیں ہے اولاً اس لیے کہ مبارکپوری صاحبؒ خود ایک مقام پہ لکھتے ہیں زہریؒ مدلس ہیں اور عنعنہ سے روایت کرتے ہیں تو ان کی حدیث کیسے صحیح ہو سکتی ہے ؟ (ابکار المنن ص۳۵) متابعت سے تدلیس کا شبہ وہاں رفع ہوتا ہے جہاں اصل روایت کے راوی ثقہ ہوں اور شبہ صرف تدلیس کا ہو اور یہاں اصل روایت ہی صحیح نہیں ہے، اس نکتہ کو مؤلف خیر الکلام بالکل ہضم کر گئے ہیں۔ وثانیاً فریق ثانی کی طرف سے جن میں خاص طور سے امام بخاری علیہ الرحمۃ بھی قابلِ ذکر ہیں۔ یہ کہا گیا ہے کہ امام زہریؒ اپنے کلام کو حدیث میں ملا دیا کرتے تھے (جزء القرأة ص۲۳) تو ہم الزامی طور پر یہ کہہ سکتے ہیں کہ کیا بعید ہے کہ اس حدیث میں خلف الامام کا جملہ امام زہریؒ نے مرفوع حدیث میں ملا دیا ہو۔ مؤلف خیر الکلام لکھتے ہیں کہ زہریؒ کی یہ عادت نہ تھی بلکہ ایک خاص حدیث میں فعل تھا (محصلہ ص۲۲۷) **الجواب** :۔ مگر اس میں کوئی جان نہیں کیونکہ خود مؤلف خیر الکلام اسی صفحہ میں امام بخاریؒ کی جزء القرأة کے حوالہ سے لکھتے ہیں کہ قال ربیعۃ للزہری اذا حدثت

فبین کلامک الخ اس میں اذا شرطیہ ہے اور خود مؤلف مذکور صد ۸۲ میں بحوالہ قاضی شوکانیؒ اسماء الشرط کو عام لکھتے ہیں پھر محض بات بنانے کے لیے یہ کہنا کہ عادت نہیں فعل ہے کیا وقعت رکھتا ہے اور مدرج کے لیے یہ دعویٰ کرنا کہ کلام مستقل ہو بالکل بے دلیل ہے کیوں کہ ادراج جیسے مستقل کلام سے ہوتا ہے غیر مستقل سے بھی ہو سکتا ہے اور فتح الباری کا جو حوالہ انہوں نے نقل کیا ہے وہ اس دعوے کے لیے غیر صریح بلکہ صرف کشید ہے، مؤلف مذکور کو جب خود اپنی اس کشید کی کمزوری کا احساس ہوا تو یہ لکھا ہے کہ غیر مستقل پر ادراج کا اطلاق مجازاً ہو سکتا ہے (محصلہ) وثالثاً، اگر خلف الامام کا جملہ جس کی وجہ سے ان کی متابعت کو مدنظر رکھا گیا ہے) امام زہریؒ کے نزدیک ثابت ہوتا تو وہ بھی امام کے پیچھے قرأت کے قائل ہوتے حالانکہ وہ جہری نمازوں میں سختی سے اس کا انکار کرتے ہیں اور سکتات کی کوئی روایت صحیح نہیں ہے کما مرّ ورابعاً اس روایت میں خلف الامام کا جملہ محمدؒ بن یحییٰ الصفارؒ کا مدرج ہے جیسا کہ یہ تحقیقی جواب اپنے مقام پر ذکر کیا جائے گا۔ انشاء اللہ تعالیٰ۔ الغرض دیگر حضرات محدثین کرامؒ کے طے شدہ قواعد کے لحاظ سے عموماً اور فریق ثانی کی طرف سے پیش کردہ اصول کے پیش نظر سند کے اعتبار سے کوئی بھی ایسی صحیح روایت موجود نہیں ہے جس کو محمدؒ بن اسحاقؒ اور مکحولؒ کی متابعت میں پیش کیا جا سکے۔

تیسرا جواب نافعؒ بن محمودؒ کی جہالت :-

علامہ ذہبیؒ لکھتے ہیں کہ نافعؒ بن محمودؒ سے خلف الامام کی روایت کے علاوہ اور کوئی روایت مروی نہیں ہے۔ ابن حبانؒ ان کو ثقات میں لکھتے ہیں اور یہ تصریح کرتے ہیں کہ حدیثہ معلل کہ اس کی حدیث معلول ہے (میزان جلد ۲ صد ۲۲۷) امام طحاویؒ لکھتے ہیں کہ نافعؒ بن محمودؒ مجہول ہے (الجوہر النقی جلد ۲ صد ۱۶۵) حافظ ابو عمرؒ بن عبد البرؒ فرماتے ہیں کہ وہ مجہول ہے (تہذیب التہذیب جلد ۱ صد ۱۰ ؟) شیخ الاسلام موفق الدین ابن قدامہؒ لکھتے ہیں لیس بمعروف (مغنی جلد ۱ صد ۶۰۹) کہ وہ مجہول ہے، حافظ ابن حجرؒ لکھتے ہیں کہ وہ مستور ہے (تقریب صد ۳۷۱) محقق نیمویؒ اس کا مجہول ہونا نقل کرتے ہیں (تعلیق الحسن جلد ۱ صد ۷۶) نافعؒ کے مجہول ہونے کا اس سے بڑھ کر اور کیا ثبوت ہو سکتا ہے امام بیہقیؒ لکھتے ہیں کہ اللہ تعالیٰ نے ہمیں اس امر کا ہرگز مکلف نہیں ٹھہرایا کہ ہم اپنا دین مجہول اور غیر معروف راویوں سے اخذ کریں (کتاب القرأۃ صد ۱۲۷) امام خطابیؒ

فرماتے شرھا الموضوع ثم المقلوب ثم المجھول (تدریب الراوی ص۱۹۲) کہ بدترین حدیث جعلی ہے پھر مقلوب اور پھر مجہول اور فریق ثانی تو اس روایت کو لے کر تمام دنیا کو چیلنج دے کر ان کی نمازوں کو باطل ٹھہراتا ہے۔

اعتراض:۔ مبارکپوری صاحبؒ لکھتے ہیں کہ نافعؒ بن محمودؒ ثقہ تھے اور اس کے دلائل یہ ہیں (۱) علامہ ذہبیؒ نے اپنی کتاب کاشف میں ان کو ثقہ لکھا ہے (۲) امام ابن حبانؒ اور دارقطنیؒ ان کو ثقہ سمجھتے ہیں۔ امام دارقطنیؒ کی توثیق کا حوالہ مؤلف خیر الکلام نے بھی ذکر کیا ہے (ملاحظہ ہو ص۲۱۳) (۳) نافعؒ سے مکحولؒ اور حرامؒ بن حکیمؒ روایت کرتے ہیں لہذا یہ مستور نہ ہوں گے (۴) اگر مستور بھی ہوں تب بھی امام ابوحنیفہؒ کے نزدیک مستور کی حدیث حجت ہے (شرح نخبۃ الفکر ص۷۱) (۵) ابن حبانؒ نے جو حدیثہ معلل کہا ہے وہ نسخہ ثابت نہیں ہے (۶) بلکہ یہ علامہ ذہبیؒ کا وہم ہے۔ (محصلہ تحقیق الکلام جلد اص۷۵ و ص۷۹ و ابکار ص۱۲۹)۔

الجواب:۔ مبارکپوری صاحبؒ کی پیش کردہ یہ جملہ شقیں مردود ہیں علی الترتیب ہر ایک کا جواب سنیئے (۱) کاشف ہمیں دستیاب نہیں ہوسکی اگر علامہ ذہبیؒ نے نافعؒ کو اس میں ثقہ لکھا ہے تب بھی یہ میزان کے حوالہ حدیثہ معلل کے خلاف نہیں ہے کیونکہ اصول حدیث کے رو سے ثقہ راویوں کی حدیث بھی معلل ہوسکتی ہے جس کا باحوالہ ذکر عنقریب آرہا ہے انشاءاللہ تعالیٰ (۲) امام ابن حبانؒ اور دارقطنیؒ کا توثیق رجال کے بارے میں مسلک ہی جمہور محدثینؒ سے الگ ہے جمہور تو یہ فرماتے ہیں کہ اگر کسی راوی سے دو راویوں نے روایت کی ہو اور اس کی توثیق کسی سے ثابت نہ ہو (حافظ ابن حجرؒ لکھتے ہیں کہ وہ متفرد خود یا غیر جب کہ توثیق کا اہل ہو اور اس کی توثیق کرے تو صحیح قول پر وہ ثقہ ثابت ہوجائے گا۔ شرح نخبۃ الفکر ص۷۰ اور اسی قاعدہ سے مؤلف خیر الکلام نے ص۲۳۶ میں سہارا لیا ہے لیکن شرح شرح نخبۃ الفکر ص۷۰ میں اسی قول کے رد میں لکھا ہے کہ الصحیح الذی علیہ اکثر العلماء من اھل الحدیث وغیرھم انہ لا یقبل مطلقا اھ کہ اکثر محدثین وغیرہم کے نزدیک مطلقاً یہ توثیق غیر مقبول ہے) تو وہ مجہول اور مستور ہی رہتا ہے چنانچہ حافظ ابن حجرؒ لکھتے ہیں کہ

ان روی عنہ اثنان فصاعداً ولم ... اگر کسی شخص سے دو یا دو سے زیادہ راوی روایت

يوثق فهو مجهول الحال وهو المستور اهـ (شرح نخبة الفكر ص۷۲)

بیان کریں اور اس کی توثیق نہ کی گئی ہو تو وہ مجہول الحال ہوتا ہے اور وہی مستور کہلاتا ہے

اور امام ابن الصلاحؒ (المتوفی ۶۴۳ھ) نے پچھلے دو راویوں کے عادل ہونے کی قید بھی لگائی ہے (شرح شرح نخبۃ الفکر ص۱۵۲ طبع مصر) لیکن امام ابن حبانؒ اور دارقطنیؒ فرماتے ہیں کہ اگر کسی شخص سے دو راویوں نے روایت کی ہو تو وہ مجہول نہیں رہتا اور اس کی عدالت ثابت ہو جاتی ہے چنانچہ امام دارقطنیؒ لکھتے ہیں کہ

وارتفاع اسم الجهالة له عنه ان يروي عنه رجلان فصاعدا فاذا كان هذه صفته ارتفع عنه اسم الجهالة وصار حينئذ معروفا اهـ (دارقطنی جلد۲ ص۳۹)

راوی سے جہالت کا اسم اس وقت اٹھتا ہے جب کہ اس سے دو یا دو سے زیادہ راوی روایت کریں جب ایسا ہو تو اس سے جہالت کا اسم مرتفع ہو جاتا ہے اور وہ راوی معروف ہو جاتا ہے۔

اور علامہ سخاویؒ (المتوفی ۹۰۲ھ) نے ان کا مسلک یوں نقل کیا ہے کہ

من روى عنه ثقتان فقد ارتفعت جهالته وثبتت عدالته (فتح المغيث ص۱۴۷)

جس شخص سے دو ثقہ راوی روایت کریں تو اس سے جہالت رفع ہو جاتی ہے اور اس کی عدالت ثابت ہو جاتی ہے۔

مطلب یہ ہوا کہ جمہور کے نزدیک اس صورت میں راوی اگرچہ مجہول العین نہیں رہا مگر مجہول الوصف اور مجہول الحال یا مستور رہے گا۔ لیکن امام دارقطنیؒ وغیرہ کے نزدیک باوجود مجہول الحال اور مستور ہونے کے وہ عادل ہو جاتا ہے اور اس کی حدیث حسن، صحیح اور جید ہو جاتی ہے اور جمہور نہ تو اس کو ثقہ اور عادل تسلیم کرتے ہیں اور نہ اس کی روایت کو قبول کرتے ہیں چنانچہ علامہ خطیب الشافعیؒ ۴۶۳ھ لکھتے ہیں کہ:۔

قلت الا انه لا يثبت له حكم العدالة بروايتهما عنه وقد زعم قوم ان عدالته تثبت بذلك ونحن نذكر فساد قولهم بمشيئة الله وتوفيقه (الكفاية في علم الرواية ص۸۹)

میں کہتا ہوں کہ ایسے مجہول راوی سے دو راویوں کی روایت کر لینے سے اس کی عدالت ثابت نہیں ہو سکتی اور ایک قوم نے (مثلاً ابن حبانؒ اور دارقطنیؒ وغیرہ۔ صفدر) یہ خیال کیا ہے کہ اس طرح اس کی عدالت ثابت ہو جائے گی مگر ہم انشاء اللہ تعالیٰ اللہ تعالیٰ کی توفیق سے اس قول کا فساد اور بطلان ذکر کریں گے۔

اور جو مسلک امام دارقطنیؒ کا ہے سو وہی نظریہ امام ابن حبانؒ کا ہے چنانچہ اسکی تصریح موجود ہے کہ ۔

وتبعہٗ ابن حبانؒ اذ العدل عندہٗ من لا یعرف فیہ الجرح (شرح نخبۃ الفکر ص۵۵)

ابن حبانؒ بھی اسی نظریہ کے حامی ہیں کیونکہ ان کے نزدیک بھی ثقہ وہ ہے جس پر کوئی جرح معلوم نہ ہو ۔

علامہ ذہبیؒ عمارۃ بن حدید کے ترجمہ میں لکھتے ہیں کہ

انہ مجہول ۔ ولا تفرح بذکر ابن حبانؒ لہ فی الثقات فان قاعدتہٗ معروفۃ من الاحتجاج لمن لا یعرف (میزان جلد ۲ ص۲۲۲)

وہ مجہول ہے اور اس پر خوش مت ہو کہ ابن حبانؒ نے اس کو ثقات میں ذکر کیا ہے اس لیے کہ ان کا قاعدہ ہی مشہور ہے کہ مجہول راویوں سے بھی احتجاج کر لیتے ہیں ۔

اور حافظ ابن حجرؒ لکھتے ہیں کہ

ویحیی الکندی غیر معروف ذکرہ البخاریؒ وابن ابی حاتمؒ ولم یذکرا فیہ جرحاً وذکرہ ابن حبانؒ فی الثقات کعادتہٖ فیمن لم یجرح (فتح الباری پ ۲۱ ص۵۲ باب مایحل من النساء ومایحرم)

یحیی الکندی مجہول ہے امام بخاریؒ اور ابن ابی حاتمؒ نے اسکا ذکر کیا ہے لیکن اس پر انہوں نے جرح ذکر نہیں کی اور ابن حبانؒ نے اس کو ثقات میں لکھا ہے جیسا کہ ان کی عادت ہے کہ جن راویوں پر جرح نہیں ہوتی وہ ان کو ثقہ کہتے ہیں ۔

ان تمام ٹھوس حوالوں سے یہ امر ثابت ہو گیا کہ جس راوی کو امام دارقطنیؒ اور امام ابن حبانؒ ثقہ اور عادل کہتے ہیں وہ جمہور کے نزدیک بدستور مجہول الحال اور مستور رہتا ہے اس لیے ان کے نافعؒ کو ثقہ کہنے میں اور جمہور کے اس کو مستور اور مجہول کہنے میں کوئی تعارض نہیں کیونکہ ۔

تھیں میری اور رقیب کی راہیں جدا جدا ۔۔۔ آخر کو ہم دونوں در جاناں پہ جا ملے

یہی وجہ ہے کہ ابن حبانؒ کو متساہل گردانا گیا ہے چنانچہ علامہ سخاویؒ لکھتے ہیں کہ امام حاکمؒ کی طرح ابن حبانؒ بھی متساہل ہیں (فتح المغیث ص۲۴) علامہ ابن الصلاحؒ لکھتے ہیں کہ ابن حبانؒ تساہل میں حاکمؒ کی مانند ہیں (مقدمہ ابن الصلاح ص۹) امام سیوطیؒ لکھتے ہیں کہ امام ابن حبانؒ اور امام حاکمؒ تساہل میں ایک دوسرے کا نظیر ہیں (تدریب الراوی ص۳۲) اور خود مبارکپوری صاحب لکھتے ہیں کہ اس میں کوئی شبہ نہیں کہ ابن حبانؒ متساہل ہیں (تحقیق الکلام جلد ۱ ص۷۷) اور مؤلف خیر الکلام لکھتے ہیں کہ ابن حبانؒ نے اس کو ثقات میں ذکر کیا ہے مگر ابن حبانؒ کا تساہل مشہور ہے (ص۲۴۶)

اور اس سے بھی بڑھ کر امام دارقطنیؒ بسا اوقات ضعیف راویوں کو ثقہ اور ان کی حدیث کو بھی حسن
کہہ دیتے ہیں چنانچہ ایک سند میں عبداللہؒ بن لہیعہؒ آیا ہے جو جمہور محدثینؒ کے نزدیک ضعیف ہے
اور خود امام دارقطنیؒ کو بھی اس کا اقرار ہے مگر وہ بایں ہمہ اس کی حدیث کو حسن کہتے ہیں ھذا
اسناد حسن وابن لہیعۃ لیس بالقوی (دارقطنی ص ۱۳۴) محمد بن عبدالرحمٰنؒ بن ابی لیلیٰؒ کو
ایک جگہ ثقۃ فی حفظہ شئی لکھتے ہیں (جلد ۱ ص ۷۶) اور دوسری جگہ ضعیف سیئ الحفظ لکھتے
ہیں (جلد ۱ ص ۸۹) عبدالرحمٰن بن ابراہیم القاصؒ کو پہلے ثقہ لکھتے ہیں اور پھر اسی صفحہ پر چند سطروں
کے بعد ضعیف الحدیث لکھتے ہیں (جلد ۱ ص ۲۲۳) عبداللہ دمشقیؒ کو ایک موقع پر ثقہ لکھتے ہیں اور
دوسرے پر کہتے ہیں کہ وہ ضعیف (تہذیب التہذیب جلد ۹ ص ۳۸۸) اس جملہ بحث کو پیش نظر
رکھنے سے یہ بات بخوبی سمجھ آسکتی ہے کہ امام دارقطنیؒ اپنی قائم کردہ اصطلاح پر بھی پورے مطمئن نہیں
ہیں، اور رواۃ کی ثقاہت اور جرح کے بارے میں وہ متردد رہے ہیں۔ زیادہ سے زیادہ یہ توجیہ
کی جاسکتی ہے اور ہم اس کے منکر نہیں ہیں کہ ثقہ کسی اور وجہ سے کہا اور ضعیف کسی اور وجہ سے مگر تردد تو رہا ہی اور ہم امام
دارقطنیؒ کی فن حدیث میں امامت کے منکر نہیں ہیں مؤلف خیر الکلام نے بے سود عبارتیں ان کی
امامت منوانے کے لیے نقل کی ہیں اختلاف صرف ان کی اصطلاح سے ہے اور صرف ہمیں ہی
نہیں جمہور محدثین کو ہے۔ (۳) مبارکپوری صاحبؒ نے امام دارقطنیؒ وغیرہ کی اصطلاح لے کر
جمہور کے گلے مڑھنے کی بے جا سعی کی ہے تفصیل سے عرض کیا جا چکا ہے کہ جمہور کے نزدیک
ایسا راوی مستور ہی رہتا ہے اور اس کی حدیث مقبول نہیں ہوتی اور خود امام ابن حبانؒ باوجود متساہل
ہونے کے نافعؒ کی حدیث کو معلول قرار دیتے ہیں مؤلف خیر الکلام کا یہ جواب کہ ابن حبانؒ نے
معلل ہونے کی وجہ بیان نہیں کی اور وہ متشدد ہیں (ص ۲۳۱) بالکل غیر تسلی بخش ہے کیونکہ اس
کی وجہ شیخ الاسلامؒ نے بحوالہ امام احمدؒ وغیرہ ائمہ حدیث بیان کر دی ہے علاوہ ازیں اگر معلل
کہنے میں متشدد ہیں تو ان کو ثقہ کہنے میں متساہل بھی تو ہیں کما مرّ اور بعد کے جن حضرات نے
نافعؒ کی سند کو صحیح یا حسن کہا ہے اس میں انہوں نے اعتماد دارقطنیؒ وغیرہ پر کیا ہے اور ان کی
مستور کے بارے میں اصطلاح باحوالہ گذر چکی ہے جس کے رو سے جمہور کے نزدیک مستور مستور ہی
رہتا ہے اور جرح کرنے والے محتاط عارف باسباب الجرح اور غیر متعصب ہیں اس لیے قاعدہ کے

رو سے امام طحاویؒ، حافظ ابن عبدالبرؒ، امام ابن قدامہؒ علامہ ماردینیؒ اور حافظ ابن حجرؒ وغیرہ کی جرح مقدم ہوگی اور نافعؒ بہر کیف مجہول ہی ہوں گے۔ مولانا میر صاحبؒ نے علامہ ابن حزمؒ کی کتاب محلی جلد ۳ صفحہ ۲۴ سے نافعؒ کی ثقاہت نقل کی ہے (ملاحظہ ہو گلدستہ صلا) لیکن علامہ ابن حزمؒ کا معاملہ بھی روات کی توثیق و تضعیف کے بارے میں بڑا ہی نرالا ہے، چنانچہ وہ امام ترمذیؒ کو بھی ایک جگہ مجہول کہتے ہیں (تہذیب التہذیب جلد ۹ صفحہ ۳۸۸) یہی وجہ ہے کہ ناقد فن رجال حافظ ذہبیؒ سیر النبلاء میں لکھتے ہیں کہ میں ابن حزمؒ سے محبت بھی کرتا ہوں کہ وہ صحیح حدیث سے محبت کرتے ہیں اور اس کی معرفت بھی رکھتے ہیں لیکن وان کنت لا اوافقہ، فی کثیر من مایقولہ فی الرجال والعلل والمسائل البشعۃ فی الاصول والفروع واقطع بخطائہ فی غیر مسئلۃ ولکن لا اکفرہ ولا اضللہ، وارجولہ العفو والمسامحۃ اھ (بحوالہ مقدمہ تحفۃ الاحوذی صفحہ ۱۶۹) میں ان کی موافقت نہیں کرتا ان بہت سے امور کے بارے میں جو وہ رواۃ، اور علل کے بارے میں کہتے ہیں اور اسی طرح ان کے اصول و فروع میں بہت سے ناپسندیدہ نظریات ہیں اور میں بہت سے مسائل میں ان کو یقیناً خطاکار سمجھتا ہوں مگر پھر بھی ان کی تکفیر و تضلیل نہیں کرتا۔ اور اللہ تعالیٰ سے ان کی عفو و درگذر کا امیدوار ہوں (۴) یہ بالکل غلط ہے کہ امام ابوحنیفہؒ مستور کی روایت کو حجت سمجھتے ہیں۔ حافظ ابن ہمامؒ لکھتے ہیں کہ صحیح مسلک یہ ہے کہ مستور کی روایت فاسق کی طرح مردود ہوگی جب تک اس کی عدالت ثابت نہ ہو جائے اس کی حدیث حجت نہیں ہو سکتی، حضرت امام ابوحنیفہؒ سے ایک غیر ظاہر روایت یہ ہے کہ جس کو سلف نے رد نہ کیا ہو وہ مقبول ہے لیکن ظاہر روایت وہی ہے جو پہلے بیان ہوئی (تحریر الاصول صفحہ ۳۱۶) امام سراج الدین ہندی حنفی لکھتے ہیں کہ مستور حدیث کے سلسلہ میں باتفاق علماء احناف فاسق کی طرح مردود ہے۔ اس لئے کہ حدیث میں کافی سے زیادہ احتیاط کی ضرورت ہے، ہاں پانی کے مسئلہ میں اختلاف ہے کہ مستور کی خبر پانی کی نجاست اور طہارت کے سلسلہ میں مقبول ہے یا مردود؟ (حاشیہ توضیح صفحہ ۴۴۲) مستور کی حدیث کے بارے میں یہی مسلک صاحب حسامی صفحہ ۷۱ (علامہ حسام الدینؒ المتوفی ۶۴۴ھ) اور شاہ عبدالحقؒ محدث دہلوی (وغیرہ) بھی نقل کرتے ہیں (مقدمہ مشکوٰۃ صفحہ ۵) اور علامہ زبیدیؒ لکھتے ہیں کہ امام صاحبؒ کے نزدیک مجہول کی روایت مردود ہے (عقود الجواہر المنیفۃ صفحہ ۶) لہٰذا امام ابوحنیفہؒ

کا مستور کی حدیث کے بارے میں صحیح مسلک وہ ہے جو علماء احناف نے پیش کیا ہے نہ کہ وہ جو حافظ ابن حجرؒ نے نقل کیا ہے کیونکہ مشہور ہے صاحب البیت ادریٰ بما فیہ (۵) حدیث معلل کا نسخہ یقیناً ثابت ہے اوّلاً اس لیے کہ علماء احناف کی طرف سے جب یہ سوال ہوا کہ میزان الاعتدال کے بعض نسخوں میں وہ عبارت موجود نہیں ہے جس میں ابن عدیؒ نے حضرت امام ابوحنیفہؒ کی تضعیف کی ہے اور جس کو علامہ ذہبیؒ نے میزان میں نقل کیا ہے (علامہ ذہبیؒ نے حضرت امام ابوحنیفہؒ کے متعلق اپنا فیصلہ تذکرۃ الحفاظ میں درج کیا ہے جو مقدمہ میں نقل ہو چکا ہے اور اس مضمون پر ہماری مبسوط کتاب مقام ابی حنیفہؒ دیکھیں) تو مبارکپوریؒ صاحبؒ اس کا جواب یوں ارقام فرماتے ہیں۔ تو جواب اس کا یہ ہے کہ امام صاحب کا ترجمہ بعض نسخوں میں ہونا اور بعض میں نہ ہونا اس کے الحاقی وغیر معتبر ہونے کی دلیل نہیں کتب حدیث میں متعدد روایات اور عبارات ایسی موجود ہیں جو بعض نسخوں میں نہیں اور بعض میں ہیں مگر کوئی بھی ان عبارات کو الحاقی نہیں بتلاتا الیٰ ان قال الحاصل میزان کے بعض نسخوں میں امام صاحبؒ کے ترجمہ کا ہونا اور بعض میں نہ ہونا اس کے الحاقی ہونے کی دلیل نہیں (بلفظہ تحقیق الکلام جلد ۲ صفحہ ۱۴۲ ومثلہ فی ابکار صفحہ ۱۲۱) مبارکپوریؒ صاحبؒ ہی ازراہِ انصاف فرمائیں کہ کیا یہ قاعدہ صرف حضرت امام ابوحنیفہؒ کے لیے ہی محدود ہے یا حدیث معلل کا نسخہ بھی اس سے ثابت ہو سکتا ہے؟ فرمائیے بات کیا ہے؟ ؎

وفا کا اپنی ثبوت کیا دوں یہ میری الفت کی انتہا ہے
کہ جس کو وہ چاہتے ہیں ہمدم میں خیر اس کی منا رہا ہوں

وثانیاً حدیث معلل کا نسخہ صرف علامہ ذہبیؒ اور ابن حبانؒ ہی سے منقول نہیں بلکہ دیگر جلیل القدر محدثینؒ بھی نقل کرتے ہیں چنانچہ شیخ الاسلام حافظ ابن تیمیہؒ لکھتے ہیں وھذا الحدیث معلل عن ائمۃ الحدیث کاحمد وغیرہ من الائمۃ (فتاویٰ جلد ۲ صفحہ ۱۵۰) کہ اس حدیث کو امام احمد بن حنبلؒ وغیرہ دیگر ائمہ حدیث نے معلول قرار دیا ہے۔

اب مبارکپوریؒ صاحب کے نزدیک یہ نسخہ بھی ثابت ہے یا اس کے اثبات کا بھی کوئی اور رنگ ڈھنگ ہوگا؟ (۶) وہم خطاء اور نسیان تو انسان کے خمیر میں داخل ہے ان سے وہی محفوظ رہے گا جس کو خدا تعالیٰ بچائے گا لیکن بلا دلیل علامہ ذہبیؒ جیسے ناقدین فن رجال پر وہم کا الزام سُنانا کون ہے؟ حافظ ابن حجرؒ نے تو یہ کہا ہی تھا لیکن مبارکپوریؒ صاحب بھی اس کے کہنے پر مجبور ہیں۔

الذہبیؒ ہو من اہل استقراء التام فی نقد اسماء الرجال (تحقیق جلد ۱ ص۵ الکاشف۔ تحفۃ
الاحوذی جلد ۲ ص) علامہ ذہبیؒ وہ ہیں جن کو نقد اسماء الرجال میں کامل ملکہ حاصل ہے، جب علامہ ذہبیؒ
کو رواۃ اور رجال کے پرکھنے کی مکمل مہارت حاصل ہے اور ان کے بعد آنے والے جملہ حضرات محدثین
کرامؒ ان پر اس فن میں کلی اعتماد کرتے ہیں، تو ان پر بلاوجہ یہ الزام کیوں عائد کیا جاتا ہے کہ یہ ان کا
وہم ہے؟ بہرحال اگر نافع بن محمودؒ کو بعض محدثینؒ نے ثقہ بھی کہا ہو تب بھی اس کی حدیث معلل
ہو سکتی ہے چنانچہ امام حاکمؒ، سیوطیؒ اور علامہ جزائریؒ اس کی تصریح کرتے ہیں کہ ایسا اوقات ثقہ
راوی کی حدیث بھی معلل ہو سکتی ہے (معرفت علوم الحدیث ص۵۹، تدریب الراوی ص۹۸،
توجیہ النظر ص۲۳۲) اور نواب صدیق حسن خان صاحبؒ لکھتے ہیں کہ صحت سند صحت متن
کو مستلزم نہیں ہے اور یہ محدثینؒ کے نزدیک معروف و مشہور ہے۔ (دلیل الطالب ص۸۱۹)
مبارکپوری صاحبؒ لکھتے ہیں صحت اسناد صحت متن کو مستلزم نہیں ہے (ابکار المنن ص۲۰۲ و
تحفۃ الاحوذی جلد ۱ ص۲۴۲) اور حافظ عبداللہ صاحب روپڑیؒ لکھتے ہیں کیونکہ یہ بات ظاہر ہے
کہ اسناد کے حسن ہونے سے حدیث اس وقت حسن ہو سکتی ہے جب حدیث میں کوئی اور عیب
نہ ہو اور یہاں اور عیب موجود ہے چنانچہ صاحب ابن حجرؒ نے اس کو معلول کہا ہے۔ (ضمیمہ
تنظیم اہل حدیث روپڑ ص۱۶) اور مؤلف خیر الکلام لکھتے ہیں کہ پس اگر ایک متن شاذ ہو یا اس
میں کوئی علت ہو یا ارسال و انقطاع کی صورت ہو تو یہ احادیث اگرچہ اول درجہ کے ثقہ راویوں سے
ہوں پھر بھی ضعیف ہونگی۔ (ص۱۸۴) جب مذکورہ بالا دلائل اور براہین سے یہ بات ثابت ہو گئی
کہ نافع مذکور بدستور مستور ہیں تو نافعؒ کی حدیث کسی طرح بھی فریق ثانی کو نافع نہیں ہو سکتی بعض لوگ
اس غلط فہمی کا شکار ہیں کہ تعدد طرق سے جبر نقصان ہو جائے گا اور حدیث حسن لغیرہ کو پہنچ جائیگی
مگر یہ بھی باطل ہے، چنانچہ نواب صدیق حسن خان صاحبؒ لکھتے ہیں کہ و حدیثے کہ در آں ضعف
از روئے کذب یا ترک یا جہالت راوی آمدہ است ایں چنیں حدیث باوجود تعدد طرق در خور اخذ و
عمل نیست خواہ در احکام باشد خواہ در فضائل اعمال انتہی۔ بلفظہ دلیل الطالب ص۸۸۴) نواب
صاحبؒ کے کلام نے جو درحقیقت کلام الملوک ملوک الکلام کا مصداق ہے یہ بات بالکل آشکارا
کر دی ہے کہ وہ روایات جن میں کذاب، دجال، متروک اور مجہول و مستور راوی ہوں خواہ وہ کتنی

ہی زیادہ کیوں نہ ہوں مگر باوجود تعدد طرق کے نہ تو اثبات احکام کے لیے وہ قابلِ التفات ہو سکتی
ہیں اور نہ فضائل اعمال کے لیے وہ اس قابل ہی نہیں کہ ان کی طرف نگاہ بھی اٹھائی جائے۔ زندہ باد
نواب صاحبؒ۔

چوتھا جواب یہ حدیث مضطرب ہے

کیونکہ مکحولؒ جو لیس بالمتین ہیں سند میں گڑبڑ کرتے ہیں کبھی وہ تو براہ راست حضرت عبادہؓ
بن صامت سے روایت کرتے ہیں (دارقطنی جلد ۱ صفحہ ۱۲۱ وکتاب القراءۃ صفحہ ۴۹) اور کبھی نافعؒ بن
محمودؓ بن ربیع کے واسطہ سے (ابوداؤد جلد ۱ صفحہ ۱۱۹ وکتاب القراءۃ صفحہ ۴۳) اور کبھی محمودؓ بن ربیع عن
ابی نعیم عن عبادہؓ کے واسطے سے (مستدرک جلد ۱ صفحہ ۲۳۸) اور کبھی نافعؒ بن محمودؒ عن محمودؓ عن عبادہؓ
کے طریق سے (اصابہ جلد ۱ صفحہ ۴۶) اور کبھی رجاء بن حیوۃؒ عن محمودؓ بن ربیع عن عبادہؓ کے طریق سے
(ایضاً) مؤلف خیر الکلام نے لکھا ہے کہ ممکن ہے کہ مکحولؒ اور نافعؒ کی روایت بالواسطہ اور بلاواسطہ دونوں
طریق سے ہو (محصلہ صفحہ ۲۳۸) الجواب: ممکن تو ہے مگر کسی صحیح سند سے اس کا اثبات ضروری
ہے جو ندارد۔ اور پھر ابو نعیمؒ میں بھی اختلاف ہے امام حاکمؒ کہتے ہیں کہ یہ وہبؒ بن کیسانؒ
تھے (مستدرک جلد ۱ صفحہ ۲۳۸) اور امام ابوداؤدؒ اور دارقطنیؒ کہتے ہیں کہ یہ ابو نعیم مؤذن تھے جلد ۱ صفحہ ۲۲۱
مؤلف خیر الکلام لکھتے ہیں کہ ابو نعیمؒ کے ذکر میں راوی نے غلطی کی ہے (صفحہ ۲۳۸)

الجواب: بس اسی طرح کی غلطی بعض شامی راویوں نے کر ڈالی ہے کہ موقوف کو مرفوع سے
خلط ملط کر دیا ہے قول اور فہم حضرت عبادہؓ کا تھا اور بنا حدیث ڈالی ہے۔ راقم کہتا ہے کہ ابو نعیم
محمودؓ بن ربیع کی بھی کنیت تھی (تہذیب التہذیب جلد ۱۰ صفحہ ۶۳) حافظ ابن حجرؒ نے اصابہ جلد ۳ صفحہ ۳۸۶
میں بقول مؤلف خیر الکلام محمود کی کنیت ابو محمد بتائی ہے اور اس کو صحیح کہا ہے مگر اختلاف کی نفی
تو نہیں کی جس روایت کی سند میں ایسا کھلا اضطراب ہو وہ کیونکر قابلِ احتجاج ہو سکتی ہے؟
(الجوہر النقی جلد ۲ صفحہ ۱۶۴ وبذل المجہود جلد ۲ صفحہ ۵۶ وفتح الملہم جلد ۲ صفحہ ۲۶ وغیرہ) نواب صاحبؒ
لکھتے ہیں کہ حدیث کا مضطرب ہونا اکثر اہل علم کے نزدیک حدیث کے مجروح اور کمزور ہونے
کا سبب ہے (دلیل الطالب صفحہ ۴۱۸) اور دوسری جگہ لکھتے ہیں کہ ضعیف حدیث کی قسموں میں
سے ایک حدیث مضطرب بھی ہے (ایضاً صفحہ ۸۸۲) اور مولانا مبارکپوری صاحبؒ بھی دیگر

حضرات محدثین کرامؒ کی طرح اس قاعدہ اور ضابطہ کو صحیح تسلیم کرتے ہیں کہ حدیث مضطرب قابلِ احتجاج نہیں ہو سکتی (دیکھئے تحقیق الکلام جلد ۲ صٓک وغیرہ)

اعتراض:۔ مبارکپوری صاحبؒ لکھتے ہیں کہ محض اختلاف کی وجہ سے اضطراب نہیں ہوتا اضطراب کے لیے دو شرطیں ہیں اور یہاں وہ دونوں مفقود ہیں (۱) اختلاف کے وجوہ برابر ہوں (۲) اختلاف کا جمع کرنا متعذر ہو اور یہاں جمع کرنا متعذر نہیں ہے کیونکہ جب حدیث کے مسند اور مرسل ہونے کا اختلاف ہو تو حدیث مسند ہی ہوگی؟ لہذا اضطراب کیسے؟ (ابکار ص۱۲۶ اور مؤلف خیر الکلام نے بھی یہی کچھ کہا ہے ص ۲۳۸/۲۲۹)۔

جواب:۔ مبارکپوری صاحبؒ کا یہ ارشاد بھی صرف دفع الوقتی ہے اور یہ دونوں شقیں باطل ہیں پہلی تو اس لیے کہ طرفین کے نزدیک ان روایتوں کے وجوہ برابر ہیں، مبارکپوری صاحبؒ اور ان کی جماعت کے نزدیک تو ماشاء اللہ تعالیٰ محمدؒ بن اسحاق مکحولؒ نافعؒ اور دیگر جو راوی ان کی متابعات میں پیش کیے گئے ہیں سب ثقہ اور قابلِ اعتماد ہیں ورنہ وہ ان کی روایتوں سے ہرگز استدلال نہ کرتے وہ ان روات میں سے کس کو راجح اور کس کو مرجوح اور کس کو ثقہ اور ضعیف کہیں گے؟ اور ہمارے نزدیک بھی وہ ضعیف اور کمزور اور غیر معتبر ہونے میں برابر ہیں یہ الگ بات ہے کہ ان میں کوئی کذاب ہے اور کوئی دجال، کوئی مجہول ہے اور کوئی متروک کوئی لیس بالمتین ہے اور کوئی ضعیف اور ہمارے نزدیک بھی کسی کو کسی پر ترجیح نہیں ہے لہذا باتفاق فریقین وجوہ برابر ہیں اور حدیث یقیناً مضطرب ہے اس میں شک نہیں مؤلف خیر الکلام لکھتے ہیں کہ ترجیح بعض دفعہ خارجی امور سے بھی ہوتی ہے الخ (ص ۲۴۰) مگر اس وقت جب روایتیں صحت میں برابر ہوں ضعیف روایات میں تطبیق کی کیا ضرورت ہے؟ اور دوسری شق اس لیے مردود ہے کہ اگرچہ یہ صحیح ہے کہ جب حدیث کے مسند اور مرسل ہونے کا جھگڑا ہو تو حدیث مسند ہی ہوگی لیکن اس کے لیے اصولی اور بنیادی شرط یہ بھی تو ہے کہ رفع کرنے والا راوی ثقہ ہو اور اس کی سند صحیح ہو اور ان پیش کردہ روایات میں کوئی سند بھی صحیح نہیں ہے اور راوی کوئی کذاب و دجال ہے اور کوئی مجہول و متروک کوئی مدلس ہے اور کوئی غیر معتبر، اندریں حالات ان روایت کو صحیح قرار دینا نہ صرف یہ کہ تعصب پر مبنی ہے بلکہ انصاف کا بھی خون کرنا ہے۔

پانچواں جواب یہ روایت مرفوع نہیں بلکہ موقوف ہے۔

یہ روایت خلف الامام کی قید سے موقوف ہے چنانچہ شیخ الاسلام ابن تیمیہؒ لکھتے ہیں:

وضعفه ثابت بوجوہ وانما هو قول عبادة رض بن الصامت (تنوع العبادات ص۸۶)

کہ یہ حدیث کئی وجوہ سے ضعیف اور معلول ہے اور یہ مرفوع بھی نہیں بلکہ حضرت عبادہؓ بن الصامت کا قول ہے۔

اور دوسرے مقام پر لکھتے ہیں کہ:

وهذا الحديث معلل عن ائمة الحديث كاحمد وغيره من الائمة وقد بسط الكلام على ضعفه في غير هذا الموضع وبين ان الحديث الصحيح قول رسول الله صلى الله عليه وسلم لا صلوة الا بام القران فهذا هو الذي اخرجاه في الصحيح ورواه الزهري عن محمود بن الربيع عن عبادةؓ اما الحديث فغلط فيه بعض الشاميين واصله ان عبادةؓ كان يوما في بيت المقدس فقال هذا فاشتبه عليهم المرفوع بالموقوف على عبادة اھ

(فتاوی جلد ۲ ص۱۴۱)

اس حدیث کو امام احمدؒ بن حنبلؒ وغیرہ ائمہ حدیث نے معلول قرار دیا ہے اور کسی دوسرے مقام میں نہایت شرح و بسط کے ساتھ اسکا ضعف بیان کیا گیا ہے اور اس کی وضاحت کی گئی ہے کہ آنحضرت صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کی صحیح حدیث جو بخاری و مسلم میں موجود ہے اور جس کو امام زہریؒ محمودؒ بن ربیع کے طریق سے حضرت عبادہؓ سے روایت کرتے ہیں صرف یہ ہے کہ سورۃ فاتحہ کے بغیر نماز نہیں ہوتی رہی یہ حدیث جس میں خلف الامام کی زیادت ہے تو اس میں بعض شامی راویوں کی غلطی شامل ہے وہ یہ کہ حضرت عبادہؓ بن الصامت نے ایک دن بیت المقدس میں یہ حدیث بیان کی اور اپنا قول خلف الامام کی قید والا بھی انہوں نے بیان کیا سو راویوں پر مرفوع حدیث اور موقوف قول مشتبہ اور خلط ملط ہو گیا۔

شیخ الاسلام کی یہ عبارت نص صریح ہے کہ کمزور ضعیف اور لیس بالمتین قسم کے راویوں نے حضرت عبادہؓ بن الصامت کے موقوف قول کو جناب رسول خدا صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کی مرفوع حدیث میں ملا دیا ہے حالانکہ مرفوع حدیث میں خلف الامام کا ذکر تک نہیں ہے۔ القصہ خلف الامام کی قید سے روایت مرفوع نہیں بلکہ یہ غلط کار راویوں کی کرم فرمائی ہے۔ اور اسی کے بل بوتے پر فریق ثانی چیلنج کرتا ہے مؤلف خیر الکلام لکھتے ہیں کہ شیخ الاسلامؒ کے اس حدیث کو معلل کہنے کی وجہ ان کے خیال میں مکحولؒ کا تفرد ہے اور مرفوع و موقوف میں کوئی تعارض

نہیں مرفوع کو ترجیح ہوتی ہے خود بعض حنفیہ کو اس کا اقرار ہے (محصلہ ص۲۴) الجواب: شیخ الاسلامؒ تفرد کی وجہ سے نہیں بلکہ اس راوی کی کھلی غلطی کی وجہ سے اس حدیث کو معلل کہتے ہیں اور مرفوع کو موقوف پر وہاں پر ترجیح ہوتی ہے جہاں مرفوع کی سند بھی صحیح ہو اور یہاں بخاریؒ وغیرہ کی روایت کو وہ صحیح اور خلف الامام والی کو معلول قرار دے رہے ہیں۔

چھٹا جواب اِلَّا بِاُمِّ القرآن کی استثنا ضعیف ہے

جن حدیثوں میں خلف الامام اور اِلَّا بام القرآن وغیرہ کی زیادت مروی ہے اور جو نقل کی جا چکی ہیں ان کی روایتی حقیقت تو آپ کو معلوم ہو چکی ہے ان کے اعادہ کی ضرورت نہیں ہے بقیہ کا حال سُن لیجئے، ایک روایت حضرت ابو قتادہؓ سے مرفوعاً مروی ہے جس میں الا بام القرآن کی استثنا مذکور ہے لیکن علامہ ہیثمیؒ لکھتے ہیں فیه رجل لم یسم (مجمع الزوائد جلد ۲ ص۱۱۱) کہ اس میں مجہول راوی ہے۔ ایک مرفوع روایت حضرت عبد اللہؓ بن عمروؓ سے مروی ہے اور اس میں بھی الا بام القرآن کی زیادت مروی ہے لیکن سند میں مسلمہؒ بن علیؒ ہے جو ضعیف ہے (مجمع الزوائد جلد ۲ ص۱۱۱) امام ابن معینؒ اور دحیمؒ اس کو لیس بشئی کہتے ہیں امام بخاریؒ اور ابو زرعہؒ منکر الحدیث کہتے ہیں، ابن حبانؒ اس کو ضعیف الحدیث اور منکر الحدیث کہتے ہیں، جوزقانیؒ یعقوبؒ بن سفیانؒ، نسائی، دارقطنیؒ اور برقانیؒ سب اس کو متروک الحدیث کہتے ہیں ابو علی نیشاپوریؒ، ابن عدیؒ اور ابن یونسؒ سب اس کو ضعیف کہتے ہیں۔ ابو احمد حاکمؒ اس کو ذاہب الحدیث کہتے ہیں ازدیؒ ابن المنادیؒ، ساجیؒ، ابوداؤدؒ، اور حاکمؒ تمام اس کی تضعیف کرتے ہیں اور لکھا ہے کہ یہ منکر اور جعلی دمن گھڑت روایتیں بیان کیا کرتا تھا۔ (تہذیب التہذیب جلد ۱ ص ۱۴۶/۱۴۷) ایک روایت اسی مضمون کی معجم صغیر طبرانی ص۱۳۳ میں آتی ہے لیکن سند میں عبد اللہؒ بن لہیعہؒ ہے جس کا ذکر بحث خداج میں ہو چکا ہے اسی مضمون کی ایک روایت جزء القراۃ ص۱۴ کتاب القراۃ ص۴۶، ص۵۳ اور تحقیق الکلام جلد ۱ ص۹۳ میں ہے لیکن اس کی سند میں عمروؒ بن شعیبؒ الخ کے علاوہ عکرمہؒ بن عمارؒ ہے ابن حجرؒ ان کو غلط کار بتاتے ہیں (تقریب ص۲۶۸) امام احمدؒ اس کو ضعیف الحدیث کہتے ہیں۔ (میزان جلد ۲ ص۲۰۷) ایک روایت یہ پیش کی گئی ہے کہ حضرت جابرؓ نے فرمایا میں نے آنحضرت صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کے پیچھے قرأت کی آپ نے فرمایا اے جابرؓ اپنے پروردگار کو سناؤ مجھے نہ سناؤ

اولاً تو اس روایت میں اِلّا بِاُمّ القرآن کی استثناء مذکور نہیں ہے وثانیاً علامہ ہیثمیؒ لکھتے ہیں کہ اس کی سند میں عبداللہؓ بن جہرۃ مجہول ہے لم احد من ذکرہ (مجمع الزوائد جلد ۲ صلا) اس کا ذکر مجھے کہیں نہیں مل سکا الغرض الا بام القرآن کی استثناء کسی صحیح سند سے ثابت نہیں ہے چنانچہ امام الجرح والتعدیل امام ابن معینؒ فرماتے ہیں کہ الا بام القرآن کی استثناء کسی بھی صحیح حدیث سے ثابت نہیں ہے (حاشیہ نسائی جلد ۱ صنا ۱۰ و اعلاء السنن جلد ۴ صنا ۱۰) الحاصل صحیح روایت صرف وہی ہے جو بخاری اور مسلم وغیرہ میں موجود ہے جس میں نہ تو خلف الامام کا ذکر ہے اور نہ خلف الامام کے بعد الا بام القرآن کا پیوند موجود ہے، ہاں اس کے دیگر طرق میں فصاعداً ماتیسر اور ما زاد کی زیادت بسند صحیح موجود ہے اور یہ ضعیف، کمزور اور لیس بالمتین قسم کے راویوں کی کارستانی ہے کہ وہ کبھی تو الا بام القرآن کا اضافہ کر دیتے ہیں اور کبھی خلف الامام کا پنچر ساتھ لگا دیتے ہیں بخلاف ثقہ ثابت اور حجت قسم کے راویوں کے کہ وہ پوری دیانت اور صداقت کے ساتھ مرفوع روایت کو اس طرح نقل کرتے ہیں:۔

کل صلوٰۃ لا یقرأ فیہا بام الکتاب فہی خداج الا خلف امام (کمامرّ مفصلاً)	کہ ہر وہ نماز جس میں سورۃ فاتحہ نہ پڑھی جائے تو وہ ناقص ہوتی ہے ہاں البتہ وہ نماز جو امام کے پیچھے پڑھی جائے۔

ساتواں جواب لفظ خلف امام مدرج ہے

شیخ الاسلام ابن تیمیہؒ کے حوالہ سے پہلے نقل کیا جا چکا ہے کہ خلف الامام کا جملہ جناب رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کا فرمان نہیں بلکہ یہ حضرت عبادہؓ بن الصامت کا قول ہے اور بعض غلط کار راویوں نے اس کو مرفوع حدیث میں درج کر دیا ہے حضرت مولانا خلیل احمد صاحبؒ سہارنپوری (المتوفی ۱۳۴۶ھ) فرماتے ہیں کہ خلف الامام کا لفظ شاذ ہے کیونکہ ثقات محدثینؒ اس کو نقل نہیں کرتے امام بیہقیؒ وغیرہ نے گو اس حدیث کے صحیح ہونے کا دعویٰ کیا ہے، اور اس کے اثبات کیلئے ہاتھ پاؤں بھی مارے ہیں صفدر) مگر یہ زیادت بہرحال ضعیف ہے (بذل المجہود جلد ۲ صـ ۵۵) حضرت مولانا سید محمد انور شاہ صاحبؒ لکھتے ہیں کہ لفظ خلف الامام یقیناً اور قطعاً مدرج ہے اگر کوئی شخص اس کے مدرج ہونے پر قسم کھا لے تو وہ ہرگز حانث نہ ہوگا (فصل الخطاب صـ ۹۶) مؤلف خیر الکلام کا اس دعوائے ادراج کو صریح جھوٹ کہنا (ملاحظہ ہو صـ ۲۴۹) نرا تعصب ہے جو قطعاً مردود ہے شیخ الاسلامؒ کی عبارت پہلے گذر چکی ہے اور

اس پر ائمہ حدیث کے ٹھوس دلائل قائم کیے ہیں نرے احتمال سے ادراج کا دعویٰ نہیں ہے۔ اور حافظ
ابن حجرؒ کے حوالے کہ محض احتمال سے ادراج ثابت نہیں ہو سکتا بالکل صحیح ہیں مگر یہ ادراج احتمال سے
نہیں بلکہ دلائل سے ثابت ہے۔ بفریق ثانی کے نزدیک زہریؒ بھی اپنا قول حدیث میں ملا دیا کرتے تھے
شاید کہ خلف الامام کا لفظ انہوں نے ملا دیا ہو اور بقول شیخ الاسلامؒ شامی راویوں کی غلطی بھی کوئی مخفی بات
نہیں اور کیا بعید ہے کہ یہ محمدؒ بن اسحاق جیسے دجال اور کذاب کا ہی کرشمہ ہو اور محمد بن یحییٰ الصفارؒ پر کس نے
یہ پابندی عائد کی ہے کہ وہ اس زیادت کو بطور تفقہ کے استاد محترم کی طرح اس حدیث میں مدرج
نہ کر سکیں۔ بہرحال کوئی بھی اس کا مرتکب ہوا ہو یہ یقینی بات ہے کہ خلف الامام کا لفظ مدرج ہے
اور اقرب یہ ہے کہ قرین قیاس یہ ہے کہ یہ مکحولؒ کا مدرج ہے کیونکہ محدثین کی ایک جماعت ان میں کلام
کرتی ہے اور وہ لیس بالمتین بھی تھے اور مکحولؒ کا شامی ہونا اظہر من الشمس ہے اور بظاہر شیخ
الاسلامؒ کی عبارت کا رخ بھی انہیں کی طرف ہے اور یہ قرین انصاف بھی ہے اس لیے کہ امام زہریؒ
سے ثقات اور حفاظ کی ایک جماعت یہ روایت نقل کرتی ہے اور ان کی روایت میں خلف الامام کا
لفظ نہیں لیکن جب مکحولؒ روایت کرتے ہیں تو اس میں خلف الامام کا پیوند بھی ساتھ ہی ملتا ہے۔
اب آپ نہایت اختصار کے ساتھ اجمالی طور پر ان راویوں کا ذکر سن لیں جو امام زہریؒ سے روایت
کرتے ہیں مگر خلف الامام کا پیوند ساتھ نہیں ملاتے۔

(۱) امام سفیانؒ بن عیینہؒ (مسلم جلد ۱ ص۱۶۹ و ابوعوانہ جلد ۲ ص۱۲۴ و جزء القراءۃ ص[illegible]) (۲)
امام یونسؒ (مسلم و ابوعوانہ جلد ۲ ص۱۲۵) (۳) امام صالحؒ (مسلم، ابوعوانہ ص۱۲۴) (۴)
امام معمرؒ (مسلم جلد ۱ ص۱۶۹ و ابوعوانہ جلد ۲ ص۱۲۴) (۵) امام مالکؒ (موطا ص[illegible] و جزء القراءۃ
ص۲۳ و [illegible]) (۶) امام ابن جریجؒ (کتاب القراءۃ ص[illegible]) (۷) امام لیثؒ بن سعدؒ (جزء القراءۃ ص[illegible])
(۸) امام قرۃؒ بن عبدالرحمٰنؒ (کتاب القراءۃ ص[illegible]) (۹) امام عقیلؒ (ایضاً) (۱۰) امام اسحاقؒ بن عبدالرحمٰن
مدنیؒ (ایضاً) (۱۱) امام اوزاعیؒ (ایضاً) (۱۲) امام شعیبؒ بن ابی حمزہؒ (ایضاً) (۱۳) امام موسیٰؒ بن عقبہؒ
(معجم صغیر طبرانی ص[illegible]) (۱۴) امام عثمانؒ بن عمرؒ (مسند ابو یعلیٰ [illegible] و کتاب القراءۃ ص[illegible]) وغیرہ وغیرہ
یہ تمام جلیل القدر حفاظ امام زہریؒ سے یہ روایت نقل کرتے ہیں لیکن ان میں کوئی بھی خلف الامام
کا ذکر نہیں کرتا اور جب مکحولؒ اور ابن اسحاقؒ اور ضعیف [illegible] لیس بالمتین راویوں کی

[illegible]

باری آتی ہے تو ان کی روایت میں خلف الامام کا پیوند اور پیچڑ بھی ساتھ ہی ملتا ہے اگر ابن اسحاق وغیرہ
ثقہ اور ثبت ہوتے تو ان کی یہ زیادت قابل قبول ہوتی اور سب کا اس پر عمل ہوتا مگر ان حالات میں جن کا مفصل ذکر ہو چکا ہے
کہ وہ ضعیف اور لیس بالمتین ہیں اس زیادت کی کیا وقعت باقی رہ جاتی ہے ؟ اور اس کو سننے کے
لیے کون آمادہ ہے ؟ امام بیہقیؒ لکھتے ہیں کہ محدث ابن خزیمہؒ کا بیان ہے کہ اگر کوئی ثقہ اور حافظ راوی
زیادت بیان کرے اور دیگر ثقات حفاظ اور متقنین نے وہ بیان نہ کی ہو تو ہم ایسی زیادت کا انکار نہیں
کرتے لیکن اگر کوئی ایسا راوی زیادت نقل کرتا ہو جو حفظ و اتقان میں ان حفاظ اور ثقات کا ہم پلہ نہ ہو
تو اس کی زیادت قبول نہیں کی جا سکتی (کتاب القرأۃ ص۹۵) خیر یہ تو عام ثقات کی زیادت کا ذکر
ہوا امام زہریؒ کی روایت میں زیادت کا ضابطہ بھی سن لیجیے جو حضرت امام مسلمؒ نے اپنی صحیح کے مقدمہ
میں بیان کیا ہے چنانچہ وہ لکھتے ہیں کہ حضرات محدثین کرامؒ کا زیادت کے بارے میں مسلک یہ ہے
کہ اگر چند ثقات اور حفاظ کسی حدیث کو بیان کریں پھر ان ہی ثقات میں کوئی ثقہ زیادت نقل کرے
جو دوسروں کے پاس نہیں ہے تو یہ زیادت قابل قبول ہوگی لیکن اگر کوئی راوی امام زہریؒ جیسے
امام سے جن کے بکثرت تلامذہ موجود ہیں اور حفاظ اور متقنین بھی ہیں یا ہشام بن عروہؒ جیسے امام سے
ان کی مروی حدیث میں کوئی ایسی زیادت نقل کرے جو ان کے تمام دیگر ثقات تلامذہ بیان نہیں
کرتے اور ان کی یہ حدیث بھی اہل علم کے ہاں مشہور و معروف ہو اور زیادت نقل کرنے والا ان ثقات
کے ساتھ شریک بھی نہ ہو۔ فغیر جائز قبول ھذا الضرب من الناس (مقدمہ مسلم
جلد ۱ ص۵) تو اس قسم کے راویوں کی زیادت ہرگز جائز نہیں ہے کہ قبول کی جائے اندریں حالات
امام زہریؒ کی حدیث میں محمدؒ بن اسحاقؒ، مکحولؒ اور نافعؒ وغیرہ کذاب و دجال ضعیف و کمزور مجہول
مستور مدلس اور لیس بالمتین وغیرہ کی زیادت کون قبول کرتا ہے ؟ اس پوری تشریح کے بعد
مزید کسی بحث کی ضرورت تو نہیں لیکن ایک شبہ کا ازالہ ضروری ہے وہ یہ کہ مبارک پوریؒ صاحب
حضرت عبادۃؓ بن الصامت کی روایت (بزیادت لفظ خلف الامام) کی تصحیح اور تحسین کا یہ ثبوت
پیش کرتے ہیں کہ امام ترمذیؒ نے اس حدیث کی تحسین کی ہے امام حاکمؒ اور دارقطنیؒ اس کی تصحیح کرتے
ہیں امام خطابیؒ فرماتے ہیں کہ اس کی سند جید ہے اور اس میں کوئی طعن نہیں ہے لا مطعن فیہ
مولانا محمد عبدالحئی صاحب لکھنویؒ لکھتے ہیں اس کی سند قوی ہے اس لیے یہ حدیث صحیح اور حسن ہے

(مصنفہ ایکار المنن وغیرہ ص۱۲۳) اگر اس سند کے راوی ثقہ ہوتے یا ان میں معمولی کلام اور جرح ہوتی یا ائمہ جرح و تعدیل میں اکثریت نے ان کی توثیق کی ہوتی اور یہ اکابر اس سند کو صحیح حسن جید اور قوی کہتے تو سر اور آنکھوں پر ان کی بات حجت تھی مگر اس کو کیا کیا جائے کہ کذاب و دجال قسم کے راوی اس میں موجود ہیں اور بتصریح حضرات محدثین احکام و سنن میں ان کی روایت حجت ہی نہیں ہو سکتی اور اس سند کی کڑی میں مجہول و مستور اور لیس بالمتین قسم کے اور راوی بھی ساتھ شریک ہو جائیں تو اس سند میں کیا قوت باقی رہ جاتی ہے؟ خصوصاً جب کہ تصحیح اور تحسین کرنے والے متساہل بھی ہوں۔

امام ترمذیؒ کی تحسین:۔ علامہ ذہبیؒ ایک جگہ لکھتے ہیں کہ اس مقام میں امام ترمذیؒ نے اس حدیث کی تحسین کی ہے لیکن اچھا نہیں کیا (تہذیب التہذیب جلد ۲ ص۱۲۱) اسی طرح ابوغالبؒ کی حدیث کی امام ترمذیؒ نے تصحیح کی ہے علامہ ذہبیؒ لکھتے ہیں کہ امام نسائیؒ اس کو ضعیف کہتے ہیں اور ابن حبانؒ کہتے ہیں کہ اس سے احتجاج ہی صحیح نہیں ہے (القول جلد ا ص۲۲۱) حافظ ابن القیمؒ لکھتے ہیں کہ کثیرؒ بن عبداللہؒ کی حدیث پر امام احمدؒ نے قلم پھیر دیا تھا اور یہ فرماتے تھے کہ وہ محض ہیچ ہے لیکن امام ترمذیؒ کبھی اس کی حدیث کی تصحیح کرتے ہیں اور کبھی تحسین (زاد المعاد جلد ا ص۱۴۳) مولانا شمس الحق صاحبؒ لکھتے ہیں کہ اس حدیث میں امام ترمذیؒ کی تصحیح و تحسین پر کسی نے ان سے اتفاق نہیں کیا (تعلیق المغنی جلد ا ص۲۲۱) شیخ الاسلامؒ لکھتے ہیں کہ محدثین امام ترمذیؒ کی تصحیح پر اعتماد نہیں کرتے (فتح الملہم جلد ۲ ص۲۳۰) آثار متبوعہ میں (جو ایک غیر مقلد عالم کی تالیف ہے) لکھا ہے رہی تصحیح و تحسین تو امام ترمذیؒ اس میں متساہل ہیں (بحوالہ انوار مرقوم) مبارکپوری صاحبؒ لکھتے ہیں کہ امام ترمذیؒ کی تحسین پر کوئی اعتبار نہیں کیونکہ وہ متساہل تھے (تحفۃ الاحوذی جلد ا ص۲۰۳ و ص۲۲ و ص۲۷۸ و ص۳۲۹ و ابکار المنن ص۴۱ و ص۲۳۶ اور یہ عبارت ابکار ص۲۰۲ کی ہے اور دوسرے مقام پر لکھتے ہیں کہ اگرچہ امام ترمذیؒ نے اس حدیث کی تصحیح کی ہے لیکن ان کی تصحیح میں کلام ہے۔ (ابکار المنن ص۲۰۵) امام ترمذیؒ کی تصحیح قابل تنقید ہے کیونکہ وہ معصوم نہیں الخ ص۲۴۲)

امام حاکمؒ کی تصحیح :۔ علامہ ذہبیؒ لکھتے ہیں کہ امام حاکمؒ مستدرک میں موضوع اور جعلی حدیثوں تک کی تصحیح کر جاتے ہیں (تذکرہ جلد ۳ ص۲۳۱) اور دوسرے مقام پر لکھتے ہیں کہ امام حاکمؒ ساقط الاعتبار حدیثوں کی بھی تصحیح کر جاتے ہیں (میزان جلد ۳ ص۸۵) شیخ الاسلام ابن تیمیہؒ لکھتے ہیں کہ امام حاکمؒ موضوع اور جعلی حدیثوں کی بھی تصحیح کر جاتے ہیں (کتاب التوسل ص۱۰۱) علامہ ابن رجبؒ کہتے ہیں کہ امام حاکمؒ

کثیر الغلط تھے ان کے قول سے گریز کرنا چاہیے (مقدمہ زیلعی ص۱۱) نواب صدیق حسن خان صاحب لکھتے ہیں کہ تصحیح حاکم پیش علماء حدیث بدون شہادت دیگر ائمہ فن لیس بشیء است (دلیل الطالب ۶)۔ مبارکپوری صاحب ایک مقام پر لکھتے ہیں کہ حاکم کی تصحیح میں کلام ہے (ابکار ص۱۲) اور دوسرے مقام پر لکھتے ہیں کہ امام حاکم کا تساہل علماء فن کے نزدیک معروف و مشہور ہے (ایضاً ۲۳۹) مولف خیر الکلام لکھتے ہیں کہ اسی طرح امام حاکم کی تصحیح بھی قابل تنقید ہے (الخ ص۲۳)

امام دارقطنی کی تصحیح کا بھی چنداں اعتبار نہیں ہے۔ وہ ایک ہی راوی کو کبھی ثقہ اور کبھی ضعیف کہہ دیتے ہیں جیسا کہ پہلے اوپر ذکر کیا جا چکا ہے اور محمد بن اسحاق کے بارے میں تو امام دارقطنی نے یہ فرمایا کہ اس سے احتجاج صحیح نہیں ہے پھر ان کی ایسی تصحیح کا کیا اعتبار ہو سکتا ہے؟ خصوصاً جب کہ جمہور ائمہ جرح و تعدیل دوسری طرف ہوں۔

امام خطابی کا یہ فرمانا کہ اس حدیث کی سند جید ہے محل تعجب ہے۔ محمد بن اسحاق پر اشد جرح موجود ہے مجروح لیس بالمتین اور مدلس تھے، نافع مجہول و مستور ہے۔ حدیث مضطرب ہے بقول خلف الامام یہ حدیث موقوف ہے اور یہ زیادت مدرج ہے اتنی خرابیاں ہوتے ہوئے بھی اگر یہ حدیث جید ہے تو ان کی تصحیح و تضعیف کے بارے میں شاید اصطلاح ہی کوئی الگ اور جداگانہ ہوگی۔ ہاں البتہ امام خطابی کا یہ ارشاد مبنی بر انصاف ہے کہ اس میں طعن نہیں ہے تو مطعن فیہ یہ بالکل صحیح ہے کیونکہ اس میں مطعن نہیں ہے کئی مطاعن ہیں بلکہ یہ گنجینۂ مطاعن ہے جیسا کہ آپ تفصیلاً ملاحظہ کر چکے ہیں۔

مولانا ابو الحسنات محمد عبد الحی صاحب لکھنوی اپنے وقت کے متبحر عالم اور وسیع النظر فقیہ اور محقق تھے لیکن بہر نوع وہ ائمہ جرح و تعدیل میں سے تھے اور نہ بغیر کسی سند کے ان کا کوئی قول معتبر ہو سکتا ہے (دیکھئے مقدمہ زیلعی ص۱۴ وغیرہ) رواۃ کی جرح و تعدیل میں وہ تو صرف ہماری طرح کے ناقل ہیں۔ لہٰذا ان کا یا اس حدیث کو صحیح، حسن، جید اور قوی کہنا کوئی معنی اور پوزیشن نہیں رکھتا اور نہ ان کے کہنے سے کذاب، دجال مجہول و مستور راوی ثقہ ہو سکتے ہیں۔

امام بیہقی نے بھی اس حدیث کی تصحیح کی ہے مگر ان کی یہ تصحیح بھی قابل اعتماد نہیں ہے کیونکہ سند کا حال آپ دیکھ ہی چکے ہیں۔ شیخ الاسلام ابن تیمیہ قاعدہ جلیلہ میں لکھتے ہیں کہ امام بیہقی تعصب سے کام لیتے ہیں اور اپنا موافقات ایسی روایتوں سے احتجاج کرتے ہیں کہ اگر ان کا کوئی مخالف ان سے

استدلال کرے تو اس کی تمام کمزوریاں ظاہر کئے بغیر ان کو چین نہ آتے (دیکھئے بغیۃ الالمعی جلد ۲ ص ۹) امام بیہقیؒ ایک مقام پر صلوٰۃ وتر کے عدم وجوب پر عاصمؒ بن ضمرۃؒ کی روایت سے استدلال کرتے ہیں (سنن الکبریٰ جلد ۲ ص ۸) اور دوسرے مقام پر لکھتے ہیں کہ عاصمؒ بن ضمرۃؒ لیس بالقوی (ایضاً جلد ۲ ص ۱۲۴) اور ایک سند کے متعلق جس میں جواب تیمیؒ ہے لکھتے ہیں رواتہ کلھم ثقات کہ اس کے سب راوی ثقہ ہیں (سنن الکبریٰ جلد ۱ ص ۴) اور دوسرے مقام پر لکھتے ہیں جواب التیمیؒ غیر قوی (جلد ۵ ص ۲۲۵) جواب تیمیؒ قوی نہیں ہے وغیرہ وغیرہ مبارکپوری صاحب لکھتے ہیں:۔ امام بیہقیؒ اگرچہ محدث مشہور ہیں مگر ان کا کوئی قول بلا دلیل معتبر نہیں ہو سکتا (بلفظہ تحقیق الکلام جلد ۲ ص ۴۲) بلاشبہ ان اکابرین کا امت محمدیہ (علی صاحبہا الف الف تحیۃ) پر بہت بڑا احسان ہے کہ انہوں نے قرآن کریم کے علاوہ اپنے پیارے نبی کی پیاری حدیثیں بھی امت تک پہنچائیں اور ساری عمریں اس خدمت میں صرف کر دیں لیکن تحقیق و تفحص کے میدان میں جب قدم آگے بڑھایا تو بسا اوقات کسی راوی اور حدیث کے متعلق ان کو نظریہ بدلنے کی ضرورت محسوس ہوئی اور اپنی سابق رائے کو ترک کرنا پڑا اور کسی موقع پر مقتضائے بشریت فروعی مسائل میں تعصب سے بھی کام لیا گیا ہے لیکن حضرات انبیا کرام علیہم السلام کے بغیر معصوم کون ہے؟ اور تکوینی طور پر بغیر اس تنازع کے احادیث کی چھان بین بھی کہاں ہو سکتی تھی؟ باوجود اس جزوی اور فروعی اختلاف کے ہمارے لیے وہ قابل صد احترام ہیں جہاں انہوں نے سونے کی بوریاں کمائیں مٹھی خاک کی بھی ان میں ڈال دی مگر ہمارے پاس نیکیوں کا کون سا ذخیرہ ہے؟ اس لیے ہمیں اپنے گناہوں میں اضافہ کرنے کی غرض سے چن چن کر ان کی خطائیں اور لغزشیں ملانے کی ہرگز ضرورت نہیں ہے۔

آٹھواں جواب:۔ آپ ملاحظہ کر چکے ہیں کہ خلف الامام کی قید کے ساتھ حضرت عبادۃؓ بن الصامت کی یہ روایت نہ صرف یہ کہ انتہائی درجہ کی ضعیف کمزور اور معلول ہے بلکہ یہ الفاظ ہی مدرج ہیں اور یہ ادراج بھی لیس بالمتین قسم کے راویوں کی غلطی کا شاخسانہ ہے جو بہر حال مردود ہے اندریں حالات اس روایت کے بارے میں مزید کچھ کہنے کی ضرورت نہیں پڑتی لیکن اگر بالفرض یہ روایت صحیح بھی ہو تو اس کا ایسا مطلب اور معنی کیوں نہ کر لیا جائے جو قواعد عربی کے موافق ہو اور ایسا معنی مراد لینے سے صحیح احادیث کے ساتھ تطبیق کی صورت بھی نکل آئے اور صحیح احادیث کی مخالفت لازم نہ آئے اور یہ بات زیادہ قرین انصاف ہے کہ واذا قرا فانصتوا وغیرہ کی صحیح روایات کو اپنے مقام پر رکھا جائے

اور کمزور قسم کی روایات میں مناسب تاویل کر لی جائے نہ یہ کہ کمزور اور معلول روایتوں کو اصل قرار دیا جائے اور صحیح احادیث میں بیجا تاویلات کا دروازہ کھول دیا جائے۔ خلف کا معنیٰ مکانی بھی ہو سکتا ہے اور زمانی بھی خلف الامام کا ثانی معنیٰ مدنظر رکھ کر مطلب یہ ہوگا کہ جس آدمی نے امام کے فارغ ہونے کے بعد اپنی بقیہ رکعات میں سورۂ فاتحہ نہ پڑھی تو اس کی نماز نہ ہوگی اس لحاظ سے یہ روایت مسبوق کے حق میں ہوگی۔ فن حدیث سے تعلق رکھنے والے اس امر سے بخوبی واقف ہیں کہ مختلف احادیث کی آپس میں تطبیق کے لیے بسا اوقات محض فرضی باتیں بھی اختیار کی جاتی ہیں اور یہ معنیٰ تو روزمرہ کے معمولات اور مشاہدات میں ہے کہ امام کے فارغ ہونے کے بعد وہ مقتدی جو مسبوق ہوتا ہے اپنی بقیہ رکعات میں باقاعدہ سورۂ فاتحہ پڑھتا ہے اور کون نمازی ایسا ہوگا جس کے ساتھ کبھی یہ صورت نہ پیش آئی ہو۔ رہا وہ مقتدی جو اوّل سے آخر تک حقیقۃً امام کے پیچھے کھڑا ہو یا حکماً امام کے پیچھے ہو جیسے لاحق وغیرہ تو اس کا مسئلہ ہی الگ ہے اس کو امام کے پیچھے قرأت کرنے کی مطلقاً گنجائش نہیں جس کی پوری تفصیل جلد اوّل میں گذر چکی ہے۔

مؤلف خیر الکلام لکھتے ہیں کہ یہ تاویل راوی حدیث حضرت عبادہؓ کے مسلک کے خلاف ہے اور خود حنفی مسلک میں فراغت امام کے بعد سورۂ فاتحہ کے ساتھ کچھ اور بھی پڑھنے کا حکم ہے یہ تاویل نہیں بلکہ تحریف ہے (محصلہ ص۲۲۶) الجواب (۱) یہ تاویل چونکہ دیگر صحیح روایات کے مطابق ہے اس لیے درست ہے روایت کے مقابلہ میں راوی کی رائے کا کوئی اعتبار نہیں ہوتا اور احناف سورۂ فاتحہ کے علاوہ مزید قرأت کے بھی فراغت کے بعد مسبوق کے لیے قائل ہیں مگر وہ مزید قرأت فصاعداً۔ ما تیسر اور ما زاد وغیرہ سے ثابت ہے اور ہم نے اس کا باقاعدہ (جلد ۱ ص۱۲ طبع اوّل میں) حوالہ دیا ہے جس کو مؤلف مذکور بالکل ہضم کر گئے ہیں لہٰذا یہ بالکل مناسب تاویل ہے چیں بجبیں ہونے کی ضرورت نہیں خلف الامام میں لفظ خلف مکان کے معنیٰ میں مستعمل ہوتا تو فریق ثانی کے نزدیک بھی مسلّم ہے البتہ خلف زمانی محل غور ہو سکتا ہے (۱) اس کی چند مثالیں سن لیں (۱) وَقَدْ خَلَتِ النُّذُرُ مِنْ بَيْنِ يَدَيْهِ وَمِنْ خَلْفِهِ (پ۲۶۔ احقاف ۔ ۳) اور بے شک بہت سے ڈرانے والے حضرت ہود علیہ السلام کے آگے اور ان کے پیچھے گذر چکے ہیں۔ یہاں مِنْ خَلْفِهِ میں خلف زمانی مراد ہے کیونکہ ڈرانے والے پیغمبر حضرت ہود علیہ السلام کے پیچھے صف بندی کر کے کھڑے نہ تھے جیسا کہ ظاہر ہے بلکہ وہ ڈرانے والے رسول اور نبی مراد ہیں جو ان کے زمانہ کے بعد دنیا میں آئے (۲) یتامیٰ کے اموال میں بے اعتدالی کرنے والوں کو

اللہ تعالیٰ اپنا شاہی حکم سناتا ہے لَوْ تَرَکُوْا مِنْ خَلْفِهِمْ ذُرِّيَّةً ضِعَافًا الآیۃ (پ ۴۔ النساء ۱)
یعنی اگر وہ لوگ اپنے پیچھے کمزور اور ضعیف اولاد چھوڑ جاتے اور خود راہیِ ملکِ بقا ہو جاتے تو ان کو اپنی اولاد کی ضرور فکر ہوتی اسی طرح دوسروں کے یتیموں کا خیال بھی کرنا چاہیے اس مقام میں بھی من خلفہم سے خلفِ زمانی مراد ہے کیونکہ اولاد اپنے والدین کی وفات کے بعد دنیا میں اپنے پچھلے بچے دن پورے کر کے اپنی زندگی کا زمانہ گذارتی ہے نہ یہ کہ جس مقام پر والدین ہوتے ہیں وہاں ان کے پیچھے لام بندی کر کے صف آرا ہوتی ہے۔ اسی طرح حضرات شہداء کرامؓ کے بارے میں ارشاد ہوتا ہے۔

وَيَسْتَبْشِرُوْنَ بِالَّذِيْنَ لَمْ يَلْحَقُوْا بِهِمْ مِنْ خَلْفِهِمْ (پ ۴۔ آل عمران ۱۷۰)
اور وہ شہداء خوش وقت ہوتے ہیں ان کے بارے میں جو ان کے پیچھے ہیں اور ابھی ان سے نہیں ملے۔

(۳) آنحضرت صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم چھوٹے چھوٹے لشکروں میں جہاد کے لیے شریک نہ ہونے کی وجہ یہ بیان فرماتے ہیں لولا ان اشق علی امتی ما قعدت خلف سریۃ ولوددت انی اقتل فی سبیل اللہ الحدیث (بخاری جلد ۱ ص ۸ وغیرہ) اگر مجھے یہ خوف نہ ہو کہ میرے شریک ہونے کی وجہ سے امت بھی ضرور شریک ہوگی اور مشقت میں مبتلا ہوگی تو میں کسی چھوٹے لشکر کے پیچھے بھی نہ رہتا اور میں اس کو پسند کرتا ہوں کہ اللہ تعالیٰ کے راستہ میں شہادت پاؤں۔ واضح امر ہے کہ آنحضرت صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم مجاہدین کے لشکروں کو روانہ کر کے جتنا زمانہ وہ جہاد میں مشغول رہتے تھے۔ آپ مدینہ طیبہ میں وہ زمانہ گذارتے تھے نہ یہ کہ آگے مجاہد کھڑے ہوتے تھے اور پیچھے آپ کھڑے ہوتے تھے۔
یہاں بھی خلف زمانی ہے نہ کہ مکانی۔

(۴) آنحضرت صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے ارشاد فرمایا۔

وتسبحون وتحمدون وتکبرون خلف کل صلوٰۃ الحدیث (بخاری جلد ۱ ص ۱۱۶ وابوعوانہ جلد ۲ ص ۲۴۹)
تم ہر (فرضی) نماز سے فارغ ہو کر (۳۳ مرتبہ) سبحان اللہ اور ۳۳ مرتبہ الحمد للہ اور (۳۴ بار) اللہ اکبر کہا کرو۔

اس روایت میں بھی خلف زمانی ہے کیونکہ سبحان اللہ وغیرہ کلمات نماز سے فارغ ہونے کے بعد پڑھنے کا حکم ہے یہ مطلب تو ہرگز نہیں ہے کہ بحالتِ نماز امام کے پیچھے یہ کلمات پڑھنے کی اجازت ہے۔ حافظ ابن حجرؒ اس کا معنی یوں کرتے ہیں ای قال عند الفراغ من الصلوٰۃ (فتح الباری جلد ۲ ص ۲۷۱)

یہ کلمات نماز سے فارغ ہونے کے بعد پڑھنے چاہئیں اور نواب صاحب لکھتے ہیں :- مراد بخلف فریں جا دبر صلاۃ است عقب خروج ازاں (دلیل الطالب ص۲۲۲) (۵) صراح ص۲۲۱ میں لکھا ہے خلف قرنے بعد قرنے یعنی ایک زمانہ کے بعد دوسرا زمانہ (۶) امام ابن جریر طبریؒ مَا بَیْنَ یَدَیْهَا وَمَا خَلْفَهَا کا معنی کرتے ہیں لما قبلها وما بعدها من الامم (تفسیر ابن جریر جلد ۱ ص۲۶۵) یعنی جو قومیں زمانہ کے لحاظ سے پہلے گذر چکیں اور جو بعد کو آئیں گی وعلی ہذا القیاس قاضی بیضاویؒ امام سیوطیؒ اور شاہ عبدالعزیز دہلویؒ (المتوفی ۱۲۳۹ھ) وغیرہ حضرات مفسرین کرامؒ اس آیت میں خلف سے خلف زمانی مراد لیتے ہیں یعنی بعد کو آنے والی قومیں (دیکھئے بیضاوی ص۹۱، جلالین ص۱۲ اور عزیزی جلد ۱ ص۱۹۸ وغیرہ) اور مشہور تابعی ابوالعالیہ الریاحیؒ بھی خلف زمانی ہی مراد لیتے ہیں (بخاری ص۶۴۳) اسی طرح مشہور حدیث کلما هلك نبی خلفه نبی الحدیث (بخاری جلد ۱ ص۴۹۱) اور حدیث من کل خلف عدوله الحدیث (مشکوٰۃ جلد ۱ ص۳۶) وغیرہ میں خلف زمانی کا معنی ہی متعین ہے علاوہ بریں سلف وخلف کا جملہ کس سے مخفی ہے؟ یعنی جو لوگ زمانہ کے لحاظ سے پہلے ہوئے وہ سلف اور جو بعد کو آئے وہ خلف۔ نواب صاحب قاضی شوکانیؒ کو فخر خلف وبقیہ سلف لکھتے ہیں۔ (تقصار ص۸۲) اگر انصاف سے دیکھا جائے تو یہ اور اس قسم کی دیگر مثالیں دیکھ کر یہ قوی وہم پیدا ہو جاتا ہے کہ خلف کا زیادہ تر استعمال خلف زمانی کے معنی میں ہوتا رہا اور ہوتا ہے اس لیے فریق ثانی کا اس حدیث میں لفظ خلف کے خلف مکانی کے معنی ہی میں متعین ہونے پر ضد اور اصرار کرنا اس ضد سے کس طرح بھی کم نہیں ہے جو وہ اس معلول حدیث کے صحیح اور قابل احتجاج ہونے پر کر رہا ہے۔

نواںؒ جواب :- حضرت مولانا عبدالحی صاحب لکھنویؒ فرماتے ہیں کہ:-

فان قیل حدیث عبادةؓ لا تفعلوا الا بام القرآن فانه لا صلوٰة لمن لم یقرأ بها صریح فی الزام الفاتحة علی المؤتم قلنا نعم هو اصرح الروایات التی ذکرتم لکن دلالته علی ما هو مطلوبکم غیر مسلّم اذ الاوضح ودل علی الالزام لو کان لفظه لا تصلوا الا بها

اگر یہ کہا جائے کہ حضرت عبادہؓ کی حدیث کہ تم ام القرآن کے سوا کچھ اور نہ پڑھو اس لیے کہ جس نے سورۃ فاتحہ نہ پڑھی اس کی نماز نہیں ہوتی اس بات میں صریح ہے کہ مقتدی پر سورۃ فاتحہ لازم ہے تو ہم جواب میں کہیں گے کہ ہاں تمہاری پیش کردہ روایات میں سے یہ صریح ہے لیکن تمہارے مطلوب پر اس کی دلالت مسلّم نہیں

القرآن فهو غیر تام لما تقرر فی مقرہ ان الاستثناء عن النهی لا یدل الا علی خروج المستثنی عن حیز المنهی لا علی الزامه و رکنیته او وجوبه وان کان بقوله فانه لا صلوٰۃ الخ فهو لا یدل علی الرکنیۃ کنظائرہ من الاحادیث السابقۃ

(امام الکلام ص۲۴۳)

کیونکہ اگر لازم ہونے پر استدلال لا تفعلوا الا بام القرآن سے ہے تو یہ تام نہیں کیونکہ اپنی جگہ یہ بات ثابت شدہ ہے کہ نہی سے استثناء صرف مستثنیٰ کے منہی کے حیز سے نکلنے پر دلالت کرتی ہے لازم اور رکن ہونے یا وجوب پر دلالت نہیں کرتی اور اگر یہ استدلال لا صلوٰۃ الخ سے ہے تو بھی یہ رکنیت پر دال نہیں جیسا کہ پہلے بیان کی ہوئی اس کی نظائر سے ثابت نہیں ہے۔

یعنی فریق ثانی مقتدی پر سورۃ فاتحہ کا پڑھنا لازم رکن اور ضروری قرار دیتا ہے جبھی تو مقتدی کے سورۃ فاتحہ کے نہ پڑھنے کی صورت میں اس کی نماز کو وہ باطل، بیکار اور کالعدم ٹھہراتا ہے لیکن عربی اور گرامر کے لحاظ سے ان کا مطلب اس حدیث سے ثابت نہیں ہوتا اور نہ ہو سکتا ہے اس لیے کہ نہی کے بعد اگر استثناء آئے تو اس سے صرف اباحت ثابت ہو سکتی ہے اور ظاہر امر ہے کہ ترک مباح کی وجہ سے کسی طرح بھی نماز کا بطلان اور فساد لازم نہیں آتا لہٰذا اس روایت سے نہ تو روایۃً فریق مخالف کا بے بنیاد دعویٰ ثابت ہوتا ہے اور نہ درایۃً اور بحمد اللہ تعالیٰ ہم نے بھی اس کے اس غلو کو توڑنے کے لیے یہ کتاب لکھی ہے ورنہ ایک اختلافی مسئلہ کے سلسلہ میں اتنی کاوش کی ضرورت نہ تھی۔

یہ ہے خلف الامام کی حدیث کا پس منظر جس کے بل بوتے پر فریق ثانی کی طرف سے تمام روئے زمین کے علماء احناف کو کھلا اور انعامی چیلنج کیا جا رہا ہے اگر فریق ثانی گستاخی نہ سمجھے تو ایک جائز قسم کا ورد عرض کرتا ہوں وہ اس کو پڑھا کرے (اور وہ یا شیخ عبد القادر جیلانی شیئاً للہ تعالیٰ کے خالص مشرکانہ ورد سے کوئی تعلق نہیں رکھتا) وہ درود شریف یہ ہے سہ

اے میرے باغ آرزو کیسا ہے باغ ہائے تو
کلیاں تو گو ہیں چار سو کوئی کلی کھلی نہیں

چوتھی روایت :- امام بیہقی رح نے اپنی سند سے یہ روایت نقل کی ہے کہ محمد بن ابی عائشہ آنحضرت صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کے ایک صحابی سے روایت کرتے ہیں وہ کہتے ہیں کہ آنحضرت صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے ارشاد فرمایا :-

لعلکم تقرؤن والامام یقرأ قالوا انا لنفعل قال فلا تفعلوا الا ان یقرأ احدکم بفاتحۃ الکتاب۔

(سنن الکبرٰی جلد ۲ ص ۱۶۶)

شاید تم اس وقت قراءت کیا کرتے ہو جس وقت امام قراءۃ کر رہا ہوتا ہے، حضرات صحابہؓ کرام نے فرمایا ہاں ہم قراءت کیا کرتے ہیں آپ نے فرمایا کہ تم قراءت نہ کیا کرو ہاں مگر یہ کہ سورۃ فاتحہ کی قراءت کر لیا کرو۔

امام بیہقی فرماتے ہیں ھذا اسناد جید کہ اس کی سند جید کھری اور عمدہ ہے

الجواب: معلوم امام بیہقیؒ نے کس طرح اس سند کو جید کہہ دیا ہے کیونکہ اس کی سند میں ابراہیم بن ابی اللیثؒ ہے صالح جزرہؒ کہتے ہیں کہ بیس سال تک وہ جھوٹ کہتا رہا ہے ابن معینؒ فرماتے ہیں کہ وہ ثقہ اور احمق تھا ساجیؒ اس کو متروک کہتے ہیں ابن معینؒ نے بعد کو اسے کذاب اور خبیث کہا ہے سب سے پہلے اس کے جھوٹ کی حقیقت دورقیؒ نے واضح کی تھی یعقوبؒ بن شیبہؒ کہتے ہیں کہ لوگوں نے پہلے اس سے روایتیں لکھی تھیں مگر بعد کو سب نے اسے ترک کر دیا تھا اس میں اتنی جراءت پیدا ہو گئی تھی کہ وہ جعلی اور موضوع حدیثیں بھی بیان کرنے سے گریز نہیں کرتا تھا۔ امام نسائیؒ کہتے ہیں کہ وہ ثقہ نہیں ہے، ابن سعدؒ کہتے ہیں کہ حدیث میں وہ ضعیف سمجھا جاتا ہے (لسان المیزان جلد ۱ ص ۱۳۰ و ۱۳۱) علامہ خطیبؒ لکھتے ہیں کہ ابن معینؒ نے پہلے اس کی توثیق کی تھی لیکن بعد کو جب تحقیق کر لی تو اس کی انتہائی مذمت کی حتیٰ کہ اسے کذاب اور خبیث کہا اور فرمایا خدا تعالیٰ اس کا ستیاناس کرے حدیث میں جھوٹ بولتا ہے۔ امام احمدؒ بن حنبل اور علیؒ بن المدینیؒ پر ابتداً اس کا معاملہ مشکل رہا لیکن بعد کو اس کا جھوٹ واضح ہو گیا اور انہوں نے اس کی روایت کو ترک کر دیا۔ (البغدادی جلد ۶ ص ۱۹۴ و ۱۹۵ ملخصاً) یہ ہے امام بیہقیؒ کی اسناد جید۔ مؤلف خیر الکلام یہ جواب دیتے ہیں کہ کثرت شواہد کی بنا پر سند کو جید کہا ہے (ص ۲۳۸) **الجواب:** اگر اصل روایت میں معمولی ضعف ہوتا تو کثرت شواہد کی بات درست تھی مگر یہاں تو کذاب، خبیث اور رافضی ہے اس کو سہارا دینے کا کیا معنی ہے؟ یہ روایت جزء القراءۃ ص ۱۵ و کتاب القراءۃ ص ۶۵، دارقطنی جلد ۱ ص ۱۲۹، مسند احمد جلد ۴ ص ۲۳۶ وجلد ۵ ص ۶۰ وجلد ۵ ص ۸۱ وغیرہ میں مذکور ہے اور ان کی اسانید میں ابراہیم بن ابی اللیث نہیں لیکن ان تمام میں عن ابی قلابۃ عن انس ہے۔ اور تمام کی اسانید

---

[۱] مؤلف خیر الکلام لکھتے ہیں کہ اس روایت کا مدار سفیان ثوریؒ پر ہے ان سے بہت سے ثقات روایت کرتے ہیں اور شعبہؒ سفیانؒ کے متابع ہیں اور پھر امام بیہقیؒ تصریح کرتے ہیں کہ حدیث صحیح ہے (محصلہ ص ۲۴۸) **الجواب:** مفصل گزر چکا ہے کہ امام سفیان ثوریؒ قراءۃ خلف الامام کے قائل نہ تھے اگر یہ روایت ان کے نزدیک صحیح ہوتی تو اس کے خلاف کیسے ذکر تے باقی حاشیہ ص ۱۲۳ پر

ہیں رجل من اصحاب النبی صلی اللہ علیہ وسلم سے ہے ابو قلابہؒ گو ثقہ تھے مگر غضب کے مدلس تھے علامہ ذہبیؒ لکھتے ہیں۔ مدلس عن من لحقہم وعن من لم یلحقہم (میزان ص ۲۶ ج ۲) ابو قلابہؒ کی جن سے ملاقات ہوئی ہے ان سے بھی اور جن سے نہیں ہوئی ان سے بھی سب تدلیس کرتے ہیں اور مبارکپوری صاحب کے حوالہ سے پہلے نقل کیا جا چکا ہے کہ نہ تو مدلس کا عنعنہ مقبول ہے اور نہ اس کی کوئی روایت اتصال پر محمول کی جا سکتی ہے۔ مؤلف خیر الکلام لکھتے ہیں کہ ابو قلابہؒ پہلے طبقہ کے مدلس ہیں اور محدثین نے ان کی تدلیس کو برداشت کیا ہے (محصلہ ص ۲۷) مگر مؤلف مذکور نے بالکل غور نہیں کیا ابو قلابہؒ جب عمن لم یلحقہم سے بھی تدلیس کرتے ہیں تو پھر کسی طبقہ میں بھی ہوں کیونکر وہ قابل برداشت ہوں گے؟ اس صریح عبارت کو بھی دیکھیں ذرا طبقہ ہی نہ دیکھیں امام نوویؒ حضرت امام شعبہؒ کے حوالہ سے لکھتے ہیں کہ زنا تدلیس سے ہلکا گناہ ہے (الزنا اھون من التدلیس شرح مسلم ص ۱۶ ج ۱) اور مبارکپوری صاحبؒ امام شعبہؒ کے حوالہ سے لکھتے ہیں کہ تدلیس حرام ہے اور مدلس ساقط العدالت ہے (تحفۃ الاحوذی ص ۱۰) ہاں مگر صحیحین میں مدلس ہوں یا قتادہؒ اعمشؒ اور ابو الزبیرؒ محمد بن مسلمؒ وغیرہ کی تدلیس ہو تو وہ قطعاً مضر نہیں ہے کما مر مفصلاً۔ علاوہ بریں رجل من اصحابہ کے بارے میں خود امام بیہقیؒ وغیرہ کے نزدیک کلام ہے۔ امام بیہقیؒ رجل من اصحاب النبی صلی اللہ علیہ وسلم کو مرسل کہتے ہیں (سنن الکبریٰ جلد ۱ ص ۱۹۰) اور دوسرے مقام پر لکھتے ہیں۔ حمید بن عبد الرحمٰن نے جو یہ کہا ہے لقیت رجلاً صحب النبی صلی اللہ علیہ وسلم کہ میں جناب رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کے ایک صحابیؓ سے ملا۔ اس نے صحابی کا نام نہیں بتایا اس لیے یہ روایت مرسل ہو گی۔ (جلد ۱ ص ۱۹۰) ایک حدیث اس مضمون کی آتی ہے کہ قبیلہ بنی عبد الاشہل کی ایک عورت کہتی ہے کہ میں نے جناب رسول خدا صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم سے مسئلہ دریافت کیا الخ امام خطابیؒ لکھتے ہیں کہ یہ عورت مجہول ہے (معالم السنن جلد ۱ ص ۱۱۹) علامہ ابن حزمؒ رجل من اصحاب النبی صلی اللہ علیہ وسلم پر کلام کرتے ہیں اور کہتے ہیں کہ یہ مجہول ہے (محلی ص ۲۱۶ ج ۷ و ص ۳۲۸ ج ۶)

(ص ۱۲۱ کا بقیہ حاشیہ) اور جن دیگر ثقات کا حوالہ دیا ہے ان کی اسانید مذکور ہیں جو اول سے آخر تک صحیح ہوں امام شعبہؒ کے طریق سے جو روایت امام بیہقیؒ نے نقل کر کے اس کی تصحیح کی ہے اس میں وہی خرابی ہے کیونکہ حضرت انسؓ کے طریق کو وہ خود غیر محفوظ کہتے ہیں اور ابو قلابہؒ کی روایت مرسل ہے اور مرسل کو وہ صحیح نہیں مانتے پھر وہ کیونکر صحیح ہے۔

اور اسی کے قریب مسک الختام جلد ا صفحہ ۲۲ میں ہے۔ خلاصہ کلام یہ ہے کہ جب تک صحابی کا نام نہ بتایا جائے گا روایت صحیح نہ ہوگی چنانچہ امام حاکمؒ امام نوویؒ، حافظ ابن حجرؒ اور علامہ جزائریؒ صحیح حدیث کی تعریف یوں کرتے ہیں (واللفظ للحاکم)

وصفة الحديث الصحيح ان يرويه عن النبي صلى الله عليه وسلم صحابي زائل عنه اسم الجهالة (معرفت علوم الحديث ص۶۲ مقدمہ مسلم ص۱۲ شرح نخبۃ الفکر ص۱۲ توجیہ النظر ص۸۱)

صحیح حدیث کی تعریف یہ ہے کہ جناب رسول خدا صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم سے ایسا صحابی روایت کرے جس سے جہالت کا اسم دور ہو (یعنی مجہول نہ ہو)

علامہ عراقیؒ اور محقق جزائریؒ اس کی وجہ یہ بیان کرتے ہیں کہ آنحضرت صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کے زمانہ میں منافق بھی ہوتے تھے اور مرتد بھی جب تک راوی صحابی کا نام نہ بیان کرے اور اس کا صحابی ہونا معلوم ہو جائے تو اس کی روایت قابل قبول نہ ہوگی خواہ وہ راوی عن رجل من الصحابةؓ کہے یا حدثني من سمع النبي صلى الله عليه وسلم کہے (التقييد والايضاح ص۱۲۵ وتوجیہ النظر ص$\frac{۱۶۶}{۲۳۶}$) امام سیوطیؒ ایک وجہ یہ بھی لکھتے ہیں کہ بسا اوقات صحابی کو تابعی اور تابعی کو صحابی سمجھ لینے کی غلطی بھی ہو جاتی ہے۔ جیسا کہ امام محمد بن ربیعؒ نے عبد الرحمن بن غنمؒ کو صحابی سمجھ لیا ہے لیکن علی الاصح (صحیح ترین قول یہ ہے کہ) یہ صحابی نہ تھے (تدریب الراوی ص۲۲۳) اس لیے نام کی ضرورت سمجھی گئی کہ اگر واقعی وہ صحابی ہیں تو الصحابةؓ کلھم عدول کے قاعدہ کے تحت داخل ہوں گے اور اگر وہ دوسری شق میں داخل ہیں تو اختلاط اور اشتباہ سے نجات مل جائے گی اور علامہ صیرفیؒ نے اس کی بھی تصریح کی ہے کہ جب تابعی ایسے ہی رجل من الصحابةؓ سے عنعنہ کرے تو وہ روایت کسی صورت میں قابل قبول نہ ہوگی (تدریب الراوی ص۱۲۲ والایضاح ص۵۸)

لہ اور جو حضرات اس صورت کو صحیح سمجھتے ہیں وہ شرط لگاتے ہیں چنانچہ مؤلف خیر الکلام نے بحوالہ تدریب الراوی ص۱۲۶ لکھا ہے کہ اور جہاں صحابی کا نام مذکور نہ ہو تو وہاں صحیح مذہب یہی ہے کہ اگر سند کا پہلا حصہ صحیح ہو تو حدیث صحیح ہوتی ہے الخ ص۲۷۵ مگر امام بیہقیؒ جس سند کو جید کہتے ہیں اس کا حال آپ دیکھ چکے ہیں اور دوسری اسانید بھی کلام سے خالی نہیں ہیں۔

بہر کیف امام بیہقیؒ وغیرہ کے قاعدہ کے رُو سے فی نفسہٖ یہ روایت قابل حجت نہیں ہے چہ جائیکہ اس کو لے کر تمام
دنیا کو کھلا اور انعامی چیلنج کیا جائے فریق ثانی کو اس بحث کے لیے صحیح روایت تلاش کرنی چاہیے امام بیہقیؒ
لکھتے ہیں ھذا اسناد صحیح لیکن ابو قلابہؒ کی تدلیس کے علاوہ بھی عن رجل من اصحاب الخ کی سند
کو خود امام بیہقیؒ مرسل کہتے ہیں اور پہلے امام بیہقیؒ ہی کے حوالہ سے نقل کیا جا چکا ہے کہ مرسل ضعیف ہوتی
ہے پھر ان کے ہاں اس کی سند کیسے صحیح ہوئی؟ مرسل کو حجت ماننے والے یہ چاہتے ہیں کہ امام بیہقیؒ
وغیرہ اپنے قائم کردہ اصول کی پابندی کریں یہ تھوڑا فائدہ ہے علاوہ بریں الا ان یقرأ احدکم
کے الفاظ صرف اجازت کا پہلو ظاہر کرتے ہیں اور فریق ثانی کا دعویٰ اس سے بہت اونچا ہے وہ
تو ترک قرأت سورۂ فاتحہ کی بنا پر نماز کے ناقص، بیکار، باطل بلکہ کالعدم ہونے کا قائل ہے اور خاص طور
پر یہ بات بھی قابل لحاظ ہے کہ آنحضرت صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے فرمایا فلا تفعلوا الا ان یقرأ احدکم
بفاتحة الکتاب فی نفسہ (جزء القراءة ص ۱۵) تم امام کے پیچھے قرأۃ نہ کیا کرو الا یہ کہ جب تم
میں کوئی تنہا اور اکیلا ہو تو سورۂ فاتحہ پڑھا کرے فی نفسہ کا معنیٰ اکیلا بھی ہو سکتا ہے جس کی تشریح
پہلے کی جا چکی ہے اور اگر انصاف سے کام لیا جائے تو سورۂ فاتحہ کی قرأت کو منفرد سے مقید کرنا چاہیے
اس لیے کہ بعض روایات میں اس کا ذکر آتا ہے کہ آنحضرت صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے نماز سے فارغ
ہونے کے بعد یہ فرمایا تم نے میرے پیچھے قرأت کی ہے؟ جب جواب ملا کہ ہاں تو آپ نے فرمایا جبھی تو میں
نے کہا کہ میرے ساتھ مخالجت، منازعت اور ہاتھا پائی ہو رہی ہے تم اب اندازہ کرو سوال یہ ہے کہ
آپ نے مقتدیوں کو سورۂ فاتحہ پڑھنے کی نہ صرف اجازت دی بلکہ فریق ثانی کے خیال کے مطابق حکم بھی
دیا تو یہ کیسے باور کر لیا جائے کہ جو چیز آپ کی تشویش اور منازعت کا سبب بنی اور آپ نے تحقیق حال
کے لیے حضرات صحابہؓ سے دریافت بھی کیا اور ان کی اس حرکت کو ناپسند کرتے ہوئے ناراضگی کا اظہار
بھی کیا اور پھر اسی چیز کا حکم بھی دے دیا؟ فریق ثانی ہی از راہ انصاف فرمائے کہ بات کیا ہے؟ اور
پہلی جلد میں اس کی پوری صراحت گذر چکی ہے کہ موجب منازعت اور مخالجت نفس قرأت تھی جو
سورۂ فاتحہ وغیرہ سب کو شامل ہے اور یہ قرأت بھی آہستہ کی گئی تھی مگر باوجود اس کے آپ نے

لہ مولوی خیر اللہ اعظم لکھتے ہیں کہ فاتحہ رکن ہے اور ہر نمازی کو یاد ہوتی ہے باقی قرآن اصح مذہب پر رکن نہ واجب (بعض
(ص ۲۵۱) الجواب مذہب کے نزدیک فاتحہ رکن نہیں بلکہ بعض کے نزدیک نفس قرأت رکن ہے اور سب نمازیوں
(بقیہ حاشیہ ص ۱۲۶ پر)

اس کو پسند نہ کیا فریق ثانی کے نزدیک مطلب یہ ہوگا کہ جناب رسول خدا صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے اپنے پیچھے قرأت کرنا پسند بھی کیا اور پسند بھی کیا اس سے منع بھی کیا اور اس کا حکم بھی دیا قرأت سے مخالجت اور منازعت ہوتی بھی ہے اور نہیں بھی ہوتی اس سے نہی بھی ہے اور استثناء بھی ہے حاشا وکلا رسول اور نبی کی شان اس سے بہت اونچی ہے کہ بیک وقت وہ دو متضاد حکم دیں۔ قصہ یہ ہے کہ آپ نے نمازیوں کو مطلقاً قرأتِ قرآن کرنے سے منع کیا ہے اور تنہائی اور حالت انفراد میں سورۃ فاتحہ پڑھنے کا حکم دیا ہے اِلّا ان یقرأ احدکم بفاتحۃ الکتاب فی نفسہ اور چونکہ دیگر صحیح روایات میں فصاعداً فما تیسر اور فما زاد کی زیادت بھی مروی ہے اس لیے منفرد کے لیے سورۃ فاتحہ کے علاوہ کچھ زیادہ بھی پڑھنے کا حکم ہے اور امام کو بین بین نہیں چھوڑا گیا جیسا کہ مؤلف خیر الکلام نے صفحہ ۳۵ میں کہا ہے بلکہ دیگر صحیح روایات میں امام کا فریضہ قرأت بتایا ہے اذا قرأ الحدیث اور قرأۃ الامام الحدیث۔ یہی وہ مطلب اور معنیٰ ہے جس سے منشائے خداوندی اور مراد رسول سمجھ آسکتی ہے اور قرآن کریم، صحیح احادیث، آثار حضرات صحابہ کرامؓ اور جمہور سلفؒ و خلفؒ کی مخالفت بھی لازم نہیں آتی اور یہی صحیح ہے ولیس وراء عبادان قریۃ ؎

تیرے رندوں پہ سارے کھل گئے اسرار دیں ساقی
ہُوا علم الیقیں، عین الیقیں، حق الیقیں ساقی

پانچویں روایت :- مبارکپوری صاحبؒ لکھتے ہیں کہ حضرت انسؓ سے روایت ہے کہ آنحضرت صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے حضرات صحابہؓ کو ایک نماز پڑھائی جب نماز سے فارغ ہوئے اور مقتدیوں کی طرف اپنا رُخِ مبارک پھیرا تو ارشاد فرمایا :-

اتقرأون فی صلاتکم والامام یقرأ فسکتوا فقالہا ثلاث مرات فقال قائل او قائلون — کیا تم امام کے پیچھے قرأت کرتے ہو؟ حضرات صحابہؓ خاموش ہو گئے آپ نے تین مرتبہ یہی سوال کیا ایک نے یا کئی آدمیوں نے

بقیہ حاشیہ ۱۲۵ کا

کہ سورۃ اخلاص وغیرہ کوئی اور سورت بھی اکثر یاد ہوتی ہے اور مازاد علی الفاتحہ کے وجوب کے دلائل بھی گذر چکے ہیں اس لیے فاتحہ کی تخصیص کی یہ وجہ قابلِ قبول نہیں ہے۔ منازعت اور قرأت کی فرضی تقسیم اور پھر فاتحہ کو منازعت سے مستثنیٰ کرنا جیسا کہ مؤلف مذکور نے کیا ہے محض طفل تسلی ہے۔

انا لنفعل قال فلا تفعلوا و لیقرأ احدکم بفاتحۃ الکتاب فی نفسہ (جزء القرأۃ ص۵۸ کتاب القرأۃ ص۴۸ سنن الکبری جلد۲ ص۱۶۶ دارقطنی جلد۱ ص۱۲۹ وغیرہ)

کہا ہاں حضرت ہم قرأت کرتے ہیں آپ نے فرمایا ایسا نہ کرنا ہر ایک کو چاہیے کہ فی نفسہ سورۃ فاتحہ پڑھ لیا کرے

مبارکپوری صاحب لکھتے ہیں کہ علامہ ہیثمی فرماتے ہیں کہ اس حدیث کے راوی ثقہ ہیں (رواتہ ثقات (مجمع الزوائد جلد۲ ص۱۱۰) اس لیے یہ روایت بالکل صحیح ہے (تحقیق الکلام جلد۱ ص۹۰ وغیرہ)

جواب :- اگر محض بلا دلیل کہنے سے روایت صحیح ہو سکتی ہے تو یہ صحیح ہو گی ورنہ اس کی صحت پر کوئی دلیل موجود نہیں ہے اور یہ روایت بھی ضعیف ہے ؛ اولاً اس میں ابو قلابہ غضب کا مدلس ہے اور عنعنہ سے روایت کرتا ہے اور مدلس کا عنعنہ مقبول نہیں ہوتا - وثانیاً اس کی سند میں اضطراب ہے بعض طرق میں عن ابی قلابۃ عن انس الخ ہے (جزء القرأۃ ص۵۸، کتاب القرأۃ ص۴۸ دارقطنی جلد۱ ص۱۲۹) اور بعض طرق میں عن ابی قلابۃ عن النبی صلی اللہ علیہ وسلم ہے (جزء القرأۃ ص۵۴، کتاب القرأۃ ص۴۹ و بیہقی جلد۲ صفحہ ۱۶۶) اور بعض طرق میں عن ابی قلابۃ عن محمد بن ابی عائشۃ عن رجل من اصحاب رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم ہے (دارقطنی ص۱۲۹، بیہقی جلد۲ ص۱۶۶ تلخیص الحبیر ص۸۵) اور بعض طرق میں عن ابی ھریرۃ ہے (دارقطنی جلد۱ ص۱۲۹) اور پہلے عرض کیا جا چکا ہے کہ حدیث مضطرب فریق ثانی کے نزدیک بھی ضعیف ہوتی ہے اور اس میں شدید اختلاف ہے پھر یہ کیسے قابل استدلال ہو سکتی ہے؟ وثالثاً اس کے متن میں بھی اضطراب ہے بعض طرق میں یہ روایت فلا تفعلوا پر ختم ہو جاتی ہے اور اس میں جملہ استثنائیہ موجود نہیں ہے۔ (کتاب القرأۃ ص۴۹ و الجوہر النقی جلد۲ ص۱۶۷) اور بعض طرق میں یہ جملہ استثنائیہ بھی موجود ہے (کتاب القرأۃ ص۱۲۲ اور بیہقی جلد۲ ص۱۶۶ و طحاوی جلد۱ ص۱۲۸ وغیرہ) اور ایک روایت میں صرف لیقرأ بفاتحۃ الکتاب کا ذکر ہے (جزء القرأۃ ص۶۴) امام بیہقیؒ نے یوسف بن عدیؒ پر یہ الزام لگایا ہے کہ یہ جملہ نہ ذکر کرنے کی ذمہ داری ان پر عائد ہوتی ہے لیکن وہ تو ثقہ تھے ؛ ابو زرعہؒ ان کو ثقہ کہتے ہیں مسلمہؒ ان کو ثقہ کہتے ہیں ابن حبانؒ ان کو ثقات میں لکھتے ہیں (تہذیب التہذیب جلد۱۱ ص۴۱۸) اس لیے یہ الزام کسی اور راوی پر ہونا چاہیے کیوں نہ ہو کہ یہ الزام

عبید اللہؒ بن عمرو الرقی پر عائد کر دیا جائے علامہ ابن سعدؒ کہتے ہیں کہ وہ صاحب خطا تھے (تہذیب جلد ۷ صہ ۴۲) حافظ ابن حجرؒ ان کو صاحب وہم کہتے ہیں (تقریب صہ ۲۵۳) اور امام بیہقیؒ اسی روایت میں ان کا وہم بیان کرتے ہیں اور لکھتے ہیں کہ حضرت انسؓ کی طرف اس روایت کی نسبت محفوظ نہیں ہے۔ اور اس میں عبید اللہ کا وہم ہے (سنن الکبریٰ جلد ۲ صہ ۱۲۹) مؤلف خیر الکلام کا یہ کہنا کہ مگر کتاب القراۃ سے معلوم ہوتا ہے کہ وہ اس سے رجوع کر چکے ہیں (ص ۲۷۵) محض بلا دلیل دعویٰ اور سینہ زوری ہے صاحب تعلیق المغنی جلد ۱ ص ۱۲۰ میں اس کو نقل کرتے ہیں اور امام ابو حاتمؒ کہتے ہیں کہ یہ طریق محفوظ نہیں ہے بلکہ یہ (وَھْمٌ) وہم ہے (کتاب العلل جلد ۱ ص ۱۷۵) مبارکپوری صاحبؒ بحوالہ حافظ ابن حجرؒ ابن حبانؒ سے یہ نقل کرتے ہیں کہ حضرت انسؓ اور محمد بن ابی عائشہؒ دونوں کے طریق محفوظ ہیں لیکن یہ مبارکپوری صاحبؒ کی کھلی غلطی ہے۔ حافظ ابن حجرؒ نے تو یہ لکھا ہے وزعم ابن حبان ان الطریقین محفوظان الخ (تلخیص الجبیر ص ۸۷) ابن حبانؒ کا یہ زعم ہے کہ یہ دونوں طریق محفوظ ہیں۔ حافظ ابن حجرؒ نے درحقیقت لفظ زعم بول کر ابن حبانؒ کی تردید کر دی ہے، اور امام بیہقیؒ نے بھی اس کی تردید کی ہے چنانچہ لکھتے ہیں کہ وقد قیل عن ابی قلابۃ عن انسؓ بن مالك ولیس بمحفوظ انتہٰی (سنن الکبریٰ جلد ۲ ص ۱۶۶) اور خود مؤلف مذکور لکھتے ہیں کہ امام بیہقیؒ نے اگرچہ انسؓ کے طریق کو ایک جگہ غیر محفوظ قرار دیا ہے مگر کتاب القرأت سے معلوم ہوتا ہے کہ ان کے ہاں یہ طریق بھی محفوظ ہے الخ (ص ۲۷۳) مگر کتاب القراۃ سے ان کا یہ بے بنیاد دعویٰ ہرگز ثابت نہیں ہوتا لفظ زعم اگرچہ حق و باطل دونوں کے لیے آتا ہے مگر یہاں اس کے باطل ہونے کا قرینہ موجود ہے لیس بمحفوظ وغیرہ ورابعاً فی نفسہٖ کا معنی پہلے بیان ہو چکا ہے اس روایت کو صحیح تسلیم کر کے وہ مطلب بھی مراد ہو سکتی ہے وخامساً جلد اوّل میں بسند صحیح حضرت انسؓ سے مرفوع روایت عرض کی جا چکی ہے کہ واذا قرأ فانصتوا جب امام قرأۃ کرے تو تم (تمام مقتدی اس کے پیچھے) خاموش رہو۔ رہا علامہ ہیثمیؒ کا (رواتہٗ ثقات) کہنا تو اپنے موقع پر صحیح ہے عبید اللہؒ بن عمروؒ ثقہ ہے مگر صاحب خطاء اور وہم ہے اور ابو قلابہؒ ثقہ ہے مگر غضب کا مدلس ہے اور حقیقت یہ ہے کہ اس کا خود مبارکپوری صاحبؒ جواب دے گئے ہیں چنانچہ انہیں کا خود نوشت جواب ملاحظہ ہو ایک مقام پر لکھتے ہیں واما قول الہیثمیؒ رجالہ ثقات الخ فلا یدل

علی صحۃ الحدیث (ابکار المنن صـ۲۲۲) علامہ ہیثمیؒ کا یہ فرمانا کہ اس سند کے جملہ راوی ثقہ ہیں۔ اس سے حدیث کی صحت ثابت نہیں ہو سکتی یہ روایت بھی جمہور امت کی نمازوں کو ناقص، بیکار، باطل اور کالعدم قرار دینے کی اہلیت نہیں رکھتی۔

چھٹی روایت :۔ امام بیہقیؒ اپنی سند سے حضرت ابو قتادہؓ سے یہ روایت نقل کرتے ہیں۔

ان رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم قال اتقرؤن خلفی قالوا نعم قال فلا تفعلوا الا بفاتحۃ الکتاب (سنن الکبری صـ۲۶۶)

کہ آنحضرت صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلّم نے ارشاد فرمایا تم میرے پیچھے قرات کرتے ہو حضرات صحابہؓ نے کہا ہاں فرمایا سورہ فاتحہ کے بغیر اور کچھ بھی نہ پڑھا کرو

جواب :۔ یہ روایت بھی احتجاج کے قابل نہیں ہے اوّلاً اس لیے کہ سند میں مالک بن یحییٰؒ ہے ابن حبانؒ ان میں کلام کرتے ہیں امام بخاریؒ فرماتے ہیں کہ اس کی حدیث میں نظر اور کلام ہے عقیلیؒ اور ابن حبانؒ اس کو ضعفاء میں لکھتے ہیں اور اس کو منکر الحدیث کہتے ہیں نیز خاتانی الذکر کہتے ہیں کہ اس سے احتجاج جائز نہیں ہے کیونکہ یہ ثقات سے ایسی روایتیں بیان کرتا ہے جن کی کوئی بھی اصلیت نہیں ہوتی ابن عدیؒ کہتے ہیں کہ اس کی حدیثیں محفوظ نہیں ہیں (لسان المیزان جلد ۵ صـ۷) علامہ ابن خلدونؒ لکھتے ہیں کہ امام بخاریؒ کی اصطلاح ہے کہ جب وہ کسی راوی کے بارے میں فیہ نظر کہتے ہیں تو وہ انتہائی درجہ کا کمزور اور ضعیف ہوتا ہے (مقدمہ صـ۳۱۸) وثانیاً سلیمان تیمیؒ حُدِّثتُ کے لفظ سے روایت کرتے ہیں اور کتاب القراۃ صـ۴۳ میں بھی حُدِّثتُ سے یہ روایت ہے نہ معلوم یہ بیان کرنے والا کون اور کیسا تھا؟ عادل تھا یا فاسق؟ ثقہ تھا یا ضعیف؟ امام حاکمؒ مسند حدیث کی یہ شرط لکھتے ہیں۔ ان لا یکون فی اسنادہ اُخبرت عن فلان واحُدِّثت عن فلان (معرفت علوم الحدیث صـ۱۹) کہ اس میں اُخبرت اور حُدِّثت عن فلان (کہ مجھ کو خبر دی گئی اور مجھ سے بیان کیا گیا) نہ ہو۔ وثالثاً خود امام بیہقیؒ اس کو مرسل کہتے ہیں (سنن الکبریٰ جلد ۲ صـ۱۶۶) اور حدیث مرسل انکے نزدیک ضعیف ہوتی ہے کما مر۔ امام بیہقیؒ نے اس کی کڑی یوں جوڑنے کی کوشش کی ہے عن یحییٰ بن ابی کثیر عن عبد اللہ بن ابی قتادۃ الخ لیکن ایک تو حسب تصریح علامہ عقیلیؒ اور ابن حبانؒ وغیرہ یحییٰ مدلس تھے (دیکھئے تہذیب جلد ۱۱ صـ۲۶۹) اور یہاں عنعنہ سے روایت کرتے ہیں اور دوسرے اس روایت کا دارومدار بھی مالک بن یحییٰ پر ہے۔

ساتویں روایت :- امام بیہقیؒ نے کتاب القرأۃ ص۵۵ میں ایک باب قائم کیا ہے اور یہ فرماتے ہیں کہ مقتدی کو ممانعت نفس قرأت سے نہیں بلکہ ان کو جہر سے ممانعت ہے اور اس کی دلیل یہ ہے کہ حضرت عبد اللہؓ بن حذافہ نے نماز پڑھی اور اس میں جہر سے قرأت کی۔ آنحضرت صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے فرمایا یا ابن حذافۃ لا تسمعنی واسمع اللہ اے ابن حذافہؓ مجھے نہ سناؤ بلکہ خدا تعالیٰ کو سناؤ۔

جواب :- اس روایت سے بھی استدلال باطل ہے اولاً اس لیے کہ سند میں نعمانؒ بن راشدؒ ہے امام بخاریؒ فرماتے ہیں کہ ان کی حدیث میں بکثرت وہم ہوتا ہے امام احمدؒ ان کو مضطرب الحدیث کہتے ہیں اور نیز کہتے ہیں کہ یہ صاحب مناکیر بھی ہیں، امام ابن معینؒ، ابو داؤدؒ، نسائیؒ اور یحییٰؒ بن سعیدؒ تمام ان کی تضعیف کرتے ہیں (میزان جلد ۳ ص۲۳۴) وثانیاً اس میں زہریؒ عنعنہ سے روایت کرتے ہیں اور مبارکپوری صاحبؒ کہتے ہیں کہ ان کی معنعن حدیث صحیح نہیں ہے وثالثاً روایت میں اس کا کوئی ذکر نہیں کہ ابن حذافہؓ آپ کے پیچھے بحالت اقتداء نماز پڑھتے ہوئے جہر کر رہے تھے ہو سکتا ہے کہ سنن ونوافل وغیرہ کی نماز میں انفرادی حالت میں انہوں نے ایسا کیا ہو اور آنحضرت صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے جو قریب ہوں گے ان کی یہ اصلاح فرمائی ہو بلکہ یہی قرین قیاس ہے۔ قارئین کرام نمبر شماری کے لحاظ سے گو فریق ثانی کی طرف سے سات روایتیں پیش کی گئی ہیں لیکن جو روایتیں ان کی طرف سے پیش کی گئی ہیں اور پھر ان کے جوابات دیئے گئے ہیں، غالباً چالیس سے کم نہ ہوں گی اور آپ جلد اول میں پیش کردہ احادیث میں روات کا اور جلد ثانی میں پیش کردہ روایتوں میں راویوں کا توازن خوب ملاحظہ کر چکے ہیں اور یہ بھی دیکھ چکے ہیں کہ حضرت عبادہؓ بن الصامت کی بخاری ومسلم وغیرہ کی اس روایت کے علاوہ جو نمبر اول پر پیش کی گئی ہے اور جس میں فصاعدًا، ما تیسر اور فما زاد کی زیادت بھی موجود ہے اور کوئی روایت صحیح نہیں ہے خصوصاً لبقیہ خلف الامام اور جملہ استثنائیہ کی روایت پر سیر حاصل بحث آپ ملاحظہ کر چکے ہیں عیاں را چہ بیان اور شنیدہ کے بود مانند دیدہ اب ہم دوسرے باب کو ختم کر کے تیسرا باب شروع کرتے ہیں۔

تیسرا باب

آثار حضرات صحابہؓ و تابعینؒ وغیرہم

مرفوع روایات کا جن کو فریق ثانی نے مقتدی کے لیے ہر رکعت میں سورۃ فاتحہ کے وجوب کے لیے اور امام کے پیچھے سورۃ فاتحہ نہ پڑھنے والوں کی نماز کے ناقص، بیکار، کالعدم اور باطل ہونے کے لیے پیش کیا تھا، روایتی اور درایتی حال تو آپ اچھی طرح معلوم کر چکے ہیں کہ بغیر معدودے چند مرفوع روایات کے (جن میں خلف الامام کا لفظ موجود نہیں ہے اور اُن میں فصاعداً، ما تیسر اور ما زاد، کی زیادت یا الا وراء الامام کی قید مذکور ہے) اور کوئی روایت صحیح نہیں ہے خصوصاً وہ روایات جن میں خلف الامام کی زیادت اور الا بام القرآن کی استثناء موجود ہے وہ تو کسی طرح بھی صحیح نہیں ہیں۔ ان مرفوع روایات پر کلام کرنے کے بعد مزید حاجت تو باقی نہیں رہتی کہ ہم آثار حضرات صحابہؓ و تابعینؒ وغیرہم کو نقل کر کے ان کے جوابات عرض کریں خاص کر کے جب کہ فریق ثانی کے نزدیک قاعدہ یہ ہے کہ در موقوفات صحابہؓ حجت نیست اگرچہ بصحت رسد اور مؤلف خیر الکلام لکھتے ہیں کہ اور تابعینؒ کے اقوال بلکہ صحابہؓ کے اقوال اختلافی امور میں حجت نہیں ہوتے خصوصاً جب کہ ایک طرف صحیح حدیث موجود ہو الخ (ص ۳۴) مگر صرف تکمیلِ کتاب اور افادۂ طلبہ کے لیے آثار حضرات صحابہؓ کرامؓ اور تابعینؒ وغیرہم پر کلام نقل کر دینا ضروری معلوم ہوتا ہے تاکہ اس مسئلہ کا کوئی پہلو اور گوشہ عامۃ المسلمین کی نگاہ سے بھی اوجھل نہ رہے۔

حضرت عمرؓ کا اثر:- یزید شریکؒ فرماتے ہیں کہ میں نے حضرت عمرؓ بن الخطاب سے سوال کیا، اقرأ خلف الامام قال نعم قال وان قرأت یا امیر المومنین قال وان قرأت (جزء القراءۃ ص ۱۲،

طحاوی جلد ۱ ص ۱۲۹ کتاب القرأۃ ص ۵۱) کیا میں امام کے پیچھے قرأت کر سکتا ہوں؟ فرمایا ہاں سائل نے پوچھا اگرچہ آپ پڑھ رہے ہوں اے امیر المؤمنین؟ فرمایا ہاں اگرچہ میں پڑھتا رہوں اور مستدرک ص ۲۳۹ ج ۱، دارقطنی ص ۱۲۲ اور سنن الکبری جلد ۲ ص ۱۶۷ وغیرہ) میں یہ بھی مذکور ہے تم سورۃ فاتحہ پڑھ لیا کرو سائل نے دریافت کیا اگرچہ آپ جہر سے قرأت کر رہے ہوں؟ فرمایا ہاں اگرچہ میں جہر سے قرأت کیا کروں۔

جواب: فریق ثانی کا اس روایت سے وجوب فاتحہ پر استدلال صحیح نہیں ہے اس لیے کہ ہم نے جلد اول میں حضرت عمرؓ کا اثر ترک قرأت کا نقل کیا ہے اگر یہ اثر صحیح ہو جیسا کہ بعض ائمہؒ نے اس کو صحیح کہا ہے تو اس کا جواب وہی بہتر ہے جو مؤلف خیر الکلام نے ص ۲۹۲ میں حضرت شاہ ولی اللہ صاحبؒ کی کتاب ازالۃ الخفاء جلد ۱ ص ۲۹۳ سے نقل کیا ہے اور پھر مؤلف مذکور نے یہ لکھا ہے کہ یعنی قرأت فی نفسہ منع نہیں صرف منازعت منع ہے جو شخص فاتحہ بدون منازعت پڑھ سکتا ہو پڑھے جس میں اتنی طاقت نہیں وہ نہ پڑھے اس تطبیق کی اس وقت ضرورت ہوتی جب حضرت عمرؓ سے منع کی روایت صحیح ہوتی مگر وہ روایت صحیح نہیں الخ آگے لکھا ہے کہ وہ مرسل ہے اور محقق مذہب محدثین کا یہ ہے کہ مرسل حجت نہیں (محصلہ ص ۲۹۴) مگر ہم باحوالہ محدثینؒ کا مذہب نقل کر آئے ہیں کہ مرسل صحیح ہوتی ہے لہذا التطبیق کی ضرورت پیش آئے گی اور یہ بہتر تطبیق ہے لیکن اس اثر سے فریق ثانی کو چنداں فائدہ نہ ہوگا کیونکہ اس کا دعویٰ یہ ہے کہ جو شخص امام کے پیچھے ہر رکعت میں سورۃ فاتحہ نہ پڑھے اس کی نماز ناقص ہے کالعدم ہے بیکار ہے اور باطل ہے اور اس اثر سے صرف اجازت اور اختیار ثابت ہوتا ہے۔ حضرت عمرؓ سے اسی مضمون کا ایک اثر کتاب القرأۃ ص ۵۹ میں موجود ہے لیکن سند میں محمدؒ بن حسن ابو جعفر بربہاریؒ ہے امام دارقطنیؒ کہتے ہیں کہ ان کا ایک بیاض صحیح اور دوسرا بالکل ردی تھا انہوں نے دونوں کو خلط ملط کر دیا تھا حتیٰ کہ صحیح اور ضعیف کی کوئی تمیز باقی نہ رہی تھی، علامہ ذہبیؒ لکھتے ہیں کہ وہ معروف واہ مشہور و معروف ضعیف ہے، علامہ برقانیؒ اور ابن سرخسیؒ کہتے ہیں کہ وہ کذاب تھا (بغدادی جلد ۲ ص ۲۱، کتاب الانساب ص ۱۷۷، میزان جلد ۳ ص ۴۵ ولسان جلد ۵ ص ۱۳۱) کتاب القرأۃ ص ۹۱ اور سنن الکبری جلد ۲ ص ۱۶۷ وغیرہ میں حضرت عمرؓ کا اس مضمون سے ایک اثر آتا ہے کہ انہوں نے فرمایا کوئی نماز صحیح نہیں ہے مگر یہ کہ اس میں سورۃ فاتحہ اور کچھ اور بھی پڑھا جائے، سائل نے کہا اگرچہ میں امام کے پیچھے کھڑا

ہوا کروں۔ فرمایا ہاں اقراء فی نفسک مگر اس کی سند میں عبایۃ ہے حافظ ابن حجرؒ لکھتے ہیں کہ وہ غالی شیعہ تھا۔
ابوبکر بن عیاشؒ کا بیان ہے کہ میں نے امام اعمشؒ سے پوچھا آپ عبایۃ سے کیوں روایت کرتے ہیں؟ فرمایا
خدا کی قسم میں تو اس کی روایت کو علی وجہ الاستہزاء نقل کرتا ہوں میں نے اس کو کب حجت سمجھا ہے
عقیلیؒ اس کو ضعفاء میں لکھتے ہیں اور کہتے ہیں کہ وہ غالی اور ملحد تھا (لسان المیزان جلد ۳ ص۲۴۷) ثانیاً
اگر حضرت عمرؓ کے یہ آثار صحیح بھی تسلیم کر لیے جائیں تو پھر بھی یہ فریق ثانی کے سراسر خلاف پڑتے ہیں۔
کیونکہ حضرت عمرؓ کے ان آثار میں سورۃ فاتحہ کے علاوہ قرآن کریم کے کسی اور حصہ کا بھی ذکر موجود ہے
چنانچہ ایک روایت میں یوں ہے فاتحۃ الکتاب وشیئا (کتاب القراءۃ ص۱۷) ایک روایت
میں ہے بفاتحۃ الکتاب ومعہا (کتاب القراءۃ ص۱۷ وسنن الکبریٰ جلد ۲ ص۱۶۷)
اور ایک روایت میں ہے بفاتحۃ الکتاب وشیئ معہا (کتاب
القراءۃ) اور ایک روایت میں ہے بفاتحۃ الکتاب ومعہا شیئ (جامع المسانید
جلد ۱ ص۳۲۶) اگر فریق ثانی حضرت عمرؓ کے اس اثر کو صحیح سمجھتا ہے تو معہا شیئ کی زیادت
کو کیوں ہضم کر جاتا ہے؟ مؤلف خیر الکلام لکھتے ہیں کہ اس زیادت کو بیان کرنے والا عبایۃ
ہے پھر یہ کس طرح صحیح ہو سکتی ہے؟ (محصلہ ص۲۹۲) الجواب: جامع المسانید کی سند میں
عبایۃ نہیں ہے اسی طرح مؤلف مذکور کا اس روایت کو سری نمازوں پر محمول کرنا بے دلیل ہے اور
معہا سے اذکار مراد لینا بھی خلاف اصل ہے کیونکہ جب بات قرأت قرآن کی ہو رہی ہے تو بلا قوی
قرینہ کے کیوں اصل کو چھوڑا جائے بلاشک فرض اور مستحب ایک امر میں جمع ہو سکتے ہیں مگر حضرت
عمرؓ مازاد کو واجب سمجھتے ہیں کما مر۔ بہرحال ان کی طرف سے جو معقول جواب ومعہا کی زیادت
کا دیا جائے گا وہی جواب ہماری طرف سے قرأت فاتحہ کا سمجھ لیں اور فتح الباری کے حوالہ سے پہلے
عرض کیا جا چکا ہے کہ حضرت عمرؓ مازاد علی الفاتحہ کے وجوب کے قائل تھے۔ مؤلف خیر الکلام
کا یہ کہنا کہ مازاد کو حضرت عمرؓ فرض نہیں سمجھتے ہوں گے اھ (ص۲۹۲) مردود ہے کیونکہ باحوالہ عرض
کیا گیا ہے کہ وہ مازاد کو واجب سمجھتے ہیں، احناف کے نزدیک ثبوت اور دلالت کے لحاظ
سے فرض اور واجب میں فرق ہے لیکن دوسرے حضرات ان میں فرق ملحوظ نہیں رکھتے یا محض برائے
نام فرق سمجھتے ہیں۔ چنانچہ خود مؤلف خیر الکلام لکھتے ہیں کہ کیونکہ شریعت میں واجب اور فرض میں

کوئی فرق نہیں الخ (صـ۱۴۲) یا تو فریق ثانی حضرت عمرؓ کے اثر کے پیش نظر ما زاد علی الفاتحہ کے وجوب کا بھی قائل ہو جائے اور یا یہ تحقیق قبول کرے کہ حضرت عمرؓ کا یہ اثر منفرد کے حق میں ہے جس پر سورۃ فاتحہ کے علاوہ ما زاد بھی واجب ہے اور چونکہ حضرت عمرؓ امام کے پیچھے قرأت کے قائل نہ تھے حتیٰ کہ انہوں نے یہ بھی فرمایا کہ کاش جو شخص امام کے پیچھے قرأت کرتا ہے اس کے منہ میں پتھر ڈالا جائے جیسا کہ پہلی جلد میں گذر چکا ہے تو اس لیے قرین قیاس یہی ہے کہ یہ بعض راویوں کی غلطی ہے اور یہ اثر منفرد کے حق میں ہے نہ کہ مقتدیوں کے حق میں۔

حضرت علیؓ کا اثر۔ سنن الکبریٰ جلد ۲ صـ۱۶۸۔ مستدرک جلد ۱ صـ۲۳۹، دارقطنی جلد ۱ صـ۱۲۲، طحاوی جلد ۱ صـ۱۳۳، کتاب القرأۃ صـ۹۲ اور جزء القرأۃ صـ۳۱ وغیرہ میں روایت ہے (واللفظ للاٰخر)

عن علی بن ابی طالب انہ کان یأمر ویحب ان یقرأ خلف الامام فی الظہر والعصر بفاتحۃ الکتاب وسورۃ سورۃ وفی الاخریین بفاتحۃ الکتاب۔

حضرت علیؓ سے روایت ہے کہ وہ اس بات کو پسند کرتے اور اس کا حکم دیا کرتے تھے کہ امام کے پیچھے ظہر اور عصر کی پہلی دو رکعتوں میں سورۃ فاتحہ اور اس کے ساتھ کوئی اور سورت بھی پڑھی جائے اور پچھلی دونوں رکعتوں میں صرف سورۃ فاتحہ پڑھی جائے۔

مؤلف خیر الکلام لکھتے ہیں کہ امام دارقطنیؒ، امام بیہقیؒ اور علامہ ذہبیؒ اس اثر کو صحیح کہتے ہیں (مصلخصاً ۲۹۸)

جواب:- یہ روایت بھی قابل استدلال اور فریق ثانی کو مفید نہیں ہو سکتی اولاً اس لیے کہ سند میں سفیانؒ بن حسینؒ ہے امام احمدؒ فرماتے ہیں کہ زہریؒ کی روایت میں وہ نہایت ضعیف اور کمزور ہے، یحییٰؒ بن القطانؒ اور ابن معینؒ فرماتے ہیں کہ زہریؒ کی روایت میں یہ ثقہ نہ تھے ابن سعدؒ کہتے ہیں کہ اس کی حدیث میں بکثرت خطا ہوتی ہے یہی بات ان سے متعلق یعقوبؒ بن شیبہؒ نے بھی کہی ہے، ابو حاتمؒ کہتے ہیں کہ اس سے احتجاج صحیح نہیں ہے، امام نسائیؒ کہتے ہیں کہ زہریؒ کی روایت میں ضعیف ہے، ابن حبانؒ کہتے ہیں کہ امام زہریؒ سے الٹ پلٹ روایتیں بیان کرتا ہے ابن عدیؒ کا بیان ہے کہ زہریؒ کی حدیث میں قابل احتجاج نہیں ہے (میزان جلد ۱ صـ۳۹۴) حافظ ابن حجرؒ لکھتے ہیں کہ زہریؒ کی روایت میں ضعیف ہے (تقریب صـ۱۲۱) قاضی شوکانیؒ لکھتے ہیں کہ زہریؒ کی روایت میں یہ ضعیف ہے (نیل الاوطار صـ۱۹ جلد ۳) شیخ الاسلام ابن تیمیہؒ لکھتے ہیں کہ تمام محدثینؒ کا اتفاق ہے کہ زہریؒ کی روایت میں یہ ضعیف ہے

اس کی جو روایت زہریؒ کے طریق سے ہوگی وہ محض ہیچ ہے (فتاویٰ جلد ۱ ص ۲۱۵) اور یہ روایت بھی زہریؒ ہی کے طریق سے ہے اور مؤلف خیر الکلام لکھتے ہیں کہ زہریؒ میں اس کے ضعف کی یہ وجہ ہے کہ زہریؒ کا صحیفہ اس پر خلط ملط ہوگیا تھا الخ (ص ۲۹۹) کچھ بھی ہو اس کا ضعف ان کو مسلّم ہے، مبارکپوری صاحبؒ نے یہ کہا ہے کہ اس روایت کو امام شعبہؒ نے روایت کیا ہے اور محدثینؒ نے ان کا یہ قول نقل کیا ہے کہ شعبہؒ ثقہ مشائخ سے ہی روایت کرتے ہیں لہٰذا یہ روایت بھی صحیح ہوگی لیکن یہ ان کا وہم ہے اور آخر میں خود مبارکپوری صاحبؒ کو اس کا احساس بھی ہوگیا تھا چنانچہ وہ لکھتے ہیں کہ امام بیہقیؒ امام شعبہؒ سے روایت کرتے ہیں کہ جب میں تم سے اعمشؒ ابو اسحاقؒ اور قتادہؒ کے طریق سے روایت بیان کروں تو اگرچہ وہ عنعنہ سے ہو تب بھی اس کو سماع پر محمول کرنا حافظ ابن حجرؒ لکھتے ہیں کہ یہ عمدہ قاعدہ ہے کہ جب امام شعبہؒ کی روایت ان تینوں سے مروی ہو تو تدلیس مضر نہ ہوگی اگرچہ وہ روایت معنعن ہی کیوں نہ ہو (تحفۃ الاحوذی جلد ۱ ص ۷) معلوم ہوا کہ امام شعبہؒ کا یہ ارشاد ان تینوں کی تدلیس سے متعلق ہے نہ کہ جملہ رواۃ کی توثیق سے متعلق امام دارقطنیؒ نے معمرؒ کی طریق سے بھی روایت نقل کی ہے اور اس کو صحیح کہا ہے اور مؤلف خیر الکلام نے اس کو متابع کہا ہے مگر اس میں بھی مدار زہریؒ پر ہے اور وہ عنعنہ سے روایت کرتے ہیں، فریق ثانی کے نزدیک یہ قاعدہ مسلّم ہے چنانچہ مبارکپوری صاحبؒ ان کی معنعن حدیث کو اس لیے رد کرتے ہیں کہ وہ مدلس تھے اور یہاں بھی وہ عنعنہ سے روایت کرتے ہیں وثانیاً اگر یہ اثر صحیح ہے تو اس سے صرف ظہر اور عصر کی نمازوں میں امام کے پیچھے سورۂ فاتحہ کا ثبوت ہوگا اور یہ دونوں سری نمازیں ہیں حالانکہ فریق ثانی تمام نمازوں میں اس کا مدعی ہے وثالثاً اس اثر میں سورۂ فاتحہ کے علاوہ کسی اور سورت کا بھی حکم موجود ہے مگر فریق ثانی اس کا قائل نہیں ہے۔ مبارکپوری صاحبؒ نے سفیانؒ بن حسینؒ کا ایک متابع اسحاق بن راشدؒ (جس کی روایت جزء القراءۃ ص ۲ وغیرہ میں ہے) بیان کیا ہے (ابکار المنن ص ۱۴۲) لیکن محدث ابن خزیمہؒ فرماتے ہیں کہ اسحاق بن راشدؒ سے احتجاج درست نہیں ہے (میزان جلد ۱ ص ۸۹) امام نسائیؒ اس کو ضعیف کہتے ہیں (تہذیب جلد ۱ ص ۲۳۰) ابن معینؒ کہتے ہیں کہ زہریؒ کی روایت میں یہ ضعیف ہے (ایضاً) حافظ ابن حجرؒ لکھتے ہیں کہ زہریؒ سے جو یہ روایت کرتا ہے اس میں وہم ہوتا ہے (تقریب ص ۲۸) اور یہ روایت بھی زہریؒ ہی سے ہے مبارکپوری صاحبؒ نے امام معمرؒ کو بھی ان کا متابع بیان ہے ان کی روایت دارقطنی جلد ۱ ص ۱۲۲ میں

ہے اور دارقطنیؒ اس کی تصحیح کرتے ہیں) لیکن اس میں بھی زہری عنعنہ سے روایت کرتے ہیں
اور مدار انہیں پر ہے اور مبارکپوری صاحبؒ کے حوالہ سے گزر چکا ہے کہ وہ ان کی معنعن حدیث کو صحیح
اور حسن سمجھنے پر آمادہ نہیں ہیں سنن الکبریٰ جلد ۲ ص۱۶۸ میں بھی یہ روایت ہے اور اس میں بھی یہ روایت
معنعن ہے علاوہ ازیں اس روایت میں بھی ظہر اور عصر کی نماز کا ذکر ہے اور سورۃ فاتحہ کے علاوہ
کسی اور سورت کا بھی ذکر ہے حالانکہ فریق ثانی فاتحہ کے علاوہ کسی اور سورت کا قائل نہیں ہے اس
لیے اس اثر سے صرف سورۃ فاتحہ کی اجازت پر اور خصوصاً جملہ نمازوں میں اس کے ضروری ہونے
پر استدلال ہرگز صحیح نہیں ہے۔ حضرت علیؓ کا ایک اثر کتاب القرآۃ ص۱۳ اور سنن الکبریٰ ج۲ ص۱۶۸
وغیرہ میں بھی (ان سے یہ اثر حکمؒ اور حمادؒ کے طریق سے) مروی ہے لیکن خود امام بیہقیؒ اس کو مرسل
کہتے ہیں (ص۱۶۸ ج۲) امام طحاویؒ بھی اس کو منقطع کہتے ہیں (احکام القرآن جلد ۳ ص۲۳) اور فریق ثانی مرسل کو ضعیف
سمجھتا ہے اور یہ تو لغوی مرسل (یعنی منقطع) ہے ان کا ایک اثر کتاب القرآۃ ص۵۸ اور ص۶۲ میں
بھی مذکور ہے لیکن ایک سند میں محمدؒ بن مغیرہؒ بن عبدالرحمٰنؒ مجہول ہے۔ دوسرا راوی اس سند کا
حسینؒ بن محمد مروزیؒ ہے، حافظ ابن حجرؒ لکھتے ہیں کہ وہ مجہول ہے (تقریب ص۹۴) تیسرا راوی اس
سند کا معقلؒ بن عبیداللہؒ ہے حافظ موصوف لکھتے ہیں کہ وہ صدوق یخطئ تھا (تقریب ص۳۵۹) اور دوسری
سند میں ابو علی بن ابراہیمؒ اور احمدؒ بن مہدیؒ وغیرہ راوی ہیں کتب رجال سے ان کا پتہ نہیں چل سکا کہ
وہ کیسے تھے؟ مبارکپوری صاحبؒ نے کتاب القرآۃ ص۱۳ کے حوالہ سے حضرت علیؓ کا یہ فتویٰ بھی
نقل کیا ہے کہ امام کے پیچھے سورۃ فاتحہ پڑھنی چاہیے اور یہ بھی نقل کیا ہے کہ وھذا اسناد من
اصح الاسانید فی الدنیا (تحقیق الکلام جلد ۲ ص۱۶) یہ دنیا کی تمام سندوں سے صحیح ہے۔
الجواب:۔ اگرچہ اس کے اور بھی سند اور متن کے لحاظ سے کئی جوابات دیے جا سکتے ہیں مگر ہم صرف
وہی جواب عرض کرتے ہیں جو خود مبارکپوری صاحبؒ کے قلم سے نکلا ہے۔ اس روایت میں زہریؒ
عنعنہ سے روایت کرتے ہیں اور مبارکپوری صاحبؒ ایک مقام پر لکھتے ہیں۔ فی اسنادہ الزھری
وھو مدلس ورواہ عن سالم بالعنعنۃ فکیف یکون اسنادہ صحیحا (ابکار المنن
ص۵۶) اس کی سند میں زہریؒ ہیں جو مدلس تھے اور سالمؒ سے عنعنہ کے ساتھ روایت کرتے ہیں۔ تو
اس کی اسناد کیسے صحیح ہو سکتی ہیں؟ اور دوسرے مقام پر لکھتے ہیں۔ فی سندہ الزھریؒ ودوی

عن طلحة بن عبد الله بالعنعنة فكيف يكون اسناده صحيحا (ص۲۵) اس کی سند میں زہریؒ ہیں جو مدلس تھے اور وہ طلحہؓ سے عنعنہ کے ساتھ روایت کرتے ہیں پھر کیونکر اس کی سند صحیح ہو سکتی ہے؟ مبارکپوری صاحبؒ ہی از راہِ کرم و انصاف فرمائیں کہ جب زہریؒ کی معنعن روایت صحیح تک نہیں ہو سکتی تو وہ اصح الاسانید کیسے ہوگی؟ اور پھر تمام روئے زمین کی اسانید سے وہ اصح کیسے ہوگی؟ الغرض دیگر حضرات محدثین کرامؒ کے اصول کے تحت بھی اور خود فریق ثانی کے نزدیک بھی حضرت علیؓ کے پیش کردہ جملہ آثار ضعیف کمزور اور معلول ہیں اور مزید براں ان میں جہری نمازوں کا ذکر تک نہیں اور سری نمازوں میں بھی سورۃ فاتحہ کے علاوہ کسی اور سورت کا بھی ساتھ ذکر ہے۔ مگر فریق ثانی اس کی مطلقاً پروا نہیں کرتا۔

حضرت ابیؓ بن کعب کا اثر:۔

ان سے یہ روایت کی گئی ہے اِنَّهٗ کَانَ یَقْرَأُ خَلْفَ الْاِمَامِ (جزء القرأۃ ص۱۸ و کتاب القرأۃ ص۱۲) کہ وہ امام کے پیچھے قرأت کیا کرتے تھے۔

جواب:۔ اس کی سند میں زیاد بکائیؒ ہے امام نسائیؒ لکھتے ہیں کہ وہ قوی نہ تھا (ضعفاء ص۴۳) ابوحاتمؒ کہتے ہیں کہ اس سے احتجاج صحیح نہیں ہے۔ ابن مدینیؒ اور ابن سعدؒ وغیرہ اس کی تضعیف کرتے ہیں (میزان جلد ا ص۳۵۵) ابن معینؒ کہتے ہیں کہ حدیث میں یہ قابل اعتبار نہیں صالحؒ کا بیان ہے کہ وہ فی نفسہٖ ضعیف ہے، ابن حبانؒ اس کو فاحش الغلط اور کثیر الوہم کہتے ہیں اور کہتے ہیں جب یہ متفرد ہو تو اس سے احتجاج درست نہیں ہے (تہذیب التہذیب جلد ۳ ص۳۷۶) حافظ ابن حجرؒ لکھتے ہیں کہ یہ کمزور ہے (تقریب ص۱۳۲) کتاب القرأۃ ص۶۲، دارقطنی جلد ا ص۱۲۰ اور سنن الکبریٰ جلد ۲ ص۱۶۸ وغیرہ میں ایک دوسری سند سے یہ روایت منقول ہے لیکن اس کی سند میں ابوجعفر رازیؒ ہے جس کا نام عیسیٰؒ بن ابی عیسیٰ ماہانؒ ہے۔ امام احمدؒ اور نسائیؒ کہتے ہیں کہ وہ قوی نہ تھا ابن مدینیؒ اس کو صاحب غلط اور خطا کہتے ہیں۔ فلاسؒ اس کو سئی الحفظ کہتے ہیں ابن حبانؒ کہتے ہیں کہ مشہور راویوں سے منکر روایتیں بیان کرتا ہے۔ ابوزرعہؒ کہتے ہیں کہ وہ بکثرت وہم کا شکار تھا (میزان جلد ۲ ص۲۱۵) زکریا ساجیؒ کہتے ہیں کہ وہ صاحبِ اتقان نہ تھا۔ ابن خراش اس کو سئی الحفظ کہتے ہیں عجلیؒ کہتے ہیں کہ وہ قوی نہ تھا۔ حافظ ابن حجرؒ اس کو سئی الحفظ کہتے ہیں (تہذیب التہذیب جلد ۱۲ ص۵۷)

یہ اثر بھی انتہائی ضعیف اور کمزور ہے نیز یہ بھی نہ بھولئے کہ مطلق قرأت سے سورۃ فاتحہ کی قرأت کیسے ثابت ہوگی؟ کیونکہ اس اثر میں سورۃ فاتحہ کا کوئی ذکر نہیں ہے۔ اور فریق ثانی کی رٹ سورۃ فاتحہ کی ہے۔

مؤلف خیر الکلام نے بعض توثیقی کلمات نقل کرکے آگے لکھا ہے کہ توثیق کے بعد جرح مذکور کا کوئی اعتبار نہ ہوگا کیونکہ وہ مبہم ہے اور اس کی دو سندیں اور ہیں تعدد طرق سے حسن روایت صحیح ہو جاتی ہے (محصلہ ص۲۴۱) الجواب :- فاحش الغلط اور کثیر الوہم وغیرہ جرح مفسر ہے اس کو مبہم کہدینا اصول حدیث سے بے خبری کی دلیل ہے، چنانچہ حافظ ابن حجرؒ حدیث کی مردود قسموں پر بحث کرتے ہوئے لکھتے ہیں کہ

فمن فحش غلطہ، اوکثرت غفلتہ اوظہر فسقہ فحدیثہ منکر (شرح نخبۃ الفکر ص۵۵)

سو جس شخص کی غلطیاں زیادہ ہوں یا اس کی غفلت زیادہ ہو یا اس کا فسق ظاہر ہو تو اس کی حدیث منکر ہوتی ہے۔

پھر آگے راوی کے وہم کی بحث کی ہے اور اس کی حدیث کو معلل کہا ہے۔ اور آخر میں راوی کے سوء حفظ پر کلام کیا ہے اور یہ لکھا ہے کہ اگر سوء حفظ تمام حالات میں راوی کو لازم ہے تو اس کی حدیث شاذ کہلاتی ہے اور اگر سوء حفظ طاری ہو تو اس کی مختلط کہتے ہیں اور تقریب النواوی میں ہے کہ

واذا قالوا متروک الحدیث او واہیہ او کذاب فہو ساقط لا یکتب حدیثہ (مع التدریب ص۲۳۱)

جب محدثین کسی راوی کو متروک الحدیث، یا واہی الحدیث یا کذاب کہیں تو وہ ساقط الاعتبار ہوتا ہے اور اس کی لکھی بھی نہیں جا سکتی۔

اور اس کی شرح میں لکھا ہے کہ :-

ولا یعتبر بہ ولا یستشہد (تدریب الراوی ص۲۳۳)

اور نہ تو اس کو اعتبار (و متابعت) میں پیش کیا جا سکتا ہے اور نہ شاہد میں۔

اور تقریب النواویؒ اور اس کی شرح میں اس کی تصریح موجود ہے کہ :-

واذا اجتمع فیہ ای الراوی جرح مفسر وتعدیل فالجرح مقدم ولو زاد عدد المعدل ہذا ہو الاصح عند الفقہاء والاصولیین ونقلہ الخطیب عن جمہور العلماء اھ (تدریب الراوی ص۲۰۴)

اگر راوی میں جرح اور تعدیل جمع ہو جائیں تو جرح مقدم ہوگی اگرچہ تعدیل کرنے والوں کی تعداد زیادہ بھی کیوں نہ ہو فقہاء اور ارباب اصول حدیث کے نزدیک یہی صحیح ہے اور خطیب بغدادیؒ نے جمہور علماء سے یہی نقل کیا ہے۔

مؤلف خیر الکلام نے ص۴۷ و ص۴۸ میں الرفع والتکمیل کے حوالے سے جو عبارتیں نقل کی ہیں اولاً تو اس میں منکر الحدیث وغیرہ کو جو جرح مبہم کے تحت درج کیا ہے قابل تسلیم نہیں ہے کیونکہ ابھی ہم باحوالہ عرض کر چکے ہیں کہ منکر الحدیث ایسی مفسر جرح ہے کہ بطور اعتبار اور شاہد بھی ایسے راوی کی روایت نہیں پیش کی جا سکتی و ثانیاً الرفع والتکمیل (ص۶) کی عبارت میں جس کو خود مؤلف خیر الکلام نے ص۴۲ میں لکھا ہے یہ شرط بھی ہے کہ من غلب ان یذکر سبب الطعن۔ یہ الفاظ لیے مگر اس کے طعن کا سبب بیان نہ کرے اور زیادہ بکاتی وغیرہ کے بارے میں فاحش الغلط اور کثیر الوہم وغیرہ کی مفسر جرح موجود ہے اور ائمہ نے صراحت کے ساتھ سبب طعن ان میں ذکر کیا ہے پھر مؤلف خیر الکلام اس کو جرح مبہم کہہ کر کس طرح سستی گلو خلاصی کر سکتے ہیں؟ اور تعدد طرق کا بہانہ بھی بڑا عجیب ہے، تعدد طرق سے حدیث وہاں صحیح یا حسن لغیرہ ہو سکتی ہے جہاں ہر ایک سند کی روات پر قابل برداشت جرح ہو نہ یہ کہ وہاں مفسر اور کڑی جرح بھی موجود ہو اور پھر بھی تعدد طرق سے حدیث صحیح یا حسن قرار پائے نواب صاحبؒ کا حوالہ اس سلسلہ میں پہلے عرض کیا جا چکا ہے، بہر حال یہ روایت ضعیف ہے اور معاملہ احکام کا ہے۔ اور امام نوویؒ تصریح کرتے ہیں کہ:۔

فانہم متفقون علی انہ لا یحتج بالضعیف فی الاحکام (شرح مسلم جلد ۱ ص۲۱) تمام حضرات محدثین کرام کا اس امر پر اتفاق ہے کہ ضعیف سے احکام میں احتجاج درست نہیں ہے۔

فائدہ:۔ اس اثر کی سند میں ابو سنانؒ کا ذکر آیا ہے محقق نیمویؒ فرماتے ہیں کہ مجھے اس کا نام معلوم نہیں ہو سکا (تعلیق جلد ۲ ص۸۳) راقم کہتا ہے کہ ان کا نام ضرارؒ بن مرۃؒ تھا (تہذیب جلد ۴ ص۴۵۹) اور یہ بالاتفاق ثقہ اور ثبت تھے (تہذیب جلد ۴ ص۴۵۸) حضرت ابی بن کعبؓ کی ایک روایت ان الفاظ سے مروی ہے۔ کان یقرأ خلف الامام فی ظہر والعصر (کتاب القرأۃ ص۶۲) کہ وہ ظہر اور عصر کی نماز میں امام کے پیچھے قرأت کیا کرتے تھے لیکن اس سے بھی فریق ثانی کا احتجاج باطل ہے۔ اولاً اس لیے کہ اس کی سند میں یحیٰیؒ بن العلاءؒ ہے امام احمدؒ بن حنبلؒ فرماتے ہیں کہ یہ کذاب جعلی حدیثیں بنایا کرتا تھا۔ ابن معینؒ اس کو لیس بثقۃ اور لیس بشئ کہتے ہیں عمروؒ بن علیؒ، نسائیؒ، دولابیؒ اور دارقطنیؒ اس کو متروک الحدیث کہتے ہیں امام وکیعؒ، ابو زرعہؒ، ابو حاتمؒ اور ابو داؤدؒ اس کو ضعیف کہتے ہیں، ابن حبانؒ کہتے ہیں کہ اس سے احتجاج صحیح نہیں ہے، ابن عدیؒ کہتے ہیں کہ اس کی

حدیثیں موضوع اور جعلی ہیں، ساجیؒ اس کو منکر الحدیث کہتے ہیں (تہذیب التہذیب جلد ۱ ص ۲۶۲) مؤلف خیر الکلام
نے یہاں بھی یہ لکھ کر گلو خلاصی چاہی ہے کہ یہ سب جرحیں مبہم ہیں الخ سبحان اللہ تعالیٰ (ص ۲۰۵) وثانیاً
اس اثر میں ظہر اور عصر کی قید ہے اور فریق ثانی تمام نمازوں میں قرأت کا مدعی ہے وثالثاً اس میں مطلق
قرأت کا ذکر ہے سورۂ فاتحہ کی تخصیص اس میں موجود نہیں ہے لہذا معنوی اعتبار سے بھی یہ اثر ان کو
کسی طرح بھی مفید نہیں ہو سکتا۔

حضرت عبد اللہؓ بن مسعود :-

حذیلؒ بن شرحبیلؒ فرماتے ہیں کہ حضرت ابن مسعودؓ امام کے پیچھے عصر کی نماز میں پہلی دونوں رکعتوں میں
سورۂ فاتحہ اور اس کے ساتھ کوئی اور سورت بھی پڑھا کرتے تھے (کتاب القرأۃ ص ۹۴ و ابکار ص ۱۴۳)

جواب :- یہ اثر بھی ضعیف ہے کیونکہ اس کی سند میں ایک راوی لیثؒ بن ابی سلیمؒ ہے امام
دارقطنیؒ (جلد ۱ ص ۱۲۶ میں) امام بیہقیؒ (کتاب القرأۃ ص ۱۰۱ میں) اور امام احمدؒ، امام یحییٰؒ، اور امام نسائیؒ وغیرہ
سب اس کو ضعیف اور کمزور کہتے ہیں (میزان جلد ۲ ص ۳۶۰ و تہذیب التہذیب جلد ۸ ص ۴۶۸ و قانون
الموضوعات ص ۲۴۸) اور دوسرا راوی اس سند کا عبد الرحمٰنؒ بن ثروانؒ ہے امام احمدؒ فرماتے ہیں کہ اس سے
احتجاج صحیح نہیں ہے (میزان جلد ۲ ص ۲۰) نیز اس اثر میں ظہر و عصر کی نماز کی تخصیص ہے اور وہ بھی
صرف پہلی دو رکعتوں میں اور فاتحہ کے ساتھ کسی اور سورت کا بھی ذکر ہے۔ حضرت ابن مسعودؓ سے ایک
روایت یوں ہے کہ وہ امام کے پیچھے ظہر اور عصر کی نماز میں قرأت کرتے تھے۔ (سنن الکبریٰ ص ۱۶۹ ج ۲
کتاب القرأۃ ص ۹۴، تعلیق الحسن جلد ۱ ص ۸۳ ابکار المنن ص ۱۴۳ اور جزء القرأۃ ص ۱۳ رجزء القرأۃ
میں ظہر اور عصر کا لفظ موجود نہیں ہے) لیکن اس روایت کا مرکزی راوی شریکؒ ہے، امام بیہقیؒ ایک مقام
پر لکھتے ہیں کہ اکثر محدثین اس سے احتجاج نہیں کرتے (جلد ۱ ص ۱۲۷) اور دوسرے مقام پر لکھتے ہیں کہ
یحییٰ قطانؒ اس کی اشد تضعیف کرتے تھے (جلد ۶ ص ۱۳۶) عبد اللہؒ بن مبارکؒ فرماتے ہیں کہ اس کی
حدیث قابل قبول نہیں ہے جوزجانیؒ اس کو سیئ الحفظ اور مضطرب الحدیث کہتے ہیں ابراہیمؒ بن سعیدؒ
کہتے ہیں کہ شریکؒ نے چار سو احادیث میں غلطی کی ہے (میزان جلد ۱ ص ۴۴۴ و تہذیب جلد ۴ ص ۳۳۳)
علامہ جزائریؒ لکھتے ہیں کہ ان کی حدیث مردود اور غیر مقبول ہے (توجیہ النظر ص ۲۵۲) حافظ ابن حجرؒ اس
کو کثیر الخطأ لکھتے ہیں (تقریب ص ۱۴۹) مبارکپوریؒ صاحبؒ ایک مقام پر لکھتے ہیں یہ حدیث حسن

کیسے ہو سکتی ہے اس کی سند میں شریک منفرد ہے اور وہ صاحب خطا کثیر الغلط اور خراب حافظہ کے مالک تھے (تحفۃ الاحوذی جلد اص ۲۹۸) نیز اس روایت میں قرأت کا ذکر ہے سورۃ فاتحہ کی تخصیص نہیں ہے اور وہ بھی صرف ظہر اور عصر کی نمازمیں اور جلد اول میں صحیح اسانید کے ساتھ حضرت عبد اللہ بن مسعودؓ کا محقق مسلک نقل کیا جا چکا ہے کہ وہ کسی نماز میں امام کے پیچھے کسی قرأت کے قائل نہ تھے نہ سورۃ فاتحہ کے اور نہ کسی اور سورت کے اس لیے فریق ثانی کا حضرت ابن مسعودؓ کے اثر سے استدلال روایۃً و درایۃً ہر طرح سے مردود ہے۔ مؤلف خیر الکلام لکھتے ہیں کہ ان آثار میں اگرچہ کچھ ضعف ہے مگر مجموعی طور پر ان سے احتجاج درست ہے اور جن آثار میں ظہر و عصر کی قید ہے وہ اتفاقی ہے اور اس کے خلاف جو ان کا فتویٰ ہے وہ جہریہ پر محمول ہے (محصلہ ص ۲۳۲، ۲۳۳)۔

الجواب:۔ جن آثار میں کچھ ضعف ہے ان کی بجائے آپ وہ آثار کیوں نہیں لے لیتے جو بالکل صحیح ہیں جو جلد اول میں گذر چکے ہیں اور ظہر و عصر کی قید خالص احترازی ہے کیونکہ اس کے اتفاقی ہونے کی کوئی دلیل موجود نہیں ہے اور ان کے قول کو جہریہ پر محمول کرنا خالص سینہ زوری ہے وہ امام کے پیچھے نفس قرأت کے ہی منکر ہیں جو صحیح روایات سے ثابت ہے کما مر۔

حضرت عبد اللہ بن مغفلؓ کا اثر:۔ امام بخاریؒ اپنی سند کے ساتھ یہ روایت نقل کرتے ہیں۔

عن عبد اللہؓ بن مغفل انہ کان یقرأ فی الظہر والعصر خلف الامام فی الاولیین بفاتحۃ الکتاب وسورتین وفی الاخریین بفاتحۃ الکتاب (جزء القرأۃ ص ۱۳)

کہ حضرت عبد اللہؓ بن مغفل ظہر اور عصر کی پہلی دونوں رکعتوں میں امام کے پیچھے سورۃ فاتحہ اور دو اور سورتیں بھی پڑھا کرتے تھے اور پچھلی دونوں رکعتوں میں صرف سورۃ فاتحہ پڑھا کرتے تھے۔

جواب:۔ اس اثر سے بھی فریق ثانی کا احتجاج درست نہیں ہے۔ اولاً اس لیے کہ اس سند میں عمر بن ابی سحیمؒ ہے علامہ ذہبیؒ فرماتے ہیں کہ یہ راوی مجہول ہے چنانچہ حافظ ابن حجرؒ فرماتے ہیں وقال الذہبیؒ لا یعرف انتہی کہ علامہ ذہبیؒ فرماتے ہیں کہ وہ مجہول ہے (تہذیب ص ۴۵۹) ابن حبانؒ اس کو ثقات میں لکھتے ہیں لیکن مبارکپوریؒ صاحب لکھتے ہیں کہ تمہیں کوئی خبر نہیں کہ ابن حبانؒ متساہل ہیں (تحقیق الکلام ص ۱۴۷) وثانیاً اس اثر سے صرف ظہر اور عصر کی سری نمازوں میں امام کے پیچھے قرأت کا ثبوت ہے حالانکہ فریق ثانی سب نمازوں اور سب نمازیوں کے لیے دعویٰ کرتا ہے وثالثاً اس اثر میں سورۃ فاتحہ کے علاوہ اور سورتوں کی قرأت کا بھی ذکر ہے اور فریق ثانی اس کا قائل نہیں ہے اس لیے یہ اثر بھی ان کو چنداں مفید نہیں ہو سکتا مؤلف خیر الکلام لکھتے ہیں کہ اگرچہ اس اثر میں ظہر اور عصر کا ذکر ہے مگر باقی کی نفی نہیں مفہوم مخالف کا اعتبار نہیں (محصلہ ص ۲۳۶)

الجواب: ظہر و عصر کی قید احترازی ہے جو باقی کی نفی پر دال ہے اور مفہوم مخالف پر یہ واضح دلیل ہے پھر کیوں حجت نہیں، ہاں اگر احناف کی طرح وہ مفہوم مخالف کو حجت نہیں سمجھتے تو صاف بتا دیں، تاکہ ہم ان کی پسند کا کوئی اور جواب عرض کر سکیں۔

حضرت ابو سعید الخدریؓ کا اثر:

حضرت ابو نضرؒ کہتے ہیں میں نے حضرت ابو سعید الخدریؓ سے پوچھا عن القرأۃ خلف الامام فقال بفاتحۃ الکتاب (جزء القراۃ ص۱۳) کہ امام کے پیچھے قرأت صحیح ہے فرمایا ہاں سورۃ فاتحہ۔

جواب: سند میں عوامؒ بن حمزہؒ ہے ابن جوزیؒ اس کو ضعفا میں لکھتے ہیں (الجوہر النقی ج۲ ص۱۶۹) امام یحییٰؒ فرماتے ہیں کہ اس کی حدیث محض ہیچ ہے (میزان جلد ۲ ص۳۰۸) امام احمدؒ فرماتے ہیں کہ یہ صاحب مناکیر تھے (تہذیب التہذیب جلد ۸ ص۱۶۳) مبارکپوری صاحبؒ کہتے ہیں کہ عوام ثقہ ہے کیونکہ جرح مبہم ہے لہذا یہ اثر صحیح ہے (تحقیق الکلام جلد ۲ ص۱۵۸) امام الجرح والتعدیل یحییٰؒ تو یہ فرماتے ہیں کہ اس کی حدیث لیس بشئی ہے اور امام احمدؒ اس کو صاحب مناکیر کہہ کر منکر الحدیث بتاتے ہیں لیکن عجیب بات ہے کہ مبارکپوریؒ صاحب کے نزدیک یہ جرح مبہم ہے، کیا مولانا کو اپنا لکھا ہوا یہ ارشاد یاد نہیں کہ جس راوی سے متعلق منکر الحدیث ہونیکا الزام ہو اسکی حدیث قابل ترک ہے کیونکہ یہ جرح مفسر ہے (ابکار المنن ص۱۹۱) الغرض یہ روایت اور اثر بھی فریق ثانی کو مفید نہیں ہے۔

حضرت انسؓ بن مالک کا اثر: حضرت ثابتؒ سے روایت ہے وہ فرماتے ہیں:

عن انسؓ قال کان یأمرنا بالقرأۃ خلف الامام وکنت اقوم الی جنب انسؓ فیقرأ بفاتحۃ الکتاب وسورۃ من المفصل (کتاب القرأت ص۶۸ و ص۲۲)

کہ حضرت انسؓ ہمیں امام کے پیچھے قرأت کرنے کا حکم دیا کرتے اور میں حضرت انسؓ کے پہلو میں کھڑا ہوتا تھا اور وہ سورۃ فاتحہ اور مفصل میں سے کوئی سورت بھی ساتھ پڑھا کرتے تھے۔

جواب: یہ اثر بھی فریق ثانی کو مفید نہیں ہے اولاً اس لیے کہ اس کی سند میں وہی عوامؒ بن حمزہؒ ہے جس پر جرح گذر چکی ہے یہ روایت سنن الکبریٰ جلد ۲ ص۱۷۱ میں بھی مذکور ہے اور اس کی سند میں عوامؒ بن حوشبؒ ہے اور گو وہ ثقہ ثبت اور فاضل تھے (تقریب ص۲۹۲) لیکن امام بیہقیؒ امام ابن خزیمہؒ وغیرہ کے حوالہ سے یہ نقل کرتے ہیں کہ عوامؒ بن حوشبؒ کا نام لینا صحیح نہیں ہے صحیح یہ ہے کہ یہ راوی عوامؒ بن حمزہؒ ہی ہے وھذا اصح صحیح ترین بات صرف یہی ہے وثانیاً اس اثر میں سورۃ فاتحہ کے علاوہ کسی اور مفصل سورت کا بھی ذکر ہے حالانکہ فریق ثانی اس کا قائل نہیں ہے جو جواب وہ ترک

سورۃ من المفصل کا عنایت فرمائے گا یہی ہماری طرف سے ترک سورۂ فاتحہ کا سمجھ لے۔

حضرت عبد اللہؓ بن عمروؓ کا اثر :۔ حضرت مجاہدؒ سے مروی ہے، وہ فرماتے ہیں۔

سمعت عبد اللہ بن عمرؓو یقرأ فی الظهر والعصر خلف الامام (سنن الکبری جلد ۲ ص ۱۶۹ وکتاب القرأۃ ص ۹۵) کہ میں نے حضرت عبد اللہؓ بن عمروؓ کو ظہر اور عصر کی نماز میں امام کے پیچھے قرأت کرتے سنا۔

جواب :۔ اگر مبارکپوری صاحبؒ کا قاعدہ پیش نظر رکھا جائے (جیسا کہ انہوں نے ابو اسحاقؒ اور حمادؒ بن سلمہؒ وغیرہ کے متعلق اختیار کیا ہے) تو یہ اثر سنداً صحیح نہیں ہے کیونکہ اس کی سند میں حصینؒ ہیں گو وہ ثقہ تھے لیکن حافظ ابن حجرؒ لکھتے ہیں کہ آخر عمر میں ان کا حافظہ خراب ہو گیا تھا (تقریب ص ۹۵) امام ابو حاتمؒ امام نسائیؒ اور یزیدؒ بن ہارونؒ بھی فرماتے ہیں کہ آخر میں ان کا حافظہ خراب ہو گیا تھا (تہذیب جلد ۲ ص ۳۸۲/۳۸۳) اور اگر اس اثر کو صحیح تسلیم کر لیا جائے جیسا کہ امام بیہقیؒ نے اس کی تصریح کی ہے تو فریق ثانی کو پھر بھی یہ اثر کلیتاً مفید نہیں ہو سکتا، کیونکہ اس میں ظہر اور عصر کی قید ہے اور سورۂ فاتحہ کی قرأت کا ذکر نہیں ہے بلکہ دوسری روایت میں اس کی تصریح ہے کہ حضرت عبد اللہؓ بن عمروؓ ظہر کی نماز میں امام کے پیچھے سورۂ مریم پڑھتے تھے (سنن الکبری جلد ۲ ص ۱۶۹) امام بیہقیؒ کہتے ہیں کہ یہ صحیح ہے المحقق نیمویؒ لکھتے ہیں اسنادہ صحیح (تعلیق الحسن جلد ۱ ص ۸۳) کہ اس کی سند صحیح ہے لہٰذا اس اثر کو امام کے پیچھے جملہ نمازوں میں قرأت سورۂ فاتحہ کے اثبات کے لیے پیش کرنا دور از کار بات ہے امام بیہقیؒ نے ایک اور سند نقل کی ہے جس میں حضرت عبد اللہؓ بن عمرؓ اور حضرت عبد اللہؓ بن عتبہ سے روایت نقل کی ہے کہ وہ دونوں امام کے پیچھے قرأت کرتے تھے۔ (سنن الکبری جلد ۲ ص ۱۶۹) لیکن اس کی سند میں عبد الملکؒ بن محمدؒ ہے امام دارقطنیؒ فرماتے ہیں کہ وہ صدوق تھے لیکن اسانید اور متون میں بکثرت خطاء کرتے تھے وہ زبانی روایت بیان کیا کرتے تھے جس کی وجہ سے ان کے اوہام بہت زیادہ ہو چکے تھے (تہذیب جلد ۲ ص ۴۲۰) امام حاکمؒ نقل کرتے ہیں کہ جن روایتوں میں یہ منفرد ہوں ان سے احتجاج صحیح نہیں ہے علامہ ابو القاسمؒ فرماتے ہیں کہ میرے پاس ان کی حدیثوں کی دس جلدیں موجود ہیں لیکن ان میں ایک حدیث بھی ایسی نہیں ہے جو ان کے وہم سے بچ سکی ہو، کسی کی سند میں خرابی ہے تو کسی کے متن میں وہ زبانی روایتیں بیان کیا کرتے تھے، اس لیے

ان کے اوھام بہت زیادہ ہوگئے ہیں (ایضاً صلا۲۲) اوران کا وہم اس سے معلوم ہو سکتا ہے کہ اسی اثر میں یہ تین متضاد نام آتے ہیں عبداللہؓ بن عمرؓ۔ عبداللہؓ بن عتبہ اور عبداللہؓ بن عمروؓ چنانچہ امام بیہقیؒ (بلکہ حضرت امام بخاریؒ بھی دیکھئے جزء القراۃ صلا۱۳) موخر الذکر کے نام کو صحیح سمجھتے ہیں۔ (سنن الکبریٰ جلد ۲ صلا۱۶۹ وکتاب القراۃ صلا۹۵) حضرت عبداللہؓ بن عمرؓ کا محقق مسلک بسند صحیح جلد اول میں نقل کیا جاچکا ہے اور ان کی اس کے خلاف پیش کردہ روایتوں پر کلام آرہا ہے۔ انشاء اللہ العزیز۔

حضرت جابرؓ بن عبداللہؓ کا اثر :- یزید فقیرؒ حضرت جابرؓ سے روایت کرتے ہیں :-

قال کنا نقرأ فی الظھر والعصر خلف الامام فی الرکعتین الاولیین بفاتحۃ الکتاب وسورۃ وفی الآخریین بفاتحۃ الکتاب۔ (ابن ماجہ صلا۶۱ وسنن الکبریٰ صلا۱۷۰ ج ۲ کتاب القراۃ)	وہ فرماتے ہیں کہ ہم ظہر اور عصر کی پہلی دو رکعتوں میں سورۃ فاتحہ اور اس کے ساتھ کوئی اور سورت بھی اور پچھلی دونوں رکعتوں میں صرف سورۃ فاتحہ پڑھا کرتے تھے۔

جواب :- اس اثر سے بھی فریق ثانی کا استدلال صحیح نہیں ہے اولاً اس لیے کہ اس کی سند میں سعیدؒ بن عامرؒ ہے گو وہ ثقہ تھے لیکن ابو حاتمؒ کہتے ہیں کہ ان کی حدیث میں بعض غلطیاں بھی ہوتی ہیں (تہذیب جلد ۴ صلا۵۰) حافظ ابن حجرؒ لکھتے ہیں کہ وہ کبھی وہم کا شکار ہو جاتے تھے (تقریب صلا۱۲۶) مؤلف خیر الکلام لکھتے ہیں کہ امام ابو حاتمؒ متعنت ہیں اس لیے ان کی جرح کا کوئی اعتبار نہیں (صلا۳۰۷)

الجواب :- ان کا تعنت وہاں ہوتا ہے جہاں وہ متفرد ہوں اور یہاں تو حافظ ابن حجرؒ بھی ان کو وہمی بتاتے ہیں اس کا معارضہ ان کے اس اثر سے جو بسند صحیح مؤطا امام مالک اور ترمذی کے حوالے سے نقل کیا جاچکا ہے ہرگز نہیں ہو سکتا۔ مبارکپوری صاحبؒ ایک مقام پر لکھتے ہیں، سو یہ معارضہ بھی صحیح نہیں کیونکہ اس اثر کی سند میں حمادؒ بن سلمہؒ کا واقع ہے (گو وہ ثقہ تھے تقریب صلا۱۰۱ مگر) آخر میں حافظہ متغیر ہوگیا تھا (تحقیق الکلام جلد ۱ صلا۱۳۲) مؤلف خیر الکلام کا بس یہ حدیث صحیح ہے (صلا۳۰۷) کچھ کوئی وزن نہیں رکھتا وثانیاً علامہ ماردینیؒ لکھتے ہیں کہ یہ اثر مضطرب المتن ہے کیونکہ ایک روایت میں خلف الامام کا جملہ نہیں ہے (جزء القراۃ صلا۴ سنن الکبریٰ جلد ۲ صلا۶۳) اور دوسری روایت میں اس کا ذکر ہے (ایضاً جلد ۲ صلا۱۶۰ وصلا۱۷۰) (الجوہر النقی جلد ۲ صلا۱۹۱) زیادت ثقہ مقبول ہوتی ہے

جب کہ وہ خطا اور وہم کا شکار نہ ہو مؤلف خیر الکلام پر تحقہ کھل گئے ہیں، نیز ایک مقام میں فاتحۃ الکتاب کے بعد فما فوق ذلك او قال ما اکثر من ذلك کا ذکر ہے اور دوسرے مقام پر ما فوق کے بجائے سورۃ کا ذکر ہے اور ایک روایت میں فما فوقہا ہے (بیہقی جلد ۲ ص۱۶۳) مؤلف خیر الکلام لکھتے ہیں کہ مقتدی کے لیے سِرّی نمازوں میں ما زاد پڑھنا منع نہیں لہٰذا اضطراب کیسا؟ (محصلہ ص۲۰۰) الجواب اوّلاً تو ما زاد کا مقتدی کے لیے سِرّی نمازوں میں پڑھنے کا جواز محل نظر ہے وثانیاً وہی راوی کے الفاظ میں اس نمایاں اضطراب کا یہ جواب غیر تسلی بخش ہے وثالثاً حضرت شاہ عبد الغنی مجددیؒ (المتوفی ۱۲۶۶ھ) لکھتے ہیں، حضرت جابرؓ کا یہ اثر اس وقت کا ہے جب کہ انہوں نے آنحضرت صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم سے قراۃ خلف الامام کی ممانعت نہیں سنی تھی اور اپنے اجتہاد کے موافق امام کے پیچھے قرأت کرتے رہے جب آنحضرت صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے منع کر دیا تو باز آگئے (انجاح الحاجۃ ص۶۱) اور یہ بالکل صحیح ہے کہ یہ حضرت جابرؓ کا پہلا قول اور عمل ہے بعد کو وہ قراۃ خلف الامام کے قائل نہ رہے تھے اور ان کا یہی مسلک حضرت امام مالکؒ، حضرت احمدؒ اور حضرت امام ترمذیؒ وغیرہ ائمہ فقہ و حدیث نے سمجھا اور اس کو روایت کیا ہے اور ہم نے ان کی صحیح اور متصل روایت بھی پہلے بیان کی جو صراحت سے منع پر دال ہے۔ مؤلف خیر الکلام کا یہ کہنا کہ منع خیالی بات ہے (ص۲۰۱) خود ایک خیالی پلاؤ ہے۔ ورابعاً چونکہ اس اثر میں خلف الامام کا جملہ صرف سعیدؒ بن عامرؒ نقل کرتے ہیں اور ان کی روایت میں غلطی اور وہم ہوتا ہے اس لیے یہ لفظ ان کی غلطی سے زیادہ ہوا ہے کیونکہ دوسرے راوی اس کو نقل نہیں کرتے چنانچہ یہ روایت یحییٰؒ بن سعیدؒ سے بھی مروی ہے (سنن الکبریٰ جلد ۲ ص۱۶۳ و کتاب القرأۃ ص۱۵۱) اور معاذؒ بن ہشامؒ سے بھی (کتاب القرأۃ ص۱۵۱) مگر ان کی روایت میں خلف الامام کا جملہ مذکور نہیں ہے اور چونکہ صحیح روایات میں مقتدی کو امام کے پیچھے قرأت سے منع کا حکم آیا ہے اس لیے اصل روایت منفرد کے حق میں تھی لیکن ان کی غلطی اور وہم سے منفرد کے بجائے مقتدی سے جوڑ دی گئی ہے وخامساً اس اثر میں صرف ظہر اور عصر کی نماز کا ذکر ہے اور فریق ثانی کا دعویٰ عموم کا ہے وسادساً اس اثر میں سورۃ فاتحہ کے علاوہ کسی اور سورت کا بھی ذکر ہے حالانکہ فریق ثانی اس کا قائل نہیں ہے اگر یہ اثر ان کے نزدیک صحیح ہے تو جو جواب وہ اس میں سورت کی نفی کا ارشاد فرمائیں گے وہی ہماری طرف سے سورۃ فاتحہ کی نفی اور

ترک کا جواب سمجھ لیں حضرت جابرؓ سے ایک اثر یوں مروی ہے کہ ان کے ایک غلام نے کہا کہ مجھے میرے آقا نے یہ حکم دیا اقرأ فی الظہر والعصر خلف الامام (جزء القرأۃ ص۱۲ کتاب القرأۃ ص۹۶ والبکار ص۱۶۰) کہ میں ظہر اور عصر کی نماز میں امام کے پیچھے قرأت کروں لیکن اس سے بھی استدلال صحیح نہیں ہے اولاً اس لیے کہ اس کی سند یوں ہے سفیانؒ بن حسین عن الزہریؒ اور حضرت علیؓ کے اثر کے تحت اس کی پوری تحقیق گذر چکی ہے کہ یہ ضعیف ہے وثانیاً محقق نیمویؒ لکھتے ہیں کہ مولیٰ جابرؓ اس سند میں مجہول ہے نہ معلوم وہ کون اور کیسا تھا؟ (تعلیق الحسن جلد ۱ ص۸۳) وثالثاً اس میں ظہر اور عصر کی قید ہے اور فریق ثانی کا دعویٰ عام ہے حضرت جابرؓ کا مسلک صحیح سند کے ساتھ جلد اول میں نقل کیا جا چکا ہے کہ وہ امام کے پیچھے کسی نماز میں کسی قسم کی قرأت کے عموماً اور سورۃ فاتحہ کے خصوصاً ہرگز قائل نہ تھے ان کا ایک اور اثر سن لیجیے امام ابوبکرؒ بن ابی شیبہؒ فرماتے ہیں کہ ہم سے وکیعؒ نے بیان کیا وہ ضحاکؒ بن عثمانؒ سے روایت کرتے اور وہ عبیداللہؒ بن مقسمؒ سے اور وہ حضرت جابرؓ بن عبداللہؓ سے وہ فرماتے ہیں لا یقرأ خلف الامام (الجوہر النقی جلد ۲ ص۱۶۱ مع البیہقی) کہ امام کے پیچھے قرأت نہیں کی جا سکتی، اس سند کے سب راوی ثقہ اور ثبت ہیں بقیہ رواۃ کا ترجمہ پہلے اپنے اپنے موقع پر گذر چکا ہے۔ البتہ ضحاکؒ بن عثمان کا ترجمہ باقی ہے، امام احمدؒ ابن معینؒ مصعب زبیریؒ، ابوداؤدؒ، ابن بکیرؒ اور علیؒ بن المدینیؒ سب ان کو ثقہ کہتے ہیں ابوحاتمؒ ان کو صدوق کہتے ہیں ابن حبانؒ ان کو ثقات میں لکھتے ہیں ابن سعدؒ ان کو ثقہ اور کثیر الحدیث کہتے ہیں ابن نمیرؒ ان کو لا باس بہ اور جائز الحدیث کہتے ہیں (تہذیب جلد ۴ ص۴۴۷) علامہ ابن ترکمانیؒ فرماتے ہیں یہ سند متصل اور علی شرط مسلم صحیح ہے (الجوہر جلد ۲ ص۱۶۱)

حضرت عبداللہؓ بن عباسؓ کا اثر:۔

امام بیہقیؒ اپنی سند کے ساتھ عبدالوہابؒ بن فلیح المکیؒ کے طریق سے روایت کرتے ہیں وہ فرماتے ہیں کہ ہم سے مروانؒ بن معاویہ الفزاریؒ نے اسماعیلؒ بن ابی خالدؒ سے روایت کی وہ فرماتے ہیں کہ ہم سے العیزارؒ بن حریثؒ نے روایت کی ہے۔ وہ فرماتے ہیں کہ:۔

سمعت ابن عباسؓ یقول اقرأ خلف الامام بفاتحۃ الکتاب ھذا اسناد صحیح لاغبار علیہ	میں نے حضرت ابن عباسؓ سے سنا انہوں نے فرمایا کہ امام کے پیچھے سورۃ فاتحہ پڑھا کرو، یہ سند صحیح ہے اس

وکتاب القراۃ ص۱۳۷ طبع دہلی وکنز العمال ج۴ ص۲۵۴ و پر کوئی غبار نہیں ہے ۔
تحقیق الکلام ج۲ ص۱۵۹ وابکار ص۱۲۵)

الجواب :۔ اس اثر سے فریق ثانی کا استدلال صحیح نہیں ہے اولاً اس لیے کہ اس کی سند میں مروانؒ بن معاویہ الفزاریؒ ہیں اور وہ عن کے ساتھ روایت کرتے ہیں وہ اگرچہ ثقہ اور ثبت تھے لیکن وہ مجہول راویوں سے روایت کرنے تدلیس کرنے اور رواۃ اور شیوخ کے نام بدل دینے کے عیب میں مبتلا تھے امام ابن معینؒ فرماتے ہیں کہ وہ اگر معروف راویوں سے روایت کریں تو ثقہ ہیں (تذکرہ ج۱ ص۲۷۲) اور اگر مجہول راویوں سے روایت کریں تو ضعیف ہیں (تہذیب التہذیب ج۱۰ ص۹۸) امام ابن معینؒ ہی فرماتے ہیں کہ وہ گلیوں سے ہمارے لیے شیوخ اور رواۃ چن لیتے تھے (تذکرہ ج۱ ص۲۷۲) اور ایسا ہی محدث ابن نمیرؒ نے فرمایا (تہذیب التہذیب ج۱۰ ص۹۸) امام ابن معینؒ فرماتے کہ میں نے تدلیس کرنے میں ان سے بڑا حیلہ گر اور کوئی نہیں دیکھا (ایضاً) نیز انہوں نے فرمایا کہ وہ لوگوں سے مخفی رکھنے کے لیے راویوں کے نام بدل دیتے تھے چنانچہ انہوں نے ہم سے الحکمؒ بن ابی خالدؒ سے روایت بیان کی جو درحقیقت الحکمؒ بن ظہیرؒ ہیں (ایضاً) امام ابوداؤدؒ فرماتے ہیں کہ وہ راویوں کے نام بدل دیتے تھے ۔ (اس کاروائی کو اصول حدیث والے تدلیس شیوخ کہتے ہیں۔ صفدر) امام ابوحاتمؒ فرماتے ہیں کہ وہ سچے تو ہیں مگر بکثرت مجہول راویوں سے روایت کرتے ہیں (ایضاً) علامہ ذہبیؒ فرماتے ہیں کہ وہ (بے تحاشا) زندوں اور مُردوں سے روایت کر لیتے تھے یروی عمن دب ودرج (ایضاً) اور حافظ ابن حجرؒ فرماتے ہیں کہ وہ مدلس ہونے کے ساتھ شیعہ بھی تھے (تقریب ص۲۷۳) اور مؤلف خیر الکلام لکھتے ہیں کہ وہ تدلیس شیوخ کرتے تھے اور اس کا امر ہلکا ہے (محصلہ ص۳۱) لیکن اسی پیش نظر کتاب میں باحوالہ اس کی تصریح موجود ہے کہ تدلیس زنا سے بھی بدتر ہے (مگر صحیحین میں رواۃ کی تدلیس اور بعض مخصوص رواۃ مثلاً قتادہؒ، اعمشؒ اور ابوالزبیر محمدؒ بن مسلمؒ بن تدرسؒ وغیرہ کی تدلیس اس کی زد اور مد میں نہیں ہے کما مر) اور امام نوویؒ تدلیس شیوخ کے بارے لکھتے ہیں وھو قبیح مذموم الخ (شرح مسلم ج۱ ص۱۹) کہ وہ قبیح اور مذموم ہے اور اس روایت کو الفزاریؒ عنعنہ سے بیان کرتے ہیں جس پر خاصا اعتبار ہے اور یہ صحیح نہیں ہے وثانیاً اصل سند میں امام بیہقیؒ نے راوی کا نام الفضل بن حرب نقل کیا ہے جو مجہول ہے معلوم نہیں کہ وہ کون اور کیسا تھا؟ جب تک

کتب اسماء الرجال سے باحوالہ اس کی توثیق سامنے نہ آجائے اس کی صحت ثابت نہیں ہو سکتی۔ امام بیہقیؒ نے اگرچہ اس اسناد کو صحیح لاغبار علیہ فرمایا ہے مگر امام بیہقیؒ کا رواۃ کی توثیق اور تضعیف کے بارے نظریہ خود ان کے اپنے حوالوں کی روشنی میں پہلے بیان ہو چکا ہے اور حاشیہ پر نسخہ کا عنوان دے کر امام بیہقیؒ نے اس راوی کے بدلے العیزارؒ بن حریثؒ لکھا ہے اس کا مطلب یہ ہوا کہ خود امام بیہقیؒ اس راوی کی تعیین کے بارے میں متردد ہیں اور یہ بھی ممکن ہے کہ یہ الفزاریؒ کی تدلیس اور رواۃ کے نام بدلنے کا اثر اور نتیجہ ہو امام بیہقیؒ نے کتاب القراۃ صـ۶۲ اور سنن الکبریٰ جلد ۲ صـ۱۶۹ میں بلا تردد العیزارؒ بن حریثؒ کا نام لیا ہے اور اس سند میں الفزاریؒ بھی نہیں لیکن اس کی سند میں ابوبکر بہاری ہے اور پہلے بیان ہو چکا ہے وہ کذاب تھا۔ ثالثاً اس کی سند میں اسماعیلؒ بن ابی خالدؒ ہیں جو الکوفی تھے (تذکرہ صـ۱۴۲ ج۱) اور مؤلف خیر الکلام لکھتے ہیں کہ جب اہل کوفہ کی نقل صحیح نہیں تو تطبیق کی بھی ضرورت نہیں بلفظہٖ (صـ۲۹۲) لہٰذا کسی کو کیا مصیبت پڑی ہے کہ اس روایت کی حضرت ابن عباسؓ کی ان صحیح روایات سے تطبیق دینے کے لیے وجوہ تلاش کرے جو جلد اوّل میں بیان ہو چکی ہیں۔ ورابعاً قطع نظر اس بحث سے اگر یہ روایت صحیح بھی ثابت ہو جائے تو اس سے تمام نمازوں میں قرأت سورۃ فاتحہ کا ثبوت نہیں ہو سکتا کیونکہ طحاوی صـ۱۲۱ ج۱ میں اسماعیلؒ بن ابی خالدؒ سے عنعنہ کے ساتھ العیزارؒ بن حریثؒ کی حضرت ابن عباسؓ سے روایت ہے جس میں آتا ہے کہ انہوں نے فرمایا کہ تم امام کے پیچھے فاتحۃ الکتاب ظہر اور عصر کی نماز میں پڑھو اس سے معلوم ہوا کہ ان کی طرف سے اجازت صرف سری نمازوں میں تھی نہ کہ جہری نمازوں میں جیسا کہ مخفی نہیں و خامساً طحاوی جلد ۱ صـ۱۲۱ کی روایت میں یونسؒ بن ابی اسحاقؒ کی العیزارؒ بن حریثؓ سے عنعنہ کے ساتھ روایت ہے وہ فرماتے ہیں کہ میں نے حضرت ابن عباسؓ سے سنا انہوں نے فرمایا کہ لا تصل صلوٰۃ الا قرأت فیھا ولو بفاتحۃ الکتاب کوئی نماز تم قرأت کے بغیر نہ پڑھو اگرچہ فاتحۃ الکتاب ہی کیوں نہ ہو فریق ثانی چونکہ مقتدی کے لیے سورۃ فاتحہ کا پڑھنا فرض اور لازم قرار دیتا ہے اور ولو بفاتحۃ الکتاب کے الفاظ اس فرضیت کے اثبات سے بالکل قاصر ہیں جیسا کہ واضح ہے حضرت ابن عباسؓ سے کتاب القراۃ صـ۶۳ اور اعلاء السنن جلد ۴ صـ۸۱ میں ایک روایت یوں آتی ہے کہ امام کے پیچھے قرأت کرو امام جہر کرے یا نہ کرے مگر اس کی سند میں عتبہ بن عبداللہ الاصم ہے امام ابن معینؒ اس کو لیس بشئی اور امام نسائیؒ لیس بثقۃ

اور فلاسؒ واہی الحدیث اور ابوحاتمؒ لین الحدیث اور امام ابوداؤدؒ ضعیف کہتے ہیں (تہذیب التہذیب ج ۷ ص ۲۴۴) ابن حبانؒ ان کو ضعفاء میں لکھتے ہیں اور ساجیؒ فرماتے ہیں کہ اس کی حدیث سے احتجاج صحیح نہیں اور اس میں ضعف ہے (ایضاً ص ۲۴۵) علامہ ذہبیؒ فرماتے ہیں کہ وہ مشہور ضعیف ہے (میزان ج ۲ ص ۲۰۴) حضرت ابن عباسؓ کی ایک روایت اس طرح مروی ہے کہ فاتحۃ الکتاب کسی رکعت میں نہ چھوڑو امام جہر کرے یا نہ کرے (کتاب القراۃ ص ۶۳ و سنن الکبریٰ جلد ۲ ص ۱۶۹) لیکن سند میں لیث بن ابی سلیم ہے۔ حضرت ابن مسعودؓ کے اثر کے تحت گذر چکا ہے کہ وہ ضعیف ہے۔

حضرت ابن عباسؓ سے ایک روایت کتاب القراۃ ص ۶۴ میں بھی ہے لیکن اس کی سند میں عبداللہ بن لہیعہؒ ہے بحث خداج میں نقل کیا جا چکا ہے کہ وہ ضعیف تھا ان کی ایک اور روایت کتاب القراۃ ص ۱۳۷ میں ہے لیکن سند میں زہیرؒ نا ابواسحاقؒ الخ ہے امام بیہقیؒ، امام ابوزرعہؒ، علامہ ذہبیؒ، اور ابوحاتمؒ کہتے ہیں کہ زہیرؒ کی روایت ابواسحاقؒ سے ضعیف اور کمزور ہے (دیکھئے سنن الکبریٰ جلد ۱ ص ۱۰۱، میزان جلد ۱ ص ۳۵۵ و تہذیب جلد ۳ ص ۳۵۳ وغیرہ) علاوہ بریں مبارکپوری صاحبؒ لکھتے ہیں کہ ابواسحاقؒ مختلط تھے اور مدلس بھی تھے اور عنعنہ سے روایت کرتے ہیں تو ان کی سند کیسے صحیح ہو سکتی ہے؟ اُن کے قاعدہ کے مطابق یہ روایت صحیح نہیں ہے۔ (ابکار ص ۱۹۶ جلد اوّل) میں اس کی پوری بحث عرض کی جا چکی ہے۔ الغرض حضرت ابن عباسؓ کی ایک سند صحیح نہیں ہے جس سے یہ ثابت ہو سکے کہ امام کے پیچھے سورۃ فاتحہ پڑھنی چاہیئے۔ بخلاف اس کے ہم جلد اوّل میں آیت کی تفسیر میں اور آثار حضرات صحابہؓ کرام میں ان کی صحیح سند سے کئی روایتیں اس کے خلاف عرض کر چکے ہیں۔

فائدہ: عقبہ بن الاصم کی سند میں ایک راوی ہے جس کا نام بشر بن موسیٰؒ ہے صاحب اعلاء السنن (جلد ۳ ص ۸۰ میں) اس کو مجہول کہتے ہیں لیکن یہ صحیح نہیں ہے بشرؒ بن موسیٰؒ جلیل القدر محدث تھے علامہ ذہبیؒ ان کو المحدث الامام اور الثبت لکھتے ہیں، امام دارقطنیؒ ان کو ثقۃ نبیل کہتے ہیں (المتوفی ۲۸۸ھ، تذکرہ جلد ۲ ص ۱۹۵ و ص ۱۴۹)

حضرت ابوالدرداءؓ کا اثر: ان سے مروی ہے، انہوں نے فرمایا کہ لا یترک قرأۃ فاتحۃ الکتاب خلف الامام جھر او لم یجھر (کتاب القراۃ ص ۶۷ و سنن الکبریٰ ج ۲ ص ۱۷۰)

امام کے پیچھے سورۃ فاتحہ کی قرأت نہ ترک کی جائے امام جہر کرے یا آہستہ پڑھے۔

جواب: سند میں ولیدؒ بن مسلمؒ عن الاوزاعیؒ الخ ہے، ولیدؒ مذکور مدلس ہے ابو مسہرؒ کہتے ہیں کہ وہ جھوٹے راویوں سے بھی تدلیس کر لیا کرتا ہے۔ علامہ ذہبیؒ اس کے بارے میں یوں فیصلہ صادر کرتے ہیں کہ جب یہ عن سے روایت کرے خصوصاً ابن جریجؒ یا اوزاعیؒ سے تو اس کی حدیث کا قطعاً کوئی اعتبار نہ ہوگا (میزان جلد ۳ ص۲۷۵ و تہذیب جلد ۱۱ ص۱۵۴) اور یہ روایت ان کی اوزاعیؒ سے ہے اور جلد اوّل میں حضرت ابوالدرداءؓ کا بسند صحیح اثر اس کے خلاف عرض کیا جا چکا ہے حضرت ابوالدرداءؓ کا اثر ہونے میں فریق ثانی کو بھی کوئی اختلاف نہیں ہے۔ حضرت امام بیہقیؒ نے الولید بن مسلم کا ایک متابع بھی ذکر کیا ہے جس کے سہارے پر مولانا مبارکپوری صاحبؒ نے اس کو اپنا مستدل قرار دیا ہے اور اس سے استدلال کرتے ہوئے اس کو احناف کے خلاف بتایا ہے (ملاحظہ ہو ابکار المنن ص) وہ متابع محمد بن کثیر الثقفی ہے اور امام بیہقیؒ نے ان کی روایت کتاب القراءۃ (ص۶۸ طبع دہلی) میں نقل کی ہے لیکن اس سے ان کو کوئی فائدہ نہیں اس لیے کہ محمد بن کثیر کی اگرچہ بعض حضرات محدثین کرامؒ نے توثیق کی ہے لیکن امام احمدؒ نے ان کی سخت تضعیف کی ہے اور اسے منکر الحدیث کہا ہے اور نیز انہوں نے فرمایا ہے کہ اس نے ایسی منکر احادیث بیان کی ہیں جن کی کوئی اصل نہیں ہے امام صالحؒ بن محمدؒ اس کو صدوق کثیر الخطاء کہتے ہیں، امام بخاریؒ نے بھی اس کو بہت ضعیف بتایا ہے امام نسائیؒ فرماتے ہیں کہ وہ قوی نہیں اور کثیر الخطاء ہے امام ساجیؒ فرماتے ہیں کہ صدوق اور کثیر الغلط ہے امام ابو احمد الحاکمؒ فرماتے ہیں کہ محدثین کے نزدیک وہ قوی نہیں امام ابن عدیؒ فرماتے ہیں کہ اس کی بیان کردہ روایات میں کوئی اس کی متابعت اور تائید نہیں کرتا (تہذیب التہذیب ج ۹ ص۴۱۷ محصلہ) اور حافظ ابن حجرؒ ان کو صدوق کثیر الغلط کہتے ہیں (تقریب ص) جب یہ راوی نہایت ضعیف اور کثیر الغلط ہے تو اس کی روایت اور اس کی تائید سے کیا فائدہ؟ ترجمان الحدیث ماہ جنوری ۱۹۷۵ء ص۲۵ اور ۲۸ میں بلا وجہ ایسے راوی کا تذکرہ کر کے اس کی روایت سے سہارا تلاش کیا گیا ہے۔

حضرت عمرانؓ بن حصینؓ کا اثر: ان سے مروی ہے انہوں نے ارشاد فرمایا۔

لاتجزئ صلوٰۃ مسلم الا بطہور و رکوع و سجود و فاتحۃ الکتاب وراء الامام	کسی مسلمان کی نماز مقبول نہیں ہو سکتی تاوقتیکہ وہ طہارت رکوع، سجود اور سورۃ فاتحہ کا اس میں خاص اہتمام نہ کرے

وغیرالامام (کتاب القرأۃ ص۵۲ جزء القرأۃ ص۱۸)　　امام کے پیچھے ہو یا اکیلا۔

جواب :۔ اس کی سند میں زیادؒ بن ابی زیاد جصاص ہے امام ابن معینؒ اور ابن مدینیؒ اس کو لیس بشیء کہتے ہیں نسائیؒ اور دارقطنیؒ اس کو متروک کہتے ہیں ابوزرعہؒ اس کو واہی کہتے ہیں علامہ ذہبیؒ فرماتے ہیں کہ اس کے ضعیف ہونے پر سب کا اجماع اور اتفاق ہے (میزان جلد ۱ ص۳۵۶ و تہذیب جلد ۳ ص۳۶۶) مؤلف خیر الکلام نے بھی علامہ ذہبیؒ کا حوالہ نقل کیا ہے (ص۲۲۷) یہ روایت بھی نہایت کمزور اور ضعیف ہے اور ان کی ایک روایت یوں ہے لا تجوز صلاۃ الا بفاتحۃ الکتاب وآیتین فصاعداً (کتاب القرأۃ ص۱۸) کہ نماز سورۂ فاتحہ اور دو آیتوں اور اس سے کچھ زیادہ کے بغیر صحیح نہیں ہوتی۔ لیکن اس میں ایک تو خلف الامام کا کوئی ذکر نہیں ہے اور دوسرا اس میں وآیتین فصاعداً کی زیادت موجود ہے۔

لطیفہ :۔ حضرت عمرانؓ بن حصینؓ سے مرفوعاً ایک روایت مروی ہے کہ ظہر کی نماز میں ایک شخص نے آنحضرت صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کے پیچھے قرأت کی نماز سے فارغ ہونے کے بعد آپ نے فرمایا کس نے میرے ساتھ منازعت اور ہاتھا پائی کی ہے؟ غرضیکہ آپ نے امام کے پیچھے قرأۃ کرنے سے منع کر دیا (دارقطنی جلد ۱ ص۱۲۴) اس روایت پر فریق ثانی کی طرف سے جن میں امام دارقطنیؒ بھی ہیں یہ اعتراض ہوا ہے کہ سند میں حجاجؒ بن ارطاۃؒ ہے اور وہ ضعیف ہے ہم نے حجاجؒ بن ارطاۃؒ سے کوئی روایت نہیں لی۔ لیکن فریق ثانی کی ستم ظریفی ملاحظہ کیجئے کہ حجاجؒ بن ارطاۃؒ ابوداؤدؒ ترمذیؒ نسائیؒ اور مسلمؒ وغیرہ کے رواۃ میں ہیں (ازالہ ستر ص۱۲۱) علامہ ذہبیؒ ان کو احد الاعلام اور علم کا ظرف لکھتے ہیں (تذکرہ جلد ۱ ص۱۷۵) ابوزرعہؒ اور ثوریؒ ان کی توثیق کرتے ہیں (تہذیب جلد ۲ ص۱۹۶) امام نوویؒ لکھتے ہیں کان بارعاً فی الحفظ والعلم کہ حفظ اور علم میں وہ بلند پایہ رکھتے تھے۔ (تہذیب الاسماء جلد ۱ ص۱۵۳) امام ترمذیؒ ان کی ایک حدیث کو حسن کہتے ہوئے تحسین کرتے ہیں (جلد ۱ ص۱۱۰) بلکہ ایک حدیث کو حسن صحیح کہتے ہیں (جلد ۱ ص۱۱۳) افسوس ہے کہ ان کی روایت تو فریق ثانی کے نزدیک حجت نہیں ہے لیکن زیادؒ کی روایت حجت ہے جو لیس بشیء ہے اور اس کی تضعیف پر اجماع ہے ان کی ایک روایت یوں ہے کہ ظہر کی نماز میں ایک شخص نے سبح اسم ربک الاعلیٰ کی سورت آپ کے پیچھے پڑھی تھی (مسلم جلد ۱ ص۱۷۲ نسائی جلد ۱ ص۱۰۶ ابوداؤد جلد ۱ ص۱۲۷) چونکہ لغت

تو نفی ہے اس لیے قرأ کو جہر کے معنی میں نہیں لیا جا سکتا اور پڑھنے والا بھی صرف ایک شخص تھا اور لطف کی بات یہ ہے کہ اس نے قرأۃ ظہر کی نماز میں کی تھی جو سری ہے مگر آنحضرت صلی اللہ تعالےٰ علیہ وسلم نے اس کو بھی گوارا نہیں کیا اور پوری تحقیق گذر چکی ہے کہ اعتبار عموم الفاظ کا ہوتا ہے خصوص سبب کا کوئی اعتبار نہیں ہوتا اور منازعت و مخالجت میں قرأت سورۃ فاتحہ اور دوسری تمام سورتیں یکساں ہیں کیونکہ علت ایک ہے اور معاذ اللہ علی الفاتحۃ کو منازعت کے لیے متعین کر دینا اور سورۃ فاتحہ کو اس سے خارج تصور کرنا دعویٰ بلا دلیل ہے جو بہرحال مردود ہے۔

حضرت ہشامؓ بن عامرؓ کا اثر :۔ حمیدؒ بن ہلالؒ سے مروی ہے وہ کہتے ہیں۔

ان ھشامؓ بن عامرؓ قرأ فقیل له اتقرأ خلف الامام قال انا لنفعل رکتاب القرأۃ ص۱۷ والسنن الکبریٰ جلد ۲ ص۱۷۱)	کہ ہشامؓ بن عامرؓ نے قرأت کی ان سے پوچھا گیا کہ آپ امام کے پیچھے قرأت کرتے ہیں؟ فرمایا ہاں ہم یوں ہی کرتے ہیں۔

جواب :۔ یہ اثر بھی قابل التفات نہیں ہے اولاً اس لیے کہ اس کی سند میں ابو بکر بن بکار ہے اور عرض کیا جا چکا ہے کہ وہ کذاب تھا و ثانیاً اس بات میں اختلاف ہے کہ حمیدؒ بن ہلالؒ کی ہشامؓ بن عامرؓ سے ملاقات ثابت ہے یا نہیں؟ امام ابو حاتمؒ کہتے ہیں ملاقات ثابت نہیں ہے اور ان کی روایت مرسل ہے (دیکھئے تہذیب التہذیب جلد ۳ ص۵۲ و جلد ۱۱ ص۳۷) و ثالثاً اس اثر میں سورۃ فاتحہ کا ذکر نہیں بلکہ مطلق قرأت کا ذکر ہے فریق ثانی کا دعویٰ صرف سورۃ فاتحہ کی قرأت کا ہے نہ کہ مطلق قرأت کا۔

حضرت معاذؓ بن جبل کا اثر :۔ ایک سائل نے حضرت معاذؓ سے قرأۃ خلف الامام کے متعلق سوال کیا۔

قال اذا قرأ فاقرأ بفاتحۃ الکتاب وقل ھو اللہ احد واذا لم تسمع فاقرأ فی نفسك ولا تؤذ من عن یمینك ولا من عن شمالك (السنن الکبریٰ جلد ۲ ص۱۶۹)	انہوں نے فرمایا کہ جب امام قرأت کرے تو تم بھی سورۃ فاتحہ اور قل ھو اللہ احد پڑھا کرو اور جب اس کی قرأۃ نہ سنو تو دل میں پڑھا کرو دائیں اور بائیں پہلو والوں کو اذیت نہ دیا کرو۔

جواب :۔ یہ اثر بھی قابل استدلال نہیں ہو سکتا اولاً اس لئے کہ اس کی سند میں احمدؒ بن محمودؒ

واقع ہے حافظ ابن حجرؒ ایک سند کے متعلق جس میں احمد بن محمود واقع ہے لکھتے ہیں کہ سند باطل ہے اور اس سند کے راوی ضعیف ہیں دارقطنیؒ کہتے ہیں کہ مجہول ہیں (لسان المیزان جلد ۱ صفحہ ۲۱۴) وثانیاً اس کی سند میں ابوشیبہ مہریؒ ہے علامہ ذہبیؒ اور حافظ ابن حجرؒ شیخ مہریؒ کے ترجمہ میں لکھتے ہیں لا یدری من ذا او لا من شیخہ شیخ مہریؒ اور اس کا استاد ابوشیبہ مہریؒ پتہ نہیں یہ دونوں کون تھے؟ امام بخاریؒ فرماتے ہیں اس کی سند مجہول ہے (میزان جلد ۱ صفحہ ۱۶۴ ولسان جلد ۱ صفحہ ۱۲) وثالثاً اس سند میں علی بن یونسؒ واقع ہے اگر یہ علی بن یونس بلخیؒ ہے تب بھی کمزور ہے (میزان جلد ۲ صفحہ ۲۴۱ ولسان صفحہ ۲۶۴) اور اگر علی بن یونس مدینیؒ ہے تب بھی ضعیف ہے (ایضاً وایضاً صفحہ ۲۶۹) اگر کوئی اور ہے تو اس کی توثیق درکار ہے ورابعاً اس اثر سے بظاہر یہ معلوم ہوتا ہے کہ حضرت معاذؓ نے صرف سری نمازوں میں اجازت دی ہے وخامساً اس میں سورۃ فاتحہ کے علاوہ قل ھو اللہ احد کی قرأت کا بھی ذکر ہے اور فریق ثانی اس کا قائل نہیں ہے۔

حضرت عبداللہ بن عمرؓ کا اثر :- حضرت سالمؒ سے مروی ہے وہ فرماتے ہیں ان ابن عمرؓ کان ینصت للامام فیماجھر فیہ ولا یقرأ معہ (کتاب القرأۃ صفحہ ۱۰ وتحقیق الکلام جلد ۲ صفحہ ۱۱) کہ حضرت ابن عمرؓ جہری نمازوں میں امام کے پیچھے خاموش رہا کرتے تھے اور قرأت نہیں کرتے تھے، فریق ثانی کا کہنا ہے کہ اس سے معلوم ہوتا ہے کہ سری نمازوں میں وہ امام کے پیچھے قرأۃ کیا کرتے تھے۔

جواب :- یہ اثر بھی فریق ثانی کو مفید نہیں اولاً اس لیے کہ اس کی سند میں ابن جریجؒ ہیں، امام دارقطنیؒ علامہ ذہبیؒ اور مبارکپوری صاحبؒ وغیرہ لکھتے ہیں کہ وہ مدلس تھے (تہذیب جلد ۶ صفحہ ۴۰۵، میزان جلد ۲ صفحہ ۱۵۱، ابکار صفحہ ۲۳۷) اور یہاں وہ عنعنہ سے روایت کرتے ہیں اور عنعنہ مدلس کا مقبول نہیں وثانیاً اس میں زہریؒ ہیں اور مبارکپوری صاحبؒ ان کی مدلس روایت کو بھی صحیح تسلیم نہیں کرتے اور یہاں بھی وہ عنعنہ سے روایت کرتے ہیں وثالثاً یہ اثر عبارۃ النص کے طور پر ہماری دلیل ہے کہ حضرت ابن عمرؓ جہری نمازوں میں قرأت کے قائل نہ تھے رہا سری نمازوں میں اس سے قرأت کا اثبات کرنا تو مفہوم مخالف پر مبنی ہے اور ہمارے نزدیک مفہوم مخالف حجت نہیں ہے (تعلیق الممجد صفحہ ۹۴ واعلاء السنن جلد ۴ صفحہ ۶۶) ورابعاً اگر مفہوم مخالف کو بعض فقہاء

کے قول کے مطابق صحیح بھی تسلیم کر لیا جائے تب بھی اس سے اتنا ہی ثابت ہوگا کہ حضرت ابن عمرؓ سرّی نمازوں میں امام کے پیچھے قرأت کرتے تھے اور فریق ثانی کا دعویٰ اس سے خاص ہے کیونکہ ان کا دعویٰ صرف سورۃ فاتحہ پڑھنے کا ہے وخامسًا موطا امام مالکؒ وغیرہ کے حوالہ سے بسند صحیح ان کا یہ اثر نقل کیا جا چکا ہے کہ وہ امام کے پیچھے کسی نماز میں کسی قسم کی قرأت کے قائل نہ تھے اور ان کا یہ مسلک ایک مسلّم حقیقت ہے اور ان سے ایک روایت یوں ہے انہ کان ینھی عن القرأۃ خلف الامام (الجوھر النقی جلد ۲ ص ۱۶۳) کہ حضرت ابن عمرؓ امام کے پیچھے قرأت کرنے سے منع کیا کرتے تھے۔ مولانا سید نذیر حسین صاحب دہلویؒ (المتوفی ۱۳۲۰ھ) جو فریق ثانی کے مقتدر اور پیشوا ہیں تحریر فرماتے ہیں کہ مقتدی کو سورۃ فاتحہ پڑھنے کی علماء احناف کے نزدیک اجازت نہیں ہے اور ان کا استدلال ان صحابہ کرامؓ کی روایات سے ہے اور یہ قرأت خلف الامام کے قائل نہ تھے۔ حضرت جابرؓ بن عبد اللہؓ، حضرت ابن عباسؓ، حضرت عبد اللہؓ بن عمرؓ، حضرت ابو ہریرہؓ، حضرت ابو سعیدؓ الخدریؓ، حضرت انسؓ بن مالک، حضرت عمرؓ بن الخطاب، حضرت زیدؓ بن ثابت، حضرت ابن مسعودؓ اور حضرت علیؓ وغیرہم (منع قرأت خلف الامام۔ بحوالۂ ایضاح الادلۃ ص ۵۵) اور صحیح اسانید کے ساتھ جلد اوّل میں ان اکابر کے آثار نقل کئے جا چکے ہیں کہ یہ جملہ حضرات امام کے پیچھے قرأت کے قائل نہ تھے اور یہی بات مولانا نذیر حسین صاحبؒ فرما رہے ہیں حضرت عبد اللہؓ بن عمرؓ کا ایک اثر کتاب القرأۃ ص ۱۲۹ و ص ۱۴۷ میں ہے لیکن اس میں مکحولؒ مدلس ہیں اور عنعنہ سے روایت کرتے ہیں علاوہ ازیں امام بیہقیؒ فرماتے ہیں کہ یہ عبد اللہ بن عمرؓ نہیں بلکہ عبد اللہؓ بن عمروؓ بن العاص ہیں (ص ۱۲۹) اور مستزاد براں اس میں خلف الامام کا جملہ بھی مذکور نہیں ہے لہٰذا یہ روایت منفرد کے حق میں ہے۔ حضرت عبد اللہؓ بن عمرؓ سے ابو العالیہؒ نے مکہ مکرمہ میں دریافت کیا کہ کیا میں نماز میں قرأت کیا کروں؟ فرمایا میں بیت اللہ کے رب سے حیا کرتا ہوں کہ نماز میں قرأت نہ کروں ولو بام الکتاب اگرچہ ام القرآن ہی ہو (جزء القرأۃ ص ۱۲) لیکن اس میں بھی خلف الامام کا کوئی ذکر نہیں ہے۔ علاوہ بریں کتاب القرأۃ ص ۲۵ میں اسی اثر کے آخر میں فاتحۃ الکتاب کے بعد ماتیسر کی زیادت بھی موجود ہے اور یہ زیادت اس بات کو متعین کر دیتی ہے کہ حضرت ابن عمرؓ کا یہ اثر مقتدی کے حق میں نہیں ہے کیونکہ فریق ثانی کے نزدیک

بھی اس کو ما زاد علی الفاتحہ پڑھنے کی گنجائش نہیں ہے اور کتاب القرأۃ ص۱۳ میں ان کی اسی روایت میں بام الکتاب کے بعد فما زاد یا فصاعدا کی زیادت بھی مروی ہے حضرت ابن عمرؓ سے ایک اثر ان الفاظ سے مروی ہے۔

سئل ابن عمرؓ عن القرأۃ خلف الامام فقال ماکانوا یرون بأسا ان یقرأ بفاتحۃ الکتاب فی نفسہ (جزء القرأۃ ص۱۲)	ان سے سوال کیا گیا کہ کیا امام کے پیچھے قرأۃ کی جا سکتی ہے؟ فرمایا لوگ اس میں کوئی حرج نہیں سمجھتے تھے کہ اپنے دل میں سورۃ فاتحہ پڑھ لیں۔

لیکن اس کی سند میں ایک تو ابو جعفر رازیؒ ہے جس کا نام عیسٰی بن ماہان ہے جس کا ترجمہ نقل کیا جا چکا ہے کہ وہ ضعیف ہے اور دوسرا راوی اس سند کا یحیٰی البکاءؒ ہے امام احمدؒ، ابو داؤدؒ، ابو زرعہؒ اور ابن عدیؒ اس کو ضعیف کہتے ہیں، دارقطنیؒ اس کو ضعیف اور علیؒ بن الجنیدؒ اس کو مختلط کہتے ہیں، ازدیؒ کہتے ہیں کہ یہ متروک ہے، ابن حبانؒ کہتے ہیں کہ اس سے احتجاج صحیح نہیں ہے (تہذیب التہذیب جلد ۱۱ ص۲۷۹) امام نسائیؒ اس کو متروک الحدیث کہتے ہیں (ضعفاء صغیر ص۵۵) حافظ ابن حجرؒ اس کو ضعیف الحدیث لکھتے ہیں (تقریب ص۳۹۵) مؤلف خیر الکلام لکھتے ہیں کہ عیسٰی بن ماہان متکلم فیہ ہے مگر حافظ ابن حجرؒ لکھتے ہیں کہ صدوق ہے اس کا حافظہ اچھا نہیں (تقریب ۳۲۴) اور یحیٰی البکاءؒ کو ابن سعدؒ لکھتے ہیں کہ ثقہ ہے انشاء اللہ جب راوی مختلف فیہ ہو تو اس کی حدیث حسن ہوتی ہے (محصلہ ص۳۲۴) الجواب ہاں بس ایسے ہی راویوں کی ایسی ہی حسن قسم کی حدیثوں پہ آپ کے مذہب کی بنیاد ہے اور مسلمانوں کی اکثریت کی نمازوں کو باطل اور کالعدم ٹھہرانے والوں کی وکالت فرما رہے ہیں۔ سبحان اللہ تعالیٰ اور آگے لکھتے ہیں کہ تطبیق کی یہی صورت ہے کہ نفی سے مراد جہری نماز میں فاتحہ سے ما زاد کی نفی مراد لی جائے اور فاتحہ کو اس نفی سے مستثنیٰ قرار دیا جائے انتہیٰ ص۳۲۵ الجواب نہ معلوم یہ حضرات کس روایت کی کس سے تطبیق دے رہے ہیں؟ صحیح اور ضعیف کی تطبیق کا کیا معنیٰ؟ الحاصل حضرت ابن عمرؓ ہوں یا کوئی اور صحابی ہو ان میں کسی سے بسند صحیح یہ ثابت نہیں کہ امام کے پیچھے مقتدیوں کو سورۃ فاتحہ پڑھنی ضروری اور واجب ہے۔

حضرت عبادۃؓ بن الصامت کا اثر:۔

حضرت محمودؓ بن ربیع فرماتے ہیں کہ:۔

سمعت عبادةؓ بن الصامت يقرأ خلف الامام فقلت له تقرأ خلف الامام فقال عبادةؓ لا صلوٰة الا بقراءة (سنن الکبریٰ جلد ۲ صفحہ ۱۶۸)

میں نے حضرت عبادہؓ کو امام کے پیچھے قرأت کرتے سنا میں نے دریافت کیا کہ آپ امام کے پیچھے قرأت کرتے ہیں؟ حضرت عبادہؓ نے فرمایا قرأت کے بغیر نماز نہیں ہو سکتی۔

امام بیہقیؒ نے اپنی سند کے ساتھ ان کی ایک اور روایت بھی نقل کی ہے جس میں امام کے پیچھے آہستہ قرأت کرنے کی اجازت ہے اور پھر لکھا ہے۔

ومذهب عبادةؓ في ذلك مشهور (ص ۱۶۸ ج ۲)

حضرت عبادہؓ کا مذہب اس میں مشہور و معروف ہے۔

جواب:۔ سند کے لحاظ سے گو کلام کرنے کی کافی گنجائش ہے مگر ہم سند کے لحاظ سے اس پر کوئی کلام نہیں کرتے حضرت عبادہؓ بن الصامت نے صحیح سمجھا یا غلط بہر حال یہ بالکل صحیح بات ہے کہ حضرت عبادہؓ امام کے پیچھے سورۃ فاتحہ پڑھنے کے قائل تھے اور ان کی یہی تحقیق اور یہی مسلک و مذہب تھا مگر فہم صحابی اور موقوف صحابی حجت نہیں ہے خصوصاً قرآن کریم، صحیح احادیث اور جمہور حضرات صحابہ کرامؓ کے آثار کے مقابلہ میں لیکن یہ روایت خود اس بات کو واضح کر رہی ہے کہ حضرات صحابہ کرامؓ اور تابعینؒ میں امام کے پیچھے قرأت کرنے کو پسندیدگی کی نگاہ سے نہیں دیکھا جاتا اور یہ مسئلہ ان میں رائج بھی نہ تھا ورنہ محمودؓ بن ربیع جو خود صغار صحابہؓ میں تھے حضرت عبادہؓ بن الصامت کی امام کے پیچھے قرأت سے کبھی تعجب نہ کرتے اور نہ یہ پوچھنے کی نوبت ہی آتی کہ حضرت آپ امام کے پیچھے کیوں قرأت کرتے ہیں؟ یقینی امر ہے کہ حضرت عبادہؓ بن الصامت نے نماز میں تکبیر، قیام، رکوع، سجود، تشہد، اور سلام وغیرہ جملہ امور ادا کئے ہوں گے مگر ان میں سے کسی چیز کے بارے میں پوچھنے کی ضرورت محسوس نہ کی گئی کہ حضرت آپ نے رکوع کیوں کیا ہے؟ سجدہ کیوں کیا ہے؟ وغیرہ وغیرہ اگر سوال کیا ہے تو اس چیز کے بارے میں کہ آپ کے امام کے پیچھے قرأت کیوں کرتے ہیں؟ یہ بھی مت بھولیے کہ حضرت عبادہؓ بن الصامت نے محمودؓ بن ربیع کو یہ نہیں فرمایا کہ برخوردار تمہاری تمام سابق نمازیں بے کار کالعدم اور باطل ہیں کیونکہ تم نے قرأت نہیں کی اور تمام نمازیں واجب الاعادہ ہیں اور دوسری تو یہی نماز جو تم نے ابھی ابھی میرے ساتھ بغیر قرأت کے ادا کی ہے وہی دوبارہ پڑھ لو اور لطف کی بات یہ ہے کہ حضرت محمودؓ بن ربیعؓ حضرت عبادہؓ کے داماد تھے (تہذیب التہذیب جلد ۱۰ صفحہ ۶۳) انہوں نے ان کو یہ بھی نہ فرمایا کہ تم امام کے پیچھے ترک قرأت کے مرتکب

ہوئے ہو اور تارکِ قرأت کی نماز باطل اور کالعدم ہے اور من ترک الصلوٰۃ متعمداً فقد کفر لہٰذا میری لختِ جگر کو میرے گھر پہنچا دو اور خود مرے اٹھاتے پھرو۔ حضرت عبادہؓ وہی جلیل القدر صحابی ہیں جو فرماتے ہیں کہ ہم نے جنابِ رسولِ خدا صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کے ہاتھ مبارک پر اس شرط سے بیعت کی ہے کہ ان لا نخاف فی اللہ لومۃ لائم (مستدرک وقال صحیح جلد۳ ص۳۵۶) اللہ تعالیٰ کے معاملہ میں کسی ملامت کرنے والے کی ملامت سے ہرگز نہ گھبرائیں گے اور ایک معمولی قسم کے مسئلہ میں حضرت امیر معاویہؓ سے اُلجھ کر ملک شام ترک کر دیا تھا اور یہ فرمایا کہ ہمارا اجتماع ناممکن ہے لیکن حضرت عمرؓ کی زبردست مداخلت سے اپنے ارادہ سے باز آئے (دیکھئے مستدرک جلد۳ ص۳۵۵، مسند دارمی ص۳۱ اور ابن ماجہ ص۳ وغیرہ) مگر جب قرأت خلف الامام کے مسئلہ کی باری آتی ہے تو اپنے پڑھنے کی وجہ تو بتلاتے ہیں لیکن اس اہم مسئلہ کے اظہار پر کماحقہٗ وہ جوش و خروش ظاہر نہیں کرتے جو اس کے رکن اور ضروری ہونے پر کرنا چاہئے تھا۔ اگر حضرت عبادہؓ کے نزدیک قرأت خلف الامام واجب فرض اور رکن ہوتی تو اس کے اظہار میں پوری قوت اور طاقت صرف کرتے اور اس میں کسی قسم کی کوئی کوتاہی نہ کرتے اس بحث کو پیش نظر رکھنے سے یہ بات بخوبی سمجھ آسکتی ہے کہ حضرت محمودؓ بن ربیع مطلقاً امام کے پیچھے قرأت فاتحہ کے قائل نہ تھے اور حضرت عبادہؓ گو قائل تو تھے لیکن محض استحباب کے طور پر اور اگر کسی کو حکم بھی کیا ہے تو صرف استحبابی امر سمجھ کر۔ اگر اس کو رکن اور فرض سمجھتے تو کتمانِ حق سے بچتے ہوئے حضرت ابن مسعودؓ کی طرح (جنہوں نے قرآن کریم کی دو سورتوں کے تقدم و تأخر فی النزول کے بارے میں اعلان کیا تھا) یہ اعلان فرماتے من شاء باھلتہ جس کا جی چاہے میں اس کے ساتھ مباہلہ کرنے کے لیے تیار ہوں جب حضرت عبادہؓ نے ایسا نہیں کیا تو قطعی بات ہے کہ وہ امام کے پیچھے بلاشک سورۃ فاتحہ پڑھتے تو تھے (اور جہری نمازوں میں پڑھتے بھی صرف تنہا اور اکیلے تھے دوسرے حضرات صحابہؓ کا ان سے اتفاق نہ تھا) مگر صرف مستحب سمجھ کر ہم نے جو یہ کہا ہے کہ دوسرے صحابہؓ کرام حضرت عبادہؓ بن الصامت سے جہری نمازوں میں قرأۃ خلف الامام کے مسئلہ میں اتفاق رائے نہیں رکھتے تھے (سینہ زوری نہیں بلکہ حقیقت ہے۔ چنانچہ امام بیہقیؒ لکھتے ہیں کہ

وانما تعجب من قرأۃ عبادۃؓ بن الصامت خلف الامام فیما یجھر فیہ بالقرأۃ لذھاب	جو لوگ امام کے پیچھے جہری نمازوں میں قرأت کے قائل نہ تھے انہوں نے حضرت عبادہؓ کی جہری نمازوں میں قرأت

من ذهب الى ترك القرأة خلف الامام فيما
يجهر الامام فيه بالقرأة حين قال النبي
صلى الله عليه وسلم مالي انازع القرآن
ولم يمنع استثناه النبي صلى الله عليه
وسلم قرأة فاتحة الكتاب سراً وقوله
صلى الله عليه وسلم فانه لا صلوٰة لمن
لم يقرأ بها وسمعه عبادةؓ بن الصامت
واتقنه واداه واظهره فوجب الرجوع
اليه في ذلك (انتهى بلفظه كتاب القرأة ص۴۲)

پر تعجب کا اظہار کیا اور اس کی وجہ یہ ہوئی کہ آنحضرت
صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے جب یہ فرمایا کہ میرے ساتھ قرآن
میں منازعت کیوں کی جا رہی ہے؟ اور اس کے بعد آپ نے
آہستہ سورۃ فاتحہ پڑھنے کا حکم دیا اور اسی طرح آپ نے یہ
فرمایا کہ جس آدمی نے نماز میں سورۃ فاتحہ نہ پڑھی تو اس کی نماز
نہ ہوگی تو یہ استثناء صرف حضرت عبادہؓ بن الصامت نے
سُنی اور دیگر حضرات صحابہؓ نہ سن سکے اور اس کو حضرت
عبادہؓ نے خوب محفوظ رکھا اس کو ادا کیا اور ظاہر کیا سو انکی
بات کی طرف رجوع کرنا ضروری ٹھہرا۔

صحابی اور تارک نماز؟ یہ دو متضاد باتیں ہیں اور واقعہ صبح کی نماز کا ہے جس میں سینکڑوں حضرات
صحابہؓ شریک ہوں گے اور آنحضرت صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے مالی انازع القرآن سے تنبیہ فرما کر سب
حضرات صحابہ کرامؓ کی توجہ اپنی طرف مبذول کرائی تھی اور یہ حکم بھی پیش نظر تھا۔ یا ایہا الرسول
بلغ ما انزل الیک من ربک اور فاصدع بما تؤمر (یعنی اے رسول صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم
اللہ تعالیٰ کے حکموں کو کھول کر بیان کریں جن میں کوئی اشتباہ باقی نہ رہے) اگر بایں ہمہ جناب رسول
خدا صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم یہ حکم آہستہ (سراً) بیان کرتے ہیں اور حضرت عبادہؓ کے بغیر اس حکم کو کوئی
دوسرا سنتا ہی نہیں؟ پھر حضرت عبادہؓ پر لوگ متعجب کیوں نہ ہوں کہ حضرات صحابہ کرامؓ جو آنحضرت صلی
اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کے ایک ایک حکم اور ارشاد کو عزیز از جان سمجھتے تھے اور ہمہ تن گوش ہو کر سنتے تھے
کوئی بات نہیں سمجھ آتی تو پھر استدعا کرتے تھے اور کوئی ضروری امر ہوتا تو آپ تین تین مرتبہ ایک ایک
جملہ کو دہراتے تھے لیکن جب امام کے پیچھے قرأت سورۂ فاتحہ کے حکم کے بیان کرنے کا نمبر آتا ہے تو
آپ آہستہ بیان کرتے ہیں؟ تین مرتبہ بیان کرنے کی ضرورت ہی نہیں سمجھتے؟ اور یہ حکم صرف
حضرت عبادہؓ سنتے ہیں کسی دوسرے کے پلّے کچھ نہیں پڑتا؟ اور دیگر حضرات صحابہ کرامؓ آپ سے
دریافت کرنے کی ضرورت بھی نہیں سمجھتے کہ حضرت آپ نے کیا ارشاد فرمایا ہے؟ اگر امام کے پیچھے
سورۂ فاتحہ کے پڑھنے کا مسئلہ ضروری فرض، واجب اور رکن ہوتا تو یقیناً آنحضرت صلی اللہ تعالیٰ علیہ و

سلم ایک بار نہ فرماتے بلکہ کبھی بار فرماتے سِرّاً نہ فرماتے بلکہ جہراً فرماتے صرف حضرت عبادہؓ کو نہ سناتے بلکہ تمام حضرات صحابہؓ کو سناتے اور اگر حضرت عبادہؓ بھی اس حکم کو ضروری سمجھتے تو یقیناً بغیر خوف لومۃ لائم کے اس کی خوب نشر و اشاعت کرتے اور حضرات صحابہ کرامؓ کو اس بات کا قائل کر لیتے کہ وہ بھی جہری نمازوں میں امام کے پیچھے قرأت کرتے۔ یہ حکم تو ضروری نہ تھا اس لیے اس کی نشر و اشاعت کی ضرورت ہی انہوں نے نہ سمجھی بخلاف اس کے ترک قرأت کا حکم ضروری تھا اس لیے کہ جب آنحضرت صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کے پیچھے صرف ایک شخص نے قرأت کی تو آپ نے فرمایا میرے پیچھے کس نے قرأت کی ہے؟ کیوں میرے ساتھ منازعت اور مخالجت ہوتی رہی ہے؟ حتیٰ کہ آپ نے ببانگ دہل یہ ارشاد فرمایا مالی انازع القرآن نتیجہ یہ ہوا کہ یہ ارشاد سب نے سنا اور یہ ارشاد سن کر تمام حضرات صحابہؓ کرام نے جہری نمازوں میں امام کے پیچھے قرأت ترک کر دی۔ جیسا کہ مفصل پہلے گذر چکا ہے۔ باقی اگر حضرت عبادہؓ سے بسند صحیح یا کسی اور صحابی سے بلا قید و قال خلف الامام کی قید سے کوئی روایت صحیح ہوتی تو یقیناً اس کی طرف رجوع کیا جاتا مگر روایات کا حال آپ ملاحظہ کر ہی چکے ہیں اور بقول شیخ الاسلام ابن تیمیہؒ حضرت عبادہؓ کے موقوف قول سے ہی غلطی در غلطی پیدا ہوئی ہے الغرض حضرات صحابہ کرامؓ کے یہ آثار پہلے تو سنداً ہی صحیح نہیں ہیں اور اگر کچھ صحیح بھی ہیں تو ان میں صرف سرّی نمازوں کا ذکر ہے یا کسی میں مطلق قرأت کا ذکر ہے اور اکثر میں ما زاد، ما تیسر اور فصاعداً وغیرہ کی زیادت بھی موجود ہے لہٰذا یہ آثار فریق ثانی کو ہرگز مفید نہیں ہو سکتے۔

آثار حضرات تابعینؒ وغیرہم

فریق ثانی نے اپنے اس دعویٰ پر کہ امام کے پیچھے ہر رکعت میں سورہ فاتحہ پڑھنا ضروری ہے ورنہ نماز ناقص، بیکار، کالعدم اور باطل ہوگی حضرات تابعینؒ و اتباع تابعینؒ وغیرہم کے آثار اور اقوال سے بھی استدلال کیا ہے حالانکہ ان کے نزدیک در موقوفات صحابہؓ حجت نیست اگرچہ بصحت رسد پھر آثار حضرات تابعینؒ وغیرہم سے استدلال کیونکر صحیح ہو سکتا ہے جب کہ وہ سنداً اور روایۃً بھی صحت کے معیار پر پورے نہیں اترتے اور معنوی اور درایتی پہلو کے پیش نظر بھی وہ ان کو چنداں مفید نہیں ہو سکتے مگر مشہور ہے ڈوبتے کو تنکے کا سہارا حضرات تابعینؒ وغیرہم کے وہ آثار جو بحث سکتا ہے

وغیرہ اور دیگر مواقع پر نقل کئے جا چکے ہیں اور جن پر کلام بھی کیا جا چکا ہے ان کے اعادہ کی ضرورت نہیں ہے اس موقع پر صرف وہ آثار پیش ہوں گے جو پہلے نقل نہیں ہوئے۔

حضرت مکحولؒ کا اثر:۔ ان سے روایت ہے انہوں نے فرمایا کہ مغرب عشاء اور صبح کی نماز میں ہر رکعت میں آہستہ سورۃ فاتحہ پڑھی جائے اور جہری نمازوں میں جب امام سورۃ فاتحہ پڑھنے کے بعد سکوت اختیار کرے تو اس وقت آہستہ سورۃ فاتحہ پڑھی جاتے اور اگر امام خاموش نہ ہو تو اس کے ساتھ یا اس کے بعد یا اس سے پہلے ہر حالت میں سورۃ فاتحہ پڑھو اور کسی حالت میں نہ چھوڑو (بیہقیؒ جلد ۲ ص۱۷۱)

جواب:۔ یہ اثر بھی قابل التفات نہیں ہے اولاً اس لیے کہ اگر بالفرض یہ اثر صحیح بھی ہو تب بھی نص قرآنی، صحیح احادیث اور جمہور حضرات صحابہ کرامؓ کے صحیح آثار کے مقابلہ میں اس کو سنتا کون ہے؟ وثانیاً قرأت سورۃ فاتحہ کے لیے سکتہ کی کوئی گنجائش نہیں ہے جیسا کہ بحث سکتات امام میں اس کی سیر حاصل تحقیق پیش ہو چکی ہے اور جہر امام کے ساتھ ساتھ پڑھتے جانا منازعت اور مخالجت کا موجب ہے جو کتاب و سنت اور اجماع امت سے مردود ہے۔

حضرت عروہؒ بن زبیرؓ کا اثر:۔ ان سے مروی ہے انہوں نے ارشاد فرمایا کہ

لا تتم صلاۃ لاحد من الناس لا یقرأ فیہا بفاتحۃ الکتاب فصاعداً مکتوبۃ ولا سبحۃ (کتاب القرأۃ ص۷)

کسی شخص کی کوئی نماز خواہ وہ فرضی ہو یا نفلی اس وقت تک مکمل نہیں ہو سکتی جب تک اس میں سورۃ فاتحہ اور اس سے کچھ زیادہ کی قرأت نہ کی جائے۔

جواب:۔ یہ اثر بھی قابل استدلال نہیں ہے اولاً اس لیے کہ اس کی سند میں محمدؒ بن العباسؒ ہے کتب اسماء الرجال سے اس کی تعیین نہیں ہو سکی کہ یہ کون اور کیسا ہے؟ وثانیاً اس میں احمدؒ بن سویدؒ ہے جس کا کتب رجال میں کوئی نام و نشان ہی نہیں ملتا، مؤلف خیر الکلام لکھتے ہیں کہ مگر عدم علم سے یہ لازم نہیں آتا کہ وہ مجہول ہو اھ ص۳۳۹ الجواب:۔ یہ ٹھیک ہے مگر مؤلف مذکور کا یہ علمی اور اخلاقی فریضہ تھا کہ وہ اس راوی کی نشاندہی کرتے اور کتب رجال سے اس کی توثیق نقل کرتے وثالثاً اس کی سند میں حمادؒ بن سلمہؒ ہے ان کے اس اثر کا مقابلہ اصح اثر سے نہیں ہو سکتا جو جلد اول میں بسند صحیح نقل کیا جا چکا ہے مبارکپوری صاحبؒ لکھتے ہیں۔ سو یہ معارضہ بھی صحیح نہیں

ہے کیونکہ اس اثر کی سند میں حماد بن سلمہؒ واقع ہے آخر میں حافظ متغیر ہو گیا تھا (انتھیٰ بلفظہ تحقیق الکلام جلد ا ص ۱۰۳) ورابعًا اس اثر میں خلف الامام کا کوئی لفظ نہیں ہے اور سبحة نفلی نماز کا لفظ اس امر کا قوی قرینہ ہے کہ یہ اثر منفرد کے حق میں ہے کیونکہ عام نوافل میں جماعت کی کوئی پابندی نہیں ہے۔

وخامسًا اگر یہ اثر صحیح اور قابلِ عمل ہے تو سارا ہی صحیح اور قابلِ عمل ہوگا اور اس میں فصاعدًا کی زیادت بھی ہے اس کے علاوہ کتاب القراۃ ص ۸۶، ۸۷ میں بھی فصاعدًا کی زیادت مروی ہے حالانکہ فریقِ ثانی فصاعدًا وغیرہ کی زیادت پر عمل پیرا نہیں ہے بلکہ ما زاد کو جائز ہی نہیں سمجھتا۔ سنن الکبریٰ جلد ۲ ص ۱۷۱ میں بھی یہ روایت ہے اور یہی راوی ہیں جن کا ذکر ہو چکا ہے البتہ اس میں فصاعدًا کی زیادت نہیں ہے اور روایت کا مضمون بھی اس سے قدرے مختلف ہے کیونکہ اس میں امام اور سکتہ کا ذکر ہے لیکن ایک تو سکتہ کا حکم آپ کو معلوم ہے اور دوسرے ان کے دیگر آثار میں فصاعدًا کی زیادت بھی نظر انداز نہیں ہو سکتی۔

حضرت حسن بصریؒ کا اثر :۔ ان سے مروی ہے انہوں نے فرمایا۔ اقرأ خلف الامام فی کل صلوۃ بفاتحۃ الکتاب فی نفسک (کتاب القراۃ ص ۷۰ والسنن الکبریٰ جلد ۲ ص ۱۷۱) کہ امام کے پیچھے ہر نماز میں اپنے دل میں آہستہ سورۂ فاتحہ پڑھا کرو۔

جواب :۔ اس اثر میں بھی محمدؒ بن العباسؒ ہے معلوم نہیں وہ کون اور کیسا ہے؟ بخلاف اس کے جلد اوّل میں بسند صحیح واذا قرئ القرآن الآیۃ کی تفسیر میں ان کا اثر اس کے برعکس نقل کیا جا چکا ہے۔ چونکہ وہی اثر صحیح ہے اور قرآن کریم صحیح احادیث اور جمہور حضرات صحابہؓ و تابعینؒ کے مسلک کے عین مطابق ہے لہٰذا وہی قابلِ اخذ ہے۔ اس کی یہ تاویل جو مؤلف خیر الکلام نے ص ۲۴۰ میں کی ہے کہ مقتدی کو امام کے پیچھے بلند آواز سے پڑھنے اور شور ڈالنے سے منع کیا گیا ہے بالکل ان کے قول کی تحریف ہے۔ کیونکہ حسن بصریؒ امام کے پیچھے کسی قسم کی قرأت کے قائل نہ تھے وہ تو آیت واذا قرئ الآیۃ کو خلف الامام کے بارے میں مانتے ہیں جس میں استماع و انصات کا وجوبی حکم ہے جیسا کہ تفصیل کے ساتھ جلد اوّل میں گذر چکا ہے۔

حضرت امام شعبیؒ کا اثر :۔ مالک بن مغولؒ فرماتے ہیں کہ میں نے امام شعبیؒ کو سنا یحسن القراۃ خلف الامام (سنن الکبریٰ جلد ۲ ص ۱۷۱ و کتاب القراۃ ص ۱۷۱) کہ وہ امام کے پیچھے قرأت،

کو پسند کرتے تھے۔

جواب: یہ اثر بھی قابلِ احتجاج نہیں اوّلاً اس کی سند میں ابوبحر بہاری ہے اور گذر چکا ہے کہ وہ کذاب تھا، ثانیاً اس اثر میں مطلق قرأت کا ذکر ہے اور فریقِ ثانی کا دعوےٰ خاص سورۂ فاتحہ سے متعلق ہے امام شعبیؒ کا ایک دوسرا اثر اس طرح مروی ہے انہوں نے فرمایا یعنی یقول اقرأ فی خمسھن یقول الصلوٰت کلھا (بیہقی جلد ۲ ص۱۶۷) پانچوں نمازوں میں قرأت کرنی چاہیئے۔ لیکن اس کی سند میں بھی وہی ابوبحر بہاری ہے علاوہ ازیں اس میں اسمٰعیلؒ بن ابی خالدؒ بھی ہے جن کی نقل ہی کوئی ہونے کے لحاظ سے مؤلف خیر الکلام کے نزدیک صحیح نہیں ہے کما مرّ اور حافظ ابن حجرؒ لکھتے ہیں کہ بسا اوقات یہ امام شعبیؒ سے ارسال بھی کرتے تھے اور یحییٰ بن سعیدؒ فرماتے ہیں کہ ان کی مرسل روایتیں محض ریح ہیں (تہذیب التہذیب جلد ۱ ص۲۹۲) ان کی ایک اور روایت ہے جس میں وہ فرماتے ہیں کہ ظہر اور عصر کی پہلی دونوں رکعتوں میں امام کے پیچھے سورۂ فاتحہ اور اس کے ساتھ کوئی اور سورت بھی اور پچھلی دونوں رکعتوں میں صرف سورۂ فاتحہ پڑھنی چاہیئے (بیہقی جلد ۲ ص۱۶۹) اگر یہ اثر صحیح بھی ہو تب بھی فریقِ ثانی کو مفید نہیں ہے کیونکہ اس میں صرف ظہر اور عصر کی قید ہے اور سورۂ فاتحہ کے علاوہ کسی اور سورت کا بھی صریح ذکر ہے حالانکہ ان کا دعوےٰ تمام نمازوں میں قرأت کا ہے اور ما زاد علی الفاتحۃ کی قرأت کو وہ جائز ہی نہیں سمجھتا مؤلف خیر الکلام کا اس اثر کو راوی کے مختلف فیہ ہونے کی وجہ سے حسن قرار دینا (دیکھئے ص۲۴۳) مضحکہ خیز ہے اور وہ اکثر اسی قاعدہ کے سہارے پر چلتے ہیں فواسفا

حضرت امام اوزاعیؒ کا اثر:- امام بیہقیؒ اپنی سند کے ساتھ امام موصوفؒ سے نقل کرتے ہیں کہ انہوں نے فرمایا کہ امام کو سورت فاتحہ کی قرأت کے بعد سکوت کرنا چاہیئے تاکہ مقتدی سورۂ فاتحہ پڑھ لیں اور اگر وہ سکوت نہ کرے تو فقرأ معہ بفاتحۃ الکتاب اذا قرأ بھا واسرع القرأۃ ثم استمع (کتاب القرأۃ ص۷) اس کے ساتھ ساتھ سورۂ فاتحہ کی قرأت کر لی جائے اور جلدی سے قرأت کر چکنے کے بعد پھر استماع اور توجہ کیجائے۔

جواب:- اس بات سے قطع نظر کرتے ہوئے کہ اس کی سند کیسی ہے؟ اور یہ صحیح بھی ہو تب بھی قرآن کریم صحیح احادیث اور حضرات صحابہ کرامؓ کے صحیح آثار کے مقابلہ میں یہ کیونکر حجت ہے؟

اور جلد اوّل کے مقدمہ میں حضرت امام احمدؒ بن حنبلؒ اور امام ابن قدامہؒ کے حوالہ سے نقل کیا جا چکا ہے کہ جو حضرات ائمہ کرامؒ امام کے پیچھے ترک قرأۃ کی وجہ سے نماز کو باطل اور فاسد نہیں سمجھتے تھے ان میں حضرت امام اوزاعیؒ بھی ہیں اور شیخ الاسلام ابن تیمیہؒ کے حوالہ سے نقل کیا جا چکا ہے کہ وہ امام کے پیچھے قرأت کو صرف مستحب سمجھتے تھے وجوب کے قائل نہ تھے اور فریق ثانی کا دعوےٰ بڑا سنگین ہے جیسا کہ مخفی نہیں ہے۔

حضرت مجاہدؒ کا اثر:۔ امام بخاریؒ نقل کرتے ہیں:۔

قال مجاهد اذا لم يقرأ خلف الامام اعاد الصلوٰة (جزء القرأة ص۹) — مجاہدؒ نے فرمایا جس نے امام کے پیچھے قرأت نہ کی تو اس کو نماز دھرانی چاہیئے۔

جواب:۔ حضرت امام بخاریؒ نے اس کی کوئی سند نقل نہیں کی اور بغیر سند کے ایسا سنگین حکم کون سنتا ہے خصوصاً قرآن کریم اور صحیح احادیث کے مقابلہ میں اور پھر یہ قرأت بھی مجمل ہے اس میں سورۂ فاتحہ کا کوئی ذکر نہیں ہے اور جلد اوّل میں بسند صحیح مجاہدؒ کا اثر اور آیت کا شان نزول اس کے خلاف عرض کیا جا چکا ہے۔

حضرت قاسمؒ بن محمدؒ کا اثر:۔ ان سے مروی ہے انہوں نے ارشاد فرمایا:۔

كان رجال ائمة يقرؤن خلف الامام (کتاب القرأة ص۵، جزء القرأة ص۵، سنن الکبریٰ ج۲ ص۱۷۱) — کہ بڑے بڑے امام امام کے پیچھے قرأت کیا کرتے تھے۔

جواب:۔ یہ اثر بھی حجت نہیں ہے اوّلاً اس لیے کہ اس کی سند میں اسامہؒ ہے امام احمدؒ ان کو لیس بشئی کہتے ہیں نسائیؒ ان کو لیس بالقوی کہتے ہیں ابو حاتمؒ کہتے ہیں ان سے احتجاج صحیح نہیں ہے امام یحییٰؒ بن سعیدؒ نے ان کو ضعیف سمجھ کر بالآخر مطلقاً ترک کر دیا تھا امام ابن معینؒ کہتے ہیں کہ ان کی احادیث کا محدثینؒ نے انکار کیا ہے اور وہ ان کے مناکیر میں شمار کی ہیں امام دار قطنیؒ کہتے ہیں کہ جب انہوں نے عطاءؒ کے طریق سے جابرؓ کی یہ روایت مرفوعاً بیان کی منی کلها منحر (یعنی قربانی چار دن تک جائز ہے اور غیر مقلدین حضرات کا اس پر عمل ہے اس پر راقم الحروف کا رسالہ مسئلہ قربانی دیکھئے) تو امام یحییٰؒ بن سعیدؒ نے فرمایا تم گواہ ہو جاؤ کہ میں نے اس کی حدیث بالکل ترک کر دی ہے امام دار قطنیؒ فرماتے ہیں کہ اسی حدیث کی وجہ سے امام بخاریؒ نے اس

کو ترک کر دیا تھا (تہذیب التہذیب جلد ا صفحہ ۲۰۹) و ثانیاً اس میں سورۃ فاتحہ کی کوئی تخصیص نہیں ہے اور بغیر اس کے فریق ثانی کا مدعیٰ حاصل نہیں ہو سکتا و ثالثاً بسند صحیح جلد اوّل میں حضرت قاسم بن محمدؒ کا اثر نقل کیا جا چکا ہے کہ وہ جہری نمازوں میں امام کے پیچھے سورۃ فاتحہ کے قائل نہ تھے۔

قارئین کرام! آپ نے آثار حضرات تابعینؒ وغیرہم کی حقیقت بھی معلوم کر لی ہے کہ ان میں اکثر و بیشتر سند کے لحاظ سے ضعیف اور کمزور ہیں اور بعض میں ظہر اور عصر کی نماز کی تخصیص ہے اور بعض میں فصاعداً اور سورت وغیرہ کی زیادت بھی ساتھ ہی موجود ہے اور بعض میں مطلق قرأت کا ذکر ہے مخصوص طور پر سورۃ فاتحہ کا ذکر ان میں نہیں ہے اور ان واضح اور غیر مبہم قرائن کے ہوتے ہوئے فریق ثانی کا دعوٰے یقیناً باطل ہو جاتا ہے ان آثار کے علاوہ بعض اور بھی ہیں لیکن نہ ان کا سر ہے نہ پاؤں لہذا ایسے بے سروپا اور بے اصل اور غیر مستند آثار کا کیا اعتبار ہو سکتا ہے؟ اس لیے ان کے نقل کرنے اور پھر ان کا جواب دینے کی کوئی حاجت معلوم نہیں ہوتی خلاصۂ امر یہ ہے کہ جمہور نے جو روایات و آثار اپنے استدلال میں پیش کئے ہیں ان میں پچانوے ۹۵ فیصدی راوی ثقہ ثبت اور حجت ہیں اور تقریباً پانچ فیصدی راوی متکلم فیہ ہیں لیکن جمہور ائمہ جرح و تعدیل ان کی بھی توثیق کرتے ہیں بخلاف اس کے جن روایات اور آثار سے فریق ثانی نے استدلال کیا ہے ان میں تقریباً پچانوے ۹۵ فیصدی راوی کذاب، دجال، مجہول، متروک، مستور، لیس بثقۃ، لیس بالقوی، لا یحتج بہ اور کثیر التدلیس والارسال وغیرہ اوصاف سے موصوف ہیں اور پانچ فیصدی ایسے ہیں جو ثقہ ہیں مگر جرح سے خالی نہیں ہیں اور یہ بھی آپ ملاحظہ کر چکے ہیں کہ جن روایات میں فصاعداً۔ ماتیسر۔ مازاد اور الا وراء الامام کی زیادت موجود ہے ان کے علاوہ اور کوئی روایت صحیح نہیں ہے اور خاص طور پر وہ روایات جن میں خلف الامام اور الا بفاتحۃ الکتاب کی قید موجود ہے وہ تو کسی طرح بھی صحیح نہیں ہیں تو ان ضعیف احادیث سے شریعت کے رو سے صحیح نمازیں کیونکر باطل، بیکار، ناقص اور کالعدم ہو سکتی ہیں؟ اور ایسی ضعیف روایات و آثار پر بنیاد رکھ کر مقتدی کے لیے سورۃ فاتحہ کی فرضیت اور رکنیت کیسے ثابت ہو سکتی ہے؟ اور حنفیوں کو مفسدین صلوٰۃ کا خسروانہ خطاب کیسے حاصل ہو سکتا ہے؟ اور ان کی بیویوں سے بغیر ان کے خاوندوں کے طلاق دیئے اور عدت گذرے نکاح کیسے درست ہو سکتا ہے؟

چوتھا باب

قیاسی دلائل

فریق ثانی نے قرآن کریم کی جن آیات سے امام کے پیچھے قرأت سورۃ فاتحہ پر استدلال کیا ہے اس کی حقیقت آپ معلوم کر چکے ہیں کہ ان آیات سے ان کا استدلال تو نہیں ہو سکتا البتہ انہوں نے بعض آیات سے غلط استدلال اور بعض میں تفسیر بالرائے کا ارتکاب ضرور کیا ہے اسی طرح آپ یہ بھی معلوم کر چکے ہیں کہ بغیر ان روایات کے جن میں فصاعدًا، ما تیسر اور ما زاد وغیرہ کی زیادت اور اِلّا وَرَاءَ الْإِمَامِ کی استثناء موجود ہے اور کوئی روایت صحیح نہیں ہے اور خاص طور پر وہ روایات جن میں خلف الامام کی قید اور الا بفاتحۃ الکتاب وغیرہ کی استثناء ہے وہ تو انتہائی درجہ کی ضعیف، معلول اور کمزور ہیں اور ان کی اسانید پر جو جرح اور کلام کیا گیا ہے وہ کتب اسماء الرجال اور فریق ثانی کے مسلّم اور طے شدہ قواعد کے لحاظ سے واضح دلائل سے کیا گیا ہے جس سے ان کو کوئی مفر نہیں ہے نیز آثار حضرات صحابہ کرامؓ و تابعینؒ وغیرہم پر جو تنقید کی گئی ہے وہ بھی حضرات محدثین کرامؒ اور خاص طور پر فریق ثانی کے مسلمات کے عین مطابق ہے اور کوئی بات حوالہ کے بغیر نہیں کہی گئی ہے اب اس باب میں ان کا قیاس اور اجتہاد بھی ملاحظہ کر لیجئے۔

پہلی قیاسی دلیل

امام دارقطنیؒ اور امام بیہقیؒ وغیرہ اپنی سند سے یہ مرفوع روایت نقل کرتے ہیں اَلْإِمَامُ ضَامِنٌ فَمَا صَنَعَ فَاصْنَعُوْا (دارقطنی جلد ۱ ص۱۲۲ و کتاب القرأۃ ص۵۸) امام ضامن ہے جو وہ کرے سو تم بھی کرو اور یہ روایت مجمع الزوائد جلد ۲ ص۷۹ وغیرہ میں بھی مذکور ہے امام بیہقیؒ وغیرہ فرماتے ہیں کہ جہری نمازوں میں ہمارا مشاہدہ ہے اور سرّی میں بھی ہمیں یقین ہے کہ امام سورۃ فاتحہ پڑھتا ہے

اور آنحضرت صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کا ارشاد ہے کہ جو تمہارا امام کرے سو وہ تم بھی کرو لہذا ہمیں بھی سورۃ فاتحہ پڑھنا ہوگی۔

جواب :- نہ تو یہ روایت صحیح ہے اور نہ یہ قیاس صحیح ہے اولاً اس لیے کہ اس کی سند میں موسیٰ بن شیبہ ہے امام احمدؒ اس کو ضعیف کہتے ہیں (مجمع الزوائد جلد ۲ ص ۶۶) نیز یہ فرمایا کہ احادیثہ مناکیر اس کی روایتیں منکر ہیں (میزان جلد ۳ ص ۲۱۱) حافظ ابن حجرؒ لکھتے ہیں لین الحدیث (تقریب ص ۳۶۷) کہ حدیث میں وہ ضعیف ہے اور ثانیاً اس لیے کہ معنی تو یہ ہیں کہ قابل اقتدار امور میں امام کی مخالفت نہ کی جائے بلکہ جو کچھ وہ کرے سو تم بھی کرو یہ مطلب تو ہرگز صحیح نہیں کہ جو امام کرے وہ تم بھی کرو ورنہ امام نے یہ کیا ہے کہ مقتدیوں کے آگے کھڑا ہوا ہے بلند آواز سے تکبیر کہتا ہے سمع اللہ لمن حمدہ اور سلام کہتا ہے جہر سے قرأت کرتا ہے اور سورۃ فاتحہ کے بعد کی لمبی لمبی سورتیں پڑھتا ہے تو کیا یہ سب کچھ مقتدی بھی کر سکتے ہیں؟ اس قیاس کے رو سے مقتدیوں کو چاہیے کہ جیسے امام مقتدیوں کے آگے کھڑا ہوا ہے وہ بھی آگے نکل جائیں حتیٰ کہ امام بیچارہ بھی منہ تکتا رہ جائے اور امام کی طرح مقتدی بھی جہر سے قرأت کریں حتیٰ کہ مسجد گونج اٹھے اور کان پڑی قرأت نہ سنائی دے اور لطف کی بات یہ ہے ما زاد علی الفاتحۃ میں بھی جیسا امام نے کیا ہے ویسا ہی کرنا ہوگا آخر حدیث کے الفاظ ہیں فاصنعوا کما صنع الامام (او کما قال) اس کی مخالفت کون کر سکتا ہے؟ علاوہ ازیں اگر یہ روایت صحیح بھی ہو تو اس میں قرأت کا کوئی لفظ نہیں بلکہ صنع (صنعت) کا ذکر ہے جو عملی کاروائی پر اطلاق کیا جاتا ہے مطلب یہ ہے کہ امام قیام کرے تم بھی قیام کرو، امام رکوع کرے تم بھی رکوع کرو، امام سجدہ کرے تم بھی سجدہ کرو وغیرہ وغیرہ عملی طور پر اس کی مخالفت نہ کرو، رہی قولی بات تو اس کے متعلق ارشاد یہ ہے اذا قرأ فانصتوا جب امام پڑھے تو تم خاموش رہو غرضیکہ اس روایت سے مقتدیوں کے لیے سورۃ فاتحہ کی قرأت پر استدلال کرنا روایۃً و درایۃً باطل ہے۔

دوسری قیاسی دلیل

امام بیہقیؒ فرماتے ہیں کہ آنحضرت صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے ارشاد فرمایا المصلی مناجی ربہ نمازی اپنے رب سے مناجات کرتا ہے۔

اور مناجات نطق سے ہوتی ہے سکوت سے نہیں ہوتی معلوم ہوا کہ مقتدی کو امام کے پیچھے سورت فاتحہ پڑھنی چاہیئے (محصلہ کتاب القرآۃ صلاہ)

جواب :- امام بیہقیؒ ہی ازراہ انصاف فرمائیں کہ کیا یہ مناجات صرف سورۃ فاتحہ کی مختصر سی سات آیتوں سے ہی ہو سکتی ہے قرآن کریم کی باقی ایک سو تیرہ ۱۱۳ سورتوں سے مناجات نہیں ہو سکتی ؟ اور کیا خدا تعالیٰ کی مناجات کا وقت صرف سورۃ فاتحہ کے وقفہ تک محدود ہے اس کے بعد سورۃ بقرہ جیسی طویل سورتوں کے وقفہ میں خدا تعالیٰ کی مناجات کی ضرورت باقی نہیں رہتی ؟ اور یہ آداب مناجات کا کونسا پہلو اور طریقہ ہے کہ وفد کا امیر اور پارٹی کا لیڈر (امام) جب قوم کی نمائندگی کرتا ہے تو ہر طرف سے محفل اور مجلس کے ادب سے قطع نظر کرتے ہوئے وفد کا ایک ایک رکن درخواست کا ایک ایک لفظ دہراتا ہے ؟ ہاں یہ ضروری ہے کہ سب اپنے نمائندہ کی آمین کہتے ہوئے تائید کریں لیکن جس سچی سرکار سے نماز میں مناجات ہوتی ہے وہ تو دلوں کے بھیدوں سے بخوبی واقف ہے اور وہ بے ریا اور مخفی دعا کو زیادہ پسند کرتی ہے اس لیے امام کی آہستہ آمین سے تائید زیادہ بہتر اور احسن ہوگی اور مناجات اور درخواست کے پیش کرنے کے لیے امام ہی کافی ہوگا۔

تیسری قیاسی دلیل

امام بیہقیؒ فرماتے ہیں کہ ایک روایت آتی ہے جس کا خلاصہ یہ ہے کہ ایک شخص نے نماز میں کلام کیا آنحضرت صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے ارشاد فرمایا نماز میں گفتگو اور کلام نہیں کرنا چاہیئے نماز تو تسبیح تکبیر اور تلاوت قرآن کا نام ہے۔ امام بیہقیؒ فرماتے ہیں کہ اس سے معلوم ہوا کہ مقتدی کو امام کے پیچھے (سورۃ فاتحہ کی) قرآت کرنی چاہیئے۔ (محصلہ کتاب القرآۃ صلاہ)

جواب :- امام بیہقیؒ کا یہ قیاس بھی مردود ہے اولاً اس لیے کہ نماز میں تلاوت قرآن باقاعدہ ہوتی ہے اور امام قرآن کریم پڑھتا ہے مقتدیوں کا فریضہ تلاوت نہیں بلکہ استماع اور انصات ہے جیسا کہ نص قرآنی اور صحیح احادیث سے معلوم ہو چکا ہے وثانیاً کیا تلاوت قرآن کا اطلاق صرف سورۃ فاتحہ پر ہی ہوتا ہے اور ما زاد علی الفاتحۃ میں قرآن کریم کی تلاوت نہیں ہے ؟ پھر دوسرے حضرات عموماً اور حضرت امام بیہقیؒ خصوصاً کیوں یہ فرماتے ہیں کہ سورۃ فاتحہ کے علاوہ مقتدی کے لیے کسی اور قرآت کی اجازت نہیں ہے اور یہ حدیث فَلَا تَقْرَءُوْا بِشَیْءٍ مِّنَ الْقُرْاٰنِ کے تحت ممنوع ہے

چوتھی قیاسی دلیل

امام بیہقیؒ فرماتے ہیں کہ اس مضمون کی ایک حدیث آتی ہے کہ آنحضرت صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے ایک شخص سے دریافت فرمایا تم کس طرح نماز پڑھتے ہو اس نے جواب دیا میں فاتحۃ الکتاب پڑھتا ہوں جنت کا سوال کرتا ہوں، دوزخ سے پناہ مانگتا ہوں اور مجھے معلوم نہیں آپ کا طریقہ اس میں کیا ہے ؟ امام بیہقیؒ فرماتے ہیں اس میں امام و مقتدی کی کوئی قید نہیں لہٰذا اس سے مقتدی کے لیے بھی قرأۃ ثابت ہوگئی۔ (کتاب القرأۃ ص۵۹)

جواب :۔ اگر یہ روایت صحیح ہے تو اتنی طویل مسافت طے کرنے اور چکر کاٹنے کی کیا ضرورت ہے ؟ یہ کیوں نہ ہو جائے کہ یہ روایت صرف منفرد کے حق میں ہو اور وہ بھی محض نفلی نماز میں جیسا کہ ابوداؤد جلد اص۱۲۸ وغیرہ ہی کی ایک روایت اس کی طرف اشارہ کرتی ہے کہ آنحضرت صلی اللہ تعالیٰ علیہ و سلم صلوٰۃ تطوع (نفلی نماز) میں اَعُوْذُ بِاللّٰہِ مِنَ النَّارِ وغیرہ پڑھا کرتے تھے، چونکہ اس روایت میں خلف الامام کی کوئی قید نہیں اس لیے یہی بات متعین ہے کہ یہ حکم منفرد کے لیے ہو کیونکہ آنحضرت صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے صاف اور صریح الفاظ میں یہ ارشاد فرمایا ہے اِذَا قَرَأَ فَانْصِتُوْا جب امام قرأۃ کرے تو تم خاموش رہو اور یہ محال ہے کہ جناب رسولِ خدا صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم دو متضاد حکم صادر فرمائیں کہنے والے نے کیا ہی سچ کہا ہے ؎

نمی باشد مخالف قول و فعل راستاں باہم
کہ گفتار قلم باشد ز رفتار قلم پیدا

یہ ہیں وہ قیاسات جو حضرت امام بیہقیؒ وغیرہ نے مقتدی کے لیے سورۂ فاتحہ پڑھنے پر پیش کیے ہیں حضرت امام بخاریؒ نے جو قیاسات کیے ہیں وہ ان سے بھی عجیب تر ہیں جن کی پوری تشریح جلد اوّل میں قرآن کریم کی آیت کے تحت نقل کر کے ان کے جوابات دیے جا چکے ہیں اور قرآن کریم کی آیات سے جو قیاسات کیے گئے ہیں ان کے جوابات بھی باب اوّل میں عرض کر دیے گئے ہیں اور باقی جو قیاسات پیش کیے گئے ہیں وہ ضعیف اکمزور اور بے کار ہیں اس لیے وہ قابل التفات ہی نہیں ہیں

الغرض حق اور منصور مسلک صرف یہی ہے کہ امام کے پیچھے سرّی نمازیں ہوں یا جہری کسی نماز میں کسی قسم کی قرأت عموماً اور سورۂ فاتحہ کی قرأت خصوصاً ممنوع ہے قرآن کریم صحیح احادیث آثار حضرات صحابہ کرامؓ

وتابعینؒ واتباع تابعینؒ اور دیگر جمہور اہل اسلام کا یہی مسلک ہے اور جہری نمازوں میں ترک قراءۃ خلف

الامام کا مسلک حضرات ائمہ اربعہؒ اور دیگر بالغ نظر حضرات فقہاءؒ اور محدثینؒ کا متفق علیہ مسلک ہے

اور فریق ثانی کا یہ دعوے کہ جو شخص امام کے پیچھے ہر رکعت میں سورۃ فاتحہ نہ پڑھے اس کی نماز ناقص ہے

کالعدم ہے، بیکار ہے اور باطل ہے (ملخصاً) قطعاً مردود اور باطل ہے اس دعویٰ پر ان کے پاس

ایک بھی صحیح صریح اور مرفوع حدیث موجود نہیں ہے اور اس کے خلاف جمہور علماء کا عموماً اور احناف کا دامن

خصوصاً احادیث اور دلائل سے مالا مال اور پُر ہے مگر فریق ثانی کا تعصب اور عناد دیکھئے کہ صحیح حدیثوں

کو ٹھکراتے ہوئے بھی وہ اہلحدیث ہیں اور ہم لوگ صرف اہل الرائے ہیں اور صرف فقہ اور اماموں کے ماننے

والے ہیں تعصب کی اس سے بدترین مثال شاید ہی دنیا میں کوئی اور موجود ہوگی باوجودیکہ فریق ثانی کا دامن

متنازعہ زیر بحث میں دلائل سے یکسر خالی ہے مگر ہم پھر بھی ان کی قدر کرتے ہیں اور کوئی ایسا لفظ جو موہم تکفیر

ہو کہنے کے لیے تیار نہیں ہے حضرت شیخ الہندؒ نے مولانا محمد حسین صاحب بٹالویؒ کے حق میں کیا ہی خوب

ارشاد فرمایا ہے کہ گو آپ صاحب کیسی ہی بدزبانی سے پیش آویں مگر ہم انشاء اللہ تعالیٰ کلمات موہم

تکفیر و تفسیق ہرگز آپ کی شان میں نہ کہیں گے بلکہ الٹا آپ کے اسلام ہی کا اظہار کریں گے ولنعم ما قیل ؎

اگر خواندی مرا کافر غمے نیست — چراغ کذب را نبود فروغے

مسلمانت بگوئیم در جوابش — دہم شیرت بجائے ترش دوغے

اگر تو مومنی فبہا وگرنہ

دروغے را جزا باشد دروغے — (ایضاح الادلۃ ص ۱۱)

راقم الحروف نے ایک مجلس کی تین طلاقوں پر عمدۃ الاثاث عہ فی حکم طلقات الثلاث

اور مسئلہ تقلید پر الکلام المفید اور اسی طرح مسئلہ تراویح اور رفع یدین وغیرہ پر ٹھوس معلومات یکجا

کیے ہیں اور ان کی ترتیب دی جا رہی ہے دعا کریں کہ اللہ تعالیٰ ان کی اشاعت کے اسباب بھی پیدا کر دے۔

آخر میں ہم پھر یہ گذارش کرتے ہیں کہ ہم نے حضرت امام بخاریؒ، حضرت امام بیہقیؒ اور امام دارقطنیؒ

وغیرہ کے پیش کردہ دلائل پر جو گرفت کی ہے تو اس سے مقصد صرف ان کے دلائل کی خامی کا اظہار ہے

ورنہ خدا تعالیٰ شاہد ہے کہ ہمارے دل میں ان کی بڑی قدر و منزلت ہے اور ہم یہ سمجھتے ہیں کہ انہوں نے

عہ بحمد اللہ تعالیٰ یہ کتاب طبع ہو کر تھوڑے ہی عرصہ میں ختم ہو گئی ہے اب طبع سوم کی تیاری ہو رہی ہے انشاء اللہ تعالیٰ۔

اپنی وسعت اور طاقت کے مطابق احادیث اور دین کی بڑی خدمت کی ہے۔ یہ الگ بات ہے کہ معصوم صرف حضرات انبیاء کرام علیہم السلام ہی ہوتے ہیں اور فریق ثانی کی خدمت میں نہایت ہی ادب سے مخلصانہ اپیل ہے کہ وہ اپنے اس غلو سے باز آجائے اور تمام مسلمانوں کی صحیح نمازوں کو ناقص، کالعدم اور باطل نہ ٹھہرائے۔ اللہ تعالیٰ ان کو حق کے قبول کرنے کی توفیق دے اور ہمیں بھی حق پر ثابت قدم رکھے یہی دل ناتواں کی دیرینہ آرزو ہے اور اسی پر دائم و قائم رہنے کی دلی خواہش ہے۔ ؎

یہ دیکھ کر میرا دیدۂ تر سمجھ لو خود حال قلب مضطر
کہ ہوگا کس جوش میں سمندر جو یہ تلاطم حباب میں ہے

وصلی اللہ تعالیٰ علیٰ خیر خلقہ محمد خاتم الانبیاء وامام الرسل وسید ولد آدم وعلیٰ آلہ واصحابہ وجمیع امتہ الیٰ یوم القیمۃ آمین ثم آمین

ابوالزاہد

محمد سرفراز خان صفدر خطیب جامع گکھڑ
ضلع گوجرانوالہ (پاکستان)

۹ جمادی الاخریٰ ۱۳۷۴ھ ۳ فروری ۱۹۵۵ء

وَإِذَا قُرِئَ الْقُرْآنُ فَاسْتَمِعُوا لَهُ وَأَنصِتُوا لَعَلَّكُمْ تُرْحَمُونَ ۔ (القرآن)

وذکر الامام احمد بن حنبل الاجماع علیٰ انها نزلت فی الصلوٰة ۔ (فتاوی ابن تیمیہ ص ۱۴۳ ج ۲)

وَإِذَا قَرَأَ فَأَنصِتُوا ۔

(مسلم ص ۱۷۴ ج ۱ ، و ابو عوانہ ص ۱۳۳ ج ۲)

مقدمہ

تدقیق الکلام

از: شیخ الحدیث حضرت مولانا ابو الزاہد محمد سرفراز خان صفدر دام مجدہم

شیخ الحدیث حضرت مولانا محمد سرفراز خان صفدر دام مجدہم کے استاد محترم جامع المعقول و المنقول حضرت مولانا عبد القدیر صاحب رحمۃ اللہ علیہ سابق شیخ الحدیث مدرسہ تعلیم القرآن راجہ بازار راولپنڈی نے مسئلہ فاتحہ خلف الامام پر علمی و تحقیقی کتاب تدقیق الکلام تصنیف فرمائی جو دو جلدوں میں کتب خانہ رشیدیہ راجہ بازار راولپنڈی نے شائع کی۔ اس کتاب میں مؤلف خیر الکلام و مؤلف توضیح الکلام کے شکوک و شبہات کا علمی انداز میں جواب دیا گیا ہے۔ اس کتاب کا مقدمہ حضرت شیخ الحدیث صاحب دام مجدہم نے تحریر فرمایا تھا۔ اس مقدمہ میں بیان کردہ بحث کا احسن الکلام کی مباحث سے گہرا تعلق ہے جس کی وجہ سے بہت سے اہل علم حضرات نے فرمائش کی کہ اس مقدمہ کو احسن الکلام کے ساتھ بھی شائع کیا جائے تو ان حضرات کی فرمائش کا احترام کرتے ہوئے اس مقدمہ کو احسن الکلام کیساتھ شائع کیا جا رہا ہے (بشکریہ ناشر تدقیق الکلام)

حافظ عبد القدوس خان قارن

بِسْمِ اللّٰہِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِیْمِ ط نَحْمَدُهٗ وَنُصَلِّیْ عَلٰی رَسُوْلِهِ الْکَرِیْمِ ؕ

اَمَّا بَعْدُ : مذہب اسلام کے مسائل اصولاً دو حصّوں میں منقسم ہیں۔ (۱) اصول، (۲) فروع۔ اصولِ دین میں اختلاف انتہائی مذموم اور قبیح ہے اور اس اختلاف کی وجہ آدمی یا تو سرے سے دین ہی سے خارج ہو جاتا ہے اور یا اہلِ حق سے کٹ اور ہٹ کر اہلِ بدعت کے فرقوں میں شامل ہو جاتا ہے اور فروعِ دین میں اختلاف اگر مجتہد سے رُونما ہو تو وہ معذور بلکہ مأجور ہوگا اور اگر غیر مجتہد یہ کاروائی کرے اور اس میں تعصبِ مذہبی بھی شامل ہو تو وہ گنہگار ہوگا۔ حضرات ائمہ دینؒ کے فرعی اختلافات سے جو خالص دیانت اور خلوصِ نیت پر مبنی ہیں، کتب فقہ، شروح حدیث اور کتب تفسیر بھری پڑی ہیں ۔۔ ان اختلافی اور فروعی مسائل میں سے ایک مسئلہ قرأت یا ترکِ القرأت خلف الامام کا بھی ہے جو عہدِ نبوت سے تاہنوز اختلافی چلا آرہا ہے۔ ہر فریق اپنی علمی تحقیق پر عمل کرتا رہا، کرتا ہے اور کرتا رہے گا۔ مگر غیر مقلدین حضرات نے اس میں بھی نہایت غلو اور تعصب کا مظاہرہ کیا اور تمام دُنیا کے احناف کثرہم اللہ تعالیٰ جماعتہم کو چیلنج کیا اور ان کی نماز کو باطل بیکار اور کالعدم قرار دے کر ان کو فی النار والسقر تک کا حکم خسروانہ سُنایا ان کے یہ باطل دعاوی اور ان کے الفاظ سبب تالیف احسن الکلام میں مذکور ہیں وہاں ہی ان کو دیکھ لیا جائے۔ الحمد للہ تعالیٰ احسن الکلام کے مضبوط اور واضح دلائل اور حوالوں کا یہ اثر ہُوا کہ مصنف خیر الکلام اور مؤلف توضیح الکلام یہ کہنے پر مجبور ہوئے کہ ہمارا تو یہ مسلک ہے کہ فاتحہ خلف الامام کا مسئلہ فروعی اختلافی ہونے کی بنا پر اجتہادی ہے پس جو شخص حتی الامکان تحقیق کرے اور یہ سمجھے کہ فاتحہ فرض نہیں خواہ نماز جہری ہو یا سری، اپنی تحقیق

پر عمل کرے تو اس کی نماز باطل نہیں ہوتی۔ (خیر الکلام ص۳۳ و توضیح الکلام ص۴۵) کاش کہ یہ حضرات پہلے ہی اس حق گوئی سے کام لیتے اور اپنے غالی دوستوں کو چیلنج بازی اور احناف کی صحیح نماز کے باطل بے کار اور کالعدم ہونے کے نارو افتوی سے باز رکھتے تو ہمیں احسن الکلام لکھنے کی سرے سے ضرورت ہی پیش نہ آتی۔ بفضلہ تعالیٰ یہ احسن الکلام کے ٹھوس اور محکم دلائل ہی کا نتیجہ ہے کہ ان حضرات نے ترک القرأت خلف الامام کرنے والوں کی نماز کے باطل نہ ہونے کا اقرار کیا۔ ورنہ غیر مقلدین حضرات کبھی کھلے لفظوں میں اپنی شکستِ فاش کو تسلیم نہ کرتے اور نہ یہ ان کا شیوہ اور عادت ہے۔ اس عبارت سے یہ معلوم ہوا کہ جن آیات اور احادیث کو وہ قرأت خلف الامام کے سلسلہ میں بطور دلیل پیش کرتے ہیں وہ نص اور قطعیت کے ساتھ ان کے نزدیک بھی اس دعوی پر دال نہیں ہیں ورنہ وہ اس مسئلہ کو اجتہادی مسئلہ کبھی نہ کہتے کیونکہ اجتہاد وہاں ہوتا ہے جہاں صراحت نہ ہو اور ان حضرات کا اس مسئلہ کو اجتہادی کہنا ہی اس بات کی واضح دلیل ہے کہ صریح، صحیح اور منطوق طور پر ان کے پاس کوئی دلیل موجود نہیں ہے جبھی تو یہ مسئلہ ان کے نزدیک اجتہادی ہے لہٰذا آیات واحادیث کو ترک کرنے کا احناف پر الزام اور طعن بالکل بے جا ہے اس لیے کہ بقول ان حضرات کے احناف نے ان دلائل اور احادیث کو ترک نہیں کیا۔ بلکہ ان کے اس مفہوم اور معنیٰ کو ترک کیا ہے۔ جس کو مجوزین حضرات اپنے اجتہادی رنگ میں اپناتے ہیں اور اس کے برعکس احناف نصِ قطعی اور صریح و صحیح احادیث سے مقتدی کا وظیفہ ترک القرأت خلف الامام بتاتے ہیں جیسا کہ پیشِ نظر کتاب تدقیق الکلام میں اس کی محققانہ و عالمانہ بحث کی گئی ہے۔ لہٰذا مصنف خیر الکلام اور مؤلف توضیح الکلام کا چند آیات واحادیث کو پیش کرکے احناف پر یہ طعن والزام قائم کرنا کہ ہمارے پاس تو یہ دلائل ہیں اور احناف ان کے قائل نہیں محض تضییعِ وقت اور سمع خراشی ہے اس لیے کہ وہ تو ان کے نزدیک بھی ان کے مدعیٰ پر نصِ قطعی نہیں۔ ورنہ وہ اس مسئلہ کو اجتہادی کبھی نہ کہتے:

؎ نکل جاتی ہو سچی بات جس کے منہ سے مستی میں
فقیہہ مصلحت بین سے وہ رند بادہ خوار اچھا

مؤلف توضیح الکلام کی لاعلمی اور بے خبری

موصوف لکھتے ہیں کہ امام بخاریؒ سے لے کر دورِ قریب کے محققین علمائے اہلِ حدیث تک کسی کی تصنیف میں یہ دعویٰ نہیں کیا گیا کہ فاتحہ نہ پڑھنے والے کی نماز باطل ہے ۔ وہ بے نماز ہے وغیرہ (توضیح الکلام ص ۴۳) بجائے اس کے کہ ہم طویل راستہ اختیار کریں اختصاراً صرف دورِ حاضر کے بعض غیر مقلدین حضرات کی چند کتابوں کے حوالے ہی عرض کرتے ہیں۔ غور فرمائیں کہ انھوں نے کیا کہا؟

(۱) پہلے باب میں احادیث صحیحہ صریحہ سے یہ ثابت کیا گیا ہے کہ مقتدی کو امام کے پیچھے الحمد پڑھنا واجب ہے بغیر الحمد پڑھے اسکی نماز درست نہیں۔ (تحقیق الکلام ص ۱۲/ج۲)

ظاہر بات ہے کہ جب نماز درست نہ ہوئی تو باطل ہی ٹھہرے گی اور جب نماز نہ ہوئی تو پڑھنے والا بے نماز ہی تصور ہوگا۔

(۲) سوال: فاتحہ خلف الامام فرض ہے یا واجب یا سنت یا مستحب ہے؟

الجواب: فاتحہ خلف الامام پڑھنا فرض ہے بغیر فاتحہ پڑھے ہوئے نماز نہیں ہوتی تمام کتبِ احادیث میں مرقوم ہے۔ واللہ اعلم۔ حررہٗ السید محمد عبد الحفیظ غفرلہٗ۔ سید محمد نذیر حسین، سید محمد ابو الحسن، سید محمد عبد السلام غفرلہٗ۔ (فتاویٰ نذیریہ ص ۳۹۸/ج۱ وفتاویٰ علمائے اہلِ حدیث ص ۱۲۰/ج۳)

(۳) سوال: جو شخص امام کے پیچھے کسی رکعت میں سورۂ فاتحہ نہ پڑھ سکا اس کی وہ رکعت ہوئی یا نہ؟

الجواب: بغیر سورۂ فاتحہ کے رکعت پوری نہیں ہوتی۔ ہر رکعت میں سورۂ فاتحہ پڑھنا فرض ہے پس صورتِ مسئولہ میں اس شخص کی وہ رکعت نہیں ہوئی اس کو دُہرانا چاہیئے ... الخ

حررہٗ محمد عبد الحق ملتانی، سید محمد نذیر حسین۔ (فتاویٰ نذیریہ ص ۳۹۸/ج۱، فتاویٰ علمائے اہلِ حدیث ص ۱۲۱/ج۳)

(۴) خلاصہ تمام مضمون کا یہ ہے کہ رسولِ خدا صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے بامر اللہ تعالےٰ صحابہ کرامؓ کو فرمایا میرے پیچھے سورۂ فاتحہ ضرور پڑھا کرو ورنہ تمھاری نماز باطل ہو جائے گی۔ (فتاویٰ ثنائیہ ص ۴۸۹/ج۱)

سوال: امام کے پیچھے فاتحہ پڑھنے کے متعلق آپ کی تحقیق از روئے قرآن و حدیث کیا ہے؟ کیا فاتحہ کے بغیر نماز ہو جاتی ہے؟

الجواب: میں سورۂ فاتحہ کو امام کے پیچھے پڑھنے کو ضروری جانتا ہوں۔ از روئے قرآن و حدیث میری تحقیق ہے کہ فاتحہ کے بغیر منفرد ہو یا مقتدی کسی کی نماز نہیں ہوتی۔ (تفسیر ثنائی ۱۵ ار جولائی ۱۹۳۸ء و فتاویٰ ثنائیہ ص ۵۵۵ ج ۱)

صاف عیاں ہو گیا کہ امام کے پیچھے سورۂ فاتحہ نہ پڑھنے والے کی نماز باطل ہے، اور جب نماز نہ ہوئی تو پڑھنے والا بے نماز ہی رہا۔

(۵) سوال: سورۃ فاتحہ کا امام کے پیچھے پڑھنا ان الفاظ میں ثابت کر دیا جائے کہ رسولِ مقبول صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے صحابہ کرامؓ کو یہ ارشاد فرمایا ہو کہ امام کے پیچھے ہر نماز میں سورۃ فاتحہ پڑھا کرو؟

جواب: کتاب القرأت بیہقی ص ۴۷ میں یہ حدیث ہے لاصلوٰۃ لمن لم یقرأ بفاتحۃ الکتاب خلف الامام۔ یعنی جو امام کے پیچھے فاتحہ نہ پڑھے اسکی نماز نہیں لیجیے جن الفاظ کا آپ نے سوال کیا ہے۔ ان سے بھی یہ سخت ہیں کیونکہ آپ نے امر کا سوال کیا ہے اور یہاں سرے سے نماز ہی کی نفی ہے۔ (فتاویٰ اہلِ حدیث عبداللہ روپڑی ص ۱۴۲ ج ۲ و تنظیم اہلحدیث جلد ۱۵ شمارہ ۲ بحوالہ فتاویٰ علمائے حدیث ص ۱۱۱ ج ۳)

جب سرے سے نماز ہی نہ ہوئی تو پڑھنے والا بے نماز ہی رہا۔

(نوٹ) اس روایت میں خلف الامام کا جملہ بعض رُوات کی غلطی کا نتیجہ ہے۔ ملاحظہ ہو فصل الخطاب ص ۴۹)

(۶) فرمایا رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے "نہیں ہوتی نماز اس شخص کی جس نے سورہ فاتحہ نہیں پڑھی"۔ اس حدیث سے معلوم ہوا کہ ہر شخص کو نماز میں سورۃ فاتحہ پڑھنی ضروری ہے تنہا ہو یا امام یا مقتدی، بغیر سورۂ فاتحہ پڑھے کسی کی کوئی نماز نہیں ہوتی، خواہ فرض ہو یا نفل ہر ایک میں سورۂ فاتحہ پڑھنا ضروری ہے کیونکہ حکم عام ہے۔ (از مولانا عبدالسلام بستوی مدرس مدرسہ ریاض العلوم دہلی۔ اخبار اہلحدیث دہلی جلد ۹، شمارہ ۲۳

بحوالہ فتاویٰ علمائے حدیث ص۱۲۲)۔

مؤلف توضیح الکلام ہی از رُوئے انصاف و دیانت داگران کے نزدیک انصاف و دیانت نامی کوئی چیز ہے اور اس کی ان کے ہاں قدر بھی ہے) یہ فرمائیں کہ کیا یہ تمام محققین علمائے اہلِ حدیث امام کے پیچھے سورۂ فاتحہ نہ پڑھنے والے کو بے نماز نہیں کہہ رہے اور کیا اسکی نماز کو باطل نہیں کہہ رہے ہیں؟ یہ احسن الکلام کے محکم براہین و دلائل ہی کا نتیجہ اور اثر ہے کہ مؤلف خیر الکلام و توضیح الکلام عدم بطلان کے فیصلہ پر مجبور ہوئے ہیں۔ ورنہ غیر مقلدین حضرات کا فیصلہ اور فتویٰ یہی ہے کہ امام کے پیچھے سورۂ فاتحہ نہ پڑھنے والوں کی نماز باطل ہے اور وہ بے نماز ہیں اور بے نماز کا ٹھکانہ ہی سقر ہے۔

استاذ محترم شیخ الحدیث حضرت مولانا عبدالقدیر صاحب دامت برکاتہم نے دجہ تقریباً ساٹھ سال تک علومِ نقلیہ اور عقلیہ کے کامیاب مدرس رہے ہیں۔ ڈابھیل میں بھی استاد حدیث رہ چکے ہیں اور اب بھی مدرسہ تعلیم القرآن راولپنڈی میں شیخ الحدیث ہیں) الجھے اور علمی انداز میں ترک القرأت خلف الامام کے دلائل پیشِ نظر کتاب تدقیق الکلام میں بیان فرمائے ہیں۔ علمائے کرام کے لیے یہ انمول موتی ہیں اور ایسے انداز سے پیش کیے ہیں جو حقیقت کی خوب خوب گرہ کشائی کرتے ہیں اور خیر الکلام میں نقل کردہ دلائل کا باحوالہ تانا بانا بھی روشن کیا گیا ہے اور بعض مقامات پر نام لے کر توضیح الکلام میں نقل کردہ دلائل کا بھی خوب تعاقب کیا ہے مگر زیادہ تر تردید خیر الکلام کے شبہات کی کی گئی ہے۔ کیونکہ توضیح الکلام، خیر الکلام کا علمی سرقہ اور اسی کا چربہ ہے۔ جب اصل کا رد ہو گیا تو فرع کا خود بخود ہو جاتا ہے۔ قارئینِ کرام کو تدقیق الکلام میں بعض بعض مقامات میں تکرار بھی نظر آئے گا۔ مگر کہیں بھی تکرار فائدہ سے خالی نہ ہوگا۔ پڑھنے والے اہلِ علم حضرات اس کا بخوبی اندازہ لگالیں گے۔ اس مسئلہ کے جن جن گوشوں کو حضرت شیخ الحدیث دامت برکاتہم نے اُجاگر کیا ہے اور جن دلائل کو علمی اور تحقیقی طور پر روشن کیا ہے بلا خوف لومۃ لائم یہ کہا جا سکتا ہے کہ وہ انہی کا حصہ ہے اور اسی ہی کتاب میں آپ پر وہ عیاں ہوں گے۔ غیر مقلدین حضرات کو اس سے ناگواری تو ضرور ہوگی مگر ٹھنڈے دل سے اس کتاب کو اوّل سے آخر تک ایک بار پڑھ لیں، چھوڑیں نہیں۔

ع روٹھا ہے وہ مجھ سے مجھے منظور ہے لیکن
یارو اسے سمجھاؤ میرا شہر نہ چھوڑے

غیر مقلدین حضرات کے تعصب اور خیانتوں کو تدقیق الکلام میں جس طرح نمایاں کیا گیا ہے اور ان کی علمی غلطیوں کو واشگاف کیا گیا ہے وہ اسی کتاب کا خاصہ ہے۔ عیاں را چہ بیاں مصنف خیر الکلام اور ان کے شاگرد رشید مؤلف توضیح الکلام پر جو علمی تنقید کی گئی ہے اور ان کی سوقیانہ اور غیر عالمانہ زبان سے اغماض کیا گیا ہے وہ کتاب کی قدر و قیمت کو اور دوبالا کر دیتا ہے۔ دونوں مؤلفوں نے اپنے عوام کو اندھیرے میں رکھنے کی بے فائدہ کوشش کی ہے اور محقق اقوال کو محض تار عنکبوت قسم کے شبہات سے رد کرنے کی نامحمود کوشش کی ہے۔ مؤلف توضیح الکلام کا کتاب میں اکثر یہی طریقہ اور وتیرہ ہے مثال کے طور پر بعض باتیں ملاحظہ ہوں:

اوّل: حضرت امام مالکؒ مؤطا امام مالک ص۲۹ طبع مجتبائی دہلی میں الامر عندنا فرما کر یہ فرماتے ہیں کہ ہمارے ہاں طے شدہ بات اور ہمارا مذہب یہ ہے کہ امام کے پیچھے سری نمازوں میں قرأت کی جائے مگر جہری نمازوں میں نہ کی جائے۔ (محصلہ)

اس عبارت کو کاٹنے کے لیے مؤلف توضیح الکلام ص۶۵ میں تفسیر قرطبی ص۱۱۹ ج۱ کا یہ حوالہ پیش کرتے ہیں اور ایک قول امام مالکؒ کا یہ ہے کہ فاتحہ ہر رکعت میں ہر ایک کے لیے ضروری ہے ... الخ اور لکھتے ہیں کہ علامہ قرطبیؒ فقہ مالکی کے مسلمہ امام ہیں۔ ان کے کلام کو بلا دلیل رد کرنا بہت بڑی جسارت ہے۔

کیوں جناب؟ حضرت امام مالکؒ جو بلا اختلاف مجتہد مطلق اور مسلّم امام ہیں، اور وہ الامر عندنا فرما کر اپنا فیصلہ خود سناتے ہیں اور طبقہ اُولیٰ کی کتاب مؤطا امام مالکؒ میں یہ موجود ہے ان کے اس فیصلہ کو ساتویں صدی کے (محمدؒ بن احمدؒ بن ابی بکر الاندلسی القرطبیؒ المتوفی ۶۷۱ھ) بقول مؤلف توضیح الکلام مسلّمہ امام کے بلا سند منقول ایک قول سے رد کرنا کون سا انصاف و دیانت ہے؟ کیا یہ اس کا مصداق نہیں کہ: ع

میں وہ جواں ہوں شیشے سے پتھر کو توڑ دوں

دوم: احسن الکلام میں ہم نے حضرت امام شافعیؒ کی یہ عبارت نقل کی تھی؛ و نحن نقول کل صلوٰۃ صلیت خلف الامام والامام یقرأ لا یسمع فیھا قرأ فیھا (کتاب الام ص۱۵۳ ج۷) یعنی ہم کہتے ہیں کہ تمام سری نمازوں میں مقتدی قرأت کرے۔ (جہری میں نہ کرے)

اس کے جواب میں مصنف خیر الکلام اور مؤلف توضیح الکلام نے جو جو شگوفے چھوڑے اور پاپڑ بیلے ہیں وہ قابل دیدنی ہیں۔ (۱) یہ کہ کتاب الام کے مطبوعہ نسخوں میں یہ عبارت موجود نہیں ہے۔ معارف السنن ص۱۸۶ ج۳ میں ہے کہ یہ عبارت مطبوعہ نسخہ سے گر گئی ہے۔ (۲) فلاں اور فلاں اور فلاں بزرگ لکھتے ہیں کہ امام شافعیؒ تمام نمازوں میں قرأت خلف الامام کے قائل تھے۔ (۳) کتاب الام کے نام سے جو مجموعہ سات جلدوں میں مطبوع ہے۔ اس میں امام شافعیؒ کے مختلف رسائل بھی آ گئے ہیں۔ یہ عبارت امام شافعیؒ کے دوسرے رسالہ اختلاف علیؓ و عبداللہ کی ہے۔ جنھیں کتاب الام کو حصہ شمار کرنا علم و عقل کا ماتم کرنا ہے۔ (محصلہ توضیح الکلام ص۶۵ تا ص۷۵)

الجواب: غیر مقلدین حضرات کے ان وکیلوں نے جس بہانہ سازی اور حیلہ وری کا ثبوت دیا ہے وہ صرف انہی کا خاصہ لازمہ ہے۔ ترتیب وار جوابات ملاحظہ ہوں:

(۱) مشہور تو یہی ہے کہ النقد خیر من النسیئۃ کہ نقد ادھار سے بہتر ہے ہم نقد حوالہ بتلاتے ہیں اور آپ اس کو سینہ زوری سے ٹالنے کے لیے بہانہ سازی سے کام لیتے ہیں کہ عبارت کتاب الام سے ساقط ہو گئی ہے یہ وہ معہودہ عبارت نہیں ہے جناب! یہی وہ معہودہ عبارت ہے جس کا حضرت امام شافعیؒ نے وعدہ فرمایا ہے: لاریب فیہ۔ جو حضرات اس کو مسقوطہ اور گری ہوئی فرماتے ہیں وہ خود وہم کا شکار ہیں وہ یہ سمجھتے ہیں کہ یہ معہودہ عبارت صلوٰۃ کے باب میں ہوگی جو جلد اول میں ہے مگر چونکہ یہ عبارت ساتویں جلد میں ہے اس لیے ان کا ذہن اس طرف نہیں گیا۔

(۲) حضرت امام شافعیؒ کی اپنی صریح اور واضح عبارت کو چھوڑ کر دوسروں کا سہارا لینا جو قول قدیم کے چکر میں پڑ کر خود غلطی کا شکار ہیں۔ کہاں کا انصاف ہے! حضرت امام شافعیؒ

کا مسلک سمجھنے کے لیے خود انکی اپنی عبارت ہی واضح اور کافی و وافی ہے۔

(۳) کتاب الام متداول کتاب ہے اور تمام اہلِ علم جانتے ہیں کہ اس کی سات جلدیں ہیں اس میں قطع و برید اور اختلاط کا دعوی کرنا بعینہٖ ایسا ہے جیسا کہ روافض قرآنِ کریم کے بارے یا منکرینِ حدیث کتب حدیث کے بارے کرتے ہیں لیکن ایسے لایعنی دعوی اور قول سے ان پر کیا زد پڑتی ؟ یا پڑ سکتی ہے ؟ کتاب الام فقہ کی کتاب ہے اس میں کسی مقام پر کسی کے اختلاف کا ذکر ہے اور کسی دوسرے مقام میں کسی اور سے اختلاف کا تذکرہ کیا جاتا ہے۔

خود مؤلف توضیح الکلام نقل کرتے ہیں کہ ص۲۸۳ تا ص۲۹۳ میں سیر الاوزاعیؒ اختلاف علیؓ و عبد اللہؓ، اختلاف العراقینؒ اور اختلاف مالکؒ و شافعیؒ کے مباحث ہیں (محصلہ توضیح الکلام ص۱۷) علاوہ ازیں ذیل کے حوالے بھی ملاحظہ کریں :

(۱) کتاب الام ص۶۳/۳ میں ہے باب فی العُمریٰ من کتاب اختلاف مالک والشافعی رضی اللہ تعالیٰ عنہما۔

(۲) ص۶۹/۳ میں ہے : و فی اختلاف مالکؒ والشافعیؒ اللقطۃ

(۳) ص۶۸/۳ میں ہے وترجم فی کتاب اختلاف علی وابن مسعود رضی اللہ تعالیٰ عنہما۔

(۴) ص۱۷/۳ میں ہے وترجم فی اختلاف مالکؒ والشافعیؒ باب المنبوذ وغیر ذلک۔

کیا ہر مقام پر یہ ناروا دعوی کیا جائے گا کہ کتاب الام میں ان کے مختلف رسائل کا اختلاط ہو گیا ہے اس لیے کتاب الام قابلِ اعتبار نہیں ؟ حاشا و کلا کسی بھی ذی علم کے ذہن میں یہ شیطانی وسوسہ آتا ہو سبھی ہی جانتے ہیں کہ کتاب الام حضرت امام شافعیؒ کی اپنی تالیف ہے اور اس میں درج شدہ تمام مسائل کتاب الام ہی کے ہیں ایسی لایعنی باتوں سے نہ تو روافض قرآن کریم پر سے اعتماد اٹھا سکے ہیں اور نہ منکرین حدیث کتب حدیث سے اور نہ غیر مقلدین کتب فقہ اور کتاب الام پر سے اعتبار اٹھا سکتے

ہیں اور نہ کوئی ایسی بیہودہ گوئی کو تسلیم کرتا ہے۔ وَاللّٰهُ يَقُوْلُ الْحَقَّ وَهُوَ يَهْدِي السَّبِيْلَ ۔ اللہ تعالیٰ سب کو سمجھ عطا فرمائے۔

دلِ بینا بھی کر خدا سے طلب
آنکھ کا نور، دل کا نور نہیں

سوم: مؤلف توضیح الکلام ص۵۴ میں خود امام محمدؒ کی اپنی کتاب مؤطا ص۹۴ اور کتاب الآثار ص۱۶۴ کے حوالے سے ان کا یہ مسلک نقل کرتے ہیں لا قراءۃ خلف الامام فیما یجہر فیہ ولا فیما لم یجہر وھو قول ابی حنیفۃؒ اور معنی یہ کرتے ہیں امام کے پیچھے قرأت نہیں کرنی چاہیئے خواہ امام بآواز بلند قرأت کرتا ہو یا آہستہ امام ابوحنیفہ کا یہی قول ہے۔

اس کے بعد مؤلف توضیح الکلام نے ص۵۴ تا ص۶۴ تک متعدد حضرات کے حوالے درج کیے ہیں اور آخر میں لکھا ہے ص۶۴ کہ امام محمدؒ بلکہ امام ابوحنیفہ رحمۃ اللہ تعالیٰ بھی سِرّی نمازوں میں فاتحہ پڑھنا مستحسن اور جائز کہتے ہیں۔ (محصلہ) مگر یہ صرف دفع الوقتی اور مغالطہ آفرینی ہے کیونکہ جب حضرت امام محمدؒ جو حضرت امام ابوحنیفہ رحمۃ اللہ تعالیٰ کے براہِ راست شاگرد ہیں اور خود اپنی کتابوں میں ببانگِ دُہل واشگاف الفاظ میں اپنا اور حضرت امام ابوحنیفہ رحمۃ اللہ تعالیٰ کا یہی مسلک بتاتے ہیں کہ امام کے پیچھے مقتدی کے لیے نہ تو جہری نمازوں میں قرأت ہے اور نہ سِرّی نمازوں میں۔ تو ان کے اپنے قول اور ارشاد کے مقابلہ میں فلاں نے یہ کہا اور فلاں نے یہ کہا کیا حیثیت رکھتا ہے؟ تمام عقل منداس کے قائل ہیں کہ توجیہ القول بما لا یرضی بہ قائلہ ناپسندیدہ امر ہے اور مشہور ہے کہ صاحب البیت ادری بما فیہ۔

غرضیکہ مؤلف توضیح الکلام اور ان کے استادِ محترم شیخ الحدیث گرامی قدر نے آیات اور صحیح وصریح احادیث اور اقوال راجح کو تعصب کی بنا پر ترک کر کے محتمل معانی ضعیف اور غیر صریح احادیث اور اقوالِ مرجوحہ پر اپنے مسلک کی بنیاد رکھی ہے اور بلا وجہ غیر متعلق حوالے اور اقوال درج کر کر کے اپنے حواریوں کو یہ باور کرانے کے درپے ہیں کہ ہم بھی

دلائل سے لیس ہیں۔ لیکن بحمد اللہ تعالیٰ کتاب تدقیق الکلام کو پڑھنے والے قوی وضعیف دلائل اور راجح و مرجوح اقوال کا اچھی طرح سے موازنہ کرسکیں گے اور مسئلہ قرأت خلف الامام کی پوری حقیقت انشاء اللہ العزیز ان پر منکشف ہو جائے گی۔ اللہ تعالیٰ حضرت شیخ الحدیث دام مجدہم مؤلف تدقیق الکلام کو اُمتِ مسلمہ کی طرف سے جزائے خیر عطا فرمائے کہ انھوں نے خالص علمی اور تحقیقی انداز میں مسئلہ کی حقیقت واضح کی ہے اور اس کتاب کو اللہ تعالیٰ علمائے کے لیے استفادہ کا ذریعہ اور موصوف کے لیے ذخیرۂ آخرت بنائے۔ آمین ثم آمین۔ وصلی اللہ تعالیٰ وسلم علیٰ خاتم الانبیاء والمرسلین وعلیہم وعلیٰ آلہٖ واصحابہٖ وازواجہٖ واتباعہٖ الیٰ یوم الدین۔

احقر العباد

ابو الزاہد محمد سرفراز

صدر مدرس مدرسہ نصرۃ العلوم گوجرانوالہ و خطیب مرکزی جامع مسجد گکھڑ

۲، ربیع الثانی ۱۴۰۹ھ

۱۳، نومبر ۱۹۸۸ء

باسمہٖ سبحانہٗ وتعالےٰ

خزائن السّنن

مع مقدمہ دفائن السّنن

ترمذی شریف کی مع اضافات ان تقریروں کا مجموعہ جو شیخ الحدیث حضرت مولانا ابو الزاہد محمد سرفراز خان صفدر ترمذی شریف پڑھاتے وقت مختلف سالوں میں بیان کرتے رہے جن کو عزیزم المولوی الحافظ القاری رشید الحق خان عابد سابق مدرس مدرسہ نصرۃ العلوم گوجرانوالہ نے مرتب کیا اور کئی مقامات پر اصل عبارات کے ساتھ تقابل بڑی محنت کے ساتھ راقم الحروف نے کیا اور بعض اغلاط کی تصحیح کی مگر پھر بھی طبع اوّل میں کتابت اور بعض حوالہ جات کی اغلاط رہ گئی تھیں۔ طبع دوم کے لیے حضرت شیخ الحدیث صاحب دام مجدہم نے بیماری پیرانہ سالی اور گوناگوں مصروفیات کے باوجود خود ان اغلاط کی تصحیح فرمائی اور فن حدیث اور سند سے متعلق ضروری اصطلاحات پر مشتمل نہایت علمی مقدمہ کا اضافہ فرمایا۔ شائقینِ علم حدیث کے لیے یہ تقاریر گرانقدر علمی ذخیرہ ہے۔ اللہ تعالیٰ سب کو اس سے مستفید ہونے کی توفیق بخشے۔ آمین

حافظ عبد القدوس خان قارن

مدرس مدرسہ نصرۃ العلوم، گوجرانوالہ

مکتبہ صفدریہ نزد گھنٹہ گھر گوجرانوالہ کی مطبوعات

خزائن السنن تقریر ترمذی	**احسن الکلام** مسئلہ فاتحہ خلف الامام کی مدلل بحث	**تسکین الصدور** مسئلہ حیات النبی پر مدلل بحث	**الکلام المفید** مسئلہ تقلید پر مدلل بحث	**ازالۃ الریب** مسئلہ علم غیب پر مدلل بحث
راہِ سنت رد بدعات پر لاجواب کتاب	**مقام ابی حنیفہ**	**سماع موتیٰ**	**طائفہ منصورہ** نجات پانے والے گروہ کی علامت	**ارشاد الشیعہ** شیعہ نظریات کا مدلل جواب
آنکھوں کی ٹھنڈک مسئلہ حاضر و ناظر پر مدلل بحث	**عبارات اکابر** اکابر علماء دیوبند کی عبارات پر اعتراضات کے جوابات	**صرف ایک اسلام**	**گلدستہ توحید** مسئلہ توحید کی وضاحت	**دل کا سرور** مسئلہ مختار کل کی مدلل بحث
درود شریف پڑھنے کا شرعی طریقہ	**احسان الباری** بخاری شریف کی ابتدائی ابحاث	**تبلیغ اسلام** ضروریات دین پر مختصر بحث	**چراغ کی روشنی** معراج النبی کے بارہ میں قادیانی وغیرہ کے اعتراضات کے جوابات	**مسئلہ قربانی** قربانی کی فضیلت اور ایام قربانی پر مدلل بحث
عیسائیت کا پس منظر عیسائیوں کے عقائد کا رد	**مقالہ ختم نبوت** قرآن و سنت کی روشنی میں	**بانی دارالعلوم دیوبند** مولانا محمد قاسم دیوبندی کے حالات زندگی اور ان پر اعتراضات کے جوابات	**راہ ہدایت** کرامات و معجزات کے بارہ میں صحیح عقیدہ کی وضاحت	**ینابیع** غیر مقلد عالم مولانا غلام رسول کے رسالہ تراویح کا اردو ترجمہ

آئینہ محمدی سیرت پر مختصر رسالہ	**تفریح الخواطر** بجواب تنویر الخواطر	**اتمام البرہان** رد توضیح البیان	**حلیۃ المسلمین** داڑھی کا مسئلہ	**توضیح المرام** فی نزول مسیح علیہ السلام	**تنقید متین** بر تفسیر نعیم الدین
شوق جہاد	**الکلام الحاوی** سادات کے لئے زکوٰۃ وغیرہ لینے کی مدلل بحث	**ملا علی قاری** اور مسئلہ علم غیب و حاضر و ناظر	**المسلک المنصور**	**الشہاب المبین** بجواب الشہاب الثاقب	**عمدۃ الاثاث** تین طلاقوں کا مسئلہ
شوق حدیث حجیت حدیث پر مدلل بحث	**انکار حدیث کے نتائج** منکرین حدیث کا رد	**مودودی صاحب کا غلط فتویٰ**	**چالیس دعائیں**	**اخفاء الذکر** ذکر آہستہ کرنا چاہیے	**باب جنت** بجواب راہ جنت
حکم الذکر بالجہر	**اظہار العیب** بجواب اثبات علم الغیب	**اطیب الکلام** ملخص احسن الکلام	**چہل مسئلہ** حضرات بریلویہ	**مولانا ارشاد الحق** اثری صاحب کا مجذوبانہ واویلا	**مرزائی کا جنازہ اور مسلمان**
عمر اکادمی کی مطبوعات	**خزائن السنن** جلد دوم کتاب البیوع	**بخاری شریف** غیر مقلدین کی نظر میں	**حمیدیہ** مناظرہ کی کتاب رشیدیہ کا اردو ترجمہ	**جنت کے نظارے** علامہ ابن القیم کی کتاب حادی الارواح کا اردو ترجمہ	رمضان المبارک کے آخری جمعہ میں نوافل کی صورت میں مروجہ قضائے عمری بدعت ہے
	تین طلاقوں کے مسئلہ پر مقالہ کا جواب مقالہ		**علامہ کوثری کی تانیب الخطیب کا اردو ترجمہ** امام ابو حنیفہ کا عادلانہ دفاع		